# CONTENTS
## OF THE HISTORY OF AFGHA

CALLED BY NAME

# HYATI AFGH

*COMPOSED BY*

## MAHOMED HYAT KHAN.

CONTENTS.

| No of part | Chapter and Section | No of page | CONTENTS |
|---|---|---|---|
| 1st Part | 2nd Chap 2nd Sec | 50 | An account of the reign of the Ghore, dynasty and its origin & |
| | | 50 & 51 | Account of Ezuldeen Hussain Ghore Kotuboodeen and Saifuddeen |
| | | 51 & 52 | Account of Bhuoodeen Sam Alhoodeen Hussain surnamed Jehansouz, Saifoodeen 2nd and Ghiasoodeen Mohommed |
| | | 52 | *Reign of Shahaboodeen Mohummed Ghoree* |
| | | 53 | Accession to the throne by Mulik Eiyoodeen Yaldouz |
| | | 54 | Reign of Mohummed Shah Khowarism |
| | | 54 | *Account of the reign of the family of Mooghluah* |
| | | 55 | *Invasion of Chungeez Khan Emperor of the Mooghuls* |
| | | 55 | Encounter between Chungeez Khan & Jelaluddeen, King of Khowarism |
| | | 56 | Invasion of Sham Khan Sobadar of Mooltan |
| | | 56 | Reign of Halakoo Khan |
| | | | Ditto of Ameer Timoor of Korgan |
| | | 57 & 58 | An account of Mirza Shahrookh Khan Syud Mirza Alagh Beg and Mirza Abdool Razzak |
| | | 58 | Account of Mohummud Mookeem |
| | | 58 | Conquest of Mohummed Baber |
| | | 59 | Reign of Hoomayoon |
| | | 60 | Do, of Akbar |
| | | 62 | Do, of Jhangeer |
| | | 63 | Do, of Shahjehan |
| | | 64 | Do, of Aurungzaib |
| | | 65 | Do, of Shah Alum |
| | | 65 | Circumstances *which led to the power of Haji Meerkhan well known by* name Meerwais Hotak Ghilzi—murder of Shah Nawaz Gorgee |
| | | 66 | Reign of Abdool Azeez Hotak—Reign of Shah Mohummed Hotak and *his conquest of Persia reign of Shah Ashruf Hotak* |
| | | 67 | Account of Shah Hussain Hotak Furrukhsier King of India and Mohummed Shah |
| | | 67 | Invasion and conquest by Nadir Shah King of Persia |
| | | 69 | Reign of the family of Sidoozai |
| | | 69 | Reign of Ahmad Shah Abdali |
| | | 70 | Do, of Timoor Shah Siddoozai, son of Ahmed Shah |
| | | 71 | Reign of Shah Zaman |
| | | 72 | Do of Shah Mahmood and Shah Shujaulmulk |
| | | 74 | Account of the rule of the Barukzie family |
| | | 75 | Invasion by the Sikhs of the eastern part of Afghanistan |
| | | 77 | Expedition of the British to Cabool |
| | | 81 | Account of the battles between the Afghans and the British army as they are *reported in Afghanistan* |
| | | 83 | State of the country after its invasion of British arms |
| | | 87 | Account of the eastern part of Afghanistan |
| | | 87 | British dominion over the eastern part of Afghanistan and annexation of the Punjab to the British territories |
| | | 89 | British management of the frontiers and an account of the neighbouring tribes |
| | | 90 | Author's opinion on the frontier territories |
| | | 91 | List of the military posts between Kohat and Derah Ghazee Khan |
| | | 97 | Enquiries respecting the Afghans |

CONTENTS.

CONTENTS.

| No. of Part. | Chapter & Section. | No. of Pages. | CONTENTS. |
|---|---|---|---|
|  |

| No of part | Chapter & Section. | No of Pages | CONTENTS. |
|---|---|---|---|
| Part 2 | Chapter 5 | 469 | An account of the Sawati tribe and of the Shalmani tribe |
| .. | ... | 470 | An account of the Ieeradi tribe |
| ... | . | ... | An account of the Kishmurees living in Afghanistan An account of the tribe of Kurd |
| .. | .. | | |
| .. | .. | ... | An account of the Luzgi tribe and of the Armenian tribe. |
| | .. | 471 | An account of Kaldagq tribe and the negroes |
| .. | .. | 471 | An account of the Jews, the Baloch and other tribes which are denominate after the names of their countries The Salghearyah tribe |
| .. | . | | |
| .. | .. | 472 | An account of the Dolat shahi tribe |
| ... | . | 472. | An account of the Kafirsiyahposh wearing black cloth |
| . | .. | 472 | The names of the different tribes of Kafirsiyahposh |
| .. | .. | 474 | Their language |
| .. | .. | 475 | Their Religion and worship Their idolatry and the names of their idols. |
| . | . | 476 | Their customs The names of the idolators wearing black cloths |
| .. | . | .. | The name of the females of this tribe |
| .. | .. | 477 | The marriage ceremonies of this tribes |
| .. | .. | 477 | The Rihub |
| .. | .. | 478 | The Bari |
| .. | .. | 478 | Their mournings and funeral rites. |
| .. | .. | 479 | The state of the Government and profession of this tribe. |
| .. | .. | 479 | The dress of Kafirsiyahposh |
| .. | . | 480 | Their food |
| . | .. | 481 | Their hospitality |
| .. | .. | 481 | Their manner of living |
| .. | .. | 482 | Their plays |
| .. | | 482 | Their animosities with each other |
| | . | 483 | Their animosities with the other tribes |
| ... | | 485 | Their commerce |
| . | . | 486 | A list containing some of the words of their language with the Urdu and Persian translation of them |
| Part 3 | Introductor | 487 | History of the Bunnoo District |
| .. | . | 487 | Preliminary observations. The geography and the Map of the Bunnoon district |
| .. | .. | | |
| .. | .. | 488 | The Sudder station The place of the District the Mountains adjcent to it The temprature |
| .. | . | | |
| ... | .. | 489 | The minerals and the rivers |
| . | 1 Chapter | 491 | An account of the Bunnoochi and that of the Bunnoo Purganah |
| .. | ... | 492 | Why called Bunnoo A short account of those who formerly possessed it |
| . | . | 492 | An account of the possessions of the Bunnoonchi tribe |
| .. | ... | 493 | Distribution of the country by mutual consent among themselves |
| | . | 494 | The Genealogy of the Shitak The map of the Genealogy of Meeri and Hovaid &c of the tribes of Bunnoonchi |
| . | ... | | |
| . | .. | 502 | Different tribes living at Bunnoo which have been entered in the map of the Genealogy of the Bunnoonchi tribe |
| .. | .. | | |
| . | ... | 504 | An account of the other tribes living in Bunnoo and not included in the map of the Genealogy |
| . | | | |
| . | | 507 | Different sects of the Hindoos living in Bunnoo together with an estimate of their numbers |
| .. | | | |
| ... | ... | 509 | The word of Mullick defined The receipt and expenditure of the country of Mullkan |
| .. | . | | |

مفید جہانیان ہو گورنمنٹ یعنی سرکار پنجاب نے بعد معائنہ ایک باب اس کتاب کے دفاتر اور حکام سرکاری کی واسطے ایکسو پچاس جلد اس مجموعہ تاریخ افغانستان کی لینی کا ایما فرمایا اور نواب لفٹنٹ گورنر صاحب ممالک پنجاب وغیرہ نے نہایت خوشنودی اور مہربانی سے بعد پسندی حصہ ملاحظہ شدہ سرافرازنامہ بطور خط شکریہ مؤلف کے نام بہیجا اور صاحب سکرٹری گورنمنٹ پنجاب نے بہی گورنمنٹ کی طرف سے بہت خوشنودی ظاہر فرمائی اور امید کی جاتی ہے کہ ہمارے ابنا جنس کو بہی اسکی مطالعہ سے فایدہ واقفیت حال افغانان قوم وار معہ دیگر اقوام سکنہ افغانستان اور اسکی متعلقہ ملحقہ کوہستان سے ہو ناظرین روشن دل سے امید رکہتا ہون کہ بجای نکتہ چینی دعاء خیر سے یاد فرماوین کیونکہ مؤلف کو اس کتاب کی تالیف سے سوائے فایدہ عام اور بقائی نام کچہہ اور دنیوی طمع نہین ہے اور نہ کسیکی خلاف واقعہ ثنا یا ہجو کا منشا تہا جو اس کتاب مین لکہا گیا وہ تا بہ فہمید خود سوائے حق پڑہ وہی اور کسی ارادہ سے درج نہین ہوا اگر بحکم اسکی کہ اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ السَّهْوِ وَالنِّسْيَانِ اگر کہین سقم دیکہین تو معاف فرماوین حررہ بیست ونہم ماہ ستمبر ۱۸۶۵ء روز جمعہ مطابق ہشتم ماہ جمادی الاول ۱۲۸۲ ہجریہ مقدسہ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّيْ وَاَجْرِنِيْ بِهٖ اَجْرًا جَمِيْلًا وَمَتِّعِ الشَّائِقِيْنَ بِمُطَالَعَتِهٖ حَظًّا كَثِيْرًا وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ وَمِنْهُ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَيْهِ الرُّجْعٰى

غرض نقشی است کز ما یاد ماند ٭ کہ ہستی را نمی بینم بقائے

## تاریخ اختتام کتاب طبعزاد بلند خیال شیرین مقال مفتی غلام سرور قریشی لاہوری

ز بہر حیات دل و جسم جان
باحوال حکام کوہ و جبال
الیضا منظور اہل دید جو گردد رواں

کتاب حیات آب حیوانی است
چہ گویم کہ کان سخن دانی است
تصنیف دلربای محمد حیات خان

جو تاریخ او دیدم در چار سو
بتاریخ او گفت خضرم بگوش
سرور بسال ختم چنین بسو گفت دل

جہان مشتغل در تماشای اوست
نگوئم کہ گاہی افغانی است
تالیف با صفای محمد حیات خان

## از نتایج طبع منشی شمس الدین متخلص بہ شمس مراج عام نویس محکمہ بندوبست لاہور

با محمد حیات خان صاحب
در زمان کاخ علم را باعث
وقت بخشش چو حاتم طائی
دل و دانش و نکاو کرم
ساخت تاریخ حال افغانان
شمس از بہر سال تاریخش

داد ایزد و حسب ال و جاسے
درجہان قصر علم را بانے
گاہ کوشش چو رستم ثانے
آن یکے سعدی ذکر کا سنے
کرد از دور زبان افغانے
خواستم زین دو بیت لا ثانے
از محمد حیات خان صاحب

علم و فضل و کمال و دانش و داد
تا چو او شخصی بدہر آمد
ہم بعالم صلائے عام بداست
بی نظیر آمدہ است در عالم
طبع فرمود آن کتاب لطیف
از سر سال طبع او طبعم
یادگار این حیات افغانی

درجہان کرد بادی ارزانے
علم از روزگار رستہ فانے
ملک و خلق را بہانے
در سخن سنجی و سخن دانے
گشت زر کوہ و نور ربانے
داد این مژدہ را با سانے

عام ہوتا ہی لکی مروت مین ۱۸۶۴ء کو حسب توجہ میجر ہنری ارسکن صاحب ڈپٹی کمشنر جدید شفاخانہ
بنایا گیا ہی اور واسطی فایدہ عام کہولدیا گیا ہے انصاف کرو کہ پہلی بادشاہان کو رعایا کی رفع
امراض کا کیا فکر تہا

## ذکر میلہ و ہجوم عام

ذکر کے لائق میلہ روز جمعہ یا آدینہ کا ہی جو ہر ہفتہ مین بروز جمعہ صبح نو بجے سی پانچ بجے شام
تک بازار بنون یعنی دلیپ نگر مین بیع و شرا ہر قسم کی جنس پیداوار ضلع اور مویشی و بہائم
وغیرہ مال کا میلہ عام ہوتا ہی اور اس روز بنون کے علاقہ کی ہر چیز دیہات اور شہر سی اور
مروت و وزیری وغیرہ اطراف کے لوگ بہی فروخت کی واسطی بازار کو لاتے ہین بارہ بجی دن کو
جو وقت پر ہونے میلہ کا ہی منڈوی اور بازار اور بریٹ کی نواح مین جدہر دیکہو میلی پوشاک
اور سرخ عنابی رنگ کی اکثر بنوچی دستار پہرے ہوئی معاملہ خرید فروخت مین لوگ نظر آوینگی
اور قوم وزیری کے مرد اور عورات چہوٹی چہوٹی اکثر سیاہ رنگ کی بیل اور گدہون پر بار
لکڑی سوختنی لادی ہوئی دیکہلائی دیوینگی گوسفندان جنگلی وار میدان بریٹ پر جمع ہوتے ہین
اس میلہ سی خرید فروخت اجناس ضلع کا فایدہ ہی سوای بیع و شراء کے اور کوئی بدعت نہین
ہوتی گویا جمعہ کا دن روز بازار اس ملک کا ہی اور اس سی خرید فروخت کا لوگونکو فایدہ ہوتا ہی

## خاتمۃ الکتاب

للہ الحمد جو تمنا کہ مدت سی دل مین تہی خدای پاک کی فضل سی بر آئی یعنی تاریخ افغانستان جسکا نام بلحاظ
صناعت براعۃ الاستہلال وایہام حیات افغانی رکہکر تین حصہ پر ترتیب دیا تہا اختتام کو پہونچی
اسکی تالیف سال ۱۸۶۱ء سی بعہد گورنر جنرلی لارڈ ایلگن صاحب ویسرای کشور ہند اور لفٹنٹ
گورنری نواب انریبل سر رابرٹ منٹگمری صاحب لفٹنٹ گورنر پنجاب شروع ہوکر ماہ ستمبر ۱۸۶۵ء
مین بعہد حکومت نواب لارڈ سر جان لارنس صاحب گورنر جنرل ویسرائی کشور ہند اور لفٹنٹ گورنری
انریبل میکلوڈ صاحب نواب لفٹنٹ گورنر پنجاب ختم ہوئی اس عرصہ مدت قریب چہار سالہ مین جو
مؤلف نی فراہمی سامان تالیف اور تحریر کتاب مین شبانہ روز محنت اوٹہائی وہ خالق بی نیاز
کے فضل سی حسب خاطر خواہ انجام پذیر ہوئی اب دست بدعا ہون کہ مقبول بارگاہ ایزدی اور

## ذکر مذاہب واعتقاد

یہان کی مسلمان لوگ کل اہلسنت جماعت حنفی مذہب ہین صرف آٹھہ گھر شیعہ ہین مگر
اہل تسنن کے برملا کوئی رافضی نہین بن سکتے اور کل ضلع مین ایکدو آدمیون کی نسبت
ہوتی ہی مگر وہ انکاری ہین اس ضلع کے اکثر مسلمان اخوند صاحب تہہ والے کے
مرید ہین اور سب لوگ اونکی اطاعت اپنی پر مذہبی لازمہ سمجھتی ہین گرچہ تعصب
مین حد الافراط نہین اور اپنی ملک کی اخوندون کی کچھہ بہت عزت نہین سمجھتے گو
صواب جانتے ہین مگر عمل نہین ہوتا بذات خود احکام شرعی سے اکثر جاہل ہین نماز
پڑہی جاتی روزہ رمضان ہمیشہ اور نماز پنجگانہ اکثر پڑہی جاتی ہی مگر عورات
کم پڑہتی ہین صدقہ کم دیا جاتا ہے ہندو لوگ دو فرقہ ہین سیوک اور سکھہ
ہین جوگیون اور سناسیون کی سیوک شیو کو مانتے ہین بیراگیون کے سیوک را
ہین اور لال جی وغیرہ گوسائیون کے سیوک سب کو مانتے ہین

## زبان سکنائی ضلع

پرگنہ بنون اور مروت مین عموماً زبان پشتو مروج ہی گو مشرقی حصہ مروت مین بعضی
کو بہی سمجھتی ہین پرگنہ عیسی خیل اور میانوالی مین ہندکو بولے جاتی ہی عیسی خیل اور قوم
اور سنبل سکنہ علاقہ میانوالی کی قدیمی زبان پشتو تھی الا بباعث ہمسوانہ ہونے ہندکے
کی اور حکومت نواب ڈیرہ اور سکھہ کے سبب سے اپنی قدیمی زبان تدریجاً بھول گئی موشانی
سلطان خیل ملاخیل لوگ پشتو بہی بولتے ہین

## ذکر بیماری وشفاخانہ

بنون کی بیماریون کا حال اس حصہ کے پہلی باب مین لکھا گیا ہی مروت مین بینائی چشم اور
کی بیماری ہوتی ہی گورنمنٹ کی جانب سے تین جگہہ خیراتی ہسپتال یعنی شفاخانہ مقرر ہی صدر بنوں
کے شفاخانہ مین دور دور کے مریض دوائی لیتے ہین انگریزی اودیہ مین سے سب سے زیادہ
قدر اور اعتبار یہانکی لوگون مین دوا ہی کونین کا ہی جسکو پشتون لوگ سپین دارو یعنی سفید دوائی
کہتے ہین اور تپ کیواسطے اوسکا مفید ہونا ان پر ثابت ہوگیا ہی میانوالی کے ہسپتال سے بہی فائدہ

کی کچھہ حاجت نہین رہتی فقط

## مردم شماری

کل آبادی اس ضلع کی دولاکھہ ۱۱۰۵۰۰ بموجب شمار ۱۸۵۴ع کی ہے اور اب اوس شمار سے کچھہ بیشی ہوئی ہوگی گوشوارہ مردم شماری تحصیل وار ذیل مین درج کیا جاتا ہے جس سے ہر ایک پرگنہ کی تفصیل مسلمان اور ہندو مرد عورت کی معلوم ہوگی واضح ہو کہ بموجب شمار احمد شاہ ابدالی جو ۱۷۵۵ع مین ہوا تہا بنون کے لوگ اٹھارہ ہزار مرد اور مروت بارہ ہزار شمار مین آئی تہی چنانچہ بزبان پشتو آنہ لس زرہ د بنون عالم او دوولس زرہ مروت یعنی ۱۸ ہزار بنون کا لوگ اور بارہ ہزار مروت تا ہنوز مشہور عام ہے شمار ۱۸۵۵ع جو احمد شاہ کی شمار سے اکیسو چار برس پیچہے ہوا اوسکی دیکہنے سے معلوم ہوگا کہ اس عرصہ مین کس قدر ترقی تعداد مخلوق مین ہوئی گو اس مین بباعث شمار ہو جانے وزیری بکاخیل وغیرہ کی کچھہ اندازکی مطابقت مین شبہ پڑتا ہے اور واضح ہو کہ پرگنہ بنون مین جو تعداد درج ہے اوسمین سے اصل پشتون بنوچی عشر عشیر سے بہی کم ہین زیادہ تر ہمسایہ متفرق اقوام کے ہندکی وغیرہ لوگ ہین اور سواے مروت کی باقی دو پرگنون کا بہی یہی حال ہے مروت لوگ ہم قوم زیادہ ہین

اس ضلع کی سرحد بتیس ۳۲ درے ہین مگر علاوہ ان کے چہوٹے چہوٹے راستے اور بہی ہین
جن کی خبرداری پولس اور سپاہ سرحدی کو رکہنی چاہیی نمبر ایک سی نمبر ۱۳ تک متعلق کوٹوالی
بنون کی ہین اور نمبر ۱۴ سے نمبر ۱۸ تک تعلق تہانہ میریان کی ہین اور نمبر ۱۹ سی نمبر ۲۰ تک تہانہ
موسی خیل اور نمبر ۲۰ سے نمبر ۳۲ تک متعلق تہانہ بین کے ہین سرحدی درون کی سوای درہ بین
جس سے مروت ہوکر براہ ملازی ٹانک کو راستہ جاتا ہی اور درہ پیزو جس سے سڑک کلان
ڈیرہ اسمعیل خان اور بنون کی گذرتی ہی اور درہ چچالی جو کالا باغ اور عیسی خیل سے کوہ خٹکان کو
بیوپاریان کا راستہ ہے ان تین درون کی نگراسنے اور حفاظت جہت انسداد رہزنی مطلوب ہوگی
دربین بین تہانہ اور پیزو مین چوکی معقول موقع پر مقرر ہے اخیر مین انتظام سرحدی کی متعلق ایک
اور بات یاد دلائی جاتی ہے کہ گرفتاری بہیرا اور یرغمال کا معاملہ نازک صرف تہانہ داران پولس
کی مرضی اور عقل پر نہین چہوڑنا چاہیئے بدانست مولف یہہ امر خاص غور مجسٹریٹ کی لایق ہے
اور جاسوسان کاذب اور صادق کی امتیاز بہی بڑی فکر سے کی جاوے تاکہ ناحق غایت درجہ
تنگ نہوا ور ہونگہ - دیگر واپسی مال مسروقہ مصلحت اور شان سرکاری مخالف ہی اور دوسرا اسمین نقصان
یہہ ہے کہ جو مال مسروقہ از قسم بہایم مجرم سے پہاڑ مین فروخت نہین ہوسکتا وہ گران تعداد کا ہونگہ
لیکر واپس کردینے سے نفع اوٹہاتا ہے

## آمد و خرچ سالانہ

اس ضلع کی اصل آمدنی تخمینا ۴۴۵۳ لکہہ للعہ للعہ صما روپیہ سالانہ سال حال مین ہوئی اور ہمیشہ قریب
قریب ہی اوسط آمدن کی ہے اس مین سے چار لاکہہ بیس ہزار دو سو مالگذاری اراضی اور ایک لکہہ
للعہ باعہ ۔ متفرق آمدن ہی اور کل خرچ سال حال کا جس کا انداز تقریبًا اسی قدر رہتا ہی چہہ لکہہ لعہ لاعہ
روپیہ ہی جس کی تفصیل یہہ ہے بابت سول یعنی ملکی اس رقم مین لعہ باعہ للعہ سرحدی سپاہ الوس کا بہی خرچ
داخل ہے بابت میلٹری یعنی فوجی تین ۳ لکہہ دو لکہہ لاعہ معہ تعہ سرکار بدین حساب قریب ایک لکہہ سالیانہ آمدن ضلع سی
خرچ زیادہ ہی بباعث سرحد ہونے اور تعین فوج کی لابدا یہہ خرچ مطلوب ہی علاوہ اس کے فرضی آمدن
بابت بل وہنڈویات ایک لاکہہ سے کچہہ زیادہ ہوتی ہی گو بل کا روپیہ سرکار کی کسی دوسرے خزانہ
سے ہنڈوی دار کو دیا جاتا ہے مگر اس ضلع مین بسبب امداد اس فرضی رقم کی باہر سے روپیہ منگانے

| کیفیت ضروری | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| | اکبرے احمد علی خیل بیٹنے | مروت | قوم بیٹنی | تخ ذوبہ | ٢٧ |
| تخمیناً تین کوس جاکر درہ لرزن نمبر ٢٩ مین شامل ہوجاتا ہی | . | بیٹنی ملا خیل علی خیل پانچ گہر | . | تنگلین | ٢٨ |
| یہہ درہ فراخ ہی اوسط عرض اسکا ٣٠ گز ہوگا مسعود وزیران مین اس راستہ بہی مال مسروقہ جاتا ہی | . | ملا خیل وغیرہ ٥ اگہر | شاہی خیل وملا خیل مسعود وزیرے اوپر برہنی مین وبیٹنی نیچے | لرزن | ٢٩ |
| اوپر جاکر اس درہ کی دو شاخ ہوجاتی ہین اور درہ لرزن سے جاملتی ہین | . | مندوخیل بیٹنی | . | ریشچہ | ٣٠ |
| اس درہ مین کئی راستے جوڑ ملتی ہین | . | ملازئے مروت | مندوخیل وغیرہ بیٹنی | گلنارہ | ٣١ |
| یہہ درہ تاندہ چینہ کے درہ مین جو علاقہ ٹاک کے اندر شامل ہوجاتا ہی | . | داؤد خیل بیٹنی | . | توچی چینہ | ٣٢ |

| نمبر شمار | نام درہ [illegible] | نام قوم جسکے علاقہ مین ہی | [illegible] | نام ملکان | کیفیت ضروری |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | کرشتو یا کڑاشہ | شابی خیل مسعود وزیری | جانی خیل وزیری | نصرت شاہ سلیم کاب وغیرہ | پوست جانی خیل کی زیر انتظام ہی |
| ۱۹ | گوہینہ یا کوہیان | توری خیل وزیری | ″ ومروت | ″ وولاسہ | یہہ راستہ بہی چورونکا ہی پوست جانی خیل سے مغرب مایل جنوب |
| ۲۰ | شملہ | قوم بیٹنی موسم زمستان رہتی ہین | مروت | الف شاہ قوم بوبہ بیٹنی | کوہ گبر کے دامن سے نکلتا ہے |
| ۲۱ | وَچّہ سروبہ کالان | قوم بیٹنی | ″ | الف شاہ ولاجمیر قوم ورگاڑے | اور ″ اسمین پانی نہین |
| ۲۲ | تاندہ سروبہ خورد | ″ | ″ | ″ | اسمین پانی ہی |
| ۲۳ | سوندکوہ | ″ | ″ | ″ | الف شاہ ملک کا گہر اس درہ مین ہی |
| ۲۴ | وُرمُول | ″ | ″ | فتح خان قوم بوبہ بیٹنی | |
| ۲۵ | ننگر | ″ | ″ | اکبر علی خیل در فتح خان بوبہ | اسمین کچہ کچہہ پانی بہی ہی |
| ۲۶ | خنڈے | ″ | ″ | اکبرے و احمد علی خیل بیٹنی | |

| نمبر شمار | نام درہ یا گھاٹی | [illegible] | [illegible] | نام سردار | کیفیت ضروری |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | تنگہ بادرہ گنبتی | عمرزئی اور سپیرکے ورزیرے | عمرزئی | لنڈک خدرخان بیگی | فراخ راستہ ہی پوست گنبتی سی جلد مدد پہونچ سکتی ہی سوار سارنان راہ عام ہی ہے |
| ۱۰ | نالہ کرم | محمد خیل وزیرے | محمد خیل | فضل شاہ مدادان جعفر ادر شاہ جہان قاید شاہ | کرم بڑا فراخ درہ ہی پہاڑکے اندر اوسط عرض اسکا پچیس گز ہوگا پانی اسمین ہمیشہ جاری رہتا ہے |
| ۱۱ | گزسہ | محمد خیل اور اوپر وتہ خیل | " | " | اس راستہ راہزنی بہت ہوتی ہی |
| ۱۲ | برن خورد | محمد خیل | " | " | مویشی کا راستہ ہی |
| ۱۳ | برن کلان | وشاوزکی | " | " | بہیدرہ فراخ ہی بعض جگہہ سی مشکل ہی مگر رکا نہین |
| ۱۴ | توچی | گزبز بندرد گہر ووزار اوپر قوم ووڑ | مربب خیل وزیرے | جنگ بہادر شیخ ستارہ حسین شاہ قاسم وغیرہ | نالہ توچی فراخ ہی اکثر پانی جاری رہتا ہی تنگہ توچی مدسی باہر ڈگیٹی کی جگہہ ہے |
| ۱۵ | خیسترہ یا خیسور | .. | بکا خیل خان خیل وزیرے | " | نمبر ۱۴ آ و ۃ اسکے مابین تین راستی حسب ذیل تسپہ تجہ تل آمدرفت سارنان کی ہین |
| ۱۶ | خنانرہ یا خیسور | ستوری خیل وڑسکے اور اوپر توری خیل وزیرے | مزمی خیل سروی خیل وزیرے | " | اس درہ کا راستہ فراخ اور صاف ہی |
| ۱۷ | ستکتو | توری خیل وزیر اور اندر شابے خیل مسعود | جانی خیل وزیرے | نصرت شاہ سلیم گلاب وغیرہ | اس درہ سی بہی مال سروۃ مسعود و وزیری کی پہاڑ مین اکثر جاتا ہے نمبر ۱۶ و ۱۷ کے مابین دو راستی سوار اور پیدل کے اور بہی ہی |

# فہرست درجات سرحدی ضلع بنون

| نمبر شمار | نام درہ | [illegible] | [illegible] | نام ملکان ذمہ داران | کیفیت ضروری |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | جشمی خورد | ہاتی خیل وزیرے | ہاتی خیل | عظیم<br>بندر شجاع<br>لکلباغ وغیرہ | اوپر جاکر اسکا راستہ درہ نمبر ۳ سی ملجاتا ہی<br>مویشی بآسانی اس راستہ جاسکتی ہے |
| ۲ | جشمی کلان | ” | ” | ” | نمبر اسی فراخ اور اوپر سی نمبر ۳ تین مین ملجاتا ہی |
| ۳ | برغنتو | ” | ” | ” | یہہ درہ فراخ ہے اوسط عرض اسکا دس گز ہوگا<br>تہل شمالی کا مال مسروقہ اکثر اس درہ کے راستہ جاتا ہی |
| ۴ | پینگ خورد وکلان | بیزن خیل وزیرے | بیزن خیل | میر اکبر<br>جعفر<br>نظر حسین | یہہ راستہ سخت ہی مشکل سی مویشی جاسکتی ہی |
| ۵ | خولبونیہ | ” | ” | ” | فراخ راستہ ہی مویشی اچھی طرح سی جاسکتی ہی |
| ۶ | دغلوسین یا دغلو گرگرے | ” | ” | ” | کوس اوپر جاکر دو راستی ہوجاتے ہین مویشی لدی ہوئی جاسکتی ہی فراخ راستہ ہی |
| ۷ | تنگے | ” | ” | ” | تنگ راستہ ہی پیدل آدمی جاسکتا ہی مویشی بمشکل اور شتر نہین جاسکتا |
| ۸ | زیبڑہ گرگرے | عمر زئے وزیرے | عمر زئے | لنڈک<br>خدر خان<br>بیگی | مشکل راستہ ہی |

مواقع مناسب پر سلسلہ چوکیات مین سپاہ جنگی اور رالوس سرحدی مین ہی تفصیل ان چوکیات
کی فہرست پوستہا کلیات حصہ اول کی اخیر مین درج ہو چکی اس سپاہ کا کام یہہ ہی کہ بطور اطلاع
واردات گرفتاری کے واسطی مجرمان کا تعاقب کرکے دریاہی کوہی آمد رفت سارقان کو روک
رکہین کہ مجرم مال نہ لیجاسکی تفصیل درہ جات کی جس سی پہاڑی سارق مال مسروقہ لیجاتے ہین
ذیل مین درج ہی اور سلسلہ اس شمار کا شمال سی شروع ہوکر جنوب پر ختم ہوگا ؀

کی سبیل کرنی چاہئی الا ملحوظ رہی کہ جسطرح اصل مجرم کو ہی کی خاص گرفتاری دشوار رہی اویسطرح عام قوم
کی کسی آدمی یا بہیر کے پکڑنے سے اصل مجرم پر معاوضہ کی نقصان کا اثر پہونچانا بہی مشکل ہے
اور جبتک اوسپر اثر نہ پہونچے تو انسداد واردات اور عبرت نہین ہوتی بدین نظر ایسا معاوضہ
لینی کی وقت یہہ خیال رہنا چاہئی کہ جہان تک ممکن ہو مجرم کی ایسی شاخ کی بہیر یا یرغمال گرفتار
کیا جاوی کہ جسکی نفع نقصان کی تاثیر اوس تک پہونچکر فایدہ حصول مال مسروقہ کا ضایع ہو جاوے
یا ایسی گرفتاری سے بجنس مال مسروقہ یا مجرم ہاتہہ آجاوی اس شاخ سی میری یہہ مراد بہی نہین
ہے کہ خاص مجرم مرتکب کی خاندان یا چہوٹی شاخ پر مواخذہ کا حصر رکہا جاوی کیونکہ اگر ایسا
دستور مشہور ہو گیا تو مجرم مرتکب کی چہوٹی شاخ آمدرفت علاقہ سرکار مین نہ کریگی اور اس سبب سے
بدلہ لینا مشکل ہو جاویگا بلکہ اس شاخ سی مجرم کی ایسی شاخ مراد ہی کہ جسکی آمدرفت علاقہ سرکار
سے بباعث ضروریات بند نہین ہوسکتی غرض کہ ہر مقدمہ مین حاکم خاص غور کے ساتہہ
اوسط طریق پر کارروائی کرسکتا ہی مگر یاد رہے کہ خالصہ جی کی طرح سب کو ہم قوم مسلہ سمجہکر
پہڑ لو نہ کہنا چاہیئے مثلاً اگر کوئی شخص قوم مسعود وزیری کی شاخ نانوخیل سی مرتکب جرم
ہوا اور قوم مسعود کی شاخ شہابی خیل علی زئی کی بہیر یا یرغمال ہم قوم مسعود ہونے کے سبب
سے گرفتار ہو تو مجرم کو کیا پروا اور اسی طرح اگر شاخ بہلول زئی مسعود سی مرتکب گناہ کوئی
شخص شاخ شنگی کا ہوا اور بہلول زئی کی نسل سمجہکر پکڑا جاوے شاخ جلال خیل کا کوئی آدمی
تو مجرم یا اوس کی شاخ کو کچہہ غم نہین ہوگا اور نہ انتظام انسداد واردات آیندہ کا ہوگا بلکہ ایسی
بے پروا گرفتاری سی گورنمنٹ کی عدالتون کی نسبت طعن ظلم کے سوا یہہ نتیجہ پیدا ہوتا ہے
کہ وہ بیگناہ شاخ گرفتار شدہ اپنے مال کے غم سی کینہ ور ہوکر دل سی دشمن ہو جاتی ہے گو ظاہر
مجبور ہو مؤلف نی بذات خود چند مقدمات سرحدی مین مجرم کی اصل شاخ کی گرفتاری سے
کامیابی حاصل کی ہے اور تجربہ سی یہہ دستور انتظام کے موافق پایا نظیرین دینی سی طوالت کا
خوف ہے باوجود اسکی ذمہ واری مشترکہ کو کبہی پایمال نہ کرنا چاہئے اور مجرم کی شاخ کو بطور
مشترک ذمہ وار سمجہنا چاہئی کہ خوف اس اشتراک کا باعث انسداد واردات ہی گورنمنٹ انگریزی
کی جانب سی واسطی انسداد اور تعاقب سارقان اور پہاڑی غارتگرون کی سرحد کی قریب

بباعث نہ درست ہونے تربیت کے اوس واقفیت کو شرارت کی ساتہہ جعلی کاغذ بنانے اور جہوٹہی
بجالانے میں برباد کرتے ہین واسطے درستی اطوار مخلوق تعلیم علم بہت ضروری ہے فی الحال سرکار
کی توجہ سے بتیس ۳۲ مدرسے مردانہ اور چار مدرسے زنانہ اس ضلع مین واسطے تعلیم علم دنیوی مقرر
ہین جسکا خرچ سالانہ قریب چہہ ہزار روپیہ کے ہی اور ان مدرسہ جات مین یکم ماہ اپریل ۱۸۸۶ء
کو کل آٹہہ سو طلبا ر تہے جنمین سی پانچسو نو ۵۰۹ مسلمان اور دو سو اکانوے ۲۹۱ ہندو ہین علاوہ انکی
(۵۲) دختران بہی پڑہتی ہین اونمین سی تیرہ ۱۳ مسلمان اور اونتالیس ۳۹ ہندو ہین جب لوگ
فوائد علم کو سمجہہ لینگی تو اسطرف توجہ کرینگے الا جو طریق تعلیم مین نقص ہین اونکی بہی اصلاح ہوجانی چاہیے

## ذکر متعلق انتظام سرحد

واضح ہو کہ اس ضلع کی مغرب بے حد تمام پہاڑ غیر علاقہ سی ملی ہوئی ہے اور اکثر اوسمین پہاڑ میز
قوم وزیری اور تہوڑے حصہ مین قوم بیٹنی آباد ہین درہ توچی کے اندر علاقہ داوڑ مین
قوم داوڑ رہتی ہے ان ہر سہ اقوام سی جو ہمارے حد کے مغربی ہمسایہ ہین زیادہ تر
تعداد اور جنگجوئی مین قوم وزیری ہی جسکا مفصل حال حصہ دویم کے چوتہے باب مین درج ہوا
اس قوم مین سی شاخ مسعود وزیر نے سرقہ مویشی اور لوٹ کہسوٹ کے زیادہ عادی ہی
اور درویش خیل وزیرون سی شاخ بکہ خیل اور توری خیل بہی موقع پر دریغ نہین کرتے علاوہ
اسکے قوم بکہ خیل وزیرے جو درغڑ دامن کوہ حد سرکار مین رہتی ہین وہ بہی چوری کرکے
اکثر مال مسروقہ باعانت خفیہ داران کو ہی یا خود اندر پہاڑ غیر علاقہ مین لیجاتے ہین رود گرم
سے شمالی علاقہ سرکار سی جو سرقہ مویشی وغیرہ باہر کے مجرمان کی جانب سی ہو تو عموما وہ مال مسروقہ
براستہ درہ بزغنتو یا گنبتی وغیرہ سی قوم کابل خیل وزیری مین یا قوم توری مین بشکنہ کرم
بیجاکر فروخت ہوتا ہی یا سوداگران علاقہ خٹک اندر پہاڑ کے لیلیتی ہین اور جو نالہ کرم
نیچے سے واردات ہووی تو وہ مال مسروقہ اکثر اوکو مسعود وزیرے مین جاتا
یا درہ سوت خیل وزیری خوست کی طرف جا فروخت کرتے ہین جیساکہ حصہ
...انتظام سرحد لکہا گیا ہے اوسی طرح مناسب ہی کہ مجرم مرتکب یا معین
...یا آدمی بطور برغمال گرفتار کرکے واپسی مال مسروقہ
ثبت
ساتہہ
لاکی

کو کسی اپنی بہائی یا رشتہ دار کی طرف سی بصورت جدید رجوع کرا دیتی ہین اسکا فکر رکہنا چاہئی کہ پہلی مثل
ملاحظہ سی رہ بجاوسے فوجداری میانوالی مین کم ہی دیوانی کے مقدمات گرچہ بہت مگر دعاوی
اکثر قلیل التعداد اور صاف بلا پیچ ہوتے ہین اور کل ضلع کے دیوانی کا آسان حال ہی بنون
مین عدم گذران بانان و نفقہ عورات کی بہی زیادہ مقدمات ہوتے ہین میانوالی کے لوگ سب
سی چالاک اور ہنوچی بہی اکثر جہوٹہہ سی نہین شرماتے عیسی خیل مین بہی بہت پیچ ہین جن مین سے
کمر مشانی کے لوگ زیادہ لالچی ہین مروت بہ نسبت اور ون کے اچہے ہین لیکن گوندداری کے
سبب سی خرابے ہوتے ہی ہنوچی اور وزیری اور مروت سوا ہی جز و شرقی کل پشتون
رعایا ہی اور پشتو دان لوگون کی عادت ہی کہ حاکم کو لفظ غرض لرم ہی کہ جسکا ترجمہ عرض رکہتا ہون
سے اپنی طرف توجہ کراتی ہین اور کچہری مین عرض لرم کا آواز گرم رہتا ہی اور بعضی وزیر لوگ
عرض کو وقت اپنی سر سے میلی دستار اوتار کے عرض لرم کہتی ہین اکثر رعایا آئین مروجہ
سے بخوبی واقف نہین گو اوسکی موٹی اصول سمجہتی ہین یہان کی لوگ ڈپٹی کمشنر کو ڈپٹی صاحب
یا مسٹر صاحب یعنی بڑا صاحب اور اسسٹنٹ کمشنر کو کم صاحب یعنی چہوٹا صاحب اور اکسٹرا اسسٹنٹ
کمشنر کو کشتر صاحب کہتی ہین فی الحال یہانکی لوگ گورنمنٹ انگریزی کے انتظام عادلانہ
سے خوشگوئی بعضی حرام خور ناخوش ہونگی؛

## ذکر تعلیم علم

اس ضلع مین گرچہ بنون کا علم فقہ مشہور تہا مگر اب اسکی تعلیم مین پہلی طرح شوق اور کوشش
نہین اخوند لوگ کچہہ ما و شما کرتے ہین مگر ناکامل سوائے اخوندون کے افغان وغیرہ زمیندار لوگ
بالکل رغبت علم کی نہین رکہتی اسکا افسوس ہی کہ اس بی بہا نعمت سی محروم رہین ملکان بنوچے
سے دو آدمی ایک ابو سمند وہرماخیل دوسرا ظفر خان سمعیل خیل فارسی خوان ہین اور مروت
مین کوئی معلوم نہین ہوتا عیسی خیل مین سرافراز خان و عبد اللہ خان خواندہ ہین اور میانوالے
مین بہی یہی حال ہی اب سرکاری مدرسہ جات مین اکثر لڑکے پڑہتی ہین مگر بباعث ناخواندہ
والدین کی شوق کامل نہین ہی اور ابتداء عمر مین کوئی تدبیر شایستگی تربیت نہین کیجاتی
یہی باعث خرابی اس ملک کی رعایا کا ہی بعضے کم علم اخوند جو ذرہ فارسی پڑہ جاتے ہین وہ

سی تک لاہوری کالہ باغ سی پنجاب کو برتن وسایان آہنی ساخت کالہ باغ ہرطرف کو پارچہ لاچہ و
سوسی وکہیس ساخت کالہ باغ باہر کو جاتے ہین ؛

## ذکر سڑک

بنون مین آنیکے واسطی حسب ذیل راستی ہین لاہور سی شاہپور کی سڑک پر میانوالی اور عیسی خیل ہوکر
بنون کو راولپنڈی اور ہزارہ سی پنڈی گہیب وکالہ باغ و عیسی خیل ہوکر بنون کو پشاور سی کوہاٹ
اور بہادرخیل ہوکر بنون کو ملتان اور دیرجات سی ڈیرہ اسمعیلخان اور پیزو کے درہ سی مروت
ہوکر بنون کو کابل سی خوست اور گرتم ہوکر اور خوست سی دوڑ ہوکر بنون کو تجار اور فوج آسکتی
ہے اور علاوہ اسکی اور چہوٹے چہوٹے راستہ بہی ہین اونمین سی جو سرحدی اور جا گذر سکتا
کو بہی ہین اونکا ذکر سرحد کے حال مین لکہا گیا ملحوظ رہے کہ جو کابل اور خوست سی گرتم اور دوڑ
کا راستہ بنون کو آتا ہی حد سرکار سی باہر بدون بدرقہ اعتبار ہی خطرناک ہی اور کبہی کبہی بدرقہ
بہی بیکار ہوجاتا ہے سرکاری حد مین سال بسال سڑکون کی مرمت ہوتی ہی اور بنون کی پرگنہ
مین دورویہ سڑکون پر قطار درختان سرسبز و سایہ دار فرحت آور آرام بخش ہی بیجر ہربرٹ
ایڈورڈس صاحب ڈپٹی کمشنر نے دور تک درخت سایہ دار لگوائی ہین اور پل ہائی خورد وکلان
پختہ بنائے جاتی ہین ؛

## ذکر عدالت ومقدمات

پچہلی زمانہ کی تاریخ کی مطابقت سی جو بنظر انصاف دیکہا جاوی تو حال کا انتظام عدالت اور داد رسانی
بہت اعلی درجہ کا منصفانہ معلوم ہوگا اس ضلع کے پرگنہ بنون مین نمبری مال کم زیادہ تر مقدمات
فک الرہن اراضی زرعی کے ہوتے ہین جسکا مفصل حال اور رواج پرگنہ بنون کی باب مین
درج ہوا سرسری مال بہت کم اور فوجداری سرقہ اور ضرر جسمانی زیادہ ہی پرگنہ مروت
مین خانہ جنگی یا بلوہ کی واردات بموسم فصل یا گہاس چرائی پر سرزد ہوتے ہین سرقہ مروت مین
کم ہے عیسی خیل مین رہن اور دیوالات کے مقدمات بیحد اور زیادہ ہوتے ہین میانوالی مین
نہایت خباثت کی ساتہہ ضدیت سی بیحد مقدمات مال اکثر بحبر زمین اور رکہہ کے رجوع ہوتے
ہین اور طرفہ یہ کہ جب ایک مقدمہ کوئی فریق ہار جاوی تو چند عرصہ کے بعد اوسی مقدمہ

# ذکر تجارت

اس ضلع مین عموماً سوداگری اہل ہنود کے ہاتھہ مین ہی زمینداران سی پیداوار خرید کر باہر لیجاتی
ہین اور باہر سی بہی ہندو وغیرہ لوگ مال لاتے ہین افسوس کہ یہانکی مسلمان رعایا خصوص
افغان تجارت سی عار سمجھتی ہین مگر یہہ اونکی غلط فہمی ہے خیال کرنا چاہئے کہ اہل یورپ خصوص
انگلستانیون نے جو دنیا مین نام آور دولت مین سبقت حاصل کی ہی اوسکی ظاہرا دو سبب
ہین اول ترقی علم دوم ترقی تجارت پس جس جگہہ کے لوگ ان دو باتون سی نفرت کرتے ہین اونکے
سرسبزی دشوار ہے پہہ جاہلانہ عار دور کرکے اپنی پیداوار زمینداری وغیرہ کو اپنی معرفت
باہر یا اندر جہان منافع ہو فروخت کرکے نفع اوٹھانا چاہئے مسلمانون سی چند گہر پراچہ کالہ باغ مین
بیوپار رکہتی ہین مگر عقیدہ تجارتی اونکا درست نہین اب اوس مال کی تفصیل کیجاتی ہی کہ جو اکثر
اس ضلع مین باہر سی آتا ہے یا یہان سی باہر جاتا ہے ؁

## جو باہر سے آتا ہی

تماکو خوست اور زدوڑا ور بنگش سی پہہ تینچ جنس اکثر خوست وال لوگ پیران لغاڑی وغیرہ
لاتی ہین لوہا مسعود وزیران کی پہاڑ سی آتا ہی اس ضلع مین آہن کا خرچ کالہ باغ زیادہ ہی شہد بنگش
سی کشتہ اور پوست انار بنگش سی اور روغن زرد ملک خوست اور دوڑ و بنگش سی الغوزن پہدے
سفیدا ور خودرنگ قوم وزیری اور خوست و دوڑ سی تیر و نشتر بلہ عمارتی وزیری لوگ لاتے
ہین اکہروٹ اور نیزہ وزیرا ور بنگشی لوگ کپڑا ہر قسم پنجاب اور دیرہ سی ریشمی مال ملتان وغیرہ
پنجاب سی شکر تری پنجاب سی گرم مصالحہ اور وہ اشیاء جو پنساری فروخت کرتے ہین پنجاب
سی نیل ملتان اور دیرہ غازیخان سی زرد رنگ یا مجیٹھہ غزنین سی گنجد بنگش سی روغن سیاہ وامان
اور راولپنڈی سی نمک سبز خشک سی آتا ہے ؁

## جو باہر جاتا ہی

قند سیاہ اور شکر سرخ اکثر جانب دیرہ و دامان وغیرہ بلدی بنگش اور کابل و پشاور کو
کپاس اور سوت سفید بنگش اور دیرجات اون سکہرا اور دیرہ کو غلہ گندم اور نخود مروت اور
لچھی سی بسبیل کشتی دریا کے راستی اکثر ہندو بیوپاری جیسی خیل کی سکہر کو لیجاتے ہین بہکڑ سی کالہ باغ

ہوتا ہے نہ خالی کیچ بلکہ مویشی کی آمد رفت سے گوبر بھی ملا ہوا ہوتا ہے اس قصبہ مین سرفراز خان عیسی خیل کا مکان جدید قابل دید ہے

## ۵ قصبہ کالہ باغ

یہہ قصبہ جین مغربی کنارہ دریا سندہ پر پہاڑ کی دامن مین واقع ہے اور قریب تین سو برس سے آباد ہے اسکی آبادی اور بانی کا حال خاندان ملکان کالہ باغ کی ذکر مین لکہا گیا ہے کالہ باغ خوب تجارت گاہ ہے ہندو لوگ اور نیز براچہ مسلمان یہانکے تجار ہین اور اپنے کام مین محنتی بڑتن و دیگر سامان آہنی اسجگہہ بہت بنتا ہے اور سلاری ولاچہ سوسی کالہ باغ کا دور تک جاتا ہے دریا کی رو سے شہر کے مشرقی حصہ کو ضرب پہونچتی ہے یہان کے بازار اور کوچہ تنگ اور آبادے گنجان عمارت خام مگر بسبب تنگی مکان دو چہتہ سہ چہتہ بنتی گئی ہین گرمی کے دنون مین بباعث دامن اور مقابل ہونے آفتاب کے باوجود قرب دریا کی دہوپ کی شدت ہوتی ہے دو درخت کلان بوہڑ کے اور جہاڑ کے اور چند درختون کے سوا شہر مین درخت کا سایہ مطلق نظر نہین آتا کان نمک سرخ یہان واقع ہے نمک نکالکر بمقام ماڑی جو دریا کے کنارہ چپ پر کالہ باغ سے تخمیناً ایک میل گوشہ شمال و مشرق پہاڑ کی اوٹ مین واقع ہے فروخت ہوتا ہے اور پہلکڑی اسجگہہ کی سیاہ خاک سے بنتی ہے جو پنجاب اور دیگر اطراف کو دور دور تک جاتی ہے ؂

## ۶ قصبہ میانوالی

گرچہ بباعث واقع ہونے عدالت اسسٹنٹی اور تحصیل کے نام میانوالی کا مشہور ہو گیا مگر حقیقت مین میانوالی کوئی بڑا قصبہ نہین ہے اسکی آبادی اور ابتدا کا حال پرگنہ میانوالی کی باب مین دیکہو موضع میانوالی کے ملحق موضع بلوخیل ہے یہہ جگہہ دریا سندہ کی مشرقی کنارہ کچہہ کے نزدیک اونچا واقع ہے

## دیہات کلان

علاوہ ان چہہ مشہور قصبون کے پرگنہ بنون مین موضع غوریوالہ نورڑ جنڈوخیل دہرمہ خیل سے لگے کوٹ ٹی سادات ہویند آور پرگنہ مروت مین بیگو خیل و عیسک خیل و احمد زئی و پہاڑ خیل آور پرگنہ عیسی خیل مین موضع کمرمشانی آور پرگنہ میانوالی مین کنڈیان آور پپلان اور موچہہ آور موسی خیل آور رکل آور داؤد خیل بڑے گانو ہین ؂

یا لڑکر یا کسیطرح اکٹھی مرگئی اور جو نہ خاک رنگ بن گیا ہی جوڑسے قسم کی پختہ اینٹین بھی برآمد ہوتی ہین اور جو اوسکی مشرقی اور جنوبی گوشہ مین ایک غار ہی اوسکی نسبت قیاس ہوسکتا ہی کہ پہلی وقت کی نہین ہی بعد منہدم ہونے کے کسی حیوان یا انسان نے بنائی ہی مین بذات خود تھوڑی دور اوسکی اندر لمبا پڑگیا آگے جاکر نہایت تنگ و تاریک دشوار گذار ہی باعث نہ جاسکنے روشنی اور بدبو ا کے واپس چلا آیا پایان اوسکا معلوم نہو سکا خاک اس اکرہ کی زراعت کیواسطی بہت مفید ہی اور لوگ نواح کے کھودکر لیجاتے ہین اور بجائی روڑی کے ڈالتی ہین کبھی کبھی اسطرح کے کھودنے سے قیمتی چیزین بھی ہاتھہ لگتی ہین

## کافرکوٹ

دو ہین ایک وہ جو عیسی خیل کی علاقہ مین موضع کونڈل کے جنوب دریا سندکے مغرب والی پہاڑ پر ایک بڑی وسیع قلعہ کی علامت موجود ہی جسمین چند گنبذ کی طرح گول قسم کی عمارت ہی جنکی نسبت یہہ قیاس ہوتا ہی کہ بودہ مت یعنی بودہ مذہب کے لوگ جو دو ہزار برس پیشتر زمانہ حال سی اس نواح مین آباد تھے اونکی پرستش کی دیہہ گوپ ہین اکثر اونکی عبادت گاہ اس قسم کی ہوتی تھی اگر یہہ قیاس ٹھیک ہو تو یہہ مکان بھی اکرہ کیطرح پورانہ ہی اور جو اسپر بطور مرمت جدید تو یون کی مورچال کی علامت معلوم ہوتی ہی یہہ پیچھے سی لوگون نے بنایا کیونکہ پہاڑ کی عمدہ اور سخت جگہہ پر واقعہ ہونے سی یہہ موقع نازک وقت مین اس ملک کی حکام وغیرہ لوگون کی جائے پناہ تھی چنانچہ ایک روایت ہی کہ ہمایون بادشاہ بھی اپنی بہائیون کی بی مہری کے وقت اسجگہہ پناہ گزین ہوا تہا ورنہ جسوقت یہہ عمارت اول ہوئی تو اوس زمانہ مین توپ وغیرہ اسلحہ آتشبار کا نام و نشان بھی دنیا مین پیدا نہین تہا جو پیسہ کہنہ اس جگہہ سی ملا ہے اوس سی بھی ہندو راج کی تصدیق ہوتی ہی +

## دوسرا کافرکوٹ

بنون سی شمال ایک اونچی پہاڑ کو کہتی ہین جو پہاڑ تراشا ہوا دیوار قلعہ کی طرح اونچا معلوم ہوتا ہی غالبًا یہہ بھی یونانی لوگون کا اختراع ہوگا مگر اسپر کوئی عمارت یا نشان نہین معلوم ہوتا ہے اسواسطی یہان کے لوگ دجونولکی خواہ دجونوغر یعنے دختران کا پہاڑ کہتی ہین اور جو روایت کرتے ہین کہ کبھی ناکتخدا سہ کس دختران یہان پتھر بنگئی ہین اسکو عقل قبول نہین کرتا اور بعید از قیاس ہے

ایک بڑا شہر ہو گذرا ہے جسکی علامات موجود ہین اکثر ہندو راجون کے وقت کے بہی
پیسے ملتے ہین جن پر ایک طرف بیل کی تصویر اور دوسرے طرف دہوتی پہیری ہوی
اور زنار کان سے لپٹی ہوی ہندو راجا کی تصویر منقش ہے اور بت کلان و خورد اور سنکہہ
بہی نکلے ہین جنپر سنسکرت کی حروف سے کچہہ عبارت لکہی ہے کہ یہان کے پنڈت اوسکو پڑہہ نہین
سکتے اور ایک مہر یعنی انگشتری طلائی بہی دستیاب ہوی ہے جو اب میرے پاس ہے اور
اوسکی پر ہندی حروف کہدے ہوے ہین ایک سنسکرت خوان اوسکا نام پنڈت ہری پہرا
ہے الا کسی تاریخ سے سال و سمت انکا معلوم نہین ہوتا ایسا قیاس کیا جاتا ہے کہ یونانی
لوگ بہی بت پرست تہے اور جلد ہنود سے خلط ہو کر رسوم بت پرستی مین شریک ہو گئے اور
بعد گریک کے جب ہندو راجون کی سلطنت اس ملک پر پہونچی تو اوس وقت کی یہہ ہنودی
سکے اور علامات ملتی ہین اس مین شک نہین کہ گریک سے پہلے بہی ہندو راج یہان بہت مدت
تک رہا ہے یہین سبب شبہہ گذرتا ہے کہ شاید پہلی عمارت ہو اور پیچہے سے گریک یعنی یونانی
لوگون نے دخل کر لیا مگر یہہ شبہہ ضعیف ہے اور جو یہہ مشہور ہے کہ راجہ بہرتہ ابن راجہ دشرت نے
جو دادا [illegible] لگی [illegible] تہا یہہ شہر اپنی اور اپنے والدہ کے نام سے باسم گگی و برتہ آباد
کیا غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ سبب شہرت اس کا صرف آبادی موضع گگی و بہرت جو اب
بہی اکرا کی قریب آباد ہے پائی جاتی ہے اور یہہ گگی اور بہرت اولاد [illegible] اکر
[illegible] قوم ہنوز رہنے سے قریب پانچ سو برس ہوا کہ یہان رہتے ہین اگر اس موقع
پر آباد ہوئے سو یہہ دشرت ہے جو تین ہزار برس سے بہی پہلے مر گیا کچہہ تعلق
نہین ہے صرف یہان کے ہنود نے اپنے خود تراش بات کو مشہور کر رکہا ہے
ایسی روایت ہے کہ یہہ اکرہ جس کے نواح مین شہر موسوم [illegible] نام تہا بہت
مدت تک آباد تہا [illegible] سلطان محمود غزنوی کی سپاہ کی ہاتہہ سے تباہ ہوا اور
[illegible] گیا اب کہود [illegible] تباہی کی تصدیق ہوی ہے یعنی مسمار شدہ جگہہ مین کہودنے
سے [illegible] سوختہ [illegible] اور کوئلہ نکلتے ہین اور ایسی [illegible] کی طرح [illegible] معلوم ہوتا
[illegible] جگہ [illegible] استخوان آدمی بہت ایک جگہہ سے [illegible] مین [illegible]

کہ جو مشہور ملک ہوا ہو مگر اوس کا نبیرہ نزادہ زمانی نے اپنی وقت مین پہر ملکی کو مشہور کیا جب اوسکو
فرقہ توری خیل شاخ اتمان زی وزیری نے ماردیا تو پہران کی شہرت جاتی رہی گرچہ مسمی
ملتان باپ سوہان خان اور برادر نزادہ زمانی برائے نام ملک تہا الا سادہ لوح یہان تک
کہ رمہ کو پانی پلاتا ہوا رود کورم مین ممہ خیل مورتون کے ہاتہہ سے مارا گیا تب سوہان ملک
ہوا یہہ شخص بڑا دلیر اور صاحب عزم وراست گو تہا اس نے اپنی عادات اور دلیری سے
قوم مین وہ رسوخ پیدا کیا کہ کل قوم وزیری حضوص شاخ احمدزی مین ملک کلان کہلاتا تہا
اور عنان اختیار اپنی قوم کی اوس کے ہاتہہ مین تہی جہان چاہی حشری کو جمع کرکے لڑا سکتا تہا
چنانچہ دو دفعہ لشکر ہیم قوم جمع کرکے ٹل بڈہ خیل کی بنگشون پر حملہ کیا اور تیسری دفعہ قوم مروت کی
ساتہہ بمقام لکی مروت لڑائی کری ۱۸۴۸ع مین جب ولیم مور کرافٹ صاحب الوالعزم سیاح اس
ملک مین آیا تو اوسکی مہمانی اور نیک سلوک اس شخص سے ہوا وہ چہٹی اون کی ابتک ان کے
خاندان مین موجود ہی ۱۸۴۸ع مین جب سر ہربرٹ اڈوارڈس صاحب اس ملک کا حاکم ہوا تو
سوہان خان نے حاضر ہوکر اطاعت احکام صاحب ممدوح کی کری اور اس ازاد قوم وزیری کی
مطیع کرنے مین اوس نے کوشش واجبی کری صاحب ممدوح نے اوسکی عزت فرمائی اور جو کی نشین
کرکے دسمبر ۱۸۴۸ع مین جملہ قوم وزیری کا وزیر خطاب دیا بعد رفع شورش ملتان خلعت پانچ پارچہ
معہ دستار طلائی عطا فرمائی اور نیز مبلغ ۔۔۔ پنشن سالانہ بہ منظوری گورنمنٹ ۱۸۵۰ع مین تاحین حیات
اوس کے مقرر ہوا سوہان خان مارچ ۱۸۵۳ع مین مرگیا اور حسب وصیت خود پہاڑ مین لیجاکر بمقام گمتی
دفن کیا گیا اوس کے بعد نجیب خان بڑا بیٹا اوس کا ملک ہوا تا حال نجیب خان اپنی قوم
کا بڑا ملک ہی اور ربانی خان اوس کا دوسرا بہائی بہی دلاور اور نیک آدمی ہے ۔

## خاندان میرزعلی خیل منڈان

اس خان سے نامی ملک میر حسن خان ہوا جس کے بعد میر عالم خان بیٹا اوس کا سکہون کے وقت مین
کا مشہور ملک تہا جب اوس نے ۱۸۴۸ع کی سرکشی سکہان مین شریک ہوکر گورنمنٹ انگریزی کی
مخالف فریق کے ہمراہ کری اور بوقت فتح اس ضلع کے سردار اعظم خان کے ساتہہ جلاوطن
ہوگیا تب سے اوسکی معاش اور ملکی جاتی رہی اور بعد اوس کے شکر اللہ خان ولد خوجے خان کا بخت خفتہ

# خاندان سپیر کی وزیر

عالم خان

بیک — بائی خان — میری خیل

خٹک خیل

زنانگے — مہربان — گلبائی — رحمان — اللہ نور

ملتان — اسل

سوہان خان — قلندر

زوجہ اول قوم وزیر — زوجہ دوم قوم وزیری — زوجہ سوم قوم بنوچی

نجیب خان — غفلت — ماتی خان — میر اکبر — نیکم گل

ملک موجود حال عمر تخمیناً ۵۰ برس

ملک عمر ۳۴ برس

## حال خاندان سوہان خان

واضح ہوکہ یہہ خاندان قوم وزیری شاخ احمد زئی شعبہ سپیرکے سی ہے انکا مفصل شجرہ اوپر تک قوم وزیری کی حال مین لکہا گیا ہی مسمی وزیر کی پانچوین پشت مین سپیر کے پیدا ہوا جسکی اولادکے بہت شعبی ہین فرع باغوان خیل مین مسمی عالم خان سی ملکی چلی مگر جیساکہ کل قوم وزیر مین معتبران قوم کے واسطی صرف نام ملکی ہوتا ہی اسیطرح اس خاندان کی ملکی بہی تہی کچہہ معاش یا گذارہ اپنی قوم کی جانب سی واسطی انکے مقرر نہین تہا اور بادشاہان وحاکمان سابق سی اونکی آشتی یا تعلق کم ہوا اسواسطی فیض حکام سی بہی محروم رہی روایت ہی کہ عالم خان مذکور کو بعہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر جب بہادر شاہ ملک بنون مین آیا تو زہر دی گئی کیونکہ وہ دلیر شخص اپنی قوم کو جمع کرکے ٹل بلند خیل اور درہ توچی کی راہ سی جب شاہزادہ کی فوج آتے تہے تو تاراج اور سد راہ ہوتا تہا بعد وفات عالم خان کے اوسکا بیٹا کوئی ایسا لائق نہین تہا

کہ جو مشہور ملک ہوا ہو مگر اوس کا نبیرہ نزادہ زمانی سنے اپنی وقت مین بہر ملکی کو مشہور کیا جب اوسکو
فرقہ توری خیل شاخ امان زئی وزیری سنے مار دیا تو پہر ان کی شہرت جاتی رہی گرچہ مسمی
ملتان باپ سوہان خان اور برادر نزادہ زمانی برائے نام ملک تہا الا سادہ لوح یہان تک
کہ رمہ کو پانی پلاتا ہوا رود کورم مین ممہ خیل مورتون کے ہاتہہ سے مارا گیا تب سوہان ملک
ہوا یہہ شخص بڑا دلیر اور صاحب عزم و راست گو تہا اس نے اپنی عادات اور دلیری سے
قوم مین وہ رسوخ پیدا کیا کہ کل قوم وزیری خصوص شاخ احمدزئی مین ملک کلان کہلاتا تہا
اور عنان اختیار اپنی قوم کی اوسکے ہاتہہ مین تہی جہان چاہی حشری کو جمع کر کے لڑا سکتا تہا
چنانچہ دو دفعہ لشکر ہم قوم جمع کر کے ٹل بڈہ خیل کی بنگشون پر حملہ کیا اور تیسری دفعہ قوم مروت کی
ساتہہ بمقام لکی مروت لڑائی کری ۱۸۵۱ع مین جب ولیم مور کرافٹ صاحب اولوالعزم سیاح اس
ملک مین آیا تو اوسکی مہمانی اور نیک سلوک اس شخص سے ہوا اور چٹہی اون کی ابتک ان کے
خاندان مین موجود رہی ۱۸۴۷ع مین جب سر ہربٹ اڈوارڈس صاحب اس ملک کا حاکم ہوا تو
سوہان خان نے حاضر ہو کر اطاعت احکام صاحب ممدوح کی کری اور اس ازاد قوم وزیری کی
مطیع کرنے مین اوس نے کوشش واجبی کری صاحب ممدوح نے اوسکی عزت فرمائی اور چوکی نشین
کر کے دسمبر ۱۸۴۸ع مین جملہ قوم وزیری کا وزیر خطاب دیا بعد رفع شورش ملتان خلعت پانچ پارچہ
معہ دستارہ طلائی عطا فرمائی اور نیز مبلغ ۲۰۰ پنشن سالانہ بہ منظوری گورنمنٹ ۱۸۵۰ع مین تا حین حیات
اوس کے مقرر ہوا سوہان خان مارچ ۱۸۵۲ع مین مرگیا اور حسب وصیت خود پہاڑ مین لیجا کر بمقام گمتی
دفن کیا گیا اوس کے بعد نجیب خان بڑا بیٹا اوس کا ملک ہوا تا حال نجیب خان اپنی قوم
کا بڑا ملک ہی اور ربانی خان اوس کا دوسرا بہائی بہی دلاور اور نیک آدمی ہے۔

## خاندان میرزا علی خیل منڈان

اس خاندان سے نامی ملک میر حسن خان ہوا جس کے بعد میر عالم خان بیٹا اوس کا سکہون کے وقت بنون
کا مشہور ملک تہا جب اوس نے ۱۸۴۸ع کی سرکشی سکہان مین شریک ہو کر گورنمنٹ انگریزی کی
مخالف فریق کے ہمراہ کری اور بوقت فتح اس ضلع کے سردار اعظم خان کے ساتہہ جلا وطن
ہوگیا تب سے اوسکی معاش اور ملکی جاتی رہی اور بعد اوسکے شکر اللہ خان ولد غوچی خان کا بخت خفتہ

## حال خاندان سوہان خان

جو کہ یہہ خاندان قوم وزیری شاخ احمد زئی شعبہ سپیرکے سی ہے انکا مفصل شجرہ اوپر وزیری کی حال مین لکہا گیا ہی مسمی وزیر کی پانچوین پشت مین سپیرکے پیدا ہوا جسکے شجرہ مین فرزع باغوان خیل مین مسمی عالم خان سی ملکی چلی مگر جیسا کہ کل قوم وزیر کے واسطی صرف نام ملکی ہوتا ہی اسیطرح اس خاندان کی ملک بہی تہی کچہہ معاش قوم کی جانب سی واسطی انکے مقرر نہین تہا اور بادشاہان وحاکمان سابق کم ہوا اسواسطی فیض حکام سی بہی محروم رہی روایت ہی کہ عالم خان مذکور کو اورنگ زیب عالمگیر جب بہادر شاہ ملک بنون مین آیا نوز ہر دی گئی کیونکہ وہ قوم کو جمع کرکے مل بلند خیل اور درہ توچی کی راہ سی جب شاہزادہ کی فوج آتے سبب توانا ج اور رسد راہ ہوتا تہا بعد وفات عالم خان کے اوسکا بیٹا کوئی ایسا لائق نہین تہا

قوم سنبل کی تحت مین تہا اونسی اس قوم نے دبالیا اگرچہ اوسوقت یار بیگ خان بہی زندہ تہا
مگر مہر خان مدار المہام اپنی خاندان کا تہا پیلان کی ترقی آبادی کو دیکہہ کر قوم جنکانی بلوچ نے
بارادہ چہین لینی ملک کی اونپر حملہ کیا سخت لڑائی ہوئی جسمین جنکانی منہزم تو ہوئے مگر یار بیگ
و مہر خان باپ بیٹا ہر دو اوس لڑائی مین مارے گئی بعد اوسکی نواب محمد خان سدوزئی نے
لشکرکشی کرکے موضع پیلان کو غارت اور خراب کیا اور بعد فتح علاقہ پیلان کے اس خاندان
کی عزت قایم رکہی اور مقرب خان وغیرہ اولاد یار بیگ خان کیواسطی ستارہوان حصہ
پیدا وار ہر دو سر رقبہ دیہات ذیل سی پیلان خاص چوڑکن و نوٹہ وہنگا ٹہ دوابہ ڈب
تصیر والہ معافی مقرر ہوئی اور علاقہ پنجکوٹہ کے بعضی دیگر دیہات پر بہی بطور تعلقہ داری
انکا اختیار تہا اور ساڑہے چار دہنہ چاہ بہی واگذار تہی عملداری سکہان مین علاقہ پنجکوٹہ
سرداران سکہہ سندہانوالیان کو جاگیر ملا اونکے عہد مین سی معافی مندرجہ بالا بدستور معاف
رہی اور اپنی خود کاشت کا محصول بہی معاف تہا اگرچہ ٹہیک تعداد اس آمدن کی کسی
کاغذ سی معلوم نہین ہوتی مگر از روے اندازہ تقریبًا ایکہزار روپیہ سالانہ کی آمدن تہی
دیوان ساون مل کے عہد سی بسبب ضبطی ترقی آمدن مین کمی واقع ہوئی عملداری سرکار
انگریزی مین چہہ روپیہ فیصدی مالکانہ یا تعلقہ داری لگ کر دستور ستر ہوین حصہ کا موقوف
ہوا اب اس چہہ روپیہ فیصدی اور انعام نمبرداری پر انکا گذارہ ہی اور خان زمان خان
فی الحال اس خاندان کا پیشواہی جسکو آنریری پولس افسر سرکار نے بنایا عمر اوسکی تخمینًا چہتیس ۳۶ برس
کی ہو گی ؀

محمد علی اپنی والد کی جا بجا اور شرف علی اپنی گہر کا مختار ہی اور لوگ انکو متبرک سمجہکر عزت اور ادب کرتے ہین سلطان ذکریا کی خانقاہ پر نذرانہ چڑہتا ہے بلحاظ معاش اور انعام قدیمہ سرکار انگریزی سی بہی لامعہ ایکڑ اراضی واقعہ دیہات پرگنہ میانو اسلئے جمعی للعہ روپیہ سالیانہ اور رقم ترنی اپنی خاندان کی معاف ہی اور یہہ معافی تین حصہ برابر باہم اولاد ہر سہ پسران میان علی محمد منقسم ہی؛

## خاندان پیلان

ختان خان

نور خان — یاربیگ خان — شہباز خان

کلا خان — مہر خان — عظیم خان — اکبر خان

مقرب خان — ظریف خان — زمرد خان

احمد خان — اسماعیل خان — سماعیل خان — امیر خان — عالم شاہ — کرم الہی — خان محمد

زاہد خان — سلطان خان — اکبر خان — شیر خان — شیر محمد — الہداد — خان محمد خان — خان زمان (آنریری افسر پولیس) — عالم شیر

## اسمیت وقومیت اس خاندان کی

واضح ہو کہ یہہ خاندان مشہور بقوم پٹہان افغان ہے یہہ لوگ اپنا کرسی نامہ قوم لوہانی سی ملا کر نسل لودہی مین شامل ہونا بیان کرتے ہین مگر با وجود تلاش کوئی صحیح کرسی نامہ نہین ملتا ختان خان مندرجہ شجرہ نسب کا جد اعلی مسمی اسمعیل خان کوہ سلیمان کی جانب سی آکر اول چولستان اور کلور کوٹ مین آباد ہوا ختان خان کا تیسرو مسمی مہر خان وہان سی اوٹہکر بمقام پیلان سکونت پذیر ہوا اول یہہ قوم

# خاندان میالان سکنہ میانوالی

جلال الدین

میان علی

سلطان ذکریا

میان علی محمد

میان مراد علی — نکو دست علی

محمد علی — بہادر علی — علی نور — میان حسین علی — کرم علی — مقصود علی — صاحب علی

علی احمد — علی شیر — حیدر علی — حسین علی — محمد علی — میان دوست علی — غلام علی

مبارک علی — اکبر علی — شرف علی — حسن علی

## مختصر تاریخ اس خاندان کی

اس خاندان کا مورث جلال الدین ہمراہی میان علی اپنی فرزند کے بغداد سی اس ملک مین آیا اور تخمیناً دو سو اسی برس ہوا کہ اول بمقام معظم نگر جسکی کہنڈرات شکستہ علاقہ میانوالی مین موجود ہین آنکر فروکش ہوئی اوسوقت سلطان سہالت اور سلطان مقرب گہکہڑ علاقہ کچھی وغیرہ نواحات کے حاکم تہی جلال الدین اپنی فرزند میان علی کو اس ملک کی لوگون کا پیر بنا کر خود بغداد کو واپس گیا اور میان علی نے بمقام میانوالی اپنی گہر بنائے اور روہی وجہ تسمیہ میانوالی کا ہی میان علی کا فرزند سلطان ذکریا خدا پرست اور بڑا مشہور نیک آدمی تہا اوسکی وقت مین افغانان نیازی دریاء سندسی عبور کرکے اس علاقہ مین آباد ہوئے اور سلطان ذکریا کو اپنا پیر بنایا بعد وفات اونکی میان علی محمد سجادہ نشین ہوا فی الحال میان حسین علی اپنی باپ کی جگہہ اور

جو ابتک ملک ہی اور یہہ شخص اسواسطی علاقہ مروت مین یاد رکہنے کے لایق آدمی ہی کہ جب ۱۸۴۸ء
مین فوج سکہان سرکش ہوکر قلعہ لکی مروت کو مضبوط کر لیا تہا تو اس حکیم خان نے اپنی قوم کی حشر
جمع کرکے حسب الحکم میجر ایڈورڈ صاحب خدمت نمایان کی جسکی صلہ مین اوسکو ساٹہہ روپیہ پنشن سالانہ عطا
ہوئے اور آئندہ بہی لایق کام آدمی ہی؛

## خاندان میاندادخیل

اس خاندان سی اوپر خواص خیل مروت کا مشہور خاندان مروت کی قوم مین تہا اور اکثر خانی
قوم مروت خواص خیلون مین رہی جیسا کہ اعزز خیل اور پہر میانداد خود بہی مشہور ملک تہا گلزنگ
خان نے بہت نام پیدا کیا اور پہر تپہ عمرخان خیل مین لنگرخان ملک تہا جسکا بیٹا اب ولی خان
موجود ہی اور صاحبداد خان ولد نواز خان جسکا باپ ایک دلاور ملک تہا وہ ملک ہی اور سرکار
سی برات اونکی نام مقرر ہی جسکی تفصیل نقشہ برات سی ملیگی؛

## خاندان عزنی خیل

تپہ طوطی زئی مروت مین محبت خان عزنی خیل ایک دلاور ملک ہو گذرا ہی اوسکا بیٹا بردل خان اب
موجود ہی اور اوسکا معاند رقیب محمد خان ولد پیر محمد خان بہی ملک ہی جسنی وقت شورش ۱۸۵۷ء مین
اچہی خدمت سرکار کری اور قابل یاد رکہنے کے ہی؛

## خاندان موشانی

واضح ہو کہ قوم موشانی مین قدیم سی اپنی شاخ کے معتبر چلے آئی رئیس یا ملک کل قوم کو ئی نہین
ہوا چنانچہ اب بہی یہی حال ہی الا دراز خان شاخ جعفر خیل موشانی بسبب رشتہ داری شیر خان
عیسی خیل اور بہ مہربانی کپتان کاکس صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر دربار گورنری مین باریاب ہوا؛

# خاندان میاںان سکنہ میانوالی

- جلال الدین
  - میاں علی
    - سلطان ذکریا
      - میاں علی محمد
        - میاں حسین علی
          - حسین علی
          - خضر علی
      - میاں مراد علی
        - محمد علی
        - بہادر علی
          - علی احمد
          - علی شیر
            - مبارک علی
          - حیدر علی
        - علی نور
          - اکبر علی
      - خوش علی
        - کرم علی
          - شرف علی
          - حسن علی
        - مقصود علی
          - میاں دوست علی
          - غلام علی
        - صاحب علی

## مختصر تاریخ اس خاندان کی

اس خاندان کا مورث جلال الدین بہمراہی میاں علی اپنے فرزند کے بغداد سے اس ملک مین آیا اور تخمیناً دو سو اسی برس ہوا کہ اول بمقام معظم نگر جسکی کہنڈرات شکستہ علاقہ میانوالی مین موجود ہین آنکر فروکش ہوئے اوسوقت سلطان سہالت اور سلطان مقرب گہکہڑ علاقہ کچھی وغیرہ نواح کے حاکم تہے جلال الدین اپنے فرزند میان علی کو اس ملک کی لوگون کا پیر بناکر خود بغداد کو واپس گیا اور میان علی نے بمقام میانوالی اپنے گہر بنائے اور وہی وجہ تسمیہ میانوالی کا ہے میان علی کا فرزند سلطان ذکریا خداپرست اور بڑا مشہور نیک آدمی تہا اوسکی وقت مین افغانان نیازی دریاے سندسے عبور کرکے اس علاقہ مین آباد ہوئے اور سلطان ذکریا کو اپنا پیر بنایا بعد وفات اونکے میان علی محمد سجادہ نشین ہوا فی الحال میان حسین علی اپنے باپ کی جگہہ اور

جو ابتک ملک ہی اور یہہ شخص سواسطی علاقہ مروت مین یاد رکہنے کے لایق آدمی ہی کہ جب ۱۸۴۸ء مین فوج سکہان سرکش ہوکر قلعہ لکی مروت کو مضبوط کر لیا تہا تو اس حکیم خان نے اپنی قوم کی حشر جمع کر کے حسب الحکم میجر ٹیلر صاحب خدمت نمایان کی جسکی صلہ مین اوسکو سالانہ پنشن سالانہ عطا ہوئے اور آیندہ بہی لایق کام آدمی ہی؀

## خاندان میانداخیل

اس خاندان سی اوپر خواص خیل مروت کا مشہور خاندان مروت کی قوم مین تہا اور اکثر خانی قوم مروت خواص خیلون مین رہی جیسا کہ اعزر خیل اور پہر میانداخود بہی مشہور ملک تہا گلزر خان نے بہت نام پیدا کیا اور پہر تپہ عمر خان خیل مین لنگر خان ملک تہا جسکا بیٹا اب ولی خان موجود ہی اور صاحبداد خان ولد نواز خان جسکا باپ ایک دلاور ملک تہا وہ ملک ہی اور سرکار سی برات اونکی نام مقرر ہی جسکی تفصیل نقشہ برات سی ملیگی؀

## خاندان عزنی خیل

تپہ ملوطی زئی مروت مین محبت خان عزنی خیل ایک دلاور ملک ہوگذرا ہی اوسکا بیٹا پردل خان اب موجود ہی اور اوسکا معاند رقیب محمد خان ولد پیر محمد خان بہی ملک ہی جسنے وقت شورش ۱۸۴۸ء مین اچہی خدمت سرکار کری اور قابل یاد رکہنے کے ہی؀

## خاندان موشانی

[illegible] ہیکہ قوم موشانی مین قدیم سی اپنی شاخ کے معتبر چلے آئی رئیس یا ملک کل قوم کوئی نہین [illegible] اب بہی یہی حال ہی الا دراز خان شاخ جعفر خیل موشانی بسبب رشتہ داری شیر خان [illegible] کالکس صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر دربار گورنری مین باریاب ہوا؀

کہاسی اور پیہر محمد پاینده خان نے جو واسطے وصول معاملہ مروت آیا تہا ابیذ خان کو قید کرکے ڈیرہ مین لیگیا اور چہہ ہزار روپیہ جرمانہ اوس سے وصول کرکے چہوڑا بعد مرنے ابیذ خان کے سرور خان اوسکا بڑا بیٹا ملک ہوا یہہ شخص بہی ہوشیار زمانہ ساز تہا تمام عمر اپنی عبد الصمد بیگو خیل کی دشمنی مین گذار کر ۱۸۶۵ء کی اخیر مین مرگیا اب اوسکا بیٹا ارسلہ خان ملک ہی اور نصف گوندے مروت کے اسکے پیچہے ہی اور گورنمنٹ انگریزی سے مبلغ آٹہہ سو روپیہ کی جاگیر عطاہی سکہون کے وقت ابیذ خان اور سرور خان کو معاملہ خاص اپنی ذات کا اور معاملہ بابت مشاہرہ سواران جملہ الف ملتی تہے اور بعد تیاری قلعہ لکی الف من غلہ بستم حصہ اپنی تپہ سے عطا کیا جب سرکشی سکہان سے ملتان باغی ہوا تو نصرت خان برادر سرور خان محاصرہ ملتان مین بہمراہی پانچ سوار ان و پیدل کے خدمتگذار رہا بیگو خیلون کے ساتہہ اس خاندان کی قدیمی عداوت ہی مگر پردل خان بیگو خیل کے ساتہہ بسبب دشمنی خانگی ارسلہ خان کے کچہہ سازش ہے ٭

## خاندان مینا خیل



نور خان کا باپ تاجا ملک ہم قوم مروت کے ساتہہ اس ملک مین آیا اور اپنی شاخ مینا خیل مین یہہ خاندان معتبر چلا آیا عہد تیمور شاہ سدوزئی مین سرافراز خان ایک معتبر ملک تہا جب وہ سرور خان رئیس ٹانک کی لڑائی مین مارا گیا تو اوسکا بیٹا دیوانہ خان ملک ہوا اعتمادار سے نواب ڈیرہ و سکہان مین وہ ایک کام کا ملک تہا اور قصبہ لکی مروت اوسکی تحت مین تہا سوائی غلہ و برات مقررہ اہل ہنود سے بطور دہڑتہ کچہہ وصول کیا جاتا تہا بعد اوسکے حکیم خان ہوا

بتاریخ ۲۲ ماہ جولائی سنہ ء بمرگ طبعی فوت ہوگیا اوسکا بیٹا خان میرخان باپ کا جانشین ہے یہ خاندان
مروت میں معتبر اور اپنی نصف گوندے کا پیشوا ہے الا آپس میں بہی اتفاق نہیں رکہتے ؛

# خاندان عیسک خیل مروت

ازل خیل — خواہ فضل خیل
انور خان — مصطفی خان
اغور خان — ابید رخان — گوہر خان
زوجہ اول — زوجہ دوم
سرور خان — نصرت خان — خانان (زندہ) — احمد خان
زوجہ اول — زوجہ دوم

## مختصر حال اس خاندان کا

عیسک خان مورث اعلے اس خاندان کا نسل مروت لوہانی سے ہے عیسک خان کی تیسری پشت
میں جبار خان اس ملک میں دیگر قوم مروت کی ساتہہ عہد سلطنت اکبر میں آکر آباد ہوا جبار خان کا
نبیرہ افضل خان تہا جس تک کرسی نامہ مروت کی باب میں لکہا گیا اور اوس سے نیچے یہان درج
ہی افضل خان کا بیٹا انور خان ملکی میں مشہور ہوا بیگو خان کا ہم عصر اور رقیب تہا نصف گوندے
مروت کا اسکا جنبہ ہو گئے بعد وفات انور خان کے ابید رخان بیٹا اوسکا مالک ہوا یہہ شخص جنگجو تہا
اپنی گوندے میں بڑا رسوخ پیدا کرکے گنڈہ پور اور عیسی خیلون کے ساتہہ محاربے کئے جب ایکدفعہ
سرور خان رئیس ٹانک سے بطور کمک نواز خان وغیرہ دوسرے گوندی والے فوج لائے تب اسنے اپنی گوندے
کی سرکردگی میں اونسے سخت لڑائی کرکے ہٹا دیا مگر ثانیا اسکے مخالف نوابصاحب دیرہ والہ کی
فوج زیر کمان دیوان مانک رای چڑہا لائے تب اوس سے ابید رخان نے نقصان کثیر کے ساتہہ شکست

شتر وصول ہو سکے لیکیا بوقت یورش ہندوستان بجائے چالیس مہار شتران کے دو سو چالیس
سوار واسطے سپاہ آوری خدمات علاقہ مروت سے بلا تنخواہ طلب ہوکر ہمرکاب لشکر شاہی رہتے تہے
یہہ دستور مالگذاری کا عہد تیمور شاہ درانی تک رہا اوسکے آخیر عہد مین موقوف ہوکر بارہ ہزار نقد

بعد تقسیم سابق توالد وتناسل کی ترقی ہوئی وہ تو بامید ازدیادی حصہ خواہان تقسیم جدید کے ہوتے ہین اور
جن گہرونکی تعداد نفری مین بہ نسبت وقت تقسیم سابق تنزل واقع ہوا یا برابر رہے تو وہ بخوف کمی حصہ مقبوضہ و پیش
جدید سے ناراض ہوتے ہین حقیقت مین یہہ دستور ان لوگونکیواسطی مفر ہے اور ہر ایک حصہ دار اس خیال سے کہ
نہین معلوم تقسیم آئندہ مین قبضہ لوٹ کر مجکو کونسی زمین ملیگی ترقی حیثیت وقسم زمین مقبوضہ خود بذریعہ باندہنی
بند وغیرہ نہین کر سکتا اور نیز جب بندوبست باقاعدہ ہوگا تو واسطی حفظ حقوق اُن لوگونکی سرکاری کاغذات بہی ٹہیک
ٹہکانہ نہین رہیگا بدین لحاظ جب میرے پاس اس قسم کی تقسیم جدید کی درخواست گذری تو مینی نامنظور کری اور
کرنیل جان بیچر صاحب کمشنر قسمت کی رائی مین یہہ دستور بہت ناپسندی اور حصہ داران مین سے بہی اکثر
لوگ اس دستور کے مخالف ہین بدین نظر اب امید ہے کہ یہہ دیہات بہی بموجب مقبوضہ حال بصورت بہیاچارہ مستقل
ہوجاوینگے

## اقسام اراضی زرعی

اس پرگنہ کے تپہ نارا اور تپہ مہتی محن خیل وموضع لکی وپہار خیل یہان نہری زمین ہے جو پانی رود کُرم سے سیراب
ہوتی ہے باقی زیادہ رقبہ پرگنہ کا کُل بارانی ہے جسکی دو قسم ہین پہلے جسکو بزبان پشتو او مہ کہتی ہین یعنی کچی یا خام مین
جس سے مراد ریگ دار اور تہل کی زمین ہے دوسری جسکو پشتو مین پخہ یعنی پختہ زمین کہتی ہین و بزبان اُردو و
پنجابی یہہ قسم میارا باٹ اراضی ہے پہلے قسم کی ریگستان مین اکثر اتپہ ذری بلارہ مین اور دوسرے قسم کی
تپہ بہرام اور نیز موسی خیل مین بسبب نہ ہونے صحیح پیمایش کُل دیہات پرگنہ کے ٹہیک تعداد رقبہ کی بیان
نہین کیجا سکتی مگر وہ سرسری واندازی تعداد جو سمت ۱۹۱۵ بکرمی کے بندوبست سرسری مین ملحوظ رکہی گئی
تہی یہی دو لاکہہ [illegible] ایکڑ مزروعہ اور دو لاکہہ [illegible] ایکڑ غیر مزروعہ جملہ چار لاکہہ [illegible] ایکڑ اس اندازہ
کو قابل اطمینان نہین سمجہنا چاہیئی خصوص پرگنہ کی چشم دید حال سے غیر مزروعہ کی تعداد زیادہ غلط معلوم ہوتی ہے

## پیداوار غلہ وغیرہ زرعی

گندم اور جو بہتا علی قسم کی زمین قسم اول مین پیدا ہوتی ہین اور جو باجرہ جوار خورہ وخربوزہ مونگ موٹھ اور نہری
زمین مین کپاس مکی چاول بگزباتقس تماکو پیاز وغیرہ ترکاری ہر قسم پیدا ہوتی ہے اس پرگنہ کی پیداوار سے
زیادہ تر مشہور غلہ گندم اور نخود ہے اور بسبب عمدہ اور وافر ہونیکی ہمیشہ بنون کے بازار مین اکثر فروخت ہوتا ہے
عیسی خیل اور ڈیرہ اسمعیل خان کیطرف نخود اور گندم اس علاقہ سے بہت ہوجاتی ہے یہان تک کہ بابہر
بیوپاری عیسی خیل سے کشتیون مین بہر کر بسبیل دریاے سندہ سکہر اور شکارپور تک لیجاتی ہین افسوس کہ

صفائی بہت پسند کرتی ہین سوائے اصلی دیہات کی ؏

## بابنڈی

بمنزلہ ڈہوک اپنی دور کی زمینات کی تردد اور چرائی مویشی و شتران کیواسطے چراگاہ مین یا اوسکے قریب بنائی جاتے ہین مالدار اور زمیندار جنکو ضرورت ہو دو گہر رکہتے ہین ایک اصلی موضع مین دوسرا بابنڈے مین نام دیہات اور بابنڈون کا قوم کے نام پر ہوتا ہے مثلاً موضع بگا خیل یا عیسک خیل وغیرہ علی ہذا القیاس بابنڈہ جبار خیل وغیرہ اصلی کا لوگ مبلہ کہتی ہین جو مینہ سے نکلا ہے مینہ یعنی جاے فلان یا سکونتی دائمی ؏

### صورت حقیت دیہات پرگنہ

اس علاقہ مین کل ایکسو چالیس موضع قابل اندراج قسط بندی ہے جنمین سے ۱۰۸ موضع بصورت بہیا چارہ اور دو موضع پتی واری غیر مکمل اور چھبیس ۲۶ موضع ناکی بصورت زمینداری ہین اور ستر دیہات مین ویش یعنی تقسیم اور پرسرو نکی بعد مدت معینہ مروج ہے صورت اول و دوم و سیوم صاف ہی دیہات بصورت بہیا چارہ مین ہر ایک شریک بقاعدہ رسمی بلا لحاظ حصہ شرعی اپنی مقبوضہ کا مالک ہے اور پتی داری غیر مکمل مین کچہہ اراضی بموجب حصص شرعی منقسم اور کچہہ مشترکہ ہے زمینداری مواضعات معرف ٹپہ نار مین متعلق اوس زمین کے ہین جو سرکار سے واسطے آبادی کے شروع عملداری مین عطا ہوئی تھی کاشتکاران سے پیداوار لیکر مالک عوض غلہ مالگذاری ادا کرتا ہے سب سی زیادہ ذکر کی لائق ستر دیہات صورت چہارم کی ہین فاعل اوس ویش یعنی تقسیم کا یہہ ہے کہ بعد دس یا پندرہ سال یا زیادہ قدر مدت معینہ کے بشرط رضامندی جملہ شرکا یان دیہہ ہر ایک حصہ دار کے خاندان کے آدمی مذکر مونث بالغ نابالغ بلکہ شیر خوارہ بہی شمار کرکے اوپر تعداد نفری کے ڈڈی یعنی حصہ مقرر کرتے ہین جس گہر کے دس آدمی ہوئے اوسکو دس ڈڈی اور جسکی پانچ ہوئی اوسکو پانچ ڈڈی علی ہذا القیاس تعداد انسانون پرکمی بیشی حصص ہوکر قبضہ مبدل اور کم و بیش ہوجاتا ہے تعداد اس معروف ڈڈی کی بحساب کنال یا ایکڑ شمار نہین ہوتی کیونکہ مقدار اس حصہ کا اوپر زیادتی یا کمی تعداد کے منحصر ہے جب اسطرح تقسیم شروع ہوتی ہے تو سب بہیا چارہ بیٹھ کر واسطے تقسیم آئندہ میعاد مقرر کرتی ہین کہ اس قدر سال تک یہہ تقسیم بحال رہے گی بعدش نئی سر سے پہر انسان شمار ہوکر کمی و بیشی نکالی جاوے گی الا ثقین ابر میعاد کا صرف برای نام ہوتا ہے جب تک قریب کل کے جملہ شرکا رضامند نہون تب تک باوجود تقضای میعاد مقررہ تقسیم جدید نہین ہوسکتی رضامندی یا ناراضگی حصہ داران بتنی اور کمی و بیشی اولاد کی ہے جنکے خاندان مین

متعلق نہ سمجھی جاوین یا بطور مسافرانہ وارد ہوون تو اونکی مہمانداری اسطرح ہوتی ہے کہ سکنا ہی دیہہ سی مسجد یا چوک مین ایک شخص آواز کرتا ہے کہ آج اسقدر مہمان آئے ہین حاضرین مین سی کوئی دو کوئی ایک اپنی ذمہ کر کے سب تقسیم کر لیتے ہین اور اپنے گہر و نسے کہانا لا کر کہلاتی ہین غرض کہ بہوکہا نہین چہوڑتے ؛

## تنگی آب

گرچہ کہانیکیواسطی غلہ علاقہ مروت مین کثرت سی پیدا ہوتا ہے مگر پینی کے لئی سوائی اون دیہات کی جو رود کمیلہ یا کرم یا ننگر کے کنارہ آباد ہین باقی علاقہ مروت مین پانیکی نہایت تکلیف اور تنگی ہے بعضی دیہات کی لوگ دس دس بارہ بارہ میل کے فاصلہ سی رود کمیلہ پر پانی لینی کیواسطی آتے ہین بہم پہونچانا پانی کا ذمہ عورات کی ہے جو مرکبان خر پر مشکین چرمی لاد کر لاتی ہین اس ضرورت کیواسطی ہر گہر مین دو یا زیادہ مرکب رکہتی ہین پانی بہرنیکا دستور یہہ ہے کہ بوقت صبح اگر زیادہ فاصلہ ہوا یا موسم گرما مین سحر گہی کو گانونکی عورت اپنی اپنے مرکبون پر مشکین رکہہ کر دو یا چند گروہ ہوتین دس دس بلکہ پچاس تک ہی شامل ہو کر پانی کیطرف روانہ ہوتی ہین اگر کوئی مرد ساتہہ ہوا جو عموماً بڑے گروہ کی ساتہہ ایک دو ہوا کرتی ہین تو جملہ گلہ مرکبان اوسکی آگے دیگر ذرہ فاصلہ پر پیشتر جاتا ہے اور جوان عورات باہم شامل ہو کر سندری گاتی جاتی ہین اور کہیلتی کودتی پانی تک پہونچتی ہین وہان ہر ایک اپنی اپنے مرکبان کی مشکین پر از آب کر کے بمدد یکدگر گدہون پر لاد کر پہر قافلہ واپس ہوتا ہے اس ہنسی خوشی کے سبب سی اونکو یہہ محنت شاقہ سخت نہین معلوم ہوتی مگر بیچاری عمر رسیدہ اور بچہ دار عورات اس مشقت مین قابل رحم ہوتی ہین خصوص بموسم گرما جب شدید دہوپ مین تپی ہوی ریگ کی اوپر پا برہنہ مرکب کو ہانکتی جاتی ہین غرض پانی کی یہان تک قلت ہے اکثر جگہہ تیمم سی نماز ادا کیجاتی ہے اور پارچا کی شست وشو اسی سبب سی بہت کم ہے ہی رود کمیلہ کے گہاٹونپر خصوص بقصبہ لکی کے پاس صبح کیوقت دس بجی تک پانی بہرنے کی بہت بہیر رہتی ہے اور ہر طرف گدہون کا گلہ نظر آتا ہے

## پوشاک

مین اکثر موٹا کپڑ سوت کا پہنا جاتا ہے بعضی بشمول ملک لنگہہ اور خاسہ کا ایک جوڑا یا رجات کچہری مین آنے کیواسطی تیار رکہتی ہین طرز جامہ مردانہ یہہ ہے کہ سر پر چہوٹی دستار بعضی لوگ اور خصوص ملک سفید رنگ کی اور باقی اکثر سرخ رنگ عنابی اور عام لوگ نیلہ رنگ باندہتی ہین اور چادر یعنی راد سفید یا نیلی قمیص

دوسری زوجہ یا ام کو مطلق استحقاق حصہ پانے کا نہیں ہوتا اور نیز برخلاف حکم شرعی یہہ رواج ہے کہ عورات حقدار کو بہی اسطرح جایداد منقولہ خصوص غیر منقولہ سے حصہ شرعی نہ ملیگا الا جب تک بیوہ اپنے شوہر متوفی کے حصہ میں اوسکی گہر بیٹہی ہے تب تک وہ کل جایداد پر بطور گذارہ قابض رہیگی مگر اوسکو مع ریاستی انتقال بطور دیگر کا کچہہ اختیار بدون صلاح وارثان نرینہ نہیں ہوگا بعد وفات یا دیگر شوہر کر جانے اوس بیوہ کی ہر دو میراث باہم وارثان نرینہ منقسم ہوگی بعوض ایکہ والدین بدون اولاد پسری ایک یا چند دختران ناکتخدا کو چہوڑ کر مرجاوین تو تا شادی اپنی والدین کی میراث پر اونہیں اختیار محدودہ مثل بیوہ کو بہی قبضہ رکہنے کی سخن مین بعد اخراجات ضروری شادی اور نکاح ہوجانے دختران کے وارثان نرینہ جایداد بانٹ لیونگے

## خوراک

اس قوم کے آدمی تابستان مین نان گندم اور زمستان مین باجرہ کہاتے ہین متوسط اور ادنی درجہ کے وہ لوگ جنکے علاقہ مین پیداوار نخود ہوتی ہے آرد گندم کی ساتہہ نصف آرد نخود واسطے کفایت کی ملا کر نان پکاتے ہین اونکی اپنے علاقہ کی پیداوار خوراک وطن سے بہت زیادہ بہتر ہے اگرچہ روزمرہ کی معمولی خوراک انکی عموماً ویسی ہی سادہ ہی الا — مہمان نوازی مین جہانتک ہوسکے دریغ نہین کرتے طریق مہمانی یہہ ہے کہ اگر مہمان روشناس معتبر یا اپنا گوندی دار ہووے تو اونکی واسطے گوسفند ذبح کرکے اور گندم کی پتلی اور بہت چوڑی چپاتی جو تہیکری تبل پر پکائی جاتی ہے طیار کرکے ایک شانگ کان مین اون چپاتیونکی ٹکڑے کرکے اوپر سے نرم گوشت اور شوربا ڈالا جاتا ہے وہ باریک چپاتی اوسمین نہایت ملایم اور نرم ہوجاتی ہے اوپر اوسکے دم گوسفند کی چربی جسپر کباس لپیٹ کر پکائی ہوئی رکہی جاتی ہے اور اوس شانگ کی گرد آٹہہ یا زیادہ مہمان جسقدر کہ ہاتہہ ڈالنے کی گنجایش ہو بیٹہکر اوس مالیدہ کو چربی سے ملا کر کہاتے ہین ور سب کہانون سے اونکو پسند ہوتا ہے معورات مروت چوڑی اور پتلی چپاتی پکانی مین مشہور ہوتی ہین اگر مہمان تہوڑے ہون یا توفیق گوسفند کی نہو تو ایک یا چند مرغ خانگی ذبح کرکے اونکا اسقدر افراطی شوربا بنایا جاتا ہے کہ جسمین سب مہمانونکی چپاتیان تر ہوسکین اہل دول میزبان قدر شناس مہمانونکی واسطے سوای اوسکے پلاؤ اور گوشت اچہی قسم کا بہی پکا سکتی مین شیرین کہانون مین سوای حلوا کے نام اوّونین گوزروہی زیادہ مستعمل ہے گوزروہی کی ترکیب یہہ ہے کہ قند سیاہ کا شربت بہت جوش دیکر بعد پکانیکے شانگ مین چہانا جاتا ہے اور اوسکی بیچ تہہ بی گوسفند کو تہہ آنی مین مثل روغن زرد گرم کرکے ڈالتے ہین اور اوسکے اوپر سے ونیشلی یعنی پتلے آرد کی باریک روٹی چہوٹی ٹکڑے کرکے ۔ ریزہ ریزہ اوسمین کوٹ کر نوش جان فرماتے ہین دسمبر ۱۸۷۳ء مین بشمولیت صاحب ڈپٹی کمشنر مین نے اون کی مہمانی بچشم خود دیکہی اور جو مہمان عام کسی ملک وغیرہ کے

سہیلیان پکڑکربال سرکہولتی ہین اور وہ دختر باواز بلند کوک مارکر روتی ہے ایک وزدور ہین اسحال کو بچشم خود دیکہہ کر بعد
دریافت تعجب ہوا بعد انجام اس رسم عجیب کی اوسکو گہر لاکر بعد صفائی بدن دولہن بنائی جاتی ہے اور دوسرے روز
والدین دختر حسب مقدور و رواج جسمین اکثر یہہ چیزین ہوتی ہین کل اثاثہ دختر کے مادہ گاو یا شتر مادہ گوتن یعنی چہٹ اور بوری
بالین اور چارپائی ولحاف اور چند برتن مسی علاوہ اوسکے وہ روپیہ بروز ناطہ لیتے تہے اوسکے زیورات بناکر ایک ایک شمار
کرکے دیتا ہے اور والد دختر کا باواز بلند سب اہل برات کو سناکر کہتا ہے کہ ان زیورات اور اشیای سے سوای میری دختر کے
اور کسیکی غرض نہین ہے جب یہہ ہوچکا تو برات رخصت ہوتی ہے اور دولہن کو اسپ یا شتر پر سوار کرکے ہمراہ لیجاتے
ہین مگر خسر کے گہر جب تک وہ عروس قدم نہین رکہتی جب تک اوسکو والدین شوہر کیطرفسی شتر یا گاو یا مرکب خر حسب مقدور
نہ دیا جاوے جب اونہون نی زبان سے دینا قبول کیا تب وہ شوہر کے گہر داخل ہوتی ہے اور نکاح شوہر کی گہر پڑہا جاتا ہے
واضح رہے کہ ایسے آدمی اکثر ہین جو روپیہ خود ہضم کرکے ہمراہ دختر کچہہ قلیل جزو دیدیا۔ سالم یا اوس سے بہی زیادہ بابت
کا زیور معزز معتبر خاندان اپنے حیا کیواسطی دیتے ہین مگر عموما نہین دیتے ؛

## پردہ داری

عورات کا رواج پردہ مین مطلق نہین ہے گو ملکان کی مستورات باہر کم پہرتی ہین

## رواج غمی

جب کوئی شخص فوت ہوجاوے تو حسب مقدور وارثان اوسکے شتر یا مادہ گاو یا اراضی یا نقد اسقاط مین اپنے امام
وغیرہ کو دیتے ہین اجماع عام عالمان نہین کرتے اور نیز خیرات کہانا کہلانی کی نہین ہوتی مگر پہلے روز متوفی کے گہر تہوڑا
سا حلوا واسطی تقسیم طفلان پکاتے ہین اور خاندان ماتم زدہ کیواسطے گانونکے لوگ پہلی دن گوسفند ذبح کرکے روٹی
کہلاتی ہین تاکہ اونکو غم کی حالت مین آپ تردد نکرنا پڑے اور جب دور کی رہنے والی رشتہ دار یا دوست فاتحہ
کیواسطے آتے ہین اور بسبب دوری فاصلہ رات تک واپس گہر پہونچنا اونکا ممکن نہو تو اپنی ہمراہ گوسفند لاتے
ہین اور وہ توشہ آوردہ ذبح کرکے رات کو کہلایا جاتا ہے اور صبح اپنی روٹی دیکر رخصت کرتی ہین ایسی حالت
مین لکڑی گہاس جو کچہہ صرف ہو وہ سکتا ہے دیہہ مفت دیتی ہین قبر کا کہودنا و دیگر امورات ضروری اپنے ذمہ
بلا اخذ اجرت لازم سمجہتی ہین ؛

## قاعدہ تقسیم

میراث عموما یہہ ہی کہ وارثان زینہ بموجب حصص شرعی آپسمین تقسیم کرلیتی ہین الا اگر وارثان قسم ذوالفرائض و عصبات

کی فعل مختاری اونکو بدستور ناگوار ہے اگر بیوہ عورات بدون مرضی اپنی وارثان شوہری کے دوسرا خاوند کرین تو اپنی ننگ
عزت سمجھکر نالش کرتے ہین ؛

## رواج ناطہ

نسبت مانگنی کو زبان خود کوڑ وہ کہتی ہین جسکا طریق یہہ ہے کہ باپ یا بہائی مرد نسبت خواہ کا معہ ایک میراسی والدین
دختر کے گہر جاتا ہے اگر آپسمین قرابت یا رشتہ داری ہوئی تو صرف ایک زیور بطور نشانی والدین دختر کو دیکر
اور روعا خیر عہد ناطہ ہوکر قند سیاہ تقسیم کیا جاتا ہے اگر رشتہ سابقہ کچہہ نہو تب والدین دختر باستثنای معزز خاندانونکی وارثان مرد سے
زر نقد معاوضہ ناطہ مین للعہ سے لیکر دو سو تک لیتی ہین اور بعضی دفعہ بسبب ازادی حُسن دختر اس سے بہی زیادہ لیا جاتا ہے
منجملہ جملہ ان روپیہ کی چار پانچ روپیہ بنام لونگی والد مرد کو اور ایک روپیہ ہمراہی میراسی کو اور ایک دو مبلغ واسطے شیرینی الفلان
واپس دیتی ہین اور میراسی اپنی وغیرہ کے ہاتہہ پر مہندی لگاکر لاس سورہ یعنی ہاتہہ سرخ کرتے ہین اور اوسپر رنگ ڈالا جاتا ہے
بعد رسوم ہوکر باپ مرد واپس آتا ہے جب اپنی گہر مین پہونچا تو دختران دیہہ اوسکے گہر جمع ہوکر سندری گاتی ہین
اور انکو شیرینی تقسیم کیجاتی ہے بعد اون رسوم کی پہر کوئی عہد سے نہین پہر سکتا اگر عہد شکنی کرے تو شرم یعنی مرجانا دینا لازم آتا ہے ؛

## طریق بیاہ

جب خواہش شادی کی ہوئی تو پسر والونکی جانب سے واسطے تعیین یوم شادی اور مقرری خشی کی دو کس اقربا والدین دختر کے
گہر جاتی ہین اور خشی اوسکو کہتی ہین جو اجناس و اشیا خرچ شادی والدین پسر وارثان دختر کو دیا کرتی ہین مثلاً مقدار گندم اپنی گوسفند
وگاو و روغن یا کچہہ نقد جو کچہہ حیثیت جانبین مقرر ہوتا ہے اشخاص وکیل واپس آکر اشیا معینہ اونکے گہر پہونچاتی ہین جب غلہ پہونچا
تو وہ گاونمین خانہ بخانہ واسطے سائیدگی آرد چکیونپر معرفت ڈوم کی تقسیم کیا جاتا ہے اور پہونچنی اشیا مقررہ خشی تا روز شادی
وہ دختر منسوبہ اپنی گانونسی باہر مع سہیلیون اور ہمجولیون کے دن بہر رہا کرتی ہے اور رات کو واپس آتی ہے جب چند ایام
مین غلہ سائیدہ ہوکر آرد جمع ہوا تب بفور پہونچنی پیغام اوسکے دوسرے روز دولہا مع ڈولہ کے بنا کر وزا یعنی برات جسمین مرد
عورات مخلوط ہوتی ہین کوئی پیدل کوئی شترون پر قلیل گہوڑونپر سوار ہوکر روانہ ہوتی ہین جب موضع مقصود مین پہونچے
تو اوس گانونکی نوخیز جوان اہل برات سے دو تین روپیہ نذرانہ مانگتی ہین جب تک نہ دیوین تب تک برات کو دختر منسوبہ کی گہر
جانی نہین دیتے اس خندہ بازی کے تکرار مین کبہی کبہی باہم مشت گریبان اور زد و کوب تک بہی نوبت پہونچتی ہے
جب نذرانہ طلبیدہ ادا ہو تو صلح ہوجاتی ہے جو روز برات پہونچنی کا ہوتا ہے اوس سے پہلی روز وہ دختر منسوبہ اپنی سر کی بال
مضبوط گوندہ کر باہر جاتی ہے اور باقی ہمجولیان اوسکی ہندی بال سر کہولنی کا ارادہ کرتی ہین اور وہ نہین کہولنی دیتی
اور آگی آگے وہ دختر منسوبہ اور اوسکی تعاقب دیگر دختران گانون سے باہر دوڑتی پہرتی ہین بعد بہت دوڑ دہوپ کی اوسکو

اور شاخ ممہ خیل دولت خوازی ترکناری اور تاخت و غارتگری مین شہرۂ آفاق تہے ؛

## اسلحہ

سواران مروت تلوار ڈہال و نیزہ رکہتی تہے اور پیادگان ـ شمشیر و سپر اور تیر کمان بندوق وغیرہ اسلحہ آتش بار اس قوم مین بہت کم ہین یہان تک کہ فی صدی مردان بالغ پچہی پانچ بندوقتی بہی کم ہونگی مگر تیر انکا سبب تنومندی بنا کام پورہ کرتا تہا اب بسبب عدم ضرورت اسلحہ رکہنی کی اجازت بدون حصول حکم خاص مجسٹریٹ ضلع نہین ہے اور اس قوم کو بہی شوق کم ہوگیا ہے

## پاداش جرائم

قتل جو سواے لڑائی عام کی ہو عہد افغانی مین اوسکا بدلہ قتل تہا اگر دست رس قصاص کیطرح نہو تب صلح اسطرح ممکن تہی کہ فقیر اور علما اقربا قاتل کو ہمراہ لیکر بطور جرگہ وارثان مقتول کے پاس جاتی تہے بشرط قبول صلح دو عورت باکرہ سفید بار جو نین بلا رسوم شادی بطور ردی خون یہاین وارثان مقتول لیکر رضا مند ہوتی تہے اگر مدعیان خاندان ور قوم مین مدعا علیہم پر غالب یا زبردست ہوی تو بجاے دو زنان کے قاتل کے خاندان سے زیادہ چند عورات بالغ خواہ نابالغ وارثان مقتول کے لیجاتی تہے آیندہ اونکی رحم و مرضی پر منحصر تہا خواہ زیادہ رکہے یا کم علاوہ اوسکے بعضی لوگ اپنی ناموری تبلانیکیو اسطی صلح قتل کیوقت قاتل سے لاس وزری لیتی تہے لفظ لاس وزری سے بزبان پشتو خود یہہ مراد ہے کہ ایک دو مرد معتبر از اقربا قاتل معہ اہل عیال مقتول کے وارثان کا ہمسایہ بمعنی رعیت ہوکر اونکی گانو نین تب تک آباد رہین جب تک وہ رخصت نکرین خواہ تمام عمر تک رہین فی الحال اس پورانہ دستور کا نام و نشان بہی نہین ہے اور جرائم قتل عمد بہت کم واقع ہوتی ہین البتہ معتبر ملکان کو اپنی خفیہ دشمن اور حاسدونکا خطرہ رہتا ہے ؛

## چوری کی

جرائم گرچہ عہد افغانی مین اس قوم سے آشکارا بذریعہ غارتگری و سرقہ بالجبر مال مخالفان اکثر سرزد ہوتی تہے مگر اب بہت کم آدمی اس قوم کے ایسی جرائم کے مرتکب ہوتی ہین سرقہ شتران چرواہی لوگونکی رازداری سے البتہ ہوتا ہے ؛

## بہگا لیجانا عورات کا

یہہ قوم اس جرم کو برابر گناہ قتل سمجہہ کر عہد افغانی مین اوس عورت اور مرد مفرور کو جب ہاتہہ پہونچی قتل کرتی تہے اگر مدعا علیہ صلح چاہی اور مدعی قبول کرے تب دو یا چند عورت باکرہ شرم مین بہ سفید بار جات بلا رسوم شادی مدعیکو دیکر رفع تکرار کرتا تہا اور یہہ آئین علاوہ منکوحہ عورت کی منسوبہ اور بیوہ سے بہی متعلق ہی جاتین بہی بعضی جگہہ اسطابق صلح کرتی ہین بیوہ اور ناکتخدا عورات

سلارخان دعویدار ملکی معہ عظمت خان وغنی خان برادران خود وبنجا کس ہمراہیان دیگر کے مقتول ہوا اوسکی بعد گلرنگ خان ولد
سلیم خان میانداد خیل سلار اپنے رشتہ دار کی جگہہ ملک بنا یہہ شخص اپنی قوم مین مشہور دلاور تہا اوسنے مقام کرک اور لتمبر
خنکو لنبی جا لڑائی کری اوسکا دوسرا ہمسر تیہ طوطی زئی مین گلان خان تترخیل جو دعویدار دستار ملکی تہا اوسکو گلرنگ نے
خارچشم سمجھکر بدین تہمت کہ بوقت فراہمی حشری غوند وجہت مقابلہ خٹکان اوسنے سستی کری ناحق قتل کردیا اوسکی قتل ہونے
ہی المرخان عیسک خیل مورث ارسلا خان کا بدعوی قصاص گلاخان گلرنگ پر لشکر لایا دوسری طرفسی بیگو خان جمع عبد الصمد
خان بیگوخیل گلرنگ کا معاون بنا اوسدنسی کل قوم دو گروہ ہوگئی اور ایک دوسرکی ایسی دشمن خونخوار ہوے کہ اون
خانگی فساد ونمین اچہے اچہے معتبر ملک اور صدہا جوان مارے گئے اتہا عملداری سکہان تک حرص حصول ملکی وبرتری
نی کئی خاندانونکو ویران کیا ایسکی لڑائیونکی تشریح لکہنی کیواسطی دفتر چاہئی برتبہ وسر قوم مین دوگوندی ہین کل علاقہ
مروت مین کوئی ایسا موضع خیال مین نہین آتا کہ جسمین دو جنبہ نہون اور سلسلہ گوندیداری کا ایسا مضبوط ہے کہ بشرط
وقوع کسی معاملہ باہمی کے اوسکی خوشی اورغمی کا اثر دیہہ بدیہہ اپنی اپنی گوندیکو پہونچتا ہے سلطنت انگریزی کی انتظام نے
اونکی کشت وخون کو مسدود کردیا مگر ہر ایک گوندی کے دلونمین اسقدر عناد بہرا ہوا ہے کہ اگر کوئی موقع دیکہین تو اپنے
دشمن گندی کی ممتاز آدمیونکا خون جگر پیوین مردونکی دشمنی ظاہرا ہوتی ہے پوشیدہ بطور منافقان زبان اور
دل دو رنگ نہین رکہتی مگر وہ ظاہر دشمنی ایسی سخت ضد اور جہل سے بہری ہوئی ہوتی ہے کہ آپسمین ملکان گوندی دار
گفتگو تک نہین کرتے دور کی رشتہ داران عداوت دار کی غمی وشادی مین شامل ہوتا تو مطلق درکنار رہا اپنی
بہائی سے اگر عداوت ہوجاوی تو اوسکا جنازہ کیا مزار تک بہی نہین جانتے جسکی نظیر زمانہ حال مین پر دل خان
برادر عبد الصمد خان بیگوخیل مرحوم وغیرہ سے حاصل ہے عبد الصمد خان بیگوخیل کی گوندی کو سپین یعنے سفید
گوندی اور ارسلا خان عیسک خیل کے جنبہ کو تور یعنے سیاہ گوندی کہتی کا صرف یہی سبب ہی کہ علاقہ بنون مین
سپین گوندی عبد الصمد خان کیطرف کی خیرخواہ او طور گوندی ارسلا خان کی جنبہ دار ونکی ہواخواہ تہی اونکے
باعث سی اونمین بہی خالی نام کا اثر ہوا ورنہ کچہہ اور فرق سفید وسیاہ کا نہین جب انصاف چہوڑکر گوندی داری
پسند کرتے ہین تو دونو گروہ کو شور سمجہنا چاہیئے فی الحال گوندیدارونکا صرف یہہ کام ہے کہ اپنے جنبہ دار
کی فایدہ کیواسطی سرکاری کچہریونمین گواہی یا منصفی کے ذریعہ سے رعایت کرین یا رسوخ معتبری کی باعث
حاکم کا موقع دیکہہ کر ظاہر خواہ اشارتاً سفارش کرتے سواس قسم کو ناچیز کرنیکے واسطی عاملان سرکاری کی
بیدار مغزی اور واقف کاری مطلوب ہے ؛

برہمن پانچ گہر کہتری دو گہر اور وہ وکہتی وا اور تزادی ہر دو قریب ایکہزار گہر متفرق اس علاقہ مین اور اکثر قصبہ لکی او منیا خیل مین آباد ہین اور ملکیت اراضی بیع و رہن کے ذریعہ سی حاصل کی اونکی آمد کا حال ویسا ہی ہے جیسا کہ بنونکی اہل ہنود کی نسبت لکہا گیا ❊

## حال ملکان

ابتدا مین مثل دیگر شاخہای لوحانی قوم مروت مین بہی یہہ اچہا دستور رہا کہ کل قوم مین ایکشخص بنام سنتر ملک یعنی ملک کلان ہوتا تہا اوسکی ماتحت ہر شعبی مین ملکان خورد ہوتی ضرورت کی وقت اوس بڑی ملک کے پاس بطور معرکہ سب ملک جمع ہوکر جو مشورہ قرار پاتا تہا اوسکی تعمیل اتفاق سے کیجاتی تہی زیادہ تر یہہ ہی باعث تقویت اس قوم کا تہا بوقت مقابلہ قوم نیازی اور فتح ملک وقبضہ ملک مروت یہہ ہی دستور رہا ملکان کلان کو بصلاح ملکان شاخ وار اختیار رہا کہ جس مخالف قوم سی ضرورت جنگ دیکہتی اوس سی سب قوم کو لڑاوی اور اپنی قوم مین گناہ کی بدلے مجرم سی ناغہ یا جرمانہ لیوے یا جو سزا تجویز معرکہ مناسب ہو اوسکو دیوی تقریباً سو برس کا عرصہ ہوا اوس سبب سی جو ذیل مین حال عداوت گوندی داری باہمی قوم لکہا گیا اتفاق بگڑ گیا جاتا رہا اور کل قوم مروت مین دو جنبہ یعنی گوندی داری ہو گئی اور ہر ایک گوندی نے اپنا اپنا ملک کلان مقرر کر لیا فی الحال عبد الصمد خان بیگو خیل کا میا خان ہر خان ایک گوندی کا اور اسلا خان عیسک خیل دوسری گوندی کا ملک کلان مقرر ہے اور باقی ہر شاخ وشعبہ مین اپنا اپنا ملک جو سرکار کی جانب سی بعہدہ نمبرداری مقرر ہے کام دیتا ہی خاندان ملکان معتبر اس قوم کا مفصل ذکر شامل حالی دیگر رئیسان اس ضلع کی اس کلیات مین لکہا گیا ہے جو معتبر ملک ہین اونکو انعام سالانہ جسکو پرات کہتی ہین سرکار سے معاف تہا ہی اس باب کی آخیر مین فہرست پرات خوران درج ہے جسمی نام اور تعداد وتپہ وار معلوم ہوگی ❊

## حال نفاق باہمی قوم وابتدای ایجاد ہر دو گوندی یعنی جنبہ

وہ نا اتفاقی جس نے اس قوم کو دو گروہ مین منقسم کر کے ایک دوسری کا دشمن بنا یا تخمیناً ۹۰ برس کے عرصہ سی بعد نمود رسد وزی شروع ہوئی قبل اوسکی بتقاضای حسد بعض بعض قوم کی برتری اچہی دل سے نہین دیکہتی تہے مگر ظاہرا دشمنی سے پرہیز تہا سبب ہوئی کسی امین کے آخر یہہ پیش نو ٹا اور ہر ایک قوم کلان وتپہ مین علیحدہ علیحدہ ملکان کو حوصلہ حصول دستار ملکانی کلان پیدا ہوا اوسی واسطی اس مطلب کے ہر ایک شاخ اپنی اپنی گوندی اور جنبہ بنانیکی خواہش کر کے ترغیب دیتی سب سے پہلی سلا خان ولد میا داد خان اپنی شجاعت وجمعیت پر نازان ہوکر واسطی حصول اوس رتبہ کے جسکو سکندر خان اغز خیل نے جو خاندان خانان قدیم مروت سی تہا بطور ورثہ باپ دادا کے مروت پر بنام نہاد لوگی ملکانی مقرر کری ہوئی تہی معہ حشری قوم خود بطور خانہ بدوش روانہ ہوا سکندر خان عیسک خیل وبہم سکندر خیل جنکی تپہ مین قصبہ لکی واقعہ تہا سلا خان سی مقابل آراہوی مقام تہارہ متصل موضع دلو خیل سخت لڑائی ہو جسمین

حربہ مین آکر نیزہ چکر مارتا ہوا بیابان کیطرف روانہ ہوا باقی افغانون نے دیکھ کر بسبب تیز ہونیکی محچن کا لقب دیا محچن بزبان پشتو آسیا دستی یعنے چکّی کو کہتی ہین ہوس روز سی وہ مورث انکا مشہور بہ شیخ محچن ہوا جسکی نسل کو مجمعاً محچن خیل کہتے ہین اس خاندان کو لوگ متبرک سمجھکر عزت کرتی ہین عہد افغانی مین لوٹ مار اور حال مین سرقہ وغیرہ کی دست اندازی انکی گھرونمین کوئی نہین کرتا اور خطرناک اوقات مین انکے گھر لوگونکا محافظ خانہ ہوتا ہے اس فرقہ کی اکثر آدمیونکا چال چلن نیک ہی شیخ محچن کے دو فرزند تہی کرسی نامہ انکا نیازی کے خاندان مین اپنی موقع پر درج کیا گیا ہے اس قوم کی آدمی گرچہ متفرق جگہہ آباد ہین جیسا کہ علاقہ بنون مین منجا خیل مگر زیادہ گروہ انکا موضع ٹھٹی محچن خیل رود کرم سے جانب شمال وقصبہ لکی سے چار میل کے فاصلہ پر آباد ہے اور اس موقع پر خاص اسکا ذکر مطلوب تہا اور یہہ قوم باقی قوم نیازی کی ساتھ شامل آکر اس علاقہ مین آباد ہوئی جب سرہنگ عیسی خیل موشانی کی شاخونکو قوم مروت نی اس ملک سی بیدخل کیا تب یہہ فرقہ بسبب فقری اور متبرک سمجھی جانیکے مروتون سے محفوظ رہکر بدستور سکونت پذیر رہا ؁

## نسل دولت شاہ معروف اباشہید

قوم سوری ڈلو خیل زیران اباخیل وشن خیل یہہ پانچ فرقہ اولاد دولت شاہ معروف اباشہید ذات سید ہے قبر انکے مورث کی متصل ڈیرہ اسمعیل خان بر کنارہ غربی دریای سندہ موجود ہی اباشہید کی اولاد نے اپنی جد کی لحاظ سے اور نفع ونقصان مین شامل ہونیکی باعث سی قوم مروت اولاد سندر سے حصہ پایا اور انکی الحاق کے سبب سی اولاد سندر جو خدو خیل اور اچو خیل ہین باشتمال انکی درہی پلاری کہتی ہین معنی درہی پلاری کا تین باپ سی مراد ہے ایک خدو خیل دوسرا اچو خیل تیسرا دولت شاہ اب یہہ قوم درہی پلاری ہین ایسی خلط ہی کہ سب کوئی انکو مروت سمجھتا ہے اور انکی راہ ورسم پوشش سب مطابق مروتونکی ہے اور اپنی آپ کو مروت کہلاتی ہین ؁

## شاخہای نیازی

فرقہ کونڈی ونائی وحیدران قوم نیازی سی ہین ان حادثات بیدخلی اپنی قوم کے وقتمین کسیطرح اونسی علیحدہ ہوکر اس نواح مین رہگئی سوائے کنڈی کے باقی دو فرقہ کے لوگ بہت قلیل اور متفرق اس علاقہ مین ہین کونڈی ضلع ڈیرہ اسمعیل خانکی حد مین آباد ہین ؁

## ہندکی

قوم اوان اور کہوکہر اور گورڑا بہت کم متفرق اس علاقہ مین پیشہ زراعت کاری رکہتی ہین اور پیشہ ور لوگ از قسم پاندہ وبیلگر وغیرہ اطراف جنوبی ومشرقی سے آکر آباد ہوئی ؁

## ذکراون شاخونکا جنکی نسبت اختلاف قومیت واقع ہی اور داخل شجرہ نسب مروت مین

قوم ملاخیل منفرق اکثر دیہات مروت مین چند چند خانہ جات آباد ہے اس قوم کو فقیر کہتے ہین اولاد مسمی ملا عثمان کی
بعضی اسکو قوم ہنی سے اور بعضی شیخ سی نسبت دیتی مین مگر مروتونمین مخلوط ہے کہ صحیح تمیز نہین ہوسکتی ؀

### دوسری شاخ ہمر خیل

ملحق یہ قوم بہرام خیل اصلی مروت نہین ہے مگر بسبب نوغ اور خرچ کے بہرام خیلونسی حصہ پایا اور ایسی مل
ہوگئی کہ مشہور عام مروت سی ہے

### شاخ ملک زی

نسل موسی خیل مروت کو بعضی لوگ قوم نیازی سی بتلاتے مین مگر تحقیقات سی یہہ روایت غلط معلوم
موسی ملک زی از اولاد جانوزی صحیح مروت ہی ؀

### شاخ مرزا خیل

ملکان والی وال کی نسبت بعضی لوگ کہتے ہین کہ نسل قوم خٹک سی ہے الا یہہ بات صحیح نہین اور اصل
یہہ شاخ نسل اتمان خیل مروت ہے انکے ایک مورث کا نام خٹک تہا اس سبب سے لوگ انکو ناحق قوم
خٹک بتاتی ہین ؀

### فرقہ منگو خیل

شاخ وگر خیل نسل بائی زی موسی خیل کو بعضی آدمی نیازی بتلاتی ہین مگر بغیر کسی دلیل کامل کے نالباً
یہہ فرقہ مروت ہی

### شاخ خان خیل

ملحق یہ قوم دولت خوازی بہرام کی یہہ روایت ہے کہ مسمی خان جسکی نام سے یہہ شاخ نامزد ہے خان خیل
ہے اپنی بیوہ والدہ کی ساتھ علاقہ خوست سے اکر قوم دولت خوازی مین خلط ہوا تو سیت مین خیستہ کگر حصہ پایا

## ذکراون اقوام کا جو علاوہ قوم مروت سی اس علاقہ مین آباد ہین اور ملکیت زمین رکھتی ہین

قوم گورکی از اولاد شیخ شاہ محمد روحانی سید ہین اور لوگونمین عزت رکھتی ہین اہل علاقہ اونکو متبرک
سمجھتی ہین اور اکثر پیشہ زمینداری کرتے ہین ؀

### قوم مچن خیل

اولاد انکو شاخ نیازی سے ہے اونکی مورث کا نام اصلی ابتدا مین کوئی اور تہا اگر وز بحالت شکار بسبب شوق پروردگار

احمد خیل - و مندو خیل ہمراہ سندھ کے ساتھ دولت شاہ خیل ملانے سے ہر سہ کی اولاد کو مجموعا مرہی لابارہا کہتی ہیں +

سالار

بہرام ۸ آویگا
سسندر ۸

خدو خیل آویگا
اچو خیل ۹

مستی خیل ۱۰
وزیری ۱۰
مما ۱۰
بہدین خیل ۱۰
سمل خیل ۱۰

جانو خیل
گشتا خیل
احمد خیل
سراج خیل

میرداو خیل
دولت خیل

علم خانی خیل ۱۱
وزیری خیل ۱۱
جلال دین خیل ۱۱
جانی خیل ۱۱

سمل خیل ۱۲
شرک ۱۲
عبدل خیل ۱۲
ملا خیل ۱۲

رمش خان ۱۴

حیات خیل ۱۵
ناوز خیل ۱۵
بایل خیل

ماہی ۱۲

فیروز خیل ۱۳
عیسک خیل ۱۳
بایل خیل ۱۳

شاہ ب خیل ۱۴
جمال خیل ۱۴
ستک ۱۴
زرین ۱۴
صاحبداد خیل ۱۴

لشر ۱۵

ولاوز خیل ۱۶
مرادی خیل ۱۶

گلی خیل ۱۵
زمبرگل خیل ۱۵

داوی خیل ۱۴
خواجہ خیل ۱۴
شاہ حسن خیل ۱۴

برت خیل ۱۵

شاہ بیگ خیل ۱۵
بہادر خیل ۱۵
فتح خیل ۱۵

عالم شاہ خیل ۱۶
طوطیہ خیل ۱۶
طیوری خیل ۱۶

جلال خیل ۱۶
حسینی خیل
آدم خیل ۱۶
پہار خیل ۱۶
سعدالعبد خیل

اصل خیل ۱۶
کرمی خیل ۱۶
خاندوران خیل ۱۶
امحلا خیل ۱۶
ظفر خیل ۱۶

سکندر خیل ۱۶
نورنگ خیل ۱۶
قلی خیل ۱۶

تاجی خیل ۱۶
تنگو خیل ۱۶
بتبار خیل ۱۶

شیر بیگ خیل ۱۷
شہزادہ خیل ۱۷
شادی بیگ خیل ۱۷
لائی خیل ۱۷
مدبیگ خیل ۱۷

اکبری خیل ۱۸
شاہ سلیم خان ۱۸
عمر خیل ۱۷
ظفر خیل ۱۷
اعزر خیل ۱۷
بدر خیل ۱۷
شیرخان خیل ۱۷
شالی خیل ۱۷
بازر خیل ۱۷
سلیمان خیل

حاجی خیل ۱۹
ازاد خیل ۱۹
حبت خیل ۱۹
بلو خیل ۱۹
بجلت خیل ۱۹

خانان خیل ۱۸
ماہی خیل ۱۸

دولت خان ۱۶
علی خان ۱۶
دلیل خان ۱۶

ازان خیل ۱۸
صدر خیل ۱۸
ماہی خیل ۱۸ خیل سادار
بنجی خیل ۱۸

توتاخیل
ملی زی
ترمی خیل
عمرخیل
خضرخیل
میان خان خیل
کوکوخیل
پائیندہ خیل
خواجی خیل
سلیمان زی
عیسیٰ خیل

# سنی

سلیمان خیل ۸

عثمان خیل ۸

احمد زئی ۸

بلے زئی ۹ — نصرت خیل ۹ — کوکو خیل ۹

عبدل خیل ۹ — درت خیل ۹ — ممتے زئی ۹

محمد زئی ۱۱ — تارو خیل ۱۰

اسمٰعیل خیل ۱۱ — حبیب خیل ۱۰ — گوڑی خیل ۱۱

بتا خیل ۱۰ — اعظم خیل ۱۰ — راجو خیل ۱۱

قتل خیل ۱۰ — کمال خیل ۱۰ — شنل خیل

شک خیل ۱۱ — شادی خیل ۱۰ — عسک خیل ۱۰

ملی خیل ۱۱ — پائنده خیل ۱۱ — کریم داد خیل ۱۱ — قلندر خیل ۱۱

شتر خیل ۱۱ — مرزا خیل ۱۱

آدم زئی ۹ — خٹک خیل ۹

بانک خیل ۱۱ — خویداد خیل ۱۱ — خواجی خیل ۱۰ — خمار خیل ۱۰

بائیس خیل — اکے زئی ۱۱

خواہ بازید خیل

دریا خان خیل — ستان خیل

نلنے زئی — شادت خیل

مرزا خیل — چوڑی خیل

مروت
شجرہ نسب
پرلوہانی
باقی ہر سہ کا شجرہ نسب آویگا
موسیٰ خیل
تپئی
نوتہ خیل
سلار
بائی زئی
بہرام خیل
تختی خیل
پارسنی
ملک زئی
تاجور زئی
زوجہ اول
زوجہ دوئم
زوجہ اول
زوجہ دوئم
اسمعیل زئی
زرکی زئی
خان خیل
زنگی خیل
صورت خیل
باز خیل
فقیر ملا خیل
باتر خیل
بوبو خیل
سانڈہ خیل
اسپائی خیل
کریم خیل
میرحسن خیل
دوڑ خیل
سمعیل خیل
مرزا خیل
غازی خیل
دولت خان خیل
عالم خیل
بہرام
ڈنگہ زئی
جبی خیل
احمد خان خیل
ادین خیل
بازو خیل
تختے خیل
علی خان خیل
نصر خیل
صدو
میان خیل
بدوش خیل
بازی خیل
شہباز خیل
فتح خان خیل
عالم خیل

پر بیاری قابض تہے غرض کہ اکثر دلایل سے تخمینہ مندرجہ بالا قریب صحت معلوم ہوتا ہے بعد حصول
قبضہ مروت نے تقسیم ابتدای اس ملک کے آپسمین چہار حصہ ذیل پر کری سلار ایک حصہ نونہ خیل
موسی خیل تپی شجرہ نسب دیکہنے سے معلوم ہوگا کہ یہہ تقسیم بموجب حصص شرعی اوپر اولاد
ہر چہار پسران مروت کے حسب رسد ہوے تہے مگر بعدازی تیمور سد وزئی مسمی قلندر خان ملک
فرقہ آدم زئی نے جسکا اہالیان ریاست مین کچہہ رسوخ تہا بسبب افلاس و رعایت قوم تپی موسی خیل
حصص سابق کو فسخ کراکے واسطے اداے قلنگ تین حصہ ذیل بنانے گئے تپی موسی خیل ہردو
معہ نونہ خیل بہرام اولاد سلار دری پلارہ چنانچہ ان حصص پر اداے قلنگ عہد سکہان تک کرتے
رہے مگر قبضہ زمین ہرایک قوم حصہ وار کا مختلف التعداد ہے جسکا سبب یہہ معلوم ہوتا ہے کہ
اوسوقت اکثر تہل بنجر خارج از تقسیم تہا جس قوم نے اوسکو زیادہ آباد کرلیا وہ زیادہ پر قابض
ہے مگر زمین آبی و نہرین جو کُرّم سے نکالی ہتی تا ہنوز اونکی تقسیم حصص قدیمہ پر ہے رواج تقسیم
خانگی آگے لکہا جاوے گا فی الحال آبادی اس قوم کی اسطرح پر ہے کہ مغربی حصہ مین تپی موسی خیل
نونہ خیل اور وسط مین بہرام مشرقی حصہ مین دری پلارہ سکونت پذیر ہین —

کی عہد سے اون لوگونکی بربادی وجلاوطنی مشہور ہے ازان بعد ایک قوم موسوم نوہتی جنکے عقیدہ مذہبی کی نسبت صحیح
روایت کوئی نہین ملتی اس علاقہ پر قابض تہے جنکو فرقہ سرمنگ وتپل وعیسی خیل شاخہای نیازی نی جو ٹانک کی
جانب سی آئے تہی بیدخل کرکے خود قابض ہوگئی نیازیون نی اوس جگہہ جہان اب موضع پہار خیل ہے اور گمبیلہ سے
شمال کیطرف اپنی قرارگاہ بنائی اور رود کرم وبالین یعنی نہرین نکال کر گمبیلہ اور رود کرم کے درمیان جہان قصبہ لکی ہے
آبادی شروع کری اور پانی تہل جنوبی اپنی ڈنگرونکی چراگاہ رکہی اوسوقت قوم نیازی مین مسمی مدی سرمنگ مشہور مالدار
اور ملک کلان تہا جسکا نام ابتک اس علاقہ مین یاد ہے

## حال قبضہ قوم مروت

اس علاقہ پر قوم نیازی کو قلیل عرصہ گذرا تہا کہ فرقہ بہار شاخ نیازی بسبب نہ ملنی حصہ خود قوم سرمنگ وعیسی خیل
سی ناراض ہوکر قوم مروت کی پاس مددخواہ گیا مروت جو ایسا موقع دیکہہ رہے تہی اس بات کو غنیمت سمجہکر بڑی خرابی
تا نقصان سابق کے ہوئی ہرچند کہ ملکان کلان اس قوم کے جیسا کہ سکندر وگل خان موغزخیل بسبب دشمنی دولت
خیل وبلوچ وگنڈاپور قوم نیازی کو دشمن بنانی سے شامل تہے مگر میان منیا خان تپی خیل وقتل خان موسی خیل
وجہ ناراضگی مہیار کو بہانہ بناکر قوم نیازی کی مال مویشی پر تاخت لاکر لوٹ لیگئی اور عام بدی باہم قوم مروت وقوم
نیازی شروع ہوئی تب ملکان کلان بہی متفق ہوکر سب قوم مروت بطور غونڈ وبعضی خانہ کوچ ہوکر اس علاقہ پر حملہ آئی
سرمنگونکے ساتہہ خفیف مقابلہ ہوئے مگر وہ اتفاق ویکدلی مروتونکی دیکہکر خواہان صلح ہوئے گل خان ومنیا خان
وبعضی دیگر ملکان مروت نی رود کرم سے جنوبی تمام تہل وغیرہ لیکر صلح منظور کری مگر موسی خیل شاخ مروت
نی یہہ صلح نامنظور کرکے بسرکردگی قتل خان اپنی ولاورملک کے نیازیونسی رود کرم کی شمالی کنارے پر جہان اب
ٹہٹی محمن خیل ہے لڑائی کی کہتی ہین کہ اوس لڑائی مین مسمی مدی سرمنگ مارا گیا اور باقی نیازی مقابلہ سے
قاصر ہوکر درہ تنگ سی مشرقی جانب جا آباد ہوئی اور قتل خان بہی اوسی عناد کی سبب سے بعد عرصہ شکار کرتا ہوا مارا
گیا قوم نیازی سی فرقہ محمن خیل جو ایک فقیر اور بابرکت خاندان تہا اوس سے مروتون نے کچہہ تعرض نہ کری چنانچہ فرقہ
مذکور ابتک ٹہٹی محمن خیل مین آباد ہے اوس علاقہ مین قوم مروت نی بعہد سلطنت اکبر بادشاہ قبضہ پایا تہا کہ تاریخ
یا سال حصول قبضہ کا تحقیقات سی نہین ملسکا مگر باریک تحقیقات ومقابلہ امور ضروری سے ثابت ہے کہ تقریبا کچہہ کم
تین سو برس سے یہہ ملک اونکی ہاتہہ آیا کیونکہ ۱۵۵۶ء مین اکبر تخت نشین ہوا ہے اور آج تک تین سو آٹہہ برس
ہونے اور اون کی وفات کو دو سو ساٹہہ برس ہوئے شروع سلطنت اکبر مین اس ملک

بھی کرتی ہے کاشتکاری انکی صرف علاقہ کتہ واز کے جنوبی حصہ مین ہی جہان اابتک ایک موقع زمین کا نام خرابہ مروتان مشہور ہے خرابہ بااصطلاح زبان اوس ملک کی بارانی زمین کو کہتی ہین *

## سبب اخراج

اوس علاقہ سی یہہ بیان کیا جاتا ہے کہ اوس عہد مین سمی آزاد خان معتبر ملک فرقہ سلطانخیل شاخ سلیمان خیل قوم غلجی کی عورت مسماۃ وسیلی کو ایک غلام ملک مذکور کا ورغلان کر ہمراہ فرار کرلایا اور قوم مروت مین بہ علاقہ کتہ واز پناہ گزین ہوا غلجیون نی تشکر کیا مروتون نے ننگ افغانی کے لحاظ سے پناہ گرفتہ کو دشمنانکی حوالہ نکیا اس عداوت سی اکثر قوم غلجی یعنے اندر و ترکی وغیرہ اپنے بہائی بند سلیمان خیلونکے معاون ہوکر قوم مروت اور اونکی شریک سیاخیل دولت خیلونسی نبرد آزما ہوی اکثر مروت معہ اوس غلام بدکار اور کمبخت عورت کی مارے گئے جو بچ رہے تاب مقابلہ غلجیونکا نہ لاکر کتہ واز کو مجبور اچہوڑ دیا اور بموسم گرما مین بجای علاقہ قدیمہ کوہ سلیمان کے مشرقی دامن نواح ٹانک اور دامان کیطرف آنا شروع کیا اوسوقت علاقہ دامان متعلق ضلع ڈیرہ اسمعیل خان پر قوم بلوچ قابض تہی اور نواح ٹانک پر نیازیکی جنکو لوہانیون نی غلبہ لاکر بیدخل کیا اور اپنے قبضہ کو پہیلاتی رہے بوقت تقسیم ابتدای علاقہ ٹانک سے اس قوم کو بھی چوتہا حصہ ملا تہا جسپر عرصہ تک قابض رہے بموسم گرما کوہ واڑہ کے مشرقی حصہ مین جاتی تہے اور سرما مین ٹانک کی نواح کو آتی تہے تا وقتیکہ مسعود وزیرونکے ساتھہ غیرت عورات کی سبب سے تکرار ہوکر باہم دشمن ہوسنے اور چونکہ مسعود زیری راستہ آمد و رفت زیر و بالا اس قوم سی حایل تہے اونکی عداوت سی پہاڑ کا جانا اونکا مطلق بند ہوگیا اوسی عرصہ مین تنازعہ ملک ٹانک آپسمین اولاد لوہانی کی بے اتفاقی ہوئی دولت خیلون نی زور پکڑکر بعد لڑائی مروتونکو ٹانک سے اٹھا دیا یہہ قوم درہ پین سی لیکر درہ پیزو تک پہاڑ مین آکر فروکش ہوی دوسرے سال ہرشاخ دولت خیل پر بارادہ استرداد ملک حملہ کیا اور ٹانک لیلیا مگر کٹی خیلون نی قوم گنڈاپور سے مدد لیکر پھر اونکو اٹھا دیا تب شمالی تہل پر جسکو حال مین علاقہ مروت کہتی ہین نظر پڑے وجہ تسمیہ اس ملک کی یہ اسم علاقہ مروت نام قوم ہے اور پہلی سکونت قوم مروت سے اس ملک کو تہل اور دامان کہتی تہے *

## قابضان سابق

اس علاقہ کا حال اسطرح سی بیان کیا جاتا ہے کہ ظہور اسلام سی پہلے اس علاقہ مین ہندو اور گبر کہ جو مخلوط ہوگئی تہے اونکی سکونت تہی چنانچہ اوسوقت کی عمارات کہنہ و شکستہ کی علامات موضع احمد خیل دامن کوہ و بالست خیل وغیرہ کی متصل ابتک معلوم ہوتی ہین جنکو یہہ لوگ ڈیری کافران کہتی ہین سلطان محمود غزنوی اور شہاب الدین غوری

دو دو قسم کی زرد رنگی اور پیکا پنی ہوتی ہین بہت ہی اور اس سے بہت آدمی لاغر اور کم قوت نظر آتی ہین بموسم سرما زیادہ اور پرہیز
کو سفیدان کم کو بد پرہیزی او بی تدبیر کے ساتھہ کہانیسی یہہ مرض زیادہ ہوتی ہے اور علی العلوم جو آدمی موسمی تپ یعنی بخار
سے کم قوت ہو گیا ہو اوسپر زیادہ اثر کرتی ہے

## اسہال

یعنی پیٹ سی دست آنی کی بیماری بہی بہت ہی خصوص شروع موسم خزان اور پہر ماہ اپریل و مئی مین توت بکثرت کہانی
سی یہہ مرض بکثرت ہوتی ہے یہہ لوگ پوست انار پیس کر جغرات پر ڈالکر کہاتی ہین یا ہیتی کا تخم باریک کرکے شربت قند
سیاہ کے ساتھہ نوشجان فرماتی ہین واسطی درد استخوان او روانی و شکستگی استخوان او دررفع سستی و تندرستی بدن ہونکے
لوگ موسم سرد مین **سونٹہہ کالی زیری مرچ سیاہ کہی کہلہ کمرکس کالونمر** ایک چہہ تولہ لیکر
اور اوسکو باریک پیسکر حلوا جریش مین ملاکر چہہ روز صبح و شام کہاتی ہین اور پندرہ روز تک نان خشک گندم کی سوا سے
ہر چیز سے پرہیز ہوتا ہے اور ہوا اور سردی سی محفوظ رہتی ہین اسکا نام **ستر دارو** یعنے بڑا دارو ہی غرض کہ ہونکے
علاقہ مین قدیمی علاج زیادہ تر تازہ چمڑا گوسفند کا ڈالنا اور فصد لینا یا ستر دارو کہانا مشہور ہے سب سی پہلے چمڑا ڈالنا
انہین مروج ہے مگر اب تپ کیواسطی دوای **کونین** سرکاری شفاخانہ سی لینا انہی علاج سے بہت مفید سمجہتی ہین اور بعضی
لوگ شروع بہار مین صفائی خون کیواسطی بقدر ایک پاو نیل شرشف یا نیم آثار شہد ایکو قتین نوش کر جاتی ہین اور وقت
نوش سی بارہ گہنٹہ یعنی پہر دوسرے دن اوسیوقت تک پانی نہین پیتی یہہ عجیب صفائی ہے ؟ — ختم ہوا حال بنونکا ؛

## باب دوم حال قوم مروت

### ذکر اصلیت قوم

**واضح ہو کہ مسمی مروت مورث اعلی اس قوم** کا بیٹا نوحانی معروف لوہانی او ربوتا سیانی ابن لودہی کا
ہے ذکر قومیت لودہی ولد شاحسین کا کتاب ہذا کے دوسرے حصہ مین آچکا ہے - لوہانی مذکور کی دو منکوحہ تہی ایک سماۃ
نوری جس سی پانچ پسر ہوی انکا شجرہ اپنی موقع پر ہی دوسری سماۃ شیرہ جس سے مروت جد اعلی اس شاخ کا پیدا
ہوا اپنی بزرگ کی نام پر قوم کا نام بہی مروت مشہور ہے اس قوم کا علاقہ نگتہ واز جای سکونت اولین تہا جیسر فی الحال
شاخ سلیمان خیل غلجی متصرف ہین گرچہ وطن اصلی انکا گہ واز تہا مگر بموسم گرما خانہ بدوش ہو کر اکثر **کوہ واتہ** مین مال چرانی
اور آرام کیواسطی جمع ہوتی تہی اور اس عرصہ مین اس فرقہ کا اکثر پیشہ مال چرانی اور مویشی داری کا تہا اور نیز جو بندگی

یرقان یعنی پہیکا اور زرد رنگ ضعف کی ساتہہ ہوجانا اور ذات الجنب و ذات الصدر و ذات الریح کی بیماری بہی تجربہ سے نافصی پانی کورم اور غلاظت جیسی سبب ایزاد بیماریونکا معلوم ہوتا ہے اور باعث ناقص ہونے پانی ندکورکا یہہ تبلاتی ہین کہ اندر کوہ علاقہ کورم جہان قوم لٹوری آباد ہے اس نالہ کورم کے ہر دو کنارے قریب پچاس میل کی فاصلے تک اکثر زراعت چاول کاشت کیجاتی ہے اور اوسمین سی کورم کا پانی شب و روز بہکرآتا ہے اور نالہ کیتہی کا بہی جو ملک خوست مین بنام شمل مشہور ہے یہی حال ہوتا ہے اور جب پانی نہونکی حدمین پہونچتا ہے تو اسملک مین بہی زرعتونکو لگتا ہوا پینی کی استعمال مین آتا ہے خصوص زراعت برنج پانی ناقص کرنیکو اسطی اول نمبر ہے ؁

## علاج

ملکی ہر ایک حسب ذیل مروج ہے تپ محرقہ جسکو بزبان پشتو ستہرہ تبۂ یعنی بڑا تپ کہتی ہین سو بزمنقی کہلاتی ہین اور فصد بہی لیتی ہین اگر ہفتہ تک آرام نہو تو گوسفند ذبح کرکے اور اوسکا چمڑا گرم گرم اوتار کر فوراً مریض کو پہنایا جاتا ہی اور کوٹہہ کی اندر جہان ہوا نہ پہونچے رکہتی ہین دوسرے روز تک آرام نہو تو پہر دوسری یا تیسری دفعہ بہی تازہ تازہ چمڑا پہنایا جاتا ہے اور اس چمڑا ڈالنی کے علاج کا نام بزبان پشتو ڈرون اچول یعنی چمڑا ڈالنا ہے اور تپ دق جسکو ملکی زبان مین ڈری رنج یعنی لکی رنج بولتی ہین اوسکا بہی آخری علاج ڈرون یعنی چمڑا ڈالنا ہے اور تپ موسمی جو ماہ ستمبر اکتوبر غایت نومبر تک رہتا ہے اوسمین بہی تین روز کی بعد چمڑا گوسفند ڈالتی ہین اور گرچہ اس تپ موسمین مین نقصان جان کم ہے مگر ایسا عام ہوتا ہی کہ کوئی قسمت والا اس سے بچتا ہوگا ؁

## کہانسی

کو تیخا ہی خواہ ٹوخی کہتی ہین زمستان کے موسم مین اکثر کہانسی چرب گوشت گوسفندان کہا کر بدپرہیزی سے ہوتی ہے اور یہہ لوگ دوغ کو گرم کرکے اور اوسمین روغن اور ہلدی اور مرچ سیاہ ڈالکر پیا کرتی ہین ؁

## ٹیکلی خواہ ٹوکلی

پشتو مین ذات الجنب و ذات الصدر و ذات الریح وغیرہ درد پہلو جسکو چک بہی کہا جاتا ہے ان سب کو ٹیکلی کہتی ہین اور اسکا علاج یہہ مروج ہے کہ روٹی پر بیضہ مرغ خانگی کی زردی لگاکر اور استخوان پہلو پر رکہکر اوپر سے پارچہ کے ساتہہ مضبوط باندہ دیتی ہین اور عند الضرورت فصد بہی کرلیتے ہین بموسم زمستان یہہ بیماری بہت ہوتی ہے خصوص جو تپ سی کم قوت ہوگئی ہون ؁

## یرقان زرد اور یرقان اسود پشتو مین زیڑ ہی

کیونکہ کہا جاتا ہی علے ہذالقیاس اس ملک کی پشتو متلاح گرافغانستان کے پڑ آواز نہین ہے ابتدای عملداری مین سوای ہندو لوگ کی دیگر سکان
اس پرگنہ کی بدون پشتو اور اخوندلوگ فارسی و پشتو کی ہندی بانسے کچھ بھی آشنا نہین تھی فی الحال اگرچہ اسقدر ناواقفی نہین ہے اور بعضی
ملک لوگ ہندی اکثر سمجھتے ہین مگر بول نہین سکتے اور کوئی کوئی بولتا بھی ہے تاہم حکام وقت کو اور بیس برس تک ملکی رعایا کیواسطے
اور ہمیشہ اپنی سرحدی آزاد ہمسایونکے لئے زبان پشتو کا سیکہنا مطلوب ہوگا مجکو خوب تجربہ ہوچکا ہے کہ اس ضلع مین زبان پشتو سے
حکام کی واقفیت انصاف کی ممد اور رعایا کی خوشی ہی اگر مین خود پشتو کی زبانسے ناواقف ہوتا تو اس تاریخکی تحریر اور تکمیل ناممکن تھی

## شوق سرود

گرچہ علم موسیقی ہندکا اس جگہ نام بھی نہین جانتے اِلّا موافق طباع مخلوق ڈہل و سرنا کی بدعت بہت مروج ہی بنوچیونکو ڈریش میراسی
رقاصان کا ناچنا گانا ڈہل سرنا کی آواز کے ساتھہ نہایت پسند ہی یہانتک کہ اگر دوسری بستی مین بھی اسطرحکے تندارہ یعنی تماشا کی
خبر سنی جاوی تو نوخیز مرد اور بیعار لوگ وہان دوسری دیہات سے جاتی ہین اور طرفہ ناداتی یہہ کہ جو شخص ڈنگو گہاس فروخت
کرکے پیسہ پیدا کرتا ہے وہ بھی اوس تماشا مین نقد و جنس دینے سے باز نہین رہتا خصوص علاقہ سورانی تو بلکہ ناچیونکا گہر بن
گیا ہی ایکدوسرے کی رشک سی فخریہ گانو بہ گانو اونکی تماشا کراتی ہین چاہیکہ اس فضول خرچی سے پرہیز کرین جسمین دین و دنیا کا نقصان
ہی بجای اوسکی خیرات مساکین نیک نام اور کام آتی ہے سوای ڈہل اور سرنا کی جو مرف میراثی لوگ بجایا کرتی ہین رباب کی شوق
بھی ہوتی جاتی ہے رباب مارنے سے پشتون لوگ عار نہین سمجھتے اور طبع خوش کرنیکیواسطے رات کیوقت جو کوئی اکثر پانچ یا چند
جوان آدمی جمع ہوکر غزل و چاربیتہ یا سندرہ یاکہ زبان پشتو مین باواز بلند ایک تال پر گاتی ہین غزل مین سلوک اور حقانی ذکر
ہوتا ہے جو اکثر مست طالب العلم مسجدونمین بھی پڑہتی ہین دوسری چاربیتہ جسمین عاشقانہ اور مزاحانہ گفتگو ہوتی ہے تیسری
سندرہ جو بہت اونچی آواز سے گایا جاتا ہی اور شادیونمین عورتین بھی گاتی ہین اسمین کذب صفت بہت ہوتی ہے چہارم کسر جو
صرف مرد لوگ گاتی ہین اور اسمین لڑائیون اور بہادریونکا ذکر ہوتا ہے جو شخص کسی لڑای مین دلاوری کریں اوسکی صفت کیجاتی ہے
چونکہ اس کسرسے لوگونکی طبیعت کا حال بخوبی معلوم ہوتا ہی اور ملک کی تاریخ لکہنی کیواسطے اس سے اچھی مدد ملتی ہے بدینظر مینے
افغانستانکی اکثر لڑائیون باہمی قوم وغیرہ اور مشہور دلاوروںکی کسرین جمع کرکے بزبان پشتو ایک علیحدہ کتاب بنائی ہی جسکے
نیچے ترجمہ اردو بھی لکھا گیا ہے الا یہ مین خیال کہ اوسکا لطف بدون پشتو دان کی عوام کو حاصل نہین ہوگا طبع کرانیکا ارادہ
نہین ہے ؛

## حال بیماری اور علاج مروجہ

بنون کی علاقہ مین اکثر اقسام کی بیماری ہوتی ہے مگر عموماً زیادہ تر تپ اور کہانسی اور پیٹ کی بیماری اور

کی اقوام مین سی قوم میری کے مردمان قوی جسہ اور دراز قد سرخ رنگ ہوتی ہین جسکا سبب یہہ بیان کرتے ہین کہ رود کونرم کا پانی
جو بافی نیوچی نوش جان کرتے ہین ناقص ہے اور رود توچی کا آب خوشگوار و ہاضم ہے جسکے پینے سی قوم میری کو یہہ امتیاز حاصل ہوا فہیح
ہو کہ جیسا عام قاعدہ ہی کہ دولتمند اور اشراف خاندانونمین بنسبت محنت کشونکی خوبصورتی زیادہ ہوتی ہے اوسکا کچھہ اثر نہونمین بہی ہے
مردمانکے سرپر اکثر دراز تا بشانہ بال ہوتی ہین اور انکو بہی اور چربی وغیرہ سی اسقدر چرب رکہتی ہین کہ خلقہ یا قمیص تا بہ ساعدین
چرب اور میلہ رہتا ہے تعفن اوسکی علاوہ مگر قوم قریش اخوندا ور سید و شیخ لوگ اکثر سر کے بال رکہنے سی مستثنی ہین
اونکی تربوز نما سر پر خالی عمامہ باندہا جاتا ہے عاوات مین لہو ولعب بہت داخل ہے قریبا اور ابتدائی بلوغت مین
شکاری تیتر رکہنی کی عام رسم ہی اور بولارے کی ساتہہ شکار تیتر بہت کیا جاتا ہے اور حسد کی راہ سی دوسرےکے
اچہی شکاری اور بولنی والے تیتر کو زہر دہی سے ماردینا یا چورا لیجانا بہی مروج ہے سستی اور کاہلی گویا نیون سے
پیدا ہوتی ہے اور آرام طلبی اور چوک پر بیٹہکر بیفایدہ باتین کرنی اور دمبدم حقہ پینا پسند ہی اپنے کاروبار خانگی اور
زراعت کاری مین بہی محنتی نہین ہین دروغ گوئی اس کثرت سی ہے کہ حاکم کو مقدمات مین سچہ تک پہونچنا بہت محنت
اور وقعیت سی ممکن ہے عہد سابق مین داوڑ شاہ اور میری کے لوگ شہادت دروغ کیواسطی مشہور رہتے مگر اب انہین
اور دیگر علاقونمین جاہی امتیاز نہین حلف ایکٹ پنجم ۱۸۷۳ع کو یہہ لوگ سہل سمجہتی ہین اور حلف قرآن مجید سی کچہ بخوف
خدا پاک اور زیادہ بسبب بدنامی عام قدری پرہیز کرتے ہین اکثر ایسی بہی ہین کہ جوان مرد و خوفسی گذری ہوے
ہین طینت کی صفائی نہین ہے غیبت گوئی اور ارادہ فاسد سی کم آدمی بچی ہوی ہونگے زبان خود اپنی فخر کرنیکو عیب
نہین سمجہتی دیوان صایب کا یہہ قول اونکو بہول گیا بیت ثنای خود بخود گفتن نمی زیبد ترا صائب چو زن پستان خود مالد
حظوظ نفس کے یا بد ٭ باوجود اسکی یہہ انمین ایک اچہی وصف ہی کہ می نوشی اور لوطی بازی سی ہر ایک کہ وہ کو نفرت
کلی ہے البتہ بعضی آدمی چرس یا بہنگ پیتی ہین مگر عام نہین غرض کہ سوای تماکو کے او نشی چیز سے اکثر پرہیز
ہے مگر صفائی بدن کیطرف جو جز اعظم صحت بدنی ہے مونث اور مذکر راغب نہین پارجات تو اکثر مدت تک دہوئے
نہین جاتے الا غسل باوجود کثرت پانی بدون ادای واجب کم کرتی ہین مونثات کا تو سوای ضرورت احکام مذہبی غسل کرنا
عیب سمجہتی ہین ٭

## زبان ملک

واضح رہے کہ اصلی زبان ملک کی پشتو ہی مگر بنون کی پشتو مین زبر کا خرچ بہت ہی جیسا کہ مُور کو میر اور اُور اَیر کو یعنی نار کو

# پوشاک

عموماً ملک بنوںمیں کرپاس ملکی سے پارچات بنائی جاتے ہیں البتہ ملکان معتبر سرکاری عملداری میں لٹھہ اور خاصہ پہننے لگے
ہیں اپنی ملک کی پیداوار کپاس ضروریات وطنی سے بہر کر دوسرے ملک میں فروخت کیواسطے ہندو لوگ خرید کر لیجاتے
ہیں پوشاک مردانہ کی تفصیل یہہ ہے کہ دستار اکثر سرخ رنگ مجنون بیا وش مگر بعضی ملکان سفید دستار رکہتے ہیں قمیص
یا ملقہ فراخ بلا چین اکثر سفید اور قلیل سیاہ ردای سفید او بعضی ملک لونگی رکہتی ہیں ازار مثل پاجامہ پشاوری
مگر پائونکی طرفسی ذرہ مختلف وضع ہے اور پاؤنمیں اکثر چرمی چپلی اور منقش اور ملک لوگ پاپوش رکہتے ہیں
زنانہ پوشش میں اکثر سر ادبل سیاہ پٹہ دار او قمیص سیاہ جسکے سینہ و گریبان پر تہوڑا کام ابریشم کیا ہوا ہوتا ہے اور دولتمند
گہروںمیں دارائی کا قمیص بھی مروج ہے قمیص کی اوپر گریبان کے متصل اکثر روپیہ ٹانکتی ہیں طول میں زانو سے نیچے تک
اور باہر پہرنیوالی عورت کا اکثر سفید قمیص اور اسیقدر لنبا ہوتا ہے کہ گہاس کاٹنے یا کام کیوقت میں اوسکا
کنارہ اولٹ کر سر پر بجای دوپٹہ کی اوڑہ لیتی ہیں اور وہ دونوںکام برابر دیتا ہے ردائی خانہ نشینی اکثر سیاہ مگر عام
فردونمیں سیاہ ردا پہن کر نکلنا عیب سمجہتے ہیں اسواسطے جب گہر سے باہر جاوین تو سفید چادر اوپر لیتی ہیں شلوار
اکثر سوسی کی گہیردار اور خوش قطع اور پاؤنمیں مردانہ وضع کی قریب طرز کی پاپوش سرخ بانات لپٹی ہوئی پہنتی
ہیں زیورات بہت قسم کی مگر خراب وضع ہوتی ہیں اونکی تفصیل سے طوالت لاحاصل ہے اور پوشاک اسقدر میلی
غلیظ اکثر رکہتی ہیں کہ رنگ اوسکا چرب اور سیاہی مایل ہوجاتا ہے اور بوسیدہ و بدبودار باعث عدم شست
وشوی رہتی ہے بخصوص عورات نہایت میلی ہوتی ہیں ایک تو باعث عادت صفائی کیطرف رغبت نہیں دوسری
چربی اور روغن زرد سر اور چہرہ پر ملنی اور نہ صاف کرنی سے زیادہ متعفن ہوجاتا ہے اور ہندوؤں کی مرد اکثر سر پر ٹوپی
رکہا کرتے تہے مگر اب دستار سفید یا سرخ باندہنی زیادہ مروج ہوگئی ہے پہلی لوٹ کی خوف سے اچہا کپڑا نہیں پہنتی تہے
اور کرتا او خلقہ پہنا جاتا ہے اور ازار کی جگہہ پہلی دہوتی بطور لنگ کی اکثر تہی مگر اب شلوار سفید اکثر مروج ہوگئی
ہے اور عورات ہنود سر پر سرخ و زرد رنگت کا کپڑہ خواہ الوان وغیرہ حسب توفیق کرتی ہیں اور کرتے کی جگہہ چولی
جو سینہ اور شکم ڈہکتی ہے اور پشت برہنہ رہتی ہے اور چولی تا بسینہ دارائی خواہ گلبدن کی ہوتی ہے اور
اوراسی نیچے سرخ پارچہ لگاتی ہیں پشت کی پردہ کیواسطی سر کا کپڑا کام آتا ہے اور شلوار زنانہ ہنود مثل عورات مسلمان نیچے کی ہوتی ہے

## طرز وضع و عادات

قد و قامت مخلوق ملک بنوں بہ نسبت اوطان دیگر خورد اور لون زرد غالب اکثر سپیدا وی چہرہ متوسط اندام تنگ پیشانی گول چشم ننہان

نرینہ کی موجودہ مین خواہر یا دختر کو مطلق محروم رکہنا انصاف کو نا پسند ہوگا ؛

## خوراک

کیواسطے عموماً فصل ربیع مین گندم اور زمستانیون کی مستعمل ہے مگر خورندہ مخلوق تین قسم کی ہے اعلی اوسط ادنی پہلی قسم کی آسودہ لوگ نان گندم معہ گوشت یا پلاؤ و حلوا کہایا کرتے ہین اور خریف کی موسم مین مبہ نان کی بہی کام آتا ہے دوسری قسم کے آدمی نان صبح کی یا جو ہمراہ دوغ یا مسکہ اور شب کو گندم کی روٹی دال یا کبہی گوشت وغیرہ سے نوش جان فرماتے ہین اور تیسرے قسم کی بیچارہ شقتی اور مفلس کو روز و شب اکثر نان مکی و جوار کبہی گندم کا نصیب ہوتا ہے اکثر لوگ کہانے مین بہی کفایت شعار ہین غلہ گندم کو بانتظار گرانی فروخت کیواسطے رکہہ چہوڑتے ہین اور غلہ مکی و جو پر اپنا گذارہ کر لیتے ہین موسم زمستانین گوسفند کا گوشت نہایت عزیز سمجہتے ہین اور اوسکی چربی بجائی روغن زرد کے گرم کرکے موسم مذکور مین بہت کہائی جاتی ہے چربی یا روغن خام جیسا طعام مین زیادہ ہو بہت پسند کرتی ہین گرچہ قوت انکا متوسط ہے الا مرد قانع و صابر نہین اور عورت بیچاریکو کہانیکا حصہ بہی انصافسی نہین ملتا کیا معنی کہ جس گہر کے مردونکو اچہی روٹی نصیب ہوتی ہے تاہم عورت بدستور نان جو یا مکی کہاتی ہین اور یہہ رسم عام ہے کہ مستورات کو اچہا کہانا نہین ملتا اپنے ملک کی پیداوار خوراک ملکی لوگونکیواسطے کافی ہے مگر فوج اور باہر کے لوگونکی واسطے جب تک علاقہ مروت اور خٹک و تہل وزیران سے غلہ نہ آوے تو انکی پیداوار پورہ نہین ہوتی ؛

## مہمان نوازی

واضح ہو کہ اس ملک مین تین قسم کے مہمان سمجہے جاتے ہین پہلی مژہ ملانہ یعنے وہ مہمان جنکی خاطر گوسفند حلال کئی جاوین دوسری چرگی مہمان یعنی مرغ خور تیسری دوچی مڑی مہمان جیسے مرادخشک روٹی کی مہمان ہین پہلے قسم کی مہمان وہ ہوتی ہین کہ جو کوئی ملک معتبر ہمراہی چند نفران دیگر بضرورت معرکہ یا کسی اور کام کے واسطے مہمان ہو یا کوئی بڑا روشناس آدمی پیش ہو جاوے اور عہدا تعالی ہین اس قسم کی مہمان اکثر وہ لوگ ہوتے ہین کہ جو اپنی گوندیدارونکو کمک دینے کیواسطے آوین دوسرے قسم مین ایک یا دو غایت پانچ تک جو معتبر مہمان ہون اونکے واسطے مرغ حلال کئی جاتے ہین تیسرے ہمسایہ لوگ یا ناواقف مسافر بیچارے خشک روٹی کے مہمان ہوتی ہین مہمان نوازی اس ملک مین بہت رائج ہے اور اپنے نیکخواہ اور معتبر روشناس مہمان کی بہت خدمت کیجاتی ہے اور ناواقف مسافر کو بہی بہوکہا نہین چہوڑتے یہہ رسم قابل تحسین ہے ؛

نہین جو اوس سی خالی ہو اس پرگنہ مین منزل آخرین کا یہ سامان ہے کہ جب کوئی شخص فوت ہوا تو عورات جمع ہو کر بہ آواز بلند نوحہ کرتی ہین اور شفقی مرد بلا اخذ مزدوری واسطے تعمیر خانہ آخرین یعنی قبر روانہ ہوتے ہین اور سفید ریش اور معتبر لوگ چوک یا سیدان مین واسطے دعا اور فاتحہ کی جمع رہتے ہین اور علما بقدر مقدور طلب ہو کر اوس دیہہ کی مسجد مین ختم قران شریف کرتے ہین تا وقتیکہ اوس راہ نوردباد یہ ممات کو غسل اور کفن دیکر دفن کیواسطے لیجلتی ہین بجمع عام نماز جنازہ ادا کرکے بعد تقسیم حفاظ اوس منزل ناگزیر مین تا نفخ صور سلا دیتے ہین فاعتبروا یا اولی الابصار یہہ سفر خطر ایکدن سب ہمکو ہی پیش آویگا جب اوسکی جگہہ بحد تنگ و تاریک ہو چکی تو عالم اوسکی قبر پر ایک مسئلہ تقسیم میراث پہر بکر اور دعا خیر کرکے سب دوست اوسکو اوس جنگل میں تنہا چہوڑ کر واپس آتے ہین اور اوس وقت سوای اعمال حسنہ کی کوئی اوسکا یار و مددگار نہین ہوتا المختصر تین روز تک وارث میت واسطے فاتحہ مقید بیٹہے رہتے ہین اور حسب مقدور و ہمت خیرات کرتے ہین ہر طرف سے مہمان خویش واسطے فاتحہ خوانی آتے ہین مگر میت کی گہر کہانا عیب سمجہکر نہین کہاتے بشرطیکہ دوسرے کوئی مہمان آوی اور اوسروز واپس اپنے گہر نہ پہونچ سکی تب لاچار بہی کہا لیتے ہین تیسرے روز گلبدن یا کیس وغیرہ جسکو اس ملک مین پٹ کہتے ہین اور خویش اور رشتہ دار جو دوسرے گہر و نسے آتے ہین اور واسطے عزت میت کی وہ پٹ لاکر میت پر ڈالا کرتے ہین اپنے اخوند کو معہ پارچات پوشیدنی میت خیرات بطور خلعت آخرین کر دیتے ہین اور قید فاتحہ خوانی اوٹہہ جاتی ہے ؏

## تقسیم میراث

عموماً شخص متوفی لبِ ہلاکت یا کہان بنجہ موت مین گرفتار ہو جاوے تو کچہہ وصیت کرتا ہی مگر سوای خرچ خیرات اور تدفین تکفین میت باقی امورات وصیتی اگر مخالف رواج ہون تو اونپر عملدرآمد کم ہوتا ہے متوفی کی اگر اولاد نرینہ یعنی بیٹا یا پوتا ہو تو پہر کسی اور رشتہ دار کو بموجب رواج ملک حق میراث نہین پہونچتا الا والدہ اور بیوہ اور دختران ناکتخدا شادی ہونے تک مستحق نان نفقہ اور گذارہ خاص کی ہوتی ہین اگر اولاد نرینہ نچہوڑ مرا ہو تو تا زندگی متوفی کی بیوہ بشرطیکہ وہ اپنے شوہر کے حقیقی بہائی کے ساتہہ نہ بیاہی جاوے مستحق قبضہ جایداد ہوگی مگر ہرگز اوسکو اختیار نہین ہے کہ اپنی قبضہ کے ایام مین جایداد غیر منقولہ از قسم اراضیات زرعی یا مکانات سکنی کو بذریعہ بیع یا رہن یا ہبہ یا کسی اور وسیلہ سی منتقل کرے اگر ایسا کرے تو متوفی کے وارثان نرینہ دعوی امتناع کر سکتے ہین اگر بیوہ نہو یا وہ مر جاوے تو میراث متوفی کی قریب تر رشتہ داران نرینہ کی باہم حسب حصص شرعی یا رسمی منقسم ہو جاویگی بموجب رواج ملک کی دختران اور خواہران جنکی شادی دوسری جگہہ ہو گئی ہو مستحق یافت حصہ شرعی کی نہین رہتی اور یہہ رواج عام ہے الا امر مقدمہ مین بلحاظ قسم وارثان موجودہ خاص غور ہونی چاہئی دور کے رشتہ داران

ایسی صورت اکثر مفلس اور ہمسایہ لوگونمین واقع ہوتی ہی دوسرے دختری بوقت بلوغت کسی غیر شخص سی تعلق بیجا پیدا کری عہد والدین کو معہ شیشہ ننگ و
ناموس سنگ بیحیائی پر توڑ ڈالا پشتون لوگ اس دوسری قسم کی عہد شکنی کو بہت سخت اور ناگوار سمجھتی ہین تیسری وارثان دختر والدین
پسر یا خود اس لڑکی سی کسی باعث خانگی یا گوندیلاری وغیرہ پر رنجش خاطر باہم پہونچا کر ناطہ سی منکر ہو جاتی ہین اس تیسرے قسم کی عہد شکنی
مین اکثر بذریعہ منصفان و ملکان باہم جانبین رضامندی ہو جاتی ہے مقدمات عہد شکنی کی تحقیقات مین خاص صورتین پیدا
ہوتی ممکن ہین مگر واسطی ثبوت عہد ناطہ کی رسم خوردنہ و الاسو جسکا اوپر ذکر ہوا اور جو مشہور عام ہوتی ہین مضبوط گواہ ہین ؂

## نان و نفقہ عورات

کی بہت جھگڑے رہتے ہین اور بنیاد اونکی دو سبب سی اوٹھتی ہے پہلی مرد کی بی انصافی جو دو یا چند شادیان کرکے نئی بترغیب
منکوحہ جدید پہلی زوجہ سی ظالمانہ پیش آتا ہی دوسری عورت کی بیوفائی جو اپنی آزادی حاصل کرنی کی غرض سی شوہر کو ہرطرح
تنگ کرنا چاہتی صورت اول الذکر مین بمنشا دفعہ ۱۲-۳ ایکٹ ۵ م سنہ ۱۸۹۸ء علیحدہ ماہیانہ واسطی گذارہ عورت اوسکی درخواست پر
مقرر ہونا واجب معلوم ہوتا ہی دوسری صورتین جب تک زوجہ اپنی شوہر کے گھر شامل آباد رہکر گذارہ نکرے علیحدہ ماہیانہ کی مستحق
نہین سمجھی جاتی عموماً ماہیانہ مقرری قانون ان لوگونکے قلبی خواہش کی مخالف ہی کیونکہ یہہ عورات کو مثل بہائم خواہ کیسا ہی
جور و ظلم کرین بے زبان اور مطیع مطلق رکھنا چاہتی ہین خداترسی اور انصاف کو بھی یاد رکھنا چاہیے ؂

## پردہ داری مستورات

علاقہ بنونمین عموماً مروج ہے خصوص قوم سید اور قریش اور پشتونکی مستورات تو بالکل کشادہ رو نہین پھرتی اور باقی لوگ
بھی اکثر پردہ کرتے ہین اور اپنی گھرونمین غیر شخص کی آمدرفت نہین رکھتی اور اس پردہ داریکو بزبان ملک دب کہا جاتا ہی اگر کسی
شخص کے زنانہ مکانمین بلا رضامندی مالک خانہ کوئی شخص چلا جاوی تو گو وہ صاحب خانہ مفلس ہو تاہم وہ اپنی بیعزتی سمجھتا ہے
اور کہتا ہی کہ میری گھر کا دب توڑ دیا اسی سبب سی سوای رشتہ داران قریبی زنانہ گھرونمین آمدرفت غیر محرم مردونکی ظاہر کم
بلکہ مطلق کالعدم ہے الا گاؤنکی ہندوونسی اور کلیگر یا ڈوم یعنی حجام میراسی وغیرہ ہمسایون اور گھر کے کمیونسی یہانکی لوگ پردہ
نہین کرتے گویا ہنود اونکی نزدیک مذکر ہی نہین ہین جب عورت واسطی ضروریات باہر جاوین تب اونکی اوپر ایک سفید بڑی
چادر ہوتی ہے کہ سر سے پاؤن تک ڈھکی ہوئی ہوتی ہین اور جب راستہ پر غیر مرد کو دیکھتی ہین تو سوای ایک
چشم کے چہرہ پر بھی پردہ کر لیتی ہین چاہئی کہ دل کے پردہ کو بھی درست کرین جو تعلیم علم سی ممکن ہے ؂

## رواج غمی

اس جگہ اوس ناگزیر غمی سے مراد ہی کہ جو بسبب جدائی دائمی اپنی عزیز اقربا کی پیش آتی ہے دنیا مین ایسا کوئی

## ہرجانہ نسبت یا نکاح شکنی

اگر عہد شکنی نسبت یا نکاح یا خواہی کسی آشنا عورت کی سرزد ہوا اور وہ عورت کسی دوسری مرد کی ساتھہ نکاح پڑھا
بیوی یا بیلی جاوی تو یہہ امر داخل بھگا بیجانی عورت کی ہے اور اسکی نسبت عہد افغانی مین سوائی مرگ اگر ہاتھہ ہوچکی
تو نہین ٹوٹتی تھی اور انکو حد و منسوبہ کا برابر شرم تہا اگر صلح ہووی تو جیسا بھگا بیجانی عورت مین دو عورات باکرہ جوان لیجاتی تھی
ویساہی سفید بار چونمبن بار سوم شادی ایسی معاملات مین ہی لیتی تہے فی زمانا بسبب نہ متقاضی ہونی قانون سرکاری کے
جو مقدمات عہد شکنی ناطہ عدالت تک پہونچتی ہین تو اونمین بشرط ثبوت فسخ عہد نقد ہرجانہ تجویز کرنا پڑتا ہے تعداد اس ہرجانہ
کی بعد منصفان حسب حیثیت خاندان اہل معاملہ اور صورت مقدمہ کی مقرر ہوتی ہے پشتون کا شرم یعنی ہرجانہ بہ نسبت
ہمسایہ کی بہت زیادہ ہوتا ہے اگرچہ پشتون لوگ اپنا شرم موجب رواج قدیمہ ایکہزار دو سو مطابق مقدمات خون کی بتاتی
ہین مگر در اصل یہہ تعداد برائی نام اور دباو کی ہے فی الحال ایکسو سی لیکر چہہ سو تک واسطی پشتونکی اور چالیس سی لیکر سو تک
واسطی ہمسایہ کی حسب قدر شرم یعنی ہرجانہ سمجھا جاتا ہے بعضی قلیل اونچی معزز خاندان ایسی بھی ہین کہ چہہ سو ہرجانہ
اونکیو اسطی تہوڑا ہے غرض کہ منکوحہ یا منسوبہ عورت ایک شخص کی دوسری کو بلا مسامحت اوسکی کر بیوی تو بدون بیاہ
لینی کے اپنی نہایت بیعزتی سمجھتی ہین جو ایسی مقدمات مین نقد ہرجانہ مقرر ہوا اوس شخص کو ادا کرنا پڑتا ہی کہ جس سی وہ عورت
نکاح کری اور اکثر رضامندی فریقین خانگی طور پر ایسا ہی ہوجاتا ہی کہ حسب دستور رافعیہ بدلہ مین دو عورتین بالغ خواہ
نابالغ یا ایک عورت اور کچھہ نقد دیکر مدعی کو راضی کر لیتی ہین خصوص نکاح شکنی کی معاملات مین ایسا ہوتا ہے ۔

## استثناء

اگر عورت منسوبہ کہی کہ میری والدین نی جس سی عہد ناطہ کا کیا اوس سی مین نکاح نہین کرتی اور نہ کسی دوسری جگہہ شادی کا ارادہ ہے
اگر کبھی شوہر کی خواہش ہوئی تو اوس شخص مدعی ہی سی نکاح کرونگی تب بموجب رواج ملک باوجود عدم ایفای عہد کچھہ
ہرجانہ و شرم مدعیکو نہین پہونچتا بشرطیکہ دختر منسوبہ نیک نیتی سی والدین کی گہر باکرہ بیٹھی رہے الا اگر برعکس اسکی بسبب اغوای
کسی آشنا یا اوسکی والدین کی شرارت یا ترغیب دی رکھی ہو تو بموجب دستور افغانی کی وہ عورت خواہ مخواہ شوہر کی ساتھہ بیاہی
جاوی اور حسب رواج حال ہرجانہ واجب کا شوہر مستحق ہے مگر اس قسم کا ہرجانہ والدین دختر اور اوس سے لیا جاتا ہے ۔

## سبب عہد شکنی

نکاح شکنی کی مقدمات شاذ و نادر اور نسبت شکنی کی اکثر ذیل خاندان مین واقع ہوتی ہین مجکو اپنی تجربہ سی ظاہر ہین سبب فسخ عہد نسبت
کی معلوم ہوی اول والدین دختر نی بطمع زر بیمان کر کی پہلی عہد کو بالائی طاق رکھکر دوسری جگہہ جہان سی زیادہ روپیہ ملی وہان ناطہ دیدیا

کرتی ہی کہ روپیہ لیکر اوسکو اپنی خواہش کرنے دی دوسری مرد کی کسی اور جگہہ شادی کرلی یا کسی غیر پر عاشق ہوا پہلی عورت سے جان چہوڑانا چاہتا ہی کیونکہ وہ اوسکی خاطر خواہ امور کرنہین سکتی ہوتی ہی اور علاوہ اسکی نان ونفقہ کیواسطے دق کرتی ہے صورت اول الذکر کی اکثر طلاقین ہوتی ہین یہان تک کہ اگر عورت نوعمر ہو تو کوئی خریدار پہر تی ہین اگر ایک سو ۹ دینی پر مستعد ہو تو دوسرا اللعہ ۹ بولتا ہی گویا بمنزلہ نیلام خانگی جسکی قیمت زیادہ ہو اوسکیواسطی طلاق کیجاتی ہے اور عورت بہایم کیطرح چپ اپنی بیع سنتی ہے اور یہان تک جاہل کہ بغیر آشنائی اگر اوقات زیادہ قیمت دیوی تو اوسکی ساتہہ جانا اور نکاح پڑہنا اپنے پر لازم سمجہتی ہے اس خیال ہی کہ بیچ پر دیدی گئی جو مقدمات بابت ایسی زر نقد کی عدالت دیوانی مین آئی وہ بموجب سرکلر نمبر ۱۸۶۸ع صاحب جوڈیشل کمشنر پنجاب ڈسمس کئی گئے تب اوگون نی سمجہا کہ یہہ معاملہ قابل سماعت عدالت نہین ہے اول قسم کی طلاق مین حق مہر عورت کو کچہہ نہین ملتا دوسری قسم مین عورت مہر کا دعوی کرسکتی ہی مگر عموماً ایسی نالشات کم ہوتی ہین واضح رہے کہ اشراف پشتون اکثر اس امر کو زبون سمجہتی ہین اور نہین کرتی

## حراست عورات

باوجود اس حالت کی نا کتخدا دختر یا بیوہ عورات کو بدون رضامندی اپنی وارثان کی بموجب رواج ملک اختیار خود بیاہ کا نہین ہے حق والی ہونیکا سب سی پہلی رشتہ داران شوہر کا پہونچتا ہی اگر غیر منسوبہ دختر ہو تو والدین یا اونکی قریب تر زینہ رشتہ دار کو اگر بلا رضامندی والیان کی عورت اپنی مرضی سی نکاح کری تو یہہ امر داخل شرم ہی اور وارث اپنی ہتک عزت سمجہتی ہین بلکہ عہد افغانی مین یہانتک دستور تہا کہ اگر قبل از نکاح منسوبہ کی حالت مین مرد مرجاوی تو اوس دختر منسوبہ کو بطور میراث دیگر جایداد کی برادران مرد اپنا حق سمجہکر خود یا کسی دیگر بہائی سی کرلیتا تہا مگر اب یہہ رسم قانوناً جاتی رہی اکثر والی دختران کی ولایت پر اسواسطی زیادہ دعویدار اور زور لگاتی ہین کہ اونکو اونسی بوقت شادی کردینی کے روپیہ حاصل کرنیکی امید ہوتی ہی اگر بیوہ والدہ اوس دختر کی دوسری خاندان مین نکاح کرلیوی تو حق ولایت اوسکا جاتا رہتا ہی اگر شوہر کی حقیقی بیوہ بیٹہی رہے تو بہی بشرط موجود ہونی بہائی یا برادر زادہ شوہر متوفی ناطہ نسبت دختر کا اوسکی صلاح سی کرے گی اگر ایسا قریب تر رشتہ دار زینہ کوئی نہو تو بہ نسبت دور کی رشتہ داران کی اوس بیوہ حقدار کو زیادہ اختیار رہتا ہی بعضی جگہہ ایسا بہی ہوتا ہے کہ اگر وارث زینہ کی مرضی کی خلاف عورت کسی سی نکاح کرنا چاہتی ہی تو اوس وارث کو کچہہ روپیہ نکاح کنندہ سی دلاکر راضی کرلیتی ہی مگر یہہ رضامندی صرف لاچاری اور بی اختیاری کی سبب سی ہوتی ہے اسمین شک نہین کہ یہ تاکہ کیون کر فعل مختار کرنا ان لوگونکی طبع کی غیر موافق اور نہایت بدنامی کا امر ہے اور در اصل باعث خرابی کا ہے ٭

## دگڑی ڈکول

یعنی سبوح پانی سی پُر کرنے کیواسطی دولہہ کو ہمراہ لیکر دہل سرنار کے ساتھہ اکثر عورات گانونسی باہر کسی وہال یا نہر کلان
پر جاتے ہین اور دولہا اول تین قطرہ پانی اپنی شمشیر کے پیلہ پر اٹھا کر صبوح مین ڈالتا ہی اور پہر ہفت چلو ہاتھہ سی پانی
ڈالتا ہی بعدش مطربہ صبوح کو پُر کرتی ہی اور ہفت قدم دولہا اور مطربہ شامل اس صبوح کو لیکر چلتی ہین پہر وہانسی
مطربہ کے سر پر رکہا جاتا ہی اور اسیطرح گاتے بجاتے ہوئے گہر مین واپس پہونچتی ہین تب دولہا ایکروپیہ دیکر اپنا
دامن چہوڑاکر باہر میدان کو آتا ہی اور اُس پانی سے دولہا کو غسل دیکر عروس بنایا جاتا ہی جبع وقت بعد فراغت
طعام اور تماشا کے والد دولہا کو اپنی خویش واقربا تنبول دیتی ہین جسکو اشلک مین روپیہ آچولی یعنی روپیہ
ڈالنی کہتی ہین اسکی بعد جہیز جسکو **سروپہ** کہتی ہین اگر کچھہ دیا جاوی تو وہ باہر نکالکر حوالہ کرتے ہین اور رومال
وانگشتری دیتی ہین اور والد دولہا کا باہہ نکلکر سب قلی گر یعنی میراسے کوٹانہ کٹوال دیہ جلوشتہ کو موجب رسم دیہ رسمانہ
دیکر برات رخصت ہوتے ہی دولہن کو گہوڑے پر سوار کرکے ہمراہ لیجاتے ہین اور مرد کے گہر پہونچکر نکاح
پڑہا جاتا ہی عموماً خوانندہ نکاح کے ایکروپیہ اجرت ہی تیسرے روز دولہن والدین کے گہر واپس جاتے ہی اور اُسکی
پیچہی شوہر اُسکا معہ چند نفر جوانان ہمراہ سُسرال مین جاتا ہی اور اس رسم کو ...... **وریمہ** ......
کہتی ہین وہان پہونچکر رات کو ایک رسن ایکطرف سی عورات اور دوسری طرفسی وہ مرد معہ اپنی جوانان ہمراہی کی کہینچتی
ہین اگر دونو گروہ مذکر اور مونث سی کون غالب آکر دوسری طرف کو کہینچ لیوی اور باہم شیرینی مارتے ہین اور پتو کے
معمولا ڈالتی ہین اسیطرح ایکدو رات سُسرال مین گذرانکر وہ مرد معہ اپنی ہمراہیان کے واپس آتا ہی اور زوجہ اُسکی دو ہفتہ یا کم
زیادہ والدین کے گہر رہکر شوہر کے گہر مین آتی ہی اُسوقت سی رسومات شادی ختم ہوکر آبادی شروع ہوتی ہی مگر واضح رہی کہ
باوجود اپنی خوشی کی ایکشادی پر صبر نہین ہوتا جسکی باعث زیادہ دیتا ہی وہ زیادہ شادیان کرتا ہی اور اسی سبب سی کہ مختلف زوجات سی
اولاد ہوتی ہی آپسمین بجای اتفاق کی نفاق اکثر رہتی ہین +

## حال طلاق

اسماک کے ذیل تع مؤمنین رواج طلاق ایک عجیب طرحکا ہی یعنی جب مرد کی اپنی منکوحہ سی محبت نرہی تو اُسکو اس طرحسی طلاق دینی پر
راضی ہوتا ہی کہ جو کچھہ اُنکا شادی پر خرچ ہوا یا کچھہ کم وبیش آشنا یا دیگر خواہشمند سی نقد لیکر اُسکو دیوی عموماً اس زر نقد کے
تعداد بیس روپیہ سی لیکر سو روپیہ تک ہوتے ہی جب روپیہ شوہر نے پالیا تب عورت کو طلاق دیدیتا ہی اور وہ دوسرا شخص
روپیہ دینیوالا اُسی نکاح کرلیتا ہی باہم زن اور مرد کے اس بے اتفاقی کے دو سبب ہین اول عورت کی بیوفائی جو بسبب بدکاری
یا اغوا اپنی آشنا کے شوہر سی آباد نہین ہوتے اور اُسکو ہروقت کی تنگ رکہنی سی اس بات پر آمادہ

زور شور مین دولہہ کو پارچات شادی پہناتے ہین اور جامہ ہای کہنہ ڈوم لیلیتا ہی اور بعضی اخوندان وہمسائگان کو بہی دستارین بند ہوا کر اہل برات جسمین عورات اور مرد مخلوط ہوتے ہین روانہ ہوکر گاتے بجاتے ہوئی معہ دولہہ کے والدین دختر کے گہر جاتے ہین اور وہان پہونچکر

## رسم پاندرہ

کے انجام کیواسطی دولہہ معہ مردان اہل برات دہل سرنا رکے آواز کے شامل دختر کے گہر مین داخل ہوتا ہی اور مرد رقص کرتے ہین لفظ پاندرہ کے تعریف یہہ ہی کہ ڈوم ایک رشتہ لاکر مرد کے پانونکی انگشت نرینہ کے ساتہہ لپیٹا ہی اور پہر جست مار کر دولہہ جو کہڑا ہوتا ہی اُسکی سر کے اوپر ہاتہہ اونچا کرنا چاہتا ہی اُسوقت جہٹ پٹ دولہہ کو اُسکی دوست اور مرد ہمراہی زمین سی اوٹہا کر اونچا کر لیتی ہین اِس عجیب کش مکش مین اگر ہاتہہ مطرب کا دولہہ کے سر سی اونچا ہوگیا تو غلبہ دولہن کا سمجہی ہین برعکس اسکی اگر مرد کا ہاتہہ اونچا رہا تو دولہہ کا غلبہ ہی اس غرضی غلبہ کیواسطی اِسقدر کوشش کرتے ہین یہہ خیال ہمین رہتا کہ ہمیشہ غالب اور اونچا وہی رہیگا جسکا کام ہی بعد ہونے غالب اور مغلوب کے وہ ڈوم دولہن کے گہر کے شیرنی دولہہ وغیرہ مردمان کو دیتا ہی تب سب باہر میدان یا چوک مین آکر تماشا دیکہتی ہین تین پہر یا نصف رات تک میدان مین نندار ہی اور سندری وجاربیتہ وغزل کا شغل رہتا ہی اُسکی بعد عورات دف اور کف مارتے اور گاتے بجاتے ہوئی دولہن کے گہر سی نکلکر دولہہ کو واسطی

## تو لے

کے بولاتی ہین لفظ تولے کا اصطلاحی ترجمہ یہہ ہی کہ تال یعنی طشت شیرنی کی تقسیم کیواسطی صحن مین بولاتی ہین اسکی تشریح کیجاتی ہی کہ دولہہ حسب المطلب اپنی خسر چیونکی معہ اکثر جوانان اہل برات دویہہ اُٹہکر اُن عورات کی عقب مین جو باہستگی تمام سندری وغیرہ گاتے ہوئی جاتی ہین روانہ ہوتا ہی اور چند ساعت کے بعد والدین دختر کے گہر پہونچتی ہین جہان پہلی سی دیوار کی متصل لحاف وغیرہ کا فرش کیا ہوا ہوتا ہی اُس دیوار کے ساتہہ دولہہ کو معہ جوانان ہمراہی کہڑا کردیتی ہین اور عورتین سندری وغیرہ گاتے رہتی ہین مردونکو اجازت بیٹہنی کے ہمین ہوتے باوجود اِس لیل ستادہ کی عورات کی آواز اور جلوہ گریکی خوشی پر اکثر جوان اہل برات وغیرہ خواہ مخواہ اُس وقت شامل ہوتے ہین بہت دیر کے بعد مطرب اندر سی تہال بر شیرنی سی پُر نکالکر تقسیم کرتا ہی جو لوگ اُس سختی استادہ ہونے مین شامل تہی اُنکو زیادہ حصہ ملتا ہی اور باقی سب اہل برات بہی حصہ پاتے ہین جب یہہ ہوچکا تو سب فالتو مرد اُس گہر سی رخصت ہوکر باہر میدان مین آتے ہین مگر اکیلا دولہہ معہ ایکدو اپنی خویش واقربا کے رہ جاتا ہی جب اغیار رونسی میدان خالی پاتا تب خواہر دولہن کی یا اُسکی دیگر کوئی قریب تر رشتہ دار عورت دولہہ کے پاس آکر اُسکی دامن سے اپنا دامن باندہتی ہی اور اِسیطرح دامن بستہ

جیکا ترجمہ یہہ ہیچ کرنا ہی جب خورنہ والا سپریشہ ہو چکا تو عہد طرفین کا پختہ شدہ ہوتا ہی اور پہر کوئی حجت نہین ہی بعد ان رسوم کے
اگر عہد شکنی ہو تو موجب رواج ملک اسکا اسیقدر شرم سمجہتی ہین جیسا منکوحہ عورت کی چلی جانے سی ان رسوم کو پورا کرکے
وارثان لیراپنی گانونکو واپس آتے ہین +

## شروع رسومات شادی و نکاح

جب ارادہ نکاح کرنے کا ہوا تو سب سی پہلے رسم **واک لنڈیئی** ہوتی ہی اس لفظ کا معنی اختیار کو تاہ کرنا ہی تفصیل
اس اجمال کے یہہ ہی کہ والدین پسر کہیا شب سی ڈوم یعنی میراسی ایک قسم کے شیرینی جسکو بزبان پشتو **رنڑغوشی** کہتی ہین
یعنی پکوان الدین دختر کے گہر لیجاتا ہی اور اسکی پیچہی اسی روز ایک خوندا ور دو تین سفید ریش معتبر اور تین عورات سفید مو
والدین دختر کے گہر واسطی مقرر کرنے خرچ شادی کے جاتے ہین اور اسی پوچہتی ہین کہ کتنی گندم کتنا روغن اور کتنی گوسفند وغیرہ
اور کتنی روپیہ بابت **سرخونئی** وزیورات لیویگا اول وہ زیادہ بتلاتا ہی آخر بہت سی منت خوشامد او رجہگڑی سی ہر چیز
کے بعد از تشخیص ناکیہ وکیلان مذکورہ بالا واپس جاتے ہین اور اشیا معینہ والدین دختر کے گہر پہونچاتے ہین مگر غلہ گندم
مقررہ لینی کیواسطی سکنا سی دیہہ دختر خود آتے ہین اور انپر پردہ کے گانونکی لڑکے زرد ہلدی کا رنگ ڈالتی ہین جب اس رسم کے تعیل
ہوچکی تو اسکی بعد

## ختی وڑانی

یعنی پارچیات دولہن لیجاتے ہین دستور لیجانی پارچیات کا یہہ ہی کہ چند عورات سکنا سی دیہہ دولہہ دولہن کے شادی کا رنگ دار
جوڑہ لیکر گانو دولہن مین جاتے ہین اور انکی ساتہہ میراسی ڈہل ورسرنا نواز شامل ہوتے ہین جہان پارچیات پہونچا کر اکثر
تو بسبب قریب ہونے کے اسی روز واپس جاتے ہین ختی وڑونی کے پیچہی پانچ روز یا ہفتہ کو جتنی عرصہ مین پارچیات سیل
جاوین شادی یعنی برات لیجانے کا روز ہوتا ہی جنیت پہونچنی سی پہلے رات کو **جو نوشینہ** کہتی ہین یعنی دختران کتخدا
کے رات اور یہہ نام اسکا اسواسطی ہی کہ اس شب کو اس دختر کو دولہن بنایا جاتا ہی اور ہار سنگار کرتے ہی اور
والد دختر کا اس رات اپنی دختر کے سہیلیان اور ہمرولیونکو گوسفند ذبح کرکے کہانا کہلاتا ہی اور برات کی آنے سی پہلی
پیشین کے وقت اپنی گانونکی لوگونکو بہی داماد کے خرچ سی کہانا دیتا ہی +

## ورا یعنی برات

بزبان ملک جنیت یعنی برات کو **ورا** کہا جاتا ہی جسدن برات جاوے اس سی ہفتہ یا تین روز یا ایک
روز پیشتر بموجب توفیق دولہہ کے گہر خویش اقربا حسب الطلب جمع ہوتے ہین اور نیز ناچنی والے میراسی سنکہے
جنکو بزبان خود **منڈا رسے** یعنی تماشی کہتی ہین بولائے جاتے ہین اور انکی اوا سے بے لذت پر فدا ہی
ہوتے ہین جب سب سامان مہیا ہوچکا تو دولہہ کے گہر سے کہانا کہا کر بعد فراغت نان خوری ڈہول سرنا کر

تہی ایک عورت کی بدلہ مین اور دوسرے شہر مین تعاد برحیانہ بموجب اصطلاح ملک زر دو اسو یعنی ایکہزار دوسو واسطی
پشتو نونکی کہا جاتا ہی مگر دراصل سقادر کبہی دیا نہین گیا بدفتری چسب خواہش مدعی اس ہرجانہ کے نام پر زمینات وغیرہ
جنس گران بہا کے ساتہہ دیجاتے تہی نے الحال منکوحہ عورت کے فرار کنندہ کیواسطی دفعہ ۴۹۸ مجموعہ تعزیرات ہند
مین سزا موجود ہی مگر عورت کے بہت ان لوگون کو نہایت ناگوار ہی اور اسطرح خنتک آزاد ہی اس عورت کی اپنی
جان کیواسطی کبہی کبہی وبال ہوجاتے ہین مگر مردونکو بہی خیال ہوتا ہی کہ خرابے انکی متعدد شادیان کرنے اور متفرق ہا
یہ ہینری سی بہی واقع ہوتے ہین*

## حال شادی

اول ماہلہ منگنی کو بزبان ملک **کوزده** کہتی ہین طریق اسکا یہہ ہی کہ جب والدین دختر نے حسب خواست والدین پسر ماہلہ کا قبول کیا
تو سب سی پہلی رسم **خورنہ** ہوتی ہی خورنہ اسکو کہتی ہین کہ سکنا ریہہ دختر کو وارثان مرد کیجانب سی کہانا کہلایا جاتا ہی اور
خورنہ بمعنی خورش بر حسب حیثیت ۵ع روپیہ سی دوسو تک بہی خرچ ہوجاتا ہی طریق خورنہ کا یہہ ہی کہ باپ پسر کا
بوقت شب معہ اقربا و نیکخواہ والدین دختر کے گہر جاتا ہی اور وہان جاکر **سندرہی** وغیرہ عزا ہا گائی جاتے ہین نصف
وقت پوتریہی خرچ سی والدین دختر کے گہر حسب توفیق وہمت والدین پسر کے کہانا تیار ہوتا ہی اور اس کہانے سی
اہل سکنا ریہہ دختر کے سیر ہوتے ہین بعد ش مہمان ہمراہی باپ مرد تناول کرتے ہین جب شکم پری سی فراغت
ہوچکی تو وارث پسر کا معہ چند معتبرین والدین دختر کے اندر جاتا ہی جہان وارث دختر کا معہ اقربا خویش انکی انتظار مین
موجود ہوتا ہی اسوقت جسقدر روپیہ بابت **چیڑہی یا سیڑہی** مقرر ہوئی شمار کرکے ڈوم یعنی میراثی کے ہاتہہ سی وارث
دختر کو دیتی ہین فیصدی پانچ روپیہ عموماً اسمین کم ویکر ڈوم کو راضی کرتے ہین تعداد اس سیڑہی کی حسب حیثیت دہندہ و خواہش
گیرندہ کم وبیش ہوتے ہی عموماً ۱۰۰ع سی لیکر ساتہ تک بیم ہوتے ہی اور بعضی جگہہ اسمین ہی زیادہ جو اونچی خاندان اور معزز پشتونون
کے دختر ہو اسکو واسطی رقم چیڑہی کی اونچی ہوتے جاتے ہی معزز لوگ اس روپیہ سی بوقت شادی زیورات تیار کرکے اپنی دختر کو
شامل جہیز دیتی ہین اور دوسری قسم کے ایسی لوگ اکثر ہین کہ روپیہ سیڑہی بمجاوضہ دختر خود لیکر ہضم کرجاتے ہین اور اس دختر
فروشی کو گویون سمجہتی ہین مگر عار نہین کرتے المختصر جب یہہ سیڑہی شمار کرکے دیگئی تو اسوقت ڈوم شربت کا پیالہ جسمین گڑ
ذرہ سا روغن زرد بہی ملا ہوا ہوتا ہی ایک ایک گہونٹ مہمانان معتبر کو پلاتا ہی اور اس پیالہ مین حسب دستور گاؤنکی وہ لوگ
ڈوم کیواسطی روپیہ ڈالتی ہین اور پہر اسی مجلس مین وارث پسر اور اسکی دیگر اقربایان موجودہ کی دہنی ہاتہہ کی ہتہیلی مین حنا یعنی
مہندی جسکو بزبان ملک **نکریزہی** کہتی ہین لگائی جاتی ہی اور اس مہندی لگانے کے رسم کو لاس سوری کہتی ہین

معشوق حسابی میں آتی تھی بموسم زمستان چند بدفعل ایک معشوق بے ریش کے عاشق جمع ہوکر ایک گوسفند کلان قیمتی آٹھ
روپیہ یا زیادہ جو اسی کام کیواسطے پہلے سے پالا جاتا ہی ذبح کرکے چوک کی متصل جو چھوٹا حجرہ ہوتا ہی اسمین پکتی ہین اور اپنے
معشوق کے ساتھ ہر شام اسی جگہہ کہانا کہاکر چار بیت اور دیگر غزل عاشقانہ گایا کرتے ہین اور ہر طرحکی بدمعاشی اور بدافعالی
اس حجرہ مین ہوتے ہین جبتک معشوق سب فدائیونکے ساتھ برابر برتے اور ایک کو جواب محرومی کا نہ دیوی تبتک
رشک یا حسد اثر نہین کرتا ہو چونکہ تہذیب اخلاق کیواسطے یہہ بدمعاشانہ مجلس نہایت مضر ہی حرام مال کہانا جہوٹھ بولنا
بدفعل کرنا اسی مجلس سے سیکھتی ہین کیونکہ اس مجلس کے ہمنشین سب نوخیز ہوتے ہین اور انکی خام طبیعت پر اس بدمعاشانہ صحبت کا
جلد اثر ہوتا ہی +

## چوری سے

سوای قلیل آدمیونکی جو پیشہ ور سارق اور بدچلن ہین سنگین وارداتِ سرقہ کے سارق اس علاقہ مین کم ہین خصوص شنوارن
نسل شنوزئی اس جرم کے عادی نہین ہین اور جو واردات شہر یا چہاونی مین ہوتے ہین اکثر انکی وزیر تو کم آوارہ
آدمی مرتکب ہوتے ہین جرایم رہزنی یا غارتگری بہی بہت کم ہوتے ہین اور جو ہوں تو وہ سرحدی باہر کے لوگونسے سرزد ہوتے
ہین جسقدر گروہ سارقان اسعلاقہ مین ہین وہ ایکدوسرے کے حالسے بخوبی واقف رہتے ہین واردات چوریونکا پتہ انکی معرفت
لگنا ممکن ہی ایسے آدمی اکثر انکی علاقہ مین موجود ہین کہ سوای خانہ بدوشی کے اور کچھ گذارہ نہین کرتے اور انہین سے سارق
بنجاتے ہین ایسے آوارہ گروہ کو زیر نگرانی رکہنا لازم ہی +

## نقصان سانی

عہد افغانی مین بذریعہ کمی پانی یعنی اوپر سے توڑ ڈالنی بند یا بال یا نہر کے سے شنوزئی لوگ اپنی دشمن کو بہت نقصان باعث پہنچایا
کرتے تھی اور اسی سبب سے اگر اپنی بیج والے کم زور ہوں تو سر پر یعنی اوپر والونکی محتاج رہتے تھے اب اس قسم کی نقصان رسانی کی توفیق
نہین ہی کتی مگر اپنی دشمن کے بہایم کو بشرط موقع نقصان پہنچانے کیواسطے مستعد رہتی ہین اور کبھی کبھی رات کیوقت گھرونکو آگ
لگاتے مین یہہ سوا انکی خباثت طینت کی گواہ ہین اور گندم کے خرمن جلانے سے اپنی دشمن کو نقصان پہونچاتے ہین +

## بہگالیجانا

عورت کا جرم بہت ربع وہ ہوتا ہی عہد افغانی مین بیوہ منسوبہ اور منکوحہ عورت کا بہگالیجانا برابر گناہ سمجھی تھی اسوقت
بسبب دشمنی ایسی امور مونکو علاقہ کے اندر مخالف گانو مین پناہ ملتی تھی مگر جو شخص منکوحہ مندہ شوہر کے فرار کرلیجاتی تو وہ دونون
گانو میان علاقہ بنوچی مین ان مفرورین کو پناہ کم دیتی تھی ایسی مفرورونکی طلبگار وادی دوڑ یا کو وزیران بھی قبل از
عملداری سرکار اس جرم کا بدلہ شدت رسم قتل ہر دو مفرورین تہا اگر مدعی شتوان نہ زور آور ہوتا تو اکثر یہی عمل
کرتا تہا بصورت دیگر یعنی صلح ہو تو بالغ ناکتخدا عورتین مجرم کے رشتہ دار سفید بارہ مین تھہ کرکے مدعی کو دیجاتی

## بلوہ اور ہنگامہ

عہد افغانے مین سوائی اور طرح کی لڑائیون کی پانی کے تکرار پر بلوہ اور ہنگامہ سی بنیاد اُٹھکر باعث کُشت خون کے ہوا کرتے تہے اب بہی
خفیف جرایم ضرر رسانی جسم اور بلوہ کی تکرار لگانا پانی کے اکثر سرزد ہوتے ہین اور آپسمین تکرار صرف یہہ ہوتا ہی کہ ایک فریق نوبت لگانے پانی
کے اپنی زمینات کو بتلاتا ہی اور دوسرا اپنی کو اور گندی یعنی بند جو نہر یا دریال مین ایک فریق دیتا ہی اور دوسرا اُکہاڑتا ہی جسپر تکرار زبانی سے
گذرکر ضرر جسمانی تک نوبت پہونچاتے ہین عموماً اس قسم کے جرایم بوقت کمی پانی کے گرم موسمین مین بماہ مارچ و اپریل یا ماہ
ستمبر و اکتوبر بر واقع ہوتے ہین بعد جرای تعزیرات ہند کے اِس قسم کے جرایم مین البتہ کمی ہوتے جاتے ہی الا انکا موثر علاج یہہ ہی
کہ بوقت تنگی پانی حکام صدر اور تحصیلدار وسطی انتظام بہر رسانی پانی کے مستعد رہین اور بہم کے ہوا خوری کیوقت و یالین نہرونکی
پانی کا حال دیکہا کرین اور خفیف تنازعات نوبت پانی اکثر سر موقع زبانی خوب انفصال سوطی ہو سکتی ہین مینے آزمایا ہی کہ یہہ تجویز واسطی
امن اور بہتری رعایا کارگر ہی *

## زنا بجبر

بنو والی یعنی عہد افغانی مین اس جرم قبیح کا بدلہ یہہ تہا کہ مرد مرتکب کو جانسی مار دیا جاوے اور یا ناک کاٹا جاتا تہا یا حسب مرضی
ملک یہہ اسکی جایداد لوٹ لیجاتے تہی یا سخت جرمانہ کیا جاتا تہا حصر ان امور کا اوپر زور یا کم زوری مدعی کی تہا اگر مدعی نشیونز
اور ملک ہوا تو بیدون مرگ نہین چہوڑتا تہا اگر ہمسایہ اور کم زور ہوا تو ملک یہ کی مرضی تہی جسطرح ہو سکی کرتا تہا فی الحال اِس
قسم کے جرایم شاذ و نادر سرزد ہوتے ہین *

## زنا برضا

مین بہی وہی طریق تہا جیسا زنا بجبر مین صرف اتنا فرق تہا کہ عورت بہی مرد زانی کے ساتہہ قتل کیجاتی تہی اب زنا پوشیدہ
اکثر ہی اور مجموعہ تعزیرات ہند کا دفعہ ۴۹۷ - آزادی عورت کا مضمون ان لوگونکی طبایع سی مخالف ہی *

## اغلام یا خلاف وضع فطری

پرگنہ بنو مین یا تنتنا روزیران اس بد تر فعل کا بہت رواج ہی شاید حضرت لوط کے قوم کا کوئی دیو رسیدہ بلکہ اس فعل
مین یہانکی بعض لوگون کا راہبر ہوا عہد افغانے مین اس بچہ بازی پر آپسمین بڑی بڑی ملکونکی دشمنی اور عداوت ہوتے تہے اور
جو آدمی دولتمند ہوا وہ اِسبات کو فخر سمجہتا تہا کہ اسکی پاس ایک طفل بے ریش اپنا محبوب ہو باوجودیکہ مستورات اپنی
گہرونمین رکہتی ہین مگر بعض کمبخت لوگ انکو بہی چہوڑکر امرد معشوق کے شامل چوک اوساتین مین سویا کرتے ہین طرفہ ماجرا یہہ
ہی کہ ایک امرد لڑکے پہ چند کس عاشق ہوتے ہین اور اِس قبیلہ رشک سی بنیاد فساد اور بنا ہر واردات کہڑی ہوتے
ہی اسی سبب سے کپتان کاکس صاحب ڈپٹی کمشنر نے ۱۸۹۵ع مین معرفت حافظ احمد خان تحصیلدار
مرحوم ایک فہرست اسم وار شمار عاشق و معشوق مرتب کرائی تہی اس شمار کیوقت ۲۰۴ - عاشق اور ۱۹۸ -

ایسی مجرمان کا پتہ لگانا افسران پولیس اور مجسٹریٹ کو بہت مشکل ہوتا ہی کیونکہ اکثر مقتولونکی متعدد دشمن ہوتے ہین اور سکناے
وہان اپنی کم فہمی کے سبب عموماً اسطرف راغب ہوتے ہین کہ وجہ ثبوت ظاہر ہونے پاوی جسکو کچھہ معلوم بھی ہو تو وہ بھی
کلمہ لاعلمی کے سوا کچھہ نہین بتاتا اس شام اور سہل خیال سی کہ ہم کو کیا فایدہ جو کچہری مجسٹریٹ اور سشن جج تک تنہا
عرصہ شہادت کیواسطی خراب ہوتے پھرین یہہ نہین سمجھتی کہ اس شہادت صحیح کے ادا کرنے سی ہمارا دین و دنیا کا بھلا
ہی کیونکہ ایسا مجرم جسکی واسطی کتاب الہی مین بھی قصاص کا حکم ہی کیفر کردار کو پہونچیگا مگر بعضی معتبر ملکون نے اس بھلائی کو
سمجھہ لیا ہی اور اکثر معتبرین یہ سمجھتی جاتے ہین کہ سرکاری حکام سی اسطرحکی مقدمات مین پتہ لگانے سی ہم و تحسین اور
نیکنام ہونگی اس قوی سبب کے علاوہ خوف انتظام سرکاری انکو جبتی سی پتہ لگانے کیواسطی مستعد کرتا ہی جو ہمیشہ مطلوب ہی دوم
امور مفصلہ اس ملک مین اکثر جرایم قتل انسان واقع ہوتے ہین عموماً یہہ ہین اول عورات کی آشنائی اور ہونا سے
دوسری امرد اور بے ریش لڑکونکی عاشقی جو رشک قبیلہ سی اس کبیرہ گناہ کے باعث ہوتے ہین تیسرے دشمنی قدیمانہ جو عہد
افغانے کا قصاص اپنی بھائی باپ کا لینا باقی ہو اور عداوت جدید یا طمع زر اور ان ایسی جرایم کا اکثر وہ دشمن اپنی ہاتھہ سی
کرتا ہی مگر ہمراہ اسکی ہمنشین اور دوست ہوتے ہین اور بعضی وقت ایسا بھی ہوتا ہی کہ دشمن اپنی مخالف کی مارنے کیواسطی دوسرے
شخص بد چلن اور بد طینت کو کسیقدر روپیہ دیکر اس سی یہ کشت عظیم کراتا ہی ہر مقدمہ مین تحقیقات اور پتہ لگانے کیواسطی خاص
صورتین پیدا ہوسکتی ہین مگر مجھہ کو اپنی تجربہ مجسٹریٹی سی دریافت ان امورات کی ضروری معلوم ہوئی اول مقتول
کے دشمنی قدیمیہ اور جدیدہ کے دریافت دوسرے اسکی زوجہ اور اسکی اپنی چلن کے تفحص تیسرے اسکی عاشقی
معشوقی اور ہمنشینونکی تحقیقات ان امورات کو بغور چہانٹنے سی نیک نتیجہ نکلتا ہی بشرطیکہ مثل بعض افسران ایک تفتیش جو
دستیاب شدہ پر بھروسہ کرکے کوشش بند نہ کیجاوی +

## دوم ضرر شدید

ہاتھہ پاون یا دیگر اعضا کا کاٹا جانا یا بیکار ہونا اور دانت کا توڑنا یا بینائی چشم کو بیکار کرنا اس قسم کے جرایم کو بہ لفظ افغانی
نیم مرگی یعنی نصف مردہ کہتی ہین اور قبل از عملداری سرکار انکی سزا یہہ تہی کہ جسقدر ضرر رسیدہ کو نقصان پہونچا ہو اسیقدر
ملزم کو بھی ضرر پہونچایا جاوی یا دیت یعنی معاوضہ بانسوی اعضا اور دو سو بابت ہر ایک دانت مجرم سی لیا جاوے اس جرم کا
ظاہر و عام نہین تہا حسب منشا ملک وہ کچھہ شدید اور تفصیل ہوتی تہی کہ اگر یہہ پہونچی تو اسکی بدلہ مین قتل تک نوبت پہونچا دیتی
الا اگر کسی شخص کو بعلت زنا یا اغلام بذریعہ کاٹنی ناک یا دیگر اعضا نقصان پہونچایا جاوی تو وہ دستور مندرجہ
بالا سی باہر اور مستثنیات مین داخل تہا فی الحال اس قسم کے جرایم کم واقع ہوتے ہین +

کہیل مین صرف یہی خوشی ہی اِن بقیونکی واسطی خوبصورتے اور بقیوں کے اکثر زرد اور سرخ رنگے یا جاتا ہی بقیہ خوری کیواسطی بنو چیون نے یہہ خوب رسم نکالے ہی اسروز بازار مین جسجگہہ دیکہو انڈی لڑاتے نظر آوینگی "

# ذکر جرایم متعلق فوجداری

## اول قتل

اِس علاقہ کے لوگونمین جوکچہہ عہد لغانے یعنی قبل از سلطنت انگریزی کے کُشت خون ہوتے تہی اُسکا حد حساب نہین بنتوون قومونسی کوئی قلیل آدمی ایسی ہونگی کہ جنکی خاندانونکی باہم کشت خون کے عداوت نہو یہانتک کہ ہرایک گانونمین بہی دو فریق دشمن رہتی ہین اور اپنی عزیز تر رشتہ دار کوبہی بطمع دنیاوی اور حسد کے راہ سی ہلاک کرنا اُنکا وتیرہ تہا اپنی دشمن اور حریفو کو دغا ہی سی جسکو بزبان خود ورد کہتی ہین قتل کرنا فخر اور حکمت سمجہتی تہی اور ایسی بے مروتے سی کہ اپنی گہر مین مہمان بُلاکر بہی نہین چہوڑتے تہی لوگ کہتی ہین کہ بنونمین قبل از عملداری سرکار کوئی روز بہی ایسا کم ہوتا تہا کہ جسمین دو چار یا اسی زیادہ قتل عمد انسان کا جرم سرزد نہوتا اِسکا سبب یہہ ہی کہ کوئی مستقل حاکم اِسملک مین نہین رہا اور ملکان قوم صرف اپنی گوندیدار ونکی مدد ہوتے تہی اُنکی بے اعتدالی اور طرفداریکی سبب سے اُنکی حکم کے تعمیل سوای جبر اور ظلم کے نہین ہوسکتی تہی اور اِسقدر جرایم قتل کا ہونا بلکہ انکی اپنی ترغیب اور شمولیت کا باعث تہا اور اکثر خود ملک لوگ آپسمین لڑا مرا کرتے تہی بموجب رواج ملک جرم قتل کے صرف یہی پاداش تہی کہ قاتل کو بشرط دست رسی جسطرح جسی بن پڑی وارثان مقتول کیجانب سی قتل کیاجاوی اور اُسکی جائداد جو کچہہ ہلی لوٹ لیجاوی اگر قاتل ہاتہہ نہ آوی یا وہ بمرگ طبعی مرجاوی تو اُسکی بہائی یا فرزند یا دیگر رشتہ دار کو مارنا اپنا حق سمجہتی تہی بلکہ جس غیر گانو مین قاتل رہتا ہو اُسمین جا ر پناہ لے ہو تو اُس گانونکی دیگر بیگناہ آدمی کو بہی نقصان جان پہونچانے سی دریغ نہین تہا اِس حالت کا نتیجہ یہہ ہوا کہ دیہہ بدیہہ اور گہر گہر بنو نمین دشمنی تہی طریق صلح قتل کا یہہ تہا کہ قاتل اخوند یعنی علماء کلان اور فقیران متبرک کو ہمراہ لیکر اور کفن اور شمشیر اپنی ہاتہہ مین اُٹہا کر اُسدن جب مقتول کے وارثان کے گہر کوئی اور ماتم ہوا ہو اور اُسکی فاتحہ خوانے کیواسطی جاوین جاتا ہی ایسی حالتمین قاتل کو لیجا کر سید اور علماء بطور ننا واتی یعنی خواستگار وارثان مقتول سی صلح کے خواہان ہوتے تہی اگر اُسنی صلح قبول کے تو **زر دوہ سوہ** یعنی ایکہزار دو سو خون بہا مقرر کرکے لینا کرتا تہا اور قاتل بعوض اِس خون بہا کے زمینات زرعی یا عورات باکرہ یا دیگر جنس و نقد لیلیتا تہا مگر یہہ دل کے صفائی بدون مدنظر کسی اَور مطلب کے کم ہوتے تہی اور یہی سبب تہا کم خواہش صلح کا تہا اور فی الحال گرچہ اُسطرح کے کُشت خون اور طریق صلح کا نام و نشان بہی نہین ہی اِلا خفیہ جرایم قتل عمد اکثر واقع ہوتے ہین اِسطرح کی اکثر وارداتین ہوتے ہین کہ رات کو سوتے ہوئے آدمی کو شکم مین چہورا یا تلوار کا زخم مارکر ہلاک کیا جاتا ہی اور

ہین تشوم ڈہال تلوار اور تاتی بنوچیمین کوئی بالغ مرد خالی نہین تہا سمی الٰہی شہو آہنگر جو سو برس کا مرگیا ہی اسکی بنائی ہوئی تلوار
اس ملک مین بہت پسند کرتے ہین اور فی الواقع قابل صفت ہوتے ہین چہارم چہورا یا میش قبض جسکو جاڑہ کہتے ہین پنجم نیزہ جو سوار
رکہتے تہے گرچہ بنوچی اچہی سپاہی نہین ہین مگر اسلحونکی پیداشت اور شوق بہت ہی جب جنیل جان نکلسن صاحب ڈپٹی کمشنر سابق نے
واسطے انتظام ملک یہہ طریق کیا تہا کہ جس تپہ مین خون کے واردات ہو اس تپہ کے کل بہادرون سے اسلحہ لیکر منضبط سرکار کئے جاتے تہے
بدین سبب اسلحہ لئے گئی گرچہ ایکٹ نمبر ۱۱ سنہ ۱۸۷۸ء کی منشا سے یہہ ضلع باہر ہی مگر بسبب افراط دشمنی و عداوت لوگون کو حکم نہین ہی کہ
بدون حصول لائسنس اپنے پاس اسلحہ ہر وقت رکہین یا پہرین مگر ضبطی نہین لئے گئے انکے گہر مین تہیار پڑے ہین ٭

## سواری و نیزہ بازی

بنوچی لوگ جو سوار ہوتے ہین عہد خالصہ مین نیزہ بازی کا شوق تہا اور دشمنون کے مال کے تاخت کیواسطے نیزہ باز سوار کوئی معقول لیجاتے تہے
مگر میدانی لڑائی کیواسطے انکی سواری کسی کام نہین آتے تہے زمانہ سابق تاخت اب حرام کی سوارونکا یہہ شغل ہی کہ شادیون یا تہوار عیدین
پر نیزہ سے چیلی مارتے ہین اور بعضی سوار اس فن مین کامل ہوتے ہین تخم بنووال گہوڑونکا اچہا نہین ہی میانہ قد اور پست ہمت
ہوتے ہین مگر بعضی شوقین مالک اپنی اسپ مادیونکو اچہی سانڈہ سے بہرواتے ہین اور پرورش بہی نہایت درجہ تک کرتے ہین جیساکہ اسد خان
سکندر خیل مشہور شوقین نے اپنی خانہ زاد گہوڑی ایکہزار سی کچہ زیادہ قیمت پر فروخت کی تہی عربی سانڈہ مطلوب ہی اور وزیرال گہوڑی کی
نسل کو مضبوطی اور محنت کشی کیواسطے پسند کرتے ہین ٭

## خوشی عیدین

چونکہ اوپر عیدین مین چیلی کا ذکر لکہا گیا ہی پس تہوڑا سا ذکر رواج خوشی عیدین اس موقع پر مناسب نظر آیا اول عید الفطر جو بعد اختتام
ماہ مبارک رمضان غرہ شوال کو ہوتے ہی دوسری عشرہ ذالحجہ کو عید الضحی عید کو بزبان پشتو اختر کہتے ہین عید الفطر کے صبح اٹہکر
اپنے اپنے محلہ مین خانہ بخانہ مرد لوگ پہرکر چند نوالہ طعام ہر گہر سے کہاتے ہین اس روز اکثر چاول روغن زردی کہائے جاتے ہین عید الضحی
پر نماز کے بعد اسطرح ہر گہر محلہ سے نان گندم ساتہہ گوشت کی تہوڑا تہوڑا کہاتے ہین اور اس ضیافت عجیب کو عید مڑی یعنی
عید کا کہانا کہتے ہین عیدین کے نماز نہین پڑہے جاتے عہد افغانے مین عید کے روز بڑا ملک ایک
اونچے دار کہڑی کرکے اسکے سر پر چاندی کا قبہ رکہہ جاتے تہے اور بنوچی لوگ جمع ہوکر بندوق سے اس قبہ کو مارتے تہے جو
گرا دیوے وہ اسکو لیجاتا ہی یا چیلی یعنی نشانہ بازی نیزہ سے اور عام تماشا اس ذریعہ ہی کہ ہر گانو مین اکثر بازار بنو مین
جمع ہوکر بیضہ مرغ خانگی یعنی انڈے جوش پانے مین پکے ہوئے آپس مین اسطرح لڑاتے ہین کہ ایک آدمی ہاتہہ مین ایک انڈا
پکڑ رکہتا ہی اور دوسرا اوپر سے دوسرا انڈا اسپر مارتا ہی جسکا ٹوٹ جاوے وہ توڑنے والا لیکر کہا لیتا ہی اور اسی

سکنہ گہڑہی سلیمہ کے اسروز اپنی قیام گاہ کو واپس گئے تیسرے روز موضع شہباز مین جو بیلین گندہی کا تہا ڈیرہ کیا متصل
موضع بڈا خیل خفیف مقابلہ ہوا و بنوچی ور چند وزیر مارے گئے اور وزیر لوگ موضع ڈاڈو اسمعیل خیل کیطرف روانہ ہوئے وکس خان
نے کنارہ ویال برن کے اوپر اُنسے پہر جا مقابلہ کیا اول بنوزئی پسپا ہوئے مگر پہر حملہ لاکرہ - وزیرونکو قتل کیا تب وزیروں
نے یہہ لشکر کشی بیفایدہ سمجہہ کر توڑہ یعنی مجمع متفرق کر دیا کیونکہ سوای نقصان کے اپنی حد سے اسقدر دور انکو فایدہ کی اُمید
نہین تہی وکس خان کے وفات کی بعد وزیر قوم روز بروز زور پکڑتے گئے اور اپنی حدودات کو تدریجا بڑہاتے رہے اسمین
کچہہ شک نہین امر بنوزئی لوگ خود قایل ہین کہ اگر سرکار انگریزی کی سلطنت انکی واسطے سپر نہ بنجاتے تو اتبک وزیر لوگ بسبب
اتفاق خود اور بے اتفاقی بنوچیونکی اُنپر ایسے غالب آتے کہ جیسا یہہ لوگ پہلی قوموں پر آئے تہے اور بہت سا ملک اُنسے دبالیتے کیونکہ
بسبب بے اتفاقی خانگی اُنسے خود اُنکو عہدہ برا ہونیکی امید نہین تہی اس بات کو یہہ خوب سمجہے ہوئے ہین کہ ہاتہہ ہونچنے پر سب سے پہلی اور
قوی دشمن ہمارے وزیر ہونگے فی الحال مخالف قوم کے دشمنونسے سرکاری رعایا کو اسقدر خوف بہی نہین ہے کہ جتنا ردوکرم کے
ایک ہفتہ یا کم ہوجانے سے ہوتا ہے مگر خانگی دشمن کے پوشیدہ جہورا مار کر رات کو ہلاک کرجانیکے اندیشہ رہتا ہے نہ کہ لشکرکشی کا ٭

## حال لاوری و طریق لڑائی بنوچیان

گرچہ شروع عملداری سرکار سے لڑائی کا نام ونشان بہی نہین ہے مگر قبل اسکی لڑائی کا یہہ طریق تہا کہ جہانتک ممکن ہو سامنے میدان
کے لڑائی نہین کرتے تہے کسی ویال کے نشیب یا کسی اور آڑ کو محافظ رکہکر بندوقین اُدہر اُدہر سے چلاتے تہے اور اکثر تو دغا سے جسکو
بزبان ملک وہر یا دروغ کہتے ہین یا کمین جسکو پشتو مین دبہ یا پٹہ بولتے ہین کرکے ناگہان بلا خبر اپنے مخالف پر حملہ کرکے مار دیتے غرض کہ
ننگ وناموس سے جان بچانا مقدم تہا البتہ بعض آدمی لاور جنکو بزبان خود ڈیپا ور کہتے یا شاعلی کہتے ہین لڑنے اور شمشیر زنی مین
مشہور عام تہے مگر شاذ و نادر اگر بنوچیونمین وہر یعنی دغا اور کمین پوشیدہ کا رواج نہوتا تو سامنی میدانکی لڑائیونمین نقصان جان
انسان اتنا نہوتا جتنا عہد فغانان مین ان دو سبب سے ہوا ہے میدان کے لڑائی صرف ایسے حالتمین پسند کرتے تہے جہان لاچاری سے
دشمن کا سامنا ہوجاوے کام سپاہیانہ سے کلی نفرت ہے اور اسی سبب سے فوج مین بہرتے ہونے کا نام بہی نہین لیتے وزیر لوگ ہنسی
سے کہتے ہین کہ بنوچی شنری دی یعنی بنوچی ال کیطرف سے عورتین ہین ٭

## اسلحہ

بنوچیونمین توڑہ دار بندوق لمبی ہوتی ہے جسکا کندا ذرہ سے ٹیڑہا ہوتا تہا اور آگے واسطے شست جمانے کے لکڑی کے دو پایہ لگے ہوئے ہوتی ہین اس بندوق کے
جو اچہی ہو چار سو قدم تک ہے اور بعضی بڑی ملکونکی پاس جیساکہ وکس خان و جعفر خان و میر عالم خان تہے جزایل اور شاہین
بہی تہی اور اکثر بنوچی نشانہ باز اچہے ہوتے تہے دوم تیر کمان یہہ آلہ واسطے حفاظت مال اور دولت کی کام آتا تہا گرچہ مثل بندوق کام نہین دیتا
مگر سواران کے تاخت ناگہانی کیوقت جہٹ پٹ کام دیتا تہا الا اسی قوت جسے تیر اپنا کام پورہ کرے بنوچیونمین تہوڑی آدمی کہتے

ایک خاندان جو سپین گندی مین تہا اسنے اپنے گندیسی نقصان اٹہاکر بطور پناہ تور گندیمین منتقل ہوا اور اسیطرح تورسی سپیز مین گئی گرچہ وکس خان سرافسر تور گندی کے جاہ و اقبال کیوجہ تور گندی سپین گوندی کے نسبت غالب ہو جانے سی بعضے قومین سپین گندیسی تور گندیمین منتقل ہوئین جنکا ذکر مفصل فہرست کی خانہ کیفیت مین ہی مگر اس انتقال کا سبب بہی زیادہ تر آپسکی بے اتفاقی تہی اور نیز الحال ایسی لوگ بہی بہت ہین کہ باوجود قایم رہنی اپنی گندیمین اُسے گوندیکی دوسرے ملکونسی عداوت رکہتی ہین بطور نظیر چند اشخاص معتبرین کا مختصر حوالہ دیا جاتا ہی اول تور گندیمیں نیلیم خان وہرمہ خیل کے درب خان سی سخت عداوت ہی اسیطرح پسران بازید خان سی اور نیز ظفر خان اور شاہ کے درب خان سے رنجش ہی دوم سپین گندیمین سرداد خان کے خضر خان اسمعیل خیل اور سرمست و ظلیم مغل خیل کے ساتہہ رنجیدہ گی ہی اور شکر الہ خان منڈان کے میر اکرم وغیرہ پسران میر ہوس سی سخت عداوت ہی الغرض ہر خیل کا اعتقاد نہ ہی کہ اپنی عزیز تر بہائی کے بہی بہتری اچہی نظر سے نہین دیکہتی +

## حال دشمنی ہمراہ دیگر اقوام ہمسوانہ

قوم ہنی امرو خٹک کے اخراج کے بعد چند عرصہ قوم خٹک کے ساتہہ جو اسوقت سدروان مین آباد تہی بنوزیانکی دشمنی رہی شاخ سوانی نے دیگر بنوزیان کے مددسی زمین سدروان تہل تک خٹکونسی لیلیا بعدش چند عرصہ مشرقی بنونکو قوم مروت کیطرف سی خطرہ اٹہانا پڑا مروتونکی دشمنی کے سبب سی زمین موسوم نار جو کچہہ پہلے آباد تہی وہ بہی غیر آباد ہوکر جنگل بنگیا سب سی زیادہ دشمن بنوزیانکا قوم وزیر ہی قوم میریکی ساتہہ سب سی پہلے شاخ بکا خیل و جانی خیل قوم اتمانزئی وزیرونکی چہیڑ چہاڑ ہوئی اسکی بعد شاخ احمدزئی سی فرقہ محمد خیل سپرکئی دہمرزئی نبرخیل و تی خیل کا قوم سوراٹی بنوزئی کے ساتہہ فساد اٹہا محمد خیل وزیرون نے بتدریج اکثر کامو زائی حصہ بزور اور کچہہ بزر زیر قبضہ کرلیا اور تہل و دامن کوہ مین انکی مویشی چرائی ہوتی تہی بنو جبکہ سپین گندی وغیرہ کی شامل ہوکر تور گندی پر زور لائی اس باعث سی ۲-۳ دفعہ وزیر لوگ عین وسط بنون تک لوٹ مار کرتے چلی آئی اور تفرقہ عظیم ڈالا مگر وکس خان افسر تور گندی نے ہمت کرکے انکو ہٹا دیا تفصیل اس اجمال کی یہہ ہی کہ مخالف گندی نے وزیرونسے واسطی خرابی کرنے وکس خان و شیرمست خان افسران تور گندی استدعا کی تب وزیرون نے تورہ جمع کرکے بمقام زیارت جنگ شاہ ڈیرہ کیا دوسری طرفسی وکس خان وغیرہ ملکان تور گندی کو بمکام شاہ مین متصل جہنڈو خیل جمع ہوئی اور مسمی بازید خان ولد خانان قوم میری کو واسطی معرکہ پاس وزیران بہیجا وزیرون نے بازید خان مذکور سی دغا کرکے عین گفتگو مین چند ضربات شمشیر سی مجروح کیا مگر ہلاک نہوا دوسری صبح لشکر وزیران طرف بتہ خیل کے روانہ ہوا اور وکس خان اپنی گوندیدارونکی شامل کہنڈرات کہنہ مرد خیل مین جو کنارہ کورم پر واقع ہی وزیرونکی مقابلہ کیواسطی مستعد ہوا وزیر لوگ حملہ سی نقصان سمجہکر بعد قتل کرنے ایکتن تو نمز

زراعت ہاسی بیشک اور ملکی کے ہونے سی دغابازونکو پوشیدہ جانی کیواسطی موقع ملتا تہا متغرق ہوکر دشمن گانونکی آدمیون پاگہ یاان
زراعت سی نکلکر حملہ آور ہوتے تھی اور ان بیخبرونکو جہانتک ہاتہہ پہونچا قتل کیا اور جسجگہہ مویشی مخالف گانونکی چرتے ہوی
دیکہی تو سواران کے تاخت کر کے لے آتے تہی اگر بسبب پہونخنی چیغہ مالکان کے لیجانا ناممکن سمجہا تو تلوار اور بندوق سے مویشی کو
بزبل بہنی قتل کر ڈالتے تہی اور ہرطرحکی نقصان پہونچانے سے دریغ نہین تہا بلکہ یہانتک بیرحمی تہی کہ جب اپنی کسی دشمن پہ غالب آتے تہی
تو اُس خاندان کے طفل شیرخوار اور مستورات بیگناہ کے قتل سے بہی پرہیز نہین کرتے تہی جس سبب سے آنہون قوم مروت بنوچیونکو
طعن طفل کُشی دیتی ہین واضح ہوکہ اس کُشت خونسی سوای بدلہ لینی اور پورا کرنے دشمنی کے لوٹ کی علاوہ یہہ طمع بہی ہوتا تہا کہ مقتولہ
کے جایداد اراضی زرعی اور دیہہ مملوکہ قبضہ مین آویگا چنانچہ اکثر ایسا ہوا ہی اور جسکا اس غضب سی ابتک قبضہ چلا آتا ہی وہ بطور
ملکیت اُس جایداد کو سمجہتا ہی ٭

## حال مدد دہی اپنی گندیدارونکو

عہد افغانی مین اپنی اپنی گندہ مین ایسی شرم شریکی تہی کہ جس جنبہ کے گانونکو دوسرے جنبہ کے لوگونسی خطر ناک تدبیش ہوتا تو آنکی
فوراً چلوشتہ یعنی محصل با خبر رسان افسر کلان اپنی گوندہی اور دیگر ملکان گوندیدار کے پاس اسطی اطلاع و طلب کمک بہیجا تو بعوض
اطلاع رسی اپنی لوگونکو لیکر بزبل بجاتے ہوی آنکی مدد کیواسطی پہونچتی ہین اور اپنی گوندہی کے اعانت کیواسطی لڑنا اور جان دینا لازم
سمجہتی ہین اور خرچ باروت و گولے جسقدر مخالف گندہی کے لڑنے مین ہو سب گوندیدار تعیم کرکے دیتی تہے اور اکثر مثلاً
تور گندسے سکے کسی دیہہ کی لوگونکو سپین گندہی کیجانب سی نقصان زراعت وغیرہ صدمہ مالی پہونچی تو واسطی
خوراک اُس نقصان رسیدہ گانونکی افسر کلان بقدر ضرورت غلہ اپنی پاس سی یا بطور چندہ اپنی سب گوندیدار از
سی وصول کرکے دیتا ہی غرض ہرطرحکی اعانت سختا بامکان ایکدوسرےکی دستگیری کرتے تہے فی الحال گرچہ اسطرحکی مدد کسیکو
ضرورت نہین ہی کیونکہ سرکار انگریزی کا انتظام تور سپین پہ غالب ہی مگر شہادت و منصفی مقدمات مین عایت گوندی اکثر
ہوتے ہی جسکی واسطی حکام کو واقف حال و بیدار رہنا چاہیی ٭

## حال نفاق اپنی اپنی گوندمین

باوجودیکہ بطور عام اپنی اپنی گُندہی کا کسقدر لحاظ تہا اور افسران و ملکان گندہی ہمیشہ اپنی گندہ مین جو تنازعات پیش
ہون انکو صلح سی طے کرنے کیواسطی کوشش کرتے تہی مگر اُس آزادی کے حالت مین بدون تربیت علم یہہ کب
ہوسکتا تہا کہ آپسمین مطلق بے اتفاقی نہو چنانچہ حسد کا نتیجہ یہہ تہا کہ آپسمین ایک خاندان کے ترابور
لڑتے تھے اور دوسرے سکے جاہ اور ترقی رتبہ کو خار چشم سمجہہ کر حسد اور طمع کے اندہیرہ مین اپنے
خاندان کا چراغ بہی گُل کرنے سے کر دیتی تہی اسی سبب سے بعض قومون نے گُندیونمین بہی تغیر و تبدل کیا۔ مثلاً

رقیب کا کچھ بند نہ کیا آخر کو جب ملک کا خیال بڑھا تو فالج سے باہر ہو گیا تھا بعد وفات وکس خان اس گوندی کا افسر
بازید خان رہا مگر یہ کار انگریزی کے عملداری سے ۵ - سال پیشتر شیر مست خان جہنڈو خیل نے پسران نامور ناطمہ خیل
کے مدد سے جو مخالف گندہ مین تھے ان بالونکے سر پر برج بنایا اور بازید خان سے کچھ خفیف لڑائی کرکے تور گند میں افسر ہوا
یہ شخص بہت بہادر نوخ آزاد و سخی تھا اسی جلد لوگونکی دلمین انکی عزت پیدا کی اور شروع سلطنت انگریزی تک اپنی گندی کا افسر
رہا بازید خان ۱۸۵۸ع مین فوت ہوئے الحال گو افسری گندی کا بسبب انتظام سرکاری کچھ کام باقی نہین ہے مگر برائے نام
درب خان ملک ابا احمد خان تور گندی کا سرپرست ہے +

## حال افسران سپین گوندے

گوندی کے علاوہ سپینی خان مغل خیل اس گندیکا افسر تھا جسکو میا نداد گور نڑورانے بمقام میری قتل کرادیا بعدہ شیر
جنگی خان و جعفر خان مغل خیل و میر ہوس خان و پسرش میر عالم خان منڈان سکھان شاہ
مین افسر ہوئے گرچہ نام افسری کا انکو تھا مگر جنگ و جدل مین نامور خان ناطمہ خیل و خضر خان اسمعیل خیل
سپین گندیکو سرپرست ہوتے تھے حال مین سرواد خان پسر جعفر خان ذیلدار پولیس عورلوالہ سپین گندی کا برائے
نام ہر گروہ ہے اور خضر خان اسمعیل خیل بھی زندہ موجود مگر سرواد خان سے کمال عداوت ہے +

## حال اختیار افسران گوندی

ہر دو گوندی کے افسران کو یہ اختیار تھا کہ بوقت ضرورت اپنی گوندی کے حشری جمع کرکے جہان چاہین لڑاوین اور
جب اپنی گوندی کے کسی گانؤکو دوسری گوندی کے لوگ محاصرہ دین یا تنگ کرین تو بفور پہونچنے اطلاع کے افسر
گندی کا انکی کمک بھیجتا تھا اور اپنی گندیمین اگر کسے جگہہ خصومت پڑی تو حتی المقدور اسکو صلح سے طے کرتا تھا اور جرائم
کے بدلا عوضی جرمانہ بھی اپنی گندی کے لوگون پر کرسکتا تھا +

## حال دشمنی باہم ہر دو گوندی

جسقدر دشمنی باہم تور و سپین گندی بنوزیان مین ہے اسکی نظیر اور قومونمین کم ملتی ہے اسملک کے لوگ کہتے مین کہ عہد افغانی
مین باہم کے لڑائیونمین صدہا آدمی مارے گئے اور صبح اٹہکر اکثر دیہہ خبرین سنی جاتے تہی کہ ایک گوندی کے لوگون نے دوسرے
گوندی کے فلان گانؤ پر حملہ کیا اور یہہ نقصان ہوا مخالف گندی کے لوگون کو تنگ کرنے کیواسطے ایسا ہی کرتے ہے
کہ جس گوندی کا ہاتھہ پہونچا دشمن گانؤکی متصل برج یا ماڑہین بناکر بندوقچیہ نکی زد سے انکو ہلاک یا مجبور کیا جب انکو کمک
پہونچی تو وہ برج جہلین کر مسمار کردیا یا خود قابض ہوگئی بموسم ستمبر و اکتوبر اکثر نارسے اپنے مخالفون پر اسطرح ہاتہہ صاف کرتے ہے کہ

| نمبر شمار | نام تپہ | نام افسر کلان | نام قوم | نام ملک | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۳ | اسمعیل خیل | ایضاً | اسمعیل خیل | خضر خان مشہور | |
| ۴۴ | | " | خواجرم خیل | | بباعث غلبہ تورگند یمین شامل ہوئی + |
| ۴۵ | غوزتوالہ | " | مغلخیل وغیرہ غوزتوالہ | سردادخان | |
| ۴۶ | بارکزئی | " | ہر ہیم خیل | | |
| ۴۷ | " | " | مندیو | نیازائی وغیرہ | |
| ۴۸ | " | " | شہدیو | محمد اکرم | |
| ۴۹ | برت | " | برت | ملیک | مجبورا تورگندیکی شامل ہوئی + |

## یادداشت

واضح ہو کہ تورگندیکی نام سے ہر دو فریق بیزار ہوتے ہین ایک جنبہ دوسری کو اور دوسرا پہلا کو تورگندی کہتی ہین اور ہر ایک خیہ دسپین گوندی ہونیکا ادعا کرتا ہے اِس سبب سے کہ تور بمعنی سیاہ نام سے نفرت کرتے ہین مگر بعد دریافت کامل یہہ تفصیل منی لکہی ہے +

## حال ملکان کلان افسران تورگوندی

یہہ بات نہین ہے کہ ایک ہی خاندان مین یہہ افسری موروثی چلی آئی ہو بلکہ جس خاندان کے کسی معتبر ملک نے زور پکڑا اور ہمت کری اُسکی طرف سرکروگی تورگندیکی منتقل ہوئی جیسا کہ شاہنواز سدوزئی کے عہد مین اِس تورگند کا افسر پایندہ خان مُظفر خان ملک داؤدشاہ اور شاہین خان والد نظیم خان ہر اخیل تہی وکس خان مشہور ملک بار احمد خان نے زور حاصل کر کے کُل تورگندی کا افسر ہوا اور عقلمند ملک تہا اُسی آم افسری مین بہت اختیار و نام پیدا کیا اگر و لاوری و عقلمندیکی ساتھ انصاف بہی رکہتا تو نیک نام جاتا مگر وہ کہان تہا سو بی و غاسی مارنی اپنی رشتہ داران وغیرہ کے اُسنی اپنی استقلال کیواسطی بہت کچہہ کیا جو منصد انصاف تہا اور رولاسہ خان ملک داؤدشاہ اِسکا خیر خواہ رقیب تہا ۱۷ ۔ برس کامل اختیار سے تورگندیکی افسری کر کے وکس خان ۔ کہان کے عہد حکومت مین فوت ہوا ابہی وکس خان موجود تہا کہ رود کورم کے شمالی کنارہ پر تپہ سورانی مین بازید خان ایک اولوالعزم جوان بزور شمشیر نام پیدا کرنے لگا اسکا باپ عبدالخالق قوم منداخیل شیتون تہا مگر ایسی حالتمین کہ بازید خان سے پہلی بنون کے اکثر لوگ اُسکا نام بہی نہین جانتے تہے یہہ شخص غیات خود بڑا دلاور اور ظالم تہا اِسنی تہوڑی عرصہ کے شمشیر زنی مین ہیر قلم لعلی زئی کی خاندان کو جو پہلی ملک تہا زبون کر کے تورگندیکا دوسرا افسر یہہ ہوا اِسکی افسر ہونے کیواسطی یہہ ایک بڑی وجہ تہی کہ دریا لین یا نہرین جو پایہ بنون کو سیراب کرتے ہین وہ رود کورم مین اُسکی زور کی نیچی تہین اِسنے اُسنی اپنا قبضہ رکہنی سے گویا کل بنون کو پنجہ مین کر لیا وکس خان نے پہلی اس لیر

| نمبر شمار | نام تپہ | نام افسر کلاں | نام قوم | نام ملک | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | تپہ موسیٰ خان | ایضاً | شہباز خیل | پیر دوست | |
| ۳ | 〃 | 〃 | گنڈلی | مدید خان | بشرح نمبر ۱ |
| ۴ | 〃 | 〃 | شمشی خیل | کلائی ونصیر | کبھی تور کبھی سپین |
| ۵ | دہرمہ خیل | 〃 | خاتون خیل | جعفر خان | بسبب نبلہ دہرمہ خیلان تور گندیکی شامل ہوگئے |
| ۶ | 〃 | 〃 | عابد خیل | فیروز خان | بشرح صدر |
| ۷ | حسنی | 〃 | حسنی | زبردست خان | |
| ۸ | 〃 | 〃 | لوزہ خیل | میاں شہاب الدین | |
| ۹ | 〃 | 〃 | کچوزئی | زبردست | |
| ۱۰ | خلت | 〃 | سلطان خیل | بالا خان | |
| ۱۱ | 〃 | 〃 | ہیبک | شہباز و دلباز | |
| ۱۲ | 〃 | 〃 | ولہ خیل | خوشحال | |
| ۱۳ | بازید | 〃 | بازیدی | ہاشم خان | بباعث عدم گذران سپین گندیسے تور گندی میں گئے |
| ۱۴ | 〃 | 〃 | جاوزئی | عیسیٰ خان | ایضاً |
| ۱۵ | 〃 | 〃 | مندیزئی | خدری | بشرح صدر اکثر بازید خان نے انکو تباہ کردیا |
| ۱۶ | داؤد شاہ | 〃 | مُشر | نعمت اللہ | |
| ۱۷ | امندی | 〃 | امندی | گلحن و اللہ داد | امندیوں میں سے شمار ہے کیونکہ خیل کا خاندان تور گندی کو منتقل ہوا |
| ۱۸ | منڈان | 〃 | ولی خیل | بنگر اللہ خان | |
| ۱۹ | 〃 | 〃 | میتا خیل | خانصوبہ | کینگر و خان مع پسر بسبب غلبہ تور گندی کی شامل ہوگئے |
| ۲۰ | فاطمہ خیل | 〃 | فاطمہ خیل | سابق نامو خان تھا ہو حال میرزا و بلند خان | |
| ۲۱ | 〃 | 〃 | سوکرزئی | ثنا اللہ خان | |
| ۲۲ | شنکر الامنڈان | 〃 | ہنجل | نور بار وغیرہ | |

## اول فہرست تورگوندی جیسا کہ حالمین ہے

| نمبر شمار | نام تپہ | نام افسر کلان تمد گندکر | تفصیل قوم دار | نام ملک اقوام تورگند | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | بازار احمد خان | عبد الغفار خان مین گل خان | شاہ بزرگ خیل | فیض اللہ خان<br>حال م رب خان | |
| ۲ | ״ | ״ | حسن خیل | وزیر و میانداد | |
| ۳ | ״ | ״ | سکندر خیل سکندر بڈ اخیل | اسد خان م لدکریم خان | یہہ شاخ پہلی اسپین گندی مین تہی بسبب رشتہ داری دکس خان تورگندمین انتقال کیا ٭ |
| ۴ | ״ | ״ | اسمعیلی نے | فزیق و خانزمہ | سپین گوندی سے انتقال کیا ٭ |
| ۵ | موسی خان | ״ | سلمہ خیل | شاہ مولیخان | تورگندے سے سپین گندے کو منتقل ہوئی ٭ |
| ۶ | ״ | ״ | سشگی | سرور و میرک | |
| ۷ | مستی خان | ״ | کلہ خیل | مستی خان | اسکی اور درب خان کے باہم سخت عداوت ہے |
| ۸ | جہنڈو خیل | ایضاً خود شیر مست خان | جہنڈو خیل | ظفر خان | |
| ۹ | دہرمہ خیل | ایضاً و شہمین خان | دہرمہ خیل | نظیم خان م ضابطہ خان | بشرح نمبر ۷ |
| ۱۰ | حسنی | ״ | سرکی خیل | جنگ خان | |
| ۱۱ | ״ | ״ | ذکر خیل | شیر دست اصل میز | |
| ۱۲ | ״ | ״ | میوا خیل | نورانی | |
| ۱۳ | تپہ خلعت | ״ | ملا خیل | شریف | |
| ۱۴ | ״ | ״ | نصرادین | شیر دل | |
| ۱۵ | ״ | ״ | اسمعیل خیل | نورباز خان | |
| ۱۶ | تپہ بازید | خود بازید خان متوفی | مالیو | خانصو پسر بازید خان | |
| ۱۷ | ״ | ״ | لعلی زئی | صحبت خان م الہ میر قلم | انکو بازید کے ساتھہ دشمنی تہی اس سبب سپین گندی کی طرف راغب ہوئی |

# حال عداوت باہمی قوم بنوچی

کہتی ہین کہ اول قوم بنوچی مین سوای تہوڑی تکرار کی جسکی پشتون قوم بسبب افراط حسد کی بی نالے ہوئین ہی کچہہ بہاری عداوت نہین تہی اور اُس خفیف دشمنی کا اثر صرف اہل معاملہ پر ہوتا تہا کیونکہ اُسوقت سلسلہ گوندیدی ایسا منسلک نہین تہا جیسا ابہی ہی لفظ گوندداری کا معنی جنبہ داری ہی مگر اصطلاح عام مین اس لفظ سی عداوت داری کے مراد ہی نکلتی ہی ابتدا تقرر گوندی بنوزبان مین اسطرح ہوئی کہ فرقہ نورڑ کے آبادی رود توچی سی جانب جنوب پہاڑ کیطرف تہی کہ اب بہی علامت اُس موضع کے موجود ہی نورڑ لوگون نے بامید قبضہ زمین پرانی آبادی کو چہوڑ کر رود توچی سی جانب شمال کہ جہان اب موضع نورڑ ہی گا نو آباد کیا نسل بارکزئی میر سین یا مین سرکے و ابراہیم پسر برادران اولاد لقرہ دین جو اُسوقت اپنی قوم کے سرگروہ تہی اور موضع مندیو و موضع مجلتی کے مابین اُنکی جای سکونت تہی اُنہون نے شاخ نورڑ کو اسجگہہ کے آبادی سی منع کیا جب وہ مانع نہوئی تو باقی قوم میری نے زور کرکے اُنکا پانی بند کردیا اور ہرطرح کی دشمنی سی ایسا تنگ کیا کہ نورڑ لوگ مجبور ہٹ کر اپنی قدیمی جاگہہ کو چلی گئی اسطرح چہہ دفعہ نورڑ اسجگہہ آئی اور سرکے و ابراہیم نے اُنکو ہر دفعہ اُٹہا دیا آخر فرقہ نورڑ نے مسمی سرکے سی جو بڑا بہائی تہا صلاح ملائی اور سرکے نے اُنکو اجازت دی کہ بطور ہمسایہ کے اسجگہہ آکر آباد ہو جائیں ابراہیم چہوٹے بہائی نے کہا کہ نہ آؤ نورڑ لوگ ہمسایہ سرکے کے ہوگئی اسی تکرار پر فیما بین سرکے و ابراہیم خصومت پڑگئی اور ہر دو محتاج کمک ہوکر بطور رنا واتے یعنی خواستگار دیہا بنو کمین مدد مانگنی گئی جس موضع مین سرکے پہونچ گیا وہ سرکے کے گوندیدار اور جسمین ابراہیم پہونچا وہ اُسکی جنبہ دار بنگئی اُس عرصہ سی گوندیداری کی آگ ایسی بہڑکی کہ تمام بنوزئی خاندانون مین موثر ہوئی ابتدا مین گوندی سرکے کو زڑہ یعنی کہنہ گندی اور گوندی ابراہیم کو نویہ یعنی جدید گوندی کہتی تہی اس سبب سی کہ سرکے کلان تہا اور ابراہیم اس سی چہوٹا تہا آخر رفتہ رفتہ سرکے کے گندی کو تور یعنی سیاہ گندی اور ابراہیم کیطرف کو سپین گندی یعنی سفید کہنی لگی سبب تور اور سپین کا قابل اطمینان کوئی معلوم نہین ہوا مگر مشہور روایت یہہ ہی کہ سیاہ اور سفید دو طیور ہوا مین لڑ رہی تہی گوندیدارون مین سی ایکنے کہا کہ سیاہ طایر میرا ہی اور دوسرے نے کہا کہ سپین یعنی سفید میرا ہی اور اُنسی مثل سکندر غالب مغلوب کا فال پکڑا وہ دونون طایر لڑتے لڑتے آنکہون سی غایب ہوگئی غالب مغلوب کی تمیز نہو سکی اُسروز سی تور اور سپین گوندی کا نام ہوگیا اور اس فال جاہلانہ سی یہہ نتیجہ سمجہا کہ تور اور سپین گوندی کے مابین مثل اُن دو طایرون کی غایب ہونے یعنی مرنے تک لڑائی جہگڑا رہیگا اس خام خیال کو دلسی دور کرنا چاہئے واسطی زیادہ علم کے تور اور سپین گندی کے فہرست ذیل مین معہ نام ملکان ہر ایک قوم بتہ وار درج کیجاتے ہی کیونکہ بنون کے علاقہ مین واسطی درستی انتظام و صفائی النفاق حکام کو گوندیداری کے واقفیت لابدا مطلوب ہی ۰۰

# فہرست نمبر ایک متعلق دیہات

## پرگنہ بون

کر چکا ہو بموجب رواج ملک وقت فک الرہن نہیں ہے پہلا اور دوسرے امر کی تنقیح ثبوت گذرانیدہ فریقین سے ممکن ہے تیسرے امر کی بابت -
**وقت انفکاک** حسب رواج ملک یہہ ہے کہ ماہ ساون میں قبل از تخم ریزی خریف اور ماہ کتک میں قبل از کاشت فصل ربیع زمین میں
تخم ڈالنے سے پہلے راہن رہن مکفولہ فک الرہن کرا سکتا ہے الا اگر راہن پہلے تردد سے اطلاع ارادہ انفکاک اور تلافی نقصان اور ذکر مشقت کہ مرتہن کو مہیا
کرے تو ہمرتے فی کنال بابت مزدوری گذشتہ اور فی کنال ایک آنہ تے فصلہ دینا پڑتا ہے جبکہ پہ دفعہ قابلہ سے قابلہ ان کیجاوے تو گذشتہ کا یہ
اجرت ہوتے ہیں در صورتیکہ مرتہن با وجود درخواست فک الرہن امر منع کرنے کے تخم ریزی کر دیوے تو تخم لیکر بعد آداے زر رہن
بلا حجت حسب رواج اسکو زمین چہوڑنے پڑیگی بابت موہڑی لعنت نیشکر جسکو بزبان ملک ... کہتے ہیں یہہ رواج ہے کہ ۱۵ ماہ ہاڑ
تک قبل از چکا ورینگی اور ... دیگر الیکی استحقاق فک بتا ہے مگر مناسب ہے کہ ماہ پہاگن میں زمین موہڑی نیشکر وا فک
کرائی جاوے کیونکہ اسوقت سے ترقی زراعت اور محنت بسلسلے حفاظت نیشکر شروع ہوتے ہیں واضح ہو کہ بموجب رواج قدیمہ مرتہن کو
بدون خواہش راہن اختیار نہیں ہے کہ نابالغ مرہونہ واپس کے زر رہن کا دعوی کرسکے بلکہ رہن بامیعاد کا فک کرانا مرضی راہن
منحصر ہے جسوقت چاہے اسکو فک کراوے فی الحال یہہ دستور مطابق انصاف وقانون معلوم ہوتا ہے +

## فروخت بیع قطعی

اراضیات کیے فروخت قبل از عملداری انگریزی بہت کم ہوتے تھے جسکا سبب یہہ ہے کہ بخوف فک ہر اصل مالک اراضی سے لیا جاتا تھا کوئی
مشتری خرید قطعی مالکیت کیطرف راغب نہیں تہا اور رہن فوراً لیتے تہے کیونکہ خطرہ فلنک مرتہن کو نہیں تہا بس پر انے میز
شناخت مالکیت عہد سابقہ کے یہ اسکی بڑی علامت ادای قلنک کے ہے چنانچہ عملداری سابقہ میں سوای سید اور علماء کے قلنک ادا نہیں کیا
تو اسکی بابت حصول مالکیت جدید کا بذریعہ بیع وغیرہ ثبوت ہونا چاہئے حال میں خرید فروخت اراضی بہ بیع قطعی بکثرت ہوتے
ہے اور قدر زمین نہری کا یہانتک ہو گیا ہے کہ فی کنال ... یعنی فی ایکڑ دو سو چالیس اول قسم کی زمین فروخت ہوتی ہے عہد
افغانی میں اتنی بہت کم قیمت تہی +

## اقسام ملکیت

چند طرحکی ہیں اول اصلی ملکیت جو مالکان مقبوضہ کے مورثان کو ابتداً زمین بموجب تقسیم ملی تہی دوم غنیم کو
مار کر بطور غصب اسکی املاک پر قابض ہونا جیسا کہ قبل از عملداری سرکار اسطرح اکثر ہوتا تہا تیسرے
خرید بذریعہ بیع اصل مالکان سے چوتہی بعوض نیکی یعنی صلح خون بہا میں یا شرم عورت کے بدلہ میں مدعیان کو
ملتی اور اسطرحکی اراضی کو نیکسار کہ یعنی صلح والے زمین کہتے ہیں پانچوان بعوض ادای قلنک قابض ہو جانا اور صورت
دیہات اکثر بہیاچارہ ہے کہ فہرست نمبرا سے تفصیل معلوم ہوگے +

تعداد دیہات وجمع ونام قوم مسکونہ ہر ایک تپہ ودیگر ضروری امور فہرست نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل حال پرگنہ ہذا سے معلوم ہوگا +

## ذکر تنازعات رہن

گرچہ مقدمات ہر قسم کا ذکر کلیات مین مختصراً درج ہوا مگر اس علاقہ مین دستور و تنازعات رہن بسبب کثرت اسکے لائق ہین کہ انکا ذکر خاص اس موقع پر کیا جاوے رہن زمینات کا دستور پرانا معلوم ہوتا ہی اور سبب اسکا صرف مفلسی نہین بلکہ دیکھا دیکھی رواج ہی جس بنا پر کہ چند قطعات زمین نہری ہوئی اور اپنی معمولی تردد اور ضرورت سے فاضل سمجھی تو بوقت انجام ضروریات خانہ داری نمین سے ایک یا چند قطعہ رہن کردئی عموماً اس علاقہ مین رواج رہن غیر مشروط کا ہی حالمین میعادی رہن بھی مروج ہوتا جاتا ہی اور چونکہ رہن غیر مشروط مین قانوناً میعاد حد سماعت مقرر نہین ہی اسواسطی بہت پرانے وقت کی مقدمات رہن دایر کئی جاتے ہین میرے پاس چند مقدمات ایسے گذرے ہین کہ جنمین اسی اور سو برس سے بنا در ہن بیان کی گئی ہی بموجب رواج ملک مرتہن کو بھی اختیار انتقال بذریعہ رہن زمین مرہونہ کا حاصل ہی بدین سبب اکثر زمینات مرہونہ مکرر سہ کرر رہن در رہن ہو کر چند جگہہ قبضہ انکا منتقل ہوتا رہتا ہی ایسی رہن کے مقدمات مین حاکم تحقیقات کنندہ کو اصلیت مقدمہ کے دریافت مین کئی دقتین پیش آتے ہین کیونکہ زمانہ ماضیہ مین رہن نامہ اکثر لکھے نہین جاتے تھے اور جہان کہین لکھا گیا وہ مرتہن کے حوالہ ہوتا تہا راہن کے پاس نقل اسکا نتی نہ کچھہ اور تحریری ثبوت ہوتا ہی گواہ اکثر رشتہ دار یا گویندیار غیر معتبر ہوتے ہین بلکہ پرانے مقدمات مین تو کوئی زندہ گواہ بتلایا نہین جاتا ایسی کہنہ معاملات مین مدعا علیہ کو اکثر یہہ عذرات ہوتی ہین اوّل یہہ کہ یہہ میری موروثی زمین ہی دوم مدعی کی بزرگو نسے بذریعہ ادائی قلنگ میری ملکیت ہوگئی۔ تیسری یہ بیع قطعی مدعی فروخت کرچکا چوتہا زر رہن زیادہ ہی۔ پہلی امر مین مدعی کو رہن غیر مشروط کا ثبوت کامل دینا چاہئی اور مدعا علیہ سے موروثی ملکیت کا۔ دوسرے مین مدعی حسب شرح بالا اور مدعا علیہ ادائی قلنگ کا۔ تیسرا اور چوتہا آسان ہی دو سال گذشتہ مین قریب نصف کے پرانے مقدمات بسبب عدم ثبوت ڈسمس ہوئے بعضی مقدمات بیدخلی کہنہ عملدار یہا رسابق مدا انتقال ملکیت بذریعہ قلنگ کے بہانہ رہن بلا شرط دایر کئی جاتے ہین اس مراد سے کہ رہن غیر مشروط کے نام پر اندر میعاد سماعت سمجھی جاوین اس سبب سے **کپتان ہنری آرمسٹن صاحب** ڈپٹی کمشنر کی یہہ تجویز ہی کہ رہن قبل از عملداری سرکار کیواسطی میعاد مقرر کیجاوے کہ اس میعاد مین تمام پرانے مقدمات رجوع ہو کر فیصل کئی جاوین تا کہ ہمیشہ کے خرابی نہ رہے اور واسطی آئندہ عام حکم مشہور کیا گیا کہ رہن نامہ تحریر ہو کر اصل راہن کے پاس اور نقل مرتہن کو دیجاوے اور نیز پٹواری کی کاغذ پڑتال ہر اہل معاملہ درج کرادیا کرین ہاں اب بھی اکثر ہوتے ہی قدر زمین کا یہانتک ہی کہ اچھی نہری زمین فی کنال عسے رکھی گئی ہما نو ماشہ ۱۶۰ روپیہ کو رہن ملتی ہی مقدمات جدید رہن مین مرتہن عموماً تین عذر پیش کرتا ہی پہلی میعادی رہن ہا قرار ہی دوسری یہہ زمین بہ بیع قطعی فروخت ہو چکی یا زر رہن زیادہ ہی تیسری مین تردد

کراکر اپنی زمین رہن بلامیعاد بشرط کیطرح گرو کردی یا ملک یہ ذی ستر اضی جابنین دار ملک کا بندوبست بعہد خاص کردیا یعنی حالتیکہ اصل مالک بطور رہن اختیار فک الرہن بعد دینے زر ملک ادا کردہ مدعا علیہ کے رکھتا ہی یہہ بے سروپا دستور ملک کا اُسوقت سی موقوف ہوا جب سر ہربرٹ اڈوردس صاحب نے سمت ۱۹۰۴ بکرمی مین قابضان اراضی سی خواہ مالک ہون یا مرتہن مالگذاری سرکار وصول کرنے شروع کے ٭

## ذکر مالگذاری ابتداء عملداری سرکار انگریزی

سمت ۱۹ بکرمی مین بابت ایک فصل چوبتیں ہزار دو سو بیاسے روپیہ معاملہ سرکار وصول ہوا - اور پہر بندوبست اول مین نغایت ربیع سمت ۱۹ تک بحساب اوسط قریب بچاسی ہزار سالانہ زر مالگذاری داخل ہوتے رہی بندوبست دوم میں میجر جان نکلسن صاحب نے چورانوی ہزار چار سو چھیالیس جمع اس پرگنہ کے مقرر کی اور بندوبست سوم میں ابتداء سمت ۱۹ اسی کپتان کاکس صاحب نے ایک لاکھہ سات ہزار ایکسو پانچ روپیہ یک لاکھہ مشخصہ تشخیص کیا تا ہنوز وہی بندوبست بروان ہی الاسال حالین ایک لاکھہ ... روپیہ درج قسطبندی ہوکر وصول ہوا سبب اِس بے دریے ایزادی جمع کا سوای گنجایش و آسودگی علاقہ و ترقی قدر ملکیت یہہ ہی کہ علاقہ نارولنڈیاک کے آبادی سی اور اکثر زمینات خام تحصیل و تہل نوآباد کے مشخصہ ہوجانے سی جمع مین برابر بیشی ہوتے چلی آئی اس پرگنہ مین سوای تپہ بارکزئی و نورڑ و ہوید کے اور کسی جگہہ جمع سنگین نہین بلکہ گنجایش ہی البتہ بعض دیہات مین تشخیص جمع سمت ۱۹ کیوقت جو بیدا وار پنجسالہ کے اوسط پر کی گئی کچھہ فرق قابل ترمیم بندوبست آئندہ نظر آتا ہی - بارہا بوڑہے بزبان خود اس امر کو تعجب سے بیان کرتے ہین کہ عہد عملداری ہار سابق مین باوجودیکہ چند سال کے بعد حاکم واسطی وصول ملک آیا کرتے تہی تاہم ایک لاکھہ روپیہ بدون خرابی و تباہی رعایا دشوار تہا اور اب اِس عملداری مین برابر سال بسال اُس سے زیادہ مالگذاری اِس آسانی اور خوبی سی وصول ہوتا اور رعایا کا روز بروز دولتمند ہوتا جانا داخل کرامت ہی مگر حقیقت مین یہہ کرامت نہین حسن انتظام ہی جسکی ظاہر اور غالب سبب ہین پہلی بموجب حیثیت اراضی تشخیص جمع ہوکر بیہ تہ قسم دار پر اسکا باجہہ ہونا اور قابضان اراضی کو خواہ وہ مالک ہون یا مرتہن مالگذاری کا ذمہ دار سمجہنا دوسرے مستقل حکومت انگریزی کے سبب سے جو امن اور آرام حاصل ہوا اُسنی قدر ملکیت اراضی بڑہادیا اور پیداوار زمین کے فروخت نرخ گران اور سبیل آسان میسر ہوئی اور رعایا کو بجائی لڑائی جہگڑہ و کُشت خون جو عہد افغانے مین ہر وقت موجود تہا شغل حصول معاش نیک و ترو وزمینداری نے بہ نسبت سابق زیادہ دولتمند بنادیا فی الحال بجای ۲۰ تپہ قدیمہ ہونکی ۳۰ تپہ اس پرگنہ مین ہین باعث ایزادی تپہ شمولیت قوم ورزیری آبادی نارولنڈیاک و نیز علیحدگی ہوید و کوٹے سادات وغیرہ کا ہی باقی مفصل حال تپہ وار

## اور دیہات مین

بہیا چارہ کی باہم یہہ حق تلنگ اُسیر تعداد اراضی بحساب حقّہ یا غنیمہ امغر گون کے باچہہ ہوتا تہا یا رکنال زمین یعنی بیگہ کو خلہ کہتی مین ایدہ ہم کنال یعنی جیہہ خلہ اراضی جسمین ایکسا گون غلہ کی تخم ریزی ہوا اسکو ایک غنیمہ تصور کرتے تہے اس خلہ اور غنیمہ کی حساب پر ابتدا مین پہلی دفعہ ہر ایک مالک کی نام جسقدر حصہ تلنگ کا مقرر ہوا اُسی حصہ موجب اخیر عملداری سکہان تک بموجب سد جسقدر کم وبیش تلنگ لگایا جاوی ہر مالک کو زر با چہہ دینی پڑتے تہے گو اس مابین مین مالک کو رنے بذریعہ رہن اپنی کل یا جزو اراضی منتقل کر دی ہو تاہم اس بہیا چارہ کی بسبب نام ملکیت تلنگ اپنی حصہ کا لیا جاتا تہا سوا اصل مالکان اراضی جنکو بزبان علاقہ **قطعیہ حیثیتن** کہتی مین رہتن یا موہوب قابض اراضی کر نام تلنگ مقرر نہین ہوتا تہا کیتنے مالکان یہہ تہی کہ جب انہون نے بنظر ضروریات زمینات خود بطور رہن غیر مشروط گرو کر دی اور منافع و آمدن پیداوار مرتہن کہانے لگا تو بہی معاملہ یعنی تلنگ اصل مالکان سی وصول ہو کر باعث تباہی مالکان ہوا +

## حصول ملکیت بذریعہ اداے تلنگ

اس ظلم اور نیز بے اعتدالی تلنگ نے یہانتک اثر کیا کہ جو مالک مفلس ہو گئی اُنکی جگہہ دوسری شخص سی تلنگ لیا گیا اور ادا کنندہ تلنگ اس مظلوم کے مقبوضہ او مرہونہ ہر دو زمینات کا مالک سمجہا گیا طریق حصول اسطرحکی ملکیت کا یہہ تہا کہ جب اصل مالک بباعث سنگینی تلنگ ام انتقال اراضی بذریعہ رہن جسکی ساتہہ تلنگ متصل نہین ہوتا تہا زیر بار ہو کر مجبور ہوا تب وہ گانو چہوڑ کر دوسری تپہ مین یا کوہ کیطرف مفرور ہو جاتا تہا اُسکی تنگی معاملہ کا مواخذہ اول مفرور کی رشتہ دار انسی کیا جاتا تہا جب اُنکی توفیق نہو یا وہ دست بردار ہو جاوین تو سکنا وہ دیہہ مین کبہی دوسری متمول شخص جو عموماً ملک گانو کا ہوتا تہا اُسی اگر وہ بہی نہ دیسکی تو ملک تپہ سی زر تلنگ نگی مفرور وصول ہو کر کل اراضیات کا مالک بنجاتا تہا مرہونہ زمینات کی ملکیت اس سبب سی منتقل ہو جاتی تہی کہ اُنکا زر تلنگ بہی شامل مقبوضہ کی یکجا اس ادا کنندہ سی لیا جاتا تہا اگر وہ مفرور دو تین سال کی اندر واپس آوی اور بقدر تلنگ ادا رشدہ روپیہ ادا کرنیوالا کو دیوی تو اکثر لوگ زر مذکور لیکر زمین پہیر دیتی تہی اسطرحکا انتقال ملکیت بہونکی علاقہ مین بعملداری دُرانی و سکہان خصوص **جرنیل گوردت سنگہ** کے سال حکومت مین بہت ہوا ہی علاوہ اِسکی وہ شخص مجبور جب خود اداے تلنگ سی قاصر ہوا تو بقدر زر تلنگ ذمگی خود کل یا جزو زمینات مملوکہ مقبوضہ دوسری شخصکو بطور گرو دیکر اُسی اپنا تلنگ ادا کرایا تو ایسی صورتمین انتقال دایمی ملکیت لازم نہین ہوتا جب روپیہ مذکور اصل مالک ادا کری تو استحقاق واپس پانی اپنی زمین کا رکہتا ہی فی الحال اسطرحکی تنازعات عدالت لمبر دال مین پیش ہوتے ہین اور بموجب رواج ملک تنقیح ان امور کی ہونی ضروری ہی اول مالک مفرور ہو گیا تہا دوم بدون کسی شرط کے حکام کیطرف سی تلنگ اُسکا مدعا علیہ قابض سی لیا گیا سوم مالک نے بسبب افلاس اداے تلنگ سی قاصر ہو کر اپنی ملکیت ہمیشہ کیواسطی بعوض تلنگ منتقل کر دی - ان ہر سہ صورتمین مدعی اصل مالک کا حق بسبب بیدخلی قدیمہ فوت ہو چکا چوتہی صورت یہہ ہی کہ اصل مالک نے بدون دخل حکام کے بطور خود تلنگ اپنا مدعا علیہ قابض سی ادا

مگر واضح رہے کہ کبھی سالم زر قلنگ وصول نہین ہوا اکثر زمیندار لوگ مفرور ہو جاتے تہے اور باقیماندہ رعایا جنس کم قیمت زیادہ جمع کے نام پر بعوض معاملہ داخل کیا کرتے تہے یہانتک کہ جب پہلی دفعہ رنجیت سنگہ نے اس پرگنہ سے ایک لاکہہ کے نام پر مالگذاری وصول کری تو گہوڑا قیمتی ایکسو پانسو کے عوض مین اور جالاک زمیندار لوگ قلب زیور برنجانہ اور سونے کا تیر چڑہا کر کامل بہا پر داخل کردیتے تہے حاکمان دُرانے وسکہان جو بعد چند سال لشکر لیکر آتے تہے بطور لوٹ جو ہاتہہ لگا اسکی وصولی کو غنیمت سمجہہ کر جلدیا انکو مستقل حکومت اور رعایا پروری سے سرکار نہین تہا اس قلنگ سے جسکو کلنگہ کہنا چاہئے بسبب نامعقول دستور باچہہ کے اکثر حقدار مالک اراضی تباہ اور مفلس ہو گئے ۔

## باچہہ قلنگ

احمد شاہ کے عہد سے بیس تیح بنون مقرر ہوکر حسب ذیل ہر حصہ پر باچہہ قلنگ ہوا کرتے تہے ۔

## قوم میری چہہ تپہ بدین تفصیل

منڈیو بارکزی نورڑ ممائخیل برتہہ شاؤ حسن خیل کگی ان چہہ تپونکی نام پر کل بیس چہہ حصہ قوم میری کے نام لگایا جاتا تہا اور پہر باہم ہفت جگہہ آپسمین بانٹ لیتے تہے ہفتم حصہ انکی ساتہہ سے موضع ہوید کے ذمہ تہا ۔

## تپی دو تپہ

جنمین سے ایک حصہ غوریوال ۔ خوجڑی اور دوسرا حصہ سمعل خیل میرا خیل آمل خیل ۔

## عیسکے چار تپہ و چار حصہ

بازار احمد خان وحسن خیل ۔ سلیمہ خیل و شہباز خیل بیکر ۔ گنڈالی جہنڈو خیل ۔ ککّہ خیل شمشی خیل سمعیلما نے

یک حصہ یک حصہ یک حصہ یک حصہ

## دری ڈیری دو تپہ و دو حصہ

فاطمہ خیل ہنجل سوکڑی منڈان میتا خیل فتح خیل

یک حصہ یک حصہ

## سورانی چہہ تپہ و چہہ حصہ

براؤ شاہ ممش خیل امندی ۔ منداخیل والدین معروف دہر مہ خیل خوتی یاسنی ہیبک ۔ موسکی تپہ خلعت

یک حصہ یک حصہ یک حصہ یک حصہ یک حصہ یک حصہ

یہہ کل پرگنہ کی ہوئی تفریق بہی اسقدر بیٹہکانہ اور غیر واجب تہی کہ بعضی تپہ پر بیحد سختی اور بعضی جگہہ بیفایدہ نرمی گو حقیقت مین ظلم کے سبب وہ نرمی بہی گرمی سمجہی جاتی تہی الا واقفیت حیثیت و عدد تپہ جات مندرجہ بالا سے اس تفریق کا غیر واجب ہونا صاف ظاہر ہے اپنے اپنے حصہ کو ہر ایک تپہ مین پار وغیرہ کے حساب سے گانونکا نو پہیلایا جاتا تہا ۔

کوشش اسکی ہوپہنچ خرابی ادبو کے کرتے ہین ۰ **تمیز اسما نہر**
بڑی نہر کو یال کہا جاتا ہی اور چہوٹے کو جو کہیت بکیت گتی ہی اسکو ورخہ یا لشتی کہتی ہین اسطرح لشتی بنونکی آبلے علاقہ مین وبدہ بلکہ خانہ
بخانہ پہرتے ہین اور اس کُرم کے پانی نے تمام علاقہ کو زمردین بنا رکہا ہی اسکی سبب سی درختان سایہ دار خصوص درخت توت اور
شیشم کے اِسقدر کثرت ہی کہ اونچی جگہہ سی جب بنونکی علاقہ کو دیکہا جاوی تو کوسون تک باغ نظر آتا ہی سوای ریزہ کورم کی نالہ توچی
جو علاقہ دوڑ کو بہی سی آکر قوم میری و وزیر بکا خیل کے اراضیات کو سیراب کرتے ہی مگر پانی اسکا کم ہی اور موسم گرما کبہی خشک
یا قریب خشکی ہوجاتی ہی بدین سبب اسکی بہ نسبت کورم کم فایدہ پہونچتا ہی اسکا پانی با ہم قوم میری و وزیر بکا خیل بحصہ نصفا
نصف منقسم ہی چار روز اور چار شب وزیر لگاتے ہین اور اسیقدر عرصہ میری لیتی ہین درہ خیور کا پانی پوست جانی خیل اور زمینات
بکا خیل و جانی خیل زیر گگتا ہی اسمین درہ شکتو کا پانی بہی شامل ہوتا ہی ۰

## حال جمع مالگذاری قبل از سلطنت انگریزی

**احمد شاہ ابدالی** سی پہلے کا میم حال جمع علاقہ ہذا نہین معلوم ہوتا شاہ موصوف نی بارہ ہزار روپیہ بابت مالگذاری جسکا
نام تلنک مشہور چلا آتا ہی مقرر کیا اور علاوہ اسکی چہہ ہزار بنام نہادہ سورسات یعنی خرچ و رسد لشکر جملہ اٹہارہ ہزار علاقہ سی وصول
کرتا رہا عہد **تیمور** مین بہی کچہہ ترمیم نہین ہوئی **شاہ زمان** نے بموجب سفارش لگہ پیر علاقہ دوڑ واقع اندرون کوہ سی بارہ
ہزار تلنک معاف کرکے دوبارہ ہزار بہی علاقہ بنون پر ڈالا جسکی شمولیت سی ایکسال تیس ہزار تلنک وصول ہوا علاوہ
اس تلنک کے حاکمان دُرانی ایک قسم موسوم جزیہ اہل ہنود سی بحساب فی جنجو دو روپیہ یا زیادہ فی نفس جنجو پوش کا
مقدور تہا وصول کرلیا کرتے تہی ہنود بیچارونکو اس متعصبانہ رسم سی جنجو یعنی زنار چہپا کر رہنا پڑتا تہا جب **فتح خان**
بارکزئی وزیر اعظم **شاہ محمود** کا بنون مین آیا تو اُسنی اِس دعوی سی کہ چند سالسی ایصالی تلنک کیوجہ اسکی کوئی حاکم نہین آیا بنظر
بقایا ایک لاکہہ روپیہ بہایا بعدازان **پیر دل خان** وغیرہ حاکمان افغانی نے اسی تعداد کے نام پر جو ہاتہہ لگا وصول
کرتے رہی جب سلطنت افغانستان کے ضعف کی سبب سے ۱۸۸۰ بکرمی مین **رنجیت سنگہ** نے اس علاقہ پر دخل پایا تو
اُسنی بہی ایک لاکہہ تلنک کے نام پر جو جنس ملی وصول مین داخل کی سکہا شاہی حاکم جیسا کہ **کنور نونہال سنگہ**
**تارا چند - راجہ سوچیت سنگہ** وغیرہ ایک لاکہہ کی حساب پر تفریق پتہ وار کرتی رہی **فتح خان** ٹوانہ جب
سکہونکی طرفسی حاکم ہوکر پہلی دفعہ آیا تو اُسنی بسبب بقایا چند سال کے ڈیڑہ لاکہہ روپیہ وصول کرنا شروع کیا اُسکی پیچہی تیسری سال
**جرنیل گوردت سنگہ** نے آکر اسی سبب سی ڈیڑہ لاکہہ پتہ وار باچہہ کرکے اِسقدر سخت گیری کری کہ اکثر لوگ
زمینات چہوڑکر بہاگ گئی غرض کہ اخیر عہد عملداری سکہان تک ایک لاکہہ جمع تلنک اِس علاقہ کا سمجہا جاتا تہا

ہین مگر خاص قابل ذکر اُنکی نسبت کوئی امر نہین کنارہ شمالے رود کورم مین سب سی بڑی بال شاہ جو ہر معروف شوز و یہ ہی جستی
ہر چہار رتبہ سورانی سیراب ہوتے ہین ایسا مشہور ہی کہ پہلی قوم سورانی ویال موسوم خڑی سی جو دامن کوہ کیطرف تہی پانی لگایا
کرتے تہے مگر بہت مشکل سی اُسمین پانی چڑہتا تہا جس دفعہ داراشکوہ ابن شاہجہان بادشاہ دہلی غزنین سی ہوکر براہ
راستہ ہند کو گیا تو اُسنی واسطی آرام رعایا اس ویال کو کہدوایا یہی وجہ تسمیہ شاہ جوہر کا ہی یعنی بادشاہی نہر ؀

## ٹینگہ اس مجمع کو کہا جاتا ہی

کہ جب ویال کا بند سیلاب سی ٹوٹ جاوی یا مرمت طلب ہو یا صفائی ویال و ایزادی پانی کی ضرورت ہو تب جملہ حقہ داران
حسب تعداد مقررہ واسطی انجام اسکام کی آدمی بہیجتی ہین جو شخص اپنی نوبت پر ٹینگہ یعنی حشر کو نہ جاوی تو اُسکو اہلدیہ اُسدفعہ حصہ پانی کا
نہین دیتی بلکہ بموجب رسم قدیم اُسپر دو آنہ یا ایک مرغ ناغہ بمعنی جرمانہ ہونا چاہئی ویال لنڈ بلدیاک اور پتہ نار مین واسطی حفظ انتظام پانی
ایک ایک داروغہ اور چند چلوشتی بمعنی محصل مقرر ہین جو شخص ٹینگہ پر نہ جاوی یا پانی کے زیادہ ستانی کری اُستی بنام نہا و ناغہ خفیف
جرمانہ لیا جاتا ہی اور بعد ایفاء تنخواہ چلوشتگان بجمع سرکار ہوتا ہی ؀

## تقسیم آب

مختلف طور پر ہی دیہات اور قوموںکی بیچ اپنی اپنی ویال مشترکہ کا پانی دو طرح پر اکثر تقسیم ہوتا ہی اول نوبت پر یعنی آپسمین حسب ضرورت چند
پہر یا روز و شب کا بارہ مقرر کیا ہوا ہی اپنی اپنی نوبت کی اوقات مین اپنی باغات کو سیراب کر لیتی ہین دوسرا ویال مشترکہ مین ایک لکڑی
جسکو بزبان ملک سٹہ یا گرگا کہتی ہین واسطی برابری ہان ویال ڈالکر اُس سٹہ کی اوپر میخ چوبی بفاصلہ بلشت یا چند انگشت حسب مقدار
حصہ اپنی اپنی حصص کے موجب سیہ وار یا فرقہ وار گاڑ دیتی ہین اور اُس اپنی حصہ کی دہان کو بزبان پشتو خلّہ کہا جاتا ہی اپنی خلّہ سی ہر ایک
گانونکو ہمیشہ جاری پانی پہونچتا رہتا ہی اگر کوئی شخص اپنی نوبت مقررہ سی زیادہ پانی لیوی یا اپنی خلّہ کو تعداد مقررہ سی فراخ
کرنے کے ذریعہ سی زیادہ ستانی آب کا مرتکب ہو تو اُسپر دوسرا فریق منبری ال مین نالش کرکے ہرجانہ و نقصان لینی کا مستحق ہوتا
ہی اور شکلی تقسیم باہم سکنا رو یا وپر تعداد نفری اہل ٹینگہ کے ہوتے ہی جو زمیندار گانونکا ٹینگہ پر نجادی تو اُسکو باشر کا یان یہ حقہ
نہین دیتی ؀

## گنڈے

اُس بند کو کہتی ہین جو ویال کے بیچ ڈالکر کسیقدر پانی دوسری طرف اُسکی ذریعہ لیجاوین اس گنڈی کو اہل ویال عموماً ناپسند
کرتے ہین اور بدون ضرورت اشد کے روا نہین کہتی بعضی جگہہ اس بندسی اوپر کیجانب ویال پانی سی پر ہوکر صدمہ گیر
ہوتے ہی دوسری گنڈی کے ڈالنی سی خڑہی ویلو یعنی میلدار پانی جو سیلاب دکورم کیوقت آتا ہی پائین والونکو کم پہونچتا ہی یہہ
سیلاب کا میلدار پانی اراضیات زرعی کیواسطی بہت مفید ہی اسواسطی بنوچی سرو بہ ہونا غنیمت سمجھتی ہین اور ہر طرح

کڑاہ کے مالک کل پیداوار سے علیحدہ کر لیتا ہی اور باقی پیداوار سے دہم یا ہفتم حصہ اور بابت معاملہ مالک لیکر اسکے پیچہے نصفا نصف بانٹ لیتے ہین ایسی صورتمین کلر یعنی روڑہی مالک دیتا ہی اور خران مرکب واسطے ڈہولائی اسکی ذمہ مشتقی ہوتے ہین اور بعض جگہہ دسوان یا ہفتم چہوڑ کر کل پیداوار سے تین حصہ مالک اور دو حصہ مزارعہ یعنی بحساب پنجدو آپسمین تقسیم کر لیتے ہین الا اس دوسری صورت مین بہی گیارہوان حصہ بابت گہانی وکڑاہ مالک کو لینے کا استحقاق رہتا ہی تیسری صورت یعنی جگہہ ایسی بہی ہی کہ تخم وغیرہ اخراجات سے مزارعہ بری ہوتا ہی کل پیداوار سے سوم حصہ مزارعہ اور دو حصہ مالک لیا کرتے ہین مگر ملحوظ رہی کہ رواج بٹائی باہم مالکان وکاشتکاران ہر تپہ بلکہ ہر گاوٗن مین یکسان نہین ہی حصر اسکا اوپر کثرت وکمی کاشتکاران ہی جہان مشتقی بہت ملے اور زمین قدر مند ہوئی وہان حصہ کاشتکاری کم اور برعکس اسکی زیادہ ہوتا ہی غرضکہ ضرورتا در مرضی جانبین پر دستور بٹائی مین تبدلات ہوتے رہتے ہین جب بٹائی کا تنازعہ ہو تو خواہش شرط مقررہ یا رواج دیہ کی دریافت سے انفصال ہوسکتا ہی

## ذکر سیرابی علاقہ

رود کرم کے پانی نے اس علاقہ کو زرخیز بنا دیا یہہ پہاڑی ندی مقام پیوار کے متصل کوہ سفید کے جنوبی حصہ سے نکلکر علاقہ کرم مسکونہ قوم طوری کو سیراب کرتے ہوئے تل بلند خیل شاخ بنگش کے پاس سے آتے ہی اور ضلع بنوں کی مغربی حد سے متصل ہوت کرم اس پرگنہ مین مشرق رود داخل ہوتے ہی اور ہمیشہ ہر موسم مین جریان اسکا بند نہین ہوتا الا بشرطکی بارش موسمین مثل بماہ مارچ و اپریل اور ستمبر و اکتوبر قلت پانی کا اندیشہ رہتا ہی جب پہاڑ سے نکلکر اس علاقہ کے حدود مین پہونچتی ہی تو ہر ایک قوم سکنائی پرگنا ہی اپنی نہر جسکو بزبان ملک یال کہتی ہین موقع مناسب سے کہود کر اپنی زمینات کی سیرابی کیواسطے لیجاتی ہین اس ملک مین سو فٹ کی فاصلہ پر ایک فٹ پانی اونچا چہڑتا ہی مثلاً اگر کوئی زمین جاری پانی سے بلند ہو کرم سے دو فٹ اونچی ہی تو جب نہر ایک ہزار فٹ دور سے کہود کر لائی جاویگی تو اُس زمین پر پانی پہر سکیگا اُس رود کیجانب جنوب سب سے پہلی ویال موسوم پیو متعلق وزیران محمد خیل کے ہی الا بسبب کم محنتی اس قوم کے وہ اچہی طرح نہین چلتی اُس سے نیچی ویال وادت شاہ و مش خیل کے خوب جاری عمدہ ہی ازان بعد ویال لنڈیڈاک جو میجر جان نکلسن صاحب ڈپٹی کمشنر سابق نے سنہ ۱۸۵۲ء مین معرفت غلام محمد تحصیلدار سابق کہود کر زمین ویرانہ موسومہ لنڈیڈاک تعدادی چہہ ہزار کنال کو آباد کرایا نالہ کچکوٹ کورم سے جنوب بائین مشرق کیطرف علیحدہ ہو کر اکثر زمینات اس پرگنہ کو سیراب کرتا ہی کل پرگنہ مین بڑی ویال اور زیادہ فایدہ بخش یہہ ہی کچکوٹ بہت پرانہ عہد قوم ہنی و نُکل کا نقصان سابق اس علاقہ میں ہی اسمین ترقی پانی کا انتظام معقول ہو کر زمین جنگل ویرانہ موسوم تار تعدادی قریب کنال بعہد میجر ٹیلر صاحب اور کچہہ بعہد میجر جان نکلسن صاحب سیراب و آباد کرائی گئی اب وہ زمین بہت عمدہ زرخیز ہو گئی ہی اسی جنوبی سلسلہ مین کچکوٹ کی ویال اَسدی ویال ہنجل اور مندان وفاطمہ خیل اور ویال خونہا معروف جمو و جشنہ پتہ عیسکی وغیرہ کی جاری

اس علاقہ کی کاشتکاری بسبب ہاتھ سی گرسٹ یعنی پاہی بیل مار کر مزروعہ بنانے کی مشکل ہی اسواسطی غیر مالک گروہ مزارعان جنکو بزبان ملک شقتی کہتی ہین بہت ہی اور اکثر مالکان بشراکت خود یا علیحدہ انہی کل یا جزو زمینات کی کاشتکاری اُنسی کراتے ہین ؁

## استحقاق مزارعانہ

بشرطیکہ کوئی خاص اقرار نہو لیا ہو تو بدون اُس ایک فصل کے جسکا تردد مزارعہ کر چکا ہی آئندہ کچھہ حق باقی نہین ہیگا مزارعہ کی حیثیت اور نام سوای شقتی اور کچھہ نہین ہی بعد درو فصل موجودہ مالک کو اختیار رہی جب چاہی شقت اُسی سے ہٹا دیوی الا اگر دوسرے سال کے موسم کی زراعت نیشکر ہو تو قبل از چکا ولہ یعنی گوڈنے کے مالک نصف تخم دیکر مزارعہ کو بیدخل کر سکتا ہی بعد چکا ولی اور کلر ڈالنی کی یہہ استحقاق نہیں رہتا تاوقتیکہ وہ زراعت تیار ہو کر مشترک لیجاوی جب دراج مالک عوض قبضہ موروثیت کا کچھہ استحقاق مزارعان کو نہین پہونچتا اگر شقتی ہند کی یعنی جٹ وغیرہ لوگ ہین ؁

## طریق کاشتکاری

رقبہ بارانی اور علاقہ میریان ج تہ نار و لنڈ یڈاک و دیگر بعضی جگہہ کل قلبہ رانی سی کاشتکاری کیجاتی ہی اوزار یعنی آلہ زرگاوان قلبہ کم زور اور چہوٹے چہوٹے ہوتی ہین باقی اکثر علاقہ شونکی نہری رانی آگ گرسٹ یا ہیم آہنی سی کہ مثل بیلچہ ہوتا ہی مزارعان لیتے تہے اور پاؤن کا زور لگاکر قابل کاشت بناتی ہین اوزار مذکور کی ہیئت اسطرح ہی کہ نیچی پہل فراخ چوڑا اور گاؤدم اور قریب ۲ فٹ لنبا چوبی دستہ اور پہل آہنی کی ذرہ اوپر ایک چہوٹے سی لکڑی پاؤن کا زور دینی کیواسطی لگائی جاتی ہی اس شکل کا اور ایک یا چند آدمی زمین کے ایک سری سی کہڑی ہو کر اُس گرسٹ سی جسکا پہل زمین پہ مار کر اور پاؤن سی نیچی دبا کر کلوخ زمین اُلٹی جاتے ہین ایک معمولا آدمی شقتی قریبا ایک کنال زمین زرعی بنا سکتا ہی ان لوگون کا قول ہی کہ بسبب مٹ اور سخت زمین ہونے کے قلبہ اچھی طرح نہین چل سکتا اور جبتک گرسٹ سی عمیق مزروعہ نہ بنائی جاوی تو فصل اچھا نہین کرتے ؁

## حصہ کاشتکاری

مختلف طور پر ہی عموما پیداوار غلہ ہر قسم و کپاس سی ایک ثلث مزارعہ اور دو ثلث مالک بٹائی کر لیتا ہی تخم و مالگذاری ذمہ مالک اور بعضی جگہہ اول پیداوار ہر دو سر سے ہفتم یا دہم حصہ بعوض ادای معاملہ اور علاوہ اسکی تخم باندازہ جنبر زمیندار لیکر باقی کو تین حصہ مندرجہ بالا پر تقسیم کرتے ہین الا اس آخر الذکر صورت مین مزارعہ علاوہ ایک ثلث کے فی خرمن چار سیر غلہ بابت صفائی اور کل سی بیسوان حصہ بابت اُجرت درو زراعت لیا کرتا ہی اور پتہ داؤنت شاہ و بعضی دیگر جات مین چہارم حصہ مزارعہ کو ملتا ہی جنس ہلدی کے بٹائی اسطرح اکثر ہوتے ہی کہ کل پیداوار سی اول دہم یا ہفتم حصہ بعوض معاملہ مالک لیکر باقیماندہ سی چہارم حصہ مزارعہ اور تین حصہ مالک لیلیتا ہی تخم و روڑہی اور مالگذاری ذمہ مالک اور نیشکر کا عموما یہہ دستور ہی کہ مالک اور مزارعہ تخم نیشکر بالمناصفہ ڈالتی ہین جب قند بنایا گیا تو اول گیارہوان حصہ بابت گہانی اور

آیندہ سال اُسی موسم مین ہیم سی اُکہاڑ کر ہلدی نکالتی ہین فی کنال ۷ من ۲ سیر تر ہلدی کا تخم پڑتا ہی اور تعداد پیداوار فی کنال مختلف ہی بہت اعلی ۵۰ من فی کنال اور ادنی ۱۵ من بہی نکلتی ہی اور بعض جگہ ایک حصہ تخم گہا ذی سی بالکل نابود ہو جاتے ہی بحساب اوسط فی کنال ۲۷ من تر ہلدی کے پیداوار شمار کرنے واجب ہی جو بعد خشک کرنے کے چہارم حصہ یعنی ۶ من ۳۰ سیر رہتی ہی خشک ہلدی کا نرخ ۶ روپیہ فی من سی ۱۲ روپیہ تک مختلف اوقات مین ہوتا ہی الاحساب اوسط ۹ روپیہ فی کنال آمدنی لانہ جنس ہلدی شمار ہو کر ۶۰ روپیہ فی کنال بابت قیمت تخم منہا کرکے باقی دوسو روپیہ فی ایکڑ آمدن ہر دو سر ہوتے ہی اس ہلدی کا رنگ بہت تیز زرد نہین ہوتا بلکہ پہیکا رنگ اور ناقص قسم سمجہی جاتی ہی ڈیرہ اسمعیل خان کیطرف بیوپاری لوگ بہت خرید کر لیجاتے ہین اور زمینداران کو اچہی نفع ملتا ہی اور اکثر ہلدی براہ بنگش و گورم پیواڑ ہو کر کابل وغیرہ نواح مغربی مین باہر کے بیوپاری جا فروخت کرتے ہین ؛

## پیداوار میوہ جات

بنونکا مشہور اور قدیمی میوہ شفتالو ہی اگر پختہ عمدہ نہین ہوتے خربوزہ چڑا انگور انجیر عمدہ نارنگی سنگترہ چکوترہ توت کثرت سی بیر لیمو کیلا انبہ بھی ہو کر چکوترہ نارنگی سنگترہ و کیلا اور انبہ سرکار انگریزی کے عملداری مین کاشت ہوئی پہلے اسقدر نہین تہی شفتالو اور چڑا اس کثرت سی ہوتے ہین کہ انکی موسم کو جدہر دیکہو بازار مین ٹوکرہ شفتالو کی نظر آوینگی انہی دیہات کے پاس بہت چہوٹی چہوٹی باغچہ ملک وغیرہ لوگ کہتی ہین اور جب وقت پختگی میوہ آیا تو ہندو لوگ بطور چکوترہ وہ باغچہ ایکسال کیواسطی مول لیکر میوہ فروشی خود کرتے ہین شوق باغ لگانی کی لوگونکو کم ہی بنو مین زمین اسکام کیواسطی بہت عمدہ ہی ؛

## تفصیل گلہاء

بہت طول بیفایدہ ہی مشہور پہول اس علاقہ کی یہہ ہین گلاب چنبار انبیل گل داؤدی سورج مکہی ریحان بندرائچی گل عباسی گلخیز گل جعفری اور تہل مین گل پیغمبری رونگ نہایت خوشبودار اور خودرو بموسم بہار پیدا ہوتا ہی انگریزی پہول و گل ہزارہ صرف سرکاری باغ یا انگریزان کے خانگی باغچونمین ہوتی ہین اصل پیداوار پہولونکی یہان کم ہی ؛

## پیداوار گہاس

سوای خودرو گہاس معمولے کے اس علاقہ مین گہاس شفتل اور رشقہ از اقسام زرعی مین مثل زراعت کاشت کیا جاتا ہی اسمین کم زیادہ اور رکا ۔ آمد شفتل ہی جو ہمراہ فصل ربیع کے کاشت کرتے ہین گہوڑی و دیگر مویشی کی خوراک کیواسطی حکم اکسیر رکہتا ہی گہوڑا اُس سی بہت جلد طیار اور فربہ ہو سکتا ہی خاصیت اس گہاس کے یہہ ہی کہ ایکدفعہ کاشت کرکے ماہ مارچ تک چہہ دفعہ کاٹا جاتا ہی اور ہر بار بعد کاٹنی کی پانی دینی سی پہر سبز اور قابل خوراک بہایم ہو جاتا ہی اسکی کاشت سی زمین کو بہت فایدہ ہوتا ہی ؛

## ذکر کاشتکاران

اس پرگنہ مین سوای ملکان معتبر اور اہل ہنود اور کابل لوگونکی باقی مالکان زمین خود کاشتکاری کیا کرتے ہین مگر چونکہ آبی زمین

ڈالکر پانی دیا جاتا ہی اور پہر موقع پر پانی ملتا رہتا ہی ماہ ہاڑ مین ایکدفعہ دوبارہ روڑہی ہر ایک بوٹہ نیشکر کے جڑہ مین تہوڑی تہوڑی
ڈالے جاتے ہی بعد بش سوای اور کسی محنت کی حالے پانی لگانے سی انکی زراعت مثل ایک بیلہ کے بڑہتی رہتی ہی کم ماہ کاتک کو پانی
دینا موقوف کردیتی ہین تاکہ انکی رس پکجاوی آخر ماہ مگہر یا ماہ پوہ مین انکو کاٹکر چہیلا جاتا ہی اور پہر بقدر ایک ایک فٹ کی ٹکڑی کرکے
کہانی مین ڈالدیتی ہین اور شکل کہانے کے مثل کہانے تیل کے ہوتے ہی مگر اسمین بیل ہی اور دو بیل آگے باندہی جاتے ہین کہانے کے نیچے
مٹکے لگی رکہی ہوئی ہوتے ہین جسمین رس پڑتے ہی اور جب مٹکی بہری گئی تو کڑاہ آہنی مین ڈالتی جاتے ہین اور اسکی نیچے آگ جلاتی ہین
جب مثل قوام کے وہ رس مخلوط اور منجمد ہونے لگی تو تب اسمین چمچہ پہیر کر کڑاہ سی شانک گلی مین ڈالکر اسمین وہ انچہ چوڑی ہر
سیخ آہنی جسکو بزبان ہندی تور مہائی کہا جاتا ہی پہیرتے ہین اسوقت معلوم ہو جاتا ہی کہ شکر ہی یا قند اگر شکر ہوئی تو آمیز
ملتی نہین ہی ورانہ دانہ رہتی ہی اگر قند ہی تو باہم منجمد ہوتا جاتا ہی شکر بہ نسبت قند کے زیادہ قدر مند ہی گرچہ نرخ باوقات
مختلف بدلتا رہتا ہی مگر عموما بطور اوسط للعہ رفی من قند سیاہ اور سے رفی من شکر کہانے پر فروخت ہوتے ہی الا افسوس کہ
قند سیاہ بہت خراب بنایا جاتا ہی اور رس اسکی اچہی طرح چہانے نہین جاتے جسقدر کڑاہ مین ڈالنی کیوقت اچہی چہانے جاوی
اسیقدر عمدہ اور سفید بنتا ہی شکر اور قند کی ایسا اتفاقیہ بنتی ہی لوگ متعجب ہین اور کہتی ہین کہ جس مین سی شکر نکلتی ہی اسکو کسی بڑی
فقیر کے دعا ہی مگر دراصل یہہ بات ہی کہ جو زمین زرہ اونچی ہی اور اسمین پانی کم ٹہرتا ہی اسکی شکر نکلتی ہی اور قند بہی اول قسم کا اور
برعکس اسکی جو زمین نشیب اور قرارگاہ پانی کے ہو اسمین سے قند نکلتا ہی اور شکر نہین جو زراعت نیشکر کاٹے جاتے ہی دوسری سال
پانی دینی سی پہر وہی بطور مونڈہی کپاس کے سرسبز ہوتے ہی اور اس زراعت کو شگہٹی مین ماہ ہاڑ کے شروع مین اسکو بہیم سی گوڈتی
ہین جسکو بزبان ملک چکاولہ کہا جاتا ہی جب ایکدفعہ زمین نرم کی گئی تو اسمین کلر یعنی روڑہی ڈالکر پانی شروع ماہ کتک
تک دیا جاتا ہی اور ماہ پوہ مین نیشکر کاٹکر بدستور مندرجہ بالا قند سیاہ بناتے ہین اور خصوصیت زمین کے یہانتک ہی کہ تین سال
برابر ایکدفعہ کی کاشت کردہ نیشکر ہوتے رہتی ہین بلکہ اگر روڑہی حسب مراد ڈالی جاوی تو چوتہی سال بہی تخم کام آتا ہی اور طرفہ
تاثیر یہہ ہی کہ سال اولسی دوسری اور تیسرے سال مین زراعت کا مال ور قند بہت نکلتا ہی اور رس یعنی پرانی زراعت نیشکر سی
شکر اچہی بنتی ہی اور قند بہی اول سالسی بہتر ہوتا ہی سب سی اعلی قسم کے شکر نفرادین بتہ سوراٹی مین ہوتے ہی اور وہ لوگ
کوشش بہی کرتے ہین اسی سبب سی نرخ اسکا بہ نسبت دیگر علاقہ کے گران ہوتا ہی تخم نیشکر فی کنال عہ کا پڑتا ہے
اور فی کنال سی بحساب اوسط تین من قند سیاہ و شکر نکلتی ہی جسکی عسے فی کنال پیداوار ہوئی اور لعہ فی ایکڑ آمدن
پڑتے ہی۔

## دوم ہلدی

یہہ جنس ماہ چیت یا بیساکہ مین بوئی جاتے ہی اول اس زمین کو روڑہی سی تر کیا جاتا ہی اور بعد کاشت پانی سی سیراب کرتے ہین

دیہات بنجل سوکڑی، داؤد شاہ، بیتا خیل اور پتہ سادات وگی بہرت کی زمینات سے زرخیز ہیں اور پتہ میری اور زمینات واقع نار کم
حیثیت کہتے ہیں ایک قسم کڑدار زمین کو ترخہ کہتے ہیں جسمیں پیداوار کم ہوتی ہے غوریوالہ کی جبہ اور ششی خیل کے متصل اس قسم کے ترخہ
اراضی واقع ہے اور بارانی یعنی اوچہ زمین قریب کل کے وزیروں کی قبضہ میں ہے گرچہ بسبب نہونے پیمایش معتبر کے صحیح تعداد تعین معلوم
ہوتے مگر سمت ۱۱ کی اندازہ اور سرسری پیمایش کے موجب [illegible] ایکڑ یعنی گہماؤ زمین نہری معہ نار و پتہ میری اور [illegible] ایکڑ بارانی
مقبوضہ وزیران غیرہ رقبہ حاصلہ ہے مجکو تجربہ سے معلوم ہے کہ پیمایش آیندہ کو اس تعداد میں افزونی ہوگی +

## اسماء و ہیئت اراضیات

ہر ایک موقع پر نام زمینات مختلف ہوتے ہیں مگر ہیئت اراضی کے رو سے جو مشہور نام ہیں انکو یہاں جتلایا جاتا ہے جو زمین سب سے لمبی چوڑی
ہو اسکو **وارہ** کہتے ہیں باستثناء علاقہ نار و پتہ میری زمینات بارانی علاقہ بنوں میں سے ایک سے زیادہ کوئی شاذ و نادر کھیت ہوگا اگر چھوٹے
چھوٹے قطعات دو کنال سے لیکر ۱۰ کنال تک ہوتے ہیں اور جو زمین ذرا مدور اور نشیب میں ہو اسکو **ڈھنڈ** کہتے ہیں اور چھوٹی قطعہ کو **سرگا**
بولتے ہیں اگر وہ ذرا لمبا اور عرض میں کم ہو تو اسکو **سیرہ یا جیرہ** کہا جاتا ہے اور جو زمینات کسی رود کی کنارہ پر واقع ہوں انکو **کس یا**
**کچھہ** یعنی کنارہ بولا جاتا ہے اور جس میں ایسی کو پانی بمشکل چڑھایا جاوے اسکو **منڈھہ** کہتے ہیں اور جس کھیت کی ڈھال نکلی ہوئی ہو اور
سلامی اور اونچا ہونے کے سبب سے پانی نہ ٹھہرے اسکو **لوڑہ** بولتے ہیں +

## تفصیل پیداوار اراضی

زمین نہری کل دو فصلی ہے اور بارانی ایک فصلی فصلوں میں بزمین نہری اجناس ذیل پیدا ہوتے ہیں ربیع - گندم جو تماکو خربوزہ تربوز
پیاز - تھوم یعنی لسن شفتل و مٹر ہلدی کچالو اور خریف میں نیشکر چاول کپاس مکی جوار دال ہر قسم ترکاری ہر قسم سوائے آلو بنجر
کنجد کنگنی چینا اور بارانی اراضی میں ربیع کو گندم نخود اور خریف باجرہ اور بعض جگہہ کپاس ان اقسام سے جو زیادہ منافع والی جنس ہے اسکا
ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے +

## اول نیشکر

یہ جنس سب سے زیادہ پیدا ہوتی ہے اور قدر بھی اسکا بہت ہے جو بیج کی لایق نہیں ہوتی کاہو کہا ہے اور اسکی دو قسم میں ایک سرا یعنی سرخ دوسرا سپین
یعنی جسکا لون مایل سفیدی ہے ہو ہر دو سے قند سیاہ اور شکر سرخ نکلتی ہے بہ نسبت سپین کے سرخ اچھا ہوتا ہے مگر سردی کا اسکو زیادہ خطرہ
ہوتا ہے اگر سردی لگ جاوے تو رس خشک ہو جاتے ہیں اور قند کم نکلتا ہے یہ جنس ماہ پوہ اور ماگھہ میں بوئی جاتی ہے اور بونے کا
طریق یہ ہے کہ بقدر ایک فٹ نیشکر کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے زراعت جو اور گندم کی طیار زمین کے اوپر پہیلا دیتے ہیں بعدہ اوپر سے پانی لگا کر جب
زمین پانی سے نرم ہوئی تو ہاتھ پاؤں لگا کر اس کیچڑ کی نیچے پوشیدہ کیا جاتا ہے بعد ہفتہ کی جب زمین ذرہ خشک ہوئے تو روڑی انکی اوپر

اور خراب ہتی ہین شروع عملداری سرکار انگریزیمین کرنیل سرہربرٹ اڈوارڈس صاحب نے برج اور بائین کے سینہ پناہ منہدم کرا دین اب کسی گانو مین کوئی برج نہین ہی اور امن سلطنت کے باعث سے نہ برج اور نہ موضع پناہ ہونیکی ضرورت ہی اب لوگونمین عادت کشادہ آبادی کے ہوتے جاتے ہین فی الحال اس پرگنہ مین ۲۶۳ مواضعات ہین جنپر علیحدہ علیحدہ جمع سرکاری مقرر ہی مگر واضح ہو کہ سوای چند موضع کے باقی اکثر دیہات بہت چہوٹی چہوٹی اور قلیل جمع والے ہین ایک دو صدی قریب تر اور کنارے رقبہ ہر ایک کا بہت تہوڑا جس شخص کی تہوڑی زمین تہی اُسنے ہی بخواہش آزادی علیحدہ موضع بنایا اور ملکی یعنی نمبرداری کے خواہش سے جمع بہی اُسکا علیحدہ مقرر کرا لیا ٭

## بائین

ایک قسم اونچی عمارت ہی چورس تخمیناً بارہ فٹ ہہیکہ کے یعنی خام دیوار اُٹہا کر قریب نو دس فٹ ارتفاع کو جب پہونچی تو اُسکو مٹی سے پُر کر کے بطور دمدمہ بنا دیا اور پہر اُسکی اوپر بوضع چورس برج کے ایک کوٹھہ بنایا اور نیچے سے سیڑہی لگا کر اُس کوٹہہ کی اندر جاتے ہین اور اُس کوٹہہ کے اوپر سینہ پناہ بنائی جاتی تہی خطرناک اوقات اور حملہ مخالفان اور لڑائی کیوقت مین اس اونچی مکان پر چند لوگ نشانہ باز بندوقچین لیکے بیٹہے ہین اور دور دور بندوق کی زد سے مخالف کو زمین چہوڑتے ہین یہ بائین ہر ایک دیہہ مین بڑی ملجا ہوتی ہی اور جب تک یہ قایم ہی تو گانو مین غنیم کا دخل مشکل ہی ان مکانات دیہ کو جوانان بنت بشمن کہتے ہین اور آرام و میل انگلستانی کیطرح اندیشے سے خالی نہین ہوتے وہ اپنی خوابگاہ اُس بلند مکان مین کہا کرتے ہین اور بعد عہدہ جابناکر سیڑہی بہی کہنیچ لیتے ہین ۱۸۵۲ء مین بائینونکی بہی بتفصیل گرادی گئی تہی مگر مکان اب تک بعض جگہہ باقی ہین ٭

## چوک کا

اصلی معنی موقع نشست گاہ عام موضع کا ہی اور عمارت چوک کی گرچہ خراب اور تنگ دروازہ مگر بہ نسبت اور مکانات کی ذرا اونچی ہوتے ہی اور موسم زمستان کی آگ جلنے سے اندر سیاہ ہو جاتا ہی اور عمارت چوک کی باہر کشادہ صحن ہوتا ہی عہد افغانے مین اکثر لوگ بیباہی گہرونمین نہین سوتے تہی اور چوک پر جمع کثیر رہتا تہا فی الحال گرچہ چوک خوابگاہ نوخیز جوان اور ناکتخدا مردونکا ہی مگر نشستگاہ پیر و جوان ہی چوک کی متصل ایک چہوٹا تنگ مکان اور ہوتا ہی جسکو اسلاک مین حجرہ کہتی ہین اور وہ شیطان خانہ بدفعل امرد لڑکونکی مجلس مستانے مین مستعمل ہوتا ہی ٭

## حال متعلق اراضیات زرعی

اول اقسام زمینات اس پرگنہ مین مشہور صرف دوہی قسم زرعی زمین کے ہین اوّل نہری جسکو بزبان پشتو تندوبہ کہتے ہین بارانی جسکو اچو بہ کہا جاتا ہی قسم نہری کے ناقص اور کامل افراط یا کمی پانی و کلر یعنی روڑی پر منحصر ہی جہان نہر کا سر و بہ ہوا اور پانی وافر ملا اور روڑی موقع پر پہونچی تو اُسمین سب سے کامل پیداوار ہوتے ہی اور برعکس اسکی ناقص قسم نہری مین سے تیہ سورانی اور

کے چھپر کے اسی سبب سے ہر آدمی خواہش رکھتا ہے کہ مین اپنی زمین مین ہمسایونکو آباد کرون اور بسبب اس قدر پسندی کے اور مثل سابق نہ زور چلنے کے اب ہمسایونکی عزت بھی کرتے ہین ٭

## حقوق ملک ہمسایہ پر

قبل از سلطنت سرکار انگریزی عہد افغانی مین ہمسایہ لوگ اپنے ملک کا لشکر ہوتے تھے اور اسکی مخالف اور گانونکی دشمن سے لڑکر اپنی جان دینا بھی لازم سمجھتے تھے سوا اسکے ہر قسم کے بیگار اور مختلف خدمات لینے کا ملک ہمسایہ کو استحقاق تھا پہرہ برج وگھڑی مائین ہمسایونکی ذمہ تھا اور ستردیغیرہ روڑی خاص نجاست ہمسایہ اور عہد افغانے مین دہم حصہ پیداوار اور رگناک یعنی رسوم شادی حسب حیثیت ہمسایہ لیتے تھے فی الحال چارپائی لحاف واسطے مہمانان نمبردار اور شادی غمی مین لکڑی سوختنی اور چوک یعنی حجرہ او مسجد کی لپائی سال بسال ہمسایونکی ذمہ ہے اور بجای آہنی شمشیر مارنے کے جسکی اب انتظام سرکار انگریزی کے سبب سے کچھہ ضرورت نہین ہے زبانکی شمشیر سے اپنے مالک کے دشمنونکو مارنا چاہتے ہین نیز عدالت مین اکثر ہمسایہ بامید فائدہ اپنے ملک کے خلاف شہادت دینے کیواسطے آتے ہین گرچہ ہر ایک مقدمہ اپنی صورت سے طے پاتا ہے مگر ہنون کے حکام کو گواہان ہمسایہ اور غیر ہمسایہ کی دریافت بھی کر لینی چاہئے اس سے یہہ مراد نہین ہے کہ ہر ہمسایہ کے شہادت خلاف سمجھی جاوے مگر تاہم اس احتیاط کا نتیجہ انصاف کیواسطے مفید ہے مینے اپنے تجربہ سے بخوبی اسکا امتحان کیا اور آزمایا ضروری پایا ٭

## حق ہمسایہ ملک پر

صرف یہہ تھا کہ گھر ہمسایہ کو آبادی کیواسطے دیوے اور تا بمقدور ظالم سے اسکو بچاوے اور جو شخص ہمسایہ کا مال بزور لیوے یا اسکو نقصان پہونچاوے تو ملک اسکا دشمن ہو کر اپنے ہمسایہ کا بدلہ لیویگا اور اس بدلہ کے لینے مین اگر ملک کو نقصان پہونچے تو بھی گوارا کرتا ہے مگر ہمسایہ کی نقصان کو اپنا شرم سمجھتا ہے ٭

## تقسیم ستره باہم ملک و ہمسایہ

لفظ ستره کی تعریف پہلے ہو چکی ہے کہ روڑی کو کہتے ہین اسکی تقسیم باہم ملک و ہمسایہ علاقہ ہنو مین مختلف طور پر ہوتے ہے عموماً اصول یہہ ہے کہ جسکی مملوکہ زمین مین ہمسایہ کا گھر سکونت واقع ہے روڑی اسکا حق ہوتا ہے مگر اس اصول مین بعض جگہہ امتیاز ہے مین جیسا کہ تپہ منڈانمین اکثر ایسا ہے کہ گو زمین ملک کے ہو مگر ہمسایہ سقف کوٹھہ کا خود ڈالی تو بعوض اس سقف کی نصف روڑی اسکا حق ہوگا اور دوسرا نصف مالک زمین کا اگر سامان سقف ملک لیوے تو ہمسایہ کا روڑ لینے کچھہ غرض نہین اور تپہ عیسکی اور اسمعیل خیل اور غوریوالا اکثر دیگر تپونمین بھی یہہ دستور ہے کہ گو سقف ہمسایہ کا ہو تاہم کل یعنی روڑی مالک اراضی لیتا ہے اور تپہ سورانی بعضی دیہات اور دیگر دیہات مین بھی ایسا دستور ہے کہ مالک اراضی بعوض کل دو روپیہ یا ایک روپیہ حسب قلبے رفانہ نقد سالانہ بطور لوہا ہمسایہ سے لینا کرکے کل اسکو دیتے ہین حصر از مختلف دستورات کا اوپر ضرورت اور غیر ضرورت آبادی ہمسایونکی ہے جس ملک کو اپنی اراضیات کی ترددوغیرہ ضروریات کیواسطے زیادہ خواہش

ٹھیکہ اس عشر کا بھی دیڑھ تہہ کے بہ جانچ و حیثیت فصل ہندو کو ملا کرتا تھا نفع نقصان ٹھیکہ دار کا ملک نقد و جنس واسطے
خرچ مہمانان و زخمیان و باروت و گولے اس ٹھیکہ دار سے بطور چاچپت لیتا رہتا تھا آخر سال پر حساب کرکے زر ٹھیکہ
دیڑھ تہہ و لسمہ اس خرچ بہ برداشت میں محسوب کر دیتا تھا تیسرے گنگ یعنی رسوم شادی ہندو و مسلمان ہمسایگان میں سے
جس ملک کی ہمسایہ کی دختر بیاہی جاوے تو وہ داماد سے روپیہ لیکر اپنے ملک کو دیتا تھا برای نام تعداد اس رقم گنگ نے شادی
ہندو بعدہ اور مسلمان سے چھہ روپیہ تھے مگر اکثر ظالم ملک اہل ہنود سے چالیس اور پچاس روپیہ نے شادی بھی لیتے تھے غرض
اصلی تعداد اسکی مقدور دینے والے پر اور اختیار لینے والے پر منحصر تھی کچھہ لکھا نہیں تھا - چہارم بحیت ملک یہہ وہ رقم
ہے کہ علداری دورانی یا سکھان میں جو زر مالگذاری مقرر ہوکر تپہ دار باچھہ کرکے تو بجای اصل باچھہ کچھہ روپیہ زیادہ ستانے
کے طور پر پھیلا دیا از مقررہ میں سے کسیقدر باقی غیر ممکن الوصول بہ بہانہ مفروری آسامیان بتلا کر کہتے یہہ بحیت ملک ہے
بشمولیت دیگر ملکان معتبر ہضم کر لیتا تھا شروع علداری سرکار میں غیر واجب آمدنی ختم ہوئی اور عوض رفیعدی مالگذاری
پر وصول ہوکر ازان جملہ حصہ نمبردار دیہہ یعنی چھوٹا ملک اور حصہ بڑا ملک تپہ والا لیتا ہے جو حصہ رفیعدی ملکان پٹہ کو ملتے
ہیں وہ مثل تعلقداری سمجھنی چاہئے +

## خرچ ملکان

عہد بنوفوالہ میں یہہ تھا کہ اس آمدنی جسکی تفصیل اوپر دیگئی ہے مہمان اور جو لوگ غنیم کے حملہ کیوقت کمک کیواسطے آوین کھانا
کھاوین دوسرے باروت اور گولے خریدی جاتے تھے یا اپنے گوندی الکو بطور چندہ مدد خرچ کیجاوے تیسرے جو لڑائی میں اپنے گاونکے
آدمی زخمی ہوں انکی علاج اور خوراک پر جو کچھہ خرچ ہو وہ ملک دیتا تھا نے الحال سوای ایک خاص خرچ مہمان نوازی کے
اور کوئی مصرف فضول باقی نہیں ہے اور بہرحال پہلے وقت سے اب ملک لوگ آسودہ حال ہیں ۰

## تعریف ہمسایہ

ہمسایہ اسکو کہتے ہیں کہ باستحقاق ارث گہڑی یعنی گاؤنمین حصہ نرکہے خواہ افغان ہے خواہ ہندکے عموماً فرقہ زخیل جیٹا یعنی ہندکی قوم
اور ہندو یہہ سب ہمسایہ کہلاتے ہیں اور رشتوں قلیل ایسے ہونگے جو ہمسایہ کی حیثیت رکھیں ہر ایک گاؤنمین بموجب حصص مالکان ہمسایہ لوگ
تقسیم ہوتے ہیں اور جس ملک کے حصہ میں سکونت کے اسکی مطیع اور فرمانبردار رہتے ہیں +

## طریق آبادی ہمسایہ

ملک لوگ اپنی زمینات مملوکہ میں ہمسایہ کو آبادی اور گھر بنانے کی بخواہش تمام اجازت دیتے ہیں اور اکثر سامان سقف کوٹھہ بھی اپنے
پاس سے دیتے ہیں اور ہر طرح کی مدد دینے میں مستعد رہتے ہیں سبب اسقدر کوشش کا یہہ ہے کہ علاوہ اور خدمات کے ہمسایہ کی گہرکا کوڑہ یعنی
روڑی جسکو پشتو زبان خود سرا کہتے ہیں وہ ملک اپنی زمینات بافروخت کیواسطے لیا کرتے ہیں اور بنو میں یہہ روڑی بڑی منافع

انکی پاس بہت ہین اہل ہنود مین جو بڑی خراب رسم منسوخ ہوئی شادی اورتگی یعنی روپیہ معاوضہ مین لڑکی ناطہ کرنے کے تہی یا مبادلہ
پر اس رسم قبیح کا انسداد حسب رضامندی کل پنچایت اول قوم بہاٹیہ سی مولچند انگریزی نویس قوم بہاٹیہ متوطن ٹہ
ٹہٹہ ضلع کراچی بندر ملک سندہ کی سعی سی ہوا۔ اور پہر بعد حصول اجازت صاحب ضلع ہر قوم اہل ہنود کی پنچایت کو
بولاکر بہت دلایل سی اس رسم کا خراب ہونا اُنپر ثابت کیا اور اُنہون نے یکقلم خراب رسم مخالف مذہب اپنی کو موقوف کرنا
منظور کیا ماہ دسمبر ۱۸۶۴ء ہنود مین اس خراب رسم کے انسداد کے سبب سی یاد رہیگا ؛

## لفظ ملک کی

تعریف ور بنیاد اس کتاب کے دوسری حصہ مین لکہی گئی ہی ملک در اصل خطاب ہی اور جو شخص پشتون اپنی قوم کا سر گروہ اور گانو
کا مالک ہو اُسکو ملک کہا جاتا ہی اس پرگنہ مین نمبردار کیواسطی یہی لفظ مستعمل ہی نام کے ساتہہ خطاب ملک کا جوڑنے
سی انکو خوشی حاصل ہوتی ہی اپنی قوم اور گانو مین ملک کا بڑا قدر اور عزت کرتے ہین عہد افغانے مین اُسکو اپنی ہمسایگان
پر ہر طرح کا اختیار تہا اور باقی بہیا چارہ بہی بشرطیکہ واقع ہونے دشمنی کے اُسکی اطاعت کرتا تہا اگرچہ ایک گانو مین متعدد
ملک بہی ہوتے ہین مگر ایک خاندان مین ایک ہی ملک اور دستار مختار ہوتا تہا بعد وفات اُسکی حقدار اُسکا بیٹا یا
بہائی سمجہا جاتا ہی علاقہ ہنو مین یہہ عجیب دستور ہی کہ گانو نکا نام ملک کے نام پر ہوتا ہی مثلاً بازید خان کلی یا عالم خان
کلی وغیرہ اور طرفہ تماشا یہہ ہی کہ جب ملک فوت ہوجاوی تو گانو نکا نام بہی مرجاتا ہی اور پہر جو جدید ملک اُسکا گانو نکا
مقرر ہو اُسکی نام سی اُسکا گانو نکا نام مشہور ہوتا ہی اس سبب سی سرکاری دفتر کے ترتیب مین کمال حرج ہوتے ہی میرا
ارادہ ہی کہ بوقت بندوبست جدید بصلاح جملہ ملکان ہر ایک گانو نکا مستقل نام رکہکر کاغذات بندوبست مین درج
کیا جاویگا اور آیندہ یہہ عارضی دستور موقوف ہوگا ؛

## حال آمدنی و خرچ ملکان

عہد افغانی مین ملکان کو سوای پیداوار اراضی خود کاشت چار طرح کی آمدن تہی اول وڑ یعنی دہڑتہہ دوم لستمہ یا عشر
یعنی دہم حصہ سوم گنگ چہارم بجیت قلنک کہ اب ہر ایک کے مفصل تشریح کیجاتے ہی پہلی وڑ یعنی دہڑتہہ ہر ایک
گانو مین ملک فی یدسجبا فی روپیہ ایک پیسہ ہنود اُنہیکا قریب ایک آنہ ہوتا ہی فروخت اجناس پر بایع سی لیتی تہی طریق
وصول اسکا یہہ تہا کہ بماہ اسوج ہر سال مین ٹہیکہ اسکا بقدر حیثیت آمدن کسی ہندو معتبر کو جو زیادہ دینا قبول کری
دیدیا کرتے تہی دوسر السمہ یعنی دہم حصہ پیداوار اراضی زرعی سی لیا جاتا تہا مگر کل ہنو مین یہہ رسم نہین تہی جو ملک
زورآور یا لیق ہوا اور خرچ مہمانان و وارد گولے اپنی پاس سی دیا تو وہ مستحق دہم حصہ لینی کا تہا بشرطیکہ اُسکی گانو مین رسم ہو اور

اپنی حجرات کو کئی بہت یہ قوم لاٹھی بنت گھر تخمینا ۱۲ ہزار دو سو پچاس ہوا جو اریتہ یعنی کیطرفسی آئی جہان کوئی
ننہین اور روپیہ نے شادی برہان لیتی ہین - یہ قوم پوکرنا پنڈ دو گھر سینہ کیجانب سی آئی کل ۴۸ - قوم بہاٹیہ انکی
سیرتین ہین اور انمین گوت کا تفرقہ ہی +

## دوم کہتری کے

چودہ قومین ہین تفصیل سی سوتری تین گھر کپنہ دس گھر چیمرا ایک گھر ٹنٹن دس گھر بابل چالیس گھر کہو کہرا ین
سو گھر جنمین آٹھ شعبہ مین اسند بسین ۔ کوہلی - پتڈا - سوری - سیٹہی - چہنڈوک - ساہنی یہہ
شعبہ قومین انمین آٹھ لیتی دیتی مین سمجھ ہیہ گرادنے قوم کل ۸۸ گھر قوم کہتری اس علاقہ مین آباد ہین اور اکثر بنا ورکیجانب
سی بذریعہ بیوپار آکر تخمینا ۸۰ برس سی آباد ہوئی +

## سوم زرگر ہندو

چالیس گھر اس کی بیسی ہمہ قومین اور انمین آٹھ لیتی دیتی ہین اور قریب نو ۹۰ برس کا عرصہ ہوا کہ پوٹھوار ضلع راولپنڈی کیجانب سی
بسلسلہ تجارت ہین آکر آباد ہوئی ترقی ان کی حالت کا بہت خراب ہی پتا نہین ہوتا باوجود ہی انکی یعنی زر نقد سنت صد تک بہی لیتی دیتی ہین

## چہارم بہاٹیہ

بارہ قومین حسب ذیل سیلا ۱۰ گھر اسنڈا - ڈہکا - بیلانی - جاوی - یہہ پانچ قومین اول قسم کے مین دوسری
قسم کے کنسل ۴۰ گھر کنگہی ۲۰ گھر جباک ۸ گھر مہتی ۱ گھر ڈہوجی ۸ گھر را ۱۷ گھر بیندی ۸ گھر
کل دو سو چہ دو گھر بہاٹیونکی ہی یہہ لوگ شکارپور سے کیطرف سی عرصہ تخمینا سو برس ہوا آکر آباد ہوئی +

## پنجم اروڑا

اور انکی دس قومین دو قسمہ کے ہین اول اوتراہدی دوسرا دکہنی اوتراہدی چودہ قومین اس ذیل سی نروکہ ۲۰ گھر ریڑہی
۴۰ گھر کہیار ۲۰ گھر چاولہ ۳۰ گھر کہلانی ۲۰ گھر گرولی ۴۰ گھر سجدیو ۳۰ گھر ہوجہ ۱۰ گھر سیٹہی ۳۰ گھر چیکارا
۷۰ گھر گہوتری ۷ گھر گرواڑہی ۲۰ گھر کہیورالی ۴ گھر نگڑہی ۳۰ گھر کل ۱۵۹۳ گھر اوترادہ یونکا ہی یہہ لوگ قریب
برس سی ہوا منتشر ہوکر علاقہ ضلع شاہپور سی بذریعہ قحط اور تفرقہ اور بعض بذریعہ بیوپار یہان آکر آباد ہوئی دوسری دکہنی جنمین آٹھ
شعبہ ہین اس تفصیل سی کنگانی ۲۴ گھر جنمین سندر شاہ مشہور دولتمند ساہوکار ہی گیند ۲۰ گھر کہتوریہ ۲۲ گھر ہوجہ ۱۰ گھر
چاولہ تانی ۲۰ گھر نرولہ ۳۰ گھر چیکارا ۱۵ گھر کہیار ۳۰ گھر کل ۱۷۳ گھر ڈہنگی مین ضلع ڈیرہ اسمعیل خان وغیرہ
کیجانب سی آکر آباد ہوئی - اور قوم ہنود کو قبضہ زمین بذریعہ بیع و رہن اصل مالکان پشتون سی حاصل ہوا ہی عموما ہر

## شیخان

تپہ میرکی مین ایک عمدہ ٹکڑہ زمین پر قوم شیخان قابض ہین اور ہفت گانو اُنکے آباد ہین جنکو تپہ سادات کہا جاتا ہی یہہ لوگ
**شیخ شاہ محمد روحانی** کے اولاد مشہور ہین جب قوم بنوزئی نے باخراج قوم ہنی و منگل اس علاقہ کو اپنی قبضہ مین کیا
تب فرزندان **شیخ شاہ محمد روحانی** سی جیسا کہ اوپر ذکر ہوا شاہ نیکبین بنوزئیونکی ہمراہ تہا اور اُس وزسی اولاد شاہ
مذکور کو بنوزئی عُشر یعنی دہم حصہ پیداوار سی دیتی تہی اور اسی باعث سی بنون کے علاقہ کو پیر کشہ یعنی پیر کے معافی کہتی تہی یہہ دستور
عشر کا **بہادر شاہ ابن اورنگ زیب عالمگیر** تک چلا آیا جب بہادر شاہ نے ۱۱۲۱ ہجری مین اس ملک کو زیر فرمان
کیا تب بجای شیخان کے عشر اُسنی بادشاہی حق بنایا اور شیخان کے دیہات عشر وغیرہ مالگذاری سی معاف رکھی یہہ معافی اُنکی
عہد حکومت درانی اور سکہان مین بدستور واگذار چلی آئی یعنی ملنگ سی بری ہی تا وقتیکہ **کرنیل سر ہربرٹ ایڈورڈ**
**صاحب** نے ششم حصہ پیداوار پر مالگذاری سرکار مقرر فرمائی اور اب تک ششم حصہ پر تخفیف جمع دیہات معوضہ انکی چلی آتی
ہی علاوہ انکی دیگر سیدونکی خاندان بہی بنونکی اکثر دیہات مین موجود ہین اور وہ بہی ششم حصہ پیداوار کی تخفیف پر مالگذاری ادا کرتے ہین

## قریش

بنونکی علاقہ مین کوئی قلیل گانو ایسا ہوگا جسمین ایک یا دو گہر قوم قریش نہونگی یہہ لوگ اصل مین عرب ہین اور اس علاقہ مین متفرق اطراف
سی آکر آباد ہوئی اور چونکہ بنوزئی لوگ قوم سید قریش و دیگر قریش کے معتقد ہوتے ہین اس سبب سی اول انکی مورثانکو بطور کرشہ
یعنی معافی کچہہ زمین دیجاتے تہی اور بعد ش بذریعہ بیع وغیرہ اراضیات حاصل کرکے علاقہ بنو مین مالک اراضیات ہوئی اور
اکثر دیہات مین امام مسجد یہہ فرقہ ہی مگر افسوس کہ اب انمین ترقی علم دینی و دنیوی کم ہی +

## تیرخیل

اصل مین لفظ **تورخیل** ہے مگر چونکہ بنونکی پشتو مین رے کا زیادہ خرچ ہی اسواسطی بجای تور کے تیر بولا جاتا ہی معنی تور کا سیاہ ہی اور
انکو تورخیل اسواسطی کہتی ہین کہ ابتدا مین انکی مورث اعلی غلام تہی اور پہر انکی مالکان نے آزاد کرکے اصیل کیا تو اسکی نسل کو تورخیل کہا
جاتا ہی پس یہہ بات نہین ہے کہ انکا مورث ایک ہی ہو بلکہ ہر ایک غلام آزاد شدہ کے نسل کو اس علاقہ
مین تورخیل کہا جاتا ہی اور یہہ لوگ اکثر دیہات مین دو دو تین تین گہر متفرق پائے جاتے ہین جیسا ان کا
مورث قریب ایک نہین ہے ویسی ہے انکی سکونت بہی مختلف ہی اور اکثر زمینات زرخرید مین یا عہد
افغانے مین جس پشتونکی شامل دوسرے موضع مین بجبر دخل پایا تو اُس مغضوبہ ملک سی حصہ لیا مگر یہہ لوگ بہت نہین ہین
اور تیرخیل کے معنی سُنکر سی اپنی ہتک سمجہتی ہین +

کوتیر خیل چارڑی خیل اور کل ۳۰ نفر ہین انکا مورث مسمی شہادت اپنی قوم عیسی خیل سی کسی باعث سی جو معلوم نہین ہی علیحدہ ہوکر عرصہ تخمیناً ایکسو ستر برس سی علاقہ بنونمین آکر آباد ہوا اور تیوع یعنی خرچ مین شامل ہونے سی تپہ موسی خان وانم عیسکی مین ایک پاو یعنی چہارم کے مالک ہوئی اور فرقہ سیر و شاخ عیسکی کے اراضیات اکثر عملداری دُرانے مین بعوض آداے تلنک انکی قبضہ مین آئی سولوگون کے جگہہ تلنک مین ملی *

## فرقہ دیگان

اِس پرگنہ کی تپہ غوریوالہ اور سورانے مین دو گھری قوم دیگانسی آباد ہی یہہ قوم افغانستان کے قدیمی باشندی قبل از تسلط افغانونسی شمار ہوتے ہی انکا بڑا حصہ افغانستان مغربی مین ہی عہد نادرشاہ ایرانے مین چند اشخاص قوم دیگان جو اُسکی لشکر کے شامل تہی اِس علاقہ مین سکونت پذیر ہوئی اور اُنکی نسل نے ایرادی پاکر کچہہ بذریعہ بیع اور اکثر حادثات افغانے مین زمین پاکر مالک اراضیات مقبوضہ حال ہوگئی انکی ساتہہ دس گہر قوم بابکرزئی کے بہی ہین *

## قوم فاطمہ خیل

اصل مین اولاد شیتک بنوزئی تہین ہی بلکہ یہہ فرقہ قوم منگل قابضان سابق علاقہ ہذاسی رہگیا ہی اصل سکونت انکی تپہ تہچی مین میراخیل اسمعیل خیل کے درمیان تہی جہان اب بہی کریم خان فاطمہ خیل کا کوٹکہ یعنی موضع خورد موجود ہی وہان سی بسبب تسلط اور دشمنی بنوزئیان بیدخل ہوکر اپنی قوم کے ساتہہ شامل ہونے کیواسطی مغربی پہاڑکو جاتے تہی کہ مسمی سرور اخوندنے اُنکو قوم ہنجل سے یہہ زمین لیدی کہ جو فی الحال بقبضہ فاطمہ خیل کا ہی تب سی اسجگہہ آباد ہوئی اِس قوم مین نامور خان ملک شہو آدمی تہا اب اُسکا بیٹا بلند خان و میرول ملک ہین *

## قوم وزیری

فرقہ احمدزئی اور اتمانزئی وزیری نے جسطرح علاقہ بنو مین ملکیت زمینات اور قبضہ حاصل کیا اُسکا مفصل ذکر قوم وزیری کے حال مین جو چوتہی باب حصہ دوم اِس کتاب مین کیا گیا ہی *

## قوم داؤدشاہ کی

شاخ مُشترمین فرقہ خلیل چند گہر جو شامل ہین وہ بہی بنوزئی نہین ہین یہہ لوگ قوم خلیل سکنہ ضلع پشاور سے ہین افغان ہین اسملک مین عرصہ تخمیناً ڈیڑہ سو برسکا ہوکہ انکا جد اعلی واسطی طلب علم آیا اور یہانسی شادی کرکے سکونت پذیر ہوا کچہہ سُسرال سی اور کچہہ بیع خرید زمین لیکر مالک چند زمینات کا بنگیا * اور شاخ کشتریمین

نصرت بہی علیحدہ قوم ہی اُس نصرت قوم سی انکا گُرسی نامہ ملتا ہی جو ضلع ڈیرہ اسمعیل خان کے حدود میں آباد ہی *

اور کٹری کے ملک کی تقسیم باہم میرا خیل و اسمعیل خیل نصفا نصف ہی اگر اسمعیل خیل نگش ہوتے تو میرا خیلو نسی میراث جدی اور کٹری کے ملکیت بموجب جصص شرعی نصفا نصف کیون پاتے *

## ذکر نسب اولاد سورانی

**دٰہم خواجک بنیرہ سورانی** کے اولاد سی شاخ آمندی کے نسبت بعضی لوگ کہتے ہین کہ صلبی پسر خوزک نہین تہا فی الحال اس روایت کا کچہہ ثبوت نہین ملتا اسبات پر خیال کرنے سی کہ خوزک کی ملک سی آمندی نے اپنا حصہ کامل پایا یہہ رای غالب ہی کہ صلبی بیٹا خوزک کا تہا گو والدہ علیحدہ اور کم درجہ سمجہکر **داؤد شاہ کی نسل** کچہہ اعتراض کرتے ہین اور اسیطرح **ممش خیل** کو بہی متبنی پسر بتلاتے ہین مگر صحیح نہین سبب اسکا غالباً یہہ معلوم ہوتا ہی کہ خوزک کی پسران سی داود شاہ سب سی کلان اور اول زوجہ سی تہا اسواسطی اسکی اولاد اپنی برابر باقیماندونکو نہین سمجہتی **دوازدہم کیچ زئی** کے نسبت یہہ روایت ہی کہ طفل نوزائیدہ کسی کنارہ رود سی ملا تہا اور رود کے کنارہ کو اسمان کے پشتو مین کچہہ کہتی ہین جس باعث سی کچی زئی مشہور ہو اور **خوتی بیرہ سورانی** پرورش کرکے کچہہ حصہ زمین کا بقدر گذارہ دیدیا یہہ امر بعید از قیاس نہین **سیزدہم ہیبک پسر سورانی** کے اولاد کے نسبت بعضی لوگ یہہ کہتے ہین کہ یہہ قوم غلام زادہ ہی مگر فی الواقع یہہ بات سچ معلوم نہین ہوتے سبب شہرت خطاب غلامی یہہ ہوا کہ عملداری **احمد شاہ ابدالی** مین ہی **ملک دوانہ** قوم مینکی نے بوقت وصولی قلنگ یعنی معاملہ قوم ہیبک پر یہہ دعوی کیا کہ یہہ میرے غلام ہین انسی جتنا چاہتا ہون قلنگ وصول کرون حاکم نے کیا خوب جواب دیا کہ غلامان پر معاملہ سرکاری نہین ہی انکو مطلق معاف کردو جب یہہ حکم دوانہ نی سُنا تو دیوانہ ہوگیا اور پہر دوبارہ عرض کیا کہ ہیبک میری عزیز ہین غلام نہین اور اپنی پہلی دروغ گوئی پر بہت عذر خواہی کرے تب بدستور قلنگ انپر ہوگیا *

## ذکر ان قومونکا جو علاوہ اولاد شیتک اس علاقہ مین آباد ہین اور ملکیت اراضی حاصل ہی

**غوریوالہ** مین قوم **عمر خیل** نسل مشہور شاخ مغل خیل یوسفزئی نہین ہی **حسن خان** انکا مورث اعلی ملک یوسفزئی سی بسبب ارتکاب واردات خون معہ **عمر خان و سمل خان** پسران خود نکلکر اسملک مین آباد ہوا اور **غیرت خان** شیخ سرقومی قوم خوجہ کی نزد لے او بے تدبیر سی **عمر خان** غوریوالہ کا مالک بن گیا اس خاندان کا کرسی نامہ معہ حالات مشرح اس کتاب کے دوسرے موقع پر درج کیا گیا ہی *

## پتہ عیسکی مین

**مرو گند علی** شاخ زکو خیل **خانی خیل** نسل **عیسی خیل** قوم نیازی سی شمار ہوتی ہی اب اس قوم مین تین شعبی خورد ہین **ممیر خیل**

## ششم شاخ عیسکی

اولادمین سے فرع سکندر خیل ہے کو بعضی لوگ کہتی ہین کہ بنوزئی نہین ہی خراسان سی آکر یہان انکا مورث اعلی
آباد ہوا۔ کوئی انکو چنڈول کہتی ہین کوئی ستدوزئی اور اس فرع کے بعضی آدمی ستدوزئی بننی سے اپنا فخر سمجھتی ہین ان
ہر دو روایات کی تحقیقات سی کچھہ اصلیت نہین معلوم ہوتے انکی تقسیم اور حصص قدیمہ اور اکثر وجوہات سی سکندر خیل
بہی نسل عیسکی قوم بنوزئی سی پائی جاتے ہین سبب چنڈول ور خراسانے مشہور ہونے کا یہہ کہتی ہین کہ انکی مورث
اعلی مین سی کسی شخص کا عقیدہ شیعہ مذہبی کا تہا مگر شیعہ مذہب ہونا کف سی خارج نہین کر سکتا اب یہہ لوگ سب ظاہرا
سنی مذہب ہین ہفتم سرورہ پسر عیسکے شجرہ مین جو فرقہ بڈاخیل وصل ہوتا ہی وہ در اصل عیسکی یا بنوزئی نہین
ہی بڈاخیل شاخ بنگش مین سی کوئی شخص اسملک مین آیا اور سرورہ کے دختر سی شادی کری اور حصہ مین شامل ہوکر
بنوزئی مشہور ہوا در اصل بنگش ہی ہشتم سیناور کے اولاد مین سی شاخ خوجڑی ہے کے قومیت مین بہت
ضعیف اختلاف اسبات کا کرتے ہین کہ نہین معلوم خوجڑی کون ہین کیونکہ وہ علیحدہ ور جا بسی سو دور جانے سے
قومیت مین فرق نہین پڑ سکتا ہی کثرت روایات سی یہہ بات حاصل ہی کہ میتمیان کسوکڑ و خوجڑ ایک والدہ
سی پسران سیناور تہی اول جای سکونت انکی تتبہ تپی مین تہی جہان اب بہی ایک ٹکڑہ اراضی کا نام سیناور
مشہور ہی پسران سیناور سی مسمی خوجڑ کو جسکی قوم خوجڑی ہی مالداری اور مویشی چرائی کا شوق تہا اسنی بسبب زیادہ
چراگاہ اور جنگل ہونے کے وہ حصہ لیا جہان اب خوجڑی ہی اور اسی باعث سی دونسرے بہائیونسی علیحدہ ہوکر
اپنی چراگاہ مین جا آباد ہوا۔ اور کسوکڑ وہانسی اٹہہ کر منجال اپنی دوسرے بہائی کے قریب آبسا نہم قوم تپی
مین سی اسمعیل خیل ہے کو قوم بنگش بناتے ہین اس باعث سی کہ بنگشونکا مورث اعلی مسمی اسمعیل تہا اور بعضی لوگ
اسمعیل خیلونسی بنگشونکی ساتہہ کر سی نامہ ملانے سی فخر سمجھتی ہین کیونکہ بنگش قوم عرب قریش مشہور ہین مگر یہہ بات سچ نہین
ہی کیونکہ بنگشونکا مورث اسمعیل کے وفات کو نوسو برس سی بہی کچھہ زیادہ عرصہ گذرا ہی اور اس اسمعیل نے جو ان اسمعیل خیلونکا
کا مورث تہا تخمینا دوسو برس سی جہان ناپایدار کو چہوڑا مصرع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا اور شاید اختلاف
ڈالنیوالونکو یہہ بات بہول گئی ہی کہ پشتون قومون مین ایک قوم کے نام پر مختلف خاندانون مین چند قومین
ہوتے ہین پس کچھہ یہہ فرض نہین ہے کہ جہان کہین اسمعیل خیل ہونگی وہ بنگش ہی سمجہی جاوین جس بات کی صحت
مین وجوہات تائیدی موجود ہین وہ یہہ ہی کہ اسمعیل خیل قوم بنوزئی ہین میراخیل اسمعیل خیل کٹڑی تینون
بہائی تہی قوم کٹڑی کو نادرشاہ ایرانے نے قتل کرا دیا ہر چند آدمی کٹڑی کے نسل سے بملک بنون موجود ہین انکی قدیم تقسیم

## ذکر ان شاخونکا جنکی نسبت اختلاف قومیت واقع ہی اور داخل شجرہ نسب بنوچی ہین

اول قوم میری اس قوم مین شاخ نوزار کے نسبت باقی لوگ کہتی ہین کہ نسل میریسی نہین ہجگو ئی غیر شخص ان کا
مورث تہا مگر اس روایت کا کچہہ ثبوت نہین ملتا تحقیقات سی گرچہ کامل اطمینان بسبب گہنگو معاملہ اور جاہلیت
قوم نہین ہوا مگر غالب رای یہہ ہی کہ نوزار نسل میریسی ہی شکل اور شباہت و قد و قامت ویگر اولاد میری سی ان کا
ملتا ہی بدین سبب کہ اول نوزار لوگ رود توچی سے جنوب باقی اولاد میری سی علیحدہ آباد تہی اور پیچہی سی آکر
اس موقع حال پہ آباد ہوئی جس سبب سی بعضی لوگ انکو علیحدہ سمجہتی ہین البتہ اسقدر پایا جاتا ہی کہ انکی والدہ **مسمی میرے**
کے چہارم زوجہ قوم رذیل تہی اور اسی باعث سی باقی بہائی اون کو اپنی برابر نہین سمجہتی فی الحال شاخ نوزار کسی
طرح باقی قوم میریسی زبون نہین بلکہ جمیعت اور صلاحیت مین فوق رکہتی ہی **گگی** پسر سومی **میرے** کے اولاد سی
شاخ **جعفر خیل** وغیرہ کی نسبت یہہ روایت ہی کہ انکی مورث اعلی **پرکٹائی** تہی پرکٹائی لفظ کا بزبان پشتو
ملک خٹک یہہ معنی ہی کہ بیگانہ بیٹا یعنی بیوہ عورت دوسرے شوہر کے اولاد و شوہر جدید کے گہر خوردسال لائی
ہوا اور اس طفل نی اپنی پدر کے گہر پرورش پاکر داخل ہوا ہو یہہ امر قرین قیاس ہی اب بہی اکثر ہوتا ہی گمہ
شاخ حصتا و تقسیم پدری مین ایسی مخلوط ہین کہ امتیاز نہین ہی اسیطرح قوم برتہہ اولاد میریسی شاخ **گیدی** بنگی پرکٹائی
مشہور ہی

## دوم تفرق نسل سہی

سہی کے اولاد سی نسبت شاخ **منڈان** بعض ناواقف لوگ کہتی ہین کہ یہہ فرقہ منڈان علاقہ بنگش سی یہان
آکر آباد ہوا ہی اصل بنوزئی مگر یہہ قول دریافت سی غلط معلوم ہوا اس روایت کا سبب یہہ ہی کہ ایک فرقہ منڈان کا
ملک بنگش مین اب موجود ہی لوگ خیال کرتے ہین کہ یہہ منڈان بہی انسی علیحدہ ہوکر قوم **منجل** کے استدعا سی یہان آکر
آباد ہوئی الا اصل حال جسکی صحت کی کثرت دلایل سعادات گواہ مین یہہ ہی کہ منڈان نسل بنوزئی سی ہین اور جو گروہ
منڈان کا علاقہ بنگش مین جا آباد ہوا وہ اس منڈان کے شاخ ہی اور اسملک سی وہان گیا سبب جانی انکا یہہ ہوا کہ جب بلاد
نادری یعنی نادر ایرانی اسملک مین آیا تو اسنی ایک خفیف بات پر حکم قتل عام شاخ ولی خیل منجملہ منڈان کا دیا جب موضع کنہ
ولی خیل فوج نادری نی غارت کیا تب ولی خیلو مین سی نسل ترنوئی کی آدمی یہانسی بہاگ کر قوم بنگش مین جا آباد ہوئی کہ اب تک بیشتر
آدمی انکی نسل کے ملک بنگش مین سنی جاتے ہین البتہ یہہ بات سچ ہی کہ منڈانو نکو قوم منجل لے جا ابتدا مین سب سی زیادہ سوخ اور بڑا ملک کہتی تہی اور
سادات سی اکثر زمینات کا پیشا مددگار بنایا مگر آخر کو اپنی محسن قوم منجل کے ساتہہ قوم منڈان نی مقابلہ آرا ہوکر انکا بہت علاقہ بیرون سی جبراً دبالیا

منداخیل
یعلی زی
سیتلی
تبیاخیل
مالیو
حجاوزی
ممرخیل
شمورڈرا
عیبک خیل
ہینگی خیل
گم گتکی
عبس خیل
برہیم خیل
حمزہ خیل
بوبکرخیل
سیرقلم ٹبار
بہرام ٹبار
عابد خیل
جوبہی خیل
شومی خیل
ایمل خیل
نور خیل
مندی زی
تورکی
وندہ خیل
بازیدی
بالاخان
بہادرخان ٹبار
نندرٹبار
علی زی
کوبایہ
کمال خیل
کوکل خیل
ملی زی
ابراہیم خیل
آدم خیل
سمعیل
بذرٹبار
دوری خیل
باجی خیل
ہیبک
بالاخیل
اسمعیل خیل
سلیمی خیل
نانی خیل
مازی
نظرخیل
عبدالخیل
بارک خیل
کی بی
سرکی

غرض زی
والدین
خوتی
زوجه ثانی
زوجه اول
زوجه دوم
عابد خیل
بوزه خیل
مشکی خیل
امیر خیل
حسنی
فتح خان
مدینه خان
محبت
سلطان خیل
بلش خیل
حیات خیل
چندن خیل
میره خیل
دوران خیل

## تنبیہ

واضح ہو کر باصطلاح زبان پشتو تنبے اوس حالت مین کہتے ہین کہ جب کہ چند قومین نفع نقصان مین یکجا اگر شامل ہو کر تنبہ کہلاتے ہین

سیناور
زوجه اول
زوجه دوئیم
اینخیل
سوکری
خوجری
رشتی خیل
مستی خیل
بیست خیل
مصری خیل
سعید خیل
شامہ خیل
زیبا خیل
سرقومی
ولی خیل
شوونی خیل
حسن خیل
کمال خیل
بہادر خیل
وزیر خیل
یعقوب خیل

سربنی
منڈان
عیسکی
تیلری
ہر سہ کا شجرہ آویگا
بازید خیل
فتح خیل
میناخیل
چیت
بادوی
بالیت خیل
بسیت
بنگش خیل
خٹک خیل
خاسنڑے
صابر خیل
ولی خیل
زالوزی
عنایت خیل
خوبی خیل
افضل خیل
جیگر خیل
عیسی خیل
پائی خیل
شہداد خیل
میانداد خیل
قاسم خیل
ناک دین
کینگر
حید خیل
گنڈا خیل
میرزا علی خیل
ممیت خیل
لاچی خیل
چیت
سکندر خیل
کفشی خیل
لیدی
مانک خیل
میان خیل
خوجه مد
عباس خیل
مدی
بہرام خیل
شاہی خیل
گلان خیل
بہادر خیل
بارگ خیل
بیسری خیل
خان خیل
شغال خیل
شجاع خیر
گلستان خیل
بہار خیل
گاٹ
ویدان
بشر خیل
اوڑی خیل
کتی خیل
ایاک خیل
عقیب خیل
کمال خیل
داؤ خیل
اندرس خیل
محبت خیل
کٹرا خیل
منگر شاہ خیل
وراز خیل

۹۱
نسب نامہ شاہ فرید معروف شتیک
شتیک
زوجہ اول ستابانو
زوجہ دویم
زوجہ سیوم
کیوی
سورانی
زنیلم
اوبگا
ابوخیلی
حسن خیلی
غوندو
سمعیل خیل
میٹرنی
سنی
وڑبہ
زوجہ اول
زوجہ دویم
زوجہ سیوم
زوجہ چہارم
بارکزی
ممرخیل
برہمہ
زوجہ اول
زوجہ دوم
زرگرخیل
غزنی خیل
محبوب
عمرخیل
میرخیل
عمرخیل
محبوب
بالے
رستم
طیب
حسن
جعفرخیل
احمدخیل
فتح خیل
لیوان
براخیل
موسیٰ خیل
ممو خیل
ابراہیم خیل
نصرالدین
کاکاخیل
مناخیل
کرک

پائمال کرائی اور ہر طرح کی تکلیف دہی مین سرگرم ہوئی اور جو اسکی خفیف منازعات مین تکرار ہوئی اومین غالب آئی آخر قوم ہنی
و منگل کو مجبوراً ملک چہوڑ دینا پڑا قوم ہنی کچہہ ہندوستان کی طرف جا بسی اور کچہہ مع قوم منگل کے کوہ سفید سی جنوبی
جانب جا آباد ہوئی اوس عہد سی اوا شیتاک بنون زہی اس علاقہ مین تابض چلے آتی ہے گرچہ وسطی حصول قبضہ ملک ہذا کوئی
تاریخ معین معلوم نہین ہے مگر چونکہ قبضہ اس قوم کا بوقت حیات شاہ محمد روحانی جو ہمعصر اور مرید شاہ رکن عالم تہی ہوا ہی اور
شاہ رکن عالم اٹہاسی برس عمر پاکر سنہ ہفتصد پنج ہجری مین فوت ہوئی جسکو پانسو چہیتر برس ہوی تو تقریباً پانچسو برس سی قبضہ
اس قوم کا خیال کیا جاتا ہے اور اس امر کی تایید اور دلایل سی بہی ہوتی ہے +

## تقسیم ملک باہم قوم بنوچی

بعد اخراج نسل ہنی و منگل کے اس قوم نی بفہمایش اپنی پیر کے ملک بنون کو اسطرح آپسمین تقسیم کیا کہ مسمی میری پسر کلان کیوی
کی اولاد کو جنوبی حصہ موسوم حال علاقہ میری موضع گگی کے مشرقی حد تک جو اوس وقت زیادہ تر آباد اور عمدہ تہا دیا گیا اور مسمی سمی
فرزند دویم کیوی کو وسط مین زمین تا بزنک اور اولاد سورانی کو رود کورم سی شمال تہل وبک تک حصہ ملا سورانی کا
علاقہ اوس وقت ناقص اور اکثر ویرانہ یعنی بیابہ جنگل تہا مگر اب سی کامل اور اول قسم کی زمین ہے سورانی کی نبیرہ خونک نے
ہنجل یا سوکڑ کی دختر سی شادی کری تہی کورم سی جانب جنوب جہان اب تپہ داود شاہ و امنڈی ومشن خیل
ہی اوس دختر کی والد کے ملو کہ ملک کا حصہ تہا خونک نی اپنی خسر سی درخواست کری کہ گاو کے چمڑہ کی برابر ہمکو سر دو یعنی جہیز مین
زمین دو جب اوسنی دینی کا عہد کر لیا تب چرم گاو کا باریک تسمہ نکالکر اوس سارے زمین کو گہیر لیا جو اب خونک کی
نسل کے قبضہ مین ہے فی زمانہ اوس پورانی تقسیم کے حلقہ مین جس جس نام کے پتہ ہای کلان ہین اونکو ذیل مین لکہا جاتا ہے

| جنوب | وسط |
|---|---|
| **حصہ اولاد میری** | **حصہ اولاد سمی** |
| ہر دو پتہ بارکزئی تپہ نورز تپہ ممشخیل ہر دو تپہ گگی نبہ ہر تہہ | ہر دو تپہ تپی تپہ منداں پتہ عیسکی و فاطمہ خیل |

| شمال و مغرب | |
|---|---|
| **اصلی حصہ اولاد سورانی** | **جو جہیز مین ملا** |
| تپہ منداخیل المعروف تپہ بازید تپہ لادین المعروف تپہ دہر خیل | تپہ داود شاہ تپہ ممشخیل و آمندی |
| تپہ کہوئی المعروف تپہ ختی تپہ اخیل المعروف تپہ نلعت | |

اسماء تپہ کی قوم مشہور کے نام پر رکہی گئی ہین شجرہ نسب دیکہنی سی پتہ ملیگا +

اور شہر و دیہات کی طرح معلوم ہوتی ہے دیکھنے مین ہین خصوصاً ایک پورانی عمارت کے نشان تو وہ خاک موسوم اکرا متصل ضلع
گکھڑ ہے جسکے چارون طرف دیوار سنگ عمارات قدیمہ کی علامت دیکھی جاتی ہین موجود ہین اور اس اکرا سے جو سکہ جات کہنڈی
نکالی ہین اوس سے سلطنت اہل کریک و حکومت ہنود جنکی مضروبہ وہ سکے ہین ثابت ہے ایسی ثبوت ہوا ہی کہ تا سلطنت سبکتگین
و شروع عملداری سلطان محمود غزنوی تک اس علاقہ مین ایک قوم موسوم بُدّہنی جنکا عقیدہ مذہبی مثل
ہنود تھا آباد تھی اور چونکہ سلطان محمود کا بوقت حملہ جات ہند کئی دفعہ اس رستہ گذر ہوتا تھا بسبب مخالفت مذہب اوس قوم
اور اوسکی ہمسایان سے جنکی دار الریاست شہر ستراہم موسوم حال اکرا تھا لڑائی کرکے غالب آیا چنانچہ اکرا کے پاس قبر شہیدان
اسلامیہ موجود ہین جنکی نسبت لوگ بیان کرتے ہین کہ اوس لڑائی مین کام آئی تھی سلطان محمود کی منصب سپاہ زیادہ قوم پر
زیادہ تیان کرین کہ جو تباہی کر قلیل بچ رہ وہ ملک چہوڑ گئی مشہور ہے کہ اوسکے بعد بہت عرصہ تک یہہ ملک ویران رہا اور جنگل بن
گیا تا وقتیکہ سلطان شہاب الدین غوری کی عہد مین قوم ہنی و منگل پہاڑ سے اوتر کر اس علاقہ مین آباد ہوئی گر بسبب قلت تعداد قوم
اونسے سارا علاقہ آباد نہو سکا تاہم دو کورم سے دو نالے یعنے نہرین کاٹ کر کچھ صورت آبادی کی کر لی اور باقی غیر آباد ملک کو اپنی بیشمار مویشی
کی چراگاہ رکہی +

## حال تسلط اولاد بنوچی

غرض ہنی و منگل کی سکونت کو اس ملک مین ایک سو پچاس برس کا عرصہ بھی نہین گذرا تھا کہ اونکی آپسمین نا اتفاقی ہوئی اور
اوس عہد مین اونکا پیر شیخ شاہ محمد روحانی اس سبب سے ناراض ہوا کہ پیداوار غلہ سے عشر یعنی دسوان حصہ جو اونکو دیتے تھے وہ بند کر دیا
تب اوس پیر زادہ اولاد شیتک سے نسل کنبوی اور سورانی بنوچی کو کہ شوال سے معہ اپنے فرزند شاہ نیکمین صاحب کے اوس ملک میز
بھیجکر اجازت دی کہ قوم ہنی و منگل کو خارج کرکے اس علاقہ کو جو اوس وقت موسوم بُدّہ بند تھا اپنے قبضہ مین کر لو اور چونکہ اولاد شیتک
قوم وزیر کی غلبہ سے تنگ تھی اس بات کو غنیمت سمجھکر خانہ کوچ ادہر کو روانہ ہوئی اور اول آکر دو توچی سے جانب جنوب دامن کوہ
گبر سے شمال ورغر مین قیام پذیر ہوئی کہ اب بھی ورغر مین کیوہنی میلا ایک موقع کا نام ہے اوس جگہ بصلاح اپنی پیر زادہ کے
بنوچیان نے تین کبوتر منگا کر اونمین سے ایک کے پر ثابت رکھے اور ایک کے نصف پر اوکھاڑ دئے اور تیسرے کے بالکل سب بال و پر نوچ کر ہر
سہ کبوتران کو اپنے وکیل کے ہاتھ قوم ہنی و منگل کی گروہ مین بھیجکر یہہ پیغام دیا کہ تم مین سے جو لوگ اب اس علاقہ کو خالی کرکے
چلے جاوین تو وہ مثل اس کبوتر پردار کے جیسا یہہ تمہارے سامنے اور جا دیگا اپنا مال جایداد لیکر چلے جاوینگے کوئی مزاحم نہوگا اور جو لوگ توقف کرکے بعد
جاوینگے وہ بطور اس کبوتر نیم پر کے نقصان جان و مال اوٹھاکر پشیمان ہونگے اور جو نہین جاوینگے تو اونکو ہم بہ برکت اپنے پیر کے مثل
کبوتر نوچے ہوئے بے پر و زر کر دینگے یہہ حال کبوتران دیکھکر اور پیغام سنکر آپسمین اونہون نے مشورت کری کہ اگر اونسے لڑین تو بھی امید
کامیابی نہین ہے اونکو اپنی بے اتفاقی اور پیر کے دباؤ نے زیادہ دل برداشتہ کر دیا اور بنون نے بھی اونکی زراعت کو اپنے مال مویشی کر

# باب اوّل

## حال قوم ہنوچی و پرگنہ بنون

### ذکر سمیت و ولدیت شیتک و جا سکونت اولین

جداعلی قوم ہنوچی کا مسمی شاہ فرید معروف شیتک بیٹا ککلی پوتا کرران کا ہی ذکر اصلیت و قومیت کرران کا اس کتاب کی دوسری حصہ کے چوتھی باب مین کیا گیا ہی مولد اصلی اس قوم کا کوہ شوال شاخ کوہ سلیمان ہی جہان اب بہی ککلی میلہ ایک موضع کا نام مشہور ہی اوس جگہ ککلی کے گہر تیسری زوجہ سی یہہ شخص پیدا ہوا والدہ اسکی بوقت تولد مرگئی باپ نی نام اوس کا شاہ فرید رکہا چہوٹی عمر مین بسبب ناموافقت شیر دیگر عورات بہت بیمار ہوا تب اوسکو بفہمائش حکما شیر خرپارہ پلایا گیا جس سبب سی شیرتک کی نام پر معروف ہوکر کثرت استعمال و اختصار زبان پشتو شیتک مشہور ہی بعد سن بلوغ شیتک کی پہلی زوجہ سی جسکا نام مسمات بانو بیان کرتی ہین دو فرزند مسمیان کیوی و سورانی پیدا ہوی جنکی نسل کو بسبب اسمیت والدہ مجمعاً بانوزی اور عوام پشتون بنوچی کہتی ہین جو بسبب اختلاف زبان ہندی ہنوچی مشہور ہین

### وجہ تسمیہ بنون

غالباً اس ملک کا باسم بنون وہی عورت ہی اور اوسکی اولاد معروف بنون زی کی آباد ہونیسی اس علاقہ نے بلفظ بنون تسمیہ پایا کیونکہ قبل از آبادی قوم بنوزی یہہ ملک نامزد بہ بنون نہین تہا بلکہ جب یہہ قوم اسملک مین آئی تو اس علاقہ کو ڈہنڈ بمعنی نشیب بولتی تہی گو بعض سن رسیدہ آدمیونکی یہہ روایت ہی کہ کسی ہندو راجہ مسمی ستہ رام قبل از ظہور اسلام سکنہ ملک ہذا کی دختر مسماۃ بانو جسکو باپ نی مسمی ہتہنی نام آہنی ملازم پہلوان کی ساتہہ بیاہ دیا اور اوس عورت نی اس حقارت کی سبب سی بد دعا کی جسکی پذیرائی سی بظہور قہر الہی بارش سنگی و ژالہ یہہ ملک اور اوسکی سکنا تباہ ہوگئی اوس واردات کی سبب سی اوس راجہ کی دختر کے نام سی یہہ ملک نامزد بہ بنون ہوا الا چند دلایل سی آخر الذکر روایت ضعیف معلوم ہوتی ہی شیتک مذکور کی دو منکوحہ اور بہی تہین جن مین سی ایک کی شکم مسمی فور پیدا ہوا جسکی نسل کا ذکر دوسری حصہ کی چہارم باب مین کیا گیا اور تیسری زوجہ سی مسمیان حلیم و بہوید ہوی جنکی اولاد بہت کم ہی +

### مختصر حال قابضان سابق

واضح ہو کہ زمان ماضیہ کی اسملک مین سکونت اہل ہنود اور گریک یعنی یونانیون کے صداقت کہنڈرات کہنہ و سکہ بامرجہ اوس وقت سے جو فی الحال کہنڈرات سے ملتی ہین بخوبی ہستی ہی مین نی بچشم خود چند جگہہ پورانی کہنڈرات جنہین سے بعضون کی بنیاد بطور قلعہ اور حوبلی

سے قصبہ کالا باغ کے نیچے جنوب کو تین میل نکلتا ہے تو دوانسے بسبب میدان اور فراخ موقع ملنے کے پاٹ چوڑا ہوتا جاتا ہے یہانتک کہ
دہیمہ مابین عیسی خیل جو کنارہ مغرب پر اور قصبہ میانوالی جو شرقی ساحل پر ہے بفاصلہ ۱۴ میل کچہ یعنی تمام زمین کہلاتی ہے کیونکہ اسپر
موسم گرما پانی دریا کا آٹھ پہونچتا ہے اور اس فراخ موقع پر دریا چند نالہ ہوکر بہتا ہے گو اوسکی بڑی دہار کسی نہ کسی طرف جمع
رہتی ہے اون نالون کے مابین بطور جزیرہ خورد کے قطعات زمین مزروعہ وغیر مزروعہ اکثر واقع ہین موسم طغیانی دریا کے بعد کسی
جگہ سے بہ وکسی جگہ سے برآمد معلوم ہوتی ہے یہہ متفرق نالے قصبہ عیسی خیل سے ۶ میل نیچے جاکر بسبب مغربی جانب بہا لیجاتا جاکر
پہر شامل ہوجاتی ہین بسبب طے کرنے تہوڑی سی منزل کوہی کے وہ پہیل جاتا ہے اور طغیانی کے وقت اکثر اراضیات سیلاب کو اول پانی سے
فایدہ اور بعضی جگہ بہ کثرت نقصان پہونچتا ہے +

## رود کورم

ایک پہاڑی نالہ کوہ سفید کی جنوبی حصہ سے نکلکر نواح اریوب اور مقام پیوار کے متصل سے گذرکر قوم طوری کی سکونت
علاقہ کورم کو جسکی وجہ تسمیہ یہہ ہی نالہ ہے سیراب کرکے علاقہ بنگش اور وزیران و درویش خیل کی پہاڑی ملک سے جنوب مایل بشرق
رو بہتا ہوا علاقہ بنون کے مغربی سرحد سے نکلکر سیدہا تین سیدہا مشرق ذرہ مایل جنوب جاری ہے اور اکثر پرگنہ بنون اور جزو علاقہ
مروت و عیسی خیل کو سیراب کرتا ہوا دریای سندہ مین قصبہ عیسی خیل سے بفاصلہ ۵ میل گوشہ مشرق جنوب جاکر داخل ہوتا ہے یہہ
نالہ اس ضلع خصوص پرگنہ بنون کی زرخیزی کیواسطے حکم اکسیر رکہتا ہے رود کورم مین اندر کوہ مقام زرزوم کے نزدیک ایک
دوسرا نالہ موسوم کیتی شامل ہوکر پانی کو افزود کرتا ہے اس نالہ کا سر کوہ جدران مین واقع ہے جہان اسکو قسمل
کہتے ہین اور ملک خوست سے ہوکر آتا ہے +

## دوسرا توچی

نالہ توچی جو کوہ خروٹی علاقہ اور گربان اور کوہ بیرمل سے نکلکر نواح مرغہ علاقہ ڈور سے گزر کر ملک بنون کی مغربی سرحد سے
سیدہا مشرق رو پہاڑ مسمی تنگہ توچی سے باہر نکلکر داخل حدود پرگنہ ضلع بنون ہوتا ہے اس نالہ سے صرف چند مواضع ککی و نورڑ اور
قوم بکاخیل وزیران کی اراضیات سیراب ہوتی ہین اور بند ہمل سے زمین لنڈیداک کو بہی پانی لگتا ہے اوس سے نیچے سیرابی
زمین کے کام نہین آتا مگر علاقہ مروت مین جہان نالہ کا نام گمبیلا مشہور ہے مخلوق کے پینے مین اکثر مستعمل ہے اور قصبہ لکی مروت
سے ۱۲ میل مشرق رود کورم سے شامل ہوجاتا ہے سواے انکے گرچہ علاقہ مروت کے مغربی حصہ مین کس تنگرا اور علاقہ
[illegible] مین رود کورم و توچی کس باران جو کوہ شیر آلمہ سے آتا ہے و دیگر چند خشک کس واقع ہین مگر بسبب نہ
[illegible] سیرابی اونکا ذکر لا حاصل ہے +

باوجود سرسبز و سایہ دار علاقہ ہونیکی قلت ہوا کی باعث سی گرمی شدت سی پڑتی ہے یہانتک کہ مقیاس الموسم یعنی تھرمامیٹر مین بارہ قریب سو درجہ
کی پہونچ جاتا ہی مگر صبح وشام کی ہواخوری بلا گرد سرسبز اور شاداب علاقہ کی سبب سے فرحت افزا ہی خصوص موسم بہار مین سبز شگوفونکا ہر
طرف میناکاری باغ نظر آتا ہی زمستان مین سردی گرمی تابستان سے زیادہ سبقت لیجاتی ہی پانی گورم کا زمستان مین صاف اور
برسات کی موسم مین اکثر سیلابون کی آنیسی میلہ رہتا ہی تاثیر اس پانی کی ہاضمہ کی مخالف بتاتی ہین اور جو ویالون کی رستی کہیتونسی ہوکر
شہر کو آتا ہی اسکی ناقصی ہونی مین تو شک نہین ہی اس پانی کی تاثیر سے آدمی اس علاقہ کی اکثر زرد رنگ اور کم خون معلوم ہوتی ہین موضع
ممہ خیل سے نیچے جاکر بسبب ملجانی نالہ نمکین موسوم کاشو اس گورم کا پانی ایسا خراب اور شور ہوگیا ہے کہ استعمال اسکا مضر انسان ہے
رود توچی کا پانی جسکو علاقہ مروت مین رود گمبیلہ کہتی ہین واسطی تنومندی و صحت انسان بہت مفید ہی اوس نالہ کی پانی پینی
والی سرخ رنگ مضبوط قوی ہیکل ہوتی ہین اس ضلع کے حد جنوبی مین صدر مقام سی ۴۵ میل گوشہ جنوب و مشرق
کوہ شیخ بدین خواہ نغوندڑ جو سطح سمندر سی ۴۲۰۴ فٹ اونچا ہے بموسم گرما انگریزون کے ملجا ہوتی ہی یہہ پہاڑ
ضلع ڈیرہ اسمعیلخان اور بنون کی وسط مین درہ پنیالہ سی مشرق واقع ہی گرچہ بسبب قلت پانی اور کمی درختان نہایت
بے رونق خشک ہی مگر بباعث اونچا ہونیکی سرد رہتا ہی اور اکثر ہوا جنوبی اس زور شور کی چلتی ہے کہ اوسکی تاکوار شدت سی اونچی جگہ
ہواخوری کی برداشت طبیعت نہین کرسکتی مگر تاہم گرمی کی سختی سی محفوظ رہنی کی واسطی اکثر صاحبان انگریز خصوص میم والی ہر سہ
اضلاع قسمت ڈیرہ جات سی وہان ماہ جون سی ماہ ستمبر تک جمع رہتی ہین سوا اسکی باقی پہاڑ متعلقہ ضلع ہذا بے رونق اور گرم ہین مگر
ملحق الحد ذا اس ضلع کے کوہ خٹکان کی وہ شاخ جو پرگنہ عیسی خیل سی مغرب کو واقع ہی اوسکی سر پر میدان نام جگہ سمندر سی
۴۴۵۶ فٹ بلند خوش ہوا اور صحت افزا ہی اور نیز پرگنہ میانوالی سی بگوشہ مشرق و شمال کوہ سکیسر ایک عمدہ اونچا پہاڑ ہوا خوری کی
اس لائق ہی کہ وہان کچھ آبادی کیجاوی +

## معدنیات مین سے

بمقام کالاباغ کان نمک لاہوری دریای سندھ کی بازو دست والی پہاڑ مین واقع ہی جسکی منڈی فروخت بمقام ماڑی کنارہ چپ پانی سندکی
پر ہی اور بہت افراط سی نمک حاصل ہوتا ہی کالاباغ کی متصل ایک سیاہ رنگ کی مٹی سی پھٹکری بنتی ہے اور تحصیل عیسی خیل علاقہ مین شورہ
پیدا بھی ہوتا ہی کالاباغ سی جانب جنوب و مغرب سلسلہ کوہ کے اندر کان کوئلہ چند جگہ ملی ہی جو انگن بوٹ اور ریلوی کی کار آمد چیز ہے علاوہ
انکی تاہنوز کسی مفید عام کی معدن نہین معلوم ہوئی مگر کوئلہ معدنی بھی کم ہین +

## ندی اور نالہ

اس ضلع کی حصہ شرقی مین یا بین حد تحصیل میانوالی اور عیسی خیل کے دریای سندھ یا اباسین شمال سی جنوب کو بہتا ہی اس دریا کا پہاڑ کا منبع
ملک تلماتی کی کوہستان مین اور یہہ ہی دریا ہندوستان اور افغانستان کی حد فاصل ہی جب اس ضلع کی حد شمالی علاقہ کوہی

ہوا حصہ دریائی سندھ سے جانب مشرق واقع ہے قبل از ماہ جنوری سنہ ۱۸۶۱ء متعلق ضلع لیہ تھا جب وہ ضلع شکست ہوا تو تحصیل میانوالی شامل ضلع بنون کی گئی اس پرگنہ کے حصہ جنوب و مشرق مین تھل اور شمال مین سلسلہ کوہ سکیسر ہے اور غرب ناہموار زمین مغرب مین دریائی سندھ ہے گرچہ بنون کے ضلع کا بڑا اعظم پہاڑون سے رکا ہوا ہے مگر کل آبادی اور مزروعہ رقبہ اسکا سوائی علاقہ بھنگی خیلان میدان پر واقع ہے سب سے اول قسم کی زرعی اراضی پرگنہ بنون مین ہے جسمین سیرابی ودو کرم کے سبب سے اعلی قسم کے پیداوار حاصل ہوسکتی ہے لکہی مروت کے شرقی اور جنوبی حصہ مین اور بنون کے پرگنہ مین تھل وزیران اچھد بڑی کے ریگستانی زمین ناہموار ہے جسمین زراعت گندم و نخود اول قسم کے افراط سے پیدا ہوتی ہے اس ریگ کی تاثیر موسم گرما بسبب آفتاب مین گرم اور شب کو ہوا خنک ایسی سردی چلتی ہے جو سخت زمین والونکو کم نصیب ہوگی پرگنہ عیسی خیل دریائی سندھ کے کنارہ راست پر واقع ہے شرق مین دریائی مذکور مغرب و شمال مین سلسلہ کوہ خٹکان و کوہ میدان جنوب مین علاقہ پنیالہ ضلع ڈیرہ اسمعیلخان شکل اس پرگنہ کی بسبب کم عریض اور زیادہ طویل اور خم دار ہونیکے جنوباً و شمالاً طول مین بطور کمان کے معلوم ہوتی ہے اور اس کمان کے گوشہ شمالی کے ساتھ کالاباغ کے اور کے علاقہ بھنگی خیلان ترکش کے بطور نالو لگایا گیا ہے زمین قابل زراعت اس ضلع کی سوائی تھل پرگنہ بنون و مروت اور تھل علاقہ میانوالی جو بدون بارش کے ہمیشہ زراعت نہین دیتی قریب کل کی آباد ہے *

## صدر مقام

اس ضلع کا گوشہ مغربی مین کوہستان وزیری غیر حد سے بفاصلہ پانچ میل واقع ہے اور بسبب سرحد غیر ملحق ہونیکے بنظر انتظام ملک داری کی بہت موقع صدر کے واسطے اچھا ہے رود کورم چھاؤنی سے تہوڑے فاصلہ پر شمال مین بہتا ہے اور نالہ کچکوٹ بطرف مغرب تخمیناً ایک میل جنوب بہ وجاری ہے صدر بنون سے تخمیناً ۱۲ میل کے فاصلہ پر حد سلطنت سے باہر جانب جنوب مغرب کو جو کچھ ہوا پیوست جانی خیل کے اوپر کوہ گبر سطح سمندر سے ۶۴۳۷ فٹ اونچا پہاڑ جسپر موسم زمستان مین برف بھی پڑتی ہے دکھلائی دیتا ہے گبر بزبان پشتو قبر کو کہتے مین اس کا نام گبر اسواسطے ہے کہ بصورت قبر مائی پشت ہو کر جنوب سے اونچا اور مشرق مائل جنوب و مغربی و شمالی جانب سے بطور سلامی قبر کے نیچا ہوتا گیا ہے اس پہاڑ کے حصہ شرقی پر قوم [illegible] اور مغربی پر شہابی خیل مسعود وزیری قابض ہین بنون کی شمال مائل مشرق کوہ کافر کوٹ سطح سمندر سے [illegible] فٹ اونچا دور سے بصورت قلعہ دکھلائی دیتا ہے

## آب و ہوا

صدر مقام ضلع کی قابل تعریف نہین ہے بسبب نشیب اور تین جانب بطور حلقہ پہاڑ کے روک ہونے سے ہوا کی آمد خاطر خواہ نہین موسم گرما

# تیسرا حصہ

## تاریخ و حالات خاص ضلع بنون کے بیان مین

### تمہید

ن شروع عملداری سرکار سے ایک تحصیل متعلق ضلع ڈیرہ اسمعیلخان کے چلا آتا تھا ماہ جنوری ۱۸۶۱ء کو ضلع آئیہ
ار بنون علیحدہ ضلع مقرر ہوا اور چار تحصیل اس ضلع کی متعلق کی گئین اول تحصیل بنون دوسری لکی مروت
سی خیل چوتھی میانوالی اور چونکہ زمانہ ماضیہ مین بعہد عملداری افغانی و سکہان یہہ ہر چہار پرگنہ بجای خود
مجھی جاتی تھے اور انکا آپسمین قبل از سلطنت انگریزی کچھہ اشتمال یا تعلق نہین رہا بلکہ ہر پرگنہ مین جد اجدا
مختلف اکثر قابض مالکیت ہوئی اور راہ رسم ورواج سکنہ ہا ہر ایک پرگنہ مغایرت تام رکھتا ہے
اس کل ضلع کی ایک سلسلہ مین لکھنے سے مطلب فوت ہوتا تھا بدین نظر اس حصہ کے پانچ باب پر
(پہلے چار باب مین ہر چہار پرگنہ کی تاریخ خاص اور پرگنہ وار اقوام سکنہ ہم کا شجرہ نسب و تاریخ اور کیفیت
ی پانچوین باب مین تاریخ عام اور اذکار جو بطور کلیات کل ضلع کے متعلق تھی لکھی گئی الّا

### جغرافیہ

کا بیان اس موقع پر ابتداءً مین کیا جاتا ہے - اس ضلع کے مغرب مین کوہ وزیری جو حد و سلطنت
شرق مین سرحد ضلع شاہ پور علاقہ مٹھہ ٹوانہ اور کچھہ ضلع جہلم تحصیل تلہ گنگ شمال مین مغربی حد سے
ست دریای سندتک علاقہ کوہ خٹکان متعلق ضلع کوہاٹ اور کنارہ چپ دریای مذکور سے کچھہ حد علاقہ کھہڈ
ی کے ملتی ہے جنوب مین ضلع ڈیرہ اسمعیلخان کے حد واقع ہی طول مین مغرب اوس موقع سے لیکر جہان
ی میدان پر نکلتا ہے مشرق مین حد ضلع شاہ پور تک ۹۰ میل اور اوسط عرض شمالاً جنوباً کچھہ اوپر
سا سطح اسکی تین ہزار چھہ سو چھتیس گیارہ میل مربع ہی بموجب انسان شماری ۱۸۶۸ء جملہ و لاکھہ چھتیس ہزار دوسو
ی بستی ہین جنکی حساب سے فی میل ۶۵ - آدمی کی آبادی پڑتی ہی اس ضلع کا بڑا حصہ جسمین تین پرگنہ بنون خاص
یسی خیل واقع ہین دریای سندسے مغرب کو پہاڑون سے گہرا ہوا ہی خصوصاً دربند تنگ جو عیسی خیل اور
کی حد پر رود کورم شارع عام کے نزدیک ہی اوس جگہ سلسلہ کوہ خٹکان و کوہ شیخ بدین کی ملحق ہو جاتی ہے
اور مروت کا پرگنہ پہاڑون کے حلقہ مین بطور دون اونچی جگہ سے مدور میدان معلوم ہوتا ہی دوسرا

## فہرست بعض الفاظ زبان کافری مع ترجمہ اردو

| لفظ کافری | ترجمہ اردو | لفظ کافری | ترجمہ اردو | لفظ کافری | ترجمہ اردو |
|---|---|---|---|---|---|
| ایمرٔ | خدا | دا، | پہاڑ کوہ | گا، | بیل نرگاو |
| آؤ | پانی آب | دُرنگو | جائی رقص ولہو طرب | گدّا | گدہا خر |
| آسے | آگ آتش | دِرلُو | آسمان | گل ملہ | دریا |
| اچیمہ | یخ | دنیا | دنیا | گلولہ | میدان دشت |
| اَرٔہ | تالاب حوض | دُوگم | اللہ خدا | گوڑا | گہوڑا اسپ |
| استری گا | مادہ گاو | دِیرانہ | میوہ | ماس | چاند ماہ |
| اشٹن | درخت | ڈامو | ہوا باد | مہیار | بادل ابر |
| اشتنے | تر | ڈپلا | پسر بیٹا | ناٹ | ناچ رقص |
| بورہ | بہائی برادر | ڈپلی | دختر بیٹی | واش | برسنا بارش |
| پتال | زمین | زِم | برف | وَالی | گوسفند |
| پشکا | چوپان | زوان | زمستان | وستمک | بہار ربیع |
| پواک | بجلی برق | شوسی | بہن خواہر | وشرو | بکری بز |
| تارہ | ستارہ | شوی | سورج آفتاب | وشونٹ | تابستان |
| تیپے | گرم | سپہی | شیر | ییز | سبز |
| ترکیاس | گرجنا رعد | شانٹ منوندر | تیر و کمان | یوز | سردی |
| تن | سنگ | ششوری | خزان تیرماہ | | |
| چشدا | صحرا | شول آ، | نہر | | |

ہین جتنا عجیب دستور اون کی لڑائی کا ہے دتنا ہی عجب دستور اونکی صلح کا ہے ایک بکری کو مارکر اوس کا دل
بہونتی ہین اور اوسکو آدہا خود دانت سے کاٹتی ہین اور دوسرا نصف مسلمان کو دیتی ہین اور دونو فریق پہر
دل کی جگہ کو دانت لگاتی ہین اور بعد اس رسم کے پہر صلح پختہ ہوجاتی ہے اگرچہ بباعث ہمیشہ لڑائی کی مسلمانونکے
کے ساتہہ اونکی سخت دشمنی ہے اور کافر لوگ سنگدل قوم ہے مگر اکثر اوقات مہربان اور بلا نقصان ہین اور خوش
مزاج آزاد مخلوق ہے مسلمانون پر بہی مہربانی کرتے ہین جب مہمانون کی طور پر رکہین +

## تجارت

کافر لوگ سوداگری کی شوق نہین رکہتی بلکہ ایسی مخلوق ہے کہ باہر کے ملکون سے اونکو کچہہ واقفیت نہین ہے اپنی ہمسایہ
ممالک سے باجوڑ اور کونٹر اور کاشقار اور بدخشان کا نام جانتے ہین مگر اونکی ماہیت سے واقف نہین اپنی ملک سے
روغن زرد پنیر مادہ گاو اچہی بکری بربڑی اور کرک یعنی پشمک بر جس سے کابل مین عمدہ پٹو بنتی ہین اپنی ملحقہ
علاقہ جات افغانستان مین بہیجتے ہین اور غلام اور کنیز کافری بہی فروخت کرنے آتے ہین اور افغانستان
شمالی مین کافرون کے ملک کا تحفہ بہی ہے گرچہ اپنی اولاد کو کافر مسلمانان کے ہاتہہ نہین فروخت کرتے مگر احتیاج کے
حالت مین باری یعنی ادنی فرقہ سے آدمی بطور غلام بہیجتے ہین دوسری جگہ کافرستان سے چوری کرکے یا اپنی
مخالف کے قوم سے زوری پکڑ کر بہی بہیجاتی ہین کافری کنیز کا قدر بسبب حسن خداداد کے بہت ہے اوسکی بیع کا منحصر
حسن اور جوانی پر ہے اس لحاظ کو خیال مین رکہکر ایک سو سے دو سو روپیہ تک فروخت ہوتی ہین مگر غلام اس قدر
بہت ارزان ہین مادہ طبعی انکا تربیت پذیر ہوتا ہے گرچہ اول اول سے وحوش کی طرح آتے ہین لیکن تہوڑا آدمی تربیت
کے زور سے جلد عقلمند اور خوش اخلاق سلیقہ دار ہوجاتے ہین خصوص کنیز کافری عورتین افغانستان مین جبکہ وہ
بطور غلام آتی ہین اپنی کمال فن زیادہ جوہر دکہاتی ہین [illegible] تجارت کرنا چاہو تو کافرستان مین زیادہ
فایدہ ہے خصوص سرخ رنگ کا کپڑا [illegible] اونکو [illegible] روغن زرد [illegible]
خربوزہ وغیرہ اشیا [illegible] وہان بہت خوش [illegible] کسی کافر [illegible]
اونکے ملک مین نہین جاسکتا +

اور ایک کٹار بہی ہوتی ہے اور ایک طرح کا چہوٹا دوسری طرف کمر کی باندہتی ہین اکثر اوقات پتہری آگ نکالنی کی معہ ایک پلیتہ
جو کسی درخت کے پوست سی بناتی ہین پاس ہوتا ہی بندوق کا کام بہی اب انہانون سی سیکہہ لیا ہے ورنہ اسلحہ آتش بار اس
قوم مین مثل پرانی وقت کی قومون سے نہین ہے بعض وقت اپنی مخالفون پر حملہ کرنیکی واسطی دور تک جاتی ہین اور اس کام کروہ
لائق ہین کیونکہ چالاک اور سبک ہوتی ہین جب بہاگتی ہین تو کمان کی زہ ڈہیلی کرکے کمان سی کودنی کی مدد لیتی ہین اور اسکی
ذریعہ سی دور تک کودجاتی ہین دولتمند لوگ لڑائی کے وقت اپنا اسباب سی اچہا کپڑا پہنتی ہین اور بعض سیاہ ڈوری جسمین
خرمہرہ منسلک ہوتی ہین سر پر باندہتی ہین اور ہر ایک خرمہرہ جو اوس ڈوری مین ہو وہی ایک مسلمان
کشی کی علامت ہے یعنی جتنی خرمہرہ ہون گے اتنی مسلمان اوس کافر نے ماری ہونگے وہ خرمہرہ فی مسلمان مارنیکی
علامت ہی اور اسیطرح ایک پٹی بطور کمربند کے باندہی جاتی ہے اور اوس مین ٹلی یا ننگولہ لگاتی ہین اور وہ بہی علامت
ہے فی ٹلی ایک مسلمان مارنیکی لڑائی پر جاتی ہوے گاتی ہین اور اس جنگی گیت مین **چہری ہی چہری ہی**
**تہارنج** کے لفظ بہت آتی ہین اور جب دشمن سامنی ہوا تو سب **اشپاک** یعنی سیٹی مارتی ہین اور ایک گانا گاتی
ہین جسمین یہہ کلمہ بہت آتی ہین **اوشروا اوشروا** اور ایسی وقت مین سب مخالفون کو قتل کرتی ہین الا کوئی
مسلمان بہی بچ کر کسی کافر کے سینہ پر بوسہ دینی کی موقع تک پہونچ جاوی تو محفوظ رہسکتا ہی الا اگر کوئی کافر
جب رسم ملک خود لڑائی مین مغلوب ہوکر مسلمان کے سینہ پر بوسہ دیوی تو بہی قتل سے نہین بچتا انکی لڑائی لا
ہی مگر استقلال کامل نہین رکہتے مسلمان کشی کی ترغیب کی واسطی بہت کچہہ رسمیات فخریہ کیجاتی ہین جبتک مسلمان کو
کوئی جوان کافر نہ مار لیوی تو وہ کبہی باتین نہین کرسکتا سری برہنہ رہتا ہے اور تیوہار اور شادی اور ضیافت مین
پشت پیچہی ہاتہہ کرکے کہانا دیتی ہین اور اپنا تبرزین ناچ کے وقت سر پر نہین پہیر سکتا جن کافرون نے مسلمانون کو قتل کیا ہی اپنی
دوست اونکو اس فخر کے حصول کی مبارک دیتی ہین اور اوس وقت سی بعد اونکا حق ہے کہ ایک چہوٹی ٹوپی سرخ اونکی سر
رکہین اور نومی ناتہہ کی تاج پر ہر ایک مسلمان کش کافر ایک پگڑی باندہتا ہی جسکی بیچ ایک خوش شکل طایر کے پر رکہتی ہین
جتنی مسلمان جسنی ماری ہون اتنی پر رکہتا ہی اور اپنی کمربند مین اتنی ہی ٹلی لگاتا ہی اور اوسکی دختر اپنی سر مین خرمہرہ وغیرہ کونہ
اور جنہون نے بہت مسلمان ماری ہون اونکی دروازی کی سامنی ایک بڑی بلی چوبی نصب کرتی ہین اور اوسمین چہید کرکے جتنی اد
شہید کئی ہون اتنی میخ اوسمین لگاتی ہین اور اگر مسلمان کو زخمی کیا ہو تو ایک حلقہ بطور انگوٹہی اوسمین کہینچتی ہین جب لڑا
اسیطرح کوئی مسلمان بلا مارا ہی تو اول اوسکو قید رکہتی ہین اور پہر ایک بڑی ضیافت کی تیاری کرکے اوس مسلمان قت
انتظام اور شادیانہ کی ساتہہ قتل کرتی ہین یا اپنی بڑی بت کی پاس لیجاکر بطور قربان شہید کردیتی ہین بعض وقت مسلمانون

ہی الا بسبب غیرت جبلی اس طریق کو سوای نہایت ضرورت اور لاچاری مغلوبانہ کی کم اختیار کرتی ہین +

## باہر کی دشمنی

کافرون کی سخت دشمن مسلمان ہین خصوص اونکی جنوبی حد والے افغان مسلمان اور مشرقی والی قاشقار کی اور کافر بہی مسلمان کشی کی تدابیر مین کوئی امر فروگذاشت نہین کرتے اور مسلمانون کی ساتھہ شدید دشمنی رکہتی ہین اگر مسلمان کو پکڑلیوین تو زندہ نہین چہوڑتے اپنی سرحدی قومون سی باہر لڑنے کے واسطی نہین جاتے جب اونکی ملک پر مسلمان لوگ غلام پکڑلانے کے واسطی حملہ کرتے ہین تو وہ بہی مقابلہ اور بدلہ لینے کے واسطے لڑتے ہین چند دفعہ مسلمانون کی بہت فوج نے جمع ہوکر اونکی ملک پر حملہ کیا ستر یا اسّی برس تخمیناً گذری ہین کہ مسلمانون نی بڑی تیاری سے کافرستان پر جہاد کا ارادہ کیا بدخشان کا خان اور قاشقار کی بادشاہ اور کونڑ کا رئیس اور باجور کا باز اور چند خان یوسفزئیون نے صلاح کرکے بمعہ اپنی اپنی جمعیت کے کافرون کے ملک پر یکجا ہوکر حملہ آور ہوئی گرچہ وہان تک انتظام اچھا رہا مگر کافرون کی ہجوم سے وہان نہ ٹہر سکے اور بہت نقصان اوٹھاکر ہٹائے گئے گرچہ بعد اوسکی اس قدر کثیر لشکر مسلمانون کا جمع ہوکر اونکی ملک مین نہین گیا مگر اکثر اطراف سی مسلمان جہاد اور غلام پکڑلانی کی نیت سے جمع ہوکر اونکی ملک مین جاتے ہین اسطرح کی یورش اگر ناگہان اور بی خبر کیجاوی تو فایدہ ہی ورنہ اگر اون کو پہلے سی خبر دار اور مستعد ہوتی ہی مسلمانون کو اون کے پہاڑون مین شکست ہوجاوی تو کچھہ ٹہکانہ نہین لگتا کیونکہ راستے در آمد برآمد کے نہایت تنگ اور دشوار گذار ہین خطرہ کے وقت کافر لوگ کسی اونچی کوٹل پر دیدہ بان بطور قراول مقرر رکہتی ہین جب دور سی وہ دشمن کا لشکر آتا دیکہتا ہی تو واسطی اطلاع اور تیار ہوجانی اپنی قوم کی وہ قراول اوس اونچی جگہ پر آگ جلا دہوان اونچی دور کرتا ہی جس سی کافر لوگ غنیم کے آنیسی خبردار ہوکر لڑائی کے واسطی موقع مناسب پر جمع ہوکر حملہ روکتی ہین باجوڑ کی افغانون نی خصوص قوم محمند نی بہت کافر کٹار اور گنبیر وغیرہ کی مسلمان کرلئی ہین اور فی الحال عمرخان یوسفزئی فیروالبہی اون کے درپی ہی اور قاشقار اور چترار کی طرف سی بہی متواتر اونپر حملہ ہوتی ہین مگر مغلوب عام نہین ہوسکتے اسقوم کی مرد بڑی ہوشیار چالاک مستعد سپاہی ہوتی ہین کافرونکا اسلحہ ایک کمان ہے ساڑہی چار فیٹ لمبی اور اوسکی تانت چرمی ہوتی اور سیاست تیر چوب خدنگ اور کانی کا جس پر لوہی کا سومبہ ہوتا ہی اور اس آہنی سومبہ یعنی پیکان کو بعضی وقت زہر کی پان دیتی ہین اپنی زبان مین تیر کمان کو شانٹ موندی کہتی ہین تیر ہمیشہ ترکش مین رکہتے ہین اور تیر چلانی مین ایسی مہارت ہوتی ہی کہ کہتی کہ ایک گہ ارنیز تین چار تیر علیحدہ انگلیون مین پکڑکر چہوڑتی ہین اور اونکا چلایا ہوا تیر نشانہ مارنی اور کام کرنی مین اکثر کامیاب ہوتا ہے

کہانا کہاتے تھے کافر لوگ کچھہ بباعث طرز اپنی پوشاک کے اور کچھہ بلحاظ ہونے دستور کے مثل دیگر ایشیائی
لوگون کی زمین یا فرش پر نہین بیٹھہ سکتے اور اگر زمین پر بیٹھین تو یورپین کی طرح پانو پھیلا دیتے ہین
اونکی پلنگ لکڑی سے بنتی ہین اور مونڈہی کانیون سے بنا کر خام چرم بکری کا اوس پر چڑہاتی ہین *

## لہو و لعب

کافر لوگون کو کام سے بہت فرصت ہے شکار کرتے ہین مگر بہ نسبت افغانون کی بہت تہوڑا اسب طرح کی کہیل
اور لہویات سے ناچنا اور گانا بجانا بہت پسند کرتے ہین ناچ کو اپنی زبان مین **ناٹ** کہتے ہین اور ناچنے کی
جگہ کو ڈرنگو بولتے ہین جو اکثر تختہ چوبی زمین پر لگا کر ایک مدور جگہ ناچنے کی واسطے بناتے ہین گرچہ بعضی
مرد اور عورت ایک **ما اتن** یعنی گہومر کی طرح ایک ناچ ناچتے ہین جو بہت جلد حلقہ وار باجا بجاتے
گرد پہر کر باجہ کی تال پر پانون اور ہاتہہ آگے اکر مارتے ہین ایسے ناچ کے وقت مرد و زن کی دست انداز
بدعتون کی کچھہ باز خواست نہین ہوتی مگر اکثر مرد اور عورت علیحدہ علیحدہ ناچتے ہین اور مونث اور مذکر
ناچ مختلف قسم کے ہین مردون کا ناچ یہہ ہے کہ باجہ والے کے گرد حلقہ باندہ کر گہومتے ہین اور ایک پانو
اوٹہاکر تین دفعہ ایک پانو سے کودتے ہین اور چوتہی جگہ تال کی جگہ اوٹہایا ہوا پانو زمین پر مارتے ہین اور
عورت ہاتہہ شانون پر رکہہ کر تال کے ساتہہ پانو مارتی ہین اور گرد پہرتی ہین ناچنے کے ساتہہ گاتی بہی
ہین — اونکا باجہ ایک وضع کا ڈہل جو کم آواز ہوتا ہے اور دو تارہ بہی ہوتا ہے جب
شوق سے بجاتی ہین اور مرد لوگ ناچنے کے وقت اپنا تبر جنگی ہاتہہ مین لئے ہوئے سر پر پہیرتے ہین

## خانگی عداوت

ایسمین کبہی کبہی دشمنی ہوجاتی ہے خصوص معاوضہ اور انتقام گیری کے سبب سے ایسی دشمنی پشت
تک رہتی ہے اور ظاہر اور پوشیدہ جہانتک ہاتہہ پہونچے دشمن کو نقصان پہونچاتے ہین اور دشمن
خاندان کی نقصان جان اور مال اور انسان چورالانے سے کچھہ پرہیز اور کوتاہی نہین کرتے لیکن
خاص لڑائی کے وقت ایک دشمن دوسری مخالف کے سینہ پر بائین طرف بوسہ دے تو سب
اور دشمنی رفع ہوجاتی ہے اور بوسہ دینے سے یہہ مطلب ہے کہ عورت کا دودہ پیا ہے اور دشمنی کو دل
وہ دوسرا شخص سینہ پر بوسہ دینے والے آدمی کے سر پر بوسہ دیتا ہے اور پہر وہ آپسمین
رہتے ہین مرنے تک اور یہہ آسان طریق صلح کا گرچہ باہم اونکی دوستی پیدا کرنیکی واسطے

مٹی کے برتن مین انگور کو پاون سے ملکر اوسکی رس یعنی شیرہ نکالتی ہین اور اوس رس کو خم ہائی گلی مین ڈالکر اور سر پوش کر
مضبوط بند کرکے انبار سرگین یا زمین مین کو ٹہہ کے اندر ڈالدیتی ہین اکتالیسوین روز وہ قابل نوشیدن ہوجاتی ہے
مگر بعضی خم سالہا تک رہتی ہین جتنا یہہ شراب کہنہ ہوا اوتنا ہی تیز اور سرخ رنگ ہوتا ہے اور اچھا سمجھے ہین اور بعضی
لوگ خام شیرہ انگور سے بطور مربہ و دوشاب کیطرح ایک قسم کا بناتے ہین کہ وہ بھی بہت تیز ہوتا ہے یہہ لوگ شراب
چاندی سکے پیالہ سے نوش کرتے ہین اور یہہ پیالہ اپنی سب اثاث البیت سی قیمتی سمجھتی ہین جب کہانا کہاتے ہین تو اوس
وقت شراب پیتی ہین اور گہرون سے باہر درختون سکے نیچے بادہ نوشی مین مشغول ہوتے ہین اور زمستان مین اکثر
نوبت بنوبت ایک دوسری کی ضیافت اور جشن اور بزم کرتے ہین اس طرحکی بزم اور ضیافت کو بزبان خود
زہ بینگ کہتی ہین گرچہ اس شراب خوری مین اونکو سرور اور نشہ بہت ہوتا ہے مگر آپسمین تکرار نہین کرتے کہانیکے
وقت مذکر اور مونث علیحدہ علیحدہ بیٹہتی ہین شہد اور شراب اور سرکہ بہت پسند کرتے ہین +

## مہمانداری

کافر لوگ بہت مہماندار مخلوق ہے جب کوئی مسافر آوے تو بعض ساکنان گانو اوسکو لینے کے واسطے گانون سے
باہر آتے ہین اور مہمان کو معہ اوسکی اسباب کے ہمراہ لیجاتے ہین جب مہمان گانو مین پہونچے تو اوسکو لازم ہے
کہ سب بڑے لوگون سکے پاس ملاقات کو جاوے اور ہر گہر مین جہان وہ جاوے اوسکو کہانا اور پلانا چاہتے ہین +

## وضع مساکن و طریق نشست و برخاست

اس قوم کے گہر لکڑی سے بنائے جاتے ہین اور اکثر اون گہرون مین تہ خانے یا زیرخانے بھی ہوتے ہین جنمین وہ
لوگ پنیر اور روغن زرد اور شراب اور سرکہ رکہتے ہین سوای اصلی دیہات سکونت کے وہ لوگ پہاڑ
بھی پہاڑون سکے بیچ رکہتے ہین اور ایلاق کی طور پر اکثر وہان جاتے ہین اپنی زبان مین پہاڑی کو اشتال
کہتے ہین جب موسم برف باری قریب آتا ہی تو قشلاق کے طور پر اپنی اصلی دیہات کو واپس آتے ہین
گرچہ اون کے دیہات مین کوئی عام مہمان خانہ نہین ہے اور نہ مسقف حجرے کے طور مکان نشستگاہ
عام ہے الا بلا سقف مجمع و نشستگاہ عام کی جگہ کو جہان بہت سے پتہر بطور مونڈہون کے نصب ہوتی
ہوتی ہین اور چرمی مونڈہی بہی ہوتے ہین اور بزبان خود ایسی جگہ کو وستل یا اسا کام
کہتے ہین گرچہ چوکی میز نہین ہے مگر مونڈہے چرمی اور کانیون کے ہر گہر مین ہوتے ہین ایک بڑی
اونچی تپائی آہنی بجائے میز کے آگے رکہہ اور اوس پر کہانا چن کر اور سب مونڈہون پر گرد بیٹہہ کر

اور گرم موسم مین اگر پوشاک کرپاسی میسر ہو تو اوسکو استعمال مین لاتے ہین عورات ہمیشہ طویل قمیص پہنتی ہین اور جب کام پر یا جنگل مین جاتی ہین تو وہی
چرمی لباس پہر لیتی ہین دولتمند لوگ بکری کا چرم پہنتے ہین کرپاس سیاہ جست اور اون کا جامہ ہو کہ ہر کام مین لاتے ہین اور بعضے سفید کمل اوڑہتے
ہین جو ناشتہ کا سا مین سیتی ہین یہ کمبل کا ہر سر لٹکا کر کہاگرہ پلٹن کی طرح زانو تک پہونچتی ہے اور پہر پیٹی یا رسن سے باندہ دیتی ہین اور
پائیجامہ کرپاس کا ہوتا ہے مگر اکثر سیاہ جست اور اون کا کوہستانی لوگون کی طرح باز نو پہنتے ہین اور پائچے بہی ہوتے ہین
شوقین لوگ جیسا کہ قمیص پر اسیطرح بعضی دیگر پارچہ جات پر بہی سیاہ اور سرخ اون کا کام کرتے ہین اور برف کے وقت
**چاموش** نام ایک خاص وضع کی پاپوش ہمیشہ زمستان کے دنون مین رکہتی ہین ورنہ اکثر پا برہنہ رہتی ہین البتہ لڑائی کے وقت
لڑنے والے آدمی ایک قسم کے چہوٹے اور چست بوٹ سفید چرم کے پہنتے ہین عورات کی پوشاک مین مردان کی پوشاک
سے تہوڑا فرق ہے مونثات سر کے بال گوندہ کر سر کے اوپر باندہ دیتی ہین اور بعضی دونون طرفون کی زلفین کو
طرفین مین گوندہ کر اوپر کی طرف لپیٹ دیتی ہین گرچہ برہنہ سر کچھ عیب نہین سمجہتی مگر گوندہی ہوئی بالون کے اوپر
چہوٹی سے ٹوپی پہنتی ہین اور اوس ٹوپی کے گرد چہوٹی دستار بہی بعضی رکہتی ہین متاہل عورتین بطور علامت شوہرکی
ایک سرخ ڈوری سر کے گرد لپیٹتی ہین بعضی چاندی کا اور اکثر پیتل اور قلعی کا زیور پہرتی ہین اور کوڑی اور مہرہ بہت
پسند کرتی ہین جس عورت کے باپ نے مسلمان مارا ہوگا وہ دختر اپنے سر مین کوڑی یعنی خرمہرہ صغیر صیپ یعنی
صدف کی چیزین آراستہ کرتی ہے اور مسلمان کش کا دختر کے سوا اگر کسی اور کی دختر ایسا کرے تو اوسکو منع ہے اور
سزا دیجاتی ہے مرد اور عورت دونون کان اور گلو اور ہاتہ کا زیور رکہتی ہے مگر سوگ یعنی ماتم داری کے وقت
اوتار دیتی ہین مگر جس وقت مانع ہو جاتا ہے تو بہت خرچ اور ضیافت سے زیور پہرتا ہے +

## خوراک

اس قوم کی خوراک اکثر پنیر اور مکہن اور شیر معمولی روٹی اکثر گندم اور جو کی ہے گوشت ہر قسم کا بہت کہاتے ہین مگر نیم پخت صحرائی
جانوران سے گوشت خرس یعنی ریچہ اور سا اعلی حیوانات سے گوشت گاو بہت پسند کرتے ہین بکری کا گوشت بہت کہایا جاتا ہے
بلکہ مسلمان نے بہی کہاتے ہین مرغ خانگی یعنی خروس ان کے ملک مین مطلق نہین ہے اونکے میوے چار مغز انگور سیب
بادام اور زرد آلو اور تخم باغی اور جنگلی بہت ہین عناب بہی ہوتی ہین کہانا زیادہ تر ہاتہ دہو تے ہین اور
اکثر وقت شروع کرنے مین شکر کرتے ہین سب مرد اور عورت بہت شراب پیتی ہین بلکہ انگور کی رس شیرخوار طفل کو
بہی پلائی جاتی ہے اونکا شراب عموما دو قسم کا ہے سرخ رنگ اور پہیکا رنگ اور یہ ہر دو قسم بادہ خام انگوری
ہوتا ہے اور بہت سالون تک اچہا رہتا ہے اور تیز ہوتا ہے اور اسکی بنانیکی ترکیب یہ ہے کہ ایک اچہی نرخ

ہای کوبی کرکے چلا جاتا ہے اگر یہہ رسم تعزیت کے صحیح ہے اور سب ماتم پرسی والے اسطرح کرتے ہین تو اوس ماتمدار
شخص کو علاوہ غم مرگ خویشاوند اپنی جان کا غم مقدم ہوگا گویا اپنی اقربا کے مرگ سے بیزار ہوتا ہے واسی
بجان ماتمداران بسیر ضعیف البنیہ کہ جنکی کمر پہلے ہی سے ٹوٹی ہے +

## حال حکومت

کافرون کی قوم مین کوئی حاکم نہین ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اونمین کوئی عدالتی مثل مجسٹریٹ وغیرہ نہین ہے
سب معاملات ودولتمند اور معتبر لوگ صلح کی طور پر فیصلہ کرتی ہین جو اونسی نہو سکے وہ فریقین بدشمنی اور زور کے
مقدور موجب بدلہ لینے سے فیصلہ کرتے ہین اور مثل افغانون کے بدل یعنی معارضہ لینے کا دستور اونمین ہے ہم اور بدلہ
اور انتقام لینے مین سخت ننگ دل اسمین اپنی قوم کے معتبران اور کلانتران کو بزبان خود سپاہ نہاش گنتے
ہین مگر اونکا اختیار بہت تھوڑا ہے اور وہ جو جنوبی جزو کے کافر مسلمان ہوگئی ہین اونکی معتبران زنان کا لقب
افغانونسے لیا ہے +

## پیشہ

کافر لوگ سوای زمینداری جو قلیل ہے اور عورتین کرتی ہین اور مالداری اور کوئی پیشہ نہین کرتے اونکا مال اکثر مویشی اور غلام
ہین بخصوص رمہ بکری بہت رکہتے ہین اور اکثر پہاڑ اونکی بکریون کے رمہ سے پر نظر آتی ہین بعضی دولتمند کافرون کے آٹہہ سو سے زیادہ بکری
اور تین سو سے زیادہ گائی ہوتی ہین اونکی مادہ گاو پست قد اور بہت شیردار ہوتی ہین اکثر زرد اور ابلق سرخ وسفید ہوتی ہین اور
اوس قسم کے مادہ گاوان کو اچہی کہتے ہین اور اونکی ناک سے فرخت کے واسطے افغانستان شمالی مین آتی ہین گہوڑا بالکل اونکے
...مین نہین ملتا اور خچر اور گاومیش بہی نہین ہے +

## پوشاک

سیاہ پوش کافرون کی پوشاک بکری کی چار سیاہ چرم سے بنتی ہے وہ چرم سے گلو پوش سینہ وار مثل کفنک ببرش کوتاہ آستین طویل
پہناتی ہین اور اکثر اوسکو مودار طرف اوپر کرکے پہنتے ہین اور اس گلو پوش کا نام بزبان خود گیشاک لیتے ہین اور باقی وو
...تاہ بند مثل کہاگرہ کوتاہ انار کی جگہ بہرتی ہین اور یہہ سب ایک چمڑہ کی پٹی سے بند کرتے ہین سر برہنہ رہتے ہین جب تک ایک
...ن کو نہ مارڈالین سر کے بال اکثر کاٹتے ہین سوای ایک کاکل طویل کے جو سر کی چوٹی مین ہوتی ہے اور بعضی رعناجوان سوای کاکل کے عنبر
...رکہتے اور بعضی محاسن زنخدان کو چہوڑ کر باقی ریش عذارین اوسترے کو منقاش سے نکال ڈالتی ہین اور محاسن زنخدانی اکثر پانچ چہہ انچ
...رکہتے ہین دولتمند اور وہ لوگ جو مسلمانون کے قریب رہتے ہین اوس گیشاک یعنی چرمی قبا کی نیچے ایک قمیص کرپاس کا پہنتے ہین

لڑائی مین پکڑے گئے اور بعضے چوری کرکے لاتے ہین مگر اکثر اپنی رعیت کی لوگون سے ہوتے ہین جنکو بارسی کہتے مین لفظ بارسی
جملہ سینہ ور اور اجلاف قومین اور غلام داخل ہین بنظر اونکے کچہہ عیب او عجب نہین ہے کہ اختیار دار آدمی کم زور
لوگ از قسم بارسی کے اولاد خود یکر لیوی یا مسلمانون کے ہاتہہ بطور غلام بیچ ڈالین جو غلام اور دیگر بارسی اپنے قوم مین رہتے
ہین اونکا گذارہ اچہیطرح ہوتا ہے مگر وہ بمثل سیاڑ یعنی اشراف سادی کفو والون کے نہین سمجہے جاتے
اور رذیل جانتے ہین *

## غمی

کافر لوگون کے کفن و دفن کے دستور مین بہ نسبت اور لوگون کے بہت فرق ہی اور وہ اپنے مردہ کو نہ آگ مین جلاتے
ہین نہ زمین مین دفن کرتے ہین جس وقت آدمی مرجاتا ہی تو اوسکی نعش کو اوسکا سب سے اچہا کپڑا پہناکر چار پائی
پر لٹاتے ہین اور اوسکے پاس اوسکے ہتہیار رکہہ جاتے ہین اور میت کے خویش اقارب اوسکی چارپائی جسپر نعش ہی اوٹہاکر
پہرتے ہین اور باقی گانون کے لوگ اونکے ساتہہ ناچتے ہین اور غمی کا گانا گاتے ہین سب مرد مسلح ہوکر جنگلی شکل بناتے
ہین اور عورات نوحہ اور گریہ کرتی ہین تہوڑی دیر کے بعد میت والے چارپائی زمین پر رکہی جاتی ہے اور
مونثات اوس پر روتی ہین آخر ایک چوبی تابوت مین نعش کو بند کرکے اوس تابوت کو کسی پہاڑ کے سر پر زیر سایہ
کسی درخت کے یا کسی اور اچہی جگہ جنگل مین رکہدیتے ہین اوسکے بعد ہمیشہ بطور خیرات کہانا دیا جاتا ہے اور ایک دفعہ
سال مین میت کو وارث اوسکی یادداشت کے واسطے دعوت کرتے ہین اور کچہہ کہانا باہر رکہا جاتا ہی واسطے روح مردہ کے اور
اوسکا نام لیکر پکارا جاتا ہے واسطے آنے اور کہانے کے ہمنے اوپر لکہا تہا کہ یہہ لوگ اپنے بزرگون کے نام کے بت بناکر سمجہتے
ہین کہ بعد مرنے کے بعضے دیوتا ہوجاتے ہین ان مین ایک اور سبیل بھی دیوتا بن جانیکی بزعم خود ہے وہ یہہ ہی کہ جو شخص
بعد مرنیکے دیوتا ہونا چاہی وہ اپنی زندگی مین ایک دروازہ رستہ عام کے قریب بناوے یہہ دروازہ سادہ ہوتا ہے اور
اوس پر چار شہتیر اور چند گز چنائی ہوتی ہے اور کسی فایدہ عام یا خاص کے کام کا نہین ہی مگر اوسکے بنانیوالے
کا بڑا نام ہوتا ہی اور یہہ عزت اور اعتقاد اوسکو حاصل نہین ہوتا جب تک وہ ایک بڑی دعوت گانووالون کو نہ
دیوے اور یہی سبب ہی کہ اسطرح دیوتا کا اعتقاد بعد مرنے کے حاصل کرنیکے واسطے کم آدمی جرات کرسکتے ہین
اونکی تعزیت کا ایک او عجیب بیان سماعت مین آیا ہے وہ یہہ کہ جب کوئی شخص کسی آدمی کے پاس جسکا کوئی خویش
مرگیا ماتم پرسی کے واسطے جاتا ہے تو ماتم خانہ مین اہل تعزیت کے پاس پہونچکر اپنی ٹوپی سر سے اوتار زمین پر پہینک دیتا ہے
اور پہر اپنا پیش قبض نکالکر اور اوس ماتم زدہ شخص کا ہاتہہ پکڑکر اوٹہاتا ہے اور اوس گہر کے کمرہ مین تہوڑی دیر تک

ہین میان کی جونبلی نالی ڈلیری جنوکی شپاہی زوری بنیاس ناگلی پلوگی
نالکی اور انزہی ان ناموں سی معلوم ہوگا کہ مثل اہل ہند کی انکی محاورات مین علامت تانیث اخیر اسم مونث یائی معروف
ساکن ماقبل مکسور ہوتی ہے +

## شادی

عموماً بیس برس سے تیس برس کی عمر تک مرد اور پندرہ سولہ برس کی عمر مین عورت شادی کرتی ہین عروسی شروع ہوتی ہے اس طرح کہ
مرد خواستگار اول ایک بز یعنی بکری لیکر اوس گھر جاتا ہی کہ جس سے شادی کرنیکی درخواست ہو جب اوس دختر کے باپ یا دیگر ولی نے وہ بکری
لیکر کہانیکی واسطی مارڈالی اور کہالی تو گویا اوس بکری کے قبول کرنیسی یہہ مفہوم ہوا کہ اوسنے ناطہ اپنی دختر کا اوس شخص کو دینا قبول کیا
اور اگر وہ بکری واپس کردی تو اوس سے مراد انکار ہی اور وہ دختر بہی قبل از رازنی بز کے رضامندی یا نارضامندی ظاہر کرنیکی مختار ہی جب
اس عجیب دستور سی قبولیت دینی ناطہ کی ہوگئی تب وہ مرد اپنی گہر مین واپس جاکر اچھے پارچہ جات جو افغانون کے ملک سی آتی ہین اور کچہہ
زیور حسب مقدور معہ سامان خوردنی والدین عورت کی گہر بہیجتا ہے اوس سامان سی وہ رات جشن مین گذرتی ہی دوسری روز مرد یعنی داماد
عورت کی گھر مین آتا ہی اور عروس کو وہ پوشاک پہناتی ہین جو اوس مرد نی بہیجی تہی عورت کا باپ ایک ریشمی رومال اور کچہہ زیور
دیکر اپنی دختر کو دیتا ہی اور ایک گاو اور بشرط مقدور ہونی کے غلام بہی داماد کو دیتا ہے پہر عروس پاپیادہ اپنی گہر سی باہر نکلتی ہی اور اوسکے
پشت پر ایک ٹوکری ہوتی ہی جسمین کچہہ میوی اور چار مغز مشہد کے ساتہہ تیار کیا ہوا - اور اگر گہر دولتمند ہی تو ایک چاندی کا پیالہ
شراب کی پینی کے واسطی بہی اوسمین رکہتی ہین وہ نازنین عروس ایسی حالت مین خرامان شوہر کے گہر تک جاتی ہے تمام گانو کی لوگ اوسکی
ساتہہ گاتی بجاتی ہوئی جاتی ہین چند روز بعد اوس عورت کی باپ کو داماد کیطرف سی اپنی دختر کا شیر بہا ملتا ہے جسکی تعداد بعضی مقامات
مین تیس گاو تک ہوتی ہی سوائی اسکی اور کچہہ رسم نکاح یا کاج کی نہین ہے اور راہب یعنی انکی مذہبی پیشوا بہی اس معاملہ مین
کوئی رسم نہین کرتا عورات تمام گہر کا کام کرتی ہین اور زمین کو بہی قلبہ رانی کرنا اونکا ذمہ ہے بلکہ لوگ کہتی ہین کہ ایک بیل کے
ساتہہ دوسری عورت قلبہ کشی کا کام بہی دیتی ہے ایک مرد چند عورتین رکہہ سکتا ہی پردہ داری کی رسم مطلق نہین ہی گرچہ زنا کے
واسطی کچہہ سزا بطور ناغہ چند گاو مقرر ہی مگر زنا کو کچہہ سخت جرم نہین سمجہتی شوہردار عورات زنا سی کم پرہیز کرتی ہین الا دوشیزہ عورت اگر
اپنی شوہر کے پاس باکرہ نہ پہونچی اور شب زفاف مین شوہر کو علامت بکر کی نہ معلوم ہو تو بڑی بدنامی والدین دختر اور اوس تازہ نما
عروس کی ہوتی ہے بلکہ ایسا سنا گیا کہ شوہر اوسکا اوسکو والدین کی گہر واپس پہونچا کر خواہان واپسی اپنی مال کا ہوتا ہی سوائی
عورتون کی دولتمند کافر لوگ مونث اور مذکر غلام بہی رکہتی ہین یہہ غلام بہی سب کافر ہین مسلمان غلام اس سبب سی اونمین
نہین ہین کہ جو مسلمان لڑائی مین کافرون کی ہاتہہ مین پکڑا جاوی تو اوسکو مار ڈالتی ہین یہہ غلام بعضی اپنی ہمقوم مخالف کی

آتش دتیا لے نہین کہتے اونکا مذہبی پیشوا الشمر راہب کے ہوتا ہی اور قربان کروقت وہ ناضر رہتا ہی اور موروثی عہدہ ہی مگر اونکا امتیاز کچھہ بہت نہین ہوتا او سکو ای نام کی سایر ان سے کچھہ فضیلت ایسی نہین رکھتا ہی یعنی مچھلی کو خراب سمجھتے ہین مگر اور کسی جانور کا گوشت ناپاک نہین سمجھتی مگر سگ اور گربہ کو نہین کھاتی باقی ہر جانور کا گوشت کھاتی ہین جو ماسکی گائی کا گوشت اور خرس یعنی ریچھہ کا لحم بہت پسند کرتی ہین جانور جب کھانیکے واسطی مارتی ہین تو کوئی رسم ذبح کی نہین ہی صرف اوسکا ہلاک کرنا مطلوب ہی اپنی بتون کو **دُوغان** یا دوگان معنی خدا ہی کہتی ہین اور جب بت کے سامنی گائی یا بھیڑی کو قربان کرنا چاہتے ہین تو صرف تبر سے اوسکی گردن الگ کر دیتی ہین اگرچہ یہہ قربان اونکی مرضی پر جب چاہین ہوسکتا ہی مگر علاوہ اسکی ایام مقررہ بہی ہین خصوصا شروع اپریل مین دس دن تک اونکا تیوہار ہوتا ہے اوس تیوہار مین گائی اور ہر قسم کا خانگی جانور بتون کے سامنی قربان کرتے ہین یہہ لوگ مہادیو کا نام جانتی ہین جو ہندؤو کا مشہور دیوتا ہے اس تیوہار پر آپسمین بُرے ہی خصائل نہین کرتی ہین ایک دن کا ذ لوگ خاکستر ایک دوسری پر پہنکتے ہین جیسا کہ ہندو ہولی پر گلال وغیرہ آپسمین ڈالتے ہین اور ایک تیوہار پر اون کی لڑکے چیل کے چراغ چوب کو آگ لگاکر پہیراتی ہین اور آخر ایک بت کے سامنی لیجاکر پہینک دیتی ہین اور وہان اونکو جلنی دیتی ہین دوسری روز اور یہہ عجیب رسم ہے کہ عورات گانوسی باہر متفرق جنگل وغیرہ مین پوشیدہ ہوتی ہین اور مرد اونکی تلاش کرتے ہین جب دیکھہ لیا تو وہ عورت لکڑی سی اوس مرد کو مارتی ہی مگر جب مرد نی اوسکو پکڑ لیا تو پہر اوس مرد کے ساتھہ جاتی ہے بعضی کہتی ہین کہ اس رسم مین جس مرد کی ہاتھہ جو عورت آجاوی وہ اوسی کی ہوجاتی ہے ؂

## دستورات

مذہبی طریق اوپر لکہی گئے ہین مگر علاوہ اوسکی دیگر رسمیات عجیب بہی قابل تحریر ہین ؂

## ولادت

جب فرزند پیدا ہوتا ہے تو اوسکو مع والدہ اوسکی ایک مکان مین جو اس کام کے واسطی گانوسی باہر بنا ہی لیجاتی ہین اور وہان چوبیس روز تک رکہتی ہین اس چوبیس روز تک عورت نفاسہ کو ناپاک سمجھتی ہین اور اسی سبب سی اوسکو گانو سے باہر نکالتی ہین جب چوبیس روز گذر گئی تو والدہ اور بچہ کو غسل دیتی ہین اور پہر گانی بجانی ناچنی کے ساتھہ گانو مین واپس لاتے ہین اور جب فرزند کا نام رکہنا چاہتی ہین تو اوس بچہ کو والدہ کے سینہ کے ساتھہ لیجاکر اوسکی آبا و اجداد کی نام چند پشت تک لیتی ہین جس نام پر اوسنی والدہ کا پستان پکڑ کر دودہ پینا شروع کیا وہی اوسکا نام رکہتی ہین اگر فرزند مونث ہو تو اوسکی والدہ اور دادی پردادی کا نام لیتی ہین اونکی عام نام مردان کے یہہ ہین چندلو دیمو ہزار بستی تیوزر مبرک بُدبل گرمباش آزر درہ ہاس پنجہ لہ لیتمرک کوہلی چودر ڈیڈینک ترتیمو پاکسا کمر زوربی اوذوفور عورات کی نام اسطرح ہوتی

## مذہب

انکا مذہب کسی اور مذہب سے مطابق نہین معلوم ہوتا اور کوئی تحریری کتاب یا دستور العمل مذہبی نہین رکھتے گرچہ خدا پاک کو ایک
سمجھتے ہین جسکو کاندیش کے رہنے والے امرا اور سوکوہی کے لوگ فراگن خداہ ڈوگم کہتے ہین مگر مشرک اس حد تک کہ اونکی
بی شمار بت ہین جنکی وہ پرستش کرتی ہین اور اونکو بہی خدا کہتے ہین اعیاذاً باللہ اور یہہ بت اون کی آبا اجداد کی نام اور یادگار
کی واسطے بنائی جاتی ہین اور وہ کہتے ہین کہ سابق مین یہہ ہماری بزرگ تھے اور خدا سے ہماری شفاعت مانگینگے یہہ لوگ قیامت سے
منکر ہین اور مرنیکے بعد وہ قیامت سمجھتے ہین اور یہی مرنا بہشت یا دوزخ کی حصول کا ذریعہ ہے دوبارہ زندگی کے معتقد نہین اونکی
معمولی کوئی عبادت نہین ہے بجز قربان کرنے بتون کے جسکی واسطی کوئی وقت معین نہین ہے یہہ لوگ سب سے اچہا کام مہمانداری
اور سخاوت سمجھتے ہین اور یہہ ہی ذریعہ دخول جنت کا سمجھتے ہین بہشت کو وہ اپنی زبان مین بری لابلا کہتے ہین اور دوزخ
کا بری ڈگر بولا نام لیتے ہین اونکی بت اکثر لکڑی کے اور بعضی پتہر کے ہوتی ہین بعضی مرد کی صورت اور بعضی عورت کی کوئی
بت سوار کوئی پیدل ہوتا ہی بسبب ہونی ایسی آسان طریق تیاری بتون کی تعداد اونکی بتون کی بہت ہی مگر ہر ایک کی بت اپنی قوم سی
باہر دوسری قوم مین متبرک نہین سمجھی جاتی کاندیش کے بڑی بتون کا نام یہہ ہی پہلا بگیش جو پانی کا اختیار دار بت
سمجھتے ہین دوسرا مانی جسنی پوشش یعنی بنیا و خرابی کو جہان سی نکال دیا ہے تیسرا اُمر رچو تہا ارُم پانچوان پرشو
چہٹا گیش ساتوان پراوک جو ساتہہ بہائی سونی کے بدن کی درخت زرین کے سامنی بموجب اعتقاد کفار بن
گئی ہے آٹہوین پُران نوین گومی جو پہلے آدم کی زوجہ یعنی امان حوا کا بت سمجھتے ہین دسوین دسانی کنشر کی
عورت گیارہوین فرہی بارہوین سوریجو اور تیرہوین نشی اور سوکوہی کے بڑی بتون کی نام ماندی
مرلیٹ مراسورہی اندرجی جو شاید اندر یا اندرا ہندو بت ہوگا ـ معہ ہندوستانی لفظ جی کے اونکی
بعضی بتون کا نام سداشیو کی طرح ہوتی ہین اور ترسول یعنی سہ دندانہ بہی اونکی بعضی بتون کی ہاتہہ مین ہوتا ہی
جو ہندوون کی سداشیو کی بتون سی مطابق ہی غرض کہ انکی مذہب اور زبان مین بہت الفاظ سنسکرت کی موجود ہین مگر قیاس قبول نہین کرتا
کہ یہہ قوم کبہی ہندو دہرم ہوئی ہو کیونکہ یہہ لوگ گائی کا گوشت بہت کہاتے ہین اور اپنی بتون پر خون چہڑکتے ہین خصوص قربان
اور پرستش کے وقت گائی کا خون بت پر ڈالتی ہین یہہ فعل ہندوون کے مذہب مین کبہی جائز نہین تہا اور بالکل مخالف ہی
لوگ بیان کرتے ہین کہ اونکی پرستش کے وقت آگ کا موجود ہونا لازم ہی اور جب بت کی سامنی قربان کرتی ہین تو آگ کو جلا کر اوس آگ کے
اوپر سی بت پر مکہن اور گوشت گائی وغیرہ کا اور میدا اور شہد ڈالتی ہین بت کا پوجا کبہی باہر میدان پر ہوتا ہی اور بعضی وقت گہرون مین جسکا نام
الُمیراُو ہے گرچہ آگ کا موجود ہونا پوجا کے وقت ضرور ہی مگر خاص آگ کی واسطی کچہہ ادب نہین کرتے اور ہمیشہ بمثل گبر آتش پرستون کے

سنو نشی جمہ اشکامک پرونی ٹیونی پونوز ڈیمش خلم
ایرت ہرن سنیہ واما چونیا خواہ چومیا اینشوز پشاگری کستوز ہیم
اور نک سیہ مینچیاشی منڈی گل وغیرہ اور اونکی بڑی دیہات جو مولف کو معلوم ہوسکی اون کے نام
یہہ ہین کامدیش علاقہ کا نام ہی اور اوس علاقہ کا بڑا گانو مشہور باسم کامدیش ہے جسمین پانسو گہر ہونگے وایگل کمبی
چینیمی امیش ویش جانج گیگل نسی گرام کٹار گلائی گل رجگل سونیندیر
ڈویگل پندیش دیری گاواچی جامیش منج گل ولی گل وغیرہ ان اسما
سی معلوم ہوگا کہ اکثر قوم کے نام پر ملک اور دیہات کا نام رکہا گیا ہی اور طرز نامون کی پرانی ہندی یعنی سنسکرت زبان سے ملتی ہی جیسا
کہ اکثر انکی دیہات اور علاقہ کے نام کے اخیر مین لفظ ویش آتا ہے جو بلا تغیر سنسکرت کا لفظ ہی علی ہذا القیاس لفظ گل شاید گہر کا ہم جنس ہوگا
اور گرام کا لفظ بہی ہندی ہی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ ابتدا مین جلال ان دہ نورہ اور دیگر دیہات کہ جو ہندو کش سے جنوب کابل
اور جلال آباد بلکہ ننگر ہار جنوبی تک کافر قوم سے تہے چنانچہ کامہ اور کوشتہ اور راجگل وغیرہ نام پرانے وقت کے
تا ہنوز ننگرہار اور جنیر کی نواح مین مشہور ہین جب مسلمانون کا زور ہوا تو بعضی لوگ مسلمان ہوگئی اور بعضی شمالی طرف ہٹ گئی اور اس ملک
کو مسلمان افغانون نے بزور شمشیر اپنی قبضہ مین کرلیا اور پایا جاتا ہے کہ لمغانی اور دیگان اور پشائی جو اب مسلمان ہین اور ہندو
کش کی جنوبی درون مین بستے ہین اور تیراہی بہی پہلے کافر تہے پیچہی سے مسلمان ہوئے +

## کافرون کی زبان

نہ ہندو سمجہتے ہین نہ افغان نہ اوزبک مختلف جگہ کے کافر لوگ کئی زبان بولتے ہین مگر سب مین اونکی الفاظ ملتے ہین بلکہ اس زبان کی ہندی جڑ
معلوم ہوتی ہی اور سنسکرت کی بہت الفاظ اوسمین آتے ہین اور ایسا پایا جاتا ہی کہ یونانی اور اسکا تین اور سنسکرت اور بہاشہ وغیرہ مل ملاکر
ایک عجیب بولی بن گئی ہی کہ جو اور ملک کے لوگ نہین سمجہہ سکتے اور یہہ لوگ بیس تک شمار کرتے ہین بجای سیکڑون کے اور اونکا ہزار جسکو وہ بہی ہزار
یا ادر کہتے ہین بیس کوڑی یعنی بیست دو سر کا ہوتا ہی جو دراصل چار سوہی لمغانی یا دیگانی زبان بہی کچہہ اسی ملتی ہی اور پشائی بان اکثر کافرون کی
زبان سے مطابق ہی عرب کی زبان کے الفاظ بالکل انکی زبان مین نہین پائے جاتے ہندی الفاظ کے زیادہ ہونیکا سبب یہہ معلوم ہوتا ہی کہ بعد زوال
سلطنت گریک اور اسکاتین بسبب ہم مشرب ہونیکے جو یونانی اور تاتاری اور ہندو بت پرست تہی سب خلط ملط ہوگئی اور سب تابع
رہنی راجہ ہائی پنجاب اور ہند کے سنسکرت اور بہاشہ کے الفاظ اونکی زبان مین زیادہ ملگئے جو اوس وقت قندہار تک بولی جاتی تہے
اخیر مین ایک فہرست ان کی زبان کی بعضی لفظون کی درج کیجاویگی +

سمجھتے ہین اونکے پاس کوئی کتاب نہین اور نہ نوشت خواند جانتے ہین اس سبب سی اون کی پرانی تاریخ صحیح نہین لسکتی اور
نہ اونکی اصلیت اور قومیت کی ٹہیک صحت حاصل ہوسکتی ہے وہ کہتے ہین کہ مسلمانون نی شروع اجراے اسلام مین ملک
قندہار سی اونکو خارج کیا اور تدریجاً شمال اور شرق کی طرف ہٹگئی اور کابل کی وادی سی سندہ تک آکر آباد ہوئی
جب اسملک مین بہی غلبہ اسلام کا ہوا تو شمال کی پہارون مین برفتہ رفتہ وہان جا آباد ہوئی جہان اب آباد ہین وہ
کہتے ہین کہ پہلی چار قوم تہے کاموز ہلار نسلار کاموج تین اول الذکر مسلمان ہوگئین چوتہا
اپنی وطن سی جلاوطن ہوکر اُن پہارون مین چلے آئی الغرض انکی اپنی قول سے بہی صحت اصلیت نہین ہوسکتی اور
دیگر لوگ بعضی ان کو ذریات ضحاک تازی کی نسل سے سمجھتے ہین اور بعضی قریش اور بعضی گریک بگڑی یعنی یونانی جو
سکندر اعظم کے بعد اسملک مین آباد اور حاکم ہوئی تہے اونکی نسل سے بتلاتی ہین گرچہ مولف الطمینان کو ساتھہ
اس معاملہ مین کچھہ راے نہین دیسکتا مگر حالات موجودہ اور شکل شباہت اور بعضی دستورات اس قوم اور اونکی زبان
سی جنکا مفصل حال آئندہ آویگا ایسا قیاس ہوتا ہی کہ یہہ کافر لوگ گریک بگڑین یعنی یونانی جو باختر حال مشہور
بافغانستان وغیرہ کی ملک مین آئی تہے اونکی نسل سی ہونگی اور اوس وقت کے اہل ہنود کی شمولیت سی خلط ملط ہوکر
متفرق مورثون کی اولاد سی ایک قوم پیدا ہوگئی ہی اس کافرستان کی کافر کسی ایک مورث کی اولاد سی نہین
ہین اور نہ ایک قوم کی شاخین ہین بلکہ علیحدہ علیحدہ اپنی نام سی ہر ایک شاخ مشہور ہے مسلمانون نی مخالف مذہب
رکہنے کے سبب سی سب کو مجمعاً کافر کا نام دیا اور اونکو تورٌ یعنی سیاہ کافر اور سُنُورٌ یعنی سرخ کافر کے
خطاب سی صرف بباعث رنگ جسمی اور پوشاک مشہور کیا یعنی سیاہ کافر جنکو کافر سیاہ پوش بہی کہتے ہین بسبب
سیاہ پوشش کی جو بکری کی کہال سے بناتی ہین اس نام پر مشہور ہوئی اور چونکہ اونکی رنگ جسمی سرخ اور سفید ہی
اس سبب سی سرخ کافر اونکو مسلمان کہتی ہین اس قوم کا حسن اور خوب صورتی مشہور ہی سفید اور سرخ
رنگ پورا قد فراخ چشم سپید ناک یونانی چہرہ خوش اندام شکری چشم بائل بسیاہی اکثر بیضاوی اور خوش نقش
چہرہ ہوتا ہے اونکا ملک خوب سرد ہی زمستان مین برف اور سردی بہت ہوتی ہے گرما مین انگور پک جاتی
ہین اونکی مختلف اقوام کی نام جسقدر دریافت ہوسکی ذیل مین درج کئے جاتی ہین سوکوہی ترہی
کوتا گمبیر کتار بیرونگلی چینیش ڈنڈ ویلی وائی کام کوشتہ
وینگ وائی کاموجی خواہ کا مندی کمتو نرجہ نصف بدخشان کی طرف شمالی
حصہ کافرستان مین رہتی ہین ور نصف لغمان کی طرف جنوبی حصہ مین آباد ہین اور اشتی

اُنیش خاتون دختر اتابک سعد آخری رئیس قوم سلغریہ کی تہی جسکی ساتہہ منکو تیمور ابن ہلاکو خان نے نکاح کیا اور حکومت سلغریہ کی ختم ہوئی انیش خاتون مظفر الدین کی نہم پشت مین تہی +

## دولت شاہی

ایک اور قوم موسوم دولت شاہی افغانستان مین متفرق ہے اکثر منشات اور مفتین اس سے ہوتے ہین اور معتبر سمجہی جاتے ہین تخمینا دو سو گہر کل افغانستان مین ہونگے بعضی تجارت کرتے ہین اور کچہہ زمیندار بہی ہین مشہور ہے کہ غلام تہے اور احمد شاہ نے انکو دولت شاہی کا خطاب دیا اور وہ اپنے تئین قریش کہتے ہین الا قاضی خیل پشاور اس فرقہ مین داخل نہین ہین یہہ دولتمند اور ہوشیار گروہ قاضی خیلان پشاور قوم افغان شاخ مندڑ فرعہ اٰمازی سے ہین قوم اٰمازی ملک یوسف زئی مین علاقہ سدہوم انکی بود و باش کا مقام۔ اور کچہہ کوہ مہابن کے شمالی کنارہ مین آبادہے پشاور کے قاضی خیلون سے بعض خاندان معزز اور دولتمند چلے آتے ہین فی الحال قاضی نصر اللہ جان خلف قاضی غلام قادر خان اور قاضی فضل قادر خان اور قاضی سعد اللہ جان مشہور آدمی ہین قاضی سعد اللہ جان آخری جنگ پنجاب مین جنرل نکلسن صاحب کے ہمرکاب خدمتگذار سرکار انگریزی رہا +

## حال کافر سیاہ پوش

اگرچہ یہہ عجیب قوم افغانون کے ملک سے علیحدہ ہے مگر چونکہ شکم کوہ ہندوکش مین ایسی موقع پر آباد ہے کہ انکی جنوبی حدود افغانون کے ملک سے ملتی ہین اور بعضے انمین سے مسلمان ہوکر افغانستان کے شامل ہوگئے ہین اس اعتبار ان کا حال مناسب سمجہکر جسقدر حاصل ہوسکا درج کیا جاتا ہے کافرون کا ملک کوہ ہندوکش کے شکم مین واقع ہے کافرستان کی شمال بدخشان اور مشرق کاشغار اور مغرب اندراب اور خوست حوالی بلخ کے متعلق ہین اور کوہستان کابل جنوب علاقہ باجوڑ اور کونڑ و لغمان وغیرہ حدود افغانستان ہین ان حدود کے اندر کافرستان ہے اور اسکے سب پہاڑ برف گیر ہین اور دیودار وغیرہ عمارتی چوب کے درختون کے جنگل سے لدے ہوئے ہین گرچہ چہوٹی مگر زرخیز زمین کی وادی ہین جنمین بہت انگور باغی و جنگلی پیدا ہوتے ہین اور کچہہ غلہ بہی کاشت ہوتا ہے اور مویشی اور رمہ کی چرائی کے کام بہی آتے ہین غلہ گندم اور جو پیدا ہوتا ہے انکی پہاڑ بکریون کی رمہ سے پر معلوم ہوتے ہین اور سخت ہین راستے صرف پیدل آدمی کے گذر کے لائق ہین اور راستے پر ندی اور دریا گذر نے پڑتے ہین جنگلی اور رشتہ طویل رکہکر گذر گاہ بنائی ہوئی ہے انکے اکثر گانون پہاڑ کی سلامی پر بنے ہوئے ہین ایک مکان کا چہت دوسری گہر کا صحن یا کوچہ ہے کافرون کا نام اس قوم کو مسلمانون نے دیا مگر ایسا مشہور ہوا کہ اب وہ لوگ جب اپنی قوم کا تذکرہ کرتے ہین تو خود اپنے تئین کافر ہی کہتے ہین اور شاید معنی لفظ کافر سے ناواقف ہین وہ اپنا مورث اعلی کورا ستی بتلاتے ہین اور مسلمان انکو عرب قریش سمجہتے ہین کافر کہتے ہین کہ جو قوم ملنی کا کل رکہتے ہین اور شراب پیتے ہین انکو ہم بہا

یونانی سکہتے ہین انگریزی نہین جانتی اور افغانستان مین یہہ لوگ خان کہلاتی لگی ہین اور تیمور خان ارمنی کی دختر محمد اعظم خان فرزند امیر دوست محمد خان کے گہر ہے +

## قلماق

جنکو افغانستان مین قلماق بہی کہتی ہین قلماق کی بڑی قوم تاتار مین رہتی ہے اور اکثر تاتاری قلماق بت پرست ہین افغانستان مین تیمور شاہ سدوزئی بلخ سے لایا تہا اور اوسکی گارد ذاتی تہی اب تہوڑی سے گہر اون کے باقی ہین +

## حبشی

افریقہ سے لائی گئے ہین اور مسقط کی بندر سے خرید ہوکر بطور غلام فروخت کئی گئی ہین اور سدوزئی بادشاہون کی بہی تہی جو حبشی غلامون کے وفاداری مشہور ہے اور اسطرح اون کے بہ شکلی بہی افغانستان کی بڑی شہرون مین خصوص ہرات مین انکی بہت گہر ہین کل افغانستان مین قریب دو سو گہر کے حبشی ہونگے سب مسلمان مگر زیادہ شیعہ ہوگئی ہین اکثر آزاد ہین بعضے غلام بہی ہین +

## یہود

قوم بنی اسرائیل کی شاخ ہی افغانستان مین تخمیناً چالیس گہر یہود کی ہین پانچ گہر شہر کابل مین اور باقی ہرات مین رہتے ہین وہ اپنی پرانی مذہب پر قائم ہین عبرانی زبان مین توریت اور زبور رکہتی ہین اور پیشہ اونکا شراب کشی اور بعضی سوداگری بہی کرتی ہین سرخ رنگ اور خوب چہرہ آدمی ہوتی ہین پوشاک اور خوراک افغانون سی مطابق ہی شنبہ کو متبرک سمجہتے ہین مسلمانون کو بموجب قاعدہ اہل اسلام سلام علیک کہتی ہین +

## بلوچ

بلوچستان بلوچون سے پر ہی اونکی واسطی علیحدہ کتاب چاہیے افغانستان جنوبی مین نا بلکہ کابل مین بہی بعضی بلوچ رہتی ہین جو سوداگری اور ملازمی کا پیشہ رکہتی ہین ضلع ڈیرہ غازیخان مین بلوچ آباد ہین ارادہ ہی کہ بلوچستان کی ایک علیحدہ کتاب بنائی جاوے +

### دیگر اقوام جو اپنی اصلی ملک کے نام پر مشہور ہین

سوای اقوام مندرجہ بالا کے **سیستانی - کرمانی - برخندی - قاینی مشہدی** اور دیگر لوگ ایران کے جو مجمعاً فارسی بان بہی کہلاتی ہین اور کاشغری اور اندرابی و بدخشانی بہی افغانستان مین ہین مگر چونکہ یہہ متفرق لوگ بہت تہوڑی ہین اس واسطی ان کا زیادہ ذکر کرنا ضروری نہین ہی اور یہہ لوگ مسلمان ہین ایرانی اکثر شیعہ اور باقی سنی ہین ایک اور قوم موسوم سلغری کی بہی چند گہر متفرق ہین جو کبہی ایران مین مشہور ہوگذری تہی اور طبقہ سیوم سلاطین اتابگان ایسی شاخ سلغری مین سی تہا ۵۴۳ھ ہجری مین مظفر الدین ابن مودود سلغری مسند آرای شیراز کا ہوا اور مسماۃ

## تیراہی

چھیوین صدی ہجری مین تیراہی قوم مشہور تہی اور یہ ایک تیرہ مین اونکا کامل غلبہ تہا بت پرست لوگ تہی اور مسلمانون کے جانی دشمن تہے سنہ چہہ سو ستہ ہجری مین سلطان **شہاب الدین** غوری نے اس قوم پر یورش کرکے اوسے جو قتل سے بچی اونکو جبرا مسلمان کیا خدا پاک کا نشان ہے اور اس کثیر قوم سے پورش سے اب یہہ گروہ قوم مسلمان تیراہی قوم شنواری کی ملک مین رہتی ہے اور صرف اس سبب سے قابل ذکر ہے کہ اونکی زبان علیحدہ ہی وہ اوس زبان سے آیا ہا ہر کہ سنسکرت سے نکلی ہے گو بہت الفاظ پشتو کے بہی اوسمین شامل ہین ٭

## کشمیری

لوگ یہی شمالی افغانستان سے لیکر کابل اور قندہار تک متفرق ملتے ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سختی اور تنگی کی ایام مین اپنا اصلی ملک کشمیر چہوڑکر بطور مزدور و بیوپاری اس ملک مین چلے آئے غیر مشہور اور مغلوب و غریب لوگ ہین اکثر پیشہ شالی کوبی اور **طباخی پشال شوئی خیاطی چکن دوزی شالبافی** اور **دلالی دوولی برداری** اور **جوالی** وغیرہ کرتے ہین بعضون کو اپنی زبان یاد ہی اور جو سوات ہین اور باجوڑ اور لغمان مین آباد ہین وہ پشتو بولتے ہین غریبی کی حالت مین نفشہ انگیز مخلوق ہے ٭

## قوم کرد

**موکری** اور **ریکادو** قوم کردون کی جو کردستان سے آئے ہین شہر کابل اور اوسکی نواح مین آباد ہین کردستان بین ایران اور روم کے واقع ہے گو ٹہیک تعداد ان کی معلوم نہین ہے مگر کہتے ہین کہ افغانستان مین تخمینا تین ہزار گہران قومون کے ہونگے سر جان مالکم صاحب کردستان مین تہا تو اوس نے قوم موکری کا قصہ لکہا ہے اوسمین وجہ ہے کہ انمین سے کوئی کابل کو گئی تہی مگر نہین معلوم کب اور کیون گئی تہی اب ان ہی بعضی آدمی قوم ریکا سے کردون کی زبان بولتے ہین اور بڑہی تولا اور قوم ہے شہر کابل مین متصل دروازہ لاہوری ان کا محلہ ریکاخانہ مشہور ہے پیشہ سپاہ گری کا شوق رکہتے ہین بعضی زمینداری بعضی دکانداری کرتے ہین

## قوم لنزگی

تہوڑی سی گہر لنزگی بہی ہین جو کوہ قاف سے آئے ہین نادر شاہ ایرانی اونکو لایا اور فرہ مین آباد کیا ٭

## ارمنی

ہر ایک ملک مین جہان نفع کی امید ہے ارمنی جاتے ہین مشرقی ملکون مین بہی ہین افغانستان مین بہی چند گہر ہین دو گہر پشاور مین اور تین گہر کابل کے شہر مین اور آٹہہ گہر ہرات مین سنی جاتے ہین عیسائی مذہب ہین اور انجیل و یکتاب عہد عتیق زبان

جو اس ملک کے ساکن قدیمہ تھے یہہ لوگ نہین بلکہ یہہ پیچھے سے شاہان دہلی کے عہد مین اکثر ہندوستان اور پنجاب اور سندہ سے اکر آباد ہوئی پہلے وقت کے بت پرست ہنود ون کا افغانستان مین پتہ موجود ہے کابل کے شمال کی طرف آقاسرای کے متصل ایک غار ہے جسمین ایک برہمن موسوم گرگ تسپوی نے جو کرشن کے گہر کا تہا تپسیا یعنی زہد کیا اوس غار کو ہندو متبرک سمجھتے ہین لوہ گڑہ مین بمقام خوشی ایک چشمہ ہے جسکو ہندو تیرتہہ تصور کرتے ہین بسبب متفرق ہونیکے شمار کل ہنود سکنا افغانستان کا نہین ہوسکا اور نہ تخمیناً اطمینان کے ساتہہ لکہا جاسکتا ہے مگر ایسا قیاس ہوتا ہی کہ کل افغانستان مین تخمیناً ایک لاکہہ گہر سے ہندو زیادہ ہون گی مگر مغلوب اور متفرق اور لوگ ذلیل سمجھتے ہین +

## سواتہی

اصل سواتہی ہی کبہی دیگان کہلاتی تہی در اصل بنیاد اونکی ہندی الاصل ہے ابتدا مین جہلم سے جلال آباد تک آباد تہی افغانون نے تدریجاً اونکو شمالی پہاڑون کی طرف ہٹا دیا سب سے پہلا ملک اونکا سواتہہ اور بنیر تہا جو پندرہوین اور سولہوین صدی عیسوی مین قوم یوسف زی نے اونسی لی لیا فی الحال سواتہی لوگ کچہہ علاقہ پکلی ضلع ہزارہ کے اوپر کے پہاڑون مین آباد ہین اور کچہہ سواتہہ اور اوسکی نواح مین قوم یوسف زی کے شامل مغلوب اور رعیتانہ رہتے ہین اور سواتہہ کے ملک مین اونکو فقیران کہتے ہین جسکا حال قوم یوسف زئی کی ذکر مین لکہا گیا ہے فی الحال سواتہی لوگ پشتو بولتی ہین اور اپنی پہلی زبان یاد نہین رکہتے +

## شلمانی

ابتدا مین کنارہ کرم پر رہتے تہے علاقہ شلمان جسکے سبب سے باسم شلمانی مشہور ہوئی شلمان سے اوٹہہ کر تیراہ مین گئے اور وہان سے پشاور ہو کر ہشت نگر مین آباد تہے جہان سے پندرہوین صدی عیسوی مین یوسف زیون نے اونکو نکال دیا تب سلطان اُوَیس سواتہی نے اونکو بمقام الہ ڈنڈ علاقہ سواتہہ مین جگہہ دی جب سواتہہ یوسف زیون نے لیا تو شلمانی مغلوب قوم یوسف زئی کے ہو گئی اب بہی کوی کوی یوسف زئی مین ملتا ہی اور بطور ہمسایہ یعنی رعیت افغانان یوسف زی سمجہی جاتی ہین مگر ایسی قلیل ہین کہ نابود سمجہنے چاہئے شلمانی پورانی افغانون کی تاریخ مین دیگان کہلاتے گئے ہین مگر یہہ روایت غلط معلوم ہوتی ہے +

کان ہندی نژاد تہے مگر ہندکیون سے کچہہ تعلق نہین رکہتے افغانستان کے لوگ غلطی سے دہقان کا دیگان
جہکر تاجک اور دیگان ایک سمجہتے ہین مگر یہہ قول محض غلط ہے ہم اوپر لکہہ آئے ہین کہ تاجک بعد ظہور اسلام اس ملک
مین آئے ہین اور دیگان اونسے پہلے کے ہندو ہم اس ملک مین آباد تہے +

## ہندکی

لوک مشرقی افغانستان کے جملہ اضلاع مین پہیلی ہوئی ہین اور سب ہندی ہین دریا سند کے مشرقی جانب سے
آکر آباد ہوئی انہین سے ایک قوم موسوم جٹ پنجاب کی اکثر اضلاع مین زمینداری ہمیشہ مین اور بہت جٹ سند مین
بہی آباد ہین بلوچون مین اور داوان اور بنون اور پشاور کے ضلع مین بہی ہین بلوچستان مین اونکو جکدال
بہی کہتے ہین یا ایک بڑی قوم موسوم جت سیستان مین بستی ہے ایک اور قوم موسوم اوان جو کالاباغ اور اوس سے مشرقی ممالک مین پہیلی ہے اسکی لوگ کو بہی متفرق تر مشرقی افغانستان
مین ملتی ہین اور اوان لوگ اپنے آپ کو حضرت علی کرم الله وجہہ کی اولاد سے سمجہتے ہین بہت مدت ہوئی کہ یہہ لوگ
غزنین سے اٹہکر دریای سند کی مشرقی ملک مین چلے آئے اور جو بعض آدمی اس قوم کے اسطرف سے واپس افغانستان
مین آئے وہ دریای سند کی مشرقی طرف کے آنیسے ہندکی کہلائے پراچی ایک اور قوم ہندکی کی بہت بیوپاری
ہین - کابل مین شاہجہان کے وقت کے ہندوستانی اور میراسی اور قوال ہندوستان کے جو اوس وقت آباد
ہوئے تہے اونکی اولاد بہت ہے گوجر یوسفزئی کے علاقہ مین کثرت سے ہین یہہ لوگ اپنے آپ کو شاخ قوم راجپوت
کی سمجہتے ہین باجوڑ اور ننگرہار تک ہندکی ملتی ہین اور اکثر جگہ مغلوب اور افغانون کے ہمسایہ کیطرح گذران
کرتے ہین انکی اصلی زبان ہندی کچہہ پنجابی کے مرادف ہے مگر اکثر پشتو بولتے ہین +

## ہندو

جملہ سلطنت کابل مین ملتی ہین اور مغرب عرب تک بعض بعض جگہ ہندو ملتی ہین اور مشرق پیکن تک
نظر آتی ہین افغانستان کی بڑی شہرون مین بہت ہین مشرقی افغانستان مین ان کی ایک دو گہر سے کوئی گاؤن خالی
نہین ہوگا شہر کابل مین بہت ہین اور مغربی افغانستان کی دیہات مین اکثر ایک دو گہر ہونگے + دوکانداری
دلالی صرافی زرگری کا پیشہ رکہتے ہین بعض زمینداری بہی کرتی ہین اکثر کہتری اور اروڑے
ہین اور کچہہ سکہہ بہی ہین افغانستان کی ہندوؤن نے بہت رواج ہندوستان کا چہوڑ دیا ہے زنار رکہتی
ہین اور پوشاک کی طرز بہی اکثر اس ملک کی طرح ہوگئی ہے تنور کی پکی ہوئی روٹی کہاتی ہین اور معمولی غسل
کا بہی بہت فکر نہین رکہتی مغربی افغانستان کی ہندو سپاہی وضع اسلحہ بند ہوتی ہین قدیم ہندوؤن

ہوئی سوائی ترکون کے بعض دیگر قوم کے آدمی بہی قزلباشون ہین داخل ہین اکثر شہرون مین رہتے ہین اور ہرات کی علاقہ مین دیہات مین بہی ہین کل افغانستان مین قزلباشون کا تخمیناً بیس ہزار گہر ہوگا جسمین سے بارہ ہزار گہر شہر کابل مین رہتی ہین اور قندہار مین محلہ توپ خانہ اور محلہ علی زئی مین بہی کچہہ رہتے ہین اور باقی متفرق ہین خصوص شہر ہرات اور اوسکی نواح کی دیہات مین آباد ہین کابل مین نادرشاہ ایرانی اور احمدشاہ ابدالی کے وقت آباد ہوئے باقی لوگون سے علیحدہ ہین عام فارسی بولتی ہین مگر آپسمین اپنی قدیمی زبان ترکی کہتے ہین شیعہ مذہب ہین ریاست کابل مین محاسب اور مستوفی اور مرزا یعنے منشی اکثر یہہ لوگ ہوتی ہین پیشخدمت اور سواران ملازم اور بعض افسر اور صندوقدار ہوتی ہین سوائے ان ہفت شیری کے جنمین سب قزلباش داخل ہین کابل کے قزلباشون کے جنکو غلام خانہ بہی کہتے تہے خاص شاخین ہین جیسا کہ چنداول یعنی قلب کا فوج اور سیاہ منصور نام شاخ ہے اور جوان شیر ایک دلاورانہ القاب ہے اور مراد خانی کا اسم ایک درانی سردار کی تابع ہونیسی پایا اور افشار نام ایک شاخ کا ہے جس قوم مین سی نادرشاہ بہی تہا۔ فی الحال کابل مین قزلباشون کا زور ہے اور افغان اور قزلباشون کی باہم بسبب اختلاف مذہب دلی عناد ہے کبہی کبہی شیعہ اور سنی کا آپسمین تکرار بہی ہوجاتا ہے +

## اوزبک

قوم اوزبک سے ترکستان پر ہی افغانستان مین تخمیناً ایک سو گہر اس قوم کا ہوگا اوزبک شاخ ترک کی ہے ایک چہوٹا موضع علاقہ مقر مین ہے جہان اوزبک رہتی ہین اور بعض دیگر جگہ مین بہی ہین پیشہ زمینداری اور تجارت وملازمی رکہتی ہین اور فارسی بولتی ہین +

## حال قوم دیگان

یہہ قوم جو پہلی بہت شمالی اور مشرقی افغانستان مین آباد تہی اب صرف علاقہ کونٹر اور باجور بالا اور کچہہ لغمان مین ملتی ہین کونٹر مین وہ علیحدہ قوم ہے اونکی اوپر ایک سردار بہی قوم سید جسکو بادشاہ بہی کہتی ہین فی الحال سید بابوجان بادشاہ رئیس کونٹر ہے اور ایک عامل امیر کابل کیطرف سی بہی واسطی وصولی معاملہ مقرر ہے دیگان کی زبان وہ ہی جو بابر کی تاریخ اور طبقات اکبری مین لغمانی زبان لکہی ہے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ دیگانی زبان مین اکثر سنسکرت اور فارسی اور بعضی پشتو کے الفاظ بہی ہین بہت الفاظ سنسکرت سی ملتی ہین اس سی پایا جاتا ہے کہ

کی طرف اور نیز چار دیہہ کابل مین جو شاخ علاؤ دینی ہزارہ آباد ہین اونکا رواج کچھہ تاجک کے موافق ہی - انریبل
الفنسٹن صاحب تعداد قوم ہزارہ کی تخمیناً ساڑہی تین لاکھہ آدمی لکھتا ہے الامیری تحقیقات سی یہہ بہت
تہوڑی معلوم ہوتی ہے مختلف روایات جو بہ نسبت تعداد قوم ہزارہ مجھکو حاصل ہوئین اونکی نتیجہ اور مطابقت پر غور کرنیسی یہہ بات
لکھی جا سکتی ہے کہ اس قوم کی ذی روح تخمیناً دس لاکھہ سی کم نہین ہونگی اگرچہ تمام ملک پہاڑی ہوئی ہین اور اونکی ملک کی ہوا کی تاثیر یہہ
ہی کہ مرض چیچک مطلق نہین ہوتی +

## ذکر کیانی

قوم کیانی کے تخمیناً پانسو گھر افغانستان مین متفرق اور بمقام قندہار اور نواح ہرات مین آباد ہین جو سیستان سے اوٹھکر اسملک مین
آئی کیانیون کا مورث اعلی کی قباد تہا گر یہہ لوگ اپنا مورث رستم دستان بتلاتے ہین انہین سے ایک چھوٹا فرقہ معروف شیرانی ابتک تبریز
زرشیردان کی نسل سے سمجہتا ہے آزادخان فارانی بہی شیرانی ایک مشہور آدمی ہے کیانی قوم کے کل آدمی مسلمان اکثر اہل تشیع اور
کچھہ سُنی بہی ہین اشراف اور نیک آدمی ہین اکثر زمینداری اور نوکری کا پیشہ رکھتے ہین اور اپنی جٹ ہمسایہ پر اونکا بہت اختیار ہے
کوہاٹ مین ایک غلام حیدر خان کیانی نیکبخت اور معزز مہمان دوست آدمی ہی نہایت خوش طبع اور راست باز +

## مغل چغتہ

افغانستان کے ملک مین اس قوم کے تہوڑی گہر ہین اور متفرق متناوبانہ گذران کرتے ہین بلاقہ ہرات مین مقامات دہات گرد کوہ متعلقہ
جمشیدی تخمیناً ایک ہزار گہر ہوگا اور باقی کل افغانستان مین اس سے کم ہین مغلان ہرات آپسمین ترکی بولتے ہین مگر دیگر لوگون سے
فارسی مین باتین کرتے ہین اور دیگر مغل فارسی کہتے ہین ایک خاندان چغتہ مغل کا جو نسل تیمور سے ہے بمقام علاقہ وانغند ملک
غزنین مین رہتے ہین بوقت حکومت اپنی قوم کے یہہ لوگ اس ملک مین بعض مغل رہ گئی ہین صاحبان تاریخ دان
معلوم ہوگا کہ قوم **چغتہ** مغل کی ایک شاخ ہے اور اپنی مورث چغتائی خان ابن چنگیز خان کے نام سی چغتہ مشہور ہوے
اور اسیطرح مغل بہی قوم ترک کی ایک شاخ ہین اور مغول خان ابن النجہ خان اپنی مورث کے اسم سے تسمیہ
مغل کا پایا ترک کی قوم **یافث** ابن نوح علیہ السلام کی اولاد سے ہے مغلان افغانستان اکثر رواج قوم
تاجک کی برابر رکھتے ہین مگر خوراک اور پوشاک مین بہ نسبت اونکی زیادہ مکلف ہین +

## قزلباش

اون ترکون مین سے ہین جو ایران مین معزز خاندان تہی وجہ تسمیہ قزلباش صرف سرخ کلاہ ہے بزبان ترکی
قزل سرخ کو کہتے ہین اور باش سر کو اور چونکہ یہہ لوگ سر پر سرخ کلاہ رکھتے تہے اس واسطے مشہور بنام قزلباش

ہے جو جیت لیوے اوسکو انعام مین گوسفند اور بیل اور اسپ اور برک وغیرہ کی طرح قیمتی دیا جاتا ہی
بازی لگا کر بندوق سے بہی نشانہ بازی کرتے ہین سوا ہی عشق عورات کے اور سب شوق اونکی اچھی ہین

## تجارت

ہزارہ لوگ باہر کے سوداگری بذات خود کم کرتے ہین اون کے ملک مین قابل تجارت تو یہاں کی بنے
تہان برک پشمی ہر رنگ اور قالین رنگ وار عمدہ اور گلیم قسم اعلی اور چرم تگہ جس سے نازک موزہ
اور بوٹ بنتے ہین طیار ہو کر باہر کے ملکون مین بہیجے جاتے ہین خصوص ایران مین اعلی قسم کی توپ
برک بہت جاتے ہین چنانچہ ایک گماشتہ شاہ ایران کا واسطی خرید ان توپون کی ڈہی زنگی
مین رہتا ہے روغن زرد اور مویشی بہی فروخت کرتے ہین بردہ اور دختر فروشی بہی ہوتی
ہے مگر بسبب مخالفت مذہب سُنی مسلمانون سی باب تجارت کم کہولتے ہین بلکہ اگر کوئی آدمی ہزارہ
افغانستان سی واپس آجاوے تو اوس پر یہی شبہہ کرتے ہین کہ اہل سنت جماعت کا اثر اوسکو نہو گیا
ہو اگر کوئی شخص سہوا تمذہب سی سنی مسلمان اونمین سے ہو جاوے تو اوسکو سوا ہی خوک اور سگ کے
دوسری نام پر کم بولتے ہین جو مسافر اونکی ملک مین جانا چاہے تو انگشتری اور سوزن اور مہرہ ہای سلیمانی اور
جہوٹہی زیور موشنات اور سرمہ دانی وغیرہ سامان تجارت جو عورات کی لائق سمجہا ہو لیجاوے تو آرام سی جاویگا

## معدنیات

ملک ہزارستان کی پہاڑ اکثر ورون مین جو چہوٹی ہین کم بہتر رکہتی ہین بلکہ اکثر چہوٹی پہاڑ جو وادیون کی بیچ ہین
سرخ زردی مائل مٹی سنگ آہنی سی بہی ہوئی ہین اون پہاڑون مین اکثر اقسام کی معدن ہین **گوگرد زاک**
**مومیائی سنگی سنگ سرمہ نیل طوطیا سرب** یعنی سیسا ہزارستان مین بی شمار
خروار ہا معدن سی نکلتا ہے کان **کوئلہ** اور **مس** کی بہی اور دیگر ہر قسم کی معدنیات اوس ملک مین ہین مگر
بسبب ناواقفی اور کم فہمی قوم ہزارہ بی تشخیص اور بی قدر ہین +

## تعداد قوم ہزارہ

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا کہ قوم ہزارہ سلطان اور سردار کی ماتحت ہین ویسی ہی کل قوم کا حال نہین بعضون کا کوئی سردار نہین ہے
اور وہ افغانون کی طرح خود سر ہین خصوصاً ایک بڑی قوم موسوم **گوشی** جو ہندوکش طرف آباد ہی وہ
کوئی سلطان نہین رکہتی اور جو ہزارہ لوگ میدان متصل علاقہ مقر اور قرہ باغ وغیرہ **غزنین** سی مغرب

گرچہ فی الحال کسی قوم ہمسوانہ سے برملا دشمنی اور لڑائی نہین ہے مگر قوم اوزبک یعنی شمالی سوانہ والون سے
اور قوم ایماق سے پرانی دشمنی ہے اور کبھی اونسی چھیڑ چھاڑ ہوتی ہے ہر ایک بالغ مرد کی پاس بندوق ہوتی ہے
اور بعضی تیر کمان بھی رکھتے ہین ایرانی شمشیر اور ایک لمبا پتلا چھوڑا اور بعضون کے پاس برچھا بھی ہوتا ہے
تیر اور بندوق اچھا مارتے ہین لڑائی مین دلیر ہین مگر سپاہ گری کی نوکری نہین کرتے +

## خانگی عداوت

بھی بہت ہے اور بعضی وقت سلطان بے اتفاق ہوکر آپسمین لڑتے ہین اور اپنی تیز مزاجی سے آپس کی
خفیف بات پر شدید دشمنی کرتے ہین +

## مذہب

ہزارہ لوگ اہل تشیعہ اور کٹر رافضی ہین سنت جماعت مسلمانون سے قلبی عداوت رکھتے ہین اور طرفہ تماشا یہہ کہ اپنے مذہب
کی اصول سے بسبب جہالت ناواقف اور عاری ہین حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ کو کمال بے معرفتی سے
قایم مقام نبی اور بعض عین نبی اور نایب خدا جانتے ہین اور سادہ لوحی سے جس جگہہ کوئی بڑا درخت یا
کوئی کلان پتھر یا کہین نمونہ قدم آدم یا اسپ دیکھین تو اوسکو لبنت مزار کی دیکر تعظیم اور پرستش کرتے ہین
اور کہتے ہین کہ اسجگہہ حضرت علیؑ کی نشست گاہ یا اثر قدم مبارک یا قدم دلدل کا ہے اور نذر اور نیاز چڑھاتے ہین نماز
کم پڑھتے ہین اور فرائض شرعی مین سست اور بے دین ہین سادات شیعہ کی بڑی تعظیم کرتے ہین اور عجب جہالت یہہ
کہ ماہ رمضان مبارک مین حسب توفیق گوسفند یا بز یا اسپ گاؤ اپنے پیر سید کے پاس اکثر ہزارہ لوگ لیجاتے ہین تاکہ
یہہ نذرانہ لیکر کل یا چند روزہ اوسکی بدلہ معاف کئے جاوین چنانچہ ایسا ہوتا ہے اور وہ لوگ جاہل سید کو بھی وکیل اور
کفیل امور شرعیہ کا جانتے ہین

## شوق عامہ

زن و مرد ہزارہ صندلی اور انگیٹھی کی آگ بہت تاپتے ہین اور وہان بیٹھہ کر گاتے بجاتے ہین گرچہ اصول موسیقی سے
بیخبر ہین اور اپنی اصطلاح مین سرود مروجہ کو بولبی کہتے ہین بولبی اکثر ایک صوت بلا حرف ہے جو اونچی آواز سے
حسب قانون مقررہ اوس سے تغنی اور ترنم کرتے ہین سوا اس خالی صوت کے چنگ کی آواز کے ساتھہ غزلین
اور شعر عاشقانہ بھی گاتے ہین عاشق اور معشوق اپنی حال کی غزلین بنا کر گاتے ہین اور شعر گوئی کا شوق نہی مرد کہنون تک
مشاعرہ اور نقلین اور قصے کرتے ہین عورتون کو بھی شعر گوئی مین دخل ہے بطور نمونہ ایک دختر دوشیزہ عمر تخمیناً بائیس سال کی غزل کا
مطلع یہان لکہا جاتا ہے قرو قاقلو کہ عجوزک بتو بیلچی نگنہ + رفتہ رفتہ ترزی و لگہ کو جیلچی نگنہ + اونکا باہر کا شوق شکار ہے سگ
کی شکار کو زیادہ پسند کرتے ہین بندوق سے کبک و ماخور وغیرہ آہو کوہی کا شکار بھی بہت کرتے ہین گھوڑ دوڑ بھی ہوتی

افغانون کے ملحق الحدود ہزارون مین کم ہوئی جاتی ہے +

## سرخیل ہزارہ

سب سی بڑے سردار کو سلطان کہتے ہین سلطان کا اختیار بہت ہوتا ہی اوسکے ماتحت ارباب اور خان اور بیگ کی نام سے شاخون کے سرگروہ ہوتے ہین اور ہرایک گانو مین غوگی یعنی سردار اور ایک یا دو آق سقال یعنی سفید ریش ہوتی ہین اور یہہ سب سلطان کی تابع ہین +

## اقوام ہزارہ

بہت ہین اونمین سے بڑے اور زیادہ مشہور یہہ ہین دی زنگی دی کوندی دی مرداد دی میر کشہ دی میرک یہہ پانچ شاخ مجمعاً سادہ سونگہ کہلاتی ہین اور سادہ قبر کے متعلق شاخہائے ذیل ہین دی چوپان دی خطائی دی نوری دی میری دایہ علاوہ اسکے جاغوری ایک بڑی قوم ہے جسکی بارہ شاخین زیادہ مشہور ہین اور قوم پولادہ بھی کثیر ہے ہر بڑی قوم مین علیحدہ علیحدہ سلطان ہین وہ فیصلہ تنازعات کرتا ہے قید اور جرمانہ کی سوای مار ڈالنے کا بھی اختیار رکہتا ہے بعضی ان سلطانونمین سے مضبوط قلعہ رکہتی ہین اور اچھی پوشاک اور خوراک ہوتی ہے اور نوکر بھی رکہتی ہین آپسمین سلطانون کی بے اتفاقی اور عداوت اکثر ہوتی ہے فی الحال ہزارہ لوگ ریاست کابل کے ماتحت اکثر حاکم بامیان کے متعلق اونکی حکومت ہی پہلے غورات اور بامیان مین حکومت ہزارہ کی منقسم تہی شاہ زمان کے عہد مین زنبل خان حاکم بامیان نے ایک توپ لیجا کر ہزارہ لوگ کو بہت دبا دیا امیر دوست محمد خان نے بھی کئی دفعہ یورش کرائی محصول مین ہزارستان سے نقد روپیہ وصول نہین ہوتا بلکہ توپ ہاشم قالین اور گلیم اور چرم تکہ گہو روغن زرد اور مویشی وغیرہ اجناس حاکم بامیان کو دیتی ہین اور فی خانہ ایک گوسفند بہی سال مین لیا جاتا ہے انتظام تشخیص اور وصول مالگذاری نہایت ناقص اور خراب ہی بعض وقت کنیز اور غلام بہی دئے جاتے ہین اور بعضی لوگ ہزارہ کے دختر فروشی سے کچھہ پرہیز نہین کرتے افغانستان مغربی مین اکثر دولتمند لوگون کے گہر قوم ہزارہ کی ہوتی ہین مگر اونکی گریزپائی اور بیوفائی مشہور ہے اور بعضی وقت وہ اپنی بی بی کا بچہ اور مال بھی لیجاتی ہین +

## دشمن بیرونی

# پوشاک

مردان ہزارہ پاپوش جسکو کاپی کہتے ہین بطرز بُرش چارق بشکل بوٹ پلہ دار و تسمہ دار رکہتے ہین
اور بجائی تنبان تشاو نام پاجامہ جو جوغ یعنی رشتہ ابریشم سفید سے بطور تبرک بنتی ہین اوسکو وخت
کرکے پہنتی ہین اور گلوپوش کیواسطے قلیل کورتہ اکثر قبائی سینہ واز تنگ آستین طویل مستعمل ہے اوپر
اوڑہنے کیواسطے سفید رنگ کی کمل جسکے کنارہ پر خط سیاہ اور سرخ ہوتا ہے کام آتی ہے اور سر پر
دستار نہین رکہتی اکثر کلاہ پوست برہ یا گوسفند یا کلاہ نمدی یا چہیٹ ایک خاص وضع کا رکہتی ہین
بعضی رئیس اور معتبر اور سادات دستار کی جگہہ لنگی باندہتے ہین اور بباعث خنگی ملک پار پیچ
شتالنگ سی زانو تک کرتے ہین اور یہہ پاؤن لپیٹنی والہ کپڑا پشمی ہوتا ہے سر کی بال بہی بہت تہوری
رکہتے ہین مگر اکثر فرق سر پہ ایک کاکل علامت شیعہ مذہبی کی ہوتی ہے اور عورات بجائی دوپٹہ اور
عرقچین کے سر پہ سر اغوج رکہتی ہین اور سر اغوج ایک تنگ ٹوپی ہے دنبالہ دار اور وہ دنبالہ کمر تک
پشت پر لٹکتا ہے اور اوسمین سر کے بال جہمکے بطور غلاف رکہتی ہین اور اوس کلاہ یعنی سر غوج ہشکل
عورات کشمیری سندیل سفید اور سرخ رنگ لپیٹ کر سنجاق یعنی سوزن خفیف سی قایم کرتے ہین اور
پیراہن دراز تا بشتالنگ فراخ آستین گریبان وسط سینہ پر اکثر ابریشم کے تبرک سی اور بعضی کرپاس اور
چہیٹ سی دو لا بناتی ہین اور شلوار بہی دوہری بعضی غرارہ وضع اور بعضی شلوار پونسچہ تنگ لاچہ سوسی
قسم سے جسکی زمین آبی اور خط سفید ہوتا ہے بناتی ہین اور چہینٹ اور کرپاس سے بہی بنتا ہے اور
پائون مین ملایم چرم آہو تنکہ کی بوٹ زانو کی نیچے تک لمبی پہنتی ہین عورات ہزارہ اپنے شوہرون پر
غالب ہین اور تعجب ہی کہ ایسی وحشی قوم مین بہ نسبت دیگر اقوام کے عورتون کا اختیار بہت ہی
گہر کا سب اختیار عورت کو ہی شوہر اوس سے صلاح لیتا ہے وہ کبھی ماری نہین جاتی اور آزاد پہرتی
ہین مستور نہین ہوتین اون کی بدچلنی مشہور ہے شمالی اور مشرقی ہزارہ کی جب شوہر اون کا
گہر نہو تو روپیہ کی طمع پر بدکاری کراتی ہین الا اگر اس صریح بدکاری کی خبر شوہر کو ثبوت کامل سے
ہوجاوی تو عورت کو مار ڈالیگا مگر دیگر اطراف مین ایک دستور ہے جسکا نام کَرُوبَستَان ہے
یعنی شوہر اپنی عورت مہمان کو دیتا ہے اور یہہ دستور پرانے وقت کی مغلون کا تہا اگر خاوند
اپنے دروازہ مین غیر مرد کی پاپوش دیکہے تو وہ باہر سے اولٹا چلا جاتا ہے مگر اب یہہ بے غیرتی

پیشہ سی عار نہین کرتے بلکہ خاک ریلی تک کام کرتے ہین اور ہیزم کشی اور کار نیر کتی اور بار برداری اور پرپشت کی اکثر
یہہ لوگ کرتے ہین مگر سپاہ گری کی یا نوکری کی شوق نہین رکہتی اور نہ زمرہ سپاہیان مین انکو کوئی بہرتی کرتا ہی غرضکہ
مغربی افغانستان مین یعنی کابل اور غزنین وغیرہ بڑے شہرون مین ادنی کامون کیواسطے ہزارہ لوگ
دست و پا ہین اور بڑی محنتی قوم ہے اور عورات ہزارہ برک بافی اور قالین بافی اور گلیم بافی اور جوراب
اور دستانہ بافی و نمد سازی اور رنگ ریزی اور دوختن اور پختن اور ہاتہہ سے پشمی سوت کاتنا اور
جل اور با سلیق اسپان کے بنانی کا کام اور پیشہ رکہتی ہین اور طریق مایہ خضرات و انواع پنیر
اور تنباغ اور قروت بخوبی جانتی ہین غرضکہ زنان ہزارہ بڑی مستعد اور چالاک ہوشیار ہوتی ہین
عادات و اخلاق ہزارہ لوگون کے مذموم ہین بے مہر اور بے وفا لوگ ہین مشکل وقت پر اپنی آقا
کے ساتہہ بہی وفاداری کم کرتے ہین گرم اور تند مزاج ہین ناموافق بات کا تحمل اور صبر نہین کرتے
ایک گہنٹہ کی دلاسا اور ساز شانہ گفتگو کے بعد ایک لفظ ہی اونکو خفا کر دیتا ہے سوائی اسکی وہ خوش مزاج
ہین گفتگو اچہی طرح کرتے ہین اور مہمانداری بہی بہت ہوتی ہے یہہ لوگ بہت واہیات قصون کو
سچ سمجہتی ہین اور شگون اور فال اور نجوم کی معتقد ہین عورات بہی فال ڈالتی ہین شانہ بینی اور کعب دست
دیکہنی سے پیش گوئی کرتی ہین اور بعض عورات کو جادوگر سمجہتی ہین سب سی عجب واہیات اون کے
افغانون مین یہہ مشہور ہے کہ اکثر عورات اور بعض مرد جگر خار ہوتے ہین اور وہ اپنی فسون اور
ساحری سے آدمی کا دل نکال کر کہا جاتے ہین اور علامت جگر خوارہ کی معاملی مین بہت قصی کرتے ہین
مگر چونکہ واہیات ہین لکہنا اونکا فضول سمجہا گیا یہہ جگر خوری کا قصہ ہندوستان اور ایران کی بعضی
قومون کی نسبت کہا جاتا ہی اور اوسکا مفصل حال طبقات اکبری مین درج ہے +

## خوراک

خمیرہ آرد گندم کی روٹی تنور کی پکی ہوی اور جو و دال ہر قسم کہاتے ہین مگر زیادہ گذارہ انکا قروت
اور پنیر اور تنباغ و دیگر خورش ہاے پر سے جو دودہ اور خضرات اور دوغ سے بن سکتی ہین اور اسکو بہی
بہت کہاتے ہین تنگی کیوقت سبزی ہای کوہی اور دشتی کو جو اکثر خاصیت دار ہوتی ہین خشک
اور جمع کرکے آرد کی ساتہہ بالمناصفہ پیسکر روٹی پکاتے ہین اور اوسکو بار راوک کہتی ہین گوشت
کو سفندی اور گاو تراور قدید پکا کر اور قورداغ کرکے کہاتے ہین +

بہ ہزارکے ہوئی اہل ایران ہزارہ کو بربری اور ملک ہزارہ کو بربر کہتے ہین شاید کہ یہہ اسم بسبب بند بربر جسکو بند امیر بہی کہتی ہین اور جو ہزارستانکی شمال مین ترکستانکی حد پر ہے ان لوگونکی ایرانیون نے منسوب کیا

## مکان سکنی

ہزارہ لوگ اکثر متفرق رہتے ہین عموماً تین گہر سے لیکر تیس گہر تک اونکی دیہات مین سکنی مکان ہوتے ہین گہرونکی عمارت بہت اونچی نہین ہوتی اور کوٹہہ مین صرف ایک کمرہ اور ایک دروازہ ہوتا ہی بعض دولتمند آدمی اچہی گہر بہی رکہتی ہین مگر اکثر ہزارہ ایسی کوٹہہ اور چہپر مین رہتی ہین کہ جو کہود کر بنایا جاوی اور اوسکو مسقف کرکے رہایش کرتے ہین خصوص مویشی کیواسطے ایسی ہی زمین مین کہودی ہوئے اور مسقف مکان رکہتے ہین بعضی لوگ مالدار سیاہ خانہ مین بہی رہتی ہین ہر ایک گانوین برج ہوتا ہے جسمین دس بارہ آدمی رہسکتی ہین اوسکو بزبان خود تپور خواہ توپور کہتی ہین اور اکثر جگہہ بیچ مین دہل رکہتی ہین کہ بوقت ضرورت اوسکی بجانی سے لوگ جلد جمع ہوسکین فقط

## شکل وشباہت

ہزارہ لوگ اپنی صورت سی بہت شرم کرتے ہین اور بدشکل تاتاری وضع ہوتے ہین اونکا حلیہ عموماً یہہ ہے کلان سر سترده ابرو تنگ چشم آماسیدہ پشت بینی مدور چہرہ آماسیدہ رخسار کوتہ گردن فیل گوش فربہ ادر بزرگ جسہ میانہ قد بال بہ پشتی اور دوش سی تا سرین تمام سطح اکثر گندم گون بعض سیاہ چردہ بعضی گورا رنگ بدن پر بال نہین کہتی اکثر ریش اور بروت نہین ہوتی اگر ہو تو بہت پتلی کو سج محاسن ہوتی ہین جن کی نسبت یہہ مثل مشہور ہے کہ ہزارہ ہوئی ندارہ یعنی ندارد عورات اس قوم کی جملہ سفید اور فربہ اندام صفا صورت مگر چشم اور ابرو اور بینی بقیاس مردان اور تمام بدن اونکا سوائی سر کے بالونسی خالی ہے بعضی عورات خوب صورت ہوتی ہین رئیس اسقوم کی اور سادات جو ملک ہزارہ مین رہتی ہین وہ خوب صورت اور شکیل جوان ہوتے ہین +

## پیشہ وعادات

ہزارہ لوگ پیشہ زمینداری رکہتی ہین مگر چونکہ اس کثیر قوم کیواسطے بسبب کمی رقبہ زرعی گنجایش کار زمینداری نہین ہے اسواسطے مالداری اور دستکاری ہر قسم کرتے ہین اور مزدوری اور قاطرچی اور ساربانی اور برف اندازی فراشی اور مہتری یعنی سائیسی کی ملازمی اس کثرت سی کرتے ہین کہ افغانستان مغربی مین ہر امیر اور دولتمند آدمی کی پاس سوای ہزارہ دیگر قوم کا مہتر یعنی سائیس کم نظر آتا ہے اور ہر قسم کا ادنی

اسلحہ اکثر بندوق اور بعضی چقماق بھی رکھتے ہین اور ملوا ایرانی اور پشمینہ قیص اور تفنگچہ بھی ہے جرم مخلوق ہے اپنی قیدیونکو
بہا سی گرا دیتے ہین اور سنگسار کرتے ہین خانگی دشمنی کم ہے مگر قوم ترکمان کی شناخہار سالور ساروغ تکہ
یموت سی سخت دشمنی ہے اور ایک دوسرے کے ملک مین تاخت کرتی ہین مگر ترکمان زیادہ دلیر ہین اور اکثر پیشدستی انکی
طرفسے ہوتی ہی قوم ہزارہ سی اب ایماق کی کچہہ آشتی ہے چار ایماق ہمیشہ ہرات کی تابع ہین پہلی حاکم ہرات کو
قشون یعنی فوج دیتی تہے فی الحال حاکم ہرا انکو نقد محصول دیتے ہین جمشیدی پندرہ ہزار روپیہ سالانہ گورنر ہرات کے آگی
ادا کرتے ہین اور اسیطرح باقی ایماق بھی نقد دیتے ہین مگر تعداد معلوم نہین ہو سکی اور یہہ محصول خان وصول کر کے
ہرات مین بہیجتا ہی دو روپیہ سالانہ فی خانہ نقد خان وصول کر کے اونہین سے اپنی سپاہ کو تنخواہ اور کہوڑے بھی دیتا ہے
اور اوسی مین سی زر مشخصہ بھی ادا کرتا ہی علاوہ اسکی ہر زمستانہ تین گہر پیچھے ایک گوسفند بھی خان اپنی قوم سے
لیتا ہی اور غارت اور تاخت کی مال سی پنجم حصہ خانکو ملتا ہی اور چہٹا حصہ ششم گوسفندان سی بھی لیتا ہی اور لوگ اس
محصول سے کچہہ ناراض نہین ہین اور نہ گران معلوم ہوتا ہے فی الحال دو ایماق یعنی تیموری اور ہزاری ایرانکے
تابعدار ہین متعلق بصوبہ مشہد کیونکہ وہ ہرات سے مغربی جانب آباد ہین اور انکی زمینات کوہ کلان سی علیحدہ ہین
جہان متوسط پہاڑ ہین اور ریگ آمیز زمین ہی تیموری مدت سی وہان آباد تہی اور ہزارہ کو شاہ محمود درانی نے
بباعث ایک بلوہ اور فساد کی جو مابین اونکی اور تیمنی کی ہوا تہا لاکر موقع مقبوضہ حال پر آباد کیا اونکی سردار کو کابل
کی بادشاہونسی خطاب بیگلر بیگی کا ملا تہا اب بھی ایرانکی طرفسی وہی خطاب بحال ہے اور تیموریکا باقی ایماق سے
اتنا فرق ہی کہ اونکی صورت و رپوشاک اوزبک کے موافق ہے کُل چار ایماق کی لوگ تخمیناً ساڈی چار لاکہہ ذی روح
ہونگے +

## قوم ہزارہ

اس قوم کی نسب کا ذکر اوپر تمہید مین کیا گیا ہی جس ملک مین قوم ہزارہ آباد ہی اوسکو ہزارستان اور ہزارہ جات بھی کہتے ہین
ملک ہزارہ ایماق کی ملک سی سخت ہے اور بسبب ناہمواری زمین اور سختی موسم کاشتکاری مشکل سے ہوتی ہی تہوڑا
غلہ چہوٹی وادیونمین پیدا ہوتا ہی اور موسم کا یہہ حال ہے کہ اکثر جگہہ فصل گندم قریب دو فصل لیف اوٹہاتے ہین
زیادہ گذران اونکی اوپر گوشت بہیڑ ہی اور بیل وغیرہ پر ہوتی ہے اور قروت اور پنیر اور دیگر دودہ کی چیزین
بہت کہائی جاتی ہین وجہہ تسمیہ قوم باسم ہزارہ یہہ بیان کرتے ہین کہ پیچ عہد سلاطین ماضیہ
زابلستان اس قوم سے سال بسال ہزار سوار بعوض باج و خراج بطور قشون جیسا کہ اس ملک مین رسم
تہی بسبیل استمرار واسطے خدمات شاہی کے لیے جاتے تہی اس سبب سی یہہ قوم موسوم بہ ہزارہ اور منسوب

فیروزکوہی بسبب سکونت فیروزکوہ اس نام سی مشہور ہوئی ہونگی قوم کرائی جو مشہد سی جنوب کیطرف رہتی ہین اونکو
بہی بعضی لوگ ایماق کہتی ہین مگر غلط معلوم ہوتا ہی ہر ایک قوم ایماق کا سردار ہے بڑے سردار کو خان یا بیگ
کہتی ہین اور شاخہا کی سرگروہ یعنی ملک کو ارباب کہا جاتا ہے خان کچہہ سپاہ بہی رکہتا ہی اور قلعہ بہی ہوتا ہے
محصول وصول کرتا ہے عدالت کرنی اونکی اختیار مین ہی اور بہت اختیار رکہتی ہین بلکہ اپنی قوم مین اونکو مار دینیکا
اختیار ہے جو مرضی ہو سو کرین فی الحال **مہدی قلیخان** مخاطب بہ خان آغا جو بمقام قلعہ مورہ چاق جمشیدیکا
رئیس کلان ہی اور اوسکا بہائی **الہ قلیخان** بالا مرغاب مین حاکم ہے اور **فتح اللہ بیگ** رئیس فیروزکوہی
اور **عبدالغفور خان** تیمنی ایماق کی مشہور سردار ہین مگر عبدالغفور تیمنی کو **محمد شریف خان** فرزند امیر دوست محمد
خان مرحوم والی کابل نے بی پایہ کر دیا ہی ایماق اکثر کیژدیون مین رہتی ہین جنکو وہ اوردا اور معسکر یعنی خیمہ گاہ کو
**یورت** کہتی ہین اور یہہ ترکی لفظ ہی جسکی مرادف اوردو ہی اور اونکا مطلب ہے لشکرگاہ جسکو انگریزی مین ہورد کہتی ہین
ہر ایک کیمپ یعنی دیرہ کا کتخدا خان کا ماتحت ہوتا ہی اونکی خیمہ سب دیسی موافق ہین جسکو تاتار لوگ خرگاہ کہتی ہین تاتاری
وضع ہوتی ہین اور اکثر نمد خودرنگ یا سفید وغیرہ سی یہہ خرگاہ بنائی جاتی ہین اور مدور ہوتی ہین مگر تیموری اکثر
سیاہ خانہ یعنی کژدی افغانی پسند کرتے ہین سب **ایماق** رمہ گوسفندان رکہتی ہین اور اپنی متعلقہ پہاڑون مین قشلاق
اور یایلاق اونکی ہوتی ہے زمستان مین قشلاق کیواسطی نیچے دامن کوہ مارکی آتے ہین اور ربابین دامن کوہ نشیبی کو تگاؤ کہتی
ہین اور گرما مین واسطے ایلاق کی پہاڑون پر چڑہ جاتے ہین اور اس ذریعہ سی وہ اکثر کوچی رہتی ہین اور چراگاہ کی متلاشی
گلہ شتران اور گلہ گاو بہی بہت ہین اور گلہ اسپان نر اور اسپ مادیان علیحدہ علیحدہ چرتے ہین اور گلہ چران ان کے
چار پانچ گہوڑون پر سوار ہوتی ہین ایک سو سی لیکر تین سو اسپ تک ایک گلہ مین اکٹہی چرتے ہین انکی ملک مین بہت گہوڑی ہین
اور گرچہ اکثر میانہ قد مگر مضبوط اور خوش شکل اور محنتی ہوتی ہین اور غیر ملک مین سوداگری کی طور پر فروخت کیواسطے جاتی ہین
انکی علاقہ کے دیہات مین تاجک بہی رہتی ہین اور ایماق کی پہاڑون مین پستہ بہی ہوتا ہے اور جابجا پستہ زار کو پستہ لغ
کہتی ہین اور شیرخشت اور ترنجبین بہی اعتدال ہوا کی سبب سے وہان پیدا ہوتی ہے اونکی پوشش اکثر ایرانی وضع
ہے شلوار فراخ اور کورتہ کوتاہ اور متمول لوگ چوغہ اور قبا و پشمی اوپر اوڑہتی ہین اور سر پر **پپاخ** اکثر سیاہ وغیرہ
بچہ بترہ کی چیڑہ کی مثل اونچی ٹوپی کی رکہتی ہین دستار کم باندہتی ہین انکی خوراک افغانونکی مطابق ہے گرچہ گوشت
گوسفند بہت کہایا جاتا ہے مگر گوشت اسپان بہی کہاتے ہین گندم کی آرد مین مغز خنجک ملا کر پکاتی ہین یہہ قوم جاہل
اور خودپسند مگر خان کے خوف سی بے اعتدالی کم کرتے ہین لیکن لڑائی مین وہ وحشی خوئی کی ساتہہ لڑتے ہین اونکا

ترکونکی نسل سے ہین اور کچھہ شک نہین کہ ایماق اور ہزارہ اصل مین ایک ہی قوم ہے اور ایسا معلوم ہوتا کہ جب سے مسلمان
ہوی تب سے علیحدہ ہوگئی کیونکہ ایماق سنیہ سنی اور ہزارہ کتنے شیعہ ہین گرچہ یہہ مذہبی اختلاف باعث فراق اونکا ہوا
تاہم بہت لوگ اونکو ایک ہی سمجھتی ہین اور اونکی صورت اور رواج بھی ملتا ہے لیکن بعضی باتونمین فرق ہے -
اسواسطے مناسب ہی کہ ہر دو کا حال علیحدہ لکھا جاوی پہلے ایماق کا ذکر ہوگا +

## قوم ایماق

قوم ہزارہ سی غربایل جنوب کے پہاڑونمین آبادہی اینکی ملک کے مغربی اور شمالی حصہ مین جہان جمشیدی رہتی ہین سیاہ
پہاڑ ہین جنپر بہت درخت ہین اور ملک آباد اور سرسبز ہے وادی اور نشیب کے میدان اچھی آباد ہین اور اوسمین
ندی مرغش اور مرغاب جاری ہے جمشیدی کی ملک مین علاقہ بالا مرغاب اور سوروچاق زر
کوشک اور قرہ ملاج اور تنور سنگی خوب آباد ہین تیمنی کوہ سیاہ سند یعنی ملک غور مین رہتی ہین اور اونکی
زمینات کا جنوبی حصہ بہی اچھا ہی زوری کی قبضہ مین سبزوار یا اسفزار ایک وسیع میدان پہاڑونکی بیچ فرہ اور
ہرات کی راستے مشرق کیطرف واقع ہی مگر فی الحال نور زمی و علیزی اور اسحاق زئی شاخہای
درانی کا تسلط اس علاقہ پر زیادہ ہوگیا ہی لفظ ایماق کا معنی تاتارونمین ایک قوم کی حصہ یا خیل یا شاخ سے
مراد ہی سرجان مالکم صاحب کہتی ہین کہ ملک شام مین ایک بڑی قوم ایماق کی رہتی تھی ایک شاخ اوسکی
لورستان متعلق ایرانمین آباد ہوئی تھی جسمین سی اتابک پیدا ہوئی جو ایرانکی تاریخ مین مشہور ہین و شیراز
کی بادشاہ ہوگذری ہین عوام مین ایماق کو چار ایماغ بھی کہتی ہین پہلی انکو چار ایماغ یعنی چار قوم کہتی تھے اور اصل مین
اونکی اتنے ہی حصہ تھی مگر اب ونمین بہت شاخین ہوگئی ہین پورانی چار قومین چار ایماق کی یہہ ہین تیمنی -
ہزاری تیموری زوری تیمنی کی دو شاخ ہین قبچاق اور دُرزی ہم اوپر کاکڑ قوم کی حال مین
لکھا ہی ہین کہ تیمنی اپنی آپکو کاکڑکی ایک شاخ سمجھتی ہین ایسا قیاس ہوتا ہی کہ شاید تیمنی مین جو شاخ دُرزی ہے وہ
کاکڑ قوم سے جاکر وہان شامل ہوئی ہو اور قبچاق دوسری شاخ اصل تیمنی چار ایماق کے متعلق ہو کیونکہ قبچاق
کے اسم پر افغانونمین قوم نامزد نہین ہوتی یہہ لفظ ترکی ہی اور علی ہذا القیاس دُرزی ترکی زبانمین کوئی لفظ -
نہین ہے زئی یعنی اولاد پشتو کا لفظ ہی ہزارہ دوسری شاخ ایماق کی بھی دو شاخ ہین جمشیدی او فیروزکوہی
جمشیدی مشہور قوم ہے اوسمین بہی بہت شاخین ہین خوگرو گالکندی قاقچی زین گر
زلفی امفلیدی جوالی خیر فرک داہ زبری وغیرہ سب جمشیدی کی متعلق ہین او

ایماق اور ہزارہ کوہ پر پنیمسین مین رہتی ہین یعنی کابل و ہرات کے اونکی شمال کیطرف اوزبک کا ملک ہی اور جنوب کی
جانب دُرانی اور غلزئی افغان رہتی ہین ان ہر دو قوم کا ملک تین سو میل طویل اور تخمیناً دو سو میل عریض ہوگا تعجب
ہی کہ افغانستان کی حد مین اور خصوص اوس حصہ مین جسکو لوگ کہتی ہین کہ ابتدا انکی افغانونکی یہانسی یعنی غورسی اوٹھی ہے
اوس جگہ اور اوسکی نواح مین اب ایک ایسی قوم آباد ہی جو افغانونسی مطلق رواج اور زبان اور صورتمین نہین ملتی مگر جیسا اپنی
ترکی ہمسایگان شمالی سی کچھہ مطابق ہین مگر تاہم کچھہ فرق پایا جاتا ہی اونکو نہین معلوم کہ اصل مین ہم کون ہین اور
اونکی زبانسی جو ایک طرحکی فارسی ہے نہین معلوم ہوتا کہ وہ کس قوم سی جدا ہوئی ہین اکثر طرز اوس زبانکی زابلی سی ملتی ہے
اونکی صورت سی معلوم ہوتا ہی کہ تاتار ترک ہین اور بعضی کہتی ہین کہ مغل کی نسل سے ہیں اب بھی بہت لوگ اونکو مغل
سمجھتی ہین اور جو مغل چغتا متصل ہرات کے رہتی ہین اونکی ساتھہ اونکو ملاتے ہین اور وہ خود بھی کہتی ہین کہ ہم انکی اور نیز قوم
قلماق کی جو کچھہ کابل مین رہتی ہین ہمقوم ہین اور اونکی ساتھہ وہ شادی کرتے کراتے ہین لیکن ہرات کی مغلونکی
زبان وہ نہین سمجھتی **ابو الفضل** لکھتا ہی کہ یہہ لوگ ایک فوج منکو خان کی اولاد سی ہین اور منکو خان پوتہ چنگیز خان
کی فوج ان پہاڑونمین رہ گئی تہی اور ثقہ اور واقف حال معتبر شخص جنکی ملاقات مولف سی ہوئی وہ کہتی ہین
کہ قوم ہزارہ قوم چرکس کی ایک شاخ ہے **چرکس** ایک ترکون کی مشہور قوم ہے جو **داغستان** کی نواح مین
ملحق الحدود ملک روس کی آباد ہین اگرچہ یہہ روایت صحیح ہو تو بھی معلوم نہین ہوتا کہ یہان کس تقریب سی آکر یہہ قوم
آباد ہوئی **محمد بابر بادشاہ** اپنی تصنیف مین لکھتی ہین کہ ہزارہ لوگ مغل کی زبان بولتی ہین مگر اوسکی صاف
مراد نہین پائی جاتی کسواسطے کہ وہ ترکمان ہزارہ کا قصبہ لکھتا ہی اور لوگ دری کو پہاڑی ہزارہ کی شامل کرتا ہے
اور لکھتا ہی کہ ترک اور ایماق میدانمین سکونت رکھتی ہین قیاسمین نہین آتا کہ اونکی زبانمین اتنی ترکی لفظ کیون ہین
اگر مغل نہین تو ترکی کیون بولتی تہے اور اگر مغل و چرکس ہین اور ترکی اونکی اصلی زبان تہی تو باوجود آباد ہونی اور مدت
ترکستانکی ترکی کیون نہین رہی اور فارسی زبان کیون بولنی لگی ہین جبکہ اونکی شمالی ہمسایگان ترکی بولتی ہین اور جنوبی
پشتو اسوجہ سی غالباً پایا جاتا ہے کہ یہہ لوگ پشتو کی پہیلنے سی پہلی کے آباد ہین اور غزنین یا زابل کی سلطنت کے تعلق
ہونی سی فارسی زابلی شکستہ اونکی زبان ہوگئی اور ترکی اپنی پرانی زبان جاتی رہی مگر بعض بعض الفاظ اوسکی ہنوز
باقی ہین اس دلیل کا ثبوت پرانی حالات کی مطابقت سی حاصل ہوتا ہی کیونکہ یہہ بات ظاہر ہی کہ افغانون کے
خروج سی پہلی غزنین اور بعضی دیگر اقطاع میدان جنوبی پر ہزارہ لوگ بھی سوای تاجک کی قابض تہی جنکو افغانون نے
تدریجاً پہاڑ ہزارستان کیطرف ہٹا دیا بنظر کل ثبوت ماحصل مولف کا نسبت قومیت ایماق و ہزارہ یہہ رای ہے کہ تاتاری

زرغون شاہری وغیرہ مقامات متعلق لوگر مین بہی تاجک رہتی ہین اوجائی آبادیکی نام سی مشہور ہین

## فرملی یا پرملی

تاجک کی ایک شاخ سمجہی جاتی ہے اور بیرکی کے برابر ہوگی اکثر علاقہ اُرگون مین بیچ ملک خروٹی
کی رہتی ہین اور خروٹیونکی ساتہہ سخت دشمنی رکہتی ہین باقی کابل سی مغرب رہتی ہین اکثر سوداگری اور زمیندار
کرتی ہین اور اُرگون مین سامان آہنی تیار کراکر مغربی افغانستانمین فروخت کیواسطی لیجاتی ہین والی
کابل کو مشخصہ دیتی ہین انکی قومیت اور نسب کی بنیاد نہین معلوم ہوتی وہ کہتی ہین کہ ہم خلجی ہین جس
قوم سی ہندوستانکے بادشاہ بہی ہوگذری ہین تاریخ فرشتہ دیکہنی سی معلوم ہوگا کہ خلجی قوم ترک کی ایک
شاخ ہی جسمین سے سلطان جلال الدین فیروزشاہ اور سلطان علاء الدین خلجی مشہور
بادشاہ ہند ہوگذری ہین دیگر لوگ کہتی ہین کہ پرملی ساکنان ایک شہر موسوم خلج کی تہے بعضی کہتی ہین
کہ وہ شہر جیحون کی کنارہ پر ترکستان مین تہا اور بعضو نکا قول ہے کہ خلج قندہار سی مغرب دریائی
ہلمند اور قلعہ بست سی بہی مغرب واقع تہا یہہ اخر الذکر قول صحیح معلوم ہوتاہی اسمین شک نہین کہ خلجی یا غلجی
ایک تاتاری قوم ترک کی نسل سے تہی جسکا ایک حصہ دسوین صدی عیسوی مین دریای سیر کے سرے پر جو ملک توقند کی بیچ کر
جاری ہی آباد تہا ہم ایک شاخ اونکی بہت مدت سے افغانستانکی بیچ سیستان اور ہندوستان کے مابین آباد تہی
دسوین صدی عیسوی مین وہ لوگ ترکی بولتی تہی ممکن ہے کہ فرملی اوسقوم سی ہون مگر سوای قیاس اور کچہہ ثبوت نہین ہے

## سردیہی

سردیہی ایک چہوٹی سی قوم تاجک کی ہی جو بمقام سر دیہہ مشرقی اور جنوبی گوشہ غزنین مین آباد ہین
علاوہ اونکی غزنین خاص اور دیگر علاقہ غزنین مین بہی بہت تاجک ہین ٭

## دیگر تاجک

علاوہ اونکی جو اوپر لکہی گئی ہین ننگرہار مین اور گردیز کلا لگو اور لغمان وغیرہ جملہ علاقہ جات افغانستان مغربی مین
تاجک آباد ہین اور سیستان مین قریب کل کے تاجک ہین مگر یہہ ہم تاجک صرف سنی مذہب مشہور ہین اور یہہ قوم
بلوچستان کی شمال افغانستان کی حدود مین بہت ہی اور ہرات اور اوسکی نواح مین اکثر تاجک ہین ان سبکا مفصل
حال لکہنی کیواسطی علیحدہ کتاب چاہئی یہان صرف اسقدر کافی ہے کہ افغانستانکی ملک مین پندرہ لاکہہ تاجک شمار کرتے
ہین ٭

## حال قوم ایماق وقوم ہزارہ

اکثر سیاہ رنگ و نکا پاپوش بطور بوٹ کی شتالنگ تک ہوتی ہین سر پر ریشمی ٹوپی اور بعضی لونگی بہی باندہتی ہین سب کوہستانی سنی مذہب ہین ایراقی وغیرہ اہل تشیعہ کی ساتہہ قلبی دشمنی رکہتی ہین علحدہ علحدہ خان ہوتا ہے فی الحال ملک جی تاجک مین سی بڑا خان ہی اور صاحب زادہ غلام جان بہی وہانکا رئیس ہے گرچہ یہہ خان لوگ اپنی خانگی فساد کا بندوبست نہین کر سکتی مگر باہر کے غنیم کیواسطے روک کا کافی انتظام کر سکتی ہین کسواسطی کہ بیرونی دشمن کی خوف کے صدمہ سی اونکی فہمایش سے کل قوم اکثر ایکدل ہوجاتی ہے خان لوگ کچہہ حسب قدر گہر کے نوکر بہی رکہتی ہین شاہ محمود سدوزئی کی ساتہہ اونکی بہت دشمنی تہی جب وہ تخت نشین ہوا تو کوہستانیون نی اوسکی مخالف بہت لڑائی کری پہلی شاہزادہ عباس کو مدد دی تہی مگر آخر کو فتح خان بارکزئی کی بندوبست سی وہ دب گئی ایک اور قوم موسوم پشئی پاپشاوی کوہستان مین رہتی ہی جسکی نسبت محمد بابر بادشاہ لکہتا ہے کہ وہ اور زبان بولتی ہین فی الحال بہی وہ لوگ کوہستانی زبان آپسمین بولتی ہین اور اوس زبانکی اصل ہندی معلوم ہوتی ہی اس قوم کا زیادہ حال دریافت نہین ہوسکا +

## خنجانی

خنجان نام ایک طویل درہ ہی نہایت سرسبز اور خوش ہوا تمام زمین اوس درہ کی ایک باغ معلوم ہوتا ہے درخت توت بہت کثرت سی ہے اس درہ مین بہی تاجک رہتی ہین جنکو خنجانی کہا جاتا ہی تمنا دستگیر کہرتا جکونکا اس درہ مین ہے بہار اور خزان مین یہہ درہ رونق دار ہے +

## ببرکی

تاجک کی قوم سی ہین جو لوگر اور ترنت خاک مین رہتی ہین گرچہ وہ غلزئی کے ساتہہ ملی ہوئے ہین مگر دیگر تاجکون سی علحدہ ہین اونکی سردار جدا ہوتے ہین اونکی دلاوری مشہور ہی اپنے دیہات اور زمینات مقبوضہ موروثی ملک ونکا ہے امیر کابل کو مالگذاری دیتی ہین اور ضرورت کیوقت فوج بہی حاضر کرتی ہین رواج اور دستورات مین اکثر افغانونکے مطابق ہوگئی ہین دیگر تاجکونسی ہر کام مین اچہی سمجہی جاتے ہین اکثر روایات سی یہہ بات ثابت ہوتی ہی کہ سلطان محمود غزنوی نے گیارہوین صدی عیسوی کی شروع مین اونکی مورثان کو یہان آباد کیا تہا اونکا ملک پہلی بہت تہا مگر پیچہے سے افغانون نے بہتسا دبالیا انکی اصلیت نسب صحیح نہین معلوم ہوسکی وہ خود کہتی ہین کہ ہم عرب ہین اور بعضی دیگر لوگ کہتی ہین کہ وہ کرد یا کردہین جو کردستان سی محمود غزنوی لایا تہا چرخی اور کلنگاری اور

دونون نظر نگاہ بہار ...

مشہور ہے شہر پنجاب اور وادی سکی دو ...

... وادی کا نام وادی پنج شیر ہے جسکی اسم سے نام وادی کا
... بنا ہے وادی پنجشیر آب سے نکلتی بن جاتی ہے جسکی ...
... ہیں ہر ایک وادیکے اوس پانی سے ندی ہو کر ان ندیونکی کنارہ پر زیادہ آبادی
... ہے اور یہہ سب ندی کابل کے دریا میں گرتی ہین ... بہت ہوتی ہی چاول
... گیہون گندم اور تمباکو اور کپاس کی پیدا وار بہت کہا جاتا ہی او نکا
... سبز او پرانا درخت ملک میں اونکا میوہ بہت ...
... بہت مگر عجیب قسم کے نہین ہوتے درخت توت بہت ہین اگر کوہستانیون کی تندرستا
... پکاکر او پیک قادری آرد گندم ملاکر روٹی پکاتے ہین اگر اخروٹ بھی کثرت سی
... سی راہی وبا ہاوے تو یہہ خوراک اچھی ہوگی درخت چار مغز یعنی اخروٹ ہی لڑائی کیوقت
... اور ورہ غور بند میں بادام بہی اچھی قسم کے پیدا ہوتی ہین آپسمین دشمنی اور لڑائی کیوقت
... مخالف کی درختان توت کاٹ ڈالنی سے چند سالہ نقصان خوراک پہونچاتے ہین گرچہ ملک کوہستان
مین لوگ بہت پہلی ہوئی مگر تعداد مین بہت نہین ہین لوگ کہتی ہین کہ تخمیناً چتالیس ۴۵ ہزار ہر ہوگا
ایک چہہ یا ٹانگر کہستان مین مشہور رنگ روان ہے مویشی بہت ہین رکہتے مگر شیر زیادہ گاؤ
رکہنی کی شوق سے دو درہ پنجشیر او غوربند کا پنیرچہ مشہور ہے تیا نگی تیا نر بہت ہین اور
ہر قسم کا درندہ جانور بہی سنے جاتے ہین او رکہتے ہین پلنگ یعنی چیتا اور خرس سیاہ بیشمار
ہین بلکہ شیر بہی ہین او شکاری طیور باز اور چرغ وغیرہ وہان بہت ہوتے ہین خوش رنگ و خوش
آواز بلبل کوہستانکی مشہور ہے ملک کی مضبوطی کے سبب سی کوہستانی تاجکون کی طبیعت اور طرح
سے ہے سوائی علاقہ ڈرنامہ او پروانی امیر کابل کو کچھ محصول دیتی ہین اور اپنی سردارون کی
تابع ہین دلاور اور جنگجو لوگ ہین او سمجہتی ہین کہ سوائی لڑائی کے جو مرد بیمار ہی مر جاوے تو شرم
او افسوس کی بات ہی اگرچہ سب کوہستانی بیرحم او جاہل ہین مگر ڈرنامی سرقہ او شرارت مین یاؤ
مشہور ہین کوہستانی اکثر پہاڑ وغیرہ مین پیادہ لڑتے ہین او انکی لڑائی آپسمین باہم قوم اور دیہات مین
بہت نہین ہوتی مگر خانہ بخانہ دشمنی ہو اور دشمن کے درختان توت کاٹ ڈالنی سی زیادہ
نقصان پہونچاتے ہین ہتہیار اونکا قرابین اور چقماق بندوق اور پشتول اور چہورا کلان ہی بعضو نکی
پاس چہوٹی برچہی او قلیل آدمیون کے پاس تیر کمان او سپر بہی ہوتی ہے قریب کل کے ہر
بالغ مرد اسلحہ سے خالی نہین ہوتا اونکی پوشاک ایک فراخ کورتہ کرپاسکا او پائجامہ ذرہ فراخ

کی ہمسایہ یعنی رعیت کی طور شامل ونکی رہتی ہین خواہ اپنی علیحدہ رہان مین آبادہین جب علیحدہ گانون مین رہتی ہین تو ہر گروہ کا
کام کتخدا موضع کا کرتا ہی اور یہہ کتخدا اپنی قوم سی سب لوگون کی مرضی کے ساتہہ مقرر ہوتا ہے گرچہ اکثر موروثی خاندان
سی کتخدا مقرر ہوتا ہے مگر امیر کابل کی اجازت تقرری کتخدا کے واسطی لازم ہوتی ہے کتخدا کچہہ
اختیار نہین رکہتا بجز اوس قدر کے جو والی کابل سی کام تفویض ہوا اور اوس کا اختیار
اور کام خصوصاً زر مالگذاری جمع کر کے حاکم کے پاس لیجاتا ہے اور اس خدمت کی عوض مین
منجملہ زر مشخصہ کے انعام ملکانہ حب قرار مجرا لیتا ہے بعضی خفیف مقدمات بہی فیصل کرسکتا ہی
مگر جو مقدمہ ذرہ بہارا ہے وہ یا تو حاکم کی حضور جاتا ہی یا قاضی کے پاس فیصلہ ہوتا ہی تاجک
لوگ جنگ جو نہین ہین اور اپنی سرکار اور حاکم کی تابعداری کرتے ہین گرچہ عموماً پیشہ اونکا زمینداری
اور کاشتکاری ہے مگر سوا اوس کے بیوپار اور دستکاری اور خرکاری کا کام بہی کرتے ہین
اب اکثر افغانون کی موافق ہوگئی ہین ونکی شوق لڑائی کی نہین ہے گرچہ اب کچہہ سپاہ
گری کا کام کرنے لگی ہین سوائی بامیان کے رہنی والون کی جو شیعہ مذہب ہین باقی سب
تاجک اہل سنت جماعت کا طریقہ رکہتے ہین اور دیندار اور نمازگذار ہین جب افغانستان
مین فساد ہوتا ہے تو تاجک لوگون پر سب سی پہلے ظلم ہوتا ہے مگر جسوقت امن آرام ہے تو اونکو
پرورش اور مدد ملتی ہے الا تاہم کار بیگار اور محصول بہ نسبت افغانان تاجک پر زیادہ
اگر یہہ زیادتی نہو تو دُرّانی کی حکومت سی راضی ہین گرچہ افغان اپنی قومیت سی اونکو کم سمجہتی ہین مگر
مغروری اور خود پسندی اون کی ساتہہ کم کرتے ہین چنانچہ آپسمین ناطہ دیتی لیتی ہین شہرون کی
نزدیک تاجک لوگ زیادہ ہوتی ہین اکثر کابل غزنین ہرات اور بلخ مین تاجک
لوگ ہین مگر ملک کی اون حصون مین جو غیر آباد اور سخت ہین جیساکہ ہزارہ یا جنوبی حصہ ملک
غلزئی کا اور کافرستان مین مشکل سی کوئی تاجک ملتا ہی اوپر اون تاجکون کا حال لکہاگیا ہی کہ
جو افغانون کی بیچ رہتی ہین اور وہ تاجک جو افغانون سی علیحدہ رہتی ہین وہ دشوار گذار مقامون مین آباد
ہین اور دیگر تاجکون سی چند باتون کا فرق رکہتی ہین پہلے ہم اون تاجک لوگون کا حال لکہینگی کہ جو
کوہستانی کہلاتی ہین یعنی جو کابل کے کوہستان مین رہتے ہین اس ملک کی شمال کی
طرف برف اور پہاڑ ہندوکش کا ہی اور مغرب کو ہزارستان جنوب غالباً کوہ دامن اور مشرق کو ہندوکش کی ایک شاخ جنوبی ہی کوہستان کا ملک

حسین خان خارج کیا گیا جو مکہ معظمہ مین ہے الغرض افغانستان کی سرحدی قومون مین سی قوم بکثر
ہی قابل قدر اور قوی قوم ہے مگر خانگی فساد اور حسد بہت رکہتی ہین مالداری کا شوق کم ہے شتر بالکل
نہین رکہتے مگر گلہ ہا طران بہت ہین باربرداری کے واسطی نرگا و اور خر مرکب اور قاطر کام آتی ہے

## حال قوم تاجک مخفف تاجیک

کوئی نادر جگہ افغانستان مین ایسی ہوگی جس مین صرف افغان آباد ہون تاجک حصہ مغربی مین اور
ہند کی مشرقی مین افغانون کے شامل رہتی ہین تاجک آپسمین ایک قوم کی طرح نہین ملتی مگر ملک
ایشیا کی ایک بڑی حصہ مین منتشر ہوگئی ہین جیسا کہ مغربی افغانستان مین ہین اُوزبک کی ملک
مین بہی رہتی ہین ایران کے سکنا، ان کو تاجک کہتی ہین اور تاجک لوگ اِیرَان خصوص اَصفہان
اور ترکستان مین بہے کثرت سے ہین اور خیوا کرک تگین دَرواز بدخشان مین
یہہ لوگ حکومت کرتے ہین بعض وقت ان کو فارسی بان کہتے ہین افغانستان کے بیچ جو اصل فارسی زبان
مین وہ تاجک ہین +

## وجہ تسمیہ لفظ تاجک

کی بابت بہت مختلف روایات ہین مگر اون سب سی قابل تسلیم یہہ روایت ہے کہ اصل اس لفظ کی
تازی خواہ تازیک جو پہلوی کی زبان اور کتابون مین عربون کو تازی کہتی تہے اور بالحاق
کاف تصغیر تازیک بہی بولتی تہے اور حرف زا، بنظر تسہیل تلفظ بہ جیم تازی مبدّل ہوکر
تاجیک مشہور ہوئی تاحال فارسی مین عربون کو تازی کہتی ہین اور اکثر کتاب لغات
فارسی مین لفظ تاجک کا یہہ معنی لکہا ہے کہ تاجک اولاد اون عربون کی ہے جو فارس
یا دیگر غیر ملکون مین پیدا ہوی اور حال موجودہ تاجک اور ملک مقبوضہ سابق اور اون کے
گذشتہ واقعات پر غور کرنے سے یہہ لغوی معنی صحیح معلوم ہوتا ہے اور پایا جاتا ہے کہ لفظ
تاجک کا مطلب اور مراد اون عربون کی اولاد سے ہے جسکا ذکر اوپر لکہا گیا سنہ ہجری کے
پہلی صدی مین تمام ممالک فارس اور اُوزبک کو عربون نے فتح کیا تہا اور جب اونہون نے مفتوح
کئی تو اوس ملک کے لوگونکو جہانتک ممکن تہا رضا، اور جبراً مسلمان بنایا اور اپنی زبان سکہانے مین
کوشش کری اوس وقت افغانستان کے اوپر بہی جیسا کہ پہلی حصہ مین درج ہوچکا ہے

بہ زمینداری رکھتی ہین بعض سوداگری اور نمک فروشی کا کام بھی کرتے ہین بدرقہ بنگشونہ
ملک مین ہمیشہ بے خطر ہے زیادہ پیداوار ان کی ملک کی **گندم** اور **چاول** ہین اب
ہی ہے اس قوم کے بعض لوگ **شیعہ مذہب** اور بعض **سُنّی** ہین کل تعداد اس قوم کی
اٹھارہ ہزار گھر بیان کرتے ہین جنگ جو اور دلاور قوم ہے اسلحہ **بندوق** اور **چھورا**
ن اور تفنگچہ ساخت ملک خود ہر ایک بالغ مرد رکھتا ہے گرچہ راہ زنی کم کرتے ہین مگر اپنی ملک
مشہور سارق ہین مہمان نوازی بہت اچھی طرح کی جاتی ہے بشرطیکہ مسافر بحکم میزبان کے
ر پہونچ جاوے پستہ قد اور گندم رنگ لوگ ہین خوراک اچھی ہے اکثر گندم کی خمیری تنور
ن پکی ہوئی روٹی گوشت سی کھائی جاتی ہے **ہنگو** کی چاول عمدہ ہوتے ہین پوشاک سر پر سفید
یا سیاہ یا بینگنی رنگ کی دستار اور زانو تک لمبا کورتہ اکثر سیاہ رنگ کا اور سفید پارچہ کا
ہوتا ہے اور پائجامہ فراخ سفید رنگ کی سوسی کا جسمین نیلا خط بھی ہوتا ہے اور پاؤن مین
چپلی رکھتے ہین کبھی کبھی دستار بطور کمربند کمر پر باندہ کر چادر کا عمامہ سر پر لپیٹتی ہین **بنگش**
کے مرد لوگ سر کو دونو طرف تھوڑے سی بال بطور گیسو کوتاہ مثل پوربیا اور یہود لوگون کی جھوٹ
کہ باقی سر کے بال منڈوا ڈالتی ہین **شرقی بنگش** بڑی داڑھی رکھتی ہین اور **مغربی** داڑھی
کو کترتی ہین اور عورات اکثر سیاہ رنگ کا کورتہ اور شلوار گھیرہ دار سوسی کی اور سر پر
سفید چادر یا لونگی جسکا ریشمی کنارہ ہوتا ہے اوڑہتی ہین انکی بڑی گانو یہہ ہین **نری اوبہ**
**تل** **ٹوڑسمند** **ہنگو** **اُوشترزئی** **گناہٹی** **توغنہ** **تورہ وڑی** **گہئی** **ملخوزہ**
سواے ملک افغانستان کی صوبہ ماژندران ممالک **ایران** مین بھی چند گھر بنگشون کے سنے جاتی
ہین جو اس طرف سے گئی ہین اور ہندوستان کے بعض اضلاع مین خصوص فرخ آباد مین
بہت بنگش ہین نواب **فرخ آباد** بھی اسی قوم سی اوپرکے **بنگشون** مین سی ایک زمیندار
کی اولاد سے تہا ابتدا مین **نواب فرخ آباد** ساڑہی چار لاکہہ لکھنو والی وزیر کو
کو دیتا تہا ۱۸۰۱ء مین وہ ساڑہی چار لاکہہ ریاست لکھنو کی جانب سی سرکار انگریزی کی ہاتہہ مین آیا
اور ۱۸۰۲ء کو وہ ملک باقرار دینی ایک لاکہہ آٹھہ ہزار سالانہ کی **نواب امداد حسین خان ناصر**
**جنگ** کو گورنمنٹ انگریزی نی اپنی قبضہ مین کرلیا مفسدہ ۱۸۵۷ء مین باعث بی اعتدالی **نواب تفضل**

## حال قوم بنگش

یہہ قوم اپنے آپکو قریش کی نسل سے سمجھتے ہین اور کہتے ہین کہ خالد ابن ولید کے فرزند مسمی عبد الله کے نیچے دوسوین پشت مین مسمی اسمعیل پیدا ہوا اوس کے دو پسران مسمی گارہ اور سامل کے باہم جنگی والدہ قزلبلی قوم سے تہی بہت سخت لڑائی اور کشت خون ہوی اس سبب سے بن کش کے اسم سے موسوم ہوکر اصطلاح عام مین بنگش مشہور ہوئے سمیل مورث اعلی اس قوم کا مقام گردیز علاقہ زرمت مین آباد تہا جو مولد اس قوم کا ہے انکی خانگی فساد نے ایسا اثر کیا کہ گارہ اور سامل کے نام سے دو گوندی کل اقوام ملحقہ قوم بنگش مین ہوگئی ہے اور دونون گوندی آپس مین دشمن ہین جب اس قوم کی تعداد علاقہ زرمت مین زیادہ ہوئی اور دوسری طرف سے قوم غلزئی نے زور دیکہایا تو تخمیناً پانچ سو برس ہوئے کہ اوس ملک کو چہوڑ کر علاقہ کورم اور میراز‍ - شلوزان کوہ سفید سے جنوبی ملک اپنے قبضہ مین کر لیا - اور اوس سے تخمیناً ایک سو برس بعد قوم اورک زئی سے لڑائی شروع ہوئی اوس وقت خٹک کی قوم نے بہی بنگشون کے معاون ہوئی اور اورک زئی کو بعد سخت لڑائی کے کوہاٹ سے بیدخل کرکے اس قوم نے اپنا قبضہ کیا اوسکے پیچھے بہی بہت لڑائین باہم بنگش اور اورک زئی ہوتی رہین مگر آخر کو بموجب اوس فیصلہ کے جسکا ذکر قوم اورک زئی کے حال مین لکہا گیا ہے بنگش اور اورک زئی کی حد مقرر ہوگئی یہہ میدان اور وہ مقبوضہ حال بنگشون کے قبضہ مین رہا اور شمالی پہاڑ اورک زئی نے لیا نسبت قومیت بنگش دوسری روایت یہہ ہے کہ یہہ قوم ملک سیستان کی جٹ قوم کی شاخ ہے مگر یہہ روایت ضعیف معلوم ہوتی ہے فی الحال قوم بنگش اکثر ضلع کوہاٹ مین آباد ہے اور باقی مغرب علاقہ کورم اور شلوزان مین رہتے ہین بنگش کی وادی غرباً و شرقاً طویل میدان پہاڑونسے محصور ہے اس قوم کی مشرق اور جنوب مشرقی مین قوم خٹک یعنی کوہ خٹکان واقع ہے اور شمال قوم اورک زئی جنوب غربی مین قوم وزیری کی حد ملتی ہے اور مغرب علاقہ کورم ہے جو بنگش علاقہ کورم اور میرانزئی مین رہتے ہین وہ مغلوب قوم توری کے ہین اور شلوزان والی خودمختار اور ضلع کوہاٹ کے رہنے والے رعایا سرکار

# شجرہ نسب مسمی اسمٰعیل معروف بنگش

گاڑی — سامل زی — گورہ

میران زی — امیر — جمشید زی — عمازی — لغانی — علی زی — غدی زی — ستوری زی — خواجہ احمد خیل

ورسمند — بلند خیل — وارک زی — کسے — مرے — درویش خیل — بر ستوری زی بالا — کوز ستوری زی پائین

زوجہ اول — زوجہ دوم — عمر — بائی زی — تاسے — خوستے — موزو خیل — ستو خیل — کلہ سور خیل — تاتا خیل

حسن زی — بدہ خیل — خاخا خیل — میر احمد خیل — علی شیر زی — عیسی خیل — موسی خیل — حسن خیل — لنڈی

حسن خیل — لابی خیل — علیجان خیل — مندر خیل — ابیت خیل یوسف — مرو خیل — ازی خیل جانزی — شاہی خیل — لودھی خیل

چپیے — میسروری — شمی خیل — گلمان خیل — عزت خیل — دولت خیل — گل شاہ خیل

کمال خیل — شاہو خیل — دودا خیل — مندر خیل

شعلی خیل — مستو خیل — فتح خیل

## عرب

سوائی قریشیون کی دیگر عرب بھی کچھہ افغانستان مین رہتی ہین شاید ایران اور خراسان مغربی
سے افغانستان مین آئی ہین جب خاندان سامانی بخارا کی سلطنت کرتا تھا تو عرب لوگ ایران کی
مشرقی حصہ مین آباد تھے اور اوسکی بعد اسلاک مین آئی افغانستان مین عربون کی تخمینا دو ہزار گھر ہونگی
اور سوائی عرب کے اور کوئی نام قومیت کا اونکی واسطی مشہور نہین زیادہ تر بالاحصار کابل مین رہتی
مین جو سب شیعہ مذہب ہین اور باعلاقہ بی سود جلال آباد مین آباد ہین اور سنی مذہب
مین جلال آباد کے عربون کا علیحدہ سردار ہے احمد شاہ ابدالی جلال آبادی عربون
کی سردار کی دختر سے شادی کری جس سے تیمور شاہ پیدا ہوا اپنی اصلی زبان عربی اب نہین بولتی
پارسی اور پشتون سی متکلم ہوتی ہین زمینداری جلال آباد کی عرب کرتی ہین اور بالاحصار والی نوکری
اور سوداگری اور دستکاری اور دوکانداری کا شغل رکھتے ہین اور باقی قومون سے تا ہنوز
علیحدہ رہتے ہین +

کہتے ہین کہ کوئی نام ایک سیدزادہ معصوم کو مسمی ابراہیم نبیرہ بیٹنی نے پرورش کیا اور جب بڑا ہوا تو بیٹنی کے خاندان سے شادی کری اوس سی دو فرزند پیدا ہوے محسن شاہ بنون کی ملک مین آیا اور حسن شاہ پہاڑ مین رہا فیروز شاہ خون کی واردات کرکے بخوف انتقام ٹاک کی طرف چلا گیا جہان اب بھی اوسکی اولاد ہے اور جنگ شاہ بنون مین مارا گیا جسکی خانقاہ کرم کی کنارہ پر موجود ہے اور جنگ شاہ کی اولاد جھنڈوخیل اور سورانی کے مابین موضع کوئی ساوات مین آباد ہے علاقہ بنون مین صرف پچاس آدمی اس قوم کے ہونگے جن کا ملک نجم شاہ ہی +

## قوم سید

بنی ہاشمی قریش مشہور ہین مسی حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین کے اولاد سید ہین افغانستان مین کوئی بڑا گانو ساوات کی ایک دو گھر سے خالی نہین ہوگا اور افغانستان مین سیدون کو خواجہ اور سید و میان و آغا اور شاہ صاحب اور میر اعلاوہ اپنی معمولی اسم کی خطاباً کہتے ہین اور لوگ ساوات کی بہت تعظیم کرتے ہین سوای ہزارہ جات اور ڈیرہ اسمعیلخان کی باقی افغانستان مین کوی سید شیعہ نہین ہے ساوات افغانستان مین سی سید ان ملک پشین تجارت اور سوداگری مین مشہور اور صاحب عزم اور دولتمند ہین مگر سرزور اور بی باک اور خانگی دشمنی بھی رکھتے ہین اور علاقہ پشین مین بہت لوگ سید رہتے ہین علاقہ اُرگون اور بنون اور زرمت مین شیخ شاہ محمد روحانی کی اولاد بہت ہے علاقہ کونٹر مین ایک معزز خاندان سید کا ہے جسمین سے جو رئیس کونٹر کا ہوا وسکو بادشاہ کہتے ہین یہہ شریف قوم گرچہ ہر ملک مین ہے مگر نیک چلن اور بی آزار ہے کابل اور کوہستان مین معزز خاندان سیدون کی ہین جو اکثر افغانون کے پیر ہین +

## قریش

علاوہ ساوات کی جو قوم قریش کی ایک شاخ ہین باقی قریش بھی مثل ساوات کہ متفرق چند چند خانہ جات ہر علاقہ مین ہین اکثر جگہ امام مسجد اور مدرس افغانستان مین اس قوم کے لوگ ہوتے ہین اور زمینداری اور خیرات خوری کا ہمیشہ رکھتے ہین افغانستان کی لوگ قریشیون کی بھی عزت اور ادب کرتی ہین اور بہ نسبت ساواتا کے قریش بہت کم ہین +

ملک مین بہی چند گہر اس قوم کی ہین اور کوہ گنداگر کے شمالی حصہ مین مقام سری کوٹ ضلع ہزارہ مین بہی شوانی رہتی ہین اور تختہ بازو نام ایک موضع بہی گنداگر مین ہے نہین معلوم ہوتا کہ وہان کس تقریب سے گئی شوانی کی قوم شائستہ سمجہی جاتی ہے اور نیک چلن اور کم آزار لوگ ہین خصوصاً اس قوم مین سے شاخ توخی ہین جو توخی غلزئی کے ملک مین متفرق ہین اور چند گہر قندہار مین بہی ہین اس سبب سے زیادہ ذکر کے لائق ہے کہ اس شاخ مین سے محمد رفیق والد ملا ابنیدو فی الحال امیر شیر علیخان والی کابل کا مشیر خاص ہے اوسکا چچا ملا انسو بکجنت بہکاری اور [illegible]

## ذکر قوم خوندی

شجرہ نسب اس قوم کا جہانتک معلوم تہا قوم غرغشت کے ذکر مین شامل شاخ داوی اس سبب سے درج کیا گیا کہ یہ قوم اوسی کی متعلق تہی مگر چونکہ خوندی لوگ بہی سید کہلاتی ہین اسواسطی اس جگہ مختصر ذکر اونکا مناسب سمجہا گیا کہتی ہین کہ داوی ابن دانی نبیرہ غرغشت نے ایک بیوہ سید زادی سے جو ولایت خجند سے ملتان مین اپنی خواہر کے پاس آئی تہی نکاح کیا اوس بی بی کی شکم سے پہلے شوہر سید کا بیٹا مسمی سید حسین تہا اوسکی چار فرزند تہی بلقیل سکندر توسی تکی سید حسین کی اولاد کو اس سبب سے کہ وہ ملک خجند سے تہا بجای خجندی کے افغان اپنی روزمرہ مین خوندی کہنی لگے مدت تک خوندی لوگ قوم غرغشت کی نفع نقصان مین شامل رہی مگر فی الحال اونمین سے کچہ علیحدہ ہین اور قندہار اور اوسکی نواح مین رہتی ہین اور بہت قلیل قوم ہے؛

## قوم سپندزے

سید کہلاتی ہین اور قوم ترین کی شامل ملک پشین مین زراعت کا کار و سوداگری کا کام کرتی ہین باقی حال انکا معلوم نہین ہو سکا؛

## قوم غرشین

ذکر قوم میانہ افغان کی شامل لکہا گیا ہے سوا اسکی قندہار اور اوسکی نواح والی غرشین کے تخمیناً پنجاہ گہر اس قوم کے ڈیرہ سے مغرب شمالی مین رہتی ہین اور وہ کہتی ہین کہ ہم حضرت بلال رض کی اولاد سے ہین مگر یہ روایت ہمکو تحقیق مین نہین ملتا اور انکو سیاہی غرشین کی نام سے اور غرشین کہتی ہین؛

## قوم کوئی

کوٹے

حسن شاہ — محمد شاہ — بکہ شاہ — فیروز شاہ

میر علی — سبحان قلی — دولت

پیدا ہوتی ہین اور فصل ربیع مین گندم وجو کثرت سی حاصل ہوتی ہین کل قوم وردگ زمینداری کا پیشہ رکہتی ہین اور خوب محنتی قوم ہی بعض مالداری کا شغل بہی رکہتی ہین انکی سکونت مستقل ہے اور چہوٹی چہوٹی دیہات مین رہتی ہین اکثر دیہہ پچاس گہر سی کم ہین اور ہر گانو کی گرد دیہہ پناہ معہ برج بطور چہوٹا قلعہ کے ہوتی ہی اور ایک دروازہ ہوتا ہی خانجات سکنی مٹی سی بناتی ہین اور اچہی ہوتی ہین انکی ملک سی راہ عام کابل اور غزنین کا گذرتا ہی وردگ قوم نیک چلن اور کم آزار سنے جاتی ہی سب سنی مذہب ہین زمستان مین جب برف پڑتی ہی اور دنیوی کامون سی جب بند ہوتی ہین تو اکثر اوقات مسجد مین بیٹہہ کر نماز اور پڑہنی کا شغل کرتی ہین پورہ قد اور مضبوط آدمی ہوتی ہین خوراک اکثر گندم اور گوشت ہے خمیری روٹی تنور کی پکی ہوئی بہت پسند کرتے ہین پوشاک بہ وضع ہی اکثر لوگ سر پر کابلی وضع کی ٹوپی رکہتی ہین اپنی ہمسایہ قومون سی لڑائی نہین رکہتی اور خانگی فساد بہی کم ہی امیر کابل کو محصول مقررہ دیتی ہین اور جو تنازعات یا مقدمات اپنی قوم مین واقع ہون اکثر سنگین معاملات حاکم غزنین کے روبرو طی ہوتی ہین اور باقی خفیف مقدمات ملک اور قاضی فیصلہ کر دیتی ہین کل تعداد اسقوم کی تخمیناً دس ہزار گہر بیان کرتے ہین سب سے زیادہ تعداد مین میرخیل اور اونسی بعد جہیار اور پہر نوری کی شاخ جسمین سی خان اس قوم کی ہوتی تہی فی الحال خدای نظر خان اور عتیق خان اور اکرم خان ملک ہین وردگ کی قوم سی علاقہ چہچہ ضلع راولپنڈی مین بہی بہت گہر آباد ہین خصوص نتہوبہ انسی پُر ہے اور وہان بہی مالک زمینات ہین ؃

## حال قوم مشوانی

### شجرہ نسب مشوانے

| مشوانے |
|---|
| نودین، تنکانی، ستہانی، روغانی، تفض، کزبونے، غریب، خرباکزے، یاغن |

تفض: کیموڑ، مہمند، بدور، ترک

[illegible] — چار دیگر دائرے (ناخوانا)

واضح کہ مشوانی اپنی آپکو سید سمجہکر افغانون مین قوم کاکڑ سی اپنا تعلق ابتدائی بیان کرتے ہین یہہ قوم تہوڑی اور متفرق تپہ وار رہتی ہی قریب چار سو گہر انکا کوہ دامن مین کابل سی پچیس میل شمال آباد ہی کوہ دامن کی مشوانی پیشہ زمینداری اور بعض سوداگری کا رکہتی ہین اور شتران پر مال تجارت بار کرکے بخارا تک جاتی ہین وہ آسودہ حال مین قند بار کے

مین آباد ہی اولاد شنبک ہون زئی قاضان جال ہنون نی تخمیناً پانچسو برس سی کچھہ دیر عرصہ ہوا کہ منگی اور منگل کو اس ملک سی بیدخل کیا کچھہ منگی لوگ ہندوستان کو چلی گئے اور کچھہ شامل قوم منگل کے مغربی پہاڑ پر جا کر آباد ہوئے فی الحال اس قوم مین سی شاخ دومشت جسکو ومشتی اور ردومختی بہی کہتی ہین مشہور اور قابل ذکر کے ہی قوم دومشت بنگش اور اورک زئی اور کرم کی مابین کوہ سفید سی مشرق مایل جنوب پہاڑی ملک مین آباد ہی اور یہہ قوم دو شاخون مین منقسم ہی کل تعداد اس قوم کی اسلحہ بند مردمان کی نو ہزار بیان کرتے ہین پورہ قد اور مضبوط آدمی ہوتی ہین اکثر پیشہ کاشتکاری اور اجناس فروشی اور بعض نمک بہی بہادرخیل کی کان سی لیجا کر نفع اوٹہاتی ہین خانگی دشمنی سی خالی نہین مگر باہر کا سخت غنیم نہین رکھتی جب اس سرحد کی اقوام کی جنبہ داری کا سلسلہ بندی دریافت کیجاوی تو اس قوم کو سمل گوندی مین داخل سمجھنا چاہئے

## حال قوم وردگ

### شجرہ نسب

وردگ

- ملک
- معیار
  - ملکیار خیل
  - خورم خیل
  - آدین خیل
  - مصری خیل
- میرخیل
- نوری
- اوزغم
- گدائی

رئیس حال حداد ای نظر جان

یہہ قوم کو دی ابن کرلانی سی الحاق رکھتی ہی مگر جیسا کہ اوپر ذکر ہوا اپنے آپکو سید سمجھتی ہین مولد اس قوم کا کوہ برل شاخ کوہ سلیمان ہی جہان سی کل قوم کرلانی پہیلی ہی فی الحال جو اصلی ملک وردگ کا ہی اوسکا مختصر بیان اسقدر کافی ہی کہ مغربی حد اونکی ملک کی کوہ ہزارستان سی ملتی ہی اور باقی ہر سہ طرف قوم غلزئی کا ملک ہی اونکا ملک بطور وادی کی طول ہی جنوباً وشمالاً اور شرق ومغرب دونو طرف انکی ملک کے پہاڑ ہین شرقی پہاڑ شرقی جانب لوہ گر اور خرور ہی اور غربی پہاڑ ہزارستان کے متعلق ہی ایک رود جسکا نام غلطی سی رود غزنین مشہور ہی اونکی ملک کے جنوبی حصہ سے شروع ہوکر اور بہت زمین سیراب کرتی جاتی ہی اور شمالی حصہ میدان ودلوہ گر سی سیراب ہوتی ہی ملاقہ تنگی اور شیخ آباد اور شنیز اور خوات اور ستاو اور جغتو انکی ملک کی مشہور حصہ مین اونکا ملک اکثر سرسبز اور زرخیز ہے مگر فصل خریف بہت تہوڑا ہوتا ہی سو چاول بہت

دولتمند اور آسودہ ہین اور ایک گروہ انکا شامل دیگر ہوندہ گان آتا جاتا ہی زراعت کاری کی زمین جملہ سرکاری حد مین ہی جو اوستراڑئی پہاڑ مین رہتی ہین اونکی اراضی زرعی بہی نیچی میدان مین واقع ہی اور اس سبب سی گورنمنٹ انگریزی کی حکومت اس قوم پر مؤثر ہے انکی زمینات زرعی مین فصل خریف کو باجرہ کثرت سے اور فصل ربیع مین گندم پیدا ہوتی ہین اس ہی پیداوار کی سبب سے زمستان مین باجرہ اور تابستان مین گندم زیادہ کہائی جاتی ہی رمہ گوسفندان بہی رکہتی ہین لحم گوسفند اور گاؤ جاڑی مین کہاتی ہین اوستراڑئی روئی کا سفید کپڑا پہنتی ہین بڑا عمامہ سر پر ہوتا ہی او معتبر لوگ لونگی او پر اوڑہتی ہین عورات کی پوشش رنگین ہی یہہ قوم نیک چلن اور دلاور ہی انکی سخت دشمنی کسرانی بلوچون سی ہے قوم کی سردار کو خان کہتی ہین فی الحال رمضان خان ناخ امن زئی او رفتح خان گگل زئی کا خان ہی کل قوم معہ اپنی ہمسایون کے تخمیناً تین ہزار گہر مشہور ہے مگر اس سی کچہہ کم ہونگی مکان سکنی کوٹہہ او رچہپر ہین مسجد ہر گانو مین ہوتی ہی اور باہر چہوٹی گانو ہین اونکو جہوک کہتی ہین یہہ قوم سب سنی مسلمان اور پختہ دیندار ہین فرایض شرعی کی تعمیل اچہی طرح کرتے ہین جب کسی غنیم سی لڑائی کے انکا لشکر جمع ہو تو اوسکی افسری خان کرتا ہی اور شیرانیون کی طرح خان کی دستار مین قرآن شریف رکہہ کر اوسکی نیچے سی اپنی لشکر کو گذارتے ہین اور اونکا اعتقاد ہی کہ شاخ خان زئی و نظر زئی اور اخوند کلام کی زور سی دشمن کی بندوق اور تلوار کو کاٹنی سی بند کر دیتی ہین دامان کی لوگ اوستراڑئی کی خاندان کو خصوص نظر زئی خان زئی اخوند زئی کو بطور استانہ کی سمجہتی ہین خان کا اختیار بہت نہین ہی اکثر تنازعات جو اندر پہاڑ کی ہون وہ گانو کی قاضی یا خان یا مشر فیصلہ کرتے ہین اونمین چند گہر بلوچ اور جٹ اور ہندو بہی بطور ہمسایہ یعنی رعیت کی رہتے ہین اسلحہ اون مین اچہا ہی اور بندوق کا شوق رکہتی ہین

## حال قوم ہنی

### شجرہ نسب

| ہنی |
| --- |

| خوید ارخیل | دولت | بوغزے | یاد و مشت / زو مشت | خوست | رودن | ہوتی زئے |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

واضح ہو کہ یہہ قوم اپنا تعلق اوپر سی کڑرانی خواہ کرلانی سی بتلاتی ہین جیسا کہ ہنون کی تاریخ مین لکہا گیا ہی ابتدا مین یہہ ہنی کی قوم شامل قوم منگل جنکا نام ابتک اس ملک مین شاملاً ہنی منگلی مشہور رہی ملک بنون

کی تین فرزند تھی ایک فرزند مسمی مشا دوسرا جیرمش تیسرا ہد و مؤلف نے اس قوم کی صرف ایک آدمی ین مجمد سے ملاقات کری اور وہ شجرہ نسب ہمڑ معروف اوستر ائی کا اسطرح لکھا تاہی اور کہتا ہی کہ ان ناموں شاخین اس قوم کی مشہور

شجرہ نسب ہمڑ ابن ستریانی

امن زئی — مشے زئی، عورنے زئی، حسن زئی، کاری زئی
براہیم زئی — خان زئی، نظر زئی

گگل زئی — اخو زئی، شبے زئی، احمد زئی، شمو زئی، الہداد زئی
ڈڈ زئی، الدو زئی، موسی زئی، جیرمشا زئی
جاڑو زئی، لالکسا زئی، ہدید زئی، پانبہ زئی

## مختصر تاریخ اس قوم کی

قوم ہمڑ مشہور اوستریانی قوم باڑ سی جنوب کچہہ میدان علاقہ سرکار مین اور کچہہ پہاڑ مین آباد ہی انکی جنوب گنسرانی بلوچ اور مغرب پہاڑ مین قوم امرزائی رہتی ہی اسکے بڑی گانو اٹک پتہورہ کوئی ترچہ کوہی منگل اور گنڈی ہین اوستریانی لوگ پہلی مال چرائی کا پیشہ رکہتی تہے اور پیوندہ کی طرح جہان اچہی چراگاہ دیکہی وہان مستعار گذارہ کرتے تہی بہت عرصہ نہین ہوا کہ انہون نی بلوچون سی یہہ ملک مقبوضہ حال دبالیا اور باقی سب اقوام دامان الون مین سی یہہ قوم میدان پر پیچھی آئی اور پہر بہ نوک شمشیر کچہہ شمال طرف باڑ کی حدود کو بہی شامل کرلیا زمستان مین اس میدان پر رہتی تہے اور تابستان کو سوئی خیل ہم قوم کا کڑکی پہاڑ مین جاتی تہے الا تخمیناً ستر برس کا عرصہ ہوا کہ اوس قوم سی انکی کچہہ نا اتفاقی ہوگئی اسواسطی نصف لوگ قوم اوستریانی کی اپنی اجڑ پیچکر کاشتکاری کرنے لگی دوسرا نصف جانتا تہا کہ ہم اپنی قدیم پیشہ کو نہ چہوڑین لیکن آخر کو وہ بہی زمینداری کرنے لگے مگر دو شاخ جنمین سی مشہور مشی زئے ہی بدستور حال تک پیوندہ چلی آتی ہین اس قوم کا پیشہ زمینداری اور تجارتی بحصہ مساوی ہوگا سوداگرون کے زرقہ مین کرایہ کش بہی ہین بار برداری اکثر بذریعہ شتران اور رجیل و مرکب کے ہوتی ہی سوداگر لوگ عموماً

مزکب پانی لانی کے واسطی ہر گہر مین ہی گہوڑون کی سوداگری بہی کرتے ہین خچر انکی ملک مین نہین ہوتی ہین

## خوراک

چونکہ اسقوم کی ملک مین زراعت باجرہ کی پیداوار بہت ہوتی ہی اسواسطی اکثر لوگ بموسم سرما باجرہ کی روٹی دوغ کی ساتہہ کہاتی ہین اور گرما مین ٹیٹک یعنی چہوٹے ہندوانی کی ترکاری پکاکر کہاتی ہین آسودہ اور دولتمند لوگ گندم کی روٹی کہاتی ہین اور زمستان مین گوشت گوسفند پرواری بہ نسبت اور گوشتون کی زیادہ کہایا جاتا ہی اور جاڑے کے موسم مین چند دوست اور رفیق باہم ملکر اور ہر گہر سی بقدر مناسب روغن زرد و مرغ وغیرہ سامان چوک پر جمع کرکے کہاتی ہین اس رسم کو صحبت کہتی ہین شیرینی کی بہت شوق ہی نفیس خوراک انمین کم ہی اور نالہ لونی کی پانی سیلاب کی عمدہ تاثیر یہہ ہی کہ اکثر جگہہ مونڈہی باجرہ ایک سال کا کاشت کیا ہوا دوسرے سال مین وہی غلہ دیتا ہے اور اسیطرح کپاس بہی دو فصل دیتی ہے

## پوشاک

اکثر سفید سوت کے پارچہ کی ہوتی ہی اپنی ملک کی پیداوار کپاس قوم کی خرچ سی بہر کر دریا کی راستہ بمبی وغیرہ اطراف کو جاتی ہی دیسی پارچہ کی سوا خان اور دولتمند لوگ خاصہ اور لٹہہ بہی پہنتی ہین ایک لمبا اور فراخ خلقہ اور فراخ شلوار اور سر پر بہی سفید دستار بعضون کی چہوٹی اور بعضون کی موٹی ہوتی ہی سر کے لمبی بال شانہ سی نیچے تک اور اکثر تیل سی چرب ہوتی ہین اور اوپر کاندہی کی چادر سفید یا لونگی اوڑلیتی ہین پانوہین اپنی دیسی چرمی پاپوش ہوتی ہی اور صوفیانہ پوش لوگ ہین مگر پوشش کی وضع خوبصورت نہین زمستان مین چوغہ شتری حسب مقدور اور پوستین بہت پہنتی ہین مستورات کی پوشاک اکثر سیاہ اور کورتہ پانوتک لمبا ہوتا ہی مگر متمول لوگ کی مستورات کمخواب اور دارائی اور دیگر بہت اچہی قسم کی پوشاک بہی رکہتی ہین اکثر مستورات پانی بہرنے کو جایا کرتی ہین اور پردہ داری کا رواج سوا ے معزز خاندانون کے کم ہے

## حال قوم ھمٹ مشہور بنام استرانی

ہم اوپر بیان کرچکی ہین کہ استرانی یا سترانی کے پانچ پسران ہین سی چار کی اولاد بنام گنڈہ پور مشہور ہے صرف ایک فرزند مسمی ہمٹ کی نسل اپنی مورث کی اسم سی اوسترانی کہلاتی ہین ایک شخص کا قول ہی کہ ہمٹ

قوم کے حسب ذیل ہین اول کلاچی جو بارا خان رئیس گنڈہ پوران کے عہد مین آباد ہوا اور وجہ تسمیہ کلاچی یہہ ہی کہ اس شہر کے موقع پر پہلے چند گہر قوم کلاچی بلوچ کے آباد تہی جسکے سبب سے یہہ قصبہ موسوم کلاچی ہوا دوسرا ٹکواڑہ جسکو عمران زئی گنڈہ پوروں نے بوقت خانی آزاد خان عمران زئی آباد کیا تیسرا لونی جو دامن شرقی کوہ سلیمان مین بکنارہ نالہ لونی آباد ہی اور یہہ نالہ کوہی ملک گنڈہ پور کی سیرابی عارضی کیواسطی بڑا مفید ہے جو تہانڈے جو اوپر راستہ ڈیرہ اسمعیلخان کی واقع ہے پانچوان روہڑی چہٹا کوٹ ظفر اور واسطی سکونت کے مکان سکنی مٹی کے کوٹہہ بناتے ہین جنمین اکثر ایک کمرہ ہوتا ہے

## طرز وضع اور عادات

گنڈہ پور لوگ اکثر گندم گون رنگ مائل سرخی بیضاوی چہرہ پورہ قد مضبوط اور قوی ہیکل جسم ان ہوتے ہین جیساکہ اکثر کل دامان کی لوگ موٹے استخوان کے آدمی ہوتے ہین اوسطرح گنڈہ پور بہی ہین سنی مذہب لوگ ہین کوئی گانو مسجد اور ملاسی خالی نہین ہوگا چال چلن گرچہ بہت خراب نہین ہی مگر حسد اور بخل بہت ہی اپنی چشم کی برتری خارچشم سمجہتی ہین حقہ پینا اور نسوار چڑہانا بہت مروج ہی چوک پر بیٹہہ کر زیادہ تر حقہ اور نسوار کا شغل رہتا ہے کل حقہ نوش آدمی اپنی لمبے رومال کے ساتہہ تماکو رکہتی ہین شکار کا شوق بہت کم ہے چتارہ رباب نوازی ہر چوک مین ہوتی ہی مسخرہ بازی اور بہنگ چرس کی پینی کا بہی بہت رواج ہی بے علم اور خود پرست لوگ ہین ٭

## پیشہ قوم

عموماً گنڈہ پور لوگ پیشہ زمینداری اور سوداگری کا رکہتی ہین سوائے خان اور ملا اور بعض معزز خاندانون کی کل قوم اپنی ہاتہہ سی زراعت کاری کا کام کرتے ہین اور بعضون نی دہقان مزارع اور شکمی کاشتکار رکہی ہوئے ہین اپنی پیشہ مین محنتی اور مستعد ہین اور گروہ سوداگران سرما مین ہندوستان اور گرما مین شمال دیگر ہیوندگان مغربی افغانستان اور خراسان بلکہ بعض ترکستان تک جاتی ہین گنڈہ پور اکثر متمول اور آسودہ آدمی ہین اور بعض دولتمند جو خود تجارت کی واسطے نہین جاتی اپنے گماشتہ بہیجا کرتے ہین قلیل لوگ نوکری پیشہ بہی ہین مگر سوائے کشادہ پی آئمین سا سواران کی نوکری کی پیدل نوکری کا شوق کم ہی اور مالداری خصوص گلہ شتران ان مین بہت سے

گورنمنٹ نے از راہ مہربانی و قدردانی خطاب خان بہادری عطا کیا نورنگ خان کا فرزند زمان خان سرکار کی خدمت مین کام آیا

## حال دشمن بیرونی

گنڈہ پور قبل از عملداری انگریزی جنگجو اور دلاور قوم تہی انکی ملک کی چارونطرف ایسی کوئی قوم نہین تہی جس سی انکی لڑائی اور کشت خون نہوا ہو بوقت سکونت موقعہ ابتداء سب سے پہلی ان کی دشمنی قوم لہون اور کاکڑ شاجہانی غرغشت سی ہوئی تہی جسکا ذکر لکہا گیا ہے مگر جب سی ملک مقبوضہ حال پر قابض ہوئی تو بسبب دوری موقعہ کاکڑ اور لہون کی دشمنی کا اثر نہ رہا میان خیل اور بابڑ قوم سی بارہا انکی جنگ رہی اور باوجودیکہ دولت خیل ہمیشہ انسی سلوک برادرانہ رکہتی تہے مگر اونسی بہی لڑائی ہوئی قوم مروت سی بمقام ٹکواڑہ سخت جنگ ہوا نواب صاحب دیرہ والہ سی لڑکر مغلوب ہوئی فی الحال گرچہ بنظر حسن انتظام سرکاری کسی سی ظاہری عداوت نہین ہی مگر میان خیلون کی موروثی دشمنی ان کو جلد یاد آسکتی ہی

## خانگی عداوت

ایسی سنگین نہین معلوم ہوتی جس سی کل قوم دو گوندی مین منقسم سمجہی جاوی الاعہد آزادی مین پر خاش سی خالی نہین تہی فی الحال گرچہ کشت خونی دشمنی کا نام بہی نہین رہا لیکن گلداد خان اور قالو خان کی باہمی عداوت کی سبب سے اکثر گنڈہ پور دو جنبہ ہو گئے ہین بعض گلداد خان کی گوندی اور بعض قالو خان کی اور پہر حسب موقعہ اوس جنبہ داری مین نرم گرم طرف دیکہہ کر تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہی چاہئے کہ یہہ خفیف عداوت بہی نہو

## تعداد قوم

گنڈہ پور لوگ عوام مین بموجب شمار احمد شاہ ابدالی بارہ ہزار اسلحہ بند مرد مشہور ہی فی الحال تخمیناً تیس ہزار ذی روح آدمی اس قوم کا ہوگا

## موقع آبادی حال

گنڈہ پورون کا ملک ضلع دیرہ اسمعیلخان مین اندر حدود ذیل کی واقع ہی اونکی جنوب ملک میانخیل اور شمال دولت خیل مغرب دامن کوہ تخت سلیمان اور مشرق علاقہ دیرہ اسمعیل خان بڑی گانواس

کے ماتحت خان لشکر کا سر گروہ ہوتا تہا اور واسطی خرچ اور مقتولی اسپان جو بالاشتراک امر مقصودہ
کی لڑائی مین ماری جاوین یہہ تجویز کرتے تہے کہ ایک زمین مشترک ہر شش نالہ سی بنام نہاد زمین سپان
جسکو پشتو کی زبان مین (د اسو زمکہ) کہتی تہے مقرر تہے جسکا محاصل سوار کہاتے تہے اور ایک دوسری
زمین بنام نہاد ڈز و بلہ مشترکہ ہر چہہ نالہ مقرر کرتے تہے جو گہوڑا کسی سوار کا مارا جاوے تو وہ اس زمین
کے محاصل سی بطور چندہ حصہ لیتا تہا مدد ور سزا کا اختیار اہل معرکہ اور خان کو تہا اور تعمیل
اوس سزا کی ذمہ حاویشتی کلان معرفت حلویشتہ گان خورد کے تہی مثلاً قتل کے عوض مین بجائے
قصاص ایکہزار روپیہ ناغہ یعنی جرمانہ معین تہا جب کہ خان اور اہل جرگہ نی فتوی دیا تو حلویشتی
کلان باصلاح خان اور قومن کی خونی کو پکڑ کر زر معینہ نقد اور جنس سی پورہ کرکے خان اور معرکہ
کے حضور لاتا تہا اور وہ حسب دستور اوسوقت کی جتنا اسکا کام عام قومن کی ضرورت ہووی
اوسمین صرف کرتے تہے ورنہ خان اور حلویشتہ کلان اور حلویشتگان خورد مین تقسیم ہوکر ہر کوئی
اپنا حصہ لیلیتا تہا اور اگر کوئی شخص اپنی قوم مین مرتکب چوری قلیل یا کثیر کا ہووی اور اوس
وہ جرم ثابت قرار پاوے تو سزا چوری کی یہہ تہی کہ مال مسروقہ بجنس مالک مال کو واپس دیا جاوے
اور گہر چور کا آتش سی جلا دیا جاوے اور اسی طرح انتظام جمہوری ابتدا مین معقول تہا مگر بیچ بیچ
خانگی عداوت نی خراب کر دیا اور فی الحال گورنمنٹ انگریزی کا انتظام سب انتظامون سی بہتر ہے

## حال خوانین گنڈہ پور

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ابتدا مین خانی گنڈہ پور خاندان براہیم زئی مین تہی مگر نصرت خان
براہیم زئی کیوقت شاخ عمران زئی مین عہدہ خانی منتقل ہوا اور بہت مدت سی قوم عمران زئی
کی شاخ عیسی خیل شگوفہ بر وخیل مین نور ولی خان چلی آتے ہین مگر انکا اختیار بہت نہین تہا لوگ
آپسمین ہمیشہ لڑتے تہے اور وارداتِ غارتگری وغیرہ کی روک موثر نہین ہوسکتی تہی فی الحال
کلداد خان ابن ظفر خان اور قالو خان ابن علی خان اوسی شاخ مین سی معتبر خان ہین مگر
باوجود ایک جدی بہائی ہونیکے ان ہر دو مین سخت عداوت ہی اور اس سبب سی خرابی ہوتی
ہی گورنمنٹ انگریزی سی انکو گذارہ اور جاگیر معقول عطا ہوئی ہی اور قوم براہیم زئی مین نوز خان
معزز آدمی ہی جسنی ۱۸۵۷ء وغیرہ مین سرکار انگریزی کی خدمات حسن عقیدت سی بجالائین اور

تقسیم بحال رہی اور کل اراضی اور بارانی روڑہی کو بطور قسمت شصت کسہ اور فی کسہ دو سو ڈڈی اور ہر ہر قوم دو کسہ مقرر کیا اور کل آمدن مشترکہ کو بحساب ڈڈی یعنی حصہ مقررہ ہر قوم آپسمین تقسیم کرلیتی ہین اور نیچے خانگی تقسیم بلحاظ کمی بیشی تعداد حصہ داران قوم یا خاندان غیر معین ہی اور رقم زیادہ ہوجاتی ہے ؛

## رواج ماضی

گنڈہ پور لوگ مجمعًا اپنی قوم کے گروہ کو تومن کہتے تھے پہلی آزادی کیوقت مین تومن کا یہہ کام تہا کہ باتفاق اور صلاح سب قوم کے ایک شخص لائق عمومًا موروثی خاندان سی انتخاب کرکے بنام خان مقرر کرتے تہے اور چند کسان دیگر ہر ایک نالہ سی ایک یا دو شخص قابل کار اور معتبر منتخب کرکے بنام معرکہ یعنے جرگہ مقرر کئے جاتے تہے کہ ہر ایک کام ملکی اور مالی اور فوجداری اور فیصلہ تنازعات باتفاق رائی خان اور معرکہ کے انجام پاتا تہا علاوہ خان اور معرکہ کے ایک شخص لائق اپنی قوم سی بنام غلویشتی کلان معین ہوتا تہا اور وہ بڑا غلویشتہ بطور نائب خان اور معرکہ کے ہوتا تہا اور زاوسکی اور راوسکی ماتحت ہر پنج خانہ یا پنج مرد کی پیچھے ایک مرد بنام حلویشتی خورد معین ہوتا تہا اور چھوٹے حلویشتون کی تعداد صد ہا مرد تک پہونچتی تہی اور ان کا کام یہہ تہا کہ جو تجویز خان اور معرکہ باتفاق رائی مقرر کرے اوسکی تعمیل قوم سے کرانی چہلویشتون کی ذمہ تہی بخصوص مخالف قوم سی لڑنے کے وقت فراہمی لشکر قوم حلویشتی بڑی چستی سے کرتے تہے مثلاً اگر کسی قوم ہمسایہ سی تعرض یا مزاحمت یا نقصان گنڈہ پور کی آدمی یا مال ملک کو پہونچے اور گنڈہ پور لوگون مین سی بعضون کی مرضی لڑائی ہمراہ اوس مخالف قوم کے ہو اور بعضون کی نہو تو حصر اس مشورہ کا اوپر رائی خان اور معرکہ کے ہوتا تہا جب خان اور معرکہ متفق رائی ہوکر تجویز لڑائی منظور کرتے تہے تو پہر کسی کو استحقاقًا اختیار انکار کا نہین تہا اور حلویشتی کلان کو خان اور معرکہ سی واسطی تعمیل اوس مشورہ کی حکم ہوتا تہا اور وہ اپنی ماتحت کے حلویشتی یعنی محصلان کو جمع کرکے بعد حصول اجازت خان اور معرکہ سی ہر ششں نالہ مین تعین کرکے حکم دیتا تہا کہ اتنی عرصہ مین فی نالہ سی اسقدر سوار اور پیدل فراہم کرکے موجود کردو کہ فلانی مخالف قوم سی لڑنا ہی اس حکم کی تعمیل احسن طرح ہوتی تہی اور لڑائی کی دنون مین حلویشتی کلان بطور سپہ سالار

رئیس میان خیل گنڈہ پورون کی ہاتہہ سی ماری گئی اوسدن سی میان خیل اور گنڈہ پورون کے
باہم ایسی دشمنی ہوئی کہ جسکا اثر تا حال باقی ہی نور خان میان خیل نے اپنی فرزندون کے انتقام لینی
کے واسطی تمام قوم لوحانی کو سوای شاخ دولت خیل اپنی ساتہہ متفق کرکے اور بلوچ بہی اپنی ہمراہ لیکر
روڑی پہ لیجا کر گنڈہ پوران کو محاصرہ کیا چند لڑائیون مین فریقین کی خصوص باہر والون کے آدمی بہت
مارے گئے آخر بوساطت وکیلان خانزمان رئیس دولت خیل اس شرط پر باہن گنڈہ پور اور میان خیل
صلح قرار پائی کہ گنڈہ پور روڑی سی اوٹہہ کر ٹاک اور مروت کی طرف چلی جاوین اور لشکر لوحانی
میان خیل وغیرہ ہمراہی اوسکی بعوض خون پسران نور خان شہر روڑی کو جسمین اوس وقت اکثر
چہپر تہے آگ لگا دیوین اور ایک برس کے بعد گنڈہ پور واپس آکر پہر آباد ہوون بہ تعمیل اس اقرار
کے گنڈہ پور لوگ معہ عیال خود ٹاک کی طرف آئی اور وہان سی مروت ہوکر بنون کی طرف گذران
ایک سال کے واسطے چلے آئی اور میاخیلون نے روڑی کو آگ لگا کر خاک سیاہ کر دیا اور روا
کیطرف چلے گئی بعد ایکسال معینہ گنڈہ پور بنون سی واپس آکر پہر روڑی مین آباد ہوگئے

## تقسیم اراضی وآب سیاہ

جب گنڈہ پورون نے مستقل سکونت روڑی پر حاصل کری تو آب سیاہ اور اراضی زرعی کو اوپر
چہہ نالے کے حسب تفصیل ذیل تقسیم کیا شاخ یعنی نالہ براہیم زئی ایک حصہ خاص جبیل خان رئیس کے
کہ جو قوم براہیم زئی سی تہا ایک حصہ شاخ حسین زئی باشتمال موسی زئی ایک حصہ نالہ یعقوب
معہ رانہ زئی ایک حصہ اور شاخ خوبی زئی ایکحصہ دری پلارہ ایک حصہ لگربجی سی جب آزاد خان
ولد گدائی خان عمران زئی معہ قوم خود واپس آکر روڑی مین بشمولیت جملہ گنڈہ پوران آباد
ہوا اور اپنی تدابیر سی رئیس کلان گنڈہ پوران کا بنا اور ٹکواڑہ کو آباد کرایا تب شاخ براہیم
زئی کو ملک ٹکواڑہ ہی اس شرط کی ساتہہ حصہ دینا کیا کہ براہیم زئی جو رقبہ روڑی اور لونی
سے دو حصہ کہاتی ہین اون مین سی ایک حصہ عمران زئی کو دیوین اور ٹکواڑہ سی ششم حصہ
لیوین چنانچہ براہیم زیون نے یہہ بات منظور کری اور کل علاقہ مقبوضہ گنڈہ پوران جسطرح کہ
حال تک ہی اوپر چہہ نالے کے منقسم ہی یعنے ابتدائی تقسیم مین بوقت غیر حاضری قوم عمران زئی
کہ جو براہیم زیون نے دو حصہ لئے تہے اونمین سی ایک حصہ عمران زئی کو دیا گیا اور با

آتی تہی توبسبب غیرت مستورات سمی خذل قوم لہون عزخنت گنڈہ پورون کی ہاتہہ سی قتل ہوا
اس واردات کی سبب سے قوم لہون کی لوگون نے اس قوم پر یورش کری اور چونکہ خذل شاخ
براہیم زئی کی آدمی سے مارا گیا تہا شاخ عمران زئی نی ایسی نازک وقت ہین اپنی باقی قوم سی
علیحدہ ہوکر دامان کی طرف چلے آئے اور دامان سے بہی گذر کر دریاء سندہ کو عبور کیا اور
چولستان تہل مین بمقام (ڈجاہ) گدائی قرار گزین ہوئے دوسری طرف قوم لہون نی چند اشخاص
گنڈہ پور قتل سکئے گرچہ پہلی دفعہ اپنی جرات سی گنڈہ پورون نے ہجوم کرکے لشکر لہون کو
شکست دی مگر دوسری دفعہ لہون اپنی بہائی بند قوم کاکڑ کی مدد لیکر پہر انتقام لینے کے واسطے
روانہ ہوئی اور چونکہ کثرت تعداد کاکڑ مشہور ہے ہزارہا مردمان مسلح گنڈہ پور کے ملک کے
طرف روانہ ہوئے گنڈہ پور بہ نسبت تعداد غنیم کے عشر عشیر بہی نہین تہے مقابلہ ایسی سخت و شمن
سی دشوار سمجہکر لاچار اپنی موروثی ملک زمین تروی سی بیدخل ہوئے اور شمال کی طرف اپنی سیاہ
خیمہ جالگائی تب سی بیوطن ہوکر مثل دیگر پوندگان چہہ ماہ مغربی افغانستان مین اور چہہ ماہ مشرقے
دامان مین رہتے تہے نالہ ٹکواڑہ سی جنوب کوہ سلیمان کی شرقی دامن تک گنڈہ پورون کی کیژدے
نظر آتی تہے اور بمقام روڑی کہنہ خاص جبل خان رئیس کا قیام ہوتا تہا اور اوسوقت پیشہ کا
صرف مالداری اور گلہ بانی کا تہا تا وقتیکہ خان زمان رئیس کٹی خیل ٹانک والے نے بسبب دشمنی
قوم مروت گنڈہ پورون کو اپنی اعانت کیواسطے دامان پر رہنے کی استدعا کری سب معرکہ گنڈہ پور
نے بعد مشورت یہہ صلاح کری کہ ایک شخص ہر گہر سی مثل پوندہ مغربی افغانستان کو جاوے اور ایک
آدمی ہر گہر کا دامان پر رہے اور جو دامان پر رہین اخراجات اونکی خانزمان نی اپنے ذمہ قبول کئے اس
قرارداد کے بموجب نصف گنڈہ پور بمقام روڑی قرار گزین ہوئے اور دوسرا نصف بدستور سابق
مغربی افغانستان کو گیا پس ماندگان کیواسطے خان زمان خان نی ٹانک سی بہت غلہ اور خرچ بہیجا
اور قلبہ ران معہ سامان قلبہ واسطے آموختن اور شوق کاشتکاری گنڈہ پوران روانہ کئے اونہون نے
پانی باندہکر کاشتکاری کری اور بہت زراعت پیدا ہوئی غرض کہ خان زمان کٹی خیل کے بندوبست
اور ذریعہ سی گنڈہ پور دوبارہ مالک ملک کے ہوئے اور تدریجاً اکثر مردمان گنڈہ پور نے سکونت اور
زمینداری روڑی کی اختیار کی اوس سی تہوڑے عرصہ بعد براہیم خان وغیرہ پسران نور خان

اولاد جمعًا گنڈہ پور کہلاتی ہے اور ان مین سب سے زیادہ تعداد مین تری ملقب گنڈہ پور کی نسل ہے
پانچوان بیٹا ستوری کا ہڑ تہا فی الحال صرف ہڑ کی اولاد اپنی مورث اعلی کی نام سی اوستریانی یا
اوسترانی مشہور ہین جنکا ذکر اخیر مین آویگا کہتی ہین کہ ابتداء مین تمام قبایل ستوری معروف اوستریانے
مغربی افغانستان مین بمقام موسومہ ستریانی (چاہ) کہ جو ہفت منزل قندہار سی بگوشہ شرقی وشمالی
واقعہ تہا سکونت رکہتی تہے اور جملہ پسران ستوری سی مسمی تری گنڈہ پور خوب صورت تہا جو زنان
زندگی ستوری کے ایک دختر دوشیزہ رئیس قوم شیرانی مفتون حسن گنڈہ پور ہو کر بلا رضامندی
والدین گنڈہ پور کے گہر چلی گئی اور گنڈہ پور نے اوسکو حسین دیکہہ کر ارادہ عقد نکاح کا کیا ستوری
باپ گنڈہ پور اور دیگر بہائی اوسکی بالغ ہوئے مگر گنڈہ پور باز نہ آیا اس سبب سے ستوری
اور اوسکی دیگر پسران نے گنڈہ پور سے رنجیدہ ہوکر ترک مکالمت اور قرابت کی کری بدینوجہ
گنڈہ پور مقام ستوریانی (چاہ) سی معہ متعلقان و وابستگان اپنے کے بہائی اور باپ سے
ناراض ہوکر بمقام زمین موسومہ تروی کہ بفاصلہ دو منزل خفیف ستوریانی (چاہ) سی ہی سکونت
پذیر ہوا اور باپ نے اوسکو گنڈہ پور یعنے ناقص بیٹا کہا یہہ ہی وجہ تسمیہ گنڈہ پور ہوکر مبادلا اسم
تری ہوا اور باپ نے یہہ بہی کہا کہ تمنی بدون رضا میرے اس عورت سی نکاح کیا ہی تمہاری اولاد
ہمیشہ بدی سی خلاص نہین ہوگی اگر دشمنی بیرونی نہو تو خانگی فساد مین مبتلا ہونگے مگر اولاد تمہاری
بہت ہوگی الغرض گنڈہ پور بمقام تروی سکونت پذیر ہوکر کار زمینداری کرنے لگا اور کاریز
کہودی اور اس عاشق منکوحہ کے شکم سی تین پسر مسمیان ابراہیم اور حسین اور عمران اور چوتہی
دختر مسمات خوبی پیدا ہوئی اور یعقوب جو تہا بیٹا دوسری زوجہ سی ہوا گنڈہ پور نے اوسی جگہہ
وفات پائی اور اوسکا بیٹا ابراہیم خان دستار مختار ہوا کہتی ہین کہ اولاد شیخی وامرا اور مریڑی
نے جب ترقی دولت نسل گنڈہ پور کی دیکہی تو سکونت ستوریانی (چاہ) کی ترک کرکے گنڈہ پورون
کے شامل زمین تروی مین آباد ہوئی اور تب سی حصہ اور نفع نقصان مین انکی شامل رہی اور
اونکی نسل بہی مشہور بہ گنڈہ پور رہے اور تب سی گنڈہ پورون مین سی بعض پوندہ اور بعض زمیندارے
کا پیشہ کرنے لگے بموسم زمستان دامان کو اور تابستان مغربی افغانستان کو جاتے تہے اتفاقًا
ایک سال مین بعہد ریاست جبیل خان گنڈہ پور جب گنڈہ پور لوگ خانہ کوچ دامان کی طرف

اولاد خوبی بی بنت گنده پوره
سکندر

## شجرہ نسب یعقوب بابی [3] ابن گنڈہ پور

شاہ خیل [4]، داوڑ خیل [4]، سروان خیل [4]، پیرا خیل [4]، احمد خیل [4]، خواجہ خیل [4]، قدم خیل [4]

سروان خیل: سلیمان خیل [5]، مہتر خیل [5]، اختیار خیل [5]، شبی خیل [5]، بہادر خیل [5]، محمد خیل [5]، ادین خیل [5]

خواجہ خیل: اختی خیل [5]، دادی خیل [5]، حیات خیل [5]

## تفصیل اولاد عمران زی [4] ابن گنڈہ پور

عیسیٰ خیل [4]، گنڈ خیل [4]

عیسیٰ خیل: سیدال خیل [5]، سلطان خیل [5]، عثمان خیل [5]، میرا خیل [5]، بالک خیل [5]، دولت [5]

دولت: شہاب الدین [6]

شہاب الدین: برہ خیل [7]

برہ خیل: مکی خیل [8]، شہداد خیل [8]، ملنگ خیل [8]، یوجڑ خیل [8]، تبیی خیل [8]، یحییٰ خیل [8]

گنڈ خیل: نصرت خیل [5]، زرستی خیل [5]، رشید خیل [5]، الہداد خیل [5]، حیدر خیل [5]، گدائی خیل [5]، سید خیل [5]

گدائی خیل: آزاد خان [5]

# قوم ستریانی خواہ اوسترانی

## شجرہ نسب اوستران عرف معروف اوسترانی

شیخ
مریشے
ملک سکندر شیری یونور
امر خیل
عمر آگے آویگا

براہیم خیل
پھمی خیل
براہیم زئے
حسین زئے
یعقوب زئے
عمران زئے
خوبی زئی باقی ہر تین آیندہ آویگی

بازک خیل
الہداد خیل
عمر خیل
ڈوڈو خیل

شیخ حیدر زئی
ستوریے
اتمان زئے
خیری خیل خانہ زاد

سکندر خیل
شہزادہ خیل
نظام خیل
بارے خیل

دریپارہ
فتو خیل
احمد خیل

زادہ خیل
تاجی زئے

سیدال خیل
حولت خیل
صبدل زئے

بابی خیل
عالی خیل
سجی خیل

جسین خان

قندو خیل
مداک خیل
نصر خیل
نصرت خان

مینا خیل

مین ایک شخص کی اسقدر اولاد ہوگئی تہی جتنا اوسوقت وردگ اور گندہ پور اور مشوانی اور بر
ہنی کا اوس تہا علاوہ اسکی تاریخ بنون کی دیکہنی سے جو اس کتاب کے تیسرے حصہ مین ہے
معلوم ہوگا کہ بوقت حیات شیخ شاہ محمد روحانی قوم بنوچی نے قریب ۸۰۰ھ ہجری کی ملک بنون قوم
ورشگل سی لیا اور یہہ وہی قوم ہنی ہی کہ جو اپنے آپکو سید محمد گیسو دراز کی نسل سی سمجہتی ہین حالانکہ
سید محمد گیسو دراز اوس قوم کی آبادی ملک بنون کیوقت سی قریب سو برس کی پیچہے پیدا ہوئی تہی یہہ
کبہی ممکن نہین ہی کہ اولاد اپنی مورث کی پیدائش سی پہلی ملک گیری کری ایک اور طرفہ روایت یہہ ہی
کہ وردگ اپنی نسبت کہتی ہین کہ ہمکو ملک مقبوضہ حال سلطان محمود غزنوی نی واسطی آبادی کی عطا کیا تہا سلطان
محمود غزنوی کا زمانہ سید محمد گیسو دراز کی پیدائش سی قریب چار سو برس کے پیشتر تہا اگر یہہ قول انکا صحیح ہو تو خیال کرنا
چاہئی کہ سید محمد گیسو دراز کی اپنی پیدائش سی چار سو برس پہلی اونکی اولاد کیونکر ملک آباد کر سکتی تہی ان وجوہات کی نتیجہ پر
غور کرنے سے بعض ثقہ افغانون کا یہہ مقولہ بی وجہ نہین معلوم ہوتا جو وہ کہتی ہین کہ افغانستان
مین جو لوگ اپنی حسب و نسب سی واقف نہین ہین وہ سید محمد گیسو دراز کو اپنا مورث بتلاتے
ہین اور جو مخزن افغانی مین یہہ فقرہ لکہا ہی کہ عہد سلطنت سلطان بہلول لودی وغیرہ
مین ان اقوام کی نسب کا مذکور ہوا تہا یہہ بات کچہہ اصل نہین رکہتی کیونکہ سلطان بہلول
لودی اور سید محمد گیسو دراز ہمعصر یا قریب ایکدوسرے کے تہے ۸۵۵ھ ہجری مین سلطان بہلول
تخت نشین دہلی ہوا اور ۸۲۵ھ تک سید محمد گیسو دراز دکہن مین زندہ موجود تہے سو اس تیس
برس کے عرصہ مین سید موصوف کی اس قدر اولاد نہین ہو سکتی تہی جس قدر اس جا
قوم کے لوگ اوسوقت تہی اور نہ اس قلیل عرصہ مین گنجایش اخلاط یا شبہ تعداد اولاد
سید محمد گیسو دراز مین ہو سکتا تہا پس ایسی صورت مین مؤلف بدون حالات موجودہ حال
اطمینان کے ساتہہ بابت نسب ابتدائی ان اقوام کی کچہہ رائی نہین لکہہ سکتا تہا مگر حالات
موجودہ قوم وار لکہی جاتے ہین البتہ اونکی طرز وضع اور شکل و شمایل سے شرافت پائی
جاتی ہے +

مستورات کی گہر چہوڑ گئی اور اپنے جد مادری کے گہر مین ان لڑکون نی تربیت پا کر بعد سن بلوغت
شادی بہی افغانون کی گہر سے کری اسواسطی افغانون سی خلط ملط ہوگئے اس روایت کی تصدیق
مین گرچہ مؤلف کو تامل ہے مگر مطلق تنسیخ کا ثبوت بہی کافی حاصل نہین ہوا الاجس قدر ضعف
اور سقم اس روایت مین ہین اونکو بتا دینا گویا بار ذمہ داری تصنیف سی سبکدوش ہونا ہے
اول مخزن افغانی مین جو یہہ لکہا ہے کہ بیچ زمان حیات شیرانی کی سید محمد گیسو دراز کوہ سلیمان مین
آیا یہہ قول ضعیف ہی کیونکہ پیچہے خود مصنف مخزن افغانی لکہتا ہی کہ سربن ابن قیس عبد الرشید
کا نبیرہ شیرانی تہا اور قیس عبد الرشید کو ہم عصر جناب ختم المرسلین کے بتلاتا ہی اور سید محمد گیسو دراز
سنہ [illegible] ہجری کے بعد ہندوستان مین گئی تو کیا یہہ ممکن ہے کہ سڑبن کا نبیرہ شیرانی جو قیس عبد الرشید
کی چوتہی پشت مین تہا آٹہوین صدی ہجری تک جیتا رہا تاریخ فرشتہ مین دیکہو کہ سنہ [illegible] ہجرے
مین جسکو زمانہ حال تک چار سو بہتر برس گذرے ہین سلطان فیروز شاہ بہمنی کی عہد سلطنت
سید محمد گیسو دراز دہلی کی طرف سی ملک دکہن مین گئے اور حسن آباد گلبرکہ کے متصل خانقاہ
بنا کر وزوکش ہوئے جہان مرقد منور اونکا تاحال زیارت گاہ خاص و عام ہے احمد شاہ
بہمنی جو سنہ ۸۲۵ ہجری مین تخت نشین سلطنت دکہن ہوا تہا وہ سید محمد گیسو دراز کا مرید اور
معتقد خاص تہا جسنی بہت سی قریات اور قصبات اونکی خانقاہ کے واسطی وقف کر دئیے اور
تاحال اولاد سید محمد گیسو دراز کی دکہن مین موجود ہے مگر نہ اس کثرت سی جتنا کہ افغانستان
کے لوگ اونکی اولاد ہونے کا ادعا کرتے ہین دوسرا کرسی نامہ سید محمد گیسو دراز کا جو صاحب
مخزن افغانی نے سید موصوف سی لیکر گیارہوین پشت مین حضرت امام حسینؑ کے ساتہہ جا ملاتا ہی
مؤلف کی نزدیک آٹہہ سو برس کی واسطی گیارہ پشت تہوڑی ہین کیونکہ بعد زمانہ جناب حضرت محمد مصطفیٰؐ کے
بموجب حساب اوسط کم سی کم تین پشت ایک صدی مین منقضی ہونی چاہئیے تہی سیوم سوائی مخزن افغانی
اور کوئی ثبوت واسطی تسلیم اس روایت کی حاصل نہین ہوتا اور قیاس مین نہین آتا کہ اگر یہہ قومین
سید محمد گیسو دراز کے اولاد سی ہوتے تو جب سنہ ۹۱۰ ہجری مین محمد بابر بادشاہ افغانستان مین آیا
تو اوسوقت وردگ اور گنڈہ پور کے لوگ اسقدر تعداد مین کیون ہوتے جتنی کہ تہے کیونکہ سید محمد گیسو دراز
اور محمد بابر بادشاہ کی بیچ صرف ایکسو برس کا عرصہ گذرا تہا تو کیونکر قبول کیا جاوے کہ ایکصدی

یہ کرسی نامہ بختیار کا مخزن افغانی مین صرف اسقدر درج ہے

## شجرہ نسب بختیار

کوڑی | اکو | اتو | برسے | تورسے

سید محمد

خواجہ الیاس | خواجہ یحیی کبیر

مقری

مریم غنی — وہی بختیار مین جو شہر مین مستقل سکونت رکھتے ہین

خواجہ یحیی کبیر — اسکی اولاد کو شیخ زئی کہتے ہین

نغر زئے

## نوٹ

مولف کی نزدیک یہہ شجرہ نسب کامل نہین ہے مگر افسوس کہ بباعث عدم میسر ملاقات اس قوم کے کسی ہوشیار آدمی کے ضروری حد تک قوم کا کرسی نامہ حاصل نہو سکا ؛

## ذکر ان چہار قومون کا جو اپنا مورث اعلی سید محمد گیسو دراز سمجھتی ہین

واضح ہو کہ اوستریانی خواہ اوسترانی جن مین سی گنڈہ پور بہی ہین اور مشوانی اور وردگ اور هنی یہہ چار قومین اپنا کرسی نامہ پدری سید محمد گیسو دراز کے ساتھہ اس تقریب سے ملاتی ہین کہ بیچ زمان حیات شیرانی کے وہ سید صاحب کوہ سلیمان مین آکر افغانان کے شامل رہنی لگا بظہور کرامات اونکی کررانی اور شیرانی اور کاکڑ اوس سید کے معتقد ہوگئے اور امیر تیمور گورگان کی خطرناک یورش سی حالانکہ امیر تیمور اس راستہ بہی نہین گذرا بذریعہ دعاء خیر سید موصوف کی محفوظ و منصور ہوکر سرداران ہرسہ قوم یعنی کاکڑ اور شیرانی اور کررانی نی اپنی اپنی دختران ناکتخدا اوس سید کی پیش کش کین اور سید محمد گیسو دراز ان ہرسہ کے ساتھہ نکاح شرعی کرکے رہنی لگا جلسی چار فرزند پیدا ہوئی شیرانی کے دختر سی اوستریانی اور کاکڑ کی دختر سی مشوانی اور کررانی کی دختر سے دو فرزند پیدا ہوئی وردگ اور ہنی اور جب سید محمد گیسو دراز ہندوستان کی طرف تشریف لیگئی تو اپنی ہرسہ منکوحہ افغانیہ کو معہ فرزندان جو اونکی شکم سے پیدا ہوئی تھے الدین

# پانچوان باب

## بیچ بیان متفرق اقوام سکنای افغانستان جنکا ذکر افغانون کے متعلق نہین لکہا گیا

اس باب مین سب سی پہلے ان اقوام کا حال لکہا جاتا ہی کہ جو افغانون کی شمار مین داخل ہین اور اپنی
آپ کو سید سمجہتی ہین واضح ہو کہ بختیار اور استرانی متعلق قوم شیرانی اور مشوانی قوم کاکڑ مین اور
بتنی اور قوم توردگ اقوام کرلانی اور خوندے قوم داوڑے اور سپندزے قوم ترین اور
غرشین قوم میانہ مین اور کوٹی قوم بٹنی ہین یہہ جملہ نو قومین جب تفصیل مندرجہ بالا اقوام افغانیہ کے
متعلق ہین اور اگرچہ اپنے آپ کو برملا سید نہین کہلاتی مگر چونکہ جن اقوام افغانیہ سی ملحق ہین اونسی
کرسی نامہ پدری ان کا نہین ملتا اسواسطے در پردہ آپ کو سید تصور کرانا چاہتے ہین الا چونکہ عوام
اونکے سادات کی معترف نہین ہین اسواسطے وہ یہہ کہتی ہین کہ جب ہم قبیلہ سادات سی نکلکر افغانون سے
پیوست ہوئے اور نسبت اور خویشی اور راہ و رسم اس قوم کا اختیار کیا تو یہہ سید کہلانا طریقہ
ادب اور احسان سی دور ہے اور ہمارے بزرگ بہی یہہ بات کہہ گئی ہین کہ جو کوئی ہماری اولاد
سی آپ کو سید سمجہیگا وہ ہماری اولاد سی نہین ہی سو اگر یہہ وصیت فی الصدق کی گئی تہی تو اسکی
مخالف یہہ عمل ہوتا ہے مؤلف کو جو کچہہ حال ان شاخون کا تحقیقات سی حاصل ہوا ذیل مین قوم وار
درج کیا جاتا ہے

## حال قوم بختیار

صاحب مخزن افغانی نسبت اصلیت قوم بختیار لکہتا ہی کہ ایک جوان سید زادہ اسحاق نام قصبہ
اوش توابع بغداد سی بنا بر تفرقہ روزگار غربت سفر اختیار کرکے کوہ سلیمان مین بملک شیرانی
آیا اور قوم شیرانی سی ایک عورت مسمات شجنی نام اپنی نکاح مین لایا اوس سی فرزند پیدا ہوا
اوسکا نام ابوسعید رکہا گیا کہ جو بسبب خوبی طالع بختاور کے لقب سی مشہور ہوکر رفتہ رفتہ بختیار
مشہور ہوگیا اوسکی نسل سی بختیار لوگ ہین الا مؤلف کی نزدیک یہہ روایت کامل ثبوت نہین
رکہتی پیچہے بحوالہ تحقیقات آنریبل الفنسٹن صاحب لکہا گیا ہے کہ بختیار لوگ ایران کی ملک سے
مین آئے ہین فی الحال تخمینًا پانسو گہر ملاقہ مرغہ مین آباد ہین اور یہہ قوم نیک چلن اور

پر کرلیتی ہین باوجود اسقدر رنز می محصول کی اکثر یہہ قوم اپنی دلاوری کی غرور اور سخت بلجاوکے بہروسی پر حاکم خوست سی باغی ہوجایا کرتی ہے گرچہ آپسمین خانگی دشمنی بہت نہین ہی مگر تاہم عداوت سی خالی نہین کل قوم کے آپسمین دوگوندی ہین ایک گوندی مین اریوزی اور سینکی اور دوسرے مین مری خیل تعداد مین آخرالذکر گوندے کے لوگ زیادہ ہین اور اونمین سی اُتی خیل کے لوگ بہت ہین مری خیل ہین بہی درے نامی ایکطرف اور حینبی خیل اتمان زئی جنبرزے دوسرے طرف کچہہ پرخاش رکہتی ہین فی الحال گل خان اور گل ہیبت درے نامی کی شاخ ہین اور اسمعیل اور آدگل شاخ حینبی خیل مین اور خان فقیر اور رشیر احمد و دلواز وغیرہ اس قوم کے ملک اور مدار المہام ہین تنڈ یورہ قد گندم گون خوش رنگ آدمے ہوتے ہین پوشاک انکی اکثر قوم دوڑ کی طرح ہی مگر بعض پشمی اندرکہہ بہی پہرتے ہین اونکی شلوار بڑی گہیرہ دار سوسی کی ہوتی ہے نہایت چرکین اور رمیلہ رہتی ہین اخلاق مین جب دوڑ کے بہائی ہین تو اونسی کچہہ تہوڑا ہے اچہی ہون گے عورات کی عشقبازی بہت کرتے ہین مگر ننگ افغانے مین بہ نسبت دوڑون کے بہت اچہی ہین پہاڑ کے رہنے والے تنڈ رمہ بکری اور رمیدان والے رمہ گوسفندان بہت رکہتی ہین اور گلہ گاؤ بہی بہت ہین خوراک اونکی غلہ گندم اور جو اور ارزن سی ہوتی ہے مگر اکثر آردجو اور گندم مین ایک پہاڑی پہل یعنی ثمر موسوم شنابلو جسکو پشتو مین پرنگے کہتی ہین کوٹکر اور بعد پیسنی کے ملاکر کہاتے ہین خوراک اور پوشاک انکی نہایت کثیف ہی ؛

# حال قوم تنے

شجرہ نسب اس قوم کا اوپر درج ہو چکا ہے یہہ لوگ اپنی تئین دوڑ کا بہائی سمجہتی ہین اور جدران
کہتی ہین کہ تنی مسمی کاغ ڈم کی نسل سی ہین دریافت سی ثابت ہوا کہ یہہ قوم بہی ایک شاخ کرڑرانے
خواہ کرلانی کی ہی کہتی ہین کہ تنی کے صلبی پسر دو کس تہے ایک ارتی جسکی نسل اربوزی ہی دوسرا
مرتی جسکی اولاد مرتی خیل کہلاتی ہے اور مسمی سینکی ایک طفل شیر خوار کو مسمی مرتی ابن
تنے نے پرورش کری اوسی کی اولاد سینکے مشہور ہی یہہ قوم علاقہ خوست کی گوشہ غربی وجنوبی
مین آباد ہی اکثر پہاڑ مین رہتی ہین اور بعض دامن کوہ مین مگر اونکا بڑا اگانو موضع درنگی
میدان مین ہی جسمین پانسو گہر ہونگے لوگ کہتی ہین کہ ایکہزار اسلحہ بند آدمی اس موضع سے
نکلتی ہین سوائے موضع درنگی کے جو اونکی سب دیہات سی بڑا ہی دیہات ذیل بہی اونکے
بڑے گانو ہین حصارک گوخہ ترخے آتمان اس قوم کی سکونت مستقل ہی اور مسقف
کوٹہہ رکہتی ہین انکا مغربی پہاڑ خوب سرسبز اور سایہ دار ہی اوسمین بازشکاری بہی پکڑے
جاتی ہین کل ذی روح اس قوم کے تخمیناً دس ہزار آدمی ہونگے اونمین سی تین ہزار
اسلحہ بند مرد مشہور ہین اسلحہ بندوق بہ نسبت تعداد اسلحہ بندون کے ایک ربع کم ہے
تلوار ان جملہ تین ہزار کے پاس ہی جو شخص بندوق نہین رکہتا وہ تلوار کے ساتہہ سپر یعنے
ڈہال ضرور رکہتا ہی یہہ قوم بڑی جنگجو اور دلاور سپاہی ہے ملک خوست کے گوندے
شناسی کیوقت تنی کو سپین گوندے مین شمار کرنا چاہئے قوم اسمعیل خیل وغیرہ تور گوندی کے
ساتہہ انکی سخت دشمنی ہی اور اپنی ہمت سی اکثر غالب رہتی ہین پیشہ کل قوم کا زراعت کاری
ہے رقبہ اونکا اکثر بارانی اور کچہہ نہری بہی ہی بعض تمباکو وغیرہ اجناس کی سوداگری
بہی بنون تک کرتے ہین مگر عموماً اپنی گہرون سی باہر نکلنا انکو پسند نہین ہی گرچہ بباعث قدرے
سکونت میدانی برائی نام حاکم خوست کی ماتحت سمجہکر تعدادی ایکہزار روپیہ سالانہ مالیہ
بطور نعلبندی انپر مقرر ہے مگر ان مین سی دو سو روپیہ انعام ملکان مجرا دیکر باقی آٹہہ سو روپیہ
مالیہ مین اجناس از قسم نعل اسپان و بیل و کڑچہہ وغیرہ سامان آہنی جو اکثر اونکے علاقہ
خصوص موضع گوخہ مین بنتا ہی وصول ہوتا ہی اور یہہ وہ آپسمین خانگی تقسیم اپنی شرح مقررہ

# شجرہ نسب تڑنے ابن شیتک

۵ اریوبے — ۵ مرنی زبے — ۵ سپینے

۶ چمچی خیل — ۶ سیٹم خیل — ۶ گویندا خیل — ۶ جنگی خیل

۶ عیسیٰ خیل — ۶ نغمتیے — ۶ مشوبہ خیل — ۶ مبنہ خیل

۶ ضبی خیل — ۶ اتمان زبے — ۶ خبرزبے — ۶ ورسی نامے

۷ بندہ خیل — ۷ وسخے

۷ اتی خیل — ۷ تورجیل — ۷ ایدل خیل

۸ حصارکے — ۸ موسیٰ خیل — ۸ سپرکے — ۸ چیچکے — ۸ گڑسا — ۸ لجی خیل — ۸ وگل کمول — ۸ شاوزینی خیل — ۸ بابک خیل — ۸ گورے — ۸ گنڈسے

۸ والک خیل — ۸ ڈبرے — ۸ میران — ۸ زرک — ۸ یریم خیل — ۸ ارگنڈ خیل — ۸ کامل خیل — ۸ روشان خیل

۹ انڈی خیل — ۹ بیخے — ۹ چیرے

۱۰ سرانڈیے خیل — ۱۰ سبائی

۱۰ اوشہ خیل — ۱۰ بکر خیل — ۱۰ خوجی خیل

۱۱ شہداد خیل — ۱۱ لاجمیر خیل

۱۱ شاہجہان گنڈہ — ۱۱ وحلیتی گنڈہ

۱۱ ترین خیل — ۱۱ رشتہ خیل — ۱۱ براہم خیل

سی مورچہ بیٹھے کاٹتی ہین اور عیدکو ایام مین بعض آدمی ایکطرف کی ریتی اور بروت مونڈو اڈالتی ہین
بادات چوری قلیل اپنی علاقہ مین رکہتی ہین مگر باہر چوری کیواسطی نہین جاتی خصوص سرکار انگریزی
ملک مین باوجود قریب ہونے کے شاذونادر مرتکب ایسی واردات کی ہوتے ہین اکثر پیشہ زراعت
کاری رکہتی ہین اور بعضہ یعنی گورست اری مین محنتی ہین اور بعض بیوپار بہی کرتے ہین مگر اپنی ملک
سے باہر نکلنا ناگوار ہے سب سے لمبا سفر اونکا ہون اور جوست تک ہوتا ہی یہہ تیس میل کا سفر بہی کہ
چیدہ آدمی بیوپاری گوارا کرتا ہے انکی ملک مین تمباکو اکثر پیدا ہوتا ہے جسکو ہونین مین لاکر
فروخت کرتے ہین کپاس اور غلہ اپنی ملک کی پیداوار ضروریات قوم سی زیادہ ہوتی ہے زمین
زرعی اعلی قسم کی ہے مگر سوای دو تین یا نیشکر اور ہلدی کاشت کرنیکا رواج نہین ہی باہر سے
خصوص بنون کی طرف سی کرباس اور تریاق یعنے افیون بہت جاتی ہے ! پردو وڑ لوگ
تمام افیونی ہین بلکہ بعض عورات بہی افیون کہاتی ہین اور قلیل مرد ایسے ہونگی جو افیون
یا چرس اور بہنگ کا نشہ نہ رکہتی ہون بنگ سبز کو بہی کہ خشک کرکے حقہ مین پیتی ہین شراب کا نام بہی
نہین جانتی مگر باقی خبیث نشون سی وقت زوال سی لیکر تمام شب بیہوش رہتی ہین ! وجود اس بدعت کے
نماز کو کم چہوڑتے ہین مگر اسکو رسما ادا کرتے ہین نہ کہ نماز با نیاز بخشوع اور خضوع پڑہتی ہین ! اس قوم
کا ورزیدے اور بس بجثہ جسیم ہے باوصف ایسی قوی ضیغم بروتی کے آپسمین انکا اتفاق نہین کل شمار
تخمینا مردمان اسلحہ بند اس قوم کا بارہ ہزار مشہور ہی اس تعداد مین دیگر چار فرقہ متفرق جنکا علیحدہ
کرسی نامہ اوپر درج ہی شامل ہین انکی ملک مین جو بہت پورانی عمارات منہدمہ کے کہنڈر دن کے
نشان دہانہ درہ سی اوپر کہچلے جاتے ہین اونسی ایسا قیاس ہوسکتا ہی کہ ہندو یا اہل گریک یعنے
یونانیون کی حکومت مین اس راستی سے افغانستان مغربی کی طرف کوئی شارع عام تہا اس
قوم کے مردمان کو بالکل نوکری فوج کی شوق اور نہ سپاہ گری کے لائق ہین ؛

ہمسایۂ آزاد قوم پر کسقدر اثر کثیر کیا ہی اور اونکو بھی اس امر کے سمجھنے کا موقعہ ملا ہی کہ منصفانہ سلطنت
سی رعایا کو امن چین ہوتی ہی اس قوم کے آدمی بہت جنگجو نہین ہین میانہ قد متوسط اندام گندم گون
مایل بہ زردی آرام طلب کاہل مزاج عیش و لہو پسند سفلہ طینت ہوتے ہین بدعہدی اور بیمروتے
مین مشہور ہین عورات اور طفلان بی ریش پر عاشق ہونا بہت مروج ہی اور اس معاملہ مین کل
افغانستان کی قومون مین سی پہلی درجہ کی بدکار ہین اور ایک طفل بی ریش پر جب چند آدمی عاشق
ہوتے ہین تو رقیب ایک دوسرے سی سبقت لیجانی کی خواہش سی اور معشوق کو اپنی طرف مائل کرنے
کیواسطی چند گوسفند وغیرہ ذبح کرتے ہین اور رات کو رقیب کے رشک کیواسطی گوسفند ذبح شدہ کو
بعض وقت اونچی دار پر لٹکا کر رقیب کی گہر کے پاس کہڑا کرتے ہین جب صبح وہ یہہ حال دیکہتا
سے تو وہ بہی اوسیطرح کرتا ہی اور اسطرحکا نقصان مال تب تک ہوتا رہتا ہی کہ جب تک ایک فریق
مغلوب نہ ہوجاوی یا وہ معشوق اون مین سی کسی ایک کو اپنی دوستی کیواسطی منتخب نہ کرلے
بعض وقت اس بدعت کی تکرار پر باہم کشت خون ہوجاتی ہے اور اسی بات پر گانو مین بہے
گونہ بداری رہتی ہے اور جس لڑکے پر اوسکی عاشق ایکدوسرے کے رشکانہ ترغیب سے زیادہ
گوسفند ذبح کرین وہ فخر کرتا ہے اور سرمہ اسقدر بے ڈہب حد تک لگاتی ہین کہ گرد نواح آنکہونکا
گوش تک سیاہ ہوتا ہی اور اکثر جوان آنکہون کو سندور سی سرخ کرتے ہین بعض ایک آنکہہ سرمہ سیاہ
ی اور دوسری سندور سی سرخ کرتے ہین کبہی اونکی آنکہین اس خراب سرمہ سی خالی نہین ہوتے
ب اور سفلگی شوق اونکی یہہ ہی کہ اپنی سرکی دستار مین اپنی ملک کی ہر قسم کا پہول بہت رکہتے ہین
رمعہ شاخون کے غرضکہ اونکی عادات نہایت قبیح ہین اور اس سفلیہ شوق مین اونکو نیم دیوانہ
نا چاہئی پوشاک اونکی اکثر کرپاس سیاہ رنگ کی مگر نہایت چرگین اور میلی اسقدر کہ جسقدر
ن ہونا ممکن ہی اور اونکا تعفن دور تک پہونچتا ہی اور اپنی پوشاک کو خوشی سی چرگین کرتے
یونکہ جو زیادہ چرب ہوا اوسکو روغن خور جانکر فخر سمجہتے ہین اور روغن زرد بہت کہاتا
ہے اور چرب ہاتہہ اپنی چہرہ و پوشاک پر ملتے ہین اور روغن سی بزرو ٹی جیب مین
ے ہین اور لنگوٹی مین باندہتے ہین تمام جوان آدمی اپنی ریش کو اول عمر مین بالکل
لتے ہین اور بعض منقاش سی نکالتی ہین اور تیس برس کی عمر سی چالیس برس تک مقراض

## حال قوم دوڑ

واضح رہی کہ جیسا نسب نامہ شیتک مین درج ہی یہہ قوم بہی شیتک کی اولاد سی ہی جسوقت کی اولاد کینو نے
وسُورانی معروف بنوچی کی شوال سی علاقہ بنون کی طرف آئی اوسی عہد مین جسکو تخمیناً پانچسو برس سے
کچہہ اوپر عرصہ گذرا ہی یہہ فرقہ بہی اندر کوہ رود توچی کے ہر دو کنارہ پر آکر آباد ہوا باوجود دریافت
مزید یہہ حال نہین کہلتا کہ انسی پہلے اس موقع پر جسکو فی الحال ملک دوڑ کہتی ہین کوئی آباد تہا
یا کہ غیر آباد موقعہ دیکہہ کر یہہ لوگ آباد ہوئی سماعی روایات اور دلایل موجودہ سی آخر الذکر حال
قرین قیاس معلوم ہوتا ہے اس قوم کی پورانی تاریخ نہین ملتی کہ بادشاہان وقت سی انکا کسطرح
تعلق رہا الا سنہ ۱۱۰۸ ہجری مطابق سنہ ۱۶۹۶ع مین جسکو ایکسو اٹہہ ستہہ ۱۶۸ برس ہوا بعہد سلطنت اورنگ زیب
جس سال مین کہ شاہزادہ بہادر شاہ نی ملک بنون فتح کیا اوسی سال علاقہ دوڑ پر بہی بارہ ہزار معاملہ مقرر
کرکے ایک شخص مسمی سید حسین نام کو حاکم دوڑ مقرر کیا چند عرصہ تک اوسنی بمشکل اوقات گذارے
کری آخر جب علاقہ بنون کا انتظام سست ہوا تو دوڑ بہی چہوٹ گئی تاوقتیکہ نادر شاہ ایرانی نی دوبارہ
ایسی سختی سی مطیع کرے کہ تا عہد زمان شاہ درانی بارہ ہزار معاملہ ادا کرتے رہی الا کوئی حاکم مقرر نہین
تہا سال دو سال کے بعد ایک افسر درانی معہ کچہہ فوج کے آکر بنام نہاد بارہ ہزار جو کچہہ ہاتہہ لگا وصول
کرکے لیگیا فتح خان بارک زئی کی حادثات مین شاہ زمان نی بموجب درخواست ایک پیر سید کی دوڑ
پر بارہ ہزار معاملہ معاف کردیا جسکے عوض مین قوم دوڑ اوس اپنے محسن سید کی اولاد کو فی قلبہ کچہہ قلیل
غلہ پیداوار سالیانہ سی دیتے رہی تب سی آزاد چلے آتی ہین حال مین بسبب دباؤ قوم وزیر اس فرقہ
کی خواہش ہی کہ گورنمنٹ انگریزی ہمکو بہی اپنے سایہ عاطفت مین جا دیکر ممالک محروسہ کے شامل کرے مگر
چونکہ ہماری گورنمنٹ کو اسطرف کچہہ حدود بڑہانے اور ملک لینے کا منشا نہین ہی اسواسطے باوجود درخواست
محروم رہی پارسال اس قوم مین ایک افواہ مشہور ہوگئی تہی کہ سرکار انگریزی ہمارا علاقہ امیر کابل
کو تفویض کرنا چاہتی ہے اس فضول خبر کو سنکر اونکی بعض شاخون نی بہہ استدعا کری تہی کہ ہمکو
گورنمنٹ انگریزی بلا عذر منظور ہی کسی اور بیرحم حاکم کے ہاتہہ مین ہمکو سرکار نہ ڈالے ہرچند کہ یہہ خبر
بالکل بیجا تہی اور ہرگز ہماری سرکار کو بلا سبب باہر کے علاقون مین دخل دینا منظور نہین تہا
تاہم اس امر سی یہہ بات صریح معلوم ہوتی ہے کہ سرکار انگریزی کے انتظام عادلانہ نے ہمارے

واضح ہو کہ اصل نسل دوڑ کی وہی ہے جو پیچھے لکھی گئی مگر چند قومیں متفرق آملیں اور بہی مدت سے شامل چلی آتی ہیں گو وہ دوڑ کی اولاد نہیں مگر دوڑ کہلاتی ہیں اور حصہ دنفع نقصان دوڑ کی ساتھہ شامل انکی تفصیل یہہ ہے ملخ ایکہزار عبدک ایکہزار دریہ خیل ایکہزار دوسو امخانی یا امزونی ایکہزار ترونی شامل عبدک وحید رخیل انکا شاخوار شجرہ ذیل میں درج ہے

## اول — ملخ

- پائی خیل
- ایدل خیل
- محمد خیل
  - گنہ خیل
  - میامی خیل
  - عبدالرحمان خیل
  - گگہ خیل
  - سپگے
  - طاؤس خیل
    - ممی خیل
    - سینی خیل
    - بالی خیل
    - ترکہ خیل
- نصرت خیل
- لنڈ
- عمرزے
- دریہ کریے
- سینے خیل
- جانخان خیل
  - شادی خیل
  - نانی خیل
  - گدائے
    - ملک خیل
    - عمرخان خیل
    - ولی خیل
  - چرخیل

## دوم — عبدک

- ممہ خیل
- مے خیل
- مندورے
  - گنہ خیل
  - فیروز خیل
  - مسعود خیل
  - کرسے خیل
  - صدرخیل
  - ابراہیم خیل
- تروسٹے وصلی
  - احمد خیل
  - اسڈی خیل
  - ربیہ خیل
  - ننکوشے

## سیوم — دریہ خیل

- گوبی زئے
  - میوزی خیل
  - تمر خیل
- علے زئے
  - نانی خیل
  - تورسگے
- مریم خیل
  - چرخیل
  - سمل زئی

## چہارم — امخانی امزونے

- علی خیل
- بلال خیل
- عبدل خیل
- احمد خیل
- زبیرہ خیل
- تایب خیل
- نواز خیل
- غلام خیل (لر)
- اسین خیل
- نصرکے (بر)

شجرہ نسب شیتک
دوڑ
ستے
موسے
ابراہیم
زوجہ اول
زوجہ دوم مسماۃ مالو
زوجہ سوم
کوسے
سورانے
انکی اولاد کو سام واللہ سوچی ماسوری کہتی ہیں انکی حال
حصہ سوم میں دیکھو

واضح ہو کہ اصل نسل ووڑ کی وہی ہی جو پہچھی لکھی گئی مگر چنید قومین متفرق اسمین اور بہی مدت سی شامل چلی آتی ہین گو وہ ووڑ کی اولاد نہین مگر ووڑ کہلاتی ہین اور حصہ دنفع نقصان ووڑ کی ساتھہ شامل انکی تفصیل یہہ ہی ملخ ایکہزار عبدک ایکہزار دریہ خیل ایکہزار دوسو امخانی یا امزونی ایکہزار ترونی شامل عبدک وچید رخیل بکا شاخوار شجرہ ذیل مین درج ہے

## اول — ملخ

- پائی خیل، ایدل خیل، محمد خیل، نصرت خیل، لنڈ، عمرزے، دریمی کلچاپی، سپنے خیل، جانخان خیل
- گنہ خیل، میامی خیل، عبدالرحمان خیل، گگہ خیل، سپگے، طاؤس خیل
- شادی خیل، نانی خیل، گدائے، چیرہ خیل
- ممی خیل، سپنی خیل، بالی خیل، ترکہ خیل
- ملک خیل، عمرخان خیل، ولی خیل

## دوم — عبدک

- ممہ خیل، سلے خیل، مندوروی، تروسٹے وصلی
- کنہ خیل، فیروز خیل، مسعود خیل، کرتے خیل، صدر خیل، ابراہیم خیل
- احمد خیل، اسڈی خیل، ربیہ خیل، تنکوشے

## سیوم — دریہ خیل

- گوبی زئے، سلے زئے، مریم خیل
- مبوزی خیل، تمر خیل، نانی خیل، تورسگے، چرہ خیل، سمل زئی

## چہارم — امخانی امزونے

- علی خیل، بلال خیل، عبدل خیل، احمد خیل
- زبیرہ خیل، نایب خیل
- نواز خیل، غلام خیل — لڑ
- اسین خیل، نصرکے — برگ

شجرہ نسب
شیتک
زوجہ اول
زوجہ دوم مسماۃ بانو
زوجہ سوم
موسے
ابراہیم
کبوسے
سورانی
انکی اولاد کو بنام والدہ منوچی یا بنوزی کہتے ہیں انکا حال حصہ سوم میں درج ہے
ارغوند
خدیو
زبرکے
تور
وروات خیل
بہرام شاہ
حیدر خیل
اسمان خیل
تیغاسے
شجاول
عجب خیل
ورے
گلیوالہ
تار خیل
بارسی خیل
مرت خیل
سپین خیل
کبیر خیل
ظفر خیل
سمی خیل
مل خیل
بہار خیل
سرکی خیل
سلیمان خیل
حسن خیل
نصر خیل
ایوبے
جرس خیل
دولت خیل
زبرکے
مدے
زی خیل
الیسوڑے
قدم خیل
میتا خیل
وزیری خیل
تور خیل
شاول خیل
وڑ خیل
تول خیل
شیتا خیل
ابراہیم خیل
صاحب خیل
قاسم خیل
بورخیل
میر خیل
بہ خیل

کی چہولداری بناکر رہتی ہین اونکی سلامی جٹایون کی چہولداری سی برف کنارون پر گر کر تین چار فیٹ تک
باہر سی بوریا کی بنیاد کو دبالیتی ہی یہہ قوم مفلس مگر جنگجو ہی خوست کی مشرقی مایل جنوبی گوشہ پر انہون نی حملہ
کرکے کچہہ میدان علاقہ قلیل خوست کا اپنی قبضہ مین کرلیا تہا اسواسطی ریاست کابل کی حکومت فی الحال اپر
مؤثر ہے اور علاوہ محصول زمین کی جو بحساب فی جریب دو روپیہ کابلی ایک فصل مین لئی جاتی ہین دو روپیہ
دو دوسی یعنی فی گہر کے حساب سی حاکم خوست انسی وصول کرتا ہی پوشاک اور دستور اکثر خوست کی رہنی والے
قومون سی مطابق ہی مگر طرز وضع اور قد قامت رنگ اور شکل قوم وزیرے کے موافق ہی گر یہ لوگ سود زیادہ
مین باقی قوم وزیری کے شامل نہین ہین مگر اونکو اپنا بہائی سمجہتی ہین آئین وزیری پر پہلی وہ بہی عمل
کرتے تہے مگر اب نہین رہا کل تعداد اسلحہ بند مردمان اس قوم کے ایکہزار رکہتی ہین عموما کاشتکار رہے
اور مالداری کا پیشہ رکہتی ہین مگر بعض سوداگری اور بدرقہ کا کام بہی کرتے ہین جاہل اور بی علم لوگ
ہین خوست کی سپین اور تور گوندے کے شمار کیوقت یہہ قوم سپین گوندسے کے ذیل مین منسلک ہو جاتی ہے

## قوم لالی خواہ لیلی وزیر

اس قوم کی تعداد پنجہزار مرد اسلحہ بند لوگ بیان کرتے ہین اور کوہ سفید کے شمالی و مغربی نواح مین
رہتی ہین یہہ لوگ بہی ایک شاخ قوم وزیری کی ہین اپنی باقی قوم سی علیحدہ ہوکر اوسطرف جانے کا سبب
یہہ بیان کرتے ہین کہ لالی ابن وزیر اپنی باپ کے ساتہہ کوہ شوال مین رہتا تہا اتفاقاً اوسکی ہاتہہ سی شیتک
کی اولاد سی کوئی شخص مارا گیا تب بخوف انتقام بہاگ کر قوم خوگیانی مین چلا گیا اور وہان اوس قوم
سی شادی کرلی جسکی اولاد اب اس تعداد تک پہونچی دوسری روایت یہہ کہ وہ شخص کوئی عورت
مسمات لیلی ورغلان کر بہاگ گیا اور اوسنی راستی پر بڑے دلاوری کرکے قوم شینواری کی چند
سارقان کو جنہون نی اوسکی معشوقہ سے پانی مانگ کر شرارت کرہی تہی قتل کیا اور مسمات لیلی سی اوسکی
چند فرزند ہوئے جنکی نسل اب مشہور ہی باوجود بہت کوشش کی اس قوم کے کسی آدمی سی مؤلف کے
ملاقات نہین ہوسکی اور یہی وجہ ہی کہ شجرہ نسب نیچی کی شاخون کا حاصل نہین ہوسکتا ؛

## حال قوم گربز

قوم وزیری کا شجرہ نسب دیکہنی سے معلوم ہوگا کہ مسمی وزیر ابن سلیمان مورث اعلی قوم وزیری کی دو پسر تہی اونمین سی مسمی خدری بڑے بیٹے کے تین فرزند تہی سب سے چہوٹا مسمی مبارک تہا جسکا بیٹا مسمی گرباز ہوا اور اوسکی اولاد گربز کہلاتی ہی گرچہ حقیقت مین گربز بہی قوم وزیری کی ایک شاخ ہین مگر فی الحال ملک اور دستور اور رواج مین ایسی علیحدہ ہوگئے ہین کہ اونکا ذکر باقی قوم وزیری سی علیحدہ کرنا پڑا کہتی ہین کہ ابتدا مین گربز لوگ مسعود وزیری کے شامل اونکی پہاڑ کے شمالی حصہ مین رہتی تہے چنانچہ درہ شکتو اور رکوہ باڑ مین تا حال بعضی کہن سال وزیری قوم گربز کے وقت کے پانی چڑہانے اور گہرون کی علامت بتلاتی ہین دو سو برس سی کچہہ زیادہ عرصہ گذرا ہے کہ یہہ لوگ اسجگہہ سے خارج ہوئے اور سبب اخراج یہہ بیان کرتے ہین کہ کوہ گبر مین پہلی شاخ وزگاڑ قوم بیٹنی آباد تہے گربز لوگون نے اونپر یورش کرکے قتل عام کری اور رکوہ گبر اپنی قبضہ مین کر لیا بعد چند مدت کے جیسا کہ قوم بیٹنی کی حال مین لکہا گیا ہے شاخ کجین بیٹنی نے اس قوم پر لشکر کیا اور سخت لڑائیون کے بعد قوم گربز نے شکست کہائی اور رکوہ گبر پہر بیٹنیون کی قبضہ مین آیا اور چونکہ گربز ان فسادون مین کم زور ہوگئی تہی اسواسطے ایسی لاچار ہوئی کہ کل وزیری ملک کے مغربی اور شمالی گوشہ مین ملک خوست سی شرق مائل جنوب اور دوڑ کے علاقہ سی شمال غربی کی پہاڑون مین جا آباد ہوگئے انکی پہاڑی ملک مین دو ماہ زمستان مین برف پڑتی ہی اور چونکہ پہاڑ کے رہنے والی گربز اکثر بوریا

## سیوم تفصیل قوم مسعود وزیرے

| نمبر | نام شاخ مشہور جامع | | | تعداد [illegible] | نام ملکان | جائی سکونت | پیشه |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | | |
| ۱ | [illegible] | [illegible] | شہابی خیل | ۱۲۰۰ | گلان مہرجان زربلند میرپایاو | کوہ بابڑ وغیرہ متفرق | آہن فروشی وچوری کم کاشتکاری |
| ۲ | ״ | ״ | حسن زئے | ۲۳۰۰ | عمرجان ولد جنگی خان بنفرزاد بارک | متفرق اندر کوہ | ״ اور بوریا بافی و بلہ فروشی |
| ۳ | ״ | [illegible] | چیاخیل | ۶۰۰ | پیرزال پیردل بنادین یا معین الدین | شہیر و میدان | ״ |
| ۴ | ״ | ״ | خلے خیل | ۵۰۰ | - | متفرق | ״ |
| ۵ | ״ | ״ | بدین زئے | ۸۰۰ | | ״ | ״ |
| ۶ | ״ | | کلے شاہے ملک شے | ۱۰۰۰ | قمردین میرحسین شودسے | مقام غورلامہ کلنے گورم سے جانب مشرق | آہن فروشی اکثر |
| ۷ | [illegible] | [illegible] | عبدلے | ۲۵۰۰ | زبردست سعید | اکثر تمکین وبعض متفرق | آہن فروشی وکاشتکاری |
| ۸ | ״ | ״ | ملک شے | ۸۰۰ | اخلاص شوازے | کانے گورم سے اوپر پہاڑ مین | ״ وچوری |
| ۹ | + | ״ | نظرخیل | ۹۰۰ | فتح خان | ״ | اکثر کاشتکاری |
| ۱۰ | ״ | ״ | بلند خیل | ۳۰۰ | میرپایاو ولد شمل | تمکین | کاشتکاری |
| ۱۱ | | [illegible] | ہبت خیل | ۱۴۰۰ | تاج محمد میرغضب جہانگے | متفرق | ״ مع چوری |
| ۱۲ | ״ | ״ | عمرخیل | ۲۰۰ | شاه دیدار | تمکین | کاشتکاری |
| ۱۳ | ״ | ״ | توکرے | ۶۰۰ | شاه مراد درانی تحجط شیراز | متفرق | آہن فروشی وکاشتکاری وچوری |
| ۱۴ | ״ | ״ | ورمزخیل | ۲۰۰ | گل میر | ״ | ״ |
| ۱۵ | ״ | ״ | شنکلے ایشنکلے | ۱۲۰۰ | نبی ولد مانگی وغیرہ | اکثر دره ٹاک | ״ چوری زیاده |
| میزان کل | | | | ۱۴۵۰۰ | | | |

## نوٹ

واضح ہو کہ بموجب اس تخمین مندرجہ فہرست کے اڑتالیس ہزار نوسو پچاس آدمی ہوتا ہے جسمین شاخ اتمان زئی پندرہ ہزار سات سو اور شاخ احمد زئی نو ہزار سات سو پچاس اور شاخ مسعود چودہ ہزار پانسو ہے گرچہ اس اندازہ کو کل صحیح نہین سمجھا جاتا مگر قریب صحت کے ہوگا کیونکہ اس تخمین لگانی مین مختلف بیان اکثر ملکون سے باتفاق اور ایک بیان کو چہانٹ کر لکھا گیا ہے یہہ علامت ❋ جو فہرست مین درج ہے اون شاخون کا پتہ دیتی جو ضلع بنون کی حدود سرکاری مین ملکیت اراضی و تعلق سرکاری رکھتے ہین انکی شمار سے معلوم ہوگا کہ صرف چھہ ہزار سات سو پچاس آدمی اس کثیر قوم کی ایسے ہین کہ جن پر گورنمنٹ انگریزی کی حکومت مؤثر ہے اور وہ بھی اکثر بموسم گرما پہاڑ کو چلی جاتی ہین مذکر مونث بالغ نابالغ کل ذی روح اس قوم کے تقریباً ایک لاکھہ ہونگے اور افزایش مین ترقی ہے ❋

# دوم تفصیل قوم احمدزئی

۱۸۱۱

| نمبر شمار | نام شاخ مشہور عام | | [illegible] | نام ملکان | جائی سکونت | پیشہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | [illegible] | [illegible] | | | | |
| ۱ | بیزن خیل | تاتی خیل | ۱۲۰۰ | عظیم بندر شجاع | تہل متصل حدود خٹکان | زراعت کاری |
| ۲ | " | سرکی خیل | ۸۰۰ | لعل میر | متفرق | " وچوری |
| ۳ | " | عمر زئے | ۸۰۰ | لنڈک بیگے وخدرخان | تہل رگوتی | زراعت کاری وہیمہ فروشی |
| ۴ | [illegible] | بوی خیل بامی ح | ۲۵۰۰ | کریم خان دیوان الیسب | متفرق | بیوپار نمک وہیمہ فروشی فرقہ زنے خیل اکثر چورے |
| ۵ | خانی خیل | خانیہ خیل | ۴۰۰ | فوجدار | ترپ متصل کرم | ہیمہ فروشی |
| ۶ | " | خوجل خیل | ۱۲۰۰ | محمد آنخان اکیسم گوڈ امزان | تل بلند خیل سے ہنگو علاقہ کوہاٹ تک | نمک فروشی ورمہ داری |
| ۷ | " | بدین خیل | ۵۰ | رضاخان | تہل علاقہ سرکار | کاشتکاری |
| ۸ | " | بزن خیل | ۸۰۰ | میر اکبر جعفر | اکثر بمقام سدراون علاقہ بنون اور کچھ پہاڑ میں | کاشتکاری وسوداگری مویشی |
| ۹ | " | پیندہ خیل پائندہ خ | ۲۰۰ | بر ہم خان | تہل | کاشتکاری ورمہ داری |
| ۱۰ | [illegible] | شدن خیل | ۶۰۰ | نجیب ولد سوہان | ایضاً سدراون | کاشتکاری |
| ۱۱ | " | محمد خیل | ۶۰۰ | فضل شاہ وشاہجہان مامان | کنارہ کرم دامن کوہ حد سرکار | کاشتکاری ہیمہ فروشی |
| ۱۲ | " | سیخ خیل | ۶۰۰ | | اندر کوہ | کاشتکاری وچوری |
| میزان کل | | | ۹۷۵۰ | | | |

# تخمیناً شمار قوم

ذیل مین ایک فہرست جس سی ہر ایک شاخ کلان کی تعداد اور پیشہ و جائے سکونت نام ملکان معلوم ہوگی درج کرکی اس قوم کے حالات ختم کیا جاتا ہے

## فہرست مذکور

### اول تفصیل قوم اتمان زئی

| نمبر شمار | نام شاخ مشہور عام | | تعداد | نام ملکان | جائی سکونت | پیشہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | [illegible] | [illegible] | | | | |
| ۱ | | میت خیل محمود خ | ۳۵۰۰ | | حسن خیل بمقام کیتو دوزی خیل درہ کیدسو کی بیر بورک خیل کراہہ کشی وغیرہ متفرق | کاشتکاری و نمک فروشی |
| ۲ | | منظر خیل منظر خ | ۶۰۰ | بلال قمر دین | متفرق | کاشتکاری و رمہ داری |
| ۳ | | مداخیل مداح خ | ۲۵۰۰ | آدم خان میاخیل | کوہ موسوم گوڑ بالائی سر دوڑ | 〃 |
| ۴ | | توری خیل | ۳۰۰۰ | ایغر کٹے میر حسین معروف شخ علدار اخوند وغیرہ | تشیرہ تلہ درہ جنیور | کاشتکاری و بلہ فروشی یعنی شہتیر و باز و کی فروخت زرڑنے و رسول خیل سارق |
| ۵ | | کابل خیل | ۳۲۰۰ | ملک دین رحمت شاہ عالم شاہ وغیرہ | رود کرم کے کنارہ پر اندر کوہ | کاشتکاری و چوری |
| ۶ | | ملک شاہی ملک شے | ۴۰۰ | صالح | اکثر علاقہ تہانہ میریان دامن کوہ گبر | 〃 |
| ۷ | | جانی خیل | ۱۰۰۰ | الہداد بکیے رضاداد میرم شاہ کریم خان | 〃 | 〃 و ہیمہ فروشی |
| ۸ | [illegible] | سرو خیل | ۴۰۰ | قاسم سردار | درغڑ علاقہ مذبور | 〃 |
| ۹ | 〃 | تختی خیل | ۶۰۰ | حسن شاہ سردار جنگ بہادر | 〃 | 〃 |
| ۱۰ | 〃 | ترمی خیل | ۵۰۰ | حسن خان کریم خان کٹہ میر | 〃 | 〃 وچوری |
| میزان کل | | | ۱۵۷۰۰ | | | |

ہوا ہی اور جو لوہا ملکین مین بنتا ہی وہ اکثر علاقہ وزیرستان جاکر فروخت کرتے ہین قوم من رنئے
ٹاک اور دیرہ اسمعیلخان کی طرف اور قوم کوکڑے بہلول زئی و اسمائی شہابی خیل علاقہ مروت
ضلع بنون کی جانب لاکر فروخت کرتے ہین اور مسعود قوم کے بیوپاری کہتے ہین کہ تقریبًا پچاس
ہزار کا آہن سال بسال نکلتا ہی اور خام و پختہ بنکر فروخت ہوتا ہے بمقام مکین شاخ عبدئی
کے لوگ کڑچھی آفتابہ تاوہ اور پیالہ و ہیم وغیرہ بناکر چارون طرف کے نواح کے ملکون مین فروخت
کرتے ہین عمومًا اسلحہ کا سامان اور لوہا وزیرستان کے علاقہ مین قوم پُزملی خرید کر غزنین اور
کابل و قندہار و غلجیون کے ملک مین فروخت کرتے ہین اور قوم مسعود وزیری کا زیادہ تر گذارہ
اسی آہن فروشی پر ہے اور بیوپاریان آہن بہ نسبت دوسرے فرقہ کے آسودہ حال ہین

پانی مین ملاکر اور پتلا کرکے آگ پر گرم کرتے ہین اور اوسمین ہلدی اور سیاہ مرچ اور اجوائن ڈالکر گرم گرم نوش کرجاتی ہین اور اوس سے عرق آکر تپ اکثر رفع ہوجاتا ہی مسعود وزیری تپ دق اور محرقہ اور چیچک کی بیماری سے بہت ڈرتے ہین جس گانو یا گہر مین ایسا بیمار ہو وہان کبہی نہین جاتی بسبب سادہ لوحی وزیری لوگ جن اور پری کی سایہ سے بہت ڈرتے ہین اور اکثر بیماریون کو سایہ پری اور جن سمجہکر حیلہ ساز اور تعویذ نویس اخوندون کی طرف رجوع کرتے ہین اور اس آسیب کی صدمہ سے محفوظ رہنی کیو اسطی تعویذ لکہاکر اور اوسکو چمڑہ مین لپیٹ کر گلہ مین ڈالتی ہین کوئی کم وزیری تعویذ سے خالی ہون گی اور ہر ایک کی گلے مین چند چند تعویذ ہوتے ہین اور اوسکی معتقد ہین اخوند تعویذ نویس اکثر فی تعویذ ایک روپیہ چار آنہ نذرانہ یا شکرانہ لیتی ہین اور اس سادہ لوح قوم کو اپنی فعل کا معتقد کر رکہا ہی؛

## معدنیات

سوائی اوس سنگ کی جس سی آہن بنتا ہی اور کسی چیز کی کان انکی علاقہ مین تاہنوز نہین معلوم ہوئی ترکیب لوہا بنانی کی جو کوہ مسعود وزیری مین بنتا ہی اسطرح وہ لوگ بیان کرتے ہین کہ پہاڑ نواح مقام مکین بابڑ وغیرہ مین بطور کان نمک کہود کر سیاہ رنگ کا پتہر جس سی کچہہ چمک بہی نکلتے ہے اور وزن مین بہ نسبت اور پتہرون کے زیادہ سنگین ہوتا ہی نکالتی ہین اوس پتہر کو توڑ کر ریزہ ریزہ کرتے ہین اور واسطی بچاؤ ہوا اور بارش کی شکل ٹپ خیمہ گول چہپر کے نیچے دوکان جسکو بزبان خود منڈو کہتی ہین مانند چہوٹے بٹہے چونہ کی بناتی ہین اور اوس دوکان مین دو حصہ کوئلہ اور تیسرا حصہ سنگریزہ مذکور ڈالکر دکان کے چرمے کہالون سی اوسکو بہت تاؤ دیتی ہین جب خوب تاؤ آیا تو لوہا گل کر سرخ رنگ ہوجاتا ہی اور دکان سی نیچے بہی نکلتا ہے جسکی اوپر سی باوزار آہنی میل دور کرتے جاتی ہین اور لوہا الگ رکہا جاتا ہے اس پہلی تاؤ کی آہن کو کچا یعنی خام مترہ کہتی ہین اور اوسکا نرخ دوکان پر بیس سیر فی روپیہ ہوتا ہی اور پہر اوسکو دوسری دوکان پر تاؤ دیکر پختہ کرتے ہین اور کشتی جسکو یہہ لوگ کرے کہے یا پائے کہتی ہین بنائی جاتے ہین اور اوسکا نرخ پہاڑ مین دس سیر فی روپیہ ہی ان کانون پر کسی کا حاکمانہ اختیار نہین ہی جو مسعود وزیر چاہی بنالے مگر آپسمین کانین اور اونکا موقعہ منقسم کیا

گاو میش یہہ لوگ مطلق نہین رکہتے اور نر گاؤ و مادہ گاؤ بہت ہین مگر پستہ قد او ر لاغر اکثر سیاہ رنگ ہوتی ہین یہہ لوگ کہتے ہین کہ پہاڑ مین سیاہ رنگ والہ مضبوط او ر محنت کش رہتا ہے اس باعث سے اکثر سیاہ فام سانہڈ کی نسل بہڑاتی ہین ابہی بچہ یکسالہ ہوتا ہی کہ اوسکو لادنا شروع کر دیتے ہین او ر طرفہ یہ ہی یہہ کہ شیر دار مادہ گاؤ بہی لادتی او ر قلبہ رانی سے کبہی نہین چہوڑتے خر مرکب ہر گہر مین ہوتے ہین خصوصًا کوچی لوگ تہل پر آنی والی پانی کی مشکین لادنی کیواسطے لابدًا رکہتی ہین او ر جسکی پاس نہین ہین وہ سفر کے وقت بیل او ر خر مرکب پر اپنا اسباب و غلہ بار کر لیجاتے ہین ؛

## سگ وزیری

اس قوم مین واسطی حفاظت ریوڑ و گہر کے سگ رکہنی کا بہت دستور ہے او ر اونکی کتّے ایسے خبردار او ر اچہے ہوتے ہین کہ اونکی ہوتے سارق کامیاب نہین ہوسکتے او ر اچہی لڑنے والے مضبوط او ر قد آور ہوتے ہین مگر شکار کا شوق اس قوم مین نہین ہے ؛

## بیماری

وزیری قوم مین باوجود عدم احتیاط غذا او ر میلہ او ر چرکین رہنی کے بسبب تازہ ہوا پہاڑ کے بہت تہوڑی قسم کی ہوتی ہی چیچک کی بیماری سے سوا اسکے قوم مسعود کے باقی وزیری چہوٹے یا بڑے بہت تہوڑے مرتے ہین اس قوم کے کوچی شاخون مین تپ کی بیماری ہوتی ہی جب وہ گرم ملک سے سرد پہاڑ کو جاتی ہین یا سرد جگہہ سے گرم ملک کو آتی ہین تو اونکو چند روز تپ آتا ہی او ر اوسکو گرم سرد کہتی ہین تپ دق او ر تپ محرق بہی ہوتا ہی ہر قسم کے تپ کا علاج عمومًا ٹرون اچول یعنی چمڑہ ڈالنا ہے او ر اوسکی ترکیب یہہ ہے کہ تازہ تازہ گوسفند ذبح کرکے گرم گرم چمڑہ اوسکا برہنہ بدن پر پہر لیتی ہین پشم والی طرف اوپر رہتی ہی اگر دو تین چمڑہ ڈالنی سے اچہا ہوگیا تو بہتر ورنہ زیادہ بہی ڈالی جاتے ہین یہان تک کہ آخر کو مریض مرجاوے یا بیماری چہوڑ دیوے او ر اکثر چمڑہ ڈالنی اچہا ہوجاتے ہین اوسکا ظاہرا فایدہ یہہ معلوم ہوتا ہی کہ پسینہ یعنی عرق آنی سے بدن کہلجاتا ہی او ر تپ بہاگتا ہی چار پہر تک ایک چمڑہ رکہتی ہین گرچہ ہوا او ر پانی کی پرہیز ہے مگر وزیری کچہہ بہت پرہیز نہین کرتے علاوہ اسکی تپ کیواسطے جالگوٹہ کا مسہل یعنی جلاب بہی لیتی ہین او ر موسمی تپ کیواسطے گندم کے آرد کو

که امامت کرکے نماز پڑہادی اور چہوٹے لڑکون کو نماز سکہاوین نکاح پڑہانا اور جنازہ کرنا بہی اخوند
کا کام ہی اور میت کو غسل بہی اکثر وہ دیتا ہی اور میت کی کہنہ پارچات اوسکو ملتی ہین اور نیز پیداوار
غلہ کا عشر یا اسقاط میت وغیرہ خیرات سی اخوندون کا گذارہ ہوتا ہے مگر اکثر اخوند لوگ مفلس
ہوتی ہین اور بعض آسودہ حال۔ ماہ رمضان کا روزہ فرض سمجہتی ہین مگر جو پہاڑی اور رجا ہل
وزیری ہین اونکو ماہ رمضان کی بہی خبر نہین ہوتی کہ کب آیا ہی ہین نے سنا ہی کہ میدان کے
رہنی والی وزیرون سی کوئی شخص آخر رمضان مین پہاڑ کو گیا اور وہان جا کر کہا کہ آج عید
ہوگی پہاڑی وزیرون مین سی ایک شخص نی کہا کہ شکر الحمد للہ روزہ بہی گذر گئے اور ہمکو
خبر بہی نہوئی کہ ہمارا اغارہ یعنے گردن اس گناہ مین نہین پکڑی جاوے گی کیونکہ ہمکو رمضان
کے آنے کی خبر نہین تہی اسواسطی بری ہوگئی جب یہہ لوگ کوچی پہاڑ سی آنے جانے کا سفر کرتے
ہین تو جس منزل پر جا کر ڈیرہ کیا وہان کسی اچہی موقعہ پر ایک ایک پتہر رکہہ کر مسجد کی علامت بنالیتی
ہین اور آخوند جو کا نو کوچی کی ہمراہ ہوا وسجگہہ اذان دیتا ہی اور جماعت کے ساتھ نماز ادا
کیجاتی ہی بعض شبان اور پہاڑی گلہ بان وزیری ایسی بہی ہین کہ جنہون نے نماز کا سبق نہین
پڑہا بہ حیثیت مجموعی یہہ بات لکہی جاسکتے ہے کہ انکی واقفیت دین کی بہت کم ہے ؛

## ذکر مویشی ومالداری

وزیری گہوڑونکا ذکر اوپر ہوچکا ہے اس قوم مین سب سے زیادہ بہیڑی گوسفند کے گلّے ہین
خصوصاً شاخ احمدزئی بہیڑی کی رمہ بہت رکہتی ہین جو زمستان مین تہل پر اور گرما مین پہاڑ کوہ
سلیمان کی دہارون مین لیجاتے ہین نر بہیڑی اکثر بنون کی بازار وغیرہ اطراف مین فروخت
کی جاتی ہین اور مادی واسطی ترقی نسل رکہتی ہین انکی ملک مین بیشمار گلے بہیڑی سفید اور
خودرنگ کی چرتے نظر آتے ہین اون بہیڑی کی فروخت سی نفع اوٹہاتی ہین بکری کی رمہ پہاڑی
وزیری رکہتی ہین تہل پر آنی والون کی پاس بکری کم ہوتی ہے شتر بہی اکثر رکہتی ہین خصوص کوچی
لوگ جو اپنا گہر کا اسباب اور کیشدوے سفر کے وقت اونپر لاد کر لیجاتے ہین اور نمک کی سوداگری
بہی انپر ہوتی ہی نر بچہ اپنی قوم کے سوداگر وغیرہ لوگون کے پاس فروخت کیجاتی ہین وزیروال
شتر اکثر چہوٹے چہوٹے بی مہار اور محنت کش ہوتے ہین اور چہوٹی عمر مین اونپر پالان ڈالا جاتا ہے

روز بروز دولتمند ہوتی جاتی ہین شائد عادات چوری کو ذلیل سمجھکر اوس پیشہ کی طرف رجوع ہون جسمین دین دنیا کا بہلا ہو ؛

## حال پیداوار غلہ

انکی مسکونہ ملک کوہی مین گندم جوئی برنج پیدا ہوتے ہین پہاڑ مین زمینات انکی بہت کم ہے اونکی پیداوار سالانہ خوراک کیواسطی مکتفی نہین اور بسبب قلت زمین اور نہری ہونے کے قدر اوسکا یہان تک ہی کہ ایک دو پاستہ زمین جسکی بٹوی بحساب اوسط بیسہ روپیہ ونجت ہوتی ہی و پاستہ بزبان خود، اگز طویل رسہ کو کہتی ہین اور دہ گز دو فٹ تین انچہ کا ہوتا ہے ایک رسہ مذکور طول اور نیم رسہ عرض سی جو زمین حاصل ہوتی ہی اوسکو ایک دو پاستہ زمین کہتی ہین و پاستہ سی مراد طناب ہی زمین تہل مقبوضہ بعض فرقہ شاخ احمد زئی مین اکثر گندم ونخود اور خریف مین باجرہ اس کثرت سی پیدا ہوتی ہین کہ اونکی اپنی خوراک سی دہ چند زیادہ بچتا ہے جو فروخت کرکے نفع اوٹہاتے ہین ؛

## ذکر مذہب واعتقاد

کل قوم وزیری اہلسنت جماعت حنفی مذہب مسلمان ہین مگر علم مذہبی بلکہ قرآن شریف کا پڑہنا بہی انمین کم مروج ہی اور عقاید اسلامیہ اکثر اسمًا و رسمًا جانتی ہین نہ علمًا باوجود اسکی تعصب مذہب کا انمین مفرط ہے مذہب کی پاس بہت رکہتی ہین غیر مذہب کے لوگونکا مال لوٹ کر کہانا صواب سمجہتی ہین بلکہ گورنمنٹ انگریزی کی حدود کے اندر رہنی والے مسلمانون کا مال بہی حلال جانتی ہین گرچہ مسجدین اور اخوند اِن مین کم ہین مگر نماز اکثر پڑہتی ہین خصوص قوم اتمان زئی وزیری اور شاخ احمد زئی سی شعبہ سپیرکے اور قوم مسعود سی عبد لے اور علی زئی زیادہ نماز گذار مشہور ہین قوم اتمان زئی مستقل سکونت والون کو اکثر مسجدین بہی ہین گوکہ یہہ لوگ نماز کے جملہ فرائض اور واجبات اور قواعد رکوع وسجود سی بخوبی واقف نہین ہین مگر تاہم بہ فہید خود فرض کو ادا کرتے ہین آخوند اور ملّا کا قدر انمین بہت ہی اونکی زبان سی جو کچہہ نکلے اوسکو سند سمجہتی ہین وزیر اخوند بھی علم تہوڑا رکہتی ہین اور وعظ یا خطبہ مجمع عام مین اچہی طرح نہین پڑہ سکتی تعویذ نویسی اور سادہ لوح قوم کو اپنی فریب کے دام مین جلد پہنسا کر نذر اور شکرانے لیتی ہین اخوند کا کام یہہ ہے

کہ امامت کرکے نماز پڑہادی اور چہوٹے لڑکون کو نماز سکہاوین نکاح پڑہانا اور جنازہ کرنا بہی اخوند کا کام ہی اور میت کو غسل بہی اکثر وہ دیتا ہی اور میت کی کہنہ پارچات اوسکو ملتی ہین اور نیز پیداوار غلہ کا عشر یا اسقاط میت وغیرہ خیرات سی اخوندونکا گذارہ ہوتا ہے مگر اکثر اخوند لوگ مفلس ہوتی ہین اور بعض آسودہ حال ماہ رمضان کا روزہ فرض سمجہتی ہین مگرچہ پہاڑی اور جاہل وزیری ہین اونکو ماہ رمضان کی بہی خبر نہین ہوتی کہ کب آیا ہی مین نے سنا ہی کہ میدان کے رہنی والی وزیرون سی کوئی شخص آخر رمضان مین پہاڑ کو گیا اور وہان جاکر کہا کہ آج عید ہوگی پہاڑی وزیرون مین سی ایک شخص نی کہا کہ شکر الحمد للہ روزہ بہی گذر گئے اور ہمکو خبر بہی نہوئی کہ ہمارا غاڑہ یعنے گردن اس گناہ مین نہین پکڑی جاوے گی کیونکہ ہمکو رمضان کے آنے کی خبر نہین تہی اسواسطی بری ہوگئی جب یہہ لوگ کوچی پہاڑ سی آنے جانے کا سفر کرتے ہین تو جس منزل پر جاکر ڈیرہ کیا وہان کسی اچہی موقعہ پر ایک ایک پتہر رکہکر مسجد کی علامت بنالیتی ہین اور آخوند جو کا نوکوچی کی ہمراہ ہوا وسجگہہ اذان دیتا ہی اور جماعت کے ساتہہ نماز ادا کیجاتی ہی بعض شبان اور پہاڑی گلہ بان وزیری ایسی بہی ہین کہ جنہون نے نماز کا سبق بہی نہین پڑہا بہ حیثیت مجموعی یہہ بات لکہی جاسکتی ہے کہ انمین واقفیت دین کی بہت کم ہے ؛

## ذکر مویشی ومالداری

وزیری گہوڑونکا ذکر اوپر ہوچکا ہے اس قوم مین سب سے زیادہ بہیڑی گوسفند کے گلّے ہین خصوصاً شاخ احمدزئی بہیڑی کی رمہ بہت رکہتی ہین جو زمستان مین تہل پر اور گرما مین پہاڑ کوہ سلیمان کی دہارون مین لیجاتے ہین نر بہیڑی اکثر بنون کی بازار وغیرہ اطراف مین فروخت کی جاتی ہین اور مادی واسطی ترقی نسل رکہتی ہین انکی ملک مین بیشمار گلّے بہیڑی سفید اور خودرنگ کی چرتے نظر آتے ہین اون بہیڑی کی فروخت سی نفع اوٹہاتی ہین بکری کی رمہ پہاڑی وزیری رکہتی ہین تہل پر آنی والون کی پاس بکری کم ہوتی ہے شتر بہی اکثر رکہتی ہین خصوص کوچی لوگ جو اپنا گہر کا اسباب اور کیژدے سفر کے وقت اونپر لادکر لیجاتے ہین اور نمک کی سوداگری بہی انپر ہوتی ہی نربچہ اپنی قوم کے سوداگر وغیرہ لوگون کے پاس فروخت کیجاتی ہین وزیروال شتر اکثر چہوٹے چہوٹے بی مہار اور محنت کش ہوتے ہین اور چہوٹی عمر مین اونپر پالان ڈالا جاتا ہے

روز بروز دولتمند ہوتی جاتی ہین شائد عادات چوری کو ذلیل سمجھکر اوس پیشہ کی طرف رجوع ہون جسمین دین دنیا کا بہلا ہو؛

## حال پیداوار غلہ

انکی مسکونہ ملک کوہی مین گندم جو مکی برنج پیدا ہوتے ہین پہاڑمین زمینات انکی بہت کم ہے اونکی پیداوار سالانہ خوراک کیواسطے مکتفی نہین اور بسبب قلت زمین اور نہری ہونیکے قدر اونکا یہان تک ہی کہ ایک دیاستہ زمین جسکی ہٹوی بحساب اوسط ؏ روپیہ فروخت ہوتی ہی و یاستہ بزبان خود، اگز طویل رسہ کو کہتی ہین اور وہ گز دو فٹ تین انچہ کا ہوتا ہے ایک رسہ مذکور طول اور نیم رسہ عرض سی جو زمین حاصل ہوتی ہی اوسکو ایک دیاستہ زمین کہتی ہین دیاستہ سی مراد طناب ہی زمین تہل مقبوضہ بعض فرقہ شاخ احمد زئی مین اکثراً گندم ونخود اور خریف مین باجرہ اس کثرت سی پیدا ہوتی ہین کہ اونکی اپنی خوراک سی دہ چند زیادہ بچتا ہے جو فروخت کرکے نفع اوٹہاتے ہین؛

## ذکر مذہب واعتقاد

کل قوم وزیری اہلسنت جماعت حنفی مذہب مسلمان ہین مگر علم مذہبی بلکہ قرآن شریف کا پڑہنا بہی انمین کم مروج ہی اور عقاید اسلامیہ اکثر اسمًا و رسمًا جانتی ہین نہ علمًا باوجود اسکی تعصب مذہب کا انمین مفرط ہے مذہب کی پاس بہت رکہتی ہین غیر مذہب کے لوگونکا مال لوٹ کر کہا نا صواب سمجہتی ہین بلکہ گورنمنٹ انگریزی کی حدود کے اندر رہنی والے مسلمانون کا مال بہی حلال جانتی ہین گرچہ مسجدین اور اخوند ان مین کم ہین مگر نماز اکثر پڑہتی ہین خصوص قوم اتمان زئی وزیری اور شاخ احمد زئی سی شعبہ سپیرکے اور قوم مسعود سی عبدلے اور علی زئی زیادہ نماز گذار مشہور ہین قوم اتمان زئی مستقل سکونت والون کو اکثر مسجدین بہی ہین گوکہ یہہ لوگ نماز کے جملہ فرائض اور واجبات اور قواعد رکوع وسجود سی بخوبی واقف نہین ہین مگر تاہم بہ فہید خود فرض کو ادا کرتے ہین آخوند اور ملا کا قدر انمین بہت ہی اونکی زبان سی جو کچہہ نکلے اوسکو سند سمجہتی ہین وزیری اخوند بہی علم تہوڑا رکہتی ہین اور وعظ یا خطبہ مجمع عام مین اچہی طرح نہین پڑہ سکتی تعویذ نویسی اور سادہ لوح قوم کو اپنی فریب کے دام مین جلد پہنسا کر نذر اور شیرنی لیتی ہین اخوند کا کام یہہ ہے

بہی وزیر تہی اونہون نی اس خوشی سی چربی کو کہایا اور تعریف کری کہ جس سی معلوم ہوتا تہا کہ یہہ کہانا
ان لوگون مین غایت درجہ کا عمدہ ہی ہرچند کہ ایسے نازک موقع پر توقف کا بچانا ضرور تہا مگر بلحاظ
دل شکنی اوس خیرخواہ کی جسنی اپنے پیدلون کی جمعیت سی ہمارے وایسی کی راستہ کے حفاظت
بہی کری تہی اپنے ہمراہیون کو اجازت دی گئی جس سی اوسکو نہایت خوشی ہوئی اور جو
مہمان اور خرچ توره یعنی لشکرکشی کیوقت ہو وہ بموجب حساب توغ اپنی اپنی حصہ کا ہر کوئی ادا
کرتا ہے اور باقی مہمان خانگی بعض شاخون مین توغ کے حصہ پر اور بعض مین اپنی شوق اور
مقدور پر مہمان نوازی ہوتی ہی اور طعام مہمانی تین قسم کا ہوتا ہی اول سب سے عمدہ قدر کا کہانا
مہمان کی واسطے یہہ ہی کہ گوسفند فربہ ذبح کر کے معہ دُم یعنی چکتی چرب پکاکر حسب مقدور چاول
یا نان گندم یا مکی یا دلیہ مکی یعنی اوگرہ کہلاتی ہین اوسکو دمزہ مڑہی اور یا شکرہ وزہ کہتی ہین
کوغنڈے مڑتے یعنے روٹی جو روغن زرد کے ساتہہ گندم وغیرہ کا نان کہلایا جاوی تیسرا
وچتہ مڑے یعنے خشک روٹی جسکو وچہ ٹکلہ بہی کہتی ہین اور دوسرے قسم مین مرغ خانگی پکا کر طعام
دینا بہی شامل ہی مگر مہمان کی واسطی کبہی چرگ یعنے مرغ ذبح نہین کیاجاتا مگر گتینی وزیرون
مین اب مرغ حلال کرنے کی رسم ہوگئی ہی غرضکہ مہمان داری مہمان کے حیثیت پر کرتے ہین قدرمند
اور معزز مہمان کی واسطے اچہی اور دوسرے کے واسطی ناقص مہمان داری ہوتی ہی جو اجنبی مسافر
ہو اوسکو وظیفہ مانگ کر گذارہ کرنا پڑتا ہے مگر اخوند اور ملا کی نام پر اجنبی جاہل بہی مہمانی کہاسکتا
ہے مہمان کیواسطی لحاف اور چارپائی تو کم میسر ہوتی ہے مگر ایک چہوٹے دری اون کی قدرمند
مہمانون کو دیتی ہین جو زمین یا چٹائی پر اوہڑیا بچہا کر گذارہ کرلیتے ہین اور ہندو مہمان کی بہی
مہمانداری کرتے ہین اور مہمانی کو بزبان خود ملستیہ کہتی ہین ؛

## حال آسودگی وافلاس

یہہ لوگ ابتدائی سی نہایت افلاس کی حالت مین تہی عملداری سرکار انگریزی مین جن شاخون کو
تہل کی زمین پر بامن تمام تردد کاشتکاری حاصل ہوا وہ آسودہ ہوگئے ہین اور سوائی اونکے
جو شعبی پہاڑ مین آباد ہین اون مین بہی پیشہ سوداگری والی مرفہ حال ہین اور باقیماندہ لوگ
خصوص مسعود سوای سوداگران آہن بدستور تہیدست ہین اور بچشم خود دیکہتی ہین کہ تنگ معاش والی

چشم فراخ پیشانی کینہ توز زود رنج ننگ پرور اور طامع ناعاقبت اندیش اور شناخ مسعود کی شناخت کا ایک اور نشان عجیب ہی کہ اس قوم کی دانت ۲۹ یا ۳۰ ہوتی ہین اور بہت چہوٹے چہوٹے گہسی ہوئی اور دوسرا اکثرون کی پیٹہہ پردو شانہ سی آگی کو جہکی ہوئی خم دار معلوم ہوتے ہے اکثر اس قوم کے آدمی ساری سر پر لمبی بال تا بہ شانہ رکہتی ہین گرچہ اونکو صاف رکہنی کا ارادہ نہین ہوتا الا تلخ تیل یا روغن زردسی چرب رکہتی ہین اکثر پوشاکین اسقدر چرگین اور میلی ہوتے ہین کہ رنگ اونکا بالکل سیاہی ہوجاتا ہی صابون کا خرچ قریب عدم خرچ کے ہے کئی آدمی ایسی ہین کہ جنہون نے سال تک کپڑا صاف نہین کیا جسجگہہ بے نماز ہونے کا شبہ ہو تو اوس موقع کو پانی سی ذرا پاک کرلیا:

## مہمانداری

یہہ لوگ اپنی قوم اور آشنا مہمانون کی ضیافت بڑی تپاک سی کرتے ہین آٹہہ سی زیادہ مہمان ہون تو سر درا و نکی واسطے گوسفند حلال کیا جاتا ہی بشرط معتبر مہمان ہونے کے کم کیواسطی بہی اور جملہ گوشت سوای کلیجی یعنی آنتین معہ سر و پا مہمانون کی سامنی پکا یا جاتا ہے تاکہ شبہ خودخوری کا نہو جب پک کر تیار ہوگیا تو آٹہہ آٹہہ آدمیون کی واسطے علیحدہ علیحدہ تہال برین حصہ لحم کا کرکے آگی رکہدیا اور صاحب خانہ اکثر اپنی ہاتہہ سے ہر ایک مہمان کی ہاتہہ مین موٹا ٹکرا گوشت کا معہ استخوان اور چربی کا پکڑا دیتا ہی شوربا کی ساتہہ کہانیکو چاول پختہ معہ روغن یا گندم کی روٹی حسب مقدور میزبان اور اکثر توسکے کا دلیہ دیا جاتا ہی یہہ تشریح میری چشم دید ہی کیونکہ ایکدن پہاڑ غیر علاقہ کے اندر مین بہی اتفاقاً مہمان ہوا تہا سبب اوسکا یہہ تہا کہ ایک سنگین مجرم مفرور سابقہ بارادہ ارتکاب جرایم اپنی گروہ کو لیکر بنون سی تخمیناً ۴ میل در درہ خیسور پہاڑ کے اندر جاگزین ہوا تہا اوسکی تدارک کیواسطی ۹ فروری ۱۸۶۳ء کو قریب سو سوار جن مین اکثر ملکان رعایا وغیرہ تہی ہمراہ لیکر شب کو پہاڑ کی اندر براہبری وزیران خیر خواہ سرکار چلا گیا بعد گرفتاری چند مجرمان جب واپس آتے تہے تو جو قوم پہاڑ کے اندر ہماری خیر خواہ تہی اوسکی ملک نے سامان مہمانی تیار کر رکہا تہا جب درخواست اوسکی جب جاکر دیکہا تو گوسفندون کی چربی پر گہاس لپٹا ہوا اور اسطرح ہر ایک اندام پختہ کیا ہوا تیار تہا مین نے اپنے ہمراہان کو اجازت کہانی کی دی اور چونکہ اکثر میرے

اوس سی خود گہاس کی چپلی کی طرح بناکر مرد اور زن پہنتی ہین کورتہ سرخ پارچہ کا یا نیلہ جسکی گریبان
اور سینہ پر کام کیا ہوا ہو عورات وزیری بہت پسند کرتی ہین موٹا پارچہ جسکو خمتا کہتی ہین
اور رنگ دار بہی اکثر احمدزئی اور اتمان زئی وزیری بنون کی بازار سے اور مسعود ٹانک
اور بنون سی خرید کرکے لیجاتی ہین اپنی ملک مین پیدا وار کپاس نہین ہوتی اس جنس کی خرید
ہمیشہ باہر سے ہوتی ہی ؀

## شوق سرود

یہہ لوگ اصل موسیقی سی مطلق واقف نہین مگر اپنی دل بہلانی کیواسطی انمین بہی حسب حال قوم سرود
اور ناچنا گانا مروج ہی چینکار جسکو بزبان خود سرینده بولتی ہین اور بہت بدوضع لکڑی کا بناکر
اوسکی اوپر تین تانت رودا کی لگاتے ہین اور پہر ایک کمانی خورد جیسا کہ سارنگی بجانے کے
ہوتی ہی گہوڑا کی بال سی بناکر اوس سی بجاتے ہین اگرچہ اس سرینده کا آواز صرف مغز خراشی
ہے مگر وزیری لوگ اسپر ایسے عاشق ہین کہ جہان سرینده کا آواز سنا سب کام چہوڑکر
وہان جمع ہوتے ہین اور سرینده کی آواز پر بڑے شوق سی کہڑے ہوکر ناچتی ہین اور چکر مارتے
ہین اور سرینده بجانے والی کی سر پر تال لیتی ہین اور اسطرحکا ناچنا اور سندری گانی بلاشادی
کی بہی رسم عام ہی اور ناچنی گانی کیوقت چہوٹا بڑا کوئی شرم نہین کرتا جہان مجمع ہوا اور
سرینده بجا وہان ناچنا شروع کیا علاوہ سرینده کی آجڑے اور گلہ بانون کی پاس ایک نی کی بانسری
ہوتی ہی جسکو دزدے کہتی ہین اور اوسمین پانچ سوراخ ہوتی ہین وہان کی ایک کنارہ
پر رکہہ کر پہونکتی ہین اور اون سوراخ پر ہاتہہ مارنے سے ایک اثرناک آواز نکلتا ہی اور اوس آواز
پر بہی گلہ بان اور آجڑی لوگ جمع ہوکر ناچا کرتے ہین اور شادیون مین ڈہل کی آواز پر سندرے
اور ناچنے سے شور مچاتی ہین غرض کہ ناچنا گانا انمین ایک بڑی خوشی اور شوق ہی مگر ان کے
شوق کی برابر سرود اونکا مزہ دار نہین ہی عورات گرچہ سندری گاتی ہین مگر ناچتے
نہین ڈہل اور سرنا میراسی یا ڈوم بجاتی ہین وزیرونکا اپنا باجہ صرف سرینده اور دزدے یعنی بانسری ہے

## طرز وضع اور طبیعت

اس قوم کی اکثر آدمی تنومند اور محنتی اور پورہ قد ہوتے ہین خوش شکل کم بیضاوی چہرہ گول

ہوا موٹا پارچہ کی رداء جسکو بزبان خود ٹکرے کہتی ہین اور عمر رسیدہ عورتون کی سر پر موٹا پارچہ کا چھوٹا دوپٹہ اپنی مٹی کا رنگ دیکر خاکی کیا ہوا ہوتا ہی اور نازنین عورات جنکو یہہ لوگ شاہزنی تچی کہتی ہین اور نارہ کتخدا ایجائی رداء چھی نام پارچہ جسکو سلاری کی طور سرخ سیاہ زرد رنگ کے خط ہوتی ہین اور یا لونگی جسکا کنارہ ریشمی ہوتا ہی اوڑہتی ہین اور کورتہ زنانہ جسکو بزبان پشتو خت کہتی ہین دو قسم کا ہوتا ہی ایک نجلانہ خت اور دوسرا گریوانہ خت پہلی قسم کا ناکتخدا دختریں پہرتے ہین اور وہ اکثر مٹیالے کپڑے کی سرخ چھینٹ کا ہوتا ہی اور اوسکے گریبان پر کچہہ کام نہین ہوتا اور نہ چین ہوتی ہی دوسرا قسم شادی کی ہوئی عورتین پہنتی ہین اکثر موٹا پارچہ سرخ کیا ہوا یا نیلہ سیاہ ہوتا ہی اور اوسکی گریبان کی گرد تمام سینہ پوش پر اکثر سرخ اور زرد ریشم یا سوت کا موٹا کام اپنی ہاتہہ سی مونثات کرتے ہین اور سینہ سی ذرہ نیچے تمام کورتی کی گرد چین اسقدر ہوتے ہین کہ ایک گون معلوم ہوتا ہی سینہ سی اوپر چست اور تنگ اور اوس سی نیچے فراخ گہیرہ دار پیشواز کے طرح ہوتا ہی طول مین گردن سی لیکر عورت کی پانو تک لمبا ہوتا ہی اور شلوار یا آزار کتخدا عورتین اکثر نیلے اور پیلی سوسے چند اقسام سی جسکو بزبان خود بیگی اور زیر خیش اور تنور خیش کہتی ہین اوڑہ بناتی ہین طرز ساخت اوسکی یہہ ہی کہ تا بزانو چین دار مثل پائجامہ کے وضع ہوتی ہی اور نیچی تنگ پائجامہ کیطرح معلوم ہوتی ہی اور زانو سی اوپر فراخ اور مفلس و زبران کوہستانی کی عورات قلیل بنظر کفایت ایسا ہی کرتے ہین کہ زانو تک بقدر ایک ایک گز سوسی کی چین دار پٹی بنا کر زانو کے پاس خوب مضبوط باندہ دیتے ہین اور اوسکو بزبان خود ورپلے کہتی ہین زانو سی اوپر شلوار نہین ہوتی اوسکا کام یہی مثل کشمیر کے لوگون کی خت یعنی پیراہن سی لیتی ہین فی الواقعہ ایسی چہولداری سے ہوتی جو تا بشتالنگ طول ہوتی ہی شلوار کی چندان ضرورت بہی نہین ہی اور ناکتخدا دختریں سفید موٹا پارچہ کی پرتوگ یعنی شلوار اوسیطرح زانو تک چوڑی دار اور اوپر گہیرہ دار پہرتے ہین ناکتخدا دختران جنکو بزبان خود نجلے یا پیغلے کہتی ہین اور کتخدا عورات مین شناخت کی واسطی وزبردلہ مین یہہ مشہور علامت ہی کہ ناکتخدا اسفید پائجامہ اور چھینٹ سرخ کا سادہ کورتہ بلا چین رکہتی ہین اور مطلب رسیدہ عورات برعکس اونکی لمبا اور چین دار اور گریباندار کورتہ اور سوسی کی شلوار پہرتے ہین اور پانو مین چپلے چرمی اور اکثر تو مزرے جو ایک قسم کا پہاڑی بیٹہ ہی

اور آنار مگر ناقص اور ترش باور رنگ جو تگی کی زراعت ہین اکثر کاشت کرتے ہین - کدو کو و زبرنی
لوگ پختہ اور خام دونون طرح کہاتی ہین - ہندوانہ مگر بہت نہین ہوتا خنغوزی یا نغوزی جسکو ہندے
ہین نیزے کہتی ہین درخت چیل کا پہل یہہ درخت پہاڑ مین خود رو ہی الا ہر ایک اپنی مقبوضہ حد تک
اختیار فروخت کا رکہتا ہی مگر ایسا ارزان کہ دو تین روپیہ پر بہت سا جنگل ان درختون کا پہل لینیکی
واسطی فروخت کیا جاتا ہے اور علاوہ اپنی شکم پوری کی بازار بنون مین فروخت کیو اسطی لاتی
ہین کشلغی بہی اسی قسم کا ایک ثمر ہی ترہ کی ایک شیرین ترش آمیز میوہ ہی دوسرے
قسم کے وہ میوہ جو مفت پہاڑون مین خود رو ملتی ہین اور یہہ لوگ خوب سیر ہوکر کہاتی ہین ثمر توت
جو بہار کے موسم مین بہت کثرت سی کہایا جاتا ہی اور مسعود و زبری تو خام بہی کہاتی ہین گورگورہ
ایک چہوٹی سے بوٹہ کا سیاہ رنگ ثمر تازہ بتازہ خوب مزہ دار ہوتا ہی اور یہہ لوگ معہ گٹہک کہا
جاتی ہین ستو لغی یا شلوتئے جو درخت زیتون کا میوہ ہی اور شیروہ اور موتا بنئہ اور پشتوزگے
انخرنے یعنی گونگیر یہہ پہاڑی میوی انکی عمدہ خوراک ہی اور میوہ گورگورہ کو تو صحت افزا بہی
کہتی ہین ؛

## پوشاک

اول لباس مردانہ دستار موٹا کپڑہ کی اکثر تین گز سی ہفت گز تک طول مین عموماً سیاہ نیلہ رنگ اور
قوم توری چیل سرخ عنابی رنگ اور باقی سفید مگر اسقدر بوسیدہ اور کہنہ ہوتی ہین کہ سوائی آسودہ حال
ملکان کی باقی لوگ شاید تمام عمر مین ایکدو دستار کو پورہ کرتے ہین اور چادر یا ردا جسکو بزبان خود پٹکی
بولتی ہین سفید موٹا کپڑے کی اور اکثر پہاڑ مین کمل سفید رنگ کی اوڑتی ہین اور بعض ملک لونگے بہی
رکہتی ہین قمیص اگر پارچہ کا ہو فراخ بلا چین اور چین دار اندر کہہ کو خلقہ یا اینکوئے کہتی ہین عموماً موٹے
اون کا فراخ انگرکہہ اکثر خود رنگ جسکی گریبان اور پردہ پیشبند پر ریشم اور سوت سرخ اور زرد کا
کام اونکی عورات کرتے ہین اور اس اونی انگرکہہ کو بزبان خود شڑے کہتے ہین بہت پہنا جاتا ہی
قیمت اوسکی ایکروپیہ سی لیکر دو روپیہ تک ہوتی ہی اور پائجامہ مردانہ سفید موٹے پارچہ کا ذرہ فراخ
اور مسعود کی محنتی لوگ اون کا بہی پہنتی ہین اور بعض ملکان معتبر بڑے گہیرہ دار پائجامہ فراخ
بوقت آنی حضور حکام پہر لیتی ہین لباس زنانہ عموماً عورات کے سر پر نیل کا سیاہ رنگ دیا

الاا س قسم کا طعام سوائے عزیز اور قدر مند مہمان اور دولتمند آدمیونکے باقی لوگونکو سالہا مین میسر نہین ہوتا
اور طرز کہانیکی یہہ ہے کہ سب کہر کے مرد آدمی یا جتنے ادمی مہمان ہون ایک بڑی شنگ یعنی چوبی طشت
اور یا کونڈول یعنی گلی تغار مین طعام ڈالکر اور اگر شوربا، یا شربت یا لسی یعنی دوغ میسر ہو تو اوسمین مشترکا کو ٹکر
شاملا کہاتے ہین اور جو فضلا اونکا بچ رہے وہ عورات علیحدہ بیٹہہ کر کہاتے ہین اس قوم مین مرد عورت
بلکہ شوہر زوجہ بہی کبہے شامل ہو کر کہانا نہین کہاتے ان لوگونکی سحر خیزی مشہور ہے مگر صرف عبادت
معبود حقیقی کیواسطے ہی نہین ہے بلکہ اکثر معمولی عادت ہی کہ صبح صادق سی پہلے سب مرد و زن اوٹہہ کر
عورات روٹی پکانیکا فکر کرتی ہین اور مذکر مویشی چرانیکا طلوع آفتاب سی پہلے نان صبح نوش جانکر کے
اپنی اپنی کام مین مصروف ہوتے ہین کہانا پکانا عورات کی معمولی خدمت مین داخل ہے ایکروز مولف خود
اونکے فرودگاہ مین جب وہ پہاڑ کیطرف کوچ کئی جاتے تہے واسطے دیکہنے دستورات کوچ و مقام کے گیا اور
دیکہا کہ اوس کمپ مین شام کیوقت ہر طرف آگ جلتی ہے اور وزیری عورات جو مستورہ نہین ہوتی روٹیے
پکا رہی ہین اور وزیری مرد بیٹہے ہین پتہر کے بڑے موٹے تابہ پر کوئی گندم کی پتلی آب آمیز اوسی ویشلیہ
پکاتی ہے اور اکثر نان جو و مکی پکا رہی ہین ونکی جو اور مکی کی روٹی موٹائی مین دو انچہ سے کم نہین
ہونگی اور جب ذرہ سی دونون طرف روٹی کے تابہ پر خشک ہو چکی تو تابہ سی اوتار کر چولے کی گرم
خاکستر اور خفیف آگ مین دبا دیتے ہین جسمین وہ خوب سرخ ہو کر پکتی ہین تب نکالکر کہاتی ہین
علاوہ معمولی غلونکی اون کے پہاڑ مین درخت ثمر نتیجہ کا پہل جسکا نام پڑگئے یعنی شاہ بلوت
اوسکو کوٹ اور خشک کر کے چکی مین پیسکر مفلس لوگ اور قحط اور تنگی کے ایام مین اکثر
وزیری آرد جو کے ساتہہ ملا کر روٹی پکانے سے اپنی شکم پری کرتے ہین اور ایک اور بوٹہ
موسوم تر کے چوڑے پتے خشک کر کے آرد بنا کر خاص لسی مین کہاتے ہین اس قوم کے
اپنی مقبوضہ پہاڑ مین چند اقسام میوے تر اور خشک پیدا ہوتی ہین جسکو یہہ لوگ بہت
عزیز اور غنیمت سمجہتی ہین اون کو دو تفریق سے بیان کرنا مناسب ہی پہلے وہ میوہ جات
کہ جو سوائے مالکان اور اون کے عزیز اقربا اور دوستون کے باقی عام قوم کو قیمت
سے میسر ہوتے ہین مندرجہ یعنی زرد آلو بعض جگہہ پہاڑ مین بہت ہی اکثر غلہ جو و مکی کے ہموزن
یا چار انہ فی بار بیل فروخت ہوتے ہین انگور جو غلہ گندم کے مساوی بکتے ہین مگر بہت نہین ہے الوچہ

وعدہ کیا ہی کہ ہم اپنے فرزندونکو علم مروجہ کی تعلیم مین مشغول کرینگی دیکہا چاہی اس نیک عہد کی ایفا کیتک نوجمین بہرتی ہوینگی کچہہ خواہش نہین اپنی ملک سی باہر سفر کرنا مطلق معدوم ہے کوئی قلیل وزیر ایسا ہوگا کہ جسنی اپنے ملک کی حدود سے چالیسہہ کوس تک باہر سفر کیا ہو قریب کل کے ایسی ہین کہ جنہون نے اپنے وطن کی حدود سے باہر پانوبہی نہین رکہا سوداگری کیواسطے دور کی ملکونمین کوی بہی نہین جاتا اس قوم مین مثل دیگر پشتون قومونکے حجرہ یعنی مکان نشست مردانہ نہین ہوتا اپنے کیژدی یا گہر کی سامنی اپنی کنبے کی مرد عورت زمین یا چٹایونپر بیٹہے رہتی ہین اور جب کوئی مہمان اوے تو اوسکو علیحدہ میدان بموسم زمستان آگ جلا دیتے ہین اور میزبان مرد بہی اوسکی پاس جا بیٹہتے ہین جب خاص ضرورت مردمان کی جمع کرنے کی ہو تو ایک میدانمین جمع ہوتی ہین اوس مجمع مین حقہ پینا اور اپنی مویشی اور زراعت کی باتین کرتے ہین اور بہلول نزی مسعود واردات رہزنی اور چوری کے قصے جو گذرے ہین یا آئندہ جنکی تدبیر ہے اکثر کرتے ہین مسعود وزیری نسوار بہت چڑاتے ہین اور لوہا کی سوداگری کا ذکر عبدلی مسعود اپنے مجمع مین کرتے ہین بہنگ اور چرس پینے والی تہوڑے آدمی ہانازی کی شاخ مین اور شعبہ محمد خیل احمد زئی مین ہین شراب کوئی نہین پیتا لولی باز یسے نفرت کلی ہے جہوٹہہ بولنی سے کچہہ پرہیز نہین ہے مگر ایسی سادہ تقریر سے بولا جاتا ہے کہ تہوڑیسی ردّ و کد کے بعد تمیز راست و دروغ کی ہو سکتی ہے جو ہماری عدالتونمین اس قوم کے مجرم بعلت سرقہ وغیرہ ماخوذ ہو کر آتے ہین تو وہ اپنی بریت کی سہل وجہ انکار سمجہتے ہین اور اور بعض دفعہ اپنی صفائی کے گواہ مال مسروقہ کے حصہ خور اور اپنی رشتہ دار بلکہ جو سرقہ مین شریک تہے وہ بہی لکہا دیتے ہین اور ایسی گواہ ہمیشہ مفید مطلب عالہم شہادت دیتے ہین +

## خوراک

کہانے مین عموماً گندم یا مکی اور جو کی روٹی اور گوسفند کا گوشت زیادہ کام آتا ہے مکی کا دلیہ اکثر کہایا جاتا ہے سفر مین اور نیز سارق گروہ اور نیز غیرہ سفری بہیر کاک پکا کر کہاتے ہین کاک اوسکو کہتے ہین کہ گول پتہر آتشمین گرم کرکے اوپر آرد لپیٹ کر خفیف آگ کی خاکستری کوئلونمین دبا دیتے ہین چند عرصہ کی بعد جب پختہ ہو جاوین تو نکالکر اور پتہر سے اوتار کر کہاتی ہین قند سیاہ کی شربت اور دوغ مین کوٹکر روٹی کہانا انکی مزہ دار طعام ہے اور آرد کہی چہانا نہین جاتا سب سی عمدہ کہانا انکی یہہ ہی کہ موٹی برنج روغن زرد کے ساتہہ ملا کر کہانے اور گوشت اور چربی گوسفند گندم یا مکی کی روٹی یا چاول کے ساتہہ نوشجان کرتی

جاتی ہے اور اوسکو بزبان پشتو کیزدی کہتے ہین اور یہہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک موسم سرما
کی جو ذرہ کلان اور دو چوبی ہوتی ہے اور دوسری گرما کی جو سفر مین بہی کام آتی ہے چہوٹی ہوتی ہے
قیمت اونکی آٹہہ روپیہ سی لیکر بیس روپیہ تک فی کیزدی ہوتی ہے بموسم سردی سب کہر کے آدمی
مرد عورت شامل ہوکر اوسکی اندر یکجا زمین پر سوتی ہین الا جنکے تازہ شادی کی ہوتا ہو اور اولاد
جبتک کہ شوق تازہ شادیکی رہے باقی کنبہ سے ذرہ علیحدہ اوسی کیزدی مین اسقدر پردہ سی
سوتا ہے کہ بیچ مین بطور آڑکے کچہہ اسباب گہر کا رکہا جاتا ہے باوصفیکہ طول اوس کیزدیکا چار گز
سے اور عرض تین گز سے زیادہ نہین ہوتا تاہم جاڑیکی شدت مین بقدر گنجایش مواشی بہی اپنی
شامل اوسکی اندر رکہتے ہین *

## تقسیم کار خانگی درمیان مرد و عورت

جسکی پیسنے و پانی لانے اور دیگر معمولی خانگی کامون کے سوائے جب مرد فصل کاٹتی ہین تو اوسکو
خرمن پر جمع کرنا اور بچہ اگوسفندان کو چرانا اور لکڑی سوختنی اور گہاس لانا اور مردونکی قمیص
کا اوبی کپڑا بنانا عورات کی ذمہ ہے اور سفر مین جب پہاڑ کو جاتے آتے ہین تو پانی کی مشکین
اوٹہانا انکی گویا معمولی خدمت ہی اور سفر مین بار لادنا اور اسباب لیجانا بہی عورات کی ذمہ ہے باوجود
اسقدر محنت دینی کے پہر بہی اونکی بیقدری بہت ہی یہانتک کہ عورات کی قاتل پر قصاص لازم نہین

## پیشہ و عادات

ابتدا مین اس قوم کے اکثر آدمی پیشہ گلہ بانی اور رمہ چرائی اور نمک سبز کی فروخت کا رکہتے تہے
حال مین اکثر پیشہ کاشت کاری و مالداری و رمہ چرائی گوسفند اور اون فروشی وغیرہ سے اپنا گذارہ
معاش کرتے ہین اونکی بہیڈیونکی اون گرچہ عمدہ قسم کی نہین ہوتی کیونکہ میلہ اور آلودہ کاٹی
جاتی ہے مگر انکی گوسفند خوراک اور کلانی مین اسقدر عمدہ ہوتی ہین کہ اول درجہ کا گوسفند آٹہہ
غایت دس روپیہ تک بکتا ہے و قلیل سوداگری نمک و مواشی و پارچہ سوسی و سفید و روغن زرد
کی رکہتی ہین و نیز ہندو وغیرہ بیوپاریان جو ملک خوست اور دوڑ سے آتی جاتے ہین اونسے باخذ اجرت
بدرقہ کرنا اور باقی پیشہ چوری و رہزنی رکہتی ہین نسبت زمانہ ماضیہ حال مین نیک معاشونکی تعداد کی
فرقہ سے زیادہ ہوگی ہے حصول علم کا شوق مطلق نہین حال مین چند ملکان نے میرے سا[illegible]

## طریق کوچ

شاخ احمد زئی و اتمان زئی کے اکثر فرقے بماہ اپریل و مئی شروع موسم گرما کوہ سلیمان کے علاقہ شوال و واٹہ و تیرہ وغیرہ سرد پہاڑی ملکون مین جاتے ہین اور شروع موسم خزان مین بماہ اکتوبر نومبر دامن پہاڑ پائینہ ملک کو واپس آتے ہین اور پنچی دونون ملکونمین کم زیادہ ہر ایک فرقہ کی جو نواح بنون مین زمستان کو رہتی ہین ملکیت اراضی واقعہ ہے کیونکہ علاقہ پہاڑی مذکورہ بالا انکی قدیمی ملجاء ہے اور تہل وغیرہ پیچھے سے لیا جب یہہ لوگ اوپر پنچی جاتے آتے ہین تو ان کی محنت قابل رحم ہوتی ہے مین نے بارہا بچشم خود انکا کوچ دیکہا عورات پر بڑی مشقت ہوتی ہے ایک قافلہ کے ساتہہ ایک عورت فرقہ پائینده خیل کی تہی جسکی پشت پر ایک مشک پانی کی اور سر پر ایک پسر خورد سال اور کاہندے پر ایک تیر یعنی بلہ خورد چوبی رکہا ہوا تہا اور باوجود اسکی اجڑ کو بہی ہانکتی تہی اور جب اوسکا بچہ روتا تہا تو اوسکو دودہ بہی پلائی تہی اور اسیطرح پانچ چہہ برس کا ایک لڑکا تہا جو گلہ شتران کو ہانکے جاتا تہا پاؤن سے برہنہ جب شتر انکی پیچہی بہاگے اور پاؤن مین کانٹا لگی تو بے کسی تردد کے جرات سے اوسکو نکال کر اپنے کام مین مصروف ہوتا تہا اور باوجود دیکہ دہوپ سخت تہی مگر سر سے برہنہ تہا اس حال سے اور مضبوطی اس قوم کی ظاہر ہوتی ہے بالغ مردون کے پاس اسلحہ اور گوڈے چرمی جسمین آرد زاد راہ ہوتا ہے اور اجڑ کو ہانکتی جاتے تہی ایسی سخت دہوپ مین کوچ تہا کہ معاذ اللہ اور راستے کی منزل طے کرنے کی وقت اکثر دیر نہین لگاتے کسی درخت وغیرہ سایہ کے نیچے گذارہ کر لیا صبح نماز کیوقت قبل از طلوع آفتاب کوچ کرتے ہین اور غایت چہہ کوس تک منزل کرکے دس گیارہ بجے دن کی پہونچ کر آرام کرتے ہین اور اپنے مویشی اور اجڑ کو چراتے ہین اور کہانا صبح کا کوچ سے پہلی پکاتے اور رات کا کہانا منزلگاہ پر پکاتے ہین اور ایام سفر مین ہمیشہ خشک روٹی گندم یا مکی یا جو کی کہاتے ہین اور اگر پکا نسکیں تو خام آرد بہی پہانک لیتے ہین ❊

## دستور گرڈدے یا کیژدے

ان کوچی قومون مین واسطے رہایش کے ایک چہوٹا خیمہ مثل بد وضع چہولداری کی بکریون کی جت کا بنا ہوا ہوتا ہے اکثر سیاہ جت سے بطریق گونی مانند دری کی چوڑی لمبی بقدر مطلوب بنائی

ایسی پورانی رہن کا کچہہ مضبوط ثبوت ہنوچی پیش نہین کرسکتی اور نیز بموجب شرط اول -
اشتہار کرنیل اڈوارڈس صاحب مجریہ ہفتدہم ماہ دسمبر ۱۸۴۷ء کے وزیری مقدمہ جیت لیتی ہین
ذیل مین ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے جس سے تخمیناً رقبہ مقبوضہ وزیران اندر حدود ضلع بنون
معہ تعداد جمیع د انعام ملکان وغیرہ معلوم ہوگا مگر نسبت تعداد و رقبہ اس سبب سی صحت کا اطمینان
نہین ہے کہ پیمایش معتبر کل رقبہ کی نہین ہوی +

# نہری زمینات

بارانی رقبہ کے قبضہ کا حال اوپر لکہا گیا اور آبی زمینات علاقہ بنون خصوص تپہ منا خیل سورانی مین جو وزیران عمرزئی وغیرہ کے پاس آگئی ہین وہ عموماً بذریعہ رہن بنوچیون سے حاصل کیے ہین نہ کہ جبر سے اور سبب اِس رہن کا عہد افغانی مین اکثر یہہ ہوا کہ وزیری لوگ مرتہن بنوچیون سے زمینات رہن لیکر خود قبضہ کاشت نہین کرتے تہے بلکہ اکثر راہن خود کاشت کیا کرتے تہے اور وزیری لوگ جب موسم زمستان مین پہاڑ سے نیچے آتے تہے تو قابضان سے کچہہ قدر غلہ مکی وغیرہ بابت حق رہن واسطے آذوقہ کے لیکر اوسکو غنیمت سمجہتے تہے اور اسطرح غلہ معینہ پر زمین کے دیدینے کو اجارہ کہتے ہین جب بنوچیون نے ایسی سادہ لوح مرتہن دیکہے تو خفیف زر رہن پر زمینات رہن کردی لوگ کہتے ہین کہ جب اول وزیری لوگ علاقہ بنون مین داخل ہوئے تو ایسے ناواقف تہے کہ زراعت سبز ہلدی کو تسا کو جانتے تہے اور نیشکر کے بوٹہ کو بیخ سے کہود دیتے تہے کہ اسکی جڑ مین روڑی قند سیاہ ہو گی ایسے مرتہنان پر رہن کرنے سے بنوچیون کو زمین کے چلے جانیکا خطرہ نہین تہا دوسرا تپہ مندی خیل مین عمرزئی وزیری کے ہاتہہ اکثر زمینات کا رہن ہوجانے کا یہہ سبب تہا کہ عملداری دُرانی مین تلنگ یعنی مالگذاری ہمیشہ مالک زمین سے وصول ہوا کرتی تہی مرتہن معاملہ سے باوجود قبضہ زمین بری تہا اسمی چیاڑ ملک قوم چاوزی سورانی نے ایکدفعہ حاکم درانی کو نذرانہ مان کر یہہ تجویز کری کہ مرہونہ زمینات کا تلنگ مالکان سے نہ لیا جاوے اِس مشورہ کی امید پر چیاڑ نے اپنی اکثر زمینات قوم وزیری پر رہن کردی تاکہ تلنگ سے سبکدوش ہون اور وزیری لوگ خود پہاڑی ہین اون پر تلنگ نہین ہوگا مگر دیگر ملکان کی نارضامندی کے سبب سے یہہ منصوبہ نہ چل سکا سب زمینات مرہونہ و مقبوضہ کا تلنگ چیاڑ سے لیا گیا جس سے وہ برباد ہوا اور زمینات بہی منتقل ہوگئین تب سے وزیری لوگ قابض چلے آتے ہین اکثر اب اپنے قبضہ مین کرلئے ہین اور حصہ پر شتقلتیان کو دی رکہے ہین اور قلیل اجارہ اور بعض رہن در رہن ہوگئے ہین اب جو بنوچی فک الرہن کا دعوی کرتا ہے تو وزیری لوگ اپنی میراث پدری یا جدی بتلا کر دعوی رہن سے اکثر انکار یا لاعلمی لکہاتے ہین اور چونکہ

وزیری جو گوندیدار قوم کشتر داؤد شاہ کی تہی اونکو کشتر کے لوگون نے اپنی حصہ کی زمین موسوم پٹانہ دیدی اور مشرون نے اپنا حصہ اوس زمین سے قوم محمد خیل وزیری کو دیدیا تب سی جسکو عرصہ تخمیناً سو برس کا گذرا ہے مغربی حصہ تپہ داؤد شاہ دامن کوہ مین وزیرونکی مستقل قبضہ کے درخت نے جہڑ پکڑی ان ہی ایام مین قوم وزیری کا بڑا ملک بارا خان محمد خیل وزیری تہا اوسکے بعد تخمیناً شصت بسال گذری ہون گے کہ سر مست خان حسینی و سکندر خان موسکی و دیگر ملکان سپین گوندی بتوچیون نے قوم محمد خیل وزیری کو ایک گہڑی متصل زیارت خواجہ عبد اللہ صاحب واقعہ تالہ کورم کے سامہنی واسطے تنگی قوم کشتر بنوچی جو تور گوندیمین تہے بنوادی اوسکی ذریعہ سے کرم کا کنارہ محمد خیلو نکے قبضہ مین آیا اور تخمیناً چالیس برس ہوئی کہ موضع خنیتی کرم کی برآمد زمین مین وزیرون نے بنایا اور تپہ داؤد شاہ مین بعض زمینات بذریعہ رہن وغیرہ اپنی قبضہ مین کری تب سی برابر قابض چلی آتے ہین اور مشرقی و شمالی تہل پر رمہ چرائی کرتے رہی اور تدریجاً اپنی غلبہ سے قوم مروت اور خٹک کو ہٹاتے گئی اور قوم سورانی اور جنڈو خیل بنوچی سے سند راوٹ اور تہل دبک و منک کچہہ قصاص دو کس وزیران کے بدلہ مین کچہہ دباؤ سے لی لئے اور چشمے اور آرل سے خٹکون کو ہٹادیا بوجہ دخالی کرلینے اس وسیع تہل کے اونکا قبضہ کاشت کاری بہت قلیل تہا صرف رمہ چرائی کے شوق تہی تخمیناً چالیس پچاس برس سے تہل پر بعضی بعضی جگہہ کاشت کاری شروع کری سبب اس عدم کاشت کی دو معلوم ہوتے ہین اول شوق کم تہی دوسری دعوی داران تہل یعنی قوم مروت اور خٹک بہی اون کو بے غم نہین چہوڑتے تہی شروع عملداری سرکار انگریزی مین جب کرنیل اڈوارڈس صاحب نی کل تہل شمالی پر رمہ چرائی وزیران کی اجازت فرمائی اور پیچہی سے صاحبان اضلاع نے ملکان قوم وزیری کو تہل غیر آباد سی جو ملکیت سرکاری سمجہا جاتا تہا زمینات واسطے آبادیکی عطا کری اور مخالفان کے خطرہ اور حملہ سے انتظام سرکار نے محفوظ کردیا اور تہل پر پیداوار غلہ گندم اور نخود بہت ہونی لگے تب شوق قلبہ رانی اور زمینداری عام ہوگئی ہر شخص وزیری خواہشمند ہی کہ تہل غیر آباد باقیماندہ سے سرکار واسطی آبادیکے زمین دیوی اور یہہ شوق اون کی اچہی ہے اکثر تہل آباد ہوتا جاتا ہی

قبضہ پاچکی تو قوم محمد خیل وزیری سپیر کی شاخ احمدزئی کے ہمراہ قوم داؤد شاہ بنوچی جو علاقہ بنون کے
مغربی شمال حصہ مین آباد ہین دشمنی شروع ہوئی اس فساد کی بنیاد یہہ تہی کہ ایک شخص قوم پراچہ
سکنہ علاقہ بنگش داؤد شاہ کی بازارین سے کچہہ بضاعت خرید کرکے براستہ گرم بنگش کو واپس
جاتا تہا کہ وزیران محمد خیل نے اندر کوہ متصل علاقہ داؤد شاہ رہزنی کرکے اوسکا مال غارت کرلیا
وہ سوداگر متاع چہینوا کر واپس آیا اور داؤد شاہ کی قوم سے دادخواہ ہوا ملکان داؤد شاہ نے چیغہ
یعنی تعاقب کرکے چند نفر قوم وزیری محمد خیل پہاڑ سے پکڑ لائے اور اونکو بطور ستوخہ یعنی مبادلہ قید کیا
وزیرون نے اکثر مال مسروقہ واپس دیکر اپنی قوم کے آدمی رہا کرائی اوس سی چند عرصہ بعد بارہ
خان محمد خیل مشہور اختیار دار ملک قوم احمدزئی وزیری کا برادرزادہ کو جو بطور بدرقہ آیا تہا
داؤد شاہون نے مار دیا تب وزیری لوگ تورہ جمع کرکے داؤد شاہ پر چڑ آئے دوسری طرف سی
اکثر بنوچی سورانی تنڈان عیسکی تپے جمع ہوکر داؤد شاہ کی شرم شریک ہوئے باہم قوم وزیری
اور بنوچی کا نالہ کرم کے متصل لڑائی ہوئی بنوچیون نے شکست کہائی الا وزیرونکی جانب بہی بہت
نقصان ہوا اس سبب سی باوجود ہاتہہ آنے میدان کے وزیری دور تک تعاقب نکرسکی دوسرے
سال شروع موسم خزان مین وزیری لوگ پہر حملہ آوری کے ارادہ پر جمع ہوئے یہہ خبر سنکر تمام قوم
داؤد شاہ نے مرنے مارنے پر اتفاق کرکے یہہ مشورہ کیا کہ ہر کوئی مرد اپنے فرزند کو جو رکہتا ہو -
سوار کرکے میدان جنگ مین ہمراہ لیچلی تاکہ ارادہ گریز باقی نرہے اس دفعہ یا ہم سب میدان مین
لڑکر مرجاوینگی یا قوم وزیری مقابلہ کن کی بیخ نہ چہوڑینگی ہرچند کہ ایسی مستقل دلاوری کا انجام بنوچیونکے
عادات سی بعید تہا الا یہہ خبر سنکر غنیم کو خطرہ پیدا ہوا اور سمی تمکی ملک وزیران نے آدمی بہیجکر
صلح کرلی اور تورہ وزیران طرف عیسکی کی چلا آیا داؤد شاہ لوگ اپنی ویال پر مانی بطور چوکی
بناکر پانی لایا کرتے تہی کیونکہ جن وزیریون کی خویش اقارب لڑائی وغیرہ مین داؤد شاہون
کے ہاتہہ سی مارے گئے تہے وہ بذریعہ ٹوڑ ڈالنی بند اور کاٹنی ویال کے کمی پانی کا نقصان -
پہونچاتے تہی ایک روز شخص وزیری ویال مین مارا گیا جس پر پہر بدی ہو گئی مگر قوم
داؤد شاہ کی شاخ کشتر جو تور گوندے مین تہی اور شاخ سمتر کی باہم برملا دشمنی خانگی
ہوگئے تہی اس سبب سی وزیری قوم کے مقابلہ کے لایق نرہی شاخ بہدن خیل سپیر کے

کچھہ اور تعلق باسرو کار نہین تہا اور زراعت کاری اور غلہ برانی کی بالکل شوق نہین تہی زمین ورغط جو نالہ توچی سے جنوب کو واقعہ ہے اکثر غیر آباد مگر چراگاہ قوم میری کی تہی پانچہہ پشت گذری ہین جسکی مدت تخمیناً ڈیڑہ سو برس ہوگی کہ بکاخیل اور جانی خیل شاخہاے اتمان زئی وزیری نے ورغط پر اپنی مستقل قبضہ کو قایم کیا اور سب سے پہلے مستقل قبضے کی بنیاد انہون نے رکہی *

## حال قبضہ ورغط وغیرہ

اس طرحپر ہے کہ اس موقعہ پر چند عرصہ وزیران بکاخیل وجانی خیل بذریعہ چرائی مویشی موسم سرما مین آیا کرتے تہے اور چونکہ یہہ جگہہ اون کے پچہلی کوہی علاقہ کے ملحق الحدود تہی اسواسطے مسمے والا قوم بارک زئی شاخ میری سے پانی توچی مانگ کر ایک ویال موسوم برلشتی جاری کرکے زمین کو مزروعہ کرنا شروع کیا اور پہر اور ویالین جاری کرکے اپنے قبضہ کو مضبوط کیا تب بکاخیل وزیری اور بارک زئی بنوچی کی باہم دشمنی بہ تکرار پانی توچی وچراگاہ پیدا ہوکر نوبت کشت خون تک پہونچی جانی خیل وزیری اس فساد مین بسبب مشرقی جانب چراگاہ ہونیکی علیحدہ رہے الاقوم میری نے اپنی نخوت سے اونکو اسطرح دشمن بنایا کہ ایک شخص قوم جانی خیل گرفتار کرکے وسکو تکلیف دینی شروع کری اور جب اوسنے کہا کہ مین جانی خیل ہون تو اونہون نے جواب دیا کہ تم جانی خیل قوم کے لوگ اپنی ریش منڈوا ڈالا کرو تاکہ اس علامت سے قوم بکاخیل اور تمہاری امتیاز ہو یہہ خبر پاکر جانی خیل بکاخیلون کے شامل ہوگئے اور دونو فرقون نے مجمعاً توڑہ کرکے قوم میری بارک زئی کے قریب شصت کس آدمی لڑائی مین ماردئی اور یہہ فساد اونکا تب تک رہا جب احمد شاہ ابدالی نے قوم بکاخیل وزیری اور میری بنوچی کی باہم پانی توچی کی تقسیم واسطے سیرابی زمینات زرعی اسطرح کری کہ فصل ربیع کی زراعت کیواسطے کل پانی وزیری لیا کرین اور فصل خریف کی موسم مین کل پانی بنوچی لگایا کرین کیونکہ فصل خریف کی موسم کاشت برداشت مین وزیری لوگ پہاڑ کو چلے جایا کرتے تہے یہہ تقسیم وزیری لوگون کے واسطے مفید تہی مگر بنوچیون کیواسطے فصل ربیع کا نہایت نقصان تہا شروع عملداری گورنمنٹ انگریزی مین کرنیل اڈوارڈس صاحب کی تجویز اور جنرل نکلسن صاحب کی حکم سے وہ دستور مسدود ہوکر ہردو فصل مین نصف نصف پانی باہم وزیری بکاخیل اور بنوچی مقرر کیا گیا بنون کی جنوبی ورغط وزیران اتمان زئی جب اسطرح

نہین گذرنے پایا تہا کہ فرقہ شنگی جو قوم ہبلول زئی مین سے ہے اور اوسکا ملک مسمی نبی شنگی جو صلح کیوقت حاضر نہین تہا اوس نے کابل سے واپس آکر شرارت کری اور چند واردات چوری کی علاوہ پانچہہ گراسکٹ تیسرے پنجاب رسالہ کی اور ایک گلہ بان ٹانک کی سرحد پر قتل کیئے گئے ان جرایم کے سبب سے جنمین قوم ہبلول زئی کا فرقہ شنگی ملوث تہا اور ایسا معلوم ہوا کہ پوتیہ خیل علی زئی کے آدمی بہی کوئی شامل تہے اسواسطے ان ہر دو شاخونکے آدمی گورنمنٹ کی علاقہ مین گرفتار کیئے گئے اور شمن خیل بباعث عدم شمولیت بری رہے آخر ساڑہی چار ہزار روپیہ اونکی بہیر وغیرہ سے جرمانہ وصول ہوکر قصور معاف ہوا مگر اس جرمانہ کی ایصال سے بعض شاخین جو اپنی آپ کو بیگناہ سمجہتی تہی نہایت ناراض ہین دو سال کے بعد یرغمال رخصت کئی گئے اور اگرچہ حال مین سخت بدی یا خباثت کے ساتہہ وارداتین اس قوم کی جانب سے کم ہوتی ہین مگر سرقہ مویشی وغیرہ واردات چوری سے باز نہین آتی اس سبب سے بموجب شرائط عہد نامہ کے اکثر اونکی بہیر گرفتار ہوکر معاوضہ مال مسروقہ لیا جاتا ہے اور اون کا یہہ حال ہے کہ قہر درویش برجان درویش +

## حال حصول قبضہ اندر حدود ضلع بنون

فرقہ ہا تہی خیل تسپیکے بیزن خیل پائندہ خیل عمر زئی ترکے خیل بدین خیل شاخہا احمد زئی و فرقہ بکا خیل جانی خیل ملک شی شاخہا اُتمان زئی نے جسطرح اور جب سے ضلع بنون کی حدود مین دامن کوہ زمینات موسومہ تہل اور تورغر وغیرہ زیر قبضہ کے ہین اوس کا مفصل حال ذیل مین درج کیاجاتا ہے واضح ہو کہ ابتدا مین قوم وزیری کا عموماً پیشہ رمہ چرائی اور نمک فروشی تہا زراعت کاری سوائے ملکیں زمینات واقعہ اندرون کوہ نہین رکہتے تہے قریب دوسو برس کا عرصہ گذرا ہے کہ شاخ احمد زئی اور اُتمان زئی کے بعض شعبون نے واسطے رمہ چرائی تہل اور درغر دامن کوہ مین بموسم زمستان آنا شروع کیا اوسوقت تہل شمالی و شرقی پر اکثر قوم مروت کا قبضہ تہا اور زمین سندر آوٹ اور تہل ڈنک وغیرہ مغربی حصہ تہل کا قوم سورانی بنوچی کے قبضہ مین تہی اور قوم مروت قوم سورانی اور خٹک کے ساتہہ اکثر اس تہل کے تکرار پر لڑا کرتے تہے وزیری لوگ صرف بطور گلہ بانی زمستان مین متفرق ہوکر جا بجا گاہ تہل وغیرہ مین رمہ چرای کر کے شروع موسم گرما رکوہ شیر دری او کہاڑ بال سبچہ اور مویشی لیکر پہاڑ کو چلی جاتے تہے سوائی چرائی مویشی اونکا ملکیت زمین یا قبضہ سے

العبد العبد العبد العبد العبد العبد
نزار محمد خان علی خان شجاع خان ولایت خان طوطی خان ڈاڈوک خان

العبد العبد العبد العبد العبد العبد العبد
سوہان خان رزی خان ولیخان کلان خان غنی کلیخان علی نسیب خان بیدل خان

امروز تاریخ ۱۰ بذا اسمیان مذکورہ بالا بعین رضامندی خود ہا روبروی کپتان سنرو صاحب بہادر
ڈپٹی کمشنر ضلع بنون و نواب محمد شاہ نواز خان بہادر ٹانک والہ و سلطان محمود خان تحصیلدار
لکی صورت بگر فتن قلم بدست صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر بصوبہ خواندن کلمہ و فاتحہ خیر تصدیق صحیح کردند الرقوم
۱۹ جون ۱۸۶۱ء

## صلح نامہ کسان مندرجہ ذیل ملکان قوم شمن خیل
## بموجب شرح مندرجہ بالا

پیرزال خان صاحب خان الہداد خان قمردین خان معین الدین خان اشادیخان عادل شاہ
عباس خان وبرین الدین سورکندخان منصب خان خواجہ میر خان الہیار خان سید میر
سیدامین این جملہ حاضرین اصالتاً از طرف خود ہا و وکالتاً و مختارتاً از طرف کسان ذیل قوم مذکورہ
شیر علیخان پیردل خداداد حسین

## صلح نامہ ملکان مندرجہ ذیل قوم بہلول زئی بموجب شرح ایضاً

تاج محمد ولد احمد - لاٹھی ولد روری و میسر ولد الہ یار - یار محمد و مسک ولد مہربان - کدی ولد عزنا - و موی ولد مثل
قایم خان ولد علی - برخوردار ولد نامدار - ورائی و شکر ہر دو بر ادران - پہوجڑ ولد محمد اقوام نانا خیل -
میرات ولد صورت قوم شنگی - خواجہ احمد و بدا قوم ایضاً - قلندر شاہ ولد سمند قوم بند خیل - نانا ولد سمند
قوم مرصع - ولائی ولد شتربان - این جملہ ملکان حاضرین از قوم بہلول زئی اصالتاً از طرف خود مختارتاً
از طرف جملہ ملکان دیگر اقوام بہلول زیان خصوصاً از طرف کسان ذیل زبردست و سید
ونبی قوم شنگی و اخلاص و سوار قوم نظر خیل و فتح خان قوم ملک شاہی - بموجب شرائط اس صلح کے
چھہ کس یرغمال ہر سہ قوم سے فی قوم دو کس بہای بیٹے ملکان کے سرکار کی تفویض کیے گئے
جنمیں سے تین کو بنون میں اور تین کو ٹانک میں سکونت کی جگہہ ملی اور عہ ۱۲ روپیہ ماہواری
جریانہ انکو اور مدعہ ۵ روپیہ ماہیانہ عیال دار کیواسطے تنخواہ مقرر ہوی ابہی ایک سال صلح کو

داری بهیر خواه بایفائی شرایط مندرجه اقرار نامه هذا +

## دفعه سوم

اگر کسے منجملہ اقوام بهلول زی و شامن خیل بعلاقه سرکار کدامی جرم نموده به حد مایان آید تا مایان اورا بهیچ وجه پناه و مدد نخواهیم داد و نه مال مسروقه آورده او را نزد خود نا خواهیم داشت +

## دفعه چهارم

که اگر کسے از رعایا سرکاری کدامی جرم بعلاقه سرکار نموده برای پناه گیری بحد مایان آید تا مایان هرگز او را بحد خود ماندن نخواهیم داد و نه مال آورده او را نزد خود نا خواهیم داشت و خصوصاً خواجه موس و تمیز ودین و دیار گل قاتلان مسٹر صاحب بهادر را بحد ود خود هرگز نخواهیم گذاشت +

## دفعه پنجم

بابت بدی سخت یعنی جنگ و تاخت مردم مسلح وغیره ضامن هستیم هرگز نخواهد شد و در باب دزدی اینقدر ذمه داری نخواهیم کرد که هرگز نخواهد شد الا تا مقدور خود ها در مسدود کردن آن کوشش خواهیم کرد لیکن هرگاه که نقصان در سرحد سرکار از قوم علیزایان شود دزدی یا قتل یا آتش زنی وغیره عوض آن بموجب تفصیل ذیل از بهیران مایان سرکار را گرفتن اختیار است +

| بابت خون | بابت زخم یا ضرب شدید که از آن عضو کسی نا کاره شود | بابت زخم خفیف موافق قدر زخم | بابت آتش زنی یا دیگر نقصان بموجب قدر آن |
|---|---|---|---|
| سما | | | |

## دفعه ششم

برای صداقت اقرار خود ما دو نفر یرغمالان معتبر حسب پسند سرکار چنانچه یکی معه قبایل و یکی جریده بمقام ٹانک یا بنون سال خواهیم نشانید اگر تا یکسال چیزے بدی بدکاری ملک سرکار از قوم علیزایان بوقوع نیاید تا رہائی یرغمالان خواهد شد و اگر در این عرصه نقصان علاقه سرکاری گردید و حق رسی مالک مال علاقه سرکار حسب شرایط مندرجه بالا از مایان نشد پس در باب رہائی و عدم رہائی یرغمالان اختیار سرکار است چونکه در باب وفا نمودن شرایط بالا این جانبان ذمه داری کامل برائی آئنده در سرکار روا کرده ایم لهذا درخواست هذا بطور اقرار نامه به سرکار روا گذرانیده امیدواریم که سرکار روا اقرار نامه هذا منظور فرمایند الرقوم ۱۹ - جون [illegible]ع

العبد عمر خان — العبد یارک خان — العبد ببر گل — العبد حسین خان

چہارم یہہ کہ اگر کسی ایک قوم کا وزیری چوری کری تو باقی ہر دو قوم کی لوگ مال مسروقہ کو اپنی حد مین نہ آنے
دیوین پانچوین یہہ کہ ہر سہ شاخ سے ضامن آکر سرکاری علاقہ مین بطور یرغمال کے زیر نظر سرکار کی سکونت
کرین اور اونکو واسطی گذارہ کی خرچ مناسب ملیگا اور سرکار اون کے ساتھ سلوک کریگی اور معتبران مسعود کو سمجھایا
جاوی کہ مراد شرائط مواخذہ مندرجہ بالا سی یہہ ہی کہ علاقہ سرکار مین اگر کسی قوم منجملہ ہر سہ قوم مسعود سی نقصان
ہوگا تو تاحق رسی صاحب نقصان کی بہیر صرف اوس قوم کی ضبط کی جاوی گی جسکی ذمہ نقصان ثابت ہوگا
اور حق رسی مظلوم غرض ہر قسم جرم کی بموجب رسم کرانے حق رسی مجریہ دیگر اقوام ہائی اس سرحد کی کرائی جاوے گی
یہہ سب شرائط مسعودون سنے منظور کری اور ہر قوم کے ملکان کا ایک بڑا جرگہ سوائی شاخ شنکی کی جمع ہوکر
واسطے انعقاد شرائط صلح بنون مین آئی اور روبرو صاحب ڈپٹی کمشنر جو عہدنامہ صلح کا تحریر ہوا اوسکی نقل
ذیل مین درج کیجاتی ہے نقل اوس صلحنامہ کی جو ماہ جون ۱۸۶۱ء مین بمقام بنون بحضور کپتان منرو صاحب
ڈپٹی کمشنر از جانب ملکان ہر سہ شاخ قوم مسعود وزیری تحریر اور تصدیق ہوا +

## صلحنامہ مذکور

مایان کہ مسمیان عمر خان ولد جنگی خان قوم سلمی خیل و بارک خان ولد سید شاہ خان و بہرے کل ولد تمر و متین لوہ
مزدور وزار محمد ولد قاسم خان و علیخان ولد دریا خان قوم فرقہ لنگر خیل و شجاع ولد میر احمد و ولایت ولد جہان
وطوطی ولد غفار قوم گوری خیل و ڈاڈک ولد محمدی و سوہان خان ولد شیرک وزری ولد مہمان خان و لیخان
ولد تاجر خان و گلان ولد قتال خان و عیسے کل ولد باری و علی ہیبت خان ولد مراد خان و بیدل ولد محمد
قوم شہابی خیل و میر خاک ولد صالت قوم گرئیرہ و کل شاہ ولد شیر محمد قوم سید امین جملہ ملکان حاضرین جرگہ اہل
قوم کلان علی زئی مسعودان آمدہ ایم و خواہش صلح سرکار والا از دل و جان بموجب اقرار مفصلہ ذیل میدہیم

### دفعہ اول

مایان برضا خود ہا آمدہ برائی آئندہ ہمراہ سرکار صلح میکنیم و کردہ ایم کہ بران قایم و مستحکم خواہیم ماند

### دفعہ ثانی

اگر آئندہ از قوم مایان کسی مرتکب بدی و بدکاری بملک سرکار گردد تا سرکار دولتمدار مواخذہ آن
ہمراہ ما قوم علی زیان خواہد فرمود مثلاً اگر کسے شخص منجملہ اقوام علیزیان مرتکب بدی کدام قسم ہر چہ باشد
در ملک سرکار گردد تا سرکار والا مواخذہ آن ہمراہ مایان تمام قوم علیزیان خواہد فرمود خواہ بد سلیخ

چند روز کے قیام کے بعد فوج سرکاری نے اپنا رخ شمال کیطرف پہیر دیا اور گیارہ تاریخ کو قصبہ کنین کے پاس ٹہرے
یہہ قصبہ قوم مسعود کا بڑا شہر ہے اوسمین سامان اہنی بنتا ہے اور بیوپاریان اہن قوم عبدلی وغیرہ مسعود آسودہ
حال رہتے ہین باوجود فہمایش مکرر کے جب مسعود راستہ پر نہ آئے تو کنین غارت کردیا گیا اب سرکاری سپاہ کا کام
موقوف ہوا اور فوج بنون کیطرف پہیری اور غنیم کی زراعت اور مال تلف کرتے ہوی مسعودونکی حد عبور
کرکے احمان زئی وزیری کی ملک مین داخل ہوئے درہ غلیسور کی اور پہونچنی تک مسعود وزیری کی سوار
کچہہ کچہہ پیچہے اور پہاڑون پر دق کرنے کیواسطے آتی تہے مگر مقابلہ کیواسطی آنو کبہی نہین لگا ١٨ تاریخ کو سپاہ
واپس دوسری راستہ ضلع بنون کی سرکاری حدمین پہونچ گئی اور یہہ بڑا معاملہ آسانی سے طی ہوا یہہ یورش
انتظام سرحد کیواسطی خوب کامیاب ہوئی اور ان پہاڑی ہمسایون کی دلپر یہہ بات نقش ہوگئی ہی کہ ہم سخت
پہاڑون کی بہروسی پر سرکار انگریزی کی دشمن بنکر محفوظ نہین رہ سکتی ہین اور نیز اونکو اپنے اعمال کی بدلہ مین کامل
سزا ملی اور اونکا ملک دیکہہ لیا گیا اور نقشہ بن گیا جس سی آئندہ کیواسطی اونکو خوف اور عبرت ہی جو مسعود ملک
مولف سی ملی اونکا اپنا بیان ہے کہ ان لڑائیون مین ہمارے دوسو اسی[٢٨٠] ادمی مارے گئے اور زخمی اس سے زیادہ
ہوئے اونمین سے ایکسو پانچہہ آدمی ٹانک کی حملہ مین مارے گئے تہے اور چھتیس[٣٦] ادمی بریڑہ کی لڑائی مین اور باقی
پالوسین والی حملہ مین وہ خود قبول کرتے ہین کہ ہمارا بہت نقصان ہوا اور اونکی بڑی ملکان سے جنگی خان
سلی خیل اور لوٹ خان شہابی خیل اور جلاک ملک شاہی میرات ہیبت خیل وغیرہ مارے گئے وہ لوگ
کہتے ہین کہ توپ کی اوازسی ہماری قوم کو بہت خوف تہا مگر اوسنی ہمارا بہت نقصان نہین کیا ظل بندوق
نے زیادہ نقصان کیا ہے بعد اس یورش کے باوجود تنگی غلہ اور نقصان افلاس وبندش بہیر مسعود دونے
نادرست کی ساتہہ سرکار سے آشتی کی درخواست نہین کری لیکن ایک سال کی آزمایش سے اس
دلیری کا نتیجہ خراب دیکہہ کر اونہون نے ارادہ صلح کا ظاہر کیا ایب گورنمنٹ پنجاب نی بذریعہ تاربرقی حکام
سرحد کو واسطی قبول درخواست صلح اسطرح ہدایت فرمائی کہ بندوبست صلح ہرسہ شاخ کان مسعود کی ساتہہ
بطور علیحدہ کیا جاوے اور ہرایک شاخ سے اقرارات مفصلہ ذیل لئی جاوین اول یہہ کہ ائندہ کیواسطے
صلح کا ہمراہ سرکار عہد کرین دوئم اگر ائندہ کو سرکار کی ساتہہ قوم مسعود وزیری کی لوگ بدی کرین تو سرکار
اون تین بڑی شاخون مین سے اوسی شاخ سی کہ جسمین سے گناہ گار ہوی مواخذہ کرینگی سوئم یہہ کہ اگر منجملہ
کسی ایک شاخ مین سے کوئی وزیری بدی کرے تو ہر شاخ باقیماندہ سی اوس مجرم کو کوئی پناہ اور مدد مدیوے

اور اونکا خون اونکی ہی اپنی گردنون پر ہوگا برگڈیر جنرل صاحب کی اس معقول اشتہار کا کچہہ جواب حاصل ہوا
اور لشکر مین خبر پہونچی کہ مسعود لوگ پہار کی اندر جنگ کے واسطی آمادہ ہین زیادہ توقف کو بیجا نا ضرور ہوا چنانچہ
سولہ اپریل ۱۸۶۰ء کی صبحکو برگڈیر جنرل چمبرلین صاحب نی خیمے اوکہاڑ دئی اور پانچہہ ہزار ایکسو جہاونی لڑنے
والی ادمیونکی جمعیت سی ٹانک کی سامنے ہی جو درہ ٹانک زام نامی ہی سرحد سی عبور کرکے پہار مین داخل
ہوئے پہلی اس سپاہ کا مقابلہ بہت خفیف ہوا اندر پہونچکر بہ نظر مصلحت سپاہ سرکار کو دو حصہ مین تقسیم کیا گیا
زیادہ جمعیت اور پہاڑی توپین لیکر خود برگڈیر جنرل چمبرلین صاحب شاہون کیطرف روانہ ہوی اور ایک
دستہ سپاہ کا جسکی تعداد قریب دو ہزار کے تہی بمقام پلوسین جو جنڈولہ سی آگے بڑہکر چار میل کے فاصلی پر
ہے زیر حکم لفٹنٹ کرنیل لمسڈن صاحب کی چہوڑا گیا جنرل چمبرلین صاحب کی فوج نے بدون مقابلہ بہت سا
ملک غنیم کا دیکہہ لیا اور دیہات جلادئی اور زراعت نقصان کری مگر پلوسین والی دستہ پر ۲۳ اپریل سنہ الیہ کی
صبحکو تین ہزار وزیرون نے شبخون کیطرح حملہ کیا اور پکیٹ یعنی ہراول کو بالکل کاٹ ڈالا اور اونمین سی قریب
پانچہہ سو دلیر آدمی لشکر مین گہس آئی اور جہانتک اونکا ہاتہہ پہونچا انسان حیوان جو سامہنی آیا تہہ تیغ کیا گرچہ
ابتدائی مین بسبب ناگہان اور دفعتاً حملہ ہونی کے سپاہ سرکاری مین کچہہ گہبراہٹ اور بی ترتیبی ہوگئی تہی مگر
تہوڑی دیر کے بعد سپاہ نی جان سنبہالکر گورکہہ اور گائیڈ پلٹن نے رفل اور تلوار کی زور سی وزیرونکو پیچہی ہٹادیا اور تین
میل تک مفرورونکا تعقب کرکے بہت وزیری ماری اور اسیطرح یہہ نازک فتح ہوی جب وہ دونو دستہ فوج کی ملگئی تو پہر
آگی کو فوج روانہ ہوی چار تاریخ مئی تک کوئی مقابلہ نہ ہوا اوس روز درہ بریڑہ کی بیچ اور دونو کنارہ کی پہارون پر قریب
ہفت ہزار مسعود لوگ فوج سرکاری کے سد راہ اور جنگ آوری کیواسطی جمع تہے یہہ درہ بہت دشوار گذار اور
تنگ تہا غنیم نے درہ کی راستہ آمد رفت کو خوب مضبوط کرلیا تہا مگر جنرل صاحب سرکاری نے ایسی حکمت سی لڑائی
کری کہ جلد وزیرونکو بہاگنا پڑا مسعود وزیری کی ملک جو اوس لڑائی مین حاضر تہے کہتی ہین کہ ہمنی اس درہ کی روکنی اور
سخت مقابلہ کیواسطے تین گروہ بنائی تہے اسطرح پر کہ خاص درہ مین شمن خیل شاخ کے لوگ تہی اور شمالی پہار
کے اوپر بہلول زئی اور جنوبی جانب پوتیہ خیل علی زئی تہے شمن خیل اپنا فخر کرتی ہین کہ سب سی پہلی بہلول زئی اور
اوپر والی لوگ بہاگی الغرض بعد اس لڑائی کے پہر مسعودون نی کہین سامہنی مقابلہ نہین کیا اوسی ہفتا کی پانچہہ تاریخکو
سپاہ آگی بڑہی اور دہ میل کوچ کرکے کانی گورم کی پاس جو ایک مشہور شہر اوس ملک کا تہا اور جسمین قوم اورمڑ اور کچہہ
سید رہتی تہی قیام کیا یہانکی بیگناہ لوگونکی التماس سی کچہہ روپیہ لیکر یہہ شہر غارت گری اور جلانی سے محفوظ رکہا گیا

ہی کہ اونکی گذر زیادہ تر لوٹ اور جبر اور تشدد پر ہی اور اس بات پر کامل بہروسا کرکی کہ پہاڑون تک
رسائی اور دخل نہین ہو سکتا ہی اونکا طریق ابتدای سی آخر تک یہی رہا ہی اور کوی مہینا اونکی واردات
سنگین سی خالی نہین رہا ماہ مارچ ۱۸۵۵ء مین ایک دیسی افسر اور بارہ سوار رسالہ پولیس جنہون نے غارت
گرون کا تعاقب پہاڑون کے اندر زیادہ دور تک کیا تہا گہیر کر مارے گئے اور اوسی سال کے ماہ نومبر مین
اس قوم کی قریب تین ہزار آدمی جمع ہوکر ٹانک کی سامہنے درّی کے اندر اس نیت سی آئے کہ اوس شہر کو
لوٹین سپاہ سرکاری پچاس میل کا کڑا کوچ کرکے پہونچ گیا اسواسطی اونکا ارادہ پورا نہو سکا ۱۸۵۸ء اور
پہر ۱۸۵۹ء مین اس قوم پر سپاہ کی یورش کیجانے کی تجویز منظور ہوی مگر چند دیگر ضروریات کے
سبب تعمیل مین توقف ہوئی کئی سال تک تدارک سی بچی رہنی کے سبب دلیر ہوکر اور یہبات پر توقع
کرکے کہ اگر اونکی پہاڑون کے اندر دخل کرنے کا عزم کیا جائیگا تو اوسکا مقابلہ حسب مراد کرینگے
مسعود لوگ ۱۳ مارچ ۱۸۶۰ء بلا کسی حیلہ اور تکلیف سرکی چار ہزار آدمیونکی جمعیت لیکر کلان ملکانکی
سرکردگی مین شہر ٹانک کی لوٹنے کی ارادہ سی میدان مین چلے آئے اتفاق جسنہ سی قریب دو جوار کی جو لیویز
مین سوار تہی اونکو ایسی وقت پر خبر پہونچ گئی کہ اس حملہ کی واسطی ایسو بچاس نون سو ۱۹۰ شمشیر جمع ہو جانی کی مہلت
مل گئی سپاہیان سرکار کی بہادری اور قواعد آموزی کی سبب سی پہاڑی لوٹیرے یونکو شکست
فاحش ہوئی اور سو آدمیونسی زیادہ ان غارت گرونکی مردہ چہوٹ گئی سرکار کی جانب سی تہوڑی آدمی
مگر بہت گہوڑی ضایع ہوی یہہ بدعت اس قوم کی جرایم کی کاسہ کو بہر دینی کے واسطی کافی متصور ہوئی نواب
گورنر جنرل صاحب نی حکم دیا کہ اس قوم کی پہاڑون کی اندر سپاہ جانی چاہئی اور پچھلے جرایم کا عوض اور
اور آیندہ کی واسطی اطمینان بزور لینا چاہی جب یورش کرنیکے واسطی حکم پہونچا تو سپاہ ضروری جمع
کرکی اوس مقام پر جہان غارت گرون کو ذلت حاصل ہوئی تہی برگیڈیر جنرل چمبرلین صاحب جو سردار
لشکر سرکاری تہی خیمہ زن ہوئی لیکن سپاہ کی متحرک ہونی سی پہلی ملکان مسعود کی پاس ایک اشتہار بہیجا گیا
اوس اشتہار مین جو غرض سرکار کی اونکی پہاڑون کی اندر دخل کرنے سی ہی درج کی گئی اور اونکو
اطلاع دی گئی کہ ایک وقت معین تک اونکو اجازت ہی کہ سرکاری لشکر مین اگر جو دعوی سرکار
انگریزی کی ہین اونکو سمجہہ لین اور اگر وہ لشکر مین نہ آوین گر یا جو دعوی سرکار کی طرف سی ہین
اونکو قبول نکرینگے تو خود ملکان اور اونکی قوم سی مثل دشمنونکی سلوک کیا جاویگا اور سزا دیجائیگی

دیگر اپنی طرف کریگی ایسی ایسی خام خیالات اور غارتگری کے طمع سی اُنہونی سرحد پر ہمیشہ فساد اور جہگڑا رکہا
جنگی جرگیات پر اور ایک مرتبہ خود بنون پر بہی اُنہونی جماعت کثیر سی حملہ کرنے کا اندیشہ دکہایا جو مواضعات
رعایا سرکار سرحد پر واقعہ ہین اونکو دہمکاتی رہی اور بعض وقت جب موقعہ مناسب پر مدد نہ پہونچ
سکی تو حملہ کرکی لوٹ لیا اور مسافرون اور رعایا سرکار کی لوٹ اور مارسی جہانتک قابو چلا دریغ نہ کیا
آخرکار سنہ ۱۸۵۲ء اخیر مین بعد اسکی کہ مصلحت آشتی اور حفاظت کی تین سال سی زیادہ تک آزمایش
کی گئی اور اکثر تکلیفون اور سُبکی کی برداشت ہوتی رہی کرنیل جان نکلسن صاحب ڈپٹی کمشنر ہونی
گورمنٹ کی منظوری اسواسطی حاصل کی کہ شاخ احمدزئی کی فرقہ عمرزئی پر جو بنون کی شمالی پہاڑون
مین رہتی تہی اور جو ایک واردات سنگین کرکے علاقہ تہل سی پہاڑ کو چلی گئی تہی اور وہان اپنی آپکو نسبت
سابق اور بہی زیادہ مستوجب تدارک بنا دیا تہا حملہ کیا جاوی رات کو کوچ کرکی ناگاہ اونپر حملہ کیا گیا
کچہہ آدمی اونکی ماری گئی بعض کشتری اونکی جلادی گئی اور اکثر مویشی اونکی سرکاری علاقہ مین پکڑ لائی گئی
غرضیکہ یہہ یورش کامیاب ہوئی اور اوس وقت سی عمرزئی سیدہی ہوگئی اور حملہ کرنی سی احتراز کیا
سرکاری علاقہ مین آنیکی اونکو اجازت ہوئی اور اوس زمانہ سی حال تک اونکا چلن صاف رہا ہی
ایک حملہ بامراد اسواسطی کافی تہا کہ جو تعلق کل احمدزئی کی قوم سی سرکار کا رہا ہی وہ خاطرخواہ ہی بعد
سرزنش عمرزئیونکی بنظر ضرورت فرقہ کابل خیل قوم اتمان زئی پر سرحد کوہاٹ پر تین مرتبہ حملہ کیا گیا
پہلی مرتبہ ۱۸۵۵ء مین سپاہ کی یورش اسواسطی کافی ہوی کہ جو دعوی سرکارکا تہا اوسکا فیصلہ مصالحت سی
ہوگیا دوسری مرتبہ ۱۸۵۶ء مین گروہ ایذارسان پر ناگاہ رات کو کوچ کرکے حملہ کیا گیا اور جب
انہونے دیکہا کہ سرکاری فوج نی چارون طرفسی اونکو گہیر لیا ہی اور مقابلہ سی کچہہ امید بہتری نظر نہ آئی
تو اُنہون نے سرکاری رعایا کی قاتل جو اونسی مانگی گئی تہے حوالہ کردئی اور محفوظ رہی تیسری مرتبہ اسی شاخ
کابل خیل پر ماہ دسمبر ۱۸۵۹ء مین اس سبب سی یورش ہوئی کہ کپتان مجہم صاحب کی قاتلونکی حوالہ کرنی سی
جنکو اونہونی پناہ دی تہی انکار کیا اور نا بہی موقعہ ملک کی مضبوطی کی بہروسا کرکے اونہونی سرکاری
سپاہ سی لڑائی کی اور شکست کہائی اور اونکی خیمہ گاہ یعنی کشتری اور مال علاوہ بہت سی بہیڑون اور
مویشی کی سرکار کی ہاتہہ آئی آخر اُنہونی مجبور ہوکر جو شرائط سرکار چاہتی تہی منظور کری اب شاخ مسعود
وزیری کا ذکر کیا جاتا ہے یہہ قوم تینون شاخون مین سی اسبات مین سب سی زیادہ مشہور اور غالبا

ششم اینکہ آیندہ درمیان وزیریان وبنوچیان دشمنی وعداوت مسدود خواہد شد وخون باشد نہ غارت ونہ خشک کردن آب زراعت واگر کسی وزیر خود را مظلوم داند تا بخدمت اینجانب حاضر گردیدہ استغاثہ ونالش نماید فقط بایکہ بمضمون اشتہار ہذا مطلع شدہ درمیان خود صلاح ومشورت کردہ بزودی جواب صاف یعنی اقرار یا انکار عرض دارند*

جب یہہ اشتہار پہونچا تو اوسکی مضمون نے ان وزیری لوگون کو جنکی زمینات علاقہ بنون اور زیر کوہ تہی خواب غفلت سی بیدار کیا سب معرکہ ہلکان نے حکم اور شرائط مندرجہ اشتہار کو قبول کیا اور بلحاظ شرائط اوس حکم کے جو زمینات نہری تہہ جات بنون مین وزیرونکی مضبوط تہی اونپر کل پیداوار سی چہارم حصہ حق سرکار تجویز ہو کر مشخصہ تشخیص کیا گیا جیسا کہ عام بنوچیونکی شرح تہی مگر حکام وقت تشخیص جمع بندوبست کو وقت رعایت خاص اور زمی مشخصہ بحق قوم وزیری کرتی رہی الا قوم بکا خیل اس زمی سی محروم ہین اور تہل وغیرہ زمینات کا مشخصہ کل پیداوار مین سی ششم حصہ پر مشخص ہوا ہی انکا سوای قوم بکا خیل سب وزیری زر مشخصہ کو کچہہ بارگران نہین سمجہتی اور بلا دقت وصول ہوتا ہے

اب ہم اوس بدعتانہ طریق کا ذکر کرتے ہین کہ جو ابتدای عملداری سی آجتنک گورنمنٹ انگریزی کی ساتہہ اس قوم کا رہا ہی۔ یہہ بات مشہور ہے کہ قریب کل قوم کے آدمی چور ہین اور چوری مین اونکو اپنی دلیری اور اتفاق کا غرور ہی تا وقتیکہ اونکو روپیہ بطور چٹی نہ ملی تو اونکا قاعدہ ہی کہ اپنی ہمسایون پر حملہ کرتے ہین جب وہ گورنمنٹ کی مغربی حد پر المیو چالیس میل طول فاصلہ تک ہمسایہ ہوگئی تو اگرچہ گورنمنٹ کی جانب سی ہر طرح یہہ کوشش کی گئی کہ اونکو راضی رکہا جاوی لیکن ابتدای سی احمدزئی اور اتمان زئی کی بعض فرقون نی اور مسعودون کی کل قوم نے نہایت مخالف نیت ظاہر کی اور ہمیشہ حملہ کرتی رہی سرحد سی کئی میل کے اندر بہی کوی مسافر یا کاروان محفوظ نہین تہا تا وقتیکہ فوجی جمعیت اوسکی ساتہہ نہو وزیریونکو اسبات کی سمجہنی کا ظرف نہین تہا کہ یہہ دو امر متفق رہ سکتی ہین کہ رضامندی کی خواہش بہی ہو اور بزور نقصان کی عوض لینی کی قابلیت بہی ہو اور یہہ بات تو بہت دور ہے کہ اونکو یہہ اعتبار ہو کہ گورنمنٹ اونکی پہاڑون کی اندر اونکو سزا دینی کی قدرت رکہتی ہی بلکہ حقیقت مین اونکو یہہ یقین تہا اور امید تہی کہ ہمیشہ سرحد پر تکلیف اور ایذا رسانی سی اور اشتہاری مجرم اور بیزار آدمیونکو اپنی پہاڑون مین پناہ دینی سی سرکار انگریزی آخرکار خوشی سی اونکو روپیہ کی طمع

در وطن خود باشند این دلیل معقول است که تا حال وطن شما خلاص وزیرکمان حاکم نیست و مهاراجه صاحب مهاراجه لبیر سنگه بهادر بکوه وزیران هیچ غرض نمیدارند ولیکن وقتیکه ایشان در ملک دیگر بیایند آئین و رسوم آن ملک قبول کردن ضرورست و اگر ایشانرا ادای معامله سرکار و آئین پسند خاطر نیست تا زمین نزد آن کس نگذارند که سابقا از و گرفته در تحت خود آورده بودند و ایشان دران کوه مبارک و خوبی دل نشین بر دند که معامله دادن نمی افتد و زراعت گندم نمی شود و این سخن را یقین دانند که از ایشان یا معامله سرکار اینجانب خواهد گرفت و یا بزور شمشیر ایشانرا از ملک بنون بدر خواهد نمود و باید دانست که این قدر افواج همراه اینجانب موجود است که تمامی قوم وزیران را تباه کردن می توانم ولیکن یقین اینجانب این نیست که ایشان اینچنین موقوف و بی عقل خواهد بود که آن زمین که در عرصه سی سال در قبضه خود آورده اند در یک روز خواهند گذاشت یا از فکر دادن حصه جزوی تمامی فصل در گذاشته خواهند رفت چنانچه اینهمه شرطو ایشانرا امید هم - اول اینکه آنچه زمین از تپه جات بنون زر خرید باشد بلاشک در تحت ایشان خواهد ماند و زمین که بزور از عرصه پنجسال در قبضه کسی وزیر آمده است در قبضه او خواهد ماند اگر کم از پنجسال باشد این شرط باشد که زمین و زیر گرفت و بنوچیان برای آن جنگ و قبضه نکردند تا در قبضه وزیر خواهد ماند دویم اینکه هر قدر زمین که در قبضه وزیران است موافق رسم و آئین بنون که آمده میکنند از فصل خریف و آینده فصل بفصل دادن خواهد شد سوم این که تمامی آن چراگاه فراخ که تهل میگویند که حد او بطرف مشرق سرحد زراعت خټکان یعنی زراعت لتمر و کر و نصرتی و سواد بطرف جنوب بدره تنگ و بطرف مغرب مچن خیل و دره های کرم و تپه جات سوسانی و بطرف شمال از جائیکه دریای کرم از کوه در ملک بنون می آید اینهمه تهل برای چرانیدن مال شتران و گاوان و گوسفندان وغیره جانوران عنایت دیده بشرطیکه تا بعداری و دادن نذرانه دو نیم صد دینه فی سالیانه بدهند و تقسیم این نذرانه در میان قوم خود موافق اندازه خورد کلان نمایند و هرگاهیکه قوم وزیران از کوه فرود بیایند باید که هر یک ملک از قوم خود پیش کاردار حاضر شده شمار قوم خود در کتاب کاردار بنویسانند که چه قدر در تهل آمده اند چهارم آنکه هر قدر زمین در تهل زراعت و کشتکاری خواه خود خواه از مضارعه خواهند کنانید حصه ششم آن دادن خواهد افتاد پنجم اینکه چونکه مردمان اقوام وزیران در تهل و تپه جات بنون پراگنده هستند درمیان ایشان و سرکار سوان خان وزیر ملک مقرر خواهد شد سوان خان قدیر وزیر

ویا اب بہی آدای معاملہ اور پیمایش اراضیات مقبوضہ سی عذر ہے گیارہ تاریخ ماہ دسمبر ۱۸۴۸ء کو یہہ خبر کرنیل اڈوارڈس صاحب تک پہونچی تو صاحب ممدوح نی بعد غور کامل ایک اشتہار بزبان فارسی جاری کیا جسکی خوبی اور اجرا کنندہ کا استقلال اوس سی ظاہر ہے چونکہ وہ اشتہار کام کا ہی بدین نظر نقل اوسکی بجنسہ ذیل مین درج کیجاتی ہے

## نقل اشتہار

اشتہار از پیشگاہ حضور ہربرٹ اڈوارڈس صاحب بہادر اسسٹنٹ رزیڈنٹ لاہور واقعہ ہفدہم ماہ دسمبر ۱۸۴۸ء مقام ممش خیل بر ملکان وزیران ہاتی خیل و بیزن خیلان عمرزئی سرکی خیل و محمد خیل سودن خیل و بکی خیل جانی خیل وغیرہ کہ برای جرگہ فراہم شدہ اند واضح باد کہ باینجانب چنین معلوم می شود کہ از وقت بدر آمدن ملک بنون از سلطنت بادشاہان خراسان کہ تخمیناً عرصہ بست و پنج سال یا سی سال شدہ باشد قوم وزیران کہ درمیان خود اتفاق میداشت و بنوچیان درمیان خود نا اتفاقی و بدسلوکی میداشتند لہذا وزیران از کوہستان فرود آمدہ در زمین بنون کہ زرخیز است بود و باش اختیار کرد و درجہ بدرجہ یعنی سال بسال زمین از تبہ جات بنون در قبضۂ خود آوردند و این ملک گیری کہ ایشان در ملک بنون نمودند باید دانست کہ دران ہنگام اینچنین ملک گیری کردند کہ نہ کدامی آئین و نہ حاکم بر سر بنون مقرر بود اگرچہ آئین بنون ہمین بود کہ درمیان خود حق کدام کس نشناختہ اند و حق زمین بطرف اوست کہ طاقت میداشت ہر گاہ کہ دیگران از غیر وطن آمدہ ہمین نمونہ نقل کردند چہ جای فریاد کہ غیر وطن را ہم فرض شد رسم ملک قبول کردن حالا آن وقت رفت و گذشت و سرکار لاہور تجویز فرمودہ اند کہ ملک بنون در ریاست پنجاب شامل باشد چنانچہ آیندہ قلعہ و فوج کلان و حاکم و آئین در ینملک موافق پنجاب خواہد شد مدعا تجویز این ست کہ معاملہ سرکار بدون تکلیف و کشمکش گرفتہ شود لہذا جریب کشی در ہر یک تبہ شروع کردیدہ است کہ چہ قدر زمین ہست و قبضۂ کدام کس است و معلوم باد کہ نزد ہر کسیکہ زمین علاقہ بنون ثابت خواہد بود خواہ وزیر خواہ خٹک خواہ دیگر مردمان او را معاملہ ادای سرکار برابر و یک آئین کردن خواہد بود و نظر طرفداری و رو رعایت در حق کسی قوم خورد و یا کلان زور آور کم زور نخواہد شد و ہر شخصیکہ زمین در بنون میدارد و در طایفہ بنوچیان آمدہ ہست و انچہ ملکان خان میگویند کہ وزیران تا حال گاہے کسی بادشاہ را معاملہ ندادہ اند حالا چگونہ بدہند ہنگامیکہ ایشان

کی قریب وزیر زخمی ہوا اور مارا گیا اگر اوس وقت مروت متہور ہونکا تعاقب دور تک کرتی تو انکا
بہت نقصان ہوتا فی الحال ان قومون کے ساتھہ ظاہر لڑائی جہگڑہ وزیرون کا بسبب محروس
ہونی سلطنت سرکار انگریزی کی نہین ہے فی زمانہ انکی بر ملا دشمنی قوم غلجائی اور قوم توری سکنہ
کُرم اور قوم خروٹی ودوڑ ومیا خیل کے ساتھہ ایسی ہے کہ ہر سال قلیل خفیف کشت خون ہی بیخ ورنجش
عناد کی مضبوط ہوتی جاتی ہے اور قوم کاکڑ کے بعض فرقہ جو بموسم گرما انکی پہاڑی ملکون کے
قریب چرای مویشی کو آتے ہین اونسی بہی اونکی خفیف سی پرخاش شروع ہی اور ایسی علامات
معلوم ہوتی ہین کہ اپنی دلاوری کی نخوت اور مشکل ملجا کوہی کی بہروسی پر اونکو بہی دشمن
بناوینگی با وجود اسقدر دشمن کہنی کہ انکی مقبوضہ حدود مین کوئی دخل نہین کر سکتا اور یہہ دوسرونکو
دباتے ہین

## سرگذشت ہمراہ بادشاہان

اس قوم کی لوگونکا قدیم سی پیشہ رہہ داری اور مال چرائی ہونی کے باعث اور پہاڑی ملجا ہونیکے
سبب بادشاہان ماضی سی تعلق کم رہا ہی اور اسی وجہ سی وزیری لوگ اپنی آزادی کو فخریہ
بیان کرتے ہین کہ ہمنی اس سی پہلے کبہی کسی بادشاہ کو قلنگ نہین دیا تہا بہادر شاہ ابن اورنگزیب
عالمگیر کی فوج سی دو دفعہ اس قوم نی مقابلہ کیا جب سکہون کی فوج بنون مین آئی تو سائیان
وغیرہ کی قتل سے آپنی آپ کو گنہگار بنایا غرض کہ گورنمنٹ انگریزی سی پہلے کسی سرکار کی رعایا نہین
کہلائی اور انگریزی گورنمنٹ کی حکومت بہی صرف اُن شاخون پر جاوی ہی جو بموسم زمستان
ضلع بنون کی حدود تہل وغیرہ مین آگر فروکش ہوتے ہین اور میدان کی علاقہ مین اونکو ملکیت
زمینات بذریعہ قبضہ سابقہ یا عطای سرکار حاصل ہوئی ہی باقی اکثر قوم فی الحال ہی بدستور
آزاد پہاڑون مین آباد ہین سب سی پہلے جس حاکم نی وزیری قوم کی بعض شاخون کو رعیت
بنایا وہ کرنیل ہربرٹ اڈوارڈس صاحب تہا ماہ دسمبر ۱۸۴۷ء مین جب صاحب ممدوح ہمراہی
جرنیل وین کورٹ لنڈت واسطی نظم ونسق علاقہ بنون مین آئی اور پرگنہ بنون کی سرسری پیمائش
واسطی تشخیص جمع مالگذاری شروع کری تب قوم وزیری نی جنکی زمینات علاقہ بنون مین تہی معرفت
سوہان خان ملک کلان وزیری اس حجت سی اعتراض کیا کہ ہمنی کبہی کسی بادشاہ کو قلنگ نہین

## حال اتفاق و نفاق باہمے قوم

جوکچھہ افغانستان کی جملہ اقوام کا حال میری تحقیق سی دریافت ہو سکا اوس سی یہہ بات ثابت ہی کہ جسقدر اتفاق اور پرہیز نفاق اس قوم مین ہے کسی دوسرے پشتون قوم مین اوسکی نظیر نہین ملتی اسکا سبب سوای اوس بگھڑ آئین وزیری کے اور کچھہ نہین معلوم ہوتا مگر تاہم تقاضائی بشریت جاہلانہ کسی کسی شاخ مین عداوت ہوکر نوبت کشت و خون تک پہونچ چکی ہے چنانچہ شاخ اتمان زئی مین باہم فرقہ ممیت خیل و برہم خیل مدت تک دشمنی سخت رہی اور فرقہ تورے خیل و عبدلی خیل بہلول زئی مسعود کی باہم بہ تنازعہ زمین موسوم رزنک عرصہ تک عداوت رہی کہتی ہین کہ یہہ عداوت بہت پورانی آمین مذکورکے ایجادسی پہلی کی شروع ہے فی زماننا اگرچہ آپسمین لڑائی جہگڑا نہین مگر دلونکی صفائی بہی نہین اور ایک دوسری عداوتی فرقون کی بہلائی نہین چاہتی سال حال مین قوم لکا خیل و ممبت خیل شاخہائے اتمان زئی وزیری کی باہم بتکرار عورت لڑائی اور کشت و خون ہوی اور قوم سپیرکی احمد زئی اور مسعود وزیری مین بہی بہ تکرار غارت گری مال و بہیر یکدیگر پرخاش شروع ہوئی اور تجویز جمع کرنے تورہ وزیران در درویش خیل ہے مگر شاید صلح ہوجاوی گی +

## حال عداوت ہمراہ دیگر اقوام ہمسوآ

وزیر جملہ اقوام ہمسایہ ہر چہار طرف کی غنیم ہین الا انکو اتنی عقلمندی حاصل رہی کہ جس قوم کے ساتہہ عداوت کری اوس قوم مین سی ایک جزو کو اپنی گوندی یعنی جنبہ اکثر اً بنا لیتے تہے زمانہ گذشتہ مین قوم بنوچی کی ساتہہ شاخ احمد زئی اور اتمان زئی کی بدعوی ملک گیری اکثر لڑائیان ہوئین اور شاخ مسعود کی قوم بیٹنی اور اورمڑ کی ساتہہ بسبب اخراج ملک نہایت دشمنی تہی اور فرقہ میری خیل قوم خٹک کے ساتہہ چند جہگڑی ہوی قوم مروت شاخ لوحانی کی ساتہہ پورانا عناد تہا مگر اکیس برس کا عرصہ ہوا کہ شاخ احمد زئی کی سوبان خان ملک کلان نی کچھہ باعث اپنی پورانی عداوت کی اور کچھہ بسبب درخواست نصف گوندی مروت بجمعیت چھہ ہزار لشکر کی مروت کی شاخ بیگو خیل اور سکندر خیل پر بمقام لکی حملہ کیا اوس لڑائی مین مروتون کے گروہ قلیل نی جنگی ہمراہی مین حسن خان خیسور بہی تہا داد مردانگی دیکر وزیرونکی لشکر کو شکست عظیم دی اور

گئی تہی اونکی واسطی روٹی جسکو کاک کہتی ہین اور پتھر پر پکایا جاتا ہے پہلی سی تیار کر رکھتی ہین وہ روٹی کہاکر براو رفع ماندگی وکوقت راہ کی گروہ سارقان اوس جگہہ سورہتی ہین اور خاربائی فوراً مال مسروقہ لیکر تازہ دم آگے کو روانہ ہوتی ہین ایک شخص آرام گیرون سی ان خوابیدونکی پہرہ پر کہڑا رہتا ہے تاکہ اگر دور سی کوئی غنیم تعاقب کنندہ نظر آوی تو اونکو بیدار کرکے آگی کو روانہ ہوجاوین

## تقسیم مال مسروقہ

مال مسروقہ کی ایک حصہ کو ڈُڈی کہتی ہین سارقان کا سرگروہ موقعہ واردات کی قریب پہونچکر اپنے ہمراہیان کو کہتا ہی کہ جو شخص نقب لگاوی یا اندر داخل ہو یا مویشی نکالی اوسکو فی کس دو ڈڈی یعنی حصے ملین گے اور جو باہر رہین گے اونکو فی کس ایک ڈڈی پس مرتکبان مین ایسی انداز اور لحاظ پر تقسیم ہوتا ہی مگر سرغنہ کو بہ نسبت دیگران ایک یا دو حصہ زیادہ ملتا ہی اور گروہ سے باہٹین کو فی کس ایک کنڈکے یعنی حصہ کا چہارم دیا جاتا ہے اور مال مسروقہ جو بارتکاب غارتگری حاصل ہوا ہو سوای ایک حصہ فی مرتکب اسلحوات پر بہی تقسیم کیا جاتا ہے مگر جسکے پاس صرف ایک تلوار ہو تو وہ اس ایک حصہ معمولی مین شامل ہے اور فی بندوق یا تفنگچہ ایک ڈڈی اور فی سپر نصف ڈڈی مقرر ہے پس اس حساب سی جس مرد کے پاس بوقت ارتکاب چوری ایک بندوق اور ایک تفنگچہ اور ڈہال تلوار ہوی تو وہ ساڑہی تین حصہ پاوے گا مگر اسمین اتنی شرط ہے کہ وہ شخص یہہ اسلحہ ہمیشہ رکہتا ہو نہ کہ خاص اوسی روز واسطی زیادتی حصہ کے باندہ لئی ہون غالباً یہی سبب ہی کہ اکثر وزیر اپنا نام پیاوڑی یعنی دلاور مشہور کرنیکے واسطی سب اسلحہ رکہتی ہین +

## سبیل انتقال مال مسروقہ

مال مسروقہ از قسم بہایم پہاڑ مین لیجا کر اکثر قوم سلیمان خیل وغیرہ غلجئے پر فروخت کرتی ہین یا قوم توری کی خوست کیطرف لیجاتے ہین یا علاقہ خٹکان کے بعضی میاگان خرید شتران کرتے ہین اور مال مسروقہ از قسم پارچہ وغیرہ بے جان اکثر وزیران مین فروخت ہوجاتا ہے خریداران مال مسروقہ کی اکثر سارقان کی سرغنون سی آشنائی اور رابطہ بنا ہوا ہے جب چوری کا مال اپنی پہاڑ مین لیگئی تو سوای گہوڑونکی اور جلد فروخت ہوجاتا ہے +

کی معرفت یا بذات خود آمد کسی قافلہ یا مال مویشی و شتران وغیرہ کسی موقع ممکنہ چوری یا چراگاہ
متصلہ کو سنی یا دیکہی تو اپنی محرم راز اور ہمراہیونکو جمع کرکے جسقدر آدمیونکی واسطی اوس حرام
شکار کی ضرورت سمجہی اونکو تیار کیا جب دس آدمیونسی پنچ گروہ بوقت شب بارادہ چوری جاتی
تو اونکو قلہ جمع لفظ غل یعنی چور کہتی ہین اور اوس سی زیادہ سو تک کے گروہ کو غدی کہتی ہین اور انکی
اوپر تراک بولتی ہین اور جب غدی اور تراک مین سوار بہی شامل ہون تو بعد ارتکاب جرم
اوسکو تاخت بولتی ہین جب دو سوسی زیادہ آدمی تاخت کی واسطی جمع ہون تو اوسکو لشکر کہا جاتا ہے
ان گروہونکی سرگردگی عموماً بیاوڑی یعنی دلاور آدمی کو ہوتی ہے جب گروہ مذکور اپنے
پہاڑسی بارادہ چوری وڈکیتی میدان علاقہ سرکار کی طرف روانہ ہوی تو جس جگہہ اونکی اپنی
پہاڑکی حد ہے وہان چند ہمراہیان کم دل جنکو بزبان پشتو وزیری خاربائی یعنی دیدہ بان کہتی
ہین چہوڑ کر سب فالتو اسباب از قسم پارچات فضول اور پاپوش وغیرہ اونکی حوالہ کر جاتے
ہین اور باقیماندہ تلاش جرم کے واسطی جاتی ہین موقع مقصودہ پر پہونچکر سرگروہ اپنی ہمراہیونکو
دو کامونکی کے واسطی منقسم کرتا ہے اول گدوونے یعنی داخل ہونی والے دوئم دَرَوُونی
یعنی کہڑا ہوکر خبر رکہنی والی پہلا طایفہ کو وہ بیاوڑے نقب لگانے یا مال نکالنی مین اپنی ساتھ شامل
رکہتا ہی اور دوسری کو جہت حفاظت سارقان مشغول سرقہ اور بشرط اطلاع مستحقان مظلوم کے
اونکی مزاحمت کی واسطی مقرر کرتا ہے ان کم بخت محافظونکی ہاتہہ مین گول قسم کا پتہر اور کہین
خنجر اور تلوار اور غارت گری مین اکثرونکی پاس ڈہال تلوار اور بعضون کے پاس بندوق وطنچہ
بہی ہوتا ہی جب کسی مالک کو خبر ہوی تو سب سے پہلے اُن محافظونکی یہہ عادت ہی کہ اوس حقدار
کو جو اپنی مال بچانے کے واسطی چیخہ یعنی شور یا گرفتاری مجرمان کا مستعد ہوا وہ پتہر مارتے ہین
اگر اونکی ہمراہی بہاگ نکلی تو خیر ورنہ بشرط احتمال گرفتاری کسی رفیق یا اپنی کے خطرناک حربونسی
گیرندہ کی جان کے درپے ہوتے ہین گرچہ ابتدای مین قتل عمد غارت گری اور سرقہ مین شرارتاً
ہوتی جاتی تہی مگر اب عموماً ہمچون حالات مین جیساکہ اوپر ذکر کیا گیا ہے قتل کے درپی ہوتی ہین
بعد ارتکاب واردات جہان تک جلد ہوسکے مال مسروقہ کو اپنی پہاڑون مین لیجاتی ہین جب
اوس موقع شروع پہاڑ محدودہ اپنی پر پہونچی تو گروہ خاربائی جو وہان معہ اسباب فالتو چہوڑ

کو ایسی باہر کی فساد دوستی کچھ غرض نہین تھی لہذا ہر دو درخواست اونکی نا منظور ہوی*

## وزیری اسپ اور سواری

واضح ہو کہ وزیر وال گھوڑے محنتی اگرچہ سرکش تیز ہوتے ہین قد متوسط اکثر مایل بکوتاہی کوچک سینہ کنوتی یعنی ہر دو گوش خوبصورت اور نوک دار سم مضبوط اور بوتھہ صندوقی وضع ہوتا ہی بنیاد نسل ان گھوڑونکی باوجود بہت تحقیقات صحیح معلوم نہین ہوتے مگر دو تین گلہ کے گھوڑے مشہور ہین جیساکہ دخلؤ گلہ یعنی سارقان والہ گلہ دخذ گلہ تیسرا دا اور مڑگلہ اس تین گاہ کی گھوڑے زیادہ مشہور ہین ایسا قیاس ہوتا ہے کہ پہلی کبھی وزیری لوگ کوئی اچھا گھوڑا چوری کرکے لائے ہین اور اوسکی نسل سی وزیر وال گھوڑے ہونگے وزیری اسپ وزیرون کے پاس بہت کم خوراک اور زیادہ محنت کھینچتے ہین اس وجہ سے جب وہ کسی متمول کے پاس فروخت ہوئے تو خوراک اور خدمت سی جلد موٹی اور خوش شکل اور کام کے لایق بن جاتے ہین محنتی ایسے ہین کہ تمام روز سواری سی سیر نہین ہوتے مگر فی زمانا انمین اچھی گھوڑے کمیاب ہین اور وزیری کی سوار قابل دید ہوتی ہین اکثر پاؤن مین مزری کی چپلی رکاب کو پڑکی ہوی اور کہنہ زین اور کہنہ و میلہ لباس پر تلوار باندہی ہوی کسی کے پاس بد شکل نیزہ اور کسی کے پاس چہوٹی بندوق اور تفنگچہ و خنجر ہوتا ہی فی الحال قوم کابل خیل اتمان زی - اور میت خیل اتمان زی اور زلی خیل احمدزی کے بیچ زیادہ گھوڑے اور سوار ہین اور قوم مسعود مین دو سو سے زیادہ سوار نہین ہونگے سوای تاخت اور ڈاکہ زنی میدانی لڑائی مین انکی سوار کسی کام کے نہین ہین*

## طریق اجتماع جہت ارتکاب چوری و غارتگری

اس قوم مین غارت گری اور چوری جبلی عادت ہی خصوص شاخ مسعود اس پیشہ مین نمبر اول ہی ان وارداتونکی ارتکاب مین اونکو اپنی دلاوری کا غرور رہتا ہی رہزنی رہتہ ورہ گومل کی علاوہ باستثنا اپنی قوم کی دیگر ہمسوانہ اقوام کی مال کو شکار سمجھتی ہین طرفہ جہالت یہہ ہی کہ سرکار گورنمنٹ کی رعایا کی مال بسرقہ کو یہانتک متبرک حلال سمجھتی ہین کہ کفن آخرین بہی اکثر باعث تعصب اوس ہی بناتی ہین ہر ایک شاخ مین چند اشخاص مشہور ہمت والی سارق جنکو باصطلاح زبان خود بیا وڑکی یعنی دلاور کہتی ہین موجود ہین اور اکثر وہ آپسمین ہمراز ہوتی تخت کبھی جاسوس

جملہ پشتون اقوام کی اصطلاح عام مین کل قوم سی مراد لیجاتی ہی مثلاً اگر کوی شخص بیان کری کہ پنجو وزیروں کی یہہ صلاح ہی یا پنجو پشتون یا بنیر و مروت تو اوس سی سمجھنا چاہئی کہ وہ کل قوم اس لفظ مین داخل ہی اور ہر خورد و کلان قوم کے واسطی بجای لفظ کل کے پنجو کا لفظ مستعمل ہے غرض کہ جب اسطرح دری کاٹی کا فیصلے بن جاوی تو پہر اوس مشورہ کی تعمیل خوف سی ہر کوئی کرتا ہی اور یہہ لوگ کہتی ہین کہ اگر کبھی شاذ نادر کوی شخص اس عہد کے مخالفت کری تو اوسکو نقصان مال و جان کا پہونچتا ہے اور یہہ دری کاٹی کا ہر مشورہ اور عہد مضبوط کی واسطی ضرور بنایا جاتا ہی عموماً یہہ لوگ اپنی معاند فرقہ پر دو موسمین مین یورش کرتے ہین یا موسم بہار بماہ مارچ و اپریل اور یا شروع موسم خزان مین بماہ اکتوبر و نومبر جب موسم موعودہ آپہونچا تو ہر شاخ کا ملک اپنی اپنی گروہ کی آدمی جسقدر کہ جمع ہوسکین ہمراہ لیکر اوس موقع پر جہان لشکر کا جمع ہونا قرار دیا جاوی حاضر ہوتا ہے اس لشکر کا کوچ قابل دید ہوتا ہی ہر ایک مرد کی پاس گوڈی جرمی چند سیر آرد خشکہ سی جو ایک آدمی کی واسطی ہفتہ یا عشرہ کافی ہو بہرا ہوا موجود ہوتا ہے اور ڈہال تلوار پورانی پارچہ نسی بندہی ہوی و بندوق توڑہ دار اکثر ونکی کاندہی پر رکہی ہوی گروہ در گروہ ڈہل بجاتے ہوی مقام معینہ کو جاتی ہین +

## تقسیم کار حرب

جب جای مقررہ پر پہونچی تو سب ملکان متفق الرای ہوکر دو ملکان کو اختیار کل دیتی ہین جنکو ستر ملک یعنی ملک کلان کہا جاتا ہی اور اونکا یہہ کام ہوتا ہے کہ ہر ایک شاخ کو موقع مناسب پر معین اور نظم و نسق صلح بدی اونکی مرضی پر بشرط اتفاق دیگر ملکان منحصر ہی فی زمانا قوم اتمان زئی مین مسمی آدم خان مدہ خیل اور احمد زئی مین نجیب خان ولد سوبان خان سپہر کے ملک کلان ہین سوای ملکان کلان کے ایک شخص بنام ستر امیر یعنی بڑا امیر مقرر ہوتا ہی اور اوسکی ماتحت چند شخص بنام کم امیر یعنی چہوٹی امیر نامزد ہوتے ہین اور ہر ایک امیر کے ماتحت بقدر ضرورت بیس سی لیکر سو آدمی ہوتا ہی جنکو بزبان خود خلوشتہ بمعنی محصل کہتی ہین ستر امیر کی ذمہ یہہ خدمت ہی کہ لشکر گاہ مین حاضر رہکر بوقت لڑائی جب ایما ملکان کلان اپنی رای سی ہر ایک شاخ کو علیحدہ علیحدہ گروہ مین منقسم کرکی مستعد جنگ کری جدا جدا اگر وہ ہو نمین ہر ایک شاخ کو اسواسطی یکجا جمع رکہتی ہین کہ ہر شاخ کی مرد ایک دوسرے کی رشک سی نبرد آزمای کی میدان مین تفوق چاہین ورنیز بہیر اور لشکر گاہ کی حفاظت

میں دختر کے ساتھہ نکاح پڑہا جاتا ہی بعد نکاح کے دسوین یا بیسوین روز عورت اپنے والدین کے گہر جاتے ہی بعد ازان کے بعد والدین اوسکی شوہر کے کسی بہائی یا اور رشتہ دار کے ساتھہ اپنی دختر کو اسطرح پر روانہ کرتے ہین کہ بہت سی روٹیان پکا کر ایک آدمی کی سر پر اوٹہوا کر اور ایک یا چند گوسفند یا بیل یا گائے بقدر مقدور دیکر رخصت کرتے ہین اور اس آخری رسم کو سترونیز کہتے ہین وہ روٹیان شوہر کے گانو مین ٹکڑہ ٹکڑہ کرکے بانٹ دیتے ہین اجرت نکاح خوان غیر معین ہی مگر اکثر ایک روپیے کم دیا جاتا ہی ؛

## طریق ماتم داری

اگر کوئی شخص مر جاوے تو دستور ہی کہ بعد دفن کرنے میت کے اوس شخص کے خاندان یا چہوٹی قوم کے جسکا ماتم ہوا ہو دوسرے لوگ قومون کی گہر روٹی منقسم ہوا کرتی ہین اور اس رسم کو بزبان خود شل گری کہتے ہین اور جب کوئی دور سے مہمان فاتحہ اور تعزیت کیواسطے آتی ہین تو ایک گوسفند یا چند روپیہ ہمراہ لیجاتے ہین اور وارث کے گہر جا کر گوسفند ذبح کرکے وہ مہمان ہی کہاتا ہی اور دیگر لوگ بہی جو واسطے میت کے غسل دی اوس میت کے پارچات جو اوسنے مرنے کے وقت پہنی ہوئی تہی مزد مین دیتے ہین اور جنازہ کے ساتھہ بقدر مقدور استقاط مین گوسفند یا بکرے وغیرہ مویشی خیرات کرتے ہین ؛

## طریق تورہ یعنی اجتماع لشکر

جب اس قوم کو کسی دوسرے فرقہ پر یورش کرنی کی ضرورت ہوتی ہی تو ہر ایک شاخ کے ملکان کسی ایک یا چند موقعہ معینہ پر جمع ہوکر دعا خیر کرتے ہین کہ دشمن قوم پر فلانے موسم مین تورہ یعنی لشکر کشی ہوگی اور ہر ایک قوم کے بالغ آدمی کو اوس لشکر مین آنا ہوگا اور بعد دعا خیر کے اوس معرکہ مین کوئی سید یا پیر یا اخوند یا کوئی اور متبرک آدمی ملک وغیرہ جنکی پرہیزگاری کے لوگ قایل ہون تین پتہر جنکو بزبان پشتو درے کانی کہتے ہین اوپر نیچے رکہہ کر تلے یعنی ایک چہوٹی ڈہیرے بناتا ہی اور سب اہل معرکہ کو مخاطب کرکے کہتا ہی کہ جو شخص اس جرگے کے مشورہ کی تعمیل سے انکار یا عمداً پہلو تہی کرے تو یہہ تلے اوسکے پیچہے پڑے اگر کسی کو بد دعا کا اثر پہنچی اور اوسکا خانہ خراب ہو اور یہہ بد دعا سب اہل معرکہ سے ہوتے ہے پنجو یعنے پانچون یعنی کل کی جانب سے یہہ تلے اوسکے پیچہے پڑے جو پر تلا وت اور پہر وہ تلے بنانیوالا ہاتہہ سے گرا دیتا ہی پنجو یعنے پانچہ کے نقشہ سے اسطرح

ایک گوسفند لیجاکر معہ اپنی چند رفقار کی سسرال کی گہرمین اوس گوسفند کو پکاتی ہین اور خود اور نیز گانو
والون کو بہی کہلاتی ہین اس رسم کا نام خرترڑہ یعنی گدہا باندہنا کہتی ہین اور جب گدہا باندہا گیا تو اوس
صبح جس برتن مین اوس لڑکا منسوب نے روٹے کہائی اوسمین دو تین روپیہ ڈالدیتا ہے اور اوسکے
معاوضہ مین سسرال یا ایک انگشتری نقرہ یا ایک لونگے یا ایک جوڑہ یا پوش یا ایک رومال پارچہ
سفید جسپر سرخ ریشم کا کام ہوتاہی دیتی ہین اور پہر خوشی کی رسم جوایکدوسرے کے والدین یکدیگر
کے گہرمین جاکر روٹی کہاتی ہین پورہ کرکے ناطہ کی رسوم کو ختم کرتے ہین اس قوم مین عہد شکنے
ناطہ کی تنازعات بہت ہی کم ہوتے ہین ؛

## طریق بیاہ و نکاح

یہہ دستور اس قوم مین اچہا ہی کہ جبتک مرد و عورت بالغ نہون تب تک شادی نکاح نہین کرتے
جب دونون طرف حد بلوغت کو پہونچے تب ایکروز شادی کا معین کرکے مرد والی گانو سی سفے
گہریافی آدمی جو برات کی ساتہہ جاوی ایک اوڑسے یعنی ایک پیمانہ غلہ مکی یا گندم جسکا وزن عموماً دو سیر
ہی لیاجاتاہی اور جسدن برات جاوی اوس سی پہلی کچہہ غلہ یا آرد یا مکی کا دلیہ جیسا جسکا مقدور ہوا
اور ایک یا چند گوسفند اور کسیقدر قند سیاہ اور اوس دولہن کی پارجات لیکر تین چار عورات اور پانچ
پہہ مرد روانہ ہوجاتے ہین اور اوس دختر والون کے گانومین پہونچکر روٹی اوس جنس سی جو ہمراہ
لیجاوین طیار کرتے ہین اول اوس طعام مین سی سکنائی وپہہ مسکونہ دختر کہاوین گی اور اوسکی بعد
شام کیوقت برات جسمین تعداد آدمیون کی حسب حیثیت جانبین کم وبیش ہوتے ہی جاپہونچتی ہی اور
پہر اور رسوتون کی زد عورات اور طفلان وپہہ سی کہاتی ہوئے گانومین داخل ہوکر وہ کہانا جو پہلی
انکی اپنی طرف کی آدمی جاکر پکاتی ہین کہاکر نندارہ یعنی تماشا دہل زنی اور مردون کی ناچنی کا تمام
رات ہوا کرتاہی چہار پائی یا لحاف یا اور کسیطرح کی خدمت مہمانی کا دستور نہین ہی بموسم سرمای جاڑے
کے تکلیف آگ کی تپنی سی کم ہوتی ہی صبح وقت اگر والدین دختر صاحب مقدور ہوئے تو ہر ایک جاجگی
کو خشک روٹی یا مکی کا دلیہ ہاتہہ مین دیکر رخصت کردیتی ہین اور اوس عورت کو بدون نکاح پڑہانے
کے دولہن کی پارجات پہناکر گہوڑی یا بیل پرسوار کرکے لیجاتے ہین مگر اوسکا شوہر دو یا تین روز
سسرالون مین اونکے تسلے خاطر کیواسطی رہتاہی تیسرے روز اپنی گانومین واپس جاکر اخوند کو بولاکر

رشوت خور بهی نه هوا ور سخن کا پخته هو تو ایسی شخص پر قوم کا اعتبار هوکر باسم ملکی اپنی شاخ کا پیشرو هوجاتا
هی اور موروثی ملک کا خاندان جو اوسکے لیاقت کی برابر نهو وه اوسکا مطیع هوجاتا هی اور تغیر و تبدل ملکے
سی آپسمین دشمنی کم هوتی هی کیونکه اوسمین کچهه آمدن یا فایده نهین هی اور اسطرح جب اوس پهلی معتمد
آدمی کی اولاد سی کوی لایق نرهی تو اوسی شاخ کی دوسری خاندان سی کوی پیدا هوجاتا هی اور یهه دستور
انکا اسباب کا شاهد هی که آپسمین جمله برابر اور یک رنگ بهائی سمجهتی هین ملک کا اختیار سوای فراہمی معرکه
بهت تهوڑا هی اور جرگه مین هی بلا اتفاق اکثر اہل جرگه بخصوصیت ملکی کچهه اختیار نهین هی اور اپنے
قوم کے فریقین مین به لحاظ ناراضگی کسی فریق کے بلا اشتمال ثالثان دیگر بارضامندی فریقین فیصله
نهین کرتے اگر کسی انتظام عام کیواسطے اہل جرگه کوئی تجویز کرین تو وه تجویز ملک اپنی قوم کو سناتا هی
مگر ادائی کی تجویز کے تعمیل ور فراہمی قشون سرامیر اور حلوشیکان کی معرفت هوتے هی ملکان کو
سوائی روٹی اور کچهه آمدن نهین هی جسکا ملک مهمان هو تو اوسکی واسطے اکثر گوسفند ذبح کیا جاتا هی ذی الحال
نجیب خان ولد سوهان خان قوم احمد زی کا اور آدم خان قوم اتمان زئی کا بڑا ملک هی باقی ملکان
کے نام شاخوار فهرست تعداد اور شمار اقوام سی معلوم هونگے ؛

## رواج ناطه یعنی نامزادی

عهد نسبت کا یهه طریق هی که مرد کی والدین کی طرف سی ایک هم قوم آدمی معتبر عمر رسیده والدین دختر
کی گهر واسطے درخواست ناطه جاتا هی اگر وه ناطه دینے پر راضی هوئی تو اوس شخص درخواست کننده کو کهتی
هین کر ساتهه روپیه نهایت سو تک بقدر مقدور جانبین نقد روپیه جسکو باصطلاح زبان خود خیرتے
کهتی هین لی آؤ تب ناطه دیا جاویگا یهه پیغام پاکر روپیه مطلوبه پیدا کرکے بهمراهی پانچ دس آدمی والدین
دختر کے گهر جاتی هین اور ایک دو گوسفند اپنی خوراک کیواسطے همراه لیجاتی هین بعد فراغت نان شبینه
اوس دختر کے وارث مثلاً باپ یا بهائی کی دامن یا ٹوکری مین شمار کرکے وه زرنقد جسکا نام خیری
هی ڈالدیتی هین اوسمین سی حسب درخواست بعض همراهیان والدین مرد دو یا چار یا کسیقدر روپیه
واپس کرکے باقی رکهه لیتی هین اور گوسفند ذبح کرتے هین جب یهه رسم هوچکے تو عهد ناطه کا پخته هوگیا
پهر اوس سی کوئی نهین پهر سکتا بعد اختتام اس رسم کے مرد کی جانب والے آدمی صبح اپنی گاؤن کو
واپس چلی جاتی هین بعد ش ایک عجیب رسم هوتے هی یعنے جب لڑکا اپنی سسرال مین آتا جاتا هی تب اوسکو

یا شریعت کروا و رنا فیصلہ جائداد متنازعہ سی جو ہمسایہ ہو چکی ہے غرض نہ رکہو اکثر تو اونکی دباؤ سی فیصلہ معتدل ہو جاتا
ہی ورنہ آپسمین دشمنی شروع ہو کر ایک دوسری کا مال جو ہاتہہ آوی غنیمت کی طور سمجہا جاتا ہی اور اگر اوس
ہمسائہ کی مال یا جان کو دوسرے فریق کی جانب سے یا بایام ہمسائہ گری نقصان پہونچے تو جنکا ہمسایہ ہوا تہا
اونکا شرم اور ہرجانہ نقصان پہونچانیوالی پر مثل غارتگری کی ہوتا ہی جسکی تعداد اوپر درج ہو چکی ہے غرض
کہ سب سے آخرے طریق فیصلہ کا دشمنی اور زور ہے جو شخص زبردست ہوا وہ غالب آیا مگر اس طریق کی اختیار
کرنیسے پہلے بہت کچہہ تدابیر فیصلہ کیواسطی کیجاتی ہین اور گرما کی موسم مین جب یہہ لوگ پہاڑ مین جمع ہوتے
ہین تو وہان سرو جگہہ اور فرصت کی ایام مین زیادہ تر معرکہ و انفصال تنازعات کا کام ہوتا ہی اور اکثر
بسبب خوف ایزادی خرچ و نقصان فیصلہ اول پر اکتفا کرتے ہین

## ستر و زیر یعنی کلان وزیر

قوم اتمان زئی وزیری مین سی شاخ میمت خیل اور بدی خیل فرع توری خیل اور بیبلی کابل خیل کو باصطلاح
خود ستر وزیر کہتی ہین اور نیز انہین تین خاندانون کو بزبان پشتو جو ددری لغری سے خواہ دری لغری
جسکا لفظی معنی تین چہپرے ہین مگر مراد اسکی تین دودمان یعنی خاندان سی ہی اگر کوئی سنگین مقدمہ ہو یا جو
فیصلہ نہو سکے یا کسی مسئلہ آئین مروجہ مین اتفاق نہوا اور در میان یعنی منصف مختلف فیصلہ کرین تو یہہ تین
دودمان ستر وزیر مین سی جو آدمی آوے یا اوسکے پاس واسطی تجویز کے فریقین جاوین اور جو فیصلہ
او تشریح مسئلہ آئینی ان تین دودمان کا ثابت کر دیوی وہ پہر قطعی ہی گویا آئین وزیرے کے مجتہد اعلی وہ تین
لغری کے خاندان ہین اور سبب اس پیشوائی اور رہونی اختیار قطعی فیصلہ کا ہر سہ دودمان کو یہہ ہی کہ آئین
وزیرے کی موجد ان تین خاندان کی مورث ہی تہی جیسا کہ ابتدا مین ذکر ہوا ہی

## حال ملکان

قوم وزیری مین انتخاب عہدہ ملکی کیوقت کچہہ موروثیت کی پابندی نہین ہی گرچہ لحاظ موروثی خاندان
کا بہی کچہہ ہوتا ہی مگر اصل مین مستعد آدمی کیواسطی کوئی امر مانع نہین ہی کہ وہ ملکی کا نام اپنی واسطی حاصل
نہ کر سکے شش میڑتیہ یعنے خوب مردی جسکی ذریعہ سی ملکی کا نام حاصل ہو سکتا ہی یہہ ہی اول ناشام تورہ یعنی
شام کی تلوار جس سی مراد مہمان کو روٹی دینا ہی دوسرا آدمی زیرک یعنی ہوشیار ہوا ور معرکہ یعنی جرگہ مین
گفتگو ہوشیاری اور دلایل سی کری اور اپنی قوم کے بہبودی اور ننگا ہیانے ہر حال مین ملحوظ رکہی اور

فتوی دیا جاتا ہی کہ اسمقدمہ مین یہہ جہوٹہا ہی ورنہ خرچ کرنے سے گریز نکرتا اور دربان یعنی ثالثان جرگہ کو ہمیشہ عمدہ کہانا اپنی قسم کے کہانون مین سی ملتا ہی یعنے لحم گوسفند اور روغن زرد برنج یا اکثر گندم کی روٹی کی ساتہہ دیا جاتا ہی الغرض اسطرح کے نان خوری تب تک رہتی ہی جب تک کہ دربان فیصلہ اخیر نکرین اور وہ عمداً طول دیتی مین جب اہل جرگہ کی مرضی واسطی فیصلہ ہوئے تب وہ فریقین کا بیان زبانی معرکہ مین سنتی ہین اور بعد ساعت تقریر کے اونسی پوچہتے ہین کہ تم ہر دو ہمکو واک یعنے اختیار دیتی ہو کہ جسطرح مناسب سمجہین فیصلہ کر دیوین اگر وہ اختیار دیدیوین تو بلالحاظ آئین خود بطور صلح ایک تجویز رضامندی جانبین کر دیتی ہین اگر وہ اختیار صلح نہ دین تو بموجب مسئلہ شرعے جو بمدد ایک اخوند کے سمجہا جاتا ہے یا بموجب آئین وزیری اپنی فیصلہ کی تجویز اہل معاملہ کو سنا کر جرگہ برخاست ہوتا ہی اگر اوس تجویز سی تخاصین رضامند ہین تو یہہ فیصلہ قطعی ہے اگر ایک فریق تجویز دربان سی ناراض اور اپنی حق مین بی انصافی سمجہتا ہی تو اوسکو اختیار ہی کہ دوسرے جگہہ کی دربان یعنی معرکہ سے اس تجویز کی نظر ثانی کراوی اگر دوسرا معرکہ بہی پہلی دربان کی رای سی اتفاق کرے تو پہر فیصلہ قطعی ہے اگر اونکا رائی پہلی تجویز سی مخالف ہو تو زبانی وجوہات ناقصی فیصلہ سابق اور نظیرین شکست چند فیصلہ جات ماضی ظاہر کرکے اپنی تجویز جدید بیان کرتے ہین اور پہر اوس تجویز سی بہی فریق ناراض کو اختیار عدم تعمیل کا ہی بعورتیکہ کوئی فریق اول یا ثانی دفعہ تقرر جرگہ دربان سے انکار کرے اور یا بموجب آئین وزیری یا شرع محمدی انفصال مقدمہ نہ کراوے تو دوسرے فریق کو اختیار ہی کہ بذریعہ بدی یعنے دشمنی اوس کے مال اور جائداد سی بدلا لیوے یا نقصان پہونچاوی اگر وہ مظلوم خود کم زور ہے اور بدلہ نہین لے سکتا تو دوسری زبردست قوم یا شاخ مین جاکر گوسفند ذبح کرتا ہے اور خود اور نیز جائداد وشئے متنازع فیہ مثلاً زمین یا مویشی یا روپیہ یا عورت جسپر تنازع ہوا اون لوگون کا ہمسائہ بنا تاہے جب ہمسائہ بن چکا تو پہر اوس کا شرم یعنے ننگ اونکو ہوجاتا ہے جن کا ہمسائہ بنا اور وہ لوگ دوسرے فریق کو کہتے ہین کہ اس مدعی ہمارے ہمسائہ کی ساتہہ فیصلہ شئے مدعا بہ از روئے آئین

وزیرے یا

کر گیا کہ اراضی متنازعہ میری موروثی ہی مدعی کی ملکیت یا رہن ہی نہ مین نہ آگاہ ہون نہ میرا باپ مرتے
وقت مجکو اطلاع دیگیا تب دعوی مدعی ساقط ہی درحالیکہ تنازعہ نسبت کمی بیشی تعداد زر رہن کی ہی تو
اوسکی واسطے مرتہن کو اختیار ہی کہ جسقدر روپیہ حق اپنا سمجھی راہن سی کلام اللہ شریف کے اوپر رکہا کر
اوٹہالیوی ایسی حالت مین راہن کچہہ عذر نہین کرسکتا ؛

## تنازعات نسبت قرض

قرضہ کے معاملہ مین بہی مدعاعلیہ کے انکار کی صورت مین بشرط نہ موجود ہونے گواہان مدعی یا مدعی خود
حلف کریگا یا مدعاعلیہ کو دیگا اگر مدعاعلیہ حلف نہ کرے تو زر متدعویہ دیدیوے واضح رہی کہ اس قسم کے
جملہ تنازعات مالی او دیوانی مین زیادہ حصر اوپر حلف فریقین کی ہے اور باوجود ایسی خفیف آئین کے تحقیقا
کے کم ناحقی ہوتی ہی جسکا باعث یہہ معلوم ہوتا ہی کہ معرکہ ملکان یا مجمع مردمان دیہ مین جہوٹہہ حلف قرآن
کا زیادہ تر بسبب بدنامی عام متنازعین یا گواہان مین سی بہ مجمع عام کوئی شاذ اوٹہاتا ہی ؛

## طریق انفصال مقدمات باہمی

یہہ ہی کہ جب باہم دو اشخاص وزیری یا دو شاخ اس قوم مین کسی امر کا تنازعہ از قسم اراضی یا معاملات
دیوانی یا فوجداری یا عورت کا ہوجاوے تو اونکو اپنے دوست یا ملک دیہ یا دیگر سفید ریشان موقع
فہمائش کرتے ہین کہ اگر خود رضامندی سی فیصلہ نہین کرسکتی ہو تو معرکہ یعنی جرگہ بطور ریش سفیدان یعنی ثالثان
پسند کرکے فیصلہ کرالو اور آپسمین جہگڑا نہ کرو اگر جانبین نے تقرری معرکہ منظور کری تو دو یا چار چند
اشخاص وزیری اپنی یا دوسری شاخون کے ملک یا معزز منتخب کرکے درمیان مقرر کرتے ہین اور تب
وہ معرکہ یعنے جرگہ جمع ہوتا ہے اور جانبین کی دوست اور گوندیدار بہی اپنی اپنے جنبہ والے فریق کے
پاس جمع ہوتی ہین اور ہمیشہ گوسفند ذبح ہوکر اہل جرگہ وغیرہ حاضرین کو فریقین کہانا دیتی ہین معرکہ
یعنے جرگہ وزیری کا خرچ خوراک فریقین کی حیثیت سی بہت زیادہ ہوتا ہے کبہی کبہی ایسی خرچ کی
تعداد دو تین سو روپیہ تک بہونچ جاتی ہی علاوہ از ثالثان اور گوندیداران طرفین عام لوگ وزیر
معرکہ کی خبر سنکر ناخواندہ کہیواسطی گروہ در گروہ چلی آتی ہین اور متخاصمین ایسی فضول لوگون کو بہی
بحصہ مساوی بانٹ کر کہانا کہلاتے ہین اور کسیکو آنے یا کہانا کہانے سی منع نہین کرسکتے اگر منع کرین
تو بدنامی اور سبکی ہوتی ہے جو فریق کہانا دیتی اور خرچ معرکہ سی انکار کرے تو اوسکی نسبت اکثر یہہ

جنکو زبان پشتو ڈودی کہتی ہین بنا کہی ہین اور ہر ایک شخص اپنا ڈوڈی یعنی حصہ کہا تا ہے اور اوس حصہ مطابق نفع نقصان کا شریک ہوتا ہے اور تعداد ڈوڈی کی غیر معین ہی اول وقت مین ڈوڈی ہر ایک مرد لڑنیوالے اور لڑائی کے خرچ کرنیوالے کے حساب پر فی کس ایک ڈوڈی مقرر ہوئی تہی اور پہر جس خاندان کی اولاد بہت ہوگئی تو اوسمین وہ ڈوڈی یعنی حصہ بہت چہوٹے حصص پر منقسم ہوگئی اور ان چہوٹی حصص کو ڈوڈی یعنے جدید حصہ کہتے ہین اور جس خاندان مین اولاد کم ہوئی اونکے ڈوڈے سالم رہی یا تہوڑتی جگہہ پر منقسم ہوئی غرضکہ مقدار ڈوڈے اور تعداد سرون کہ ہے ہر ایک ڈوڈے کی تعداد اراضی مساوے حساب پر نہین ہوتی اور خرچ قوم حسب رسد ڈوڈے کی کرتی ہین ؛

## رواج تقسیم میراث

اگر کوئی شخص سوای فرزند نرینہ چہوڑنے کے مرجاوے تو میراث اوسکی باہم وارثان نرینہ حسب حصص شرع محمدی کی تقسیم ہوگی عورات کو برعکس شرع میراث سی حصہ نہین دیا جاویگا پس جو حصہ بموجب تقسیم شرعی موئنثات کا ہوتا ہے وہ بہی حسب رسد حصص وارثان نرینہ اپنی حصون کے شامل کرلیتی ہین تقسیم میراث تنازعہ عموماً معرفت ملکان دیہ یا کسی اخوند کے ہوتی ہی بیوہ عورت گرچہ کسی خاص حصہ کی حقدار نہین ہوسکتی الاجبتک اپنی شوہر متوفی کی حق مین بیٹہی رہی تب تک مستحق نان نفقہ اور گذارہ کی ہوگی اور راستری دہن جسکو بزبان وزیران بتن سئی کہتی ہین عورت کا مال ہی وارثان شوہر اوس سی کچہہ غرض نہین رکہتی بعد وفات عورت کی اگر اوسکی اپنے شکم سے اولاد نہو تو عورت کی والدین استری دہن عورت مذکور کے پیچہے خیرات کر دیتا ہی اگر خود رکہہ لیوی تو بہی جائز ہے وصیت یا ہبہ انمین بہت کم ہی اگر شاذ نادر کوئی وصیت کرکے مرجاوی تو اوسکی تعمیل بہی کم ہوتی ہی ؛

## تنازعات اراضی

جہگڑا زمین کا بابت حقیت انمین بہت کم ہی کیونکہ ابتدائی وخلیابی سی اپنی اپنے حصہ پر قابض چلے آتے ہین اور ہر ایک کو اپنی ڈوڈے یعنے حصہ بخوبی معلوم ہی البتہ فک الرہن اراضی کی تنازعات ہوتے ہین سو اونکا تصفیہ اس آئین سی کیا جاتا ہی کہ اگر مرتہن مالکیت مدعے راہن سی منکر ہی تو مدعیکو اپنی مالکیت اور رہن کی ثبوت کی گواہ دینے چاہئی بشرطیکہ مدعی ثبوت سی قاصر ہے تو مدعا علیہ اپنی مالکیت کی ثبوت مین گواہ دیوی اگر گواہ نہین رکہتا تو مدعا علیہ منکر کو حلف قرآن شریف کا کرنا پڑیگا جب وہ حلف اسباب کا

اوسکی ہاتھہ کو دیکھتی ہین اگر اوس آہن کی آگ نے وہ ہفت پارچہ کاغذ جلا کر اوسکی ہاتھہ پر بہی داغ سوختگی ڈالدیا تب بدون کسی اور ثبوت کے اوسپر جوری ثابت ہوگیی تو دہ کا اصلی معنی گرم ہین مگر اسجگہہ یہہ مراد ہی کہ ہانڈی مین اسقدر پانی گرم کرکے کہ جس سے زیادہ گرم ہونا غیر ممکن ہو شخص مشتبہ کو کہا جاتا ہے کہ دست راست کے تین انگشت سی تین دفعہ اوس گرم شدید پانی کو چہوتو مین ڈالکر اوس ہانڈی مین سے باہر پہنکیا جاوے اگر اس استعمال سے اوسکی ہاتھہ کی انگلیون پر آبلہ پڑگیا تب اوسپر جرم ثابت ہی ورنہ بے گناہ سمجہکر بری طرفہ تماشا یہہ ہے کہ اس آزمایش کی صدق پر اونکا خوب اعتقاد ہے اور کہتی ہین کہ جو بی گناہ ہوا اوسکو آسیب نہین پہونچتا اور جسمین گناہ ہو وہ کبہی نہین بچتا ؛

## حال تقسیم ملک

ابتدا مین اتمان زئی احمد زئی مسعود ہرسہ شاخ کلان کی باہم تین حصہ مساوی پر اپنا موروثی پہاڑ تقسیم تہا الا جب مسعود ان دو قومون سی علیحدہ ہوکر ملک مقبوضہ اور مڑوبتینی پر قابض ہوگئی تب سے اونکا تعلق تقسیم انسی کچہہ نرہا اتمان زئی اور احمد زئی کا آپسمین نصفا نصف حصہ ہے اگر کوئی جدید علاقہ دونو قومین متفق لشکرکشی کرکی لیوین تو اوسکو بہی دو حصہ کرکے آپسکی شاخون مین اسطرح تقسیم کرینگی کہ قوم اتمان زئی مین شاخ ولی خیل ایک حصہ شاخ میت خیل ایک حصہ شاخ ابراہیم خیل ایک حصہ اور فرقہ احمد زئی مین نصف پاسنی یعنی پہاڑ کی رہنی والے اور نصف کشتنی یعنی نیچی تہل کی رہنی والے اور اوس اپنی اپنی نصف کو اپنی شاخون مین حسب حصص ذیل تقسیم کرتے ہین

اول پاسنی ـ زلی خیل ایک حصہ گنگی خیل ایک حصہ توجی خیل ایک حصہ ججل خیل خانیا خیل ایک حصہ سرکی خیل ایک حصہ

دوم کشتنی ـ سپرکی ۴ حصہ ـ ہاتہی خیل ۴ حصہ ـ بیزن خیل ۱ حصہ عمر زے ۱ حصہ پائندہ خیل بن خیل ۲ بافو ـ یعنی پاسنی اپنی نصف حصہ کو پانچ حصہ پر اور کشتنی دوسری نصف کو یونے نو حصہ پر تقسیم کرتے ہین قوم مسعود اپنی فرقہ مین تین جگہہ حصہ کرتے ہین بہلول زئی ایک حصہ علی زئی ایک حصہ شمن خیل ایک حصہ واضح رہی کہ انکی حصص باستحقاق کرسی نامہ مورث اعلی نہین ہوتی بلکہ توغ کے لحاظ پر ہوتے ہین لفظ توغ سے مراد خرچ تورہ یعنی لشکرکشی و مہمان وغیرہ ہر قسم کا نقصان جس جس شاخ نے بوقت ملک گیری اول پایا تہا اوسی مطابق حصہ پاتی ہی اکثر ایسا ہے کہ توغ ممکن ایک شاخ کا حصہ دوسرے شاخ کے شامل ہو گیا ہی اور پہر ایک شاخ نے آپسمین خانگی ویش یعنی تقسیم کے واسطی بموجب کرسی نامہ چہوٹے حصص

دیساہی واسطے وصولی اس زر مقررہ کے بہی مجاز ہے کہ اگر اپنی جرات رکہتا ہو تو زر مطلوبہ کی تعداد تک مدیون کا مال مویشی یا دیگر جایداد منقولہ خواہ چوری یا زوری لے جاوے اگر اپنی قوت نہو تو کسی دوسری شاخ زبردست کا ہمسایہ بنکر اونکی اعانت سے تعمیل کراوے اسطرح سکے حقوق مین مدعلیہ مدیون کا مال جسطرح بن سکے لے جاوے تو اوسکو بزبان خود شوشہ کہتے ہین اگر شوشہ یعنی مبادلہ مین چوری کرکے مال لیجاوے تو بہی یہہ فعل داخل جرم نہین ہے اگر تعداد واجب الطلب سے زیادہ قیمت کا مال شوشہ مین لیجاوے تو وہ بطور ساہنگ بمنزلہ گرو مدعی کے پاس رہتا ہے جب مدعا علیہ زر مقررہ دیدیوے تو بجنس مال واپس لیجانیکا استحقاق رکہتا ہے *

## طریق حلف

عموماً اس قوم مین حلف قرآن مجید کا اس تقریر سے کیا جاتا ہے کہ اول مجہے خدا پاک کی اور پہر اس قرآن و اسکے معنون کی قسم ہے کہ مین خلاف بات مقصود سے سچ کہتا ہون اور طریق حلف یہہ ہے کہ مسجد مین یا کسی اور صاف نمازی جگہہ مین چادر بچہاکر اوسپر قرآن شریف رکہا جاتا ہے اور حلف بردار بعد وضو اوس فرقان پر ہاتہہ رکہکر تقریر حلفانہ کرتا ہے علاوہ اسکے جیساکہ یورپ زمانہ کے بعض سادہ لوح قومون مین آگ اور پانی سے آزمائش کرنے کا رواج تہا اوسکے قریب قریب اس قوم مین بہی گرم لوہا اور گرم پانی سے جسکو اپنی زبان مین کہیارا و تووہ کہتے ہین آزمانے کی رسم ہے بالاخصوص مقدمات چوری مین اور اون مدعا علیہم کیواسطے کہ جنکی بدچلنی اور بدمعاشی عام مشہور ہو اور حلف قرآن جہوٹہہ پر اوٹہانے سے کچہہ پرہیز نہو جب ایسے مدعلیہ کو مدعی اسطرح آزمانا چاہے اور رنگ دیہہ اوسکی بدچلنی کی تصدیق کرے تب کہیارا یا تووہ سے اوسکو آزماتے ہین کہیارا یہہ ہے کہ بقدر ایک روپیہ کلدار کے آہن مدور بناکر اور دوکان آہنگران مین رکہکر اوسکو آگ دیتے ہین اور جب گرمی سے سرخ مانند آتش کے ہوجاوے تب اوس مرد مشتبہ کے اول سب پارچات اوترواکر ستر کے ڈہانکنے واسطے ایک کپڑا چہوڑکر اوسکے بدن کی تلاشی اسواسطے کرلیتے ہین کہ شاید کوئی تعویذ محافظ سوخت آتش اوسکے پاس نہو جب یہہ سب ہوچکا تب اوس مدعا علیہ کے دست راست پر ہفت قطعہ چہوٹے چہوٹے کاغذ قطع کرکے رکہدیتے ہین اور زر او نکے اوپر کف دست پر فوراً دوکان سے سرخ شدہ لوہا نکال کر رکہتے ہین اور راوس مرد کو درمیانہ چال سے نہ بہت جلد اور نہ سست ہفت قدم چلاتے ہین جب ساتوین قدم پر پہونچا تو لوہا ہاتہہ سے ڈالدیتا ہے وہ شخص ملک اس بے انصافی کی مصنف

جنس جس مین بمعاوضہ عورت مفرورہ دو جوان عورتین ضرور ہونی چاہیئے مدعی وارث یا شوہر کے
کے کلی برات حاصل کر سکتا ہے جب اسطرح صلح ہوجاوے تو شوہر اوس عورت کو طلاق دے
آشنا فرار کنندہ اوس سے نکاح کر لیتا ہے اگر بجنس عورت واپس دیجاوے تو بہی شرم
اش جرم مین چہہ سو روپیہ کی جنس کم حیثیت کے زیادہ بیع پر دیجاوے گی اگر نہ دیوے تو
کٹا تو عورت بہی ہاری جاوے ورنہ ناک کٹا کا مدعلیہ ہوکر اوسکو شرم دیوے ÷

## استحقاق حراست عورت

نا کتخدا دختر کو باوجود بلوغت اور بیوہ عورت کو باوصف آزادی مطلق اختیار نہین ہے کہ بدون رضامندی
اپنے وارثان کے کسی غیر شخص سے بمرضی خود نکاح کرین اگر کوئی ایسا کرے تو اوس پر موجب آئین بہگا لیجانے عورت
کے فتویٰ دیا جاوے گا نا کتخدا دختر کا ولی باپ یا بہائی یا چچا اور بیوہ کا شوہر متوفی کا بہائی وغیرہ میراث
خور نرینہ سرپرست ہوگا اگر ناطہ نسبت کے بعد مرد منسوب مرجاوے تاہم اوس دختر منسوبہ کو بطور میراث وارثان
شخص متوفی اپنا حق سمجہتے ہین اکثر ایسا ہی ہوجاتا ہے کہ منکوحہ یا منسوبہ بیوہ کے معاوضہ مین وارثان شوہر
متوفی سے للعہ تک زر نقد خواہش مند سے لیکر اوسکو دوسری جگہہ نکاح کرنے کی اجازت دیتے ہین الا اگر
شوہر متوفی کا بہائی اوس بیوہ سے نکاح کرنے پر مستعد ہو تو اول حق شفعہ اوسکا سمجہا جاتا ہے اور وہ بیرحم بہائی
اپنے عزیز دوست کا حق برادری بعد وفات اوسکے ایسطرح بجا لاتا ہے ÷

## طریق تعمیل قواعد آئین

واضح رہے کہ جتنی قواعد آئین کے ہر ایک امر کے متعلق لکہے گئے ہین اونکی تعمیل کے واسطی کوئی حاکم یا رعب حاکمانہ
نہین ہے انکی رواج کے قواعد حسب حالات اون کے ایسی ہین کہ وہ فریقین کو تعمیل کرنے کے واسطی خود رغبت
دلاتے ہین خصوص مدعا علیہم کو خوف انتقام سخت جو پشت ہا تک اوسکے لینے کا استحقاق مدعیان کو رہتا ہے
جلد صلح ہونے کی خواہش دلاتا ہے اور نیز دباؤ اونکا جنکے پاس مدعی واسطی تعمیل کرانے آئین کے ہمسایگی
جاتا ہے عمدہ تقویت ہے ÷

## جو زر معاوضہ یا تاوان

بموجب آئین صلح مدعا علیہ قبول کرے مگر پیچہے سے بیہل انگاری یا تمرد اونکرے تو وہ حق بمنزلہ قرضہ دینہ آنی
کے ہوجاتا ہے اور جیسا کہ قرضہ کے معاملہ مین بعد ثبوت بصورت عدم ادائے مدعی اختیار رکہتا ہے

جرم کے واسطے ہے ویسا ہی ہوگا سوائے مجرمان مفرور کے دوسرے قسم کا ہمسایہ وہ ہوتا ہے کہ جسکا کچھہ حق بموجب
قواعد آئین وزیری کے یا قرضہ یا زمین کسی دوسری اپنی ہم قوم سے لینا ہوا اور وہ شخص بزدستے اونکے یا کسی
معل کا مرتکب ہوکر بموجب دعوی مدعی فیصلہ اوسکا حسب رواج وزیری نکرے تب وہ مدعی کسی زبردست آدمی
یا قوم کا اوسی رسم کے ساتھہ جیسا کہ اوپر درج ہے ہمسایہ بنکر انتقام اور بدلہ اونکی مدد سے لیتا ہے کچھہ شک نہین کہ
کہ ہمسایہ گریکا ننگ اس قوم مین بہت ہے اور اسکی باعث سے اونکے اوناحقون مین یہہ بھی ایک بڑا ناحق ہوتا ہے الا
اونکو اپنے قوم کے ربط وضبط کے واسطے اور آئین مروجہ کی تقویت کیواسطے مفید ہے کیونکہ جب ایک شاخ مین سے کسی شخص
نے گناہ کیا تو دوسرے شاخ والے اوسکو مدد دیکر اخراج ملک و نقصان سے بچاتے ہین اور اونکے دباؤ سے صلح بھی
ہوجاتی ہے اور آئین کی تعمیل مجبوراً بھی کرنی پڑتی ہے *

## جرایم متعلق نکاح وطریق حراست عورات
## یاداشت زنا

اس قوم مین زنا کے جرم شنیع کو قتل کے برابر سمجھتی ہین اسواسطے مباح ہے کہ جب وارث عورت مثلاً شوہر یا بھائی اوس
عورت کو کسی شخص کی ساتھہ زنا کرتا ہوا یا ایک لحاف مین سوتا ہوا دیکھے تو ہر دو زناکار کو جان سے ہلاک کر دیوے الا
اگر خاص مطابق صورت ہائے بالا زناکاری مین نہ دیکھے مگر قوی یقین اونکی بدکاری کا ہو یا کہ عورت منکوحہ یا غیر
منکوحہ کو واشنان کے گہر سے بمراد بدکاری بھگا لیجاوے تو یہہ رواج ہے کہ اوس عورت کو جان سے مار دیا جاوے اور
مرد کا جب موقعہ ملے ناک یا پانو کاٹ دیا جاتا ہے اگر ایسی صورت واقعہ ہو کہ عورت کو شوہر بعلت بدکاری مار دیوے
اور اوسکے آشنا مرد کو حسب شرح بالا ضرر شدید نہ پہونچاوے تو اوس عورت کے بھائی یا باپ اوس شوہر پر یہہ دعوی
کرسکتے ہین کہ یا اوس مرد متہم کا ناک کاٹو یا ہمارا نیم مُڑے کا قرضہ تمہارے پر ہے اور اس دعوی پر اونکو حجت سیار
کہ اگر وہ نیم مڑے کا یعنی حق ادا نکرے تو اوس جرم کا ناک یا پانو کاٹ دیوین اسی اشتباہ سے اکثر آمر زانی بدون
ناک کٹی نہین بچتا البتہ یہہ ہوسکتا ہے کہ مرد متہم بعد مارے جانے عورت آشنا کے چہہ سو روپیہ کی جنس بطور خرچ
نیم مڑے دیکر صلح کرلیوے اوس جنس مین نصف شوہر کا حصہ ہے اور نصف والدین عورت کا ایسی صلح
کرنے پر اوس زانی کا ناک یا پانو بچ سکتا ہے *

## آئین بمقدمات ورغلانیدگی عورت

اگر عورت منکوحہ یا غیر منکوحہ کا بھگا لیجانیوالہ صلح کرنی چاہے تو دمڑہ نیک یعنی خون بہا کے برابر اکہزار

یعنی جو ابتک پیدا نہین ہوئین مدعی کو دیوین اگر عورتین نہ دے سکین تو فی عورت زر ولیہ ۱۲۰ روپیہ اور فی ٹہہ غیر زائیدہ ۵ جملہ بطور ناغہ معہ اصل مال یا قیمت مال مسروقہ و عوید ارکو دیکر چہٹکارا دین مگر ملحوظ رہے کہ اس ناغہ کے معاوضہ مین بہی اوسیطرح جنس کا اکثر خرچ ہے جیسا کہ خون بہا مین ❊

## پاداش نقصان رسانی مال

اگر کوئی شخص قوم وزیرین سے کسی کے مویشی کو بذریعہ زہر دہی وغیرہ تلف کرے تو مطابق آئین چور کے اوس سے پیش آنا چاہیئے اگر درختان میوہ دار کے کاٹنے سے نقصان پہونچاوے تو فی درخت میوہ دار سو روپیہ ناغہ ہے اور کوٹھہ یا کیبڑدی لوڑ آگ لگا دینے کے بدلہ مین بہی ایک سو روپیہ معین ہے علاوہ اسکے قیمت مال سوختہ کی مرتکب کو دینی پڑیگی اگر اوس آتش زدگی مین کوئی آدمی مرجاوے تو مجرم پر جرم قتل عمد عاید ہوکر آئین قتل کے مطابق تعمیل ہوگی مگر اسمین اتنی شرط مطلوب ہے کہ مرتکب کو ارتکاب کے وقت اتنا معلوم ہو کہ جس کوٹھہ یا کیبڑدی کو مین آگ لگاتا ہون اس مین انسان خفتہ یا بیدار موجود ہے ❊

## طریق بدرقہ

بدرقہ لفظ مشہور ہے جب کوئی شخص راہگذر خواہ کسی مذہب یا قوم کا ہو اور وہ کسی وزیری کو کچھہ معاوضہ دیکر یا دوستانہ بطور بدرقہ ہمراہ لیکر انکے ملک کے راستہ پر جاوے اور اوسکے مال یا جان کو کوئی وزیری باوجود موجود اور رفیع ہونے بدرقہ کے نقصان پہونچاوے تو اوس بدرقہ اور اوسکی قوم کا مرتکب پر مثل آئین غارتگری استحقاق بدلہ لینے کا ہوتا ہے وزیری بدرقہ پر بہت اعتبار نہین چاہیئے ❊

## ہمسایہ داری

سوائے رعیت ہمسایہ کے یہہ لوگ اوسکو بہی ہمسایہ کہتے ہین کہ جو شخص دوسری جگہہ کوئی جرم کرکے بہاگ کر کسی فرقہ وزیران مین جا پناہ لیوے طریق ایسی ہمسایہ ہونے کا یہہ ہے کہ شخص مفرور ایک گوسفند ذبح کرکے گانوں یا دہندہ کے ملک یا او معتبران دیہہ کو کہانا کہلا کر اونسے کہتا ہے کہ مین نے فلانے آدمی کا یہہ گناہ کیا مثلاً قتل یا چوری یا زناکاری یا عورت بہگالا اب مین تمہارا ہمسایہ ہون جس جس شخص نے اوسکی روٹی کہائی تہی وہ ہر ایک فرداً فرداً اوسکو اپنا ہمسایہ سمجھکر شریک ہوجاتا ہے اگر وہ مفرور اونکا ہم قوم ہے تو جہانتک ممکن ہو صلح کرانے کے واسطے حسب آئین وزیری کوشش کرتے ہین اگر صلح نہ ہوا اور بحالت ہمسایگی اوس مجرم مفرور کو کوئی اونکا ہمقوم نقصان اور ضرر پہونچاوے تو اوس شخص پر ہمسایہ والون کا رسم جیسا کہ غارتگری کے

مال کو بعلت چوری یا غارت گری راہزنی نقصان رسانی مال بعقد دارو ضرر رسانی ہمسایہ یعنی پناہ گزیدہ بصورت
عدم تعمیل آئین نیکی ہلاک کرین جب اسطرح ثوبلہ ہوجاوے تو پہر مدعی کا کچہ استحقاق ناغہ وغیرہ نہین رہتا
گو اوس ثوبلہ مین مدعا علیہ کی ایک ہی بہیڈی ماری جاوے بلکہ اگر ثوبلہ کی نسبت سی مدعا علیہ کے مال مین
جاکر تلوار میان سے نکالی جاوے تو بہی مدعیکا شرم و ناغہ پورا ہوگیا ✦

## طریق تحقیقات چوری

اگر بجنس مال مسروقہ موجود نہو اور نہ کچہ دیگر ثبوت ظاہری ہووے مدعا علیہ مشتبہ منکر ہے تو ایسی حالت مین
باعتبار وقت سرقہ اسطرح تحقیقات کیجاوے گی اوّل اگر مدعی دعویدار ہے کہ میرا مال بوقت شب بذریعہ نقب
یا اور طرح چوری گیا ہے تب مدعیکو دو گواہ ثبوت رویت یا قرائن پیش کرنے چاہیئے بشرط عدم موجودگی گواہان
مدعا علیہ منکر کو قران مجید کا حلف دیا جاوے اگر وہ حلف کر گیا تو بری ورنہ چور ہے اگر شخص ماخوذ مشہور
بدمعاش یا سارق ہو تو حسب درخواست مدعی گرم لوہا یا گرم پانی سے اوسکو آزمایا جاویگا دوم اگر مدعی کہتا ہے
کہ چوری میری دن کو ہوئی مدعا علیہ مشتبہ منکر ہے تب مدعی قرآن کا حلف کرے کہ مجہکو بصدق دل یقیناً معلوم
ہے کہ میرا چور یہی ہے تو بس بدون کسی اور ثبوت کے مدعا علیہ مذکور پر جرم ثابت ہوکر قیمت مال مسروقہ معہ ناغہ و ثبہ
ادا کرنی پڑے گی صرف اسقدر رعایت ہوگی کہ قیمت مال مسروقہ دوگونہ نہین لی جاوے گی ✦

## یادداشت ڈاکہ زنی و راہ زنی

اگر کوئی وزیر اپنی قوم مین سے کسی کی بہیر یعنے قافلہ کو جو موسم گرما کے شروع مین کوہ شوال برمل وغیرہ کو جاتے
ہین یا واپس آتے ہین لوٹ لیوے یا دست اندازی کرکے نقصان پہونچاوے یا کسی گانو یا کیژدے سی بطور
غارت گری کچہ مال لے جاوین تو اوس بہیر یا گانون مین سے ہر ایک شخص شاملاً یا متفرقاً اختیار رکہتا ہے
کہ مرتکبان مین سے ہر ایک کی مال مویشی از قسم شتر گہوڑا گائی بہیڈی بکری جو ملے اوسکو ہلاک کرکے رسم ثوبلہ پوری
کرے جب اسطرح ثوبلہ ہوجاوے تو مدعیان کی شرم یعنی ہتک عزت اور مدعا علیہم کے جرم کا مبادلہ ہوجاتا ہے مالا
مال غارت شدہ کا پور یعنی حق بدستور مرتکبان کے ذمہ رہتا ہے بصورتیکہ قبل از ارتکاب رسم ثوبلہ مدعا علیہم صلح
کرنی چاہین تو اسطرح ممکن ہے کہ بعوض شرم و جرم اٹہارہ عورتین جنہین سے نو زور ولی یعنی نانیدہ شل اور نو ثبہ

ہوتے ہین اول سمجھین کہ ہم کم قوت ہین اور قصاص لینے کیواسطے ہاتھہ نہین پہونچیگا دوم اگر قاتل کو ماراجاوے تو اوسکے وارث زیادہ قوی ہین بدی سی باز نہ آوین گے یا آگہ قاتل نے کسی اور قوم کے پاس جا پناہ لی ہو اور فرقہ پناہ دہندہ زبردست ہے جب وارثان مقتول صلح کرنے پر راضی ہوئے تو طریق صلح یہہ ہے کہ قاتل کا باپ یا بہائی یا کوئی رشتہ دار معہ چند ملکان اپنی قوم یا فرقہ پناہ دہندہ بطور جرگہ ننہ واتیہ یعنے روے آور ہمراہ لیکر وارثان مقتول کے پاس جاکر ایک ہزار دو سو خون بہا جسکو بزبان خود ڈمرہ نیک کہتے ہین دینا کرتا ہے واضح رہے کہ یہہ ایک ہزار دو سو صرف برائے نام اور روباؤ کے تعداد مقرر رہے در اصل اسقدر زر نقد دینے نہین پڑتے بلکہ اس تعداد کی معاوضہ مین جنس کم قیمت بہت زیادہ جمع کے نام پر ملکان فریقین کی تجویز سے دلائی جاتی ہے جیسا کہ ایک عورت خواہ شیر خوار طفلک ہی ہو تو بہی ایک سو کے عوض اور فی اسلحہ بندوق یا تلوار اگرچہ وہ حقیقتاً دو روپیہ کی ہو تو بہی عنه اور فی راس مویشی خواہ گوسالہ دو سالہ ہو تو بہی عنه اور بہیڑ ہی بکری فی شاخ عہ پس اس قسم کی جنس دیکر ایک ہزار دو سو کا نام پورہ کر دیتے ہین جب اسطرح نیکی ہو جاوے تو پہر حق قصاص نہین رہتا مگر بعض اوقات ایسا بہی ہو جاتا ہے کہ بعد نیکی ہو جانے قصاص لیکر بجنس مال نیکی واپس دیدیتے ہین مگر اس وغار کا استحقاق اوسوقت ساقط ہو جاتا ہے کہ جب اصل قاتل مر جاوے یا بجنس مال نیکی موجود نرہے اور عورت کا خون بہا مرد خون بہا کے نصف یعنی چہہ سو روپیہ ہے باقی شرائط مطابق اوسکے ہین *

## طریق تحقیقات قتل

اگر کوئی شخص رات کو مارا جاوے یا کوئی گواہ رویت نہو یا کسی اور دلائیت سے از قسم مفروری وغیرہ قتل کا جرم ظاہراً کسی پر ثابت نہو اور وارثان مقتول باحتمال عداوت یا کسی اور وجہ سی کسی پر شبہ کرین اور شخص مشتبہ منکر ہو تو چاہئے کہ معرکہ ملکان ہین اوس مشتبہ کی قوم کا ایک سو مرد علیحدہ علیحدہ قسم قران شریف کی اوٹہاوین کہ یہہ مشتبہ اس جرم کا مرتکب نہین ہوا اور ہمکو اسکی بیگناہی کی تسلی ہے تب وہ مشتبہ بری ہے اگر سو آدمی قسم اوٹہانے کیواسطے پورہ نہو سکی تو جتنے آدمی موجود ہو سکین مکرر مکرر قران اوٹہاوین کہ جملہ سو دفعہ قسم کیجاوے مثلاً بیس آدمی ہین تو اون مین سے ہر ایک پانچ پانچ بار حلف قران مجید صفائی مدعا علیہ کا اوٹہاوین گے

معلوم ہوگا کہ اس رواج مین کوئی کوئی اصول شرع اور کچھہ پرانے وقت کے بی سر و پا دستور کو ملا کر ایک عجیب ڈہنگ کی آئین کو اپنی قوم کے حالات و طباع کے موافق بنا لیا ہے جسکو ذیل مین قسم وار درج کیا جاتا ہے *

## آئین وزیرئے

اوّل قتل اگر کوئی شخص کسی مرد کو جان سی مار دیوے تو مقتول کے وارثان کو اجازت ہے کہ قصاص مین قاتل کو مار کر اوسکا گھر بار لوٹ لیوین اگر فوراً ہاتہہ نہ پہونچی تو جب دسترس ہو خواہ رستہ پر یا گھر مین چوری یا زوری جیسا موقع ملے اوسکو قتل کرین جب تک اصل قاتل زندہ رہی تب تک جائز نہیں ہی کہ بدلہ مین اوسکے پسر یا کسی دیگر رشتہ دار کو مارا جاوے اگر وہ قاتل اپنی موت سی بدون کرنے نیکی یعنی صلح جسکا ذکر آگے آوے گا مر جاوی تب وارثان مقتول قصاص مین اوسکے فرزند نرینہ یا اوسکے بہائی اگر وہ نہون تو جو قریب تر وارث نرینہ قاتل کا میراث خوار ہو ایک کس کو مار سکتی ہین الغرض حق قصاص کا بدون نیکی یعنی صلح کرنے کے پشت با پشت تک بنا رہتا ہے مگر عورت کو مرد کے قصاص مین نہین مارتے *

## امتیاز آلہ قتل

بندوق سی مارنا یا ایک ضرب چہورا یا خنجر یا پتہرون سے ہلاک کرنا یا گلو سے گہونٹنا یا ذبح کرنا یہہ سب مرگ برابر ہے الا تلوار کے زخمون سی قتل کرنا سب مرگون سی سخت سمجہکر اسکا یہہ امتیاز کیا ہے کہ اگر کوئی آدمی بندوق یا اور آلہ سے قتل کیا جاوی اور اوسکے معاوضہ مین قاتل کو تلوار کے متعدد زخمون سے مارا جاوی تو اوس معاوضہ لینی والہ کو مبلغ ایک سو روپیہ وارثان مقتول از ضربات تلوار کو دینا پڑیگا اگر پہلا اور پچہلا دونو مقتول تلوار سی مارے گیے تو پہر کچہہ امتیاز نہین ہے عموماً ان مین چہورا سی مارنا زیادہ مروج ہے

## پاداشن قتل عورت

اگر عورت کو بیگناہ مار دیا جاوے تو بہی قاتل پر قصاص لازم نہین ہے اوسکا معاوضہ یہہ ہے کہ قاتل کا پاؤن دہنا یا ناک کاٹ دیوے سبب اسکا یہہ ہے کہ عورت کو مرد سی رتبہ مین نصف سمجہتی ہین *

## طریق صلح قتل

واسطی صلح قتل مبلغ ایک ہزار دو سو ذمّہ ٹیک یعنی خون بہا مقرر ہے بخوف انتقام جسکے غایت کی کوئی میعاد نہین اکثر قاتل خواہان صلح ہوتا ہے الا وارثان مقتول صرف ایسی صورتون مین صلح کرنے پر راضی ہے

لکڑیون سے ہوتا ہے رکہتی ہین مگر بہت تنگ اور خراب اکثر مویشی بہی اوسی ایک کوٹہہ مین ہوتی ہے
اور پہاڑون کی سلامی مین متفرق سکونت رکہتی ہین اور کوچی وزیر بہی حسب ایلاق کے واسطی کیٹر دی
اور پوزی پہاڑ مین جا لگاتے ہین تو وہ بہی بدون خطرناک وقت کے متفرق ایک ایک دو دو کیٹر دی
اور پوزی اپنی اپنی زمین کی سر پر یا اپنے چراگاہ مین جا نصب کرتے ہین +

## ایجاد آئین وزیری

اب دیگر حالات متعلقہ اس قوم سے پہلی اوس پہکڑا آئین کی تشریح کی جاتی ہے جو اس قوم کا خانگی دستور العمل
ہے واضح ہو کہ اس آئین کو یہہ لوگ باصطلاح زبان خود دوزیرہ ونرخ کہتے ہین جسکا معنی وزیری عرف اور رسم
ہے اس آئین کے سبب آپسمین اتفاق اور رکار کیواسطی کافی ضبط رہتا ہے اور اسباب کیواسطی اون کا
رواج اور اوسکا نتیجہ ایک دلیل ہے کہ آئین خواہ کیسی ہی ناقص ہو بہرحال بے آئینی سے بہتر ہے کہتی ہین کہ
ابتدا مین اس قوم کے بیچ بہی مثل دیگر آزاد پشتون قومون کے کوئی دستور مقرر نہین تہا اور چونکہ یہہ
قوم خصوصا شاخ احمدزئی و اتمان زئی بطور خانہ بدوشان کوچی رہتے تہی جہان اچہی چراگاہ دیکہی ہان
چند روز کیٹر دی لگا کر گذارہ کیا اور پہر اوس جگہہ سی مال مویشی لیکر جلد یا ایسی آوارہ گردی اور کم حفاظت
کے سبب اور دیگر قومون کی دشمنی کے باعث سی ضرورت پڑی کہ واسطے اتفاق اور انفصال معاملات
باہمی کوئی رواج مقرر کیا جاوی ایسے وقت مین ایک مقدمہ مابین فرقہ شادی خیل و فرقہ سپیر کے وزیران
ایسا برپا ہوا کہ جس سے نفاق قوم نمودار تہا یعنی ایک عورت ناکتخدا اسمات گرانی قوم شادی خیل کسی
محمد خیل سپیر کی گہر بدون رضا اپنے والدین چلی آئی تہی اور اوسکے واپس لیجانے کے واسطی شادی
خیل لشکر اپنی قوم کا جمع کرکے محمد خیلون پر چڑہ آئے تہے اور قریب تہا کہ دونون فرقون مین شدید کشت
خون ہو اوس تنازعہ کے فیصلہ کے واسطے اکثر ملکان کلان ہر ایک شاخ وزیران جمع ہوئی اور اوس
جہگڑہ کو صلح سے طی کرکے جہت انتظام آیندہ اس آئین کو ایجاد کرکے اوسی مجمع مین تقریر کی گئی اور
سب نے اسکی اتفاق کیواسطی دعاخیر کری اوس جرگہ مین بڑے ملک اور اس آئین کی زیادہ موجد و صلاح
کار مسمیان اسکندر ولد مدی قوم توری خیل و جبر ممیت خیل و کاجی کابل خیل باعانت دیگر ملکان تہے
بعض ہوشیار آدمی اس قوم کے کہتے ہین کہ دس یا بارہ پشت گذرے ہین جسکا عرصہ تخمینا تین سو
برس سی کچہہ اوپر ہوگا جب یہہ آئین بناکر جاری کی گئی اور اب تک مروج ہے ناظرین باخبر کو دیکہنی سے

دیگر نواحات بر وزیری قابض ہوتی جاتی ہین نرآی خیل شاخ احمد زئی وزیری جو درہ گومل کے مشہور راہزن ہین وہان ہمیشہ رہتی ہین اور گنگی خیل خجل خیل توجیا خیل ہاتہی خیل سرکی خیل بیزن خیل پاینده خیل خونیا خیل شاخہائی احمد زئی وزیری وہان تابستان کوجاتے ہین زمین موسومہ ڈب اور ستندی ہاتہی خیلون کی اور مشرق کی طرف شیشتہ - بیزن خیل اور خجل خیلون کی ہے مگر وسط کو دوتانی نہین چہوڑتی +

## علاقہ بدر

ایک وادی ہے طولاً شمال سے جنوب مایل شرق کوشہر کانی گورم تک پانچہ کوس طویل اور قریب ایک میل عریض ہوگی اسکے سر پر قوم تنگی وغیرہ شاخ ہابہلول زئی مسعود اور کچہہ پاینده خیل احمد زئی اور باقی کل بیزن خیل احمد زئی رہتے ہین اور اوسنی نیچے سدن خیل شبیر کے ہین اور نیچے بہر مسعودی رہتی ہین +

## دیگر علاقجات مسعود وزیری

سوائے علاقہ بدر کے جسمین کچہہ مسعود رہتی ہین مسعودون کے ملک مین علاقجات ذیل قابل لکہنے کے ہین اول درہ جسمین مشہور شہر مکین ہین دوم حنوہ ثانی سیوم میدان چہارم دوہ توی جو بعد ملجانے بدر اور درہ کے نیچے دو توی یعنے دونالہ کہلاتی ہے اور درہ ٹاک اندر کوہ اور کوہ بابڑخواہ بوبڑاور زنگرہ اور شہیر اور شکتو اور کرمشتو ہین انمین متفرق دیہات کے اندر جو اکثر چہوٹے چہوٹے ہوتے ہین مسعود وزیری آباد ہین +

## مساکن قوم وزیری

یہہ قوم متفرق سکونت رکہتی ہین اور سوائے شہر مکین وچند دیگر دیہات کے اکثر پہاڑی گانون انکے بیس گہر سے کم ہوتے ہین زیادہ تر گذارہ اس قوم کا جوایلات یعنی کوچے ہین سیاہ خانہ یعنی کنثری ہین جس کی تعریف آگے آوے گی اور بوزی یعنے بوریا خانہ جو بطور سائبان کے ہے اوسمین ہوتا ہے نہایت تکلیف سہو اور میدان علاقہ بنون ہین جہیر یعنی خس خانہ اکثر رکہتے ہین اور زیادہ جمع رہتے ہین اور پہاڑی وزیر مستقل سکونت والی ہی مگرچہ اکثر قشلاق اور ایلاق رکہتی ہین مگر قشلاق یعنی قرارگاہ زمستانی کے واسطے اکثر چہوٹے چہوٹے پتہرون کے بنے ہوئے کوٹھے جنکا سقف بڑی موٹی اور مضبوط

## شہرنہ

علاقہ ووڑسے مغرب چہہ کوس طویل اور ایک کوس عریض ایک چہوٹی وادی ہے شہرنہ مین مداخل
اوراوسی نیچے مدرخیل اور دوڑکے متصل مغربی حد بر شنزرخیل شاجہلائے اتمان زئی وزیری رہتی ہین ❖

## شزگے

درہ شکتو کے سر پہ توری خیل اور مسعود وزیر کے مابین علاقہ شکئے قوم عمرزئی وزیری کا وطن ہے

## شیرہ تلہ وغیرہ شمالی ملک

وزیرون کی ملک کا شمالی حصہ خراب اور ناقص ہے چہوٹے اور گرم پہاڑ ہین جنمین کوئی بڑا درخت سرد
ملک کا نہین ملتا اور برف نہین پڑتی درخت پولاہ اور بعض جگہہ زیتون اور پیلو کا درخت ہوتاہے
اس جنوبی حصہ مین شیرہ تلہ پہارون کے بیچ ایک اچہا وسیع میدان ہے مگر اسمین زراعت کاری
نہین کرتے ممیت خیل اور توری خیل اسپر قابض ہین علاوہ اسکے ڈنڈی جسمین ممیت خیل رہتے
ہین اور نالہ کیتو حسن خیل مدرخیل توری خیل کا مقبوضہ اور نالہ کرم علاقہ بنگش سے نیچے متفرقہ
کابل خیل اور خرخنے ملک شی قوم کا اور گیندائی اور زنگرہ گنگی خیل زلی خیل وغیرہ کا ہے شہیدان
توجیا خیل کا اور سپیرہ لکڑی سرزہ غابرغفتو کوشتوسم خرسیند ہاتہی خیل وزیرونکا ہے اور تہل
وغیرہ زمینات مقبوضہ علاقہ بنون کا ذکر آگے آویگا ❖

## علاقہ وانہ

یہہ علاقہ ملک وزیری کی جنوبی حصہ مین درہ گومل سے شمال اونچی پہاڑون مین واقعہ ہے
کہ جنکی جنوبی سلامی کی ڈہال درہ گومل تک جاتی ہے وانہ ایک وادی ہے شمال سے جنوب کو پندرہ
کوس لمبی اور تخمیناً چوڑی اسکے بیچ ایک توی یعنی نالہ ہے جسمین کچہہ پانی بہی جاری تہاہے یہہ نالہ
جنوب کو جاکر گومل مین شامل ہوتاہے اس نالہ کے دونو کنارون پر آبی زمین بہت عمدہ قسم کی ہے اور
کل وادی قابل زراعت ہی مگر کل سے چہارم حصہ نہری رقبہ اور باقی بارانی ہے نہری زمین مین ہر قسم کی
پیداوار ہوسکتی ہے اور علاقہ بنون کے زمین سے قسم مین مطابق ہی موسم اس علاقہ مین تابستان کو
نہایت گرم ہے اور مچہر اسقدر کثرت سی ہوتاہے کہ آرام سے نیند نہین ہوسکتی علاقہ وانہ کے وسط
مین قوم وتانی شاخ لودی مستقل سکونت رکہتی ہے اور اونکا ایک قلعہ بنا ہوا ہے مگر اوسکی

اور ریبای شاخہائی اتمان زئی وزیری اور اوسکے نیچے شاوخیلے خونیاخیل بدین خیل کا حصہ ہی اور رانی بائین و ورتک اتی خیل ہین اور ایک کنارہ پر سدن خیل بہیر کے رہتی ہین اور سب سے نیچے حصہ مین قوم مسعود وزیری کی شاخہائی بہلول زئی وعلی زئی آباد ہین ؛

## علاقہ بیرل

ملک وزیری کی غرب حصہ مین پہاڑون کے بیچ علاقہ برل بطور وادی کی ہی شرق سے مغرب کو تخمیناً اٹہاہ کوس اور تخمیناً چار کوس عرض ہوگا اس وادی مین اکثر زمین ہموار ہی اور کئی چہوٹی وادی اسکی متعلق مین سب سے عمدہ قطعہ اس مین زمین مرغزہ ہی جسمین پیسنگیلے اور پہلی شاخین کابل خیل کی اور رسیگہ رہتی ہین زرعی زمینات اس علاقہ مین بہت ہین مگر برل مین قبضہ وزیران ہر موسم مین نہین رہ سکتا زمستان مین اکثر قوم سلیمان خیل اور خروٹی وغیرہ غلجی واسطے چرای مویشی کی کوہ برل مین چلے آتے ہین تب سوای کوٹ کی وزیرا ونکی خوف سی وہان نہین رہ سکتے اور موسم گرما مین وزیری لوگ اپنی مال مویشی اور رمہ وہان جا چراتے ہین سوای علاقہ مرغزہ بلکے برل مین قبضہ زراعت کاری وزیرونکا نہین ہے شروع موسم خزان مین اپنی مویشی کے گلی لیکر واپس چلے آتی ہین تموسی درویش انکی مورث کی قبر بمقام زیندا و علاقہ برل مین ہی اور وزیری اوسکا بہت ادب کرتے ہین ؛

## رزمک

ایک چہوٹی اور عمدہ وادی چہہ کوس طویل اور چار کوس عریض معتدل الہوا قطعہ ہی اور اوسمین ممیت خیل اور توری خیل شاخ اتمان زئی وزیرے رہتے ہین

## علاقہ شم

بہی اوس کے ملحق ہی جسمین درخت اور سبزی بہت نہین ہی مگر آب وہوا اچہی ہی اور اوسمین ممیت خیل اور برہیم خیل اور شاخہای اتمان زئی آباد ہین ؛

## درہ خیسور

شرقاً وغرباً طویل بی ۔ رونق علاقہ داوڑ سے جنوب واقعہ ہی اوسکا پانی اچہا ہے خیسور کے سر پر ممیت خیل اور وسط مین توری خیل اور نیچے تنگہ سین مین داوڑ کے آباد ہین اور ہوا نے خیسور کا معتدل اور خوشگوار ہی ؛

وزیری نے موقع پاکر یورش کری اور پہلی حملہ مین علاقہ بدر اور شہیر پر قابض ہوگئی کانی کورم و گنبز
کی نواح پر قبضہ کرنے کے وقت اوس قلیل گروہ باقیماندہ اور مرّون نے جو مقابلہ کیا اونسی وزیرے
غالب آئی بعدش قوم بیٹنی کو بہی درہ ٹاک اور اوسکی متصلہ پہاڑون سی خارج کرکے اپنی قبضہ کو پہیلالیا
اور دوسری طرف شمال کی جانب شاخ اتمان زئی اور احمد زئی بڑہتی گئی اور جن مخالف قومون سی اونکا
مقابلہ ہوا اونکی بی اتفاقی اور اپنی اتفاق کی سبب سی اونپر کامیاب ہوئے اور تدریجاً اپنی حدود دیحروسہ
کو بڑہاکر اوس ساری وسیع ملک پر متصرف ہوگئی جو فی الحال اونکی قبضہ مین ضلع کوہاٹ کی حد سی لیکر
ضلع ڈیرہ اسمعیلخان کی سامہنی والہ درہ تک ہی طولاً بیہودہ فاصلہ اس سرحد کا ایکسو چالیس میل ہوگا
مجمل جغرافیہ انکی ملک کا اس کتاب کے پہلے حصہ مین درج ہوچکا ہی مگر مؤلف کو منظور ہی کہ انکی بعض مشہور پہاڑے
علاقون کا ذکر مفصل کیا جاوے ❊

## علاقہ شوال

شوال سرسبز پہاڑون کی بیچ بطور وادی مشرق سی مغرب تک تخمیناً بارہ کوس طویل اور جنوباً و شمالاً چہہ
کروہ عریض ہی خوب سرسبز اور درختان نشتر اور صنوبر یعنے چلغوزہ اور دیودار وغیرہ سی مملو سایہ اور گنجان
جنگل اس وادی کی کنارہ کی پہاڑون پر بہت ہی بارش اکثر ہوتی ہی اور تین ماہ برف بہی پڑتی ہی اور
بہت وزیرون کی پہاڑی علاقہ سی سوای کوہ پیرغل شوال سرد جگہہ ہی اس وادی کی بیچ ایک نالہ کوہی
موسوم بریالاج جسمین کچہہ پانی بہی جاری رہتا ہی واقع ہی اس علاقہ کے سرکی طرف زمین موسومہ ڈیرہ
میامی اور ملکشی کابل خیل وزیری کا ملک ہی اور کابل خیل سی نیچے بکاخیل رہتی ہین اور اونسی نیچے جانی خیل
یہہ علاقہ قوم اتمان زئی کی شاخہا مندرجہ بالا کی ملکیت ہی اس تفصیل سی کہ نصف اوپر والہ کابل خیل اور
ملکشی کا ہی اور دوسرا نصف نیچے کے طرف تین حصہ ذیل پر منقسم ہے بکاخیل ایک حصہ جانی خیل ایک حصہ
اور ملکشی ایک حصہ یہہ قومین ایلاق کی طور پر گرما کی موسم مین وہان کو جاتی ہین اور سرما مین اکثر نیچے چلی
آتی ہین وہان زرعی زمینات بہی رکہتی ہین ❊

## علاقہ شکی

یہہ علاقہ پہاڑون کی بیچ ہموار شکل وادی واقع ہی شمال مائل غرب سے جنوب مائل مشرق تک تخمیناً گیارہ
کوس طویل اور تخمیناً تین کوس اوسکا عرض ہوگا کنارون پر بہت درخت عمارتی وغیرہ ہین اسکی سرپر ملک ہی

# حال قوم وزیری

شجرہ ونسب مفصل شاخوار اس قوم کا اوپر درج ہوچکا ہی یہہ شہرہ عام کہ وزیر جسکی نسل سی یہہ جبار قوم ہے
کسی بادشاہ کا وزیر تہا مطلق غلط ہی دراصل وزیر اوس شخص کا اسم تہا جسکی اولاد یہہ قوم ہی جیساکہ
اب بہی اکثر اس ملک مین وزیر یا امیر آدمیون کی نام رکہی جاتی ہین سو اسیطرح مسمی سلیمان نبیرہ کرزئن
نی اپنے فرزند کا نام وزیر رکہا جو مورث اعلی اس قوم کا ہوا اور وزیر مذکور کے دو فرزند تہی ایک کا نام
خضری اور دوسرے کا نام لالئی کہتی ہین کہ اوسوقت یہہ شخص شامل اولاد شیتک متصل کوہ شوال اور
علاقہ برمل مین رہتی تہے انفاقاً مسمی لالئی پسر دومی وزیر سی شیتک کی اولاد مین سی کوئی شخص مارا
گیا تب لالی بخوف انتقام گیرے بہاگ کر نینگرہار کے ملک مین چلا گیا اور وہان جاکر شادی کرلے
کہ اب بہی اوسکی اولاد سی ایک قوم موسوم تیلا یا لالی وزیر اوسطرف کوہ سفید کے نواحات مین
آباد ہی باقی رہا مسمی خضری پہلا بیٹا وزیر کا جسکے تین فرزند ہوئی موسی معروف درویش اور
محمود اور مبارک آخر الذکر کا بیٹا گرباز تہا موسی کو اسواسطی درویش کہتی تہے کہ وہ شخص پرہیزگار اور
زاہد تہا کہ اب بہی اوسکی اولاد اوسکو ولی کامل سمجہکر اوسکی قبر پر جو علاقہ برمل مین ہی چڑہاوہ اور صدقہ
گذرانتی ہین مگر افسوس کہ اوسکی اعمال نیک کی پیروی نہین کرتے موسی درویش کی دو پسر تہی ایک عثمان
جسکے اولاد کو مجمعاً اتمان زئی کہتی ہین دوسرا احمد جسکی نسل کو احمد زئی کہتی ہین اور اوپرسی ان ہر
کی نسل یعنی موسی کی ذریات کو شاملاً درویش خیل یا درویش وزیری بہی کہا جاتا ہی اور وزیرے لوگ
اپنی روزمرہ مین اتمان زئی اور احمد زئی کو شاملاً درویش کی لفظ سی امتیاز دیتی ہین موسی کی دوسرے
بہائی محمود کا بیٹا مسعود تہا جسکی نسب کو مسعود وزیر کہتی ہین اب سرحد پر جو قومین آباد مین اونکی تفصیل یہہ ہے
اتمان زئی احمد زئی مسعود ان ہر سہ مین بہت شاخین اور شگوفی ہین جو شجرہ نسب سی معلوم ہونگی مولد
اس قوم کا کوہ برمل تہا جو کوہ سلیمان کی ایک دہار ہی جیساکہ اس قوم کے تعداد مین افزونی ہوتے گئے
ویسی ہی یہہ لوگ بتدریج اپنی ہمسایون پر بزور اتفاق خود غالب آکر پہیلتے گئے سب سے پہلی کوہ سلیمان کے پہاڑے
علاقون مین سی علاقہ شوال اور اوسکی نواح اس قوم کے قبضہ مین آیا جہان پہلی قوم شیتک وغیرہ آباد تہے
اوسی عہد مین بباعث قحط سالی قوم اورمڑ جو شہر کانی کورم وغیرہ علاقہ متصلہ مین آباد تہے بیخر آباد ہوکر
اکثر علاقہ لوہگر واقعہ ریاست کابل و دیگر ملکون مین چلے گئی قلیل لوگ اوس قوم کے رہگئی تہے قوم مسعود

بہلول زئی
شجرہ نسب
پسر دوئیمی مسعود وزیر
ہمل خیل
باندخیل
نانوخیل
شنگی با نشنگی
اوولی عبدے
ناک شی
نظر خیل
ایکم خیل
طوطیہ خیل
محمدزئی
جوکئی
ملائی
بوبلے
بوزیا خیل
وجی خیل
خرمن خیل
مامیہ خیل
خنے خیل
عموزکے
سلیکے
عزیز خیل
خورمنخ خیل
زوجہ اول مسمات مستی
زوجہ دوم از قوم کاکڑی
زوجہ سوم قوم اورمڑ
خویداوے
بازیدے
فتح خیل
زرگر خیل
حسن خیل
مامیہ خیل
لنگر خیل
گلی خیل
سومی خیل
بابل خیل
پنجے خیل
یلان خیل
ہیبت خیل
عمر خیل
مہرخانی
برتی
انکو اورمڑ خیل کہتے ہیں
نفری خیل
شمشک خیل
عباس خیل
للہ خیل
قیامت کیمت خیل
زوجہ اول
زوجہ دوم مسماۃ نیکہ
سرکے خیل
گنہ خیل
پایوخیل
قتیل خیل
نوزنگ خیل
لدی خیل
تتے خیل
شیرین خیل
نخے خیل
ان ہردو کی اولاد کو نیکہ ن خیل کہتے ہیں
ازوہی خیل
ظریف خیل
عباس خیل
شیرخیل
گیگا خیل
علیخانی
میرخانی
منڈا
مساۃ کوکڑہ کی ہر سہ پسران کی اولاد کو کوکڑی کہتے ہیں
تادر خیل
رستم خیل
سورا خیل
سرست خیل
درویش خیل
قراز خیل
شہابی خیل
براخیل
میراحمد خیل
جلال خیل
درمن خیل
محب خیل معیب خیل
طالب خیل
یحی خیل
براہیم خیل
فتح خیل
گلمیر خیل
شمی خیل
شیراز خیل
کمال خیل
حندی خیل
میرت خیل
سمندر خیل
کالے خیل
ناحے توجی خیل
بابا ببہ خیل
پیرداد خیل
میرداد خیل
کریمداد خیل
روزی خیل

## یادداشت

واضح رہے کہ در اصل مسعود کے دو بیٹے تھے ایک مسمی علی جس سے قوم علی زئی چلی ہے دوسرا بہلول جسکی نسل سے قوم بہلول زئی ہے علی کے دو پسر تھے ایک مسمی فتح جسکی اولاد نامزد فتح خیل ہے اور اسی میں بوتیہ خیل ہے دوسرا مسمی شمن جسکی ذریت معروف بشمن خیل ہے دراصل شمن خیل بھی علی زئی ہے مگر بوقت حصول قبضہ ملک مقبوضہ کے بسبب باہم وہی جرجہ کے تنازع ہوئی انکو قسمت حصہ ملا اس سبب سے شاخ شمن خیل نے اپنا علیحدہ نام پیدا کیا اور حقیقتاً شمن مسعود کا بیٹا نہیں بلکہ پوتا ہے ۔

ابن اتمان
کابل خیل
جانی خیل
سیفلے
تور
مدا خیل
خوجہ خیل
دلہ خیل
متی خیل
رشمین خیل
بچہ کے
شیر احمد خیل
عیسے خیل
دریا خیل
شوتی خیل
موسی خیل
پشمین خیل
عثمان خیل
سبز خیل
نور خیل
اکبر خیل
اندی خیل
سلطان خیل
فتح خیل
ارم خیل
نرہ خیل
لمو خیل
ابدال
مستی خیل
بریم خیل
عثمان خیل
خان خیل
ابا خیل
جبار خیل
علے خیل
تورک خیل
بابا خیل
رنگین خیل
ماک خیل
شیخ عثمان خیل
کاجی خیل
رشمین خیل
علی محمد خیل
فضل خیل
پیرو خیل
میرہ خیل
خلیف خیل
بولیہ خیل
ازدی خیل
دیگان خیل
خورم خیل
خوجہ خیل
صاحب خیل

مین قوم اسمعیل خیل اور سپین مین قوم تنی جسکا مفصل حال آگی آویگا شہو رجنگجو مین سکنائی خوست کی زیست
اور اخلاق خراب بتلاتی مین لہولعب اور واہیات پسند لوگ ہین اور نوخیز جوان کتنی عرصہ تک ریش
کو بڑہنے نہین دیتی اور صاف رکہتی ہین خوست وال مخلوق کی خوراک مین زیادہ تر گندم اور چاول
اور مکی مستعمل ہے اور پوشاک اکثر کرباس کی ہوتی ہی سر پر نیلہ دستار اور پیراہن نیلہ یا آبی رنگ
اور جوان آدمی اکثر سرخ اور زرد ابریشم کا کام اوسکی گریبان اور پشت تک کرتے ہین شلوار اکثر
سوسی کی مگر عمر رسیدہ سفید پارچہ کی پہرتے ہین اور عورات کے سر پر چادر اور پیراہن دراز چین دار
بشل پوشاک عورات وزیری اور عورتین کم مستور ہین بدکاری بہت ہی سرمہ بہت لگاتے ہین اور
سواری اور نیزہ بازی کی بہت شوق ہے ناچنا گانا بہت پسند کرتے ہین تیوہار اور خوشی کے
ایام مین ایک قسم کا ناچ جسکا نام بزبان خود منداری مردنا چتے ہین اور نعرہ کرتے ہین عورات
پر عاشق ہونا بہت مروج ہی میلہ رہتی ہین علم کا شوق نہین رکہتی حکومت کابل سی بباعث سختی حکام
موقع ناراض بلکہ نالان ہین متعصب مخلوق ہی ؛

خوگیانی سے اسقدر دور ہین کہ وہ خود بھی نہین سمجھتے کہ ہمارا تعلق کچھ خوگیانی سے ہے یا نہین قوم بڑبہ کی حسب
ذیل شاخین ہین مردی خیل میاخیل تسبی خیل سرداخیل محمود خیل تری زی ملی زی اشی زے
ڈڈہ خیل بوچی خیل کل تعداد اس قوم کے اسلحہ بند مردم کے ایک ہزار کہتے ہین اور یہہ سب لوگ
علاقہ خوست مین رہتے ہین اور داخل سپین گوندی کی ہین ایسا سنا جاتا ہے کہ ابتدا مین کل علاقہ خوست
قوم کرڑانی کی شاخہای خوگیانی وغیرہ کے قبضہ مین تہا جہانگیر کے عصر مین قوم غلجی کی بعض شاخون نے
علاقہ زبردستی خروج کرکے زیادہ حصہ ملک خوست کا انسے لیا اور شاہجہان کی سلطنت مین خانگی
فسادنے زیادہ کمزور کئے ایسا مشہور ہے کہ زمانہ ماضیہ مین قوم بڑبہ کے اسلحہ بند مردمان کے
تعداد تین ہزار نفر تک تہی اب صرف ایکہزار ہین پیشہ اس قوم کا عموماً زمیداری بعض کچھ قلیل
تجارت بہی کرتے ہین حاکم خوست کی ماتحت ریاست کابل کی رعیت ہین

## قوم عبدالرحمان خواہ دربان

یہہ قوم بہی ایک شاخ کرڑانی کی ہے اسکی چہہ شاخین لوگ بیان کرتے ہین حاجی خان خیل سودے خیل
احمد خیل اصلی اور رنڈی خیل کو بدے منگس وصلی ان ہرچہہ شاخ کو مموڑے بہی کہتے ہین اور متون
بہی اونکو بولتے ہین مگر وزی خیل بہی داخل متون ہے راوی کہتا ہے کہ متون دراصل خوست کے ایک
علاقہ کا نام ہے اوسکی سکونت کی سبب سے سکنای یہی متون خواہ متوئے کہلانے لگے کل تعداد اس قوم
کی ایکہزار مرد بیان کرتے ہین پیشہ زمیداری رکھتے ہین ؛

## دیگر شاخہای قوم کرڑانی سکنہ خوست

قوم سبرے تین ہزار ملی چہہ سو لنڈر دیدہ سو اکینی ایکسو قدم ایکسو ہارون خیل ایکسو یہہ قومین داخل
جنبہ سپین گوند علاقہ کم خوست مین آباد ہین اور قوم لکن جسکی چہار شاخین حسب ذیل ہین رکی خیل
تنگ خیل شادی زئی ایوب خیل ہرچہار شاخ کی تعداد ایکہزار مرد اور قوم صادق دوسو علی شیر
ایکسو بکر خیل ایکسو لون خیل داخل تور گوند علاقہ خوست مین آباد ہین اور یہہ سب داخل قوم کرڑانی ہے اسواسطے
انکا حال یہان درج کیا گیا خوست کی ملک مین غلجی اور کرڑانی دو مختلف قومین آباد ہین اور زبان اور
رسم رواج مین مطابق عموماً شاخہائی کرڑانی داخل سپین یعنی سفید گوند کے ہین اور غلجی وغیرہ داخل تور
یعنے سیاہ گوند سمجہی جاتی ہین اور یہہ تور اور سپین دونون گوندی کی باہم سخت عداوت ہے تور گوندے

کل کے نہری ہی اور پانی رود کرم سی سیراب ہوتی ہی قوم توری کل شیعہ مذہب ہی اور اہل سنت جماعت
سلمانون کی دشمن ہین الاہمان واری اور ننگ افغانی مین بہت اچہی ہین بدرقہ اونکا اپنی ملک مین
بی خطر ہے دلاور اور جنگجو قوم ہی اسلحہ پورہ رکہتی ہین باہم قومون کا اتفاق نہین نصف قوم کے جنبہ دار
سید محمود سکنہ تیراہ سی اور نصف ثانی کی بادشاہ میان اور سید گل وغیرہ سیدان رافضی سکنہ
کرم سی ہے الغرض ہمیشہ انکا تنازعہ آپس مین لڑاتا ہی ❊

## شاخ جاجی

یہہ قوم ملک توری سی مغرب ذرہ مائل شمال بفاصلہ کوہ مقام پیواڑ اور اوس سی پری لیوب وغیرہ
مین آباد ہی خوراک اور پوشاک مین قوم توری کی موافق مگر عقیدہ مذہبی مین برعکس توری کی جاجی
سب سنی مسلمان ہین اسی سبب سے توری اور انکی باہم ہمیشہ لڑائی ہوتی ہی کل تعداد اسلحہ بندمردمان
جاجی کی تخمیناً پانچ ہزار بیان کرتے ہین مہمان داری اور ننگ افغانی مین بہ نسبت توری کے
جاجے ناقص ہین ❊

## تنقیح قومیت توری وجاجے

خوشحال بیگ خٹک جو ہمعصر شاہجہان بادشاہ کا تہا اپنی بیاض مین قوم توری اور جاجی کو نسل کرڑان
سی لکہہ کر داخل اولس کرڑانی یا کرلانی سمجہتا ہی اور اس قوم مین سی بعض آدمی اس قول کی تصدیق
کرکے اپنا کرسی نامہ خوگیانی ابن لگی ولد کرڑان سی اوسطرح جا ملاتی ہین جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی
مگر بعض کہتی ہین کہ سمیان تور اور رجاج دونو بہائی قوم اوان کی شاخ مونڈ سی تہے اپنی بہائی بندون
سے ناراض ہوکر دریای سندہ کی مغرب کو چلی آئی اونکی اولاد نی ترقی پاکر ملک مقبوضہ حال کو اپنی
قبضہ مین کرلیا تور کے نسل توری اور رجاج کی اولاد جاجی مشہور ہوئی گرچہ اسمین شک نہین کہ قوم مونڈ
علاقہ تلہ گنگ ضلع جہلم مین آباد ہے مگر اس روایت کا کچہہ ثبوت نہین ملتا کہ یہہ لوگ مونڈ ہین مؤلف کے
نزدیک خوشحال بیگ کا قول معتبر معلوم ہوتا ہی اب ایسی مخلوط ہین کہ کچہہ امتیاز افغانون سی نہین ہوسکتا
اور سوای پشتو کی اور کوئی زبان نہین جانتی اور جنگجوئی مین مشہور نہین ❊

## حال قوم پڑبہ

پڑبہ در اصل خوگیانی کی ایک شاخ ہی مگر فی الحال الگ علیحدہ ہین اور باقی شاخہا مشہور باسم

پڑتے ہی اکثر پیشہ زمینداری اور بعض مالداری بہی رکہتی ہین مگر اپنی ملک سی باہر کم نکلتی ہین جنگجو قوم ہی کل تعداد
انکی سوائی توری اور حاجی کی پانچہزار گہر بتلاتی ہین اس قوم کی جو شاخین ملک خوست مین رہتی ہین
اونکا حال آگی آویگا ؛

## شاخ توری

ملک خوست سی شمال کوہ سفید سی جنوب رودکرم کی ہردو کنارہ پر بعلاقہ موسوم کرم آبادہی یہہ علاقہ پہلی قوم بنگش
کے قبضہ مین تہا بنگشون پر انہون نے غلبہ کرکے لیلیا مگر بنگش تاہنوز کرم مین مغلوب قوم تورے کے بہت
ہین بو الیمین جو پایان کورم مین رہتی ہین وہ بہی بنگش کی نسل سی مشہور ہین شاخ توری ہین پانچہ شگوفی
ہین جنکی تشریح بقید تعداد مردم اسلحہ بند و نام ملکان موجودہ حال اس تفصیل سی کی جاتی ہی حمزہ خیل تین ہزار
مسمی اود ملک کلان ہی مستو خیل دو ہزار فقیر علے و شنبک ملک ہی دپرزے تین ہزار مسمی غلام برادرزند
علی خان متوفی اونکا ملک ہی علی زئی دو ہزار دوست محمد و زید علی ملک ہین غونڈی خیل دو ہزار مسمیان
نور علی و اللہ نور اونکی ملک ہین جملہ بارہ ہزار مرد اسلحہ بند قوم توری کا بتلاتی ہین عموما سب قوم پیشہ
زراعت کاری رکہتی ہے بعض سوداگری میوہ فروشی وغیرہ بہی کرتے ہین اونکے ملک مین چاول اور مکے
اور جو زیادہ پیدا ہوتے ہین اور گندم بہی بہت ہوتے ہی اور ماش بہی بکثرت پیدا ہوتی ہین اونکی ملک کے
پیدا وار اپنی ضروریات سی بڑہکر علاقہ جات متصلہ مین بہی جاتی ہی سکنائی علاقہ کرم کے خوراک زیادہ تر چاول
مگر عمدہ نہین ہوتی اور نان گندم و مکی و جو سی ہوتی ہی گوشت گوسفند کہاتی ہین مگر تہوڑا پوشاک مین موٹا
سوتی کپڑا کام آتا ہی ایک پیراہن فراخ اور سر پر اکثر ٹوپے بوضع خاص اور بعض دستار سفید یا لونگے
باندہتی ہین اور شلوار پاچہ تنگ اوپر سی فراخ ہوتی ہی اور بعض پیراہن کی اوپر پشمی شالکی موٹے
اون کی سینہ وار پہرتے ہین کرپاس ہنون اور خوست سی خرید کرلیجاتی ہین اپنی ملک مین کپاس تہوڑے
ہوتی ہی حمزہ خیلون سی دو سو گہر کوچے رہتی ہین بموسم سرما ٹل بلند خیل کے پاس اپنی مویشی لی آتے ہین
اور گرما مین کوہ سفید کو چلے جاتی ہین ملہ خیل تخمینا دو سو گہر مشہور سارق اور مال مسروقہ لینی والے ہین ملک
کرم مین ایک ۔ ایک قلعہ حاکم کابل کا بنایا ہوا موجود ہی اور اوسمین کچہہ سپاہ کابلے رہتی ہے اس
سبب سے یہہ قوم رعیت اور ما تحت ریاست کابل سمجہی جاتے ہی فی جریب یعنی فی بیگہہ ایکروپیہ آٹہہ آنہ کابلی سالانہ
محصول اراضی دینا پڑتا ہی علاوہ اسکی ایک روپیہ فی خانہ دودی کی نام پر لیا جاتا ہی اراضی زرعی قریب

ایک معتبر آدمی ہی تاتمان خیل اپنی ملک سی باہر کم نکلتی ہین اور پہاڑون مین سکونت انکی مثل قوم افریدی
کی متفرق ہی اکثر جگہہ ایک ایک دو دو گہر رہتی ہین اونکی بڑی گانو دس سی لیکر سولہ گہر تک ہوتی ہین اور
اپنی شاخ مین ملک ہوتا ہی ملکان اور خان کا اختیار بہت نہین ہی مگر آپسمین خانگی فساد اور لڑائی
بہت رکہتی ہین اکثر جاہل و بی علم مخلوق ہی پیشہ زراعت کاری اور مالداری اور دزدی رکہتی ہین
بعض باجوڑ کے آہن کا بیوپار بہی کرتے ہین اونکی پوشاک باجوڑی لوگون کی طرح کل تمان خیل تخمیناً دو
ہزار گہر ہوگا اس قوم مین تخمیناً ... گہر بعلاقہ کوہ دامن کابل سی شمال رہتی ہین اور کوہ دامن والی تمان خیل
میوہ فروشی کا کام کرتے ہین ایک قبیلہ انکا کوچی ہی جو گرما مین ننگرہار اور سرما مین کابل کو جاتی ہین

## شجرہ نسب خوگیانے ابن ککی نبیرہ کرران

- خوگیانے
  - پہلے زوجہ
    - ۴ شیرزاد
    - ۴ پڑبہ
    - ۴ خدرخیل
      - ۵ عمرکے
      - ۵ ترکے
      - ۵ کانکہ خیل
    - ۴ بارک
      - ۵ لقمان
      - ۵ شادی خیل
    - ۴ بوبوخیل
    - ۴ عبدالرحمان
  - دوسرے زوجہ
    - ۴ خربوٹے
    - ۴ تورے
      - ۵ حمزہ خیل
      - ۵ مستوخیل
      - ۵ وبرزے
      - ۵ علی زے
      - ۵ غونڈی خیل
    - ۴ جاجے
    - ۴ مندوزے

## حال قوم خوگیانی

اس قوم مین سی فرقہ شیرزاد خضرخیل بارک بوبو علاقہ ننگرہار سی مغرب کوہ سفید کے شمال غربی مین
آباد ہین ان مین سی شیرزاد کی نسل بہت ہی شاہجہان بادشاہ کے اول سنہ جلوس مین باہم فرقہ
شادی خیل ولقمان اولاد بارک کی تہوڑی تکرار پر سخت عداوت پیدا ہوئی شاخ لقمان نے خدرخیلون
کی مدد سی شادی خیلون کو مغلوب کرلیا تب شادی خیلون نے قوم غلجائی کی پاس جا پناہ لی غلجیون
نے اونکی اعانت پر کمر چست باندہ کر بہمراہی سعید خان صوبہ کابل اونکے مخالفون سی سخت لڑائیان کین
کہتی ہین کہ اون فسادون مین ایک ہزار سی زیادہ آدمی اولاد بارک سی ماری گئی آخر کو شیرزاد و
خدرخیل اطاعت سلطانی مین آئی اور فساد رفع ہوا فی الحال خوگیانی ایک مشہور قوم ہی اونکا پہاڑ سخت
ہے انگور اور توت اور آنار اور انجیر کا میوہ اونکے ملک مین پیدا ہوتا ہی تین ماہ برف ہے

# حال قوم اتمان خیل

شجرہ نسب اس قوم کی نیچی والی شاخون کا بدون اولاد عمری بہت تہوڑا ملا ہی کرسی نامہ سی معلوم ہوگا کہ
اتمان خیل بہی کرڑانی کی نسل سی ہین یہہ قوم چودہوین صدی عیسوی کی شروع مین ٹاک اور گول کے
پہاڑون سی اوٹھہ کر بشمولیت قوم یوسف زئی کابل اور ننگرہار کے راستی پشاور کوآئی اور روتان سی
دوآبہ اور ہشت نگر مین یوسف زئی کی شریک رہی جب دلازاکون کے یوسف زئی وغیرہ اقوام مشتملہ سی
بمقام میرہ لنگرکوٹ یا گہڑی کپورہ لڑائی ہوئی تب اس قوم نے باوجودیکہ دلازاک انکی ہم قوم کرڑانی
تہی یوسف زیون کی طرف ہوکر لڑائی مین بہت کوشش کری کہتی ہین کہ اوس لڑائی مین اتمان خیلون
نی واسطی پناہ زد تیرون کی چرم خام وخشک گاومیش وگاو کی آگی رکہہ کر اوسکی سہارے سی جوانان تیرانداز
غنیم پر حملہ کرنے کے واسطی بہت آگے بڑہتے گئے اور ایسی نمایان کوشش سی اقوام متفقہ نی دلازاکون پر
فتح حاصل کی مگر یوسف زیون نی اتمان خیلون کی ساتہہ کچہہ نیکوی نہ کری چندعرصہ تیراہ کیطرف آئی جب
یہان سی بی پایہ ہوئی تو علاقہ ارنگ برنگ کو چلی گئی جہان ابتک آباد ہین اتمان خیل کا پہاڑ سواتہہ
اور باجوڑ کے بیچ جنوبی حصہ کوہ مین واقعہ ہی اونکے پہاڑ کا مغربی سر باجوڑ کی جنوب تک اور شرقی سر
ملک سواتہہ کے جنوب تک پہونچتا ہی اور کئی بڑی دیہات انکی علاقہ سمہ یوسف مین آباد ہین انکی پہاڑ کا
شمالی حصہ کچہہ آبادہی اور پہاڑ کی سلامی ڈہال پر پتہرون کی تین سی لیکر دس فیٹ تک بناکر اور مٹی ڈالکی سبچ
ہموار کرکے قابل زراعت کی زمین بناتی ہین اونکا مزروعہ رقبہ اکثر بارانی ہی سوای ان پہاڑون کے
اتمان خیل کی قبضہ مین ایک میدان ہی باجوڑ کے کنارہ پر اور دو لمبی وادی ہین جو سواتہہ کیطرف جاتی ہین اور
تپہ بائی زئی علاقہ میدان یوسف زئی کی گوشہ شمال شرقی مین شاخ عمری کی نسل اسماعیل خیل و دعوت خیل
سہ صدہ آبادہی انکی دیہات کی تفصیل ملک یوسف زئی کی بیان مین درج ہوچکے ہی تعداد اولاد عمری کے
اسلحہ بند مردمان کی دو ہزار تک ہی مشہور لوٹیرے اور جنگجو ہین الاجنوری ۱۸۵۲ء کی فوج کشی سرکار
انگریزی نی اور کرنیل جان نیکلسن صاحب کمشنر پشاور کے تدابیر نے اونکا زور توڑدیا اب سیدہی رعیت کے
طرح گذارہ کرتے ہین زیادہ ترپیشہ میدان کی اتمان خیلونکا زمینداری ہی پہلے سرقہ بالجبر اور لوٹ کہسوٹ
پر زیادہ دل لگاتی تہی اور ہندو پکڑ لیجاتے تہی اور اون سی روپیہ بطور چٹی لیکر چہوڑ دیتے تہی آزاد ملک
ساکن میاخان سرغنہ اس گروہ غارتگران کا گولی کی ضرب سی لنگڑا ہوگیا ہے محمد علی ملک کوئی کا

شجرہ نسب اتمان خیل ابن برہان نبیرہ ککئی
عزیز خیل
کرائے
بہمرے
ہمری
ماندل
اسیل
اسماعیل خیل
دعوت خیل
بائیندہ خیل
ببت خیل
عمر خان خیل
مہتر خیل
بری خیل
عجب خیل
ایا خیل
صابی خیل
شاہی خیل
عباس خیل
انیس خیل
طاؤس خیل
منصور خیل
سکین خیل
اجو خیل
دولت خیل
مومن خیل
شریف خیل
سواتی
فقیر خیل
ملوک خیل
الو خیل
محمد خان کور
زین خان کور
بائندی خیل
بادو خیل
سلیم خان کور
جان بیگ خیل
حیات خیل
پولاد خیل
صدر خان خیل
الی خیل
طاؤسی
وار خیل
جوگے خیل
جلال خیل
یار علی خیل
شیخ علی خان خیل
فتح خیل
سلطانی خیل
اکو خیل
دولت خیل
رسول خیل
تیراوے
شیخ علی
خان کور
بابو خیل
خوشحال خیل
دولت خیل
اسحاق کور
خان کور
اون کور
ہمزہ کور

# حال قوم اتمان خیل

شجرہ نسب اس قوم کی نیچی والی شاخون کا بدون اولاد بیمری بہت تہوڑا ملاہی کرسی نامہ سہی معلوم ہوگا کہ
اتمان خیل بہی کرڑانی کی نسل سی ہین یہہ قوم چودہوین صدی عیسوی کی شروع مین ٹاک اور گول کے
پہاڑون سی اوٹھہ کر بشمولیت قوم یوسف زئی کابل اور ننگرہار کے راستی پشاور کو آئی اور وہان سی
دوآبہ اور ہشت نگر مین یوسف زئی کی شرم شریک رہی جب دلازاکون کے یوسف زئی وغیرہ اقوام مشتملہ سی
بمقام میرہ لنگرکوٹ یاگڑہی کپورہ لڑائی ہوئی تب اس قوم نے باوجودیکہ دلازاک انکی ہم قوم کرڑانی
تہی یوسف زیون کی طرف ہوکر لڑائی مین بہت کوشش کری کہتی ہین کہ اوس لڑائی مین اتمان خیلون
نی واسطی پناہ زو تیردن کی چرم خام وخشک گاومیش وگاؤ کی آگی رکہہ کر اوسکی سہارے سی جوانان تیرانداز
غنیم پر حملہ کرنے کے واسطی بہت آگے بڑہتے گئی اور ایسی نمایان کوشش سی اقوام متفقہ نی دلازاکون پر
فتح حاصل کی مگر یوسف زیون نی اتمان خیلون کی ساتہہ کچہہ نیکوئی نہ کری چندعرصہ تیراہ کیطرف آئی جب
یہان سی بہی پایہ ہوئی تو علاقہ ارنگ برنگ کو چلی گئی جہان ابتک آباد ہین اتمان خیل کا پہاڑ سواتہہ
اور باجوڑ کے بیچ جنوب حصہ کوہ مین واقعہ ہی اونکے پہاڑ کا مغرب سر باجوڑ کی جنوب تک اور شرقے سر
ملک سواتہہ کے جنوب تک پہونچتا ہی اور کئی بڑی دیہات انکی علاقہ سمہ یوسف مین آباد ہین انکی پہاڑ کا
شمالی حصہ کچہہ آباد ہی اور پہاڑ کی سلامی ڈہال پر پتہرون کی تین سی لیکر دس فیٹ تک بنا کر اور مٹی ڈالکی
ہموار کر کے قابل زراعت کی زمین بناتی ہین اونکا مزروعہ رقبہ اکثر بارانی ہی سوای ان پہاڑون کے
اتمان خیل کی قبضہ مین ایک میدان ہی باجوڑ کے کنارہ پر اور دو لمبی وادی ہین جو سواتہہ کیطرف جاتی ہین اور
تہہ بائی زئی علاقہ میدان یوسف زئی کی گوشہ شمال شرقے مین شاخ ہمری کی نسل اسماعیل خیل و عوت خیل۔
سہ صدہ آبادہی انکی دیہات کی تفصیل ملک یوسف زئی کی بیان مین درج ہوچکے ہی تعداد اولاد بیمری کے
اسلحہ بند مردمان کی دوہزار تک ہی مشہور لوٹیرے اور جنگجو ہین الا جنوری ۱۸۵۲ء کی فوج کشی سرکار
انگریزی نی اور کرنیل جان نیجر صاحب کمشنر پشاور کے تدابیر نے اونکا زور توڑدیا اب سیدہی رعیت کے
طرح گذارہ کرتے ہین زیادہ تر پیشہ میدان کی اتمان خیلونکا زمینداری ہی پہلے سرقہ بالجبر اور لوٹ کہسوٹ
پر زیادہ دل لگاتی تہی اور ہندو پکڑ لیجاتے تہی اور ان سی روپیہ بطور چٹی لیکر چہوڑ دیتے تہی آزاد ملک
ساکن میاخان سرغنہ اس گروہ غارتگران کا گولی کی ضرب سی لنگڑا ہوگیا ہے محمد علے ملک کوئی کا

# شجرہ نسب (اتمان خیل) ابن برہان نبیرہ کلئی

عزیز خیل — کرائے — بہرے — ہمری — دخانہ — ماندل

امیل — اسماعیل خیل — دعوت خیل — سے صدہ — شموزیے — نورزئے — ولازاک

ایزب زیے

پائندہ خیل — ببت خیل — عمرخان خیل — مہتر خیل — عمبارہ خیل — بری خیل — عجب خیل — ایا خیل — صابی خیل — شابی خیل

عباس خیل — باگے خیل — باتوزیے — ہارون خیل — چنگا خیل — انیس خیل — طاؤس خیل — منصور خیل

سکین خیل — اچو خیل — میرویس خیل — دولت خیل — سرہدا خیل — موسن خیل — شریف خیل — سواتی

فقیر خیل — لمرک خیل — الو خیل — محمود خان کر — زین خان کر — بائندی خیل — بادو خیل — سلیم خان کر

جان بیگ خیل — حیات خیل — پولاد خیل — صدرخان خیل — الی خیل — انڈان — طاؤسی — وار خیل — جوگے خیل — اخری خیل — جلال خیل

یارعلی خیل — خان شیخ علی خیل — بوخان خیل — ادرو خیل — فتح خیل — کٹی خیل — سلطانی خیل — اکور خیل

دولت خیل — رسول خیل — نیراوے — شیخ علی — نان کور — بابو خیل — خوشحال خیل

دولت خیل — شینا خیل — ولی خیل — اسحاق کور — رہ خان کور — خان کور — زمند کور

اون کور — ہمزہ کور — ننانی خیل

## رواج تقسیم میراث

جائداد غیر منقولہ سی عورات کو حصہ نہین دیتی جائداد منقولہ متوفی سی اوسکی دختران یا خواہران خواہ اونکی شادی دوسرے خاندان مین ہوگئی ہو بطور ہبہ اگر جائداد منقولہ سی کچھہ جہیز وارثان نرینہ دیدیوین تو ممکن ہی الا اونکی حق مین داخل نہین اس معاملہ مین احکام شرع سی رواج کا زیادہ برتاؤ ہی اور یہہ رواج پسند عام ہی وارثان نرینہ مین بشرط نہونے اولاد پسری کی تقسیم بموجب احکام شرع کی ہوتے ہے ؛

## تخمیناً شمار قوم

اب اس قوم کی حالات کو ختم کرنیکی واسطی یہہ امر باقی رہا ہی کہ تخمیناً تعداد مردمان قابل اسلحہ بندی تحریر کیجاوی سو اس معاملہ مین شہرہ عام یہہ ہی کہ خٹک شصت ہزار مین الا مؤلف کو یہہ تعداد کچھہ زیادہ معلوم ہوتی ہی غالباً کل قوم خٹک تخمیناً پچاس ہزار مرد ہوگا اگرچہ شاخوار تعداد کی تفصیل میرے پاس موجود ہی مگر چونکہ وہ تعداد بموجب شمار عہد اورنگ زیب عالمگیر کے لکھے ہی اسواسطہ فی الحال اوس سے مطابقت نہین ہوسکتی ؛

باجرہ کا غلہ اور گرما مین گندم بہت کہاے جاتی ہی گوشت کی ساتہہ گندم کی خمیری روٹی اور باجرہ کی ساتہہ
دودہ بہت پسند کرتے ہین اور نان خمیرا اونکی بہت اچہی اور اتنی بڑی پکاتی ہین کہ ایک روٹی
چند آدمی کو کافی ہوتی ہے ٭

## رواج شادی وغمی

دستور ہی کہ نکاح اور نسبت کی ہونی پر اور دولت مندون مین فرزند نرینہ کی پیدا ہونے یا ختنہ
کرنے کے وقت خوشی کیجاتی ہے اور اپنی قریب تر رشتہ دار اور دوست اوس خوشی کی شمولیت
کی واسطی بولاے جاتے ہین اور تماشا کی واسطے اکثر لڑکے بی ریش جنکو لختی یا گدیدو نے کہتی ہین ناچتی
ہین اور نیز اس قوم کی جوان عمر کی مرد دہل اور سُرنا کی آواز پر پچاس پچاس یا اس سے
کم وبیش یکبار جمع ہوکر اور تلوارین برہنہ کرکے تال کے ساتہہ ایک تماشہ اثر ناک کرتی ہین
اونکی دیکہنے والونکو شمشیرونکی چمک اور تیزی سی آدمیونکا پہیرنا اور باوجود ایک صف مین
قریب قریب کہڑا ہوکر تماشا کرنے اور کسیکو تلوار سی آسیب نہ پہونچنی سی عجیب فرحت پیدا ہوتی
ہین بزبان ملک اس کہیل کو بہانگڑہ کہتی ہین شادی مین زیادہ خرچ کرنے کو اپنا فخر سمجہتی
ہین شادیون مین روغن زردا اور گوشت گندم کی روٹی کی ساتہہ انکی عمدہ کہانا ہی باوجود
سب خوشی کی یہہ رسم بہی ادنی قسم کی لوگونمین ہی کہ ناطہ یا نکاح کی وقت والدین عورت زر نقد حسب مقدور
خواہندہ و دہندہ معاوضہ دختر مین لیتی ہین عموماً تعداد اس زر نقد کی ۵۰ سی لیکر ایکسو تک ہی تعین تعداد
زر مین ان باتونپر بہی لحاظ کرتی ہین کہ عورت جوان ہے یا صغر سن خوبصورت ہی یا بدصورت اول کے دونو صورت
مین زیادہ اور پچہلی دونو حالت مین کم روپیہ لیا جاتا ہی معزز خاندانون مین برعکس اسکی بوقت شادی اپنی دختر
کو بطور رواج یعنی جہیز کچہہ کہری بہی تا بمقدور دیتی ہین برات کی ساتہہ عورات بہی جاتی ہین رسوم نکاح خوانی
معمولی ہین خوانندہ نکاح کو ایک روپیہ ملتا ہی **رواج غمی کا** - یہہ رواج ہی کہ جب کوئی مر جاوی تو بعد
دفن کے اول رات سب گانونکی لوگ اوسی میت کی وارثان کی روٹی کہاتی ہین اور جب دور رہنی والے
اوسکی رشتہ دار وغیرہ تعزیت کی واسطی آتی ہین ٭ علاوہ رہی وہ بیچاری وارث صدمہ ماتم کی سوا صدمہ مال سی بہی
زیر بار ہوجاتی ہین ٭ **رواج طلاق** اس قوم کی کم رتبہ آدمیونمین مروج ہی کہ جب عورت شوہر کی ساتہہ
آباد نہو یا شوہر کا دل اوس سے بسبب آوارہ گردی اوٹہہ جاوی تو کسی قدر روپیہ لیکر عورت کو طلاق دیدیتی ہین اور وہ عورت
روپیہ دینی والا شخص پیش طلبگی کی اوسی روپیہ دلای ہون کہ لیتا ہی الا اس قسم کی طلاق مین عورت کا بابت حق مہر کچہہ دعوی نہین رہتا

کامیاب ہوی کہ علاوہ غارت گری مال بیشمار کی صدہا مرد عورت قوم آوان قید کرلاے اور بہت سے
لیکر اونکو رہا کیا مگر حملہ ثانی مین نقصان اوٹہاکر ہٹ گئی پہر قوم آفریدی کی ساتہہ تین دفعہ لڑائی ہوی
سب سی زیادہ عداوت اُنکی قوم یوسف زئی و مندر کی ساتہہ تہی پہلی لڑائی مصری باندہ کے
پاس ان ہردو معاندا قوام کے باہم ایسی شدت سی ہوئی کہ یوسف زیون کی معتبر ملکا وس
لڑائی مین مارے گئے اور دوسری طرف سی یحیی خان خٹک بہی معہ چند دیگر رفقاء کی مارا گیا
بعد اوسکے کئی لڑایون مین یوسف زئی غالب آکر پہاڑ تک انکو ہٹا لاتے تہی اور بعض مین
خٹک اونکو مرغوز تک وبای لیجاتے تہی قصہ کوتاہ یوسف زیونکی ساتہہ اسقدر انکا جھگڑا رہا
کہ جسکی تشریح اس مختصر مین نا ممکن ہے فی زمانا کسی قوم سی نہ انکی لڑائی ہی نہ جھگڑا ہی چپ چاپ
اپنی ملک مقبوضہ پر متصرف ہین اور بہرحال اوس تباہی اور لڑائی کی وقت سی اب اس قوم
کو دولت مندی و آسودگی مین فوق ہے یہہ آرام اور خاموشی اونکو اپنی جبلی طینت سی حاصل
نہین ہوا بلکہ سلطنت انگریزی کا حُسن انتظام ہرایک قوم کے حقوق کی محافظت کی واسطی
ایک سپر بن گیا ہی جسکے سبب سی نہ انکی حقوق مقبوضہ مین کوی خلل ڈال سکتا ہی نہ یہہ کسی پر
دست اندازی کرسکتی ہین اس قوم کی جوان آدمیونکو پیدل فوج کی بہرتی ہونیکے شوق ہے
بعض اچہی سپاہی ہوتی ہین *

## ذکر پیشہ و عادات

عموماً قریب کل کے اکثر آدمی پیشہ زراعت کاری و زمینداری رکہتی ہین مگر اس کام مین عمدہ
محنتی نہین ہین پیشہ سوداگری اور نمک فروشی بہی کرتے ہین کاہل مزاج اور آرام طلب زیادہ
ہوتی ہین ہرایک گانو مین ایک یا چند مکان نشست گاہ عام بنام ہجرہ و حجرہ رہتا ہی اوسمین اکٹہی
بیٹہکر حقہ پینا اور اِدہر اودہر کے بیفایدہ باتین مارنی بہت مروج ہی اپنی مطلب براری کی واسطی
جہوٹہہ بولنے کو عیب نہین سمجہتی *

## طرز وضع اور خوراک پوشاک

سوای خاندانی آدمیونکی خوش شکلی کم ہے مگر اکثر پورہ قد اور مضبوط آدمی ہوتی ہین پوشاک
مین سوتی سفید کپڑا بہت پہنا جاتا ہے اور خوراک مین باستثنای چند دولت مندونکی موسم سرما مین

سخت دشمنی پیدا ہوکر دونو طرف سی بہت آدمی مارے گئے آخر دونوں کمزور ہوکر صلح کرلی۔ اسطرح اور یاخیل اور باقی ہمندی کے مابین بدعوے ملک موسوم ششم چند سال بدی رہے اور پہر میری خیل و مندن و اسمعیل۔ آپسمین لڑتے رہی اور میری خیل اور کسینی کی باہم کرات مرات لڑائی ہوتی رہی جسمین میری خیل بہت مارے گئے بطی خیل اور بولاق کی فرقہ مین بڑے سخت عداوت رہی ملک اکوڑ مشہور اور یوسف خان نی اوسی نفاق مین جان کہوئی ملک اکوڑ کے مارے جانے سی سب تری کی اولاد نے اتفاق کرکے شاخ بولاق کو چند عرصہ کے واسطے ملک سی خارج کردیا کہ وہ لوگ چند عرصہ یوسف زئی کے ملک مین سرگردان رہی اور کچہہ باجوڑ مین جا رآباد ہوی مگر نازوخان ملک فرقہ بولاق شہباز خان سی صلح کرکے پہر اپنی موروثی ملک مین آیا غرض کہ اسی طرح قوم خٹک کی اکثر شاخون مین عداوت اور دشمنی موروثی چلی آتی ہے اب انتظام سلطنت انگریزی اونکو ظاہر کشت وخون سی مانع ہی مگر دلون کے صفائی نہین جہانداری بالائی خوب رکہہ جانتے ہین عداوت کو در پردہ چلاتے ہین ٭

## حال قوم خٹک کی عداوت کا ساتہہ دیگر اقوام ہمسوانہ کے

خٹکون کی چارون طرف کوئی ایسی قوم نہین ہے جس سی اونکی عداوت یا لڑائی نہ ہوئی ہو پہلی خٹکون مین سی شاخ انوخیل نے قوم بنگش فرقہ درستمند کے ساتہہ بڑی لڑائی کری دونو طرف سی بہت آدمی ماری گئی مگر خٹک حسب خاطرخواہ کامیاب نہوی اور پہر فرقہ میری خیل اور نصری نے قوم عیسی خیل و سرہنگ جو نیازی ہین اور خٹکونسی جنوبی ملک پر قابض تہی کئی دفعہ لڑائی کری بعد اونکی قوم مروت شاخ لوحانی سے بتکرار ملک تہل واقع حد شمالی ضلع بنون خٹکونکی ایسی شدید جنگ ہوی کہ جسمین صدہا آدمی ماری گئی پہر قوم وزیر کی ساتہہ فرقہ میری خیل خٹک کا میدان پڑا باوجود اتفاق قوم وزیر ورنج خٹکون کی اوس علاقہ پر دخل نکرسکا جسپر قابض ہونا چاہتی تہی ایک دفعہ قوم تری و بولاق ہر دو فرقہا خٹک نی اتفاق کرکے کوہ سکیسر جنوبی دامن کشہ واقع ضلع شاہ پور تک قوم اوان پر دست درازی کرے اور پہلی حملہ مین اسقدر

سی شادی ہوئی تہی اوسکی شکم سی تین دختر پیدا ہوئی جنمین سی ایک کی ساتہہ سردار سلطان محمد خان دوسری سی پیر محمد خان تیسری کے ساتہہ سید محمد خان ہرسہ برادران امیر دوست محمد خان بارکزئی نے نکاح کیا اس رشتہ داری کی سبب سی نجف خان چند سال حاکم رہا اور بارہ ہزار روپیہ سالانہ سردار سلطان محمد خان کو دیتا تہا جب ہری سنگہ سپہ سالار پنجاب نی پشاور کو فتح کیا تو نجف خان تیراہ کی طرف بہاگ گیا جہانگیرہ مین سکہون نی قلعہ بنایا اور سب میدانی علاقہ خٹکو نکا خالصہ سرکار کرلیا خٹک مشرقی کے خانونکی واسطی صرف پہاڑی علاقہ جاگیر مین اس شرط سی مقرر کیا کہ رستہ اٹک اور پشاور کو اپنی حد تک کہلا رکہین گے نجف خان کو خواص خان کی فرزندنی جسکی باپ کو محمد افضلخان ولد نجف خان نی مارا تہا اوس بدلہ مین ہلاک کردیا بعد وفات نجف خان کی اوسکا بیٹا محمد افضل خان امیر دوست محمد خان کی حکم سی باپ کی جگہہ مقرر ہوا اور دوسرا رقیب اوسکا جعفر خان ترپوتہ خواص خان کا تہا محمد افضل ولد نجف خان اور جعفر خان کی جاگیر پانچہ ہزار سالانہ کی تہی اوسکی پیچ آمد محصول میر بحری بہی تہی جب جنرل ایوی ٹیبلی یعنی مشہور جرنیل ابوتبیلہ سکہونکی طرف سی پشاور کا حاکم تہا تو اوس وقت کئی دفعہ جاگیرات مین تغیر تبدل ہوتا رہا سرشی سکہان ۱۸۴۸ء مین جعفر خان نے چتر سنگہ مفسد کو مدد دی اور کرنیل لارنس صاحب کی ساتہہ دغا کیا محمد افضل خان کی اعمال پر بہی خواص خان کا بیگناہ قتل کرنا ایک داغ تہی مفسدہ ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ انگریزی کی خیرخواہ رہی اس سبب سی بدستور شرقی خٹک کی وہ رئیس ہین اور سرکار سی جاگیر ہی عطا ہے محمد افضل خان بعطائی پنشن حال گہری علاقہ یوسفزئی مین ہیں

# حال نفاق واتفاق باہمی قوم

جیسا کہ اکثر افغانی قومون مین عداوت اور حسد اندرونی بہرہوا ہی اوسی طرح قوم خٹک کی باہم بہی عداوت ہی علیحدہ علیحدہ جنبہ داری اور حسد بہی بہت ہی اپنی ہم سریا قوم کی کسی معتبر کی خاص بہبودی اور ترقی اچہی نظر سی نہین دیکہتی اپنی ہم چشم کی گرانی کی فکر مین رہتی ہین پورانی عداوت کا حال یہہ ہی کہ اول باہم شاخ میری خیل والیسوڑی ایک تہوڑی تکرار پر بہت لڑائی اور کشت خون ہوی فرقہ انوخیل نے بہی اپنی بہائی بند میری خیلونکی مدد کری اس شمولیت نی شاخ الیسوڑی کو زبون کردیا پہر قوم انوخیل کے فرقہ ساغری کی ساتہہ ایک عورت مسماۃ شکر خانونہ کی تنازعہ پر

وارث الایق اس رتبہ کی نہ بات ۱۸۵۷ء کی بلوہ مین خواجہ محمد خان بہت اچہی نیت کی ساتہہ خدمات سرکار
مین مشغول رہا اس خیرخواہی کی صلہ مین علاقہ خٹک مغربی اوسی کی تشخیصہ پر بسنادِ معافی بنام خواجہ
محمد خان کے نام عطا ہوا اور اپنی علاقہ جاگیر مین ۱۸۶۱ء کو اختیار مجسٹریٹ ماتحت درجہ اول سرکار
نی تفویض فرمائی اب خواجہ محمد خان مستقل مالک اس علاقہ کا ہے اور خیرخواہ سرکار

## حال مشرقی شاخ کا

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا اسعادتمند خان جسکا خطاب سرفراز خان تہا اوسنی کل خٹک کی حکومت کری
اور اوس وقت دار الریاست خانان خٹک کی اکوڑا تہا سردار شہباز خان اپنی بہائی سرفراز خان
کی تجویز سی نیری کا حاکم تہا جب سرفراز خان نی وفات پائی تو اوسکے بہت سی فرزندون مین
سی آصف خان اور نور اللہ خان دو کس شریک ہو رہتی مشرقی خٹکان کا خان آصف خان ہوگیا نور اللہ
خان کی بہی بہت فرزند تہی ایک چہوٹون مین سی فیروز خان فوج درانی کے ہمراہ کشمیر کو گیا اس
ذریعہ سی عزت اور نام پیدا کرکے جب واپس آیا تو اپنی چچا آصف خان کی ساتہہ فساد کیا اور اوسکو
کو یوسف زئی کی طرف نکال دیا اور خود مالک بن بیٹہا فیروز خان کی بعد اوسکا بیٹا عباس خان
دستار مختار ہوا اور یہہ اوس وقت خان ہوا جب سکہون نی پشاور پر حملہ کیا جس وقت مہاراجہ
رنجیت سنگہ نی دریای سندہ کو عبور کیا تب عباس خان نی کسی طور رنجیت سنگہ کی جان بچا رکہی اور
وفادار خیرخواہ رہا اسکے بدلہ مین مہاراجہ نی اوسکو عہدہ خانی پر مستقل کیا اور دستار دوستی کے
طور پر لائی بارک زئی حاکم پشاور یہہ خبر سنکر عباس خان سی بدظن ہو گیا اور اوسکے مار ڈالنی کا
ارادہ کیا اس منصوبہ سی عالم خان اور کئی کو معہ جرگہ سفید ریشان عباس خان کے پاس بہیجکر
دغا سی بطور مہمان اوسکو پشاور مین بلایا جب عالم خان کی ہمراہی مین پشاور مین پہونچا تو
یار محمد خان بارک زئی نی اوسکو قید کر دیا اور چند روز بعد اوسکو زہر کہلا کر ہلاک کیا عباس خان
کا ایک بہائی خواص خان تہا جو لاہور مین سکہون نی قید کیا اور جب رنجیت سنگہ بہت بیمار ہوا
تب قیدی رہا کر گئے اوس وقت خواص خان بہی رہائی پاکر گہر کو آیا تہا بمقام خورد علاقہ خٹک
مین محمد افضل خان ولد نجف خان ولد آصف خان باجہ
افضل خان کا اکوڑا کا مالک تہا نجف خان کی ایک خواہر میر احمد خان ولد سردار زردار خان

اپنی جگہہ پر قایم رہا رسول خان نے مسماۃ بی بی فرخندہ بیوہ خوشحال خان سی نکاح کیا تہا جسکے شکم سی
فتح جنگ خان بیٹا رسول خان کا پیدا ہوا لوگ کہتی ہین کہ وبا کی بیماری سی رسول خان مرگیا تب
فرخندہ اوسکی بیوہ نی بباعث کم سن ہونی فتح جنگ خان اپنی پسر کے خواجہ محمد خان اپنی تبنی
پسر کو جو حال مین رئیس ہے رسول خان کی جگہہ مقرر کیا خواجہ محمد خان خوشحال خان کا فرزند ہی دوسرے
زوجہ سی ماہ دسمبر ۱۸۴۷ء مین جب میجر ٹیلر صاحب کوہاٹ کی راستی فوج لیکر بنون کو آیا تو خواجہ محمد
خان نی ہر طرح سی صاحب کو مدد دی جب ٹیلر صاحب تعینات ہو چکی تو سردار سلطان محمد خان بارکزئی
نی خواجہ محمد خان خٹک کو پشاور مین طلب کیا اور جب پہونچا تو اوسکو قید کرکی ٹیری اپنی فرزند
محمد سرور خان کو دی اور سید خان اوسکا نائب مقرر کیا خوبی قسمت اوسکی سی کسی طرح خواجہ
کا حال کرنیل لارنس صاحب کے سماعت مین آیا اور اس خوف سی سلطان محمد خان نے خواجہ محمد خان
کو رخصت کر دیا پیچھی سی رسول خان کی بیوہ فرخندہ نی خٹک کا لشکر جمع کرکی محمد سرور خان بارکزئی
کو ٹیری سی ہٹا دیا اوسنی اس بلوہ مین خواجہ محمد خان خٹک کی شراکت سمجھکر فوراً اپنی بہائی خواجہ محمد خان
بارکزئی کو بمقام کوہاٹ پیغام بہیجا کہ خواجہ محمد خٹک کو قید کر لو بخت کی راہبری سی اتفاقاً وہ
قاصد چمیائی کی راستے مین خواجہ محمد خان خٹک کو ملگیا اور بدون شناخت پیغام تبلا دیا یہہ خبر
پاکر خواجہ محمد خان جلد ٹیری کو چلا آیا اور وہان بدستور حکومت کرنے لگا جب سلطان محمد خان کوہاٹ
کو آیا تو اوسنی ٹیری پر لشکر کشی کا ارادہ کیا مگر بباعث ورود چٹھی ممانعت کرنیل لارنس صاحب کے
باز رہا ۱۸۴۸ء مین سرکشی سکہان کی وقت خواجہ محمد خٹک گورنمنٹ انگریزی کا خیر خواہ رہا
اور اپنا رشتہ دار شہباز خان میجر ٹیلر صاحب کی کمپ مین بمقام لکی مروت بہیجدیا جب سردار محمد
اعظم خان بنون سی اور خواجہ محمد خان بارکزئی کوہاٹ سی ہٹائی گئے تو اونہون نی ٹیری کو لوٹ
لیا اور خواجہ محمد خٹک کنارہ کر گیا بعد رفع فساد سکہان سرکار انگریزی نی پہلے سال زر مشخصہ عہد
درانی وصول کیا اور دوسری سال تشخیص واجب ہوکر آمدنی محال نمک سرکاری ہوگئی اور علاقہ کا
مشخصہ رعایتی مقرر ہوکر تا حین حیات خواجہ محمد خان کی سپرد ہوا اور انتظام عدالت سرکار نی اپنی تعلق رکہا
رسول خان کا فرزند فتح جنگ خان قریب عالم شباب کی مرگیا لوگ کہتی ہین کہ اوسکو پوشیدہ زہر دی
گئی تہی اس سی تہوڑا عرصہ بعد فرخندہ نی بہی وفات پائی تب سوای خواجہ محمد خان کی اور کوئی

بعد اقبال اطاعت بارہ ہزار معاملہ ٹیری کا سوای آمدن کان مالگین وجٹہ مقرر ہوا سیان سیدن شاہ
نی خورم اور سینی کا ٹہیکہ چہہ ہزار پر اور رسول خان نی بارک وغیرہ علاقہ ٹیری کا چہہ ہزار پر لیا
اور دونون نے اپنی ملازم کان مالگین اور جٹہ پر واسطی وصول معاملہ مقرر کئے یہہ بند وبست چار سال
تک رہا اوسکے بعد سولہ ہزار روپیہ مقرر ہوا اوس سی چار برس بعد جب سکہون نے پشاور کو فتح کیا
اور ہری سنگہ پشاور مین داخل ہوا پیر محمد خان بارک زئی بر استہ ہنگو و کرم کابل کی طرف چلا گیا
اوسکے دوسری ماہ مین سکہہ حاکم کوہاٹ مین پہونچ گیا اور جب عطر سنگہ سدہانوالیہ کوہاٹ کا حاکم
ہوا تو اوسنی سیدن شاہ مخالف رسول خان کی ہمراہی مین ایک سکہہ فوج ٹیری کی فتح کی واسطے
متعین کری اور بعد فتح کی شہباز خان ولد ارسلہ خان اور سیدن شاہ لاچی اور ٹیری مین مقرر
ہوئی اور ایک سکہا شاہی تہانہ بمقام ٹیری مقرر ہوا اور رسول خان بہاگ گیا بائیس ہزار ٹہیکہ
مقرر ہوا اور آمدنی محصول نمک بہی ٹہیکہ دار کی تفویض ہوئی جس وقت عطر سنگہ نی ایک یرغمال
سیدن شاہ سی طلب کیا تو وہ روپوش ہوگیا اور شہباز خان نی بہی اسطرح کیا تب بلند خان
بابلبل خان کو ٹیری کی ریاست ملی جب ضلع کوہاٹ سرکار سکہان سی سردار سلطان محمد خان
بارک زئی کو دیا گیا تب خٹکون نے رسول خان کی انگیخت سی جو قریب ڈہائی سو سپاہ سکہہ تہانہ ٹیری
مین تعین تہا اونپر یورش کرکے قتل کردیا اور رام سنگہ اونکا افسر بہی مارا گیا رسول خان ٹیری پر قابض
ہوگیا سلطان محمد خان بارک زئی نی رسول خان سی زر معینہ سکہا نسی زیادہ روپیہ طلب کیا تو اوس
تین ہزار روپیہ کوہاٹ مین داخل کرکے باقیماندہ روپیہ کے واسطی ٹیری کو آیا مگر وہان ہو نجکر اطاعت
ترک کی یہہ خبر سنکر سردار سلطان محمد خان نی فوج کشی کری تب رسول خان ٹیری چہوڑ کر ہٹ گیا
اور بلند خان و سیدن شاہ نی ستائیس ہزار روپیہ معاملہ دینا کرکے علاقہ ٹیری پر قابض ہوگئی دوسری
لڑائی کی بعد رسول خان نی لاچار سلطان محمد خان بارک زئی کی پاس پشاور مین جاکر دس
اور بیس شتر اور چالیس ہزار نقد سالانہ معاملہ دینا کرکے حکومت ٹیری کی حاصل کری اور یہہ مشتہر
منظور کیا گیا اور رسول خان اپنی وفات تک جو اس سی بعد ہفت برس کو واقعہ ہوئی
قابض ہا اور سلطان محمد خان بارک زئی نی اپنی پوتا کو رسول خان کی دختر سی منسوب کیا
اپنی دختر رسول خان کی پسر فتح خنک خان کو نکاح کردی یہہ ہی سبب ہے کہ وہ اسقدر عرصہ

دو فرزند ایک بی بی سی تھے ارسلہ خان اور خوشحال خان بعد وفات ناصر علی خان کے شاہ محمود سدوزئی
کی بادشاہت مین ارسلہ خان رئیس ہوا شاہ محمود نی ارسلہ خان کو معزول کرکے اوسکی فرزند فیروز خان
کو باپ کی جگہہ دی ارسلہ خان کو نادر علی خان ولد منصور خان نی ہلاک کردیا اور فیروز خان نی خوشحال خان
کو ٹیری مین مقرر کیا چار برس کے بعد فیروز خان مرگیا تب فیروز کا بیٹا عباس خان جانشین انبی باپ کا
ہوا یہہ بات ہوتی ہی باہم عباس خان اور خوشحال خان جنگ شروع ہوا خوشحال خان کو عباس خان نے
مار دیا اور کل جایداد اوسکی بیوہ مسمات فرخندہ جسکو سومانی کہتی تہی اور ایک بڑی عقلمند بی بی تہی
اوسکو ملی باوجود ماری جانی خوشحال خان کی ٹیری کی لوگون نی عباس خان کی حکومت نامنظور کری
اور نادر علی خان ولد منصور خان کو درسمند سی واسطی حکومت کے طلب کیا یہہ وہ ہی نادر علی ہی جسنے
ارسلہ خان کو قتل کیا تہا چھہ ماہ کے بعد سمی سیدن خان ملازم ارسلہ خان نی انبی آقا کی بدلہ مین نادر علی
کو ماردیا اور بلبل خان یانجمل بہائی اوسکا مالک ہوا اور رسول خان ولد حسن خان نبیرہ سردار شہباز خان
کو ٹیری کا حاکم بطور نائب مقرر کیا اس عرصہ مین عباس خان ولد فیروز خان نی لاہور سی رنجیت سنگہ کے
خالصہ فوج لاکر ٹیری کو فتح کرلیا رسول خان نی آفریدیون مین پناہ لی اور فرخندہ بیوہ خوشحال خان معہ
خواجہ محمد خان اپنی متبنی پسر کے چونترہ مین پناہ گزین ہوئی عباس خان نی رسول خان کو آفریدیون سی
منگاکر بعد قید رکہنی دو سال کے اپنا نائب ٹیری مین مقرر کیا اوس سی تہوڑی عرصہ بعد سردار یار محمد خان
اور سردار سلطان محمد خان بارک زئی برادران امیر دوست محمد خان نی عباس خان کو فریب
سی پشاور مین طلب کرکی بد ادن زہر ہلاک کردیا تب رسول خان مستقل حاکم ٹیری کا ہوا آٹھہ گھوڑی
اور دس شتر بطور نذرانہ کوہاٹ کی گورنر کو جو نواب صمند خان بارک زئی کو ہاٹ کا صوبہ تہا دیا کرتا تہا
اور کان نمک مالگین کی آمدن بہی وہی لیتا تہا خواص خان برادر عباس خان نی سکہونکی مدد سی چھہ ماہ تک
پھر ٹیری کو زیر حکومت کیا مگر جب کنور کہڑک سنگہ نی اوسکو قید کردیا تو پھر رسول خان ٹیری کا مالک ہوا
سردار سلطان محمد خان بارک زئی نی اوسکو معزول کرکی بلند خان کو حاکم بنایا اس شرط سی کہ پانچہزار
روپیہ نقد اور آمدن کان مالگین سرکار درانی کو ملا کری گی ایک برس کے بعد رسول خان نی جو فوج سکہہ
کی بنون کو آئی تہی اوسکی اعانت سی پھر ٹیری لیلی اور شیر دل اپنی بیٹا کو فوج سکہہ مین بطور یرغمال
بہیجا تہا جو لاہور سی بہاگ آیا اس سی دو برس بعد سردار پیر محمد خان بارک زئی نی ٹیری پر حملہ کیا

محمد علی خان نے جو نوشہرہ مین رہتا تہا بعد چلی جانے سعادتمند خان ہمرکاب شاہ درانی کے اکوڑا پر حملہ کیا اور سعد اللہ خان کو مع ایک پسر کے قتل کرکے اکوڑا لوٹ لیا یہہ ناخوش خبر خوشحال خان کو بمقام ٹیری پہونچی فوراً لشکر لیکر اکوڑہ کو روانہ ہوا اور لشکر خان کو ملک بہنیر کی طرف بہگا دیا لشکر خان اپنی متعلق بہنیر مین چہوڑکر دکہن مین نواب منو خان کی پاس جاکر نوکر ہوگیا خوشحال خان نے اس حال سے احمد شاہ درانی کو اطلاع دی شاہ درانی نے لشکر خان کو گرفتار کراکر پسر سعادتمند خان کی کیلیے جسنے اپنی باپ و بہائی کی قصاص مین قتل کردیا احمد شاہ ابدالی نے اپنے فرمان کی ساتہہ خوشحال خان کو ٹیری مین اور سعادتمند خان کو اکوڑا مین حاکم مقرر کیا جب مرہٹہ کی فوج احمد شاہ سے لڑنے کیواسطے اٹک تک پہونچی تو خوشحال خان حاکم ٹیری بادشاہ کی جانب سے اونکی ساتہہ لڑنے کو گیا اور بمقام حسن ابدال مرہٹونسے لڑکر شہید ہوا احمد شاہ نے پشاور سے روانہ ہوکر مرہٹونکو شکست فاحش دی اور سعادتمند کی سعادتمندی اور دلاوری سے خوش ہوکر سرداری کی خطاب کے ساتہہ جہلم تک اوسکو حاکم بنایا اور شہباز خان بجای خوشحال خان شہید کے ٹیری کا حاکم ہوا احمد شاہ کی فرزند تیمور شاہ سدوزی نے اپنی سلطنت کی عہد مین سعادتمند خانکو خطاب سرفراز خان عطا کیا خٹکون کے خانان سے آخری رئیس جسنے کل علاقہ خٹک پر مستقل حکومت کری یہہ ہی سرفراز خان تہا اوسکے بعد ریاست خٹک کی دو شاخ ہوگئین ایک مغربی علاقے کی خان جو ٹیری مین رہتی تہے دوسری مشرقی خان خٹک جو اکوڑا اور جہانگیرہ مین مالک تہی مختصراً ہر ایک شاخ کا علیحدہ ذکر کیا جاتا ہے +

## اول مغربی شاخ

بعد وفات سردار سرفراز خان کی شہباز خان حاکم ٹیری چہوٹا بہائی اوسکا حاکم اکوڑا بہی ہوا اور اوسنی نیک بختی کے ساتہہ اپنی برادرزادگان یعنی آصف خان - نور اللہ خان - اشرف خان - وغیرہ پسران سردار سرفراز خان سے آصف خان کو حکومت مشرقی خٹک یعنی اکوڑا کی عطا کرکے اور خود ٹیری کا یعنی مغربی خٹک کا حاکم رہا سردار شہباز خان کی بیس فرزند تہے اونمین سے منصور خان کو اپنا جانشین کرکے کنارہ کش ہوا منصور خان نے چند عرصہ کے بعد اپنی بہائی ناصر خان یا ناصر علی خان کو حکومت سپرد کرکے دستار مختار بنایا ناصر علی خان دس برس تک حاکم ٹیری کا رہا ناصر علی

یوسفزئیونسی بباعث اپنی میراثی عداوت کی لڑتا تہا مگر اس لڑنے کو خدمت بادشاہی ظاہر کرتا تہا کیونکہ مندڑ
اور یوسف زئی اوس عہد مین مغضوب سلطانی تہی بدین حکمت اوس نے شاہجہان کے عہد مین بڑا
رتبہ پیدا کرکے طریق ریاست کو درست کیا طبع موزون رکہتا تہا اکثر شعر بزبان پشتو خصوص ایک دیوان
پشتو اوسکا یادگار ہی باوجود سب اوصاف کی اوسکی حالات اور واقعات پر خیال کرنی سی معلوم ہوتا ہی
کہ عزم اور حرص مفرطی کہیلا ہوا تہا اسی سبب سی انجام بخیر نہوا اورنگ زیب بادشاہ نی اپنی عہد مین
ناراض ہوکر خوشحال خان کو قید کردیا چہہ برس قید کی بعد جب بہادر نواح پشاور مین سرکشی ہوگئی تب -
اورنگ زیب نی بنظر مصلحت ملکداری خوشحال خان کو رہا کرکے اعطای اسپ خاص اور خلعت
عزت کی ساتہہ رخصت کیا گہر مین پہونچکر خوشحال خان نی اپنے فرزند اشرف خان کو اپنی جگہہ دستار
مختار بنایا بہرام خان دوسرا بہائی اشرف خان کا جو باپ سی مخالف تہا اپنی دستار مختاری کے
دعوی سی بہائی اور باپ کا دشمن بن گیا اور کاکا صاحب کی فرزند ضیاء الدین نے بہرام خان کی
اہانت کری اس سبب سی اشرف خان نی ضیاء الدین کو قید کرلیا اس بات سی اورنگ زیب نے
ناراض ہوکر اشرف خان کو قید کرلیا اور اوسنی قید مین خودکشی کرکے سختی اور بیعزتی سی جان چہوڑائے
اوسکی جگہہ محمد افضل خان بیٹا اشرف خان کا رئیس ہوا مگر بہرام اوسکا چچا اپنی خاندان کا دشمن
ٹہنڈا سانس نہین لینی دیتا تہا یہہ سب غم دیکہکر خوشحال نے حسرت کی ساتہہ دار نا پایدار کو چہوڑا
اور جب بہرام بہی مرگیا تو محمد افضل خان نے اکٹہہ برس تک مستقل حکومت خٹک کی کری لئیق اور
نیک آدمی تہا محمد افضل خان کے ہشت فرزند تہی جنمین سی ذکر کی لائق دو ہین محمد علی خان اور
سعد اللہ خان معروف شہید خان محمد علی خان اکوڑا مین رہتا تہا اور سعد اللہ خان تیری مین
بعد وفات محمد خان کی اونکی آپسمین بے اتفاقی ہوکر لڑائی ہوئی محمد علی ٹیری کو واسطی لڑائی کے گیا
مگر شکست کہاکر واپس ہوا سعد اللہ خان نے اوسکا تعاقب کرکی اکوڑہ سی بہی بیدخل کردیا سعد اللہ خان
کے آٹہہ فرزند تہی - سعادتمند خان خوشحال خان جعفر خان - افضل خان شہباز خان پنج کس
ایک والدہ سی شرافت ایک مان سی اور لطف اللہ خان اور رستم خان علیحدہ مادر سی جعفر خان
سبکی بڑا الاولد مرگیا اور خوشحال خان کو اوسکی باپ نی سب سی ہوشیار سمجہکر ٹیری کا حاکم بنایا اسوقت
محمد شاہ دہلی کا بادشاہ تہا اور نادر ایران کا جب احمد شاہ ابدالی ہندوستان کو جاتا تہا تو سعادتمند خان

بار پر ایک روپیہ محصول ورآفریدی وغیرہ کے واسطے فی روپیہ ہفت بیل کے بار مقرر تہی اور فی بار شتر ایک روپیہ
محصول یعنی قیمت مقرر تہی اور کان مالگین پر بارہ بیل کے بار ایک روپیہ پر اور تین بار شتر فی روپیہ معین تہے
اوس عہد مین اور کوی کان نمک نہین تہی جو نرہ پر صرف فی گہر پانچہ روپیہ بوبا کی طور لیا جاتا تہا اور
ہیدا اور معاف تہی ملک اکوڑ نے رستہ مین ایک سرای بنام خود آباد کی جسکو اکوڑا کہتی مین اس شخص
تعصب مذہبی بہت تہا اہل ہنود خصوص جوگیون کا جانی دشمن تہا چنانچہ اوسکی جوگی کشی اسقدر مشہور ہوی
کہ جب بمقام اٹک اکبر بادشاہ کی دربار مین باریاب ہوا تو بادشاہ نے اوس سی دریافت فرمایا کہ تمنی کسقدر
جوگی مارے ہونگی ملک اکوڑ نے جواب مین عرض کیا کہ مجکو اور کچہہ شمار یاد نہین ایک مُندرہ کان ہر ایک
جوگی مقتول کا صبوح گلے مین رکہتا رہا کہ اونسی کئی مٹکے بہر مین خدا جانی ایسی سنگدل محافظ سی راستے
کسقدر حفاظت ہوی ہوگی الغرض ملک اکوڑ نے اکبر شاہی نوکر ہونیکے بعد اکتالیس[۴۱] برس حکومت کری
آخر شاخ بولاق کی لوگون نے بمقام پیر سباک درمیان اکوڑا و نوشہرہ ملک اکوڑ کو مار دیا بعد اکوڑ کے
یحیی خان بڑا بیٹا اوسکا رئیس اپنی قوم کا ہوا جسکی وقت مین قوم یوسف زئی منڈر اور خٹکون کی باہم
خوب دشمنی چلی آٹھہ برس حکومت کرکے یحیی خان معہ اپنی فرزند عالم خان کے مارا گیا اب بیٹا اسکا
شہباز خان جانشین ہوا یہہ رئیس بڑا عقلمند تہا چاہئی کہ دانائی کے ساتھہ انصاف بہی ہو سو وہ کہان
ہوا افغانی کی تہوڑی امور پر اس نی کتنی ہی بندگان خدا بیگناہ اپنی قوم اور یوسف زئیونکی بیفائدہ
لڑائیون مین مروا دئی آخر کو نتیجہ یہہ ہوا کہ اکتیس[۳۱] برس کے بعد سر پہ لگہی سی علاقہ یوسف زئی کمال زئی
مین جہان غارت گرون کی تعاقب مین گیا تہا مارا گیا بعد شہباز خان کے خوشحال خان بیٹا اوسکا شاہ
جہان بادشاہ کے حکم سی قوم خٹک کا رئیس ہوا بادشاہ کی حکم سے خوشحال خان نی اپنی قوم کی فوج ہمراہ
لیکر علاقہ اجمیر مین بوقت یورش قلعہ تاراگدہ جسمین ایک باغی راجہ تہا بہت نمایان خدمت کرکے
جب بعد فتح قلعہ لاہور مین واپس آکر باریاب ہوا تو شاہجہان نی چار لاکہہ روپیہ نقد عطا کیا اور ڈیڑہ
لاکہہ سالیانہ کی جاگیر اس شرط سی مقرر کی کہ پانسو سوار اور ایکہزار پیدل سپاہ واسطے خدمات شاہی بر
آمدن سی نوکر رکہہ کر حاضر باش رہا کرے پچاس برس تک خوشحال خان کی تحت مین خٹک رہے
اس عرصہ مین یوسف زئی اور منڈر کے ساتھہ کئی لڑائی ہوئین چند بار غالب اور مغلوب ہوتا
الا ہوشیاری کی سبب خلاف مرضی شاہجہان کے امورات خطیر مین دخل نہین دیتا تہا گرچہ منڈر ا

قریب سو میل کے طویل ہوگا اور اوسط عرض غرباً و شرقاً تخمیناً چالیس میل ہوگا انکی حد اکثر مشرق کی طرف دریای
سندھ ہی مگر اونکی ایک شاخ ساغری شہر مکہنڈ ضلع راولپنڈی اور اوس سی جنوب ماڑی تک بکنارہ شرقی
دریای سندھ بھی قابض ہوگئی ہی مگر سوای شہر مکہنڈ و نواح اوسکی باقی شرقی کنارہ والی خٹک مغلوب ہین
ملک خٹک کی مغربی حد قوم آفریدی اور بنگش وغیرہ سی ملتی ہی اور جنوب ضلع بنون کی اقوام ہین جنوبی
حصہ ملک خٹک مین سخت پہاڑ ہین سب ملک خٹک سرکار انگریزی کا رعیت ہی علاقہ خٹک جسکا اوپر
بیان ہوا اور جو دریای کابل معروف لنڈہ سی جنوب کو ہی اوسکی سوای علاقہ یوسف زی مین تخمیناً چودہ
ہزار روح قوم خٹک کا متفرق آباد ہی*

## حال ترقی مراتب رئیس خٹکان

جیساکہ سب اس قسم کی قومون مین دستور ہی کہ ہر ایک شاخ مین ایک یا چند شخص ملک کی خطاب سے نامزد
ہوتی ہین ویسی ہی ملک اس قوم کی بہی تہی اپنی شاخ کے مرد مانکی سرگروہی مین لوٹ مار اور رہزنی کا شغل
رکہتی تہی ازان جملہ درویش محمد معروف چنجو شاخ حسن خیل بعہد سلطنت اکبر بادشاہ کی اپنی کام مین مشہور
ولاور تہا اوسکا بلیا ملک اکوڑ بہی اوس سی کم نہین تہا پشاور اور لاہور کا شارع عام دریای سندھ سے
مغربی جانب نوشہرہ تک مسافرون پر اونکی قوم کے اعمال نے وبال بنا رکہا تہا خود ملک اکوڑ اٹک سے
چہہ میل مغرب ایک پہاڑ پر قرار گزین تہا اور درہ گیدڑ گلی سی نوشہرہ تک مسافر اونکا شکار سمجہا جاتا تہا -
جب اکبر بادشاہ ہندوستان سی کابل کو آیا اور قلعہ اٹک کی بنیاد رکہی اوس سال اکبر نے واسطی انتظام
شاہراہ عام و انسداد رہزنی اشتہار جاری کیا اور زمینداران معتبر نواح کو طلب کرکے ملک اکوڑ کو خدمت
نگہبانی شاہراہ تفویض فرمای اور اسکی عوض مین خیرآباد سی نوشہرہ تک اور تبہی سے موسودرہ تک دربار
شاہی سی اکوڑ کو جاگیر عطا ہوی نرتو زئی اور سبین خاک بہی اوسکو دیا گیا اور نیز کچہہ حق اوسکا بابت سیر سرکاری
گذر اکوڑا پر مقرر ہوا اوس وقت سی ملک اکوڑ معاملہ لینی لگا بولاق کی شاخ کی لوگونسی جو تہا حصہ پیداوار
زرعی سی اور دو روپیہ فی قلبہ لیتا تہا اور عہ سالانہ جلکوتہ فی چاہ وصول کرتا تہا اگر چاہ خود لگا دیوے
تو عہ لیوی خیرآباد سی نوشہرہ تک شاخ تری کی لوگ آباد تہی اون سی دسوان حصہ پیداوار اور
نرلی اور عہ روپیہ فی بخرہ زمین محصول لیتا تہا اور نیل غاشہ سی خورم اور سینی تک دو روپیہ فی گہر بوہا
لیا جاتا تہا اور علاقہ خٹک کے نمک سنگ کا یہہ بندوبست کیا کہ جتا کی کان پر قوم خٹک کے واسطی نو بیل کے

ٹرا انسکا حصی قرعہ اندازی کر روسی ایک ایک عورت انمین سی ہر ایک لیلیون لقمان سب مین ٹرا تہا اوسنی کہا کہ یہی انمین سے
ایک لیلیون باقیماندہ مین بر تم قرعہ اندازی کر لینا اسی خیال سی لقمان نی اُن چار عورات سی ایک عورت بدون دیکہنی چہرہ اسکی صرف آرائش
پوشاک دیکہکر اپنی نام پر کرلی اور باقیماندون نی قرعہ اندازی کی روئی سی ایک ایک عورت لیلی جب اُنکو دیکہا تو لقمان
بیچارہ کے حصہ مین ایک سیاہ فام آفت ناگہانی آگئی تہی مگر ننگ کے مارے بدین سبب کہ اوسپر اوسکا نام لگگیا تہا لاچار قبول کرنی
پڑی جب باقی بہائیونکو لقمان کا یہہ حال معلوم ہوا تو ہنسی مین بزبان پشتو کہا کہ لقمان پہ خٹ لاڑ یعنی لقمان
مٹی مین ہنس گیا پشتو نونمین یہہ مثل مشہور ہی کہ جب کوئی شخص کسی کام سی درماندہ ہو جاوی تو اوسکو پشتو مین کہتی ہین پہ خٹ لاڑ
اسی سبب سے لقمان نی خٹک کے نام سے شہرت پائی کہ سب اوسکی نسل اوسی نام سے مشہور ہے خٹک کو اسی عورت سے جسکا نام سیا کہ تہا دو فرزند
پیدا ہوے ایک کا تُرمان دوسرا بولاق کل قوم خٹک انہین دو بہائیونکی اولاد ہی کہ ہر ایک کا شاخوار شجرہ سی حال معلوم ہوگا تُرمانکی اولاد
بنسبت بولاق کے بہت زیادہ ہی تُرمانکی و بسبب وفور جیسا کہ کرسی نامہ مین لکہا ہی تری بہت لایق تہا جسکی حالت اولاد تُرمانکی
تری کی نام پر مشہور ہی **ذکر واقعات ماضیہ جسطرح سی کہ ملک مقبوضہ حال پر قابض ہوئی مین**
مین قوم خٹک کوہ شوال مین آباد تہی یہہ پہاڑ کوہ سلیمان کی ایک شاخ مغربی جانب ہی اور فی الحال اسپر قوم وزیری قابض مین
جگہ سی عرصہ تخمیناً چہہ سو برس کا ہوا کہ ہمراہی قوم منگل و ہنی بنونکی علاقہ مین داخل ہوئی زمین وسیبان موسوم سدراون
فی الحال قوم بنرن خیل وسینزگے وزیران احمد زئی رتی مین اوس وقت اسموقعہ پر خٹک آباد ہوئی جبکہ قوم ہنی ومنگل کو
زاسطرح جیسا کہ تاریخ بنون مین لکہا گیا ہی بنونکی علاقہ سی بیدخل کیا تب خٹکونسی بنوچیونکی عداوت شروع ہوئی اسواسطی زمین
کو چہوڑکر جانب کوہ شمالی شرقی جو المعروف کوہ خٹکان ہے چلی گئی گر بوغہ و تیری و چہ تره ولاچی و شکر درہ بنادہ پایہ
سند قابض ہوگئی اور چونکہ یہہ پہاڑ اوس وقت اکثر غیر آباد تہا بدون مقابلہ اونکا ہاتہ آیا اوس عہد مین نیشی سی لیکر کوہاٹ تک
اورکزئی آباد تہی مغربی جانب سی بر آ گرم قوم بنگش خانہ کوچ آئی تہی اونسی اورکزیون کی لڑائی ہوئی خٹک
جنکی پہلی سے اورکزئی کی ساتہہ کچہہ پرخاش تہی موقع پاکر اونہین بنگش کی اعانت کری اور کزیونسی کوہاٹ بنگشوں
اور ریسی و ہنیالہ زیرہ توڑہ خیرہ تک خٹکونکی قبضہ مین آگئی بنگش اور خٹک کی باہم ایک پہاڑ درمیان گدا خیل وال
مقرر ہوگئی اب تک وہی حد ہی بعد اسکی جیسا کہ خٹک کی قوم مین زیادتی ہوتی گئی ویسا ہی بنا قبضہ تدریجاً بڑہاتی
ادہ سلسلہ وسیع ملک پر قابض ہوگئی جو فی الحال اونکی تصرف مین علاقہ یوسفزئی واقعہ پشاور دریا کابل معروف
کی شمالی کنارہ سی لیکر کالاباغ اور عیسی خیل اور مروت اور وزیری ضلع بنونکی حد تک پائی سند کی مغربی کنارہ
خٹک کا ملک کج گردی کی ساتہہ شمالاً و جنوباً طویل ہے کابل کے دریا سے نمک کے پہاڑ کے جنوب

## شجرہ نسب بولاق پسر دویمی خٹک

زوجۂ اول — ساغری، ندرک

زوجۂ دوم — مروزی

تکوری، بنگی خیل، ترہ، گلی، روزی، شان

ترکہ، مروج خیل، اپی خیل، محموتی، خواجہ خیل، عطا، اتچہ خیل، غور خیل، مامون خیل

بابر، شمون خیل، شوہی خیل، ہیبت خیل، جونو، سوہ خیل، پنبی، دلو

بازید خیل، ممرکی، ترکی، مہرگل خیل، گورب خیل، ورلک، مندی، موسنک، خورم

ولنحان خیل، ملحان خیل، مجحوم خیل، دریا خیل، جمالی، جلدین خیل، مانگی خیل، کتی خیل، سکو خیل

مریم خیل، عالمشاہ خیل، والادریخیل، سدو خیل، کریدادخیل، خارک، میرزا خیل، چوہری خیل

عمری خیل، زرخیل، ہبارخیل

## یادداشت متعلق شجرہ خٹک

واضح رہے کہ قوم مغلکے و سینی اور وریا خیل و خلوزی اصل میں خٹک نہیں ہیں بہت عرصہ ہوا کہ اونکے مورث قوم خٹک میں آکے آباد ہوے اور خٹکوں سے شادی کرکے رفتہ رفتہ ایسے مخلوط ہو گئے کہ اب انکو بھی خٹک کہتے ہیں پس قوم مغلکے کسی مغلکی نسل سے ہیں جسنے خٹکوں سے شادی کری تھی اوسکی اولاد معروف بہ مغلکی ہوئے اور قوم سینی بھی خٹک نہیں ہیں شین نام ایک شخص جو قوم لاراک سے تھا کسی خٹک کے گھر شادی کرکے سسرال میں آیا اوسکی اولاد مشہور بہ سینی ہے اور یہہ ہر دو قومیں بطور وصلی قوم بولاک خٹک کے اوس میں شامل ہیں قوم اوریا خیل کا یہہ حال ہے کہ ایک بیوہ عورت جسکے مسمی ہمندی نے نکاح کیا اپنے پہلے شوہر کا پسر مسمی اوریا ہمراہ لائی ہمندی نے بلحاظ اس عورت کے اوریا کو بھی حصہ میں شامل کیا اور اسنے کسی خٹک کی دختر سے شادی کری جسکی نسل کو اوریا خیل کہتے ہیں اور قوم خلوزی مسمی شیدہ پسر یعقوب قوم خلیل کی اولاد سے ہے زمیندکور نے زمانہ ماضیہ میں مسمی علیخان خٹک کی دختر سے شادی کرکے خٹکوں کے ملک میں سکونت اختیار کری اوسکی نسل بنام زوجہ اش خلوزی مشہور ہوے اور ڈنگرزئی بھی مصلی ہیں یہہ سب وصلی قومیں داخل ولس میں ہیں برابر حصہ پاتی ہیں اور خٹک کہلاتی ہیں * حال قوم خٹک کا مورث اعلی اس قوم کا مسمی لقمان ہوتا کر رانکا تھی باعث تبدیل اسم لقمان بہ خٹک کے نام پر یہہ بیان کیا جاتا ہے کہ لقمان مذکور ایکدن مع اپنے برادران مسمیان عثمان و اتمان و جدران صحرا میں شکار یا کسی اور کام کی واسطے جاتے تھے اتفاقاً چار عورتیں کہ جنکی پوشاک سے اونکی ناکدخدائی کی علامت ظاہر تھی اوسیطرف آتی ہوئی دیکھیں اونہوں نے آپسمیں صلاح کری کہ یہہ

شجرہ نسب آکوخیل ابن کوبط
ابن ترے
مہندی
بلی خیل
سوربائل
مما خیل
ہوتی
حینی
فتح خیل
کیم خیل
منبری
شیخ علی
الک خیل
عیسی
یاسین خیل
بلی خیل
بسم خیل
محمود خیل
حسن خیل
انمان خیل
کریم خیل
وربی خیل
بارک خیل
مسد
چنجو
ناصر
شاہد
ملی خیل
احمد خیل
سعادت خان
خوشحال خان
جعفر خان
شہباز خان
یحیی خان
شہباز خان
ملک کور خیل
میرداد خیل
مزی
محمود بی
جمال خان
خوشحال خان
عبدالقادر خان
ناصر علی خان
ارسلا خان
خوشحال خان
خواجہ محمد خان
سعد خان
کاظم خان
صفعلی خان
شجرہ نسب
ترے
ابن توبان
اسپوری
نبیرہ خٹک
یوسف خیل
اسندی
بہرام
خواجہ خیل
نصرتی
اودلی
لگارہی
میال
وال خیل
کستہ خیل
میرسی خیل
نکلدین خیل
حرخی خیل
علیخان خیل
عالم خیل
لنکر خیل
بوبکر خیل
علی خیل
اسرخیل
سندر خیل
وزیر خیل
میرگل خیل
الہداد خیل
اشرف خیل
داود خیل
شفن خیل

شجرہ مسمی لقمان معروف خٹک ابن برہان نبیرہ کرڑان
ترے
ترکے
بولاق
بوران
برکوبیط
اسیہ
عوے
ترکے
ماشے
خواجہ
اسمعیل خیل
سیرتی خیل
اکوزئی خیل
زخشر
امن زئی
کل زئی
بارک
ببر
یاسین خیل
ادریس خیل
خورم
ورتڑ
کوڈی خیل
بلتی خیل
سرتی خیل
اسمعیل
منذہ
درشے
سندکے
اکو
ترے
ماکی خیل
جند خیل
ماشی خیل
عرے
ترکے
بیان خیل
عیسک
میتے
خوشحال خیل
مغل خیل
میراتان خیل
شیخ ماسل
مینا خیل
بابنی خیل
سیندان خیل
مشر
مرا خیل
کمی خیل
دیل خیل
ککبیر خیل
میرباز خیل
خزین خیل
کمی خیل
عزیز خیل
کابل خیل
النہان خیل
الف خیل
شخل خیل
بہرام خیل
شخاوت
شوسئے

اور تفنگچہ بہی ایک دو رکہتی ہین تلوار خصوص چہورہ تیراہ کا برش ہین مشہور ہی بعض آفریدی بہت اچہے
نشانہ باز ہین لوگ کہتے ہین کہ تعداد بندوقون کی قریب کل اسلحہ بند مردمان کی پوری ہی باہم قوم کی دو گونڈی
ہین ایک سمل دوسر اگاڑہی ملک دین خیل زخہ خیل اکاخیل سہ پای قمری گوندی سمل مین شمار ہوتی ہین
اور قہمبر خیل کوکی خیل گوندی گاڑہ مین داخل ہین اور آدم خیل درمیانہ گذران کرتے ہین کبہی سمل کے
ساتہی اور کبہی گاڑے شامل ہوجاتے ہین الا بلالحاظ گوندی بعض وقت نیچی کی شاخون ہین بہی خانگی
فساد ہوپڑتا ہے گرچہ کشت خون اور دشمنی آپسمین بہت ہی الا خطرہ دشمن بیرونی کی وقت آپسمین
متفق ہوجاتی ہین مگر شاخ آدم خیل کی عداوت اولاخیل اور اکاخیل کے مزرعہ دل ہین بوی ہوئی ہے
جب قوم کو کوی مشکل وقت پیش آتا ہے تو ہر ایک شاخ کی ملک یکجا جمع ہوکر مشورہ کرتے ہین اوس
مشورہ مین جو تجویز ٹہری اوسکی تعمیل اپنی اپنی ملک کی سرکردگی مین ہر ایک شاخ کرتی ہی فی الحال ملک دین
خیل ہین مدت خان ولد خان بہادر جسکا بیٹا اعظم خان ہی اور قمر خیل مین محمد غوث ولد شیر محمد خان اور
کوکی خیل مین عبداللہ نور اور زخہ خیل مین بوستان وفیروز ولد الہ داد اور اکاخیل مین سلطان محمد اور
سہ پای اور قمری کا سراج الدین اور شاخ آدم خیل مین سمیان عادل و جنگو و شاہو لی و بابری
و پائندہ خان ملک ہین قوم آفریدی مین گائی بہت ہین اور گہوڑے بہی رکہتی ہین قاطر اونکی ملک کی
اچہی ہوتی ہے اور بہت پالتی ہین رمہ گوسفندان اور بکری کی گرچہ ہین مگر بہت کثرت سی نہین آدم خیل
شتر بہی رکہتی ہین جنپر نمک وغیرہ کا بیوپار ہوتا ہے قوم آفریدی سی اچہی سپاہی پیدا ہوتی ہین او
نوخیز جوانون کو سرکار انگریزی کے پیدل پلٹنون مین بہرتی ہونی کی شوق ہے چنانچہ حال ہین متفرق
جگہہ قریب دو ہزار اس قوم کے لوگ سرکاری فوج مین نوکر ہونگی اس قوم سی گروہ کثیر جسکی تعداد فی الحال
ایکہزار گہر سی زیادہ بتلاتی ہین ملک کہن ہندوستان مین آباد ہی اور کچہہ پانی پت مین بہی بستی جاتی
ہین اور لودیانہ کے ضلع مین بہی چند گہر ہین ہندوستان مین انکو جہانگیر بادشاہ بسبب مفسدہ پردازی
اور شمولیت اولاد پیر تاریک لیگیا تہا اور کہن اور پانی پت مین متفرق آباد کئی اوس وقت رستم خان
آفریدی مشہور تہا جسکا خاندان پانی پت کو بہیجا گیا چند گہر کشمیر مین بہی ہین اور ٹونک مین بہی کچہہ ہین
اور بیس گہر آفریدیون کی مسعود وزیری کی ملک ہین آباد ہین جنہین سی چار گہر خاص کانی گرم مین رہتی
ہین ✤

آباد ہین زخہ خیل تین ہزار میدان تیراہ مین سکونت پذیر ہین اکاخیل ڈران مین اور ستہ پاہی بارہ مین۔
نری منفرق پہاڑ مین تین ہزار آدم خیل چار ہزار جو کوہاٹ سی شمال درہ مین اور پہاڑ جو مشرق کو خٹک کی
حد سی جا ملتا ہے اوسکے جنوب اور شمال دونو طرف آباد ہے فی الحال یہہ شمار درست نہین آتا ہر ایک بڑی
شاخ کی تعداد کی تفاوت کی ساتہہ ایسا پایا جاتا ہے کہ علی العموم بہ نسبت اوس شمار کی تعداد مین ترقی ہے
اگرچہ اصلی پیشہ اس قوم کا زمینداری ہی مگر شغل زراعت کاری اس سبب سی کم ہے کہ جس پہاڑ مین یہہ کثیر
گروہ آباد ہی اوسمین سوای علاقہ میدان تیراہ کی زمینات زرعی بباعث ناہمواری پہاڑ ونکے کم ہین اس
قوم کا گذارہ سوای زمینداری کی لوٹ کہسوٹ راہزنی اور سرقہ اور ہیمہ سوختنی اور نمک اور کاہ فروشی
پر ہی اپنی پہاڑون کی دامن سے خشک لکڑی اور کہاس بیلون و گدہون پر لادکر اکثر پشاور کی بازار مین
جا فروخت کرتے ہین پشاور مین لکڑ منڈی کی اندر جدہر دیکہو آفریدیون کی بیل اور شتر لدی ہوی نظر
آوینگی اور اسی طرح نمک بنر ضلع کوہاٹ کی ڈرنگ یعنی نمکسار سی لیجاکر فروخت کرتے ہین خصوص آدم خیل
نمک کا بیوپار زیادہ کرتے ہین اس قوم کی آوارہ لوگون مین عادات چوری و غارتگری دل نشین ہین
خصوص قوم زخہ خیل اور کوکی خیل اپنی عادت مین زیادہ مشہور ہین پشاور سی کابل کو خیبر کے راستے
مسافرون کی گذرگاہ ہین انہون نی پر خطر کر رکہی ہین امیر کابل سی جو روپیہ واسطی کہلا رکہنی راستہ خیبر کے
انکو ملتا ہے اوس سی بہی کچہہ فایدہ حاصل نہین ہوتا کیونکہ اکثر وہ روپیہ ملک اور معتبر و دعوی دار شخص
کہا جاتی ہین اور اونکی قوم بدستور مسافرکی گہات مین رہتی ہی اگر بموجب حصہ رسد کسیکو پہونچی تاہم اسپر
صبر نہین کرتے مین کوہاٹ سی پشاور کو جو راستہ درہ مقبوضہ آدم خیل سی جاتا ہی اوسمین بہی انکی بدعت نر
ہو سکتی ہے اور بعض وقت اونکی فسادسی باوجود ملنی مواجب یعنی انعام بصلہ کہلا رکہنی درہ کے راستہ بند ہوجاتا
ہے اس سی یہہ بہتر ہوگا کہ ایک سیدہی سڑک کوہاٹ سرکاری علاقہ کے اندر اٹک کو نکال دی جاوے
انکی خوراک مین گندم چاول اور مکی اور جو اکثر کام آتی ہین پوشاک مین موٹا کرپاس یا اون سفید کا لبادہ
قمیص اکثر پہنتی ہین واسطے رفع ضروریات خوراک و پوشاک انکو آمد رفت علاقہ پشاور لابدًا مطلوب ہے
اور اونکی بدعتون کے روک اور معاوضہ لینی کے واسطی یہہ ایک عمدہ سبب ہی مرد اس قوم کی لاغر اندام
مگر مضبوط محنت کش اور اکثر پورہ قد ہوتی ہین اسلحہ تلوار اور سلاوہ یعنی چہورہ و ڈہال تشمہ باف
ہر ایک جوان آدمی اپنی گہرون مین رکہتا ہے بندوق انکی چقماق اکثر رفدار جنکی زد دور تک ہوتی ہے

# حال قوم آفریدی

اس قوم کا مورث اعلی مسمی عثمان تہا وجہ تسمیہ آفریدی کی یہہ ہی کہ ایک روز چند مہمان مفلس اور درماندہ اوسکے
گہر آئی موسم سرما تہا سردی کی سبب سی ایک دوسری کی متصل ہو بیٹہی جب عثمان اوپر سی آیا تو اونہون نی
پوچہا کہ یہہ کون ہے تب اونہی بزبان پشتو یہہ جواب دیا کہ دا ہم آفریدہ دخدائی دے یعنی یہہ بہی آفریدہ
بمعنی پیدا کیا ہوا خدا کا ہے اوس روز سی بنام آفریدہ نام زد ہو کر کثرت استعمال سی آفریدی مشہور ہوا
اوسکی اولاد کو مجمعًا آفریدی کہتی ہین جسقدر مشہور شاخین اس قوم کی ہین اونکی نام شجرہ نسب سی ملین گے
سب سی زیادہ تعداد مین مسمی اولا کی اولاد اولا خیل ہی اوسمین سی فیروز خیل اور اونسی میر احمد خیل زیادہ
ہین یہہ قوم بڑی جنگجو اور راہزن ہی اور پہاڑ دشوار گذار کی سکونت کی سبب سی اونکو اپنی آزادی کا
غرور ہی اس قوم کی بڑے ملجاء علاقہ تیراہ ہی گرچہ تیراہ کی متعلق بہت سا ملک کوہی ہی مگر یہ اچہا موقع پہاڑ کے
اوپر ایک ٹکڑہ میدان کا خوش ہوا اور سرد جگہہ ہی پہلے تیراہ پر دیگر قومین قابض تہین آفریدیون نے
بزور شمشیر اونسی لیلیا اصلی تیراہی جو کچہہ باقی رہ گئی تہے وہ تیراہ سی مغرب ننگرہار کی طرف چلی گئے اور جہانگیر
کی دور سلطنت مین مسمی احداد نبیرہ پیر روشن معروف پیر تاریک جسکا قصہ اورکزئی کی حال مین لکہا گیا ہے
آفریدیونکا پیر ہوا اوسکی چالاکی اور اعانت سی آفریدیون نی تیراہ سی اتمان خیلونکو بیدخل کرکے اوراورکزیون سی بہی لڑائی کرکے شمالی حصہ تیراہ پر اپنی قبضہ کو پہلایا یہہ جرار قوم مشرقًا حد خٹکان متصل زیارت
کاکا صاحب سی لیکر مغربًا کوہ راجگل اور علاقہ خیبر مین حدود ننگرہار تک پہاڑی ملک کے اوس حصہ پر جو
ضلع پشاور کی حدود سی جانب جنوب و غرب پیوست ہی قابض ہین اور انسی جنوب قوم اورکزئی اور
بنگش اور کوہ سفید مین چمکنی اور مغرب مین سنگو خیل شینواری اور شمال کیطرف مہمند انکی ہمسایہ ہین
ان قومونسی فی الحال کچہہ سخت لڑائی جہگڑا نہین ہی مگر اورکزئی سی پورانی عناد کی سواء سمل اور
گاڑے ہر دو گندی کی سلسلہ کی لحاظ سی اور نیز شیعہ اور سنی مذہبی تکرار سی فساد رہتا ہی اور سنگو خیل
شینواری کی ساتہہ بہی کوکی خیل آفریدیون کی کشت خون ہو جایا کرتی ہی آفریدی سب سنی مذہب
مسلمان ہین کل تعداد قوم کی اسلحہ بند مردان کی بموجب شمار احمد شاہ ابدالی اوتیس ہزار حسب تفصیل
ذیل تہی ملک دین خیل معہ شاخہا ملحقہ تین ہزار جو علاقہ میدان تیراہ مین آباد ہین قنبر خیل پنج ہزار اینضا
تین ہزار وہ بہی میدان تیراہ مین رہتی ہین کوکی خیل حسب صدر تین ہزار جو راجگل اور نواح خیبر مین

شجرہ نسب
قوم آفریدی
ناپے
عثمان
معروف آفریدی
اسکی اولاد بہت تھوڑی بنگش میں ہے
زوجہ اول مسمات ترے
زوجہ دویم مسماۃ فاطمہ
زوجہ سوم مسماۃ زینبہ
پیتا خیل
آدم خیل
اولا خیل
اکا خیل
سپری خیل
زوجہ اول مسمات خنوٹے
زوجہ دوم مسمات عائشہ
زوجہ اول مسمات بیبو
زوجہ دوم مسمات زرخہ
بسی خیل
مدا خیل
کمال خیل
سلطان خیل
کالا خیل
محمدے
علی خیل
فیروز خیل
سہ پائے
رحمداد خیل
گرگرے
شیر خیل
کٹ
سپری خیل
حسن خیل
زوکی
گگی
ابابکر
للدے
ہرمز
شان خیل
بوڈی خیل
نصرالدین
استو خیل
یاغی
ایل خیل
قمرے
بنجی
ضیاء الدین
اناٹے
بانڈے
خسرو گے
نظر خیل
میر احمد خیل
کوکی خیل
ملک دین خیل
محمود خیل
قنبر خیل
کرمنا خیل
پیتا خان
اسکندر خیل
حسن خیل
سیری خیل
یار محمد خیل
بہرامی
الٰہی خیل
باری خیل
مدر خیل
کیمے خیل
عثمان خیل
گلاب خان
میرزا بیگ خیل
زونہ خیل
تور خیل
ہارون خیل
مدو خیل
والی خیل
کوڈی خیل
بی بی خیل
دولت خیل
یاران خیل
میران خیل
قائم خیل
سلیمان خیل
علی خیل
شاہی خیل
جنڈہ خیل
نصر خیل
جعفر خیل
عمر خیل
سالم خیل
اسمعیل خیل

کپڑا اور خوراک مین گندم و جو بہت مستعمل ہے پیشہ مال چرائی زیادہ اور زراعت کاری کم ہی یہہ فرقہ زیادہ جنگجو نہین ہی تعداد اسکی تخمیناً کل ذی روح بارہ ہزار ہشتہو ہے آپہمین پرخاش بہت کم ہی حملہ ایک گوندی ہین اون اور مویشی فروشی پر انکا زیادہ گذارہ ہی علاقہ خوست اور زرمد سی غلہ خرید کر لاتی ہین جاہل اور کم آزار مخلوق ہی بلہ اور شہتیر اپنی پہاڑون سی لاکر خوست مین فروخت کرتے ہین ایک ثقہ شخص اس قوم کی ایک عجیب رسم بیان کرتا ہی کہ جب کسیکے گھر فرزند نرینہ پیدا ہو تو اوسکا نام اگر کوئی مہمان اوس گانو مین اوس روز آوی تو اوس مہمان کی نام پر رکھتی ہین یا کسی بڑی امر کی اسم پر جو اوس روز واقع ہوا ہو *

## قوم مقبل

قوم منگل سی شمال اور قوم جاجی سی غرب دشوار گذار پہاڑ مین ایک چھوٹی قوم موسوم مقبل رہتی ہی گر اوسکا حال زیادہ نہین ملسکا اور علاقہ خوست مین بھی بمقام لکن بطور ہمسایہ چند گھر رہتی ہین سادہ لوح اور کم آزار لوگ سنے جاتے ہین *

شجرہ نسب کگے پسر دوہمی کرڑان

[۱] برہان — [۲] خوگیانی — [۳] سلیمان — [۴] شینک — ہرسہ کی اولاد کا حال آئندہ آویگا

[۱] عثمان معروف آفریدی — [۲] لقمان معروف ختک — [۳] جدران — [۴] اتمان خیل — باقیماندہ ہرسہ کا حال آویگا

صفحہ آئندہ پر دیکھو

جو در اصل ورک زئی نہین ہین مگر اونکی ملحق گنی جاتی ہین جیسا کہ قوم علی خیل کی پانچ شاخین حسب ذیل
برہیم خیل سوکرٹی آختان تسورا گندہ تلی اور قوم مشتیتے جسمین سی ماماز ئی حیدر خیل اوتی خیل ہین اور
اور شیخان جسکی دو شاخ ہین مرزا خیل رنگین خیل اور عزیز خیل فتو خیل جو اوپر سی ملا خیل ہین اور ہر
ایک شاخ کلان مین چند چند ملک ہین حال مین سید محمود سکنہ تیراہ کی اکثر آدمی اس قوم کی خصوصاً
شاخ محمد خیل بہت معتقد ہی اس سبب سی شیعہ مذہبی پہیلتے جاتے ہے اس قوم کے چارون طرف
مخالف قومین آباد ہین اسلحہ بندوق قریب کل کے ہر مرد آدمی کے پاس ہوتی ہے تلوار اور چہوٹا
کلان ساخت تیراہ سی کوئی بالغ مرد خالی نہین ہوگا اور اکثر تفنگچہ اور بعض پیش قبض بہی رکہتی ہین
اورک زئی جنگجو اور سپاہی قوم ہے انکے دیسی بندوقونکی زد سوائی جزایلونکی دور نہین ہی مگر اچہے
لوگ نشانہ باز اچہی ہین آدمی پورا قد اور متوسط اندام مگر محنتی ہوتی ہین زیادہ تر پیشہ زراعت کا ہے
اور قلیل مالداری گلہ بانی کار کہتی ہین اونکا مزروعہ رقبہ اکثر بارانی ہی مگر ایسا عمدہ کہ بہت جگہ دو فصلی
زمین ہی مکی و گندم و جو غاون ہین زیادہ پیدا ہوتی ہین شلغم اور کدو اس کثرت سی ہوتی ہین کہ اونکو
خشک کرکے دوسری فصل تک کہاتی ہین اور دال ہر قسم کی ہوتی ہی اونمین سی گوزخی بہت ہوتی ہین
انکے اپنی ملک کی پیداوار خوراک کی واسطی سالانہ مکتفی ہوتی ہے مگر پوشاک کے واسطی خرید کرنا اس کی
ضرورت ہوتی ہی کوہاٹ اور پشاور اور خوست سی پارچہ سفید و سوسی کا خریدا جاتا ہی ایام تنگی و قحط میز
بشرط کمی پیداوار غلہ معمولے علاقہ بنگش و کرم و خوست سی غلہ خرید کر لیتی ہین علما لوگ کا اختیار بہت ہی
جو تنازعات باہمین قوم خفیف ہون وہ عالم یا ملک دیہہ فیصلہ کرتا ہے خانگی دشمنی بہت ہی اور اکثر
دو گندیون کی باہم کشت و خون رہتی ہی قدر مند مہمان کی ضیافت بڑی تپاک سی کیجاتی ہے مگر خوراک
کثیف ہی نان مکی اور گوسفند یو لمہ ناقص وضع کرکے آتش پر کباب کردہ کہاتی ہین +

## حال قوم منگل

یہہ قوم تخمینا چہہ سو برس کا عرصہ ہوا کہ بشمولیت قوم ہنی علاقہ بنون مین آباد تہی اوس طریق پر جیسا کہ
قوم شیتک بنوچی کی حالات مین ذکر ہوا ہی جب انکو شیتکون کی غلبہ سی بنون کا علاقہ چہوڑنا
پڑا اب یہہ لوگ ملک خوست و کرم سی جانب مغرب کی پہاڑون مین جاکر آباد ہوئی اور اب تک وہان
آباد ہین قوم جدران جو اونکے جنوبی ہمسایہ ہین انکی پورانی دشمن ہین انکی پوشش مین رسمی اون کا

## حال قوم اورکزئی

اس قوم کی بڑی شاخین پانچ ہین جیسا کہ شجرۂ نسب مین تفصیل ہی اونمین سی چند شعبی نکلتی ہین اکثر آبادی
اس قوم کی پہاڑی ملک مین کچھہ واقع ضلع کوہاٹ اور اکثر اوس ضلع کی حدود سی باہر کوہ سفید کی شرقی
اور تیراسی جنوب کی وادیون مین ہی موسم گرما اور خطرناک اوقات مین تیراہ کا پہاڑ انکی ملجا رہی قوم بنگش سے
پہلے کوہاٹ ملک بہی اورکزئی قابض تہے تخمیناً چارسو برس کا عرصہ ہوا کہ بنگشون نے بعد سخت لڑائیون کے
کوہاٹ ان سی لیلیا مگر پہر بہی بتکرار ملک گیری ان ہر دو اقوام مین بہت کشت خون ہوتی رہی ایسا مشہور
ہی کہ ایک دفعہ ہر دو معاند قومونکی ملکان متصل دُرِ سمند واسطی تجویز صلح کے بطور معرکہ یعنی جرگہ جمع ہوئے
ہر ایک قوم چاہتی تہی کہ اس صلح مین میدان علاقہ جو زرخیز تہا ہمکو ملی اس سبب سی اتفاق صلح نہین
ہوسکتا تھا اور قریب تہا کہ پہر لڑائی ہو اتنی مین ایک سوار دور سی آتا ہوا اوس جرگہ ملکان کو نظر آیا
چونکہ ہر دو قومین لڑائی سی تنگ تہین اس سبب سی اسبات پر اتفاق کیا کہ اس سوار سی جب نزدیک پہنچی
تقسیم ملک باہم قوم بنگش و اورکزئی کا سوال کرین جو اوسنی کہدیا وہی فریقین کو منظور ہی اس قول
پر اتفاق کرکے دعائے خیر اور قسم سی محکم کیا اتنی مین وہ سوار جسکا نام دائی اور قوم کا مطرب تہا نزدیک
پہونچا تب ہر دو جانب وارون نے اوس سی اس معاملہ مین استفسار کیا اوسنے کہوڑے پر سی بزبان پشتو قافیہ
ملا کر یہہ جواب دیا کہ (دَائی خَوْدسیٔ وَائیی. چہ سَمَہ دَ بَنگَشْ غَرْ دَ اَورَکْزَائی) جسکا معنی یہہ ہی کہ دائی تو اس
طرح کہتا ہی کہ میدان بنگش کا اور پہاڑ اورکزئی کا اتنا کہہ کر اور گہوڑا دوڑا کر بہاگ گیا اورکزئی اوسکی
مارنے کے واسطے دوڑے مگر بنگشونکی اعانت سی بچکر نکل گیا کہتی ہین کہ اوس وقت سی اس عجیب تقسیم کے بموجب
عملدرآمد ہی گو اسمین پورا اعتماد نہین کیا قوم اورکزئی کی لڑنے والی آدمیون کی تعداد ۲۶ ہزار
بیان کیجاتی ہی سب شاخونسی دولت زئی اور مسوزئی کی تعداد زیادہ ہی دولت زئی مین سی محمد خیل کی
نسل بڑہ گئی ہے محمد خیل اہل تشیع اور باقی سب قوم سنی مذہب مسلمان ہین سید محمود تیراہ والہ کو شیعہ
لوگ بہت مانتی ہین اسمین قوم کا دلخواہ اتفاق نہین ہی اور دو گوندی مین کل قوم منقسم ہے ایک گوندی
سمل اور دوسری گوندی گاڑی ہین شجرۂ نسب مین ہر ایک شاخ کے نام پر حرف س سی مراد گوندی سمل
اور حرف گ سی گوندی گاڑہ کی مراد لینی چاہئی اس قوم کے نفع نقصان کی شامل چار پانچ قومین اور بہی ہین

قبل از تحریر کرنے شجرہ نسب لگی پسر دویمی کرڑان مختصراً ذکر بعض حالات اولاد کودی کے قوم ہای کلان کا کیا جاتا ہے +

## حال قوم دلازاک

کودی ابن کرڑان کا پہلا بیٹا دلازاک جسکی اولاد نی بہت ترقی پائی اور یہہ قوم بڑی جرار تہی سب افغانون سی پہلے خیبر کے راستی نکلکر بسبب ضعف راجہ لاہور جیسا کہ پہلے حصہ مین ذکر ہوا پشاور پر جو اوس وقت مشہور بشہر بگرام تہا یورش کری اور بزور شمشیر قابض ہوکر اپنی قبضہ کو بہڑاتی رہی تا وقتیکہ دریای سندہ سی مشرق بہی دور تک اونکا قبضہ ہوگیا عہد سلطان محمود غزنوی مین انکا گروہ کثیر بہ سرداری ملک سیحی بوقت یورش سومنات شامل لشکر محمود تہا بعضے کہن سال اس قوم کی اپنی بزرگون سی سینہ بسینہ خبر بیان کرتی ہین کہ ابتدا مین جب قوم دلازاک حصہ مشرقی افغانستان مین داخل ہوی تو اونسی پہلے سرخ کافر ضلع پشاور اور کنارہ غربی و شرقی دریای سندہ پر آباد تہی قیاس کہتا ہی کہ وہ لوگ جنکو یہہ سرخ کافر کہتے ہین قوم گریک اور بکٹرین کی نسل سی ہونگی اور ابتدا مین ریگان اور اصل سواتہیون کی مورث ہین انہی ملک حدود ضلع پشاور اور راولپنڈی مین جلال آباد تک آباد تہی جنکو دلازاکون نی بتدریج دامن کوہ ہای سوات اور بنہیر کیطرف ہٹا یا اور اپنی قبضہ کو پہلایا الغرض اس قوم کی عہد حکومت مرزا الغ بیگ تک بڑی مشہوری رہی الا جب وہ اپنی جمعیت کی زور بازو پر نخوت کی راہ سی نازان ہونی لگی تب گردش زمانہ نے اونکی غرور کو اسطرح معذور کیا کہ اول قوم خلیل و مہمند سی جو کابل کی طرف سی پشاور کو آتی تہے ہزیمت کہا کر پشاور چہوڑنا پڑا اور ثانیاً اوس صراحت سی جیسا کہ دوسری باب مین لکہا گیا یوسفزی وغیرہ اقوام مشتملہ سی شکست فاحش کہا کر علاقہ چھچہ و ضلع ہزارہ مین دریای سندہ سی عبور کرکے داخل ہوی اور وہان اپنی پہلے عادات لوٹ مار کے شروع کرین اس فتنہ اندازی کی سبب سے جہانگیر بادشاہ نی جسکے عہد سلطنت مین یہہ فسادانگیز تہے وہ تباہی اونپر ڈالی کہ جو گذشتہ حادثات سی بہی بدتر تہے جو بچ رہی اون مین سی اکثرون کو مع عیال و اطفال ملک دکہن مین بہیجکر متفرق آباد کیا جہان اب بہی بہت دلازاک ہین اور کچہہ ضلع ہزارہ مین رہگئی اونکی اپنی تکبر اور بغاوت نی یہہ نتیجہ پیدا کیا کہ اتنی کثیر قوم سی زمانہ حال مین چند متعدد گہر ضلع ہزارہ مین اور کوئی کوئی خال خال گہر علاقہ چھچہ مین اور کچہہ ضلع پشاور مین باقی ہین گویا افغانستان مین اس قوم کو نابود سمجہنا چاہیے

شجرہ نسب کرڑان خواہ کرلان
کوڈے
سگے
اسکی اولاد کا نسب نامہ آگے آوے گا
ولازاک
اورک زے
لوری خیل
یعقوب خیل
زوجہ اول
زوجہ دوم
موسی زے
شگل
تورزے
ھینے
وروک
موسی خیل
جانے
احمد خیل
وتک زے
عمر خیل
یحیی زے
سمرزے
ذکریا خیل
آمانزے
میراں خیل
خوجنزہ
ہیبے
موگے
کمال خیل
یاسین خیل
مانے زے
سندی زے
موٹی زے
حیدر زے
سے زے
حسے زے
علی زے
ہستوزے
دولت زے
اسمعیل زے
لشکر زے
محمد خیل
ستاری خیل
فیروز خیل
نیروٹے
ستہ بارے
عبدالعزیز ابدلیز خیل
نانی خیل
براحمد خیل
خوبداد خیل
علی خواجہ خیل
سید خیل
میرزی خیل
سلطان خیل
لنگری لکڑی خیل
سیدا خیل
اصغر ازغر خیل
صبورہ خیل
احمد خیل
ساؤزے
مست علی خیل
سلار خیل
امیرہ خیل
حاجی میر خیل
سیر وعظ خیل
ٹبڈا خیل
تاغہ خیل
رابیا خیل
حمارے
ایا خیل
خدی زے
علی شیر زے
ناموزے
ہاڑے

# باب چہارم
## مشتمل برحال اولاد کرڑان کے

واضح ہو کہ کرڑان کے آبا و اجداد کی حالات مین بہت مختلف روایات ہین اور چونکہ وہ روایات
اوسکی اولاد کے فرقہ ہای کلان کی زبانی مشہور ہین اسواسطی احتمال خودستائی کا بہی ہی قوم دلازاک
جو کرڑان کی نسل سی ایک بہار گروہ تہا وہ کہتی ہین کہ کرڑان کا باپ سید تاف تہا اور اوس سی
اوپر اٹہوین پشت مین حضرت امام حسین سے کرسی جا ملاتی ہین اور قوم خٹک کرڑان کا باپ سلطے
ہوتی تہا کہ سڑبنی افغانون سی اپنا شجرہ ملاتی ہین اور قوم شتیک کی بعض کہن سال آدمی کہتی ہین
کہ کرڑان کسی شہزادہ کا بیٹا تہا اور فرقہ خوگیانی کہتے ہین کہ وہ سلطے عبداللہ ورمڑ کا فرزند تہا گرچہ
اوسکی قومیت مین اسقدر کثیر اختلاف ہی الا اس امر مین بعض قومین اوسکی اولاد سی متفق ہین کہ کرڑان
ایک طفل نوزائیدہ شیرخوار اوسجگہ سی ملا تہا کہ جہان لشکر کسی کا رات قیام کرکے صبح کوچ کر گیا تہا اور
چونکہ یہہ معصوم ایک کڑاہی آہنی کے نیچے سی پایا اوسکے بدلہ مین سلطے عبداللہ قوم اور مڑنی پایا تہا اور زبان
پشتو کڑاہی کو کڑ بڑی کہتی ہین اسواسطے موسوم بہ کرڑان ہوا ایسی امر کا واقعہ ہونا بعید از امکان
اور قیاس کے نہین ہی ایک پشتو کی پورانی کتاب مین یہہ بات لکہی ہی کہ یہہ لڑکا قشلاق کی وقت
مغربی افغانستان مین ملا تہا ان روایات سی یہہ بات پیدا ہوتی ہی کہ کرڑان قیس عبدالرشید کی
اولاد سی نہین تہا مگر خداوند کریم نے اوسکی اولاد کو اسقدر زیادہ کیا کہ اب کسی دوسری قوم افغان سے
تورہ افغانی اور جنگ جوئی مین کم نہین ہے الغرض عبداللہ نے بسبب نہونے اولاد نرینہ کی بطور پسر متبنی
کرڑان کی پرورش کری اور جب وہ سن بلوغ کو پہونچا تو اپنی دختر سی اوسکی شادی کرا دی جس سی دو فرزند
پیدا ہوی ایک مسلے کودی دوسرا کگی ان ہر دو کی اولاد کا شاخ وار شجرہ نسب لکہا جاتا ہی کرڑان کی نسل
کے جملہ اقوام کو مجمعاً کرڑانی یا کرلانی کہتی ہین قوم دلازاک اورک زئی منگل خوگیانی آفریدی خٹک
وزیری شتیک یعنی بنوچی اور دوڑ جدران اتمان خیل یہہ سب فرقہ ہای کلان نسل کرڑان سی ہین انکے
پیچ شاخوار کرسی نامہ شجرہ نسب مین دیکہوگے +

اولاد اکبر مین آئی مگر اس سی دو برس پیشتر اخیر ۱۸۰۸ء کو رنجیت سنگہ والی لاہور نی اپنی فوج لیکر ریاست کوٹلہ وغیرہ کی طرف کوچ کیا اور عطا اللہ خان رئیس کوٹلہ مالیر سی قریب ڈیڈہ لاکہہ روپیہ نذرانہ لینا قرار پایا عطا اللہ خان نی کچہہ روپیہ نقد ادا کیا اور باقی کے واسطے والی پٹیالہ وجیند ونابہہ وغیرہ کی ضمانت کرادی اور ضامنون نی تہا نجات اپنی بعوض زر ضمانت علاقہ مالیر کوٹلہ مین بٹہائی خوش نصیبی رؤسا رملک محفوظہ خصوص خاندان مالیر کوٹلہ سی اوسی سال یعنی شروع ۱۸۰۹ء مین حسب استدعا رؤسائی جنرل اکٹرلونی صاحب از طرف گورنمنٹ انگریزی واسطی حفاظت اور انتظام ملک کی بعلاقہ انبالہ ولودہیانہ وغیرہ تشریف لائی اور بنظر مصلحت ملک داری بذات خود جنرل صاحب نی کوٹلہ مین جاکر بعد دریافت حال تہا نجات والی پٹیالہ ونابہہ وغیرہ ضمانت داران بحکم اوٹہا دی اور قبضہ مالیر کوٹلہ والونکا بدستور کرادیا اور رنجیت سنگہ کی ساتہہ دریای ستلج حد مقرر ہوکر گورنمنٹ انگریزی کا عہدنامہ ہوگیا اور تب رؤسای نواح پنجاب نی ٹہنڈا سانس لیا اگرچہ اوسوقت عطاء اللہ خان رئیس بقید حیات تہا مگر وزیر خان فرزند کلان بہیکن خان نی واسطی حصول ریاست پدری اپنی کے بحضور جرنیل صاحب دعوی کیا ابہی مقدمہ تحقیقات وراثت ریاست کوٹلہ مالیر دایر تہا کہ عطاء اللہ خان رئیس نے وفات پائی اور ریاست از طرف گورنمنٹ انگریزی ۱۸۱۰ء مین بنام وزیر خان نسلاً بعد نسلاً مقرر ہوئی اور عطاء اللہ خان کی اولاد اپنی خاص علاقہ جاگیر پر قابض ہی وزیر خان رئیس ۱۸۲۱ء مین فوت ہوا اوسکا ایک بیٹا امیر خان تہا جو اپنی باپ کی جگہہ مسند نشین ریاست ہوا امیر خان سی پہلے رئیس مالیر کوٹلہ ملقب بخانصاحب تہی گورنمنٹ انگریزی کی عنایت سی از عہد ریاست امیر خان مخاطب بنوابصاحب بہادر ہوگئی نواب امیر خان ۱۸۴۶ء مین فوت ہوئی بجای انکی نواب محبوب علیخان فرزند اونکا مسندارا رہا اخیر ۱۸۵۹ء مین انہون نی بہی اس دار ناپائدار کو چہوڑا اب نواب سکندر علیخان صاحب خلف الصدق اونکی مالک ریاست ہوئی جو فی الحال موجود ہین ایک ہوشمند شخص کا قول ہے کہ صرف ڈہائی لاکہہ روپیہ سالانہ کا علاقہ ریاست ہی جسمین سی ایک لاکہہ خاص ذات نوابصاحب کیواسطے اور باقی سب برادران اور حقداران مین تقسیم ہوتا ہے +

جو اولاد شیخ صدر جہان کی از بطن راجپوتانی ہوئی وہ مالک جاگیر و رئیس ہوئی صدر جہان اور
بازید خان کی مابین پانچ یا چہہ پشت کا کرسی نامہ سلسلہ وار نہین ملسکا مگر بازید خان سی جو رئیس حال سے
نو پشت اوپر تہا شجرہ نسب اس خاندان کا لکہا گیا ہے ادہی بازید خان نی متصل مالیر دوسرا شہر معروف کوٹلہ
معہ شہر پناہ پختہ و خندق آباد کیا اور بہت سی دیہات جاگیر موروثی پر دخل اپنا کر لیا اور بود و باش مالیر چہوڑ
کر کوٹلہ مین سکونت اختیار کرے اور کوٹلہ خاص مین مکان باست گاہ بنایا دیگر بہائی یکجدی اوسکی بدستور
مالیر مین رہی بعد وفات **بازید خان** اوسکی بیٹون مین سی **فیروز خان** رئیس ہوا جو بڑا خوش اقبال
اور صاحب حکومت تہا اوسکے بعد **شیر محمد خان** فرزند اوسکا جانشین ہوا جو [illegible] مین ہمراہ
فوج ناظم سرہند ہوکر **گورو گوبند سنگہ** پیشوا سکہان سی لڑا اور حسب الحکم شاہ دہلی معہ فوج واسطی گرفتار
ایک سردار روہیلہ زین بٹہ اون کی گیا اور اوسکو گرفتار کرکے حاضر کر دیا **عالمگیر اورنگ زیب**
کے عہد سلطنت مین فوت ہوا اوسنی اپنی عہد ریاست مین ایک موضع بنام شیر پور آباد کیا تہا کہ اب وہ [illegible]
بقبضہ والی پٹیالہ کی ہے اوسکے بعد **غلام حسین خان** کی ریاست کیوقت [illegible]ع مین **عثمان یار**
**خان** روہیلہ جسکے باپ کو **شیر محمد خان** گرفتار کر لایا تہا بجمعیت کثیر واسطی تسخیر علاقہ مالیر کوٹلہ آیا
اور غلام حسین خان نی بنظر مصلحت وقت جنگ سی صلح بہتر سمجہکر شادی مسمات بلاقن کی ہمراہ **عثمان**
**یار خان** کے کر دی چنانچہ وہ ڈولا وغیرہ لیکر اپنی ملک کو چلا گیا بعد انتقال **غلام حسین** کے گرچہ اولاد
اولاد اوسکی موجود تہی مگر **جمال خان** بیٹا **شیر محمد خان** کا رئیس مالیر کوٹلہ ہوا [illegible]ع مین جمال خان
لڑائی سرہند مین مارا گیا اور اوسکا بڑا بیٹا **بہیکن خان** رئیس ہوا اوسکے عہد مین **احمد شاہ ابدالی**
دہلی کو آیا اور اوسنے اس خاندان پر بہت نوازش فرماکر حدود مقبوضہ کو وسیع کیا اور سکہ مضروبہ جاری
ہوا [illegible]ع مین فیما بین آلا سنگہ مورث مہاراجہ پٹیالہ و **بہیکن خان** لڑائی ہوئی جسمین بہیکن خان
مارا گیا اور شہر سرہند قدیم جسمین **نیاز خان** از جانب بادشاہ دہلی حاکم تہا سکہون کے ہاتہ سی ایسا غارت
اور تباہ ہوا کہ اب تک ویران پڑا ہے **بہیکن خان** کے بعد **بہادر خان** اوسکا چہوٹا بہائی مسند نشین
ریاست ہوا [illegible]ع مین وہ بہی سکہون سی لڑکر عالم آخرت کو سدہارا اور بہت سا علاقہ ریاست کوٹلہ مالیر
کا بقبضہ والی پٹیالہ وغیرہ کے آگیا بعد ماری جانی **بہادر خان** کے **عمر خان اسد اللہ خان عطاء اللہ**
**خان** اوسکے چہوٹی بہائی اپنی اپنی نوبت پر حکومت کرکے فوت ہوئی [illegible]ع سی لہر ریاست خاندان بہیکن خان

والہ بنڈ کہتی ہین ویران پڑا ہی غالب ہی کہ یہہ اون سروانیون نی بنایا جو یہان سی خارج ہو کر بطور خانہ بدوش اوسطرف کو گئی تہے فی الحال افغانستان کی بیچ تو اس قوم کو نابود سمجہنا چاہئے علاقہ جہجہ ضلع راولپنڈی مین چند گہر سنے جاتی ہین اب مولف کی زمانہ مین اس قوم مین سی ذکر کرکے لایق خاندان مالیر کوٹلہ کا ہے

## حال خاندان مالیر کوٹلہ

شجرہ نسب اس خاندان کا تا رئیس موجودہ حال اوپر درج ہو چکا ہی اوس سی معلوم ہوگا کہ شیخ احمد پرپندہ جو سروانی مورث اعلے اپنی سی سرپال کی شاخ مین تیرہوین پشت تہا اوسکے پانچ بیٹون مین سی بڑا بیٹا **شیخ صدر الدین** معروف صدر جہان جو متقی اور زاہد خدا پرست آدمی تہا اپنی اصلی وطن دراہن سی بتقریب سیر ہندوستان کی طرف گیا اور بمقام مالیر پہونچکر ایک نالہ دریای ستلج کی کنارہ پر جسکی نشان اب بہی معلوم ہوتی ہین **شیخ صدر جہان** نی جہپر بطور تکیہ بنا کر عبادت **الٰہی** مین مشغول ہوئی اوس زمانہ مین آبادی مالیر کا نام و نشان بہی نہین تہا وہان ایک موضع چہوٹا سا معروف جہوم سی تہا شیخ صدر جہان کی عبادت خانہ کی قریب ایک عورت ضعیف قوم مالی مسلمان پیشتر سی رہتی تہی اور وہ صالحہ اولا مریدا ور معتقد شیخ موصوف کی ہوئی جب صدر جہان نی سلطان **بہلول لودی** کی دختر سی نکاح کرکے ارادہ آبادی دیہہ کیا تو لفظ مالی مین ایک حرف ر جو شروع اسم را ول نام رب یعنی خداوند تعالیٰ کا ہی ایزاد کرکے نام اوس آبادی کا مالیر رکہا اور سلطان **بہلول** کی دختر سی شیخ صدر جہان کو اسطرح شادی حاصل ہوئی کہ جب سلطان بہلول بارادہ سلطنت گیری دہلی جاتا تہا تو اوسکا قیام ایکروز تکیہ شیخ صدر جہان کی قریب واقعہ ہوا اور اونسی ملاقات حاصل کرکے بدریافت کرامات اونکی اپنی دلمین عہد کیا کہ اگر مین دہلی پہونچکر کامیاب ہوا تو اپنی دختر کی شادی اس خدا پرست شخص سی کردون گا چنانچہ خواہش ایزدی سے وہ مراد بہلول کی برآئی اس سبب سی اوس نے بنظر ایفاء عہد اپنی دختر کی شادی شیخصاحب کی ساتھہ کردے اور بارہ گانو اور چہپن موضع خورد معہ دیگر لوازمات شادی مین اونکو دئی بعد اوسکے شیخ صدر جہان نے دوسری شادی بخاندان راجپوتان کری آخر ۱۵۱۵ع مین رحلت فرما عالم بقا ہوا اور وسط صحن درگاہ مالیر خاص مین قبر اونکی بنائی گئی جو اب تک زیارت گاہ خاص و عام ہی حسب مرضی الٰہی جو اولاد اونکی از شکم شاہزادی ہوئی وہ مجاور خانقاہ شیخصاحب کے ہوئی کہ ابتک اونکی اولاد سی مجاور رہین اور روپیہ وغیرہ چڑہا وا اونکو ملتا ہی اونمین کچہہ لوگ خلیفہ اور کچہہ مجاور کہلاتی ہین مگر دونو فریق ملقب بخانصاحب ہین اور

چلے آئے دراہن قدیم مدت سے خراب اور ویران پڑی ہوا اور یہہ دراہن جو حال مین آباد ہے آگاکی ہوئی
شیخ ملیح قتال سروانی کی ہے چنانچہ نشان دروازہ طرف شمالی دراہن بنام شیخ ملیح قتال تا حال موجود ہے
مگر اوسوقت شہر دراہن بارونق اور چار دیواری و عمارات با اسلوب رکہتا تہا فی الحال ہوا
آب جاری اور درختان سر سبز اور کچہہ رونق نہین ہے بہت مدت سروانی اس علاقہ پر قابض
رہی اور پہر بعہد ہمایون بادشاہ خارج ہوئی سبب زوال و امر تہہ اول کم قوتی و کمی تعداد اولس
دوم مغلوبی پہلے خرابی کم قوتی والی اسطرح حاصل ہوئی کہ ایک شخص قوم سوری شہر روڑی کا رہنے
والا ایک عورت سوریہ کو ورغلان کر قوم سروانی کے پاس دراہن مین پناہ گزین ہوا قوم سوری
کے لوگون نے اپنی مجرم اور عورت مذکورہ کا باز وطلب کیا سروانیون نے دینا باز و پناہ گیر اپنی
کا خلاف ننگ افغانی سمجہہ کر عوض زن مفرورہ پنج نفر عورات دوشیزہ دینی منظور کین مگر
سوریون نے بتکبر اور تعصب کی سببسے ایک عورت کی بدلے پانچ دوشیزہ لینی نامنظور کرکے مستعد
پرخاش اور قتال کی ہوئی دوسری طرفسے قوم سروانی کے لوگ بہی ننگ افغانی کے جوش مین
پہلو تہی کرنیکو عار سمجہکر امادہ پیکار ہوئی آخر بمقام دراہن کہنہ جو ویران پڑے تہے فیما بین لشکرین
متخاصمین مقابلہ و مقاتلہ عظیم واقع ہوا اکثر مردمان کاری دونو قوم جنگجو کے مارے گئے جب باقیماندگان
ہردو گروہ نے مقتول ہونا اکثر مردمان جانبین کا دیکہا تو بہت پشیمان ہوئے اور زیادہ اوس سے مقاتلہ
گوارا نہ سمجہہ کر ایکدوسری کی قتل سے ہاتہہ اوٹہا لیا اور ہر ایک فریق نے اپنے مقتولان کو جو ہزار ہا تہے
چہوٹے چہوٹے قبرین کہودکر سپرد خاک کیا اور اپنی جای سکونت کو واپس ہوئے اس جنگ و فساد سے نتیجہ
یہہ حاصل ہوا کہ اوس روز سے سروانی اور سوریہ دونو قومین ایسی کم زور اور کم تعداد ہوگئین کہ کسی
مخالف قوم سے توفیق مقاومت کی نرہی اور بعد اوسکے جب شروع سلطنت ہمایون مین قوم میا
خیل لوحانی اور بختیاری نے باقیماندہ سروانی پر حملہ کیا تو تہوڑی سی شوخی کے بعد سروانی کچہہ قتل ہوئی
اور باقیماندہ مغلوب ہوکر علاقہ دراہن سے بیدخل ہوئے اور یہہ علاقہ میاخیل اور بختیار کے قبضہ مین آیا
سروانی جو بہت تہوڑی رہگئی تہے کچہہ منتشر ہوگئی اور کچہہ مالیر کوٹلہ کے رئیس کے پاس جو اس قوم مین سے
تہا چلے گئے مولف کے اپنے مملوکہ دیہات کے رقبہ مین آبادی موضع واہ سے تخمیناً ایک میل مشرق مایل
بگوشہ شمالی ایک بارانی زمین کے بیچ جسکو چکارا میرا کہتے ہین کہنہ کہنڈرات کی علامت جسکو فرانیان

شجرۂ خاندان مالیرکوٹلہ

- ۱۵ شیخ صدرالدین ابن شیخ احمد نزند چوبیر
  - ۱۶ بازید خان شیخ صدرالدین کی چھٹی پشت مین
    - ۱۷ فیروز خان
      - ۱۸ خواجہ خضر خان
      - ۱۸ شیر محمد خان
        - ۱۹ عظیم خان
        - ۱۹ جمال خان
          - ۲۰ بھیکن خان
            - ۲۱ وزیر خان
              - ۲۲ نواب امیر خان
                - ۲۳ نواب محبوب علی خان
                  - نواب سکندر علی خان رئیس حال
            - ۲۱ فتح خان
          - ۲۰ بہادر خان
          - ۲۰ عمر خان
          - ۲۰ اسد اللہ خان
        - ۱۹ میرزا خان
        - ۱۹ غلام حسین
          - عطاء اللہ خان
    - ۱۷ اختیار خان
      - ۱۸ ناہر خان
      - ۱۸ ولی محمد خان
      - ۱۸ نصر خان
    - ۱۷ حسین خان
      - خواجہ محمد خان

## حال قوم سروانی

کہتے ہین کہ بعد سلطنت شہاب الدین غوری یا اوس سی کچھہ بعد اوس سروانی ذی اوم
شہر درہ بند معروف درابہن ٹلی اور چودہوان و علاقہ جات متصلہ تصرف کرکے زمیندار اور مالک درابہن
کے ہوئے اور ریاست اس قوم کی تعلق سنجاندان سرپیال خصوصاً باسلاف شیخ ملیح قتال کے

بیستم افصل شیخ سروانی بیان اولاد سروانی
شجرۂ نسب
ابن شاہ حسین
سری پال
سینی
بلے
جعفری
سوری
احمد
حسن خیل
ہدیا خیل
ابوالفرح
ایبک
بوبک
کہکور
شہباز
ہیبت خیل
خضر خیل
سہبا
یونس خیل
یوسف خیل
ستا خیل
ملک یار
ایوب زے
دوی خیل
شیخ سعید
حسن خیل
ملانا
بندر
دودو خیل
نعمان
لنڈ بک
ملی خیل
حسین
لمر خیل
ناہر زے
رستم
اسوٹ
سنجر
خان زے
زکور زے
رشید
یوسف زے
ابراہیم
ملانہ
الوت خیل
سکنوت خیل
اسماعیل
اجا خیل
ہارون خیل
کزوئے
محمود زے
موسے
لوزرزے
مجازے
سام
استور زے
ہدور زے
اجہ
احمد جو امر
اغول خیل
مما خیل
مہدین خیل
ہوتی زے
سدو
شیخ سلیمان
مموزے
امیک
الیک
احمد خیل
گدائی
شیخ محمود
شیخ حسن
دختر
بی بی
شیخ بایزید
شیخ احمد

شجرہ نسب دوتانی ابن لودی کا اوپر درج ہوچکا ہے یہہ قوم تعداد مین بہت تہوڑی ہے دو سو گہر سی زیادہ نہین ہونگی
دوتانی مین سی بعضی لوگ پیوندہ ہین جو کار تجارت بہت عزم سی کرتی ہین اور پیوندہ سوداگرون مین سی مشہور ہوتے
جاتے ہین اونکی بود و باش اور کوچ مثل دیگر پیوندگان کے ہی مگر بعضی دوتانی علاقہ واڑہ مین رہتی ہین یہہ علاقہ قوم شیرانے
ہری پال سی شمال کیطرف ایک میدان اوپر اون پہاڑون کے واقع ہے جنکی ڈہال گومل کی طرف آتی ہی آب ہوا
واڑہ کی گرچہ صحت بخش مگر سرد نہین ہے مچہر بہت ہوتا ہے اور گرمی کی موسم مین قوم وزیری کی لوگ بہی وہان جاتے
ہین اور اونہونے کچہہ زمینات زرعی بہی اپنی قبضہ مین کرلی ہین مگر تاہم دوتانی لوگ کا ایک کوٹ اور گانو
وادی واڑہ کی وسط مین موجود ہے اور دوتانی واڑہ کی رہنی والی اکثر پیشہ زراعت کاری رکہتی ہین اور تعداد مین
اسی گہر سی کم ہونگی باوجود اس قلت کی وزیری قوم نی اونکو اوس علاقہ سی بیدخل نہین کرسکا کبہی کبہی قوم کاکڑ
کی گلہ بان بہی اونکی جنوبی اور مغربی ملک مین چرائی کی واسطی آتی ہین مگر انسی تعرض نہین کرتے جو دوتانی پیوندہ
مین اونکا رواج اور دستور مطابق دیگر پیوندونکی ہے اور واڑہ کی رہنی والی دوتانی قوم وزیری کی قریب طرح
کی خوراک پوشاک رکہتی ہین ٭ سلیمان خیل غلزئی کے لوگ واڑہ پر آنکہہ رکہتی ہین ٭

## حال قوم خیسور

یہہ قوم اپنی آپ کو نسل لودی سی شمار کرتی ہے مگر باقی اقوام ہاے لودی انکی شمولیت سی انکار کرکے کچہہ اور
نسبت دیتی ہین شجرہ نسب ذریات لودی کا جو ہر طرح کی باریک تحقیقات سی حاصل کیا گیا اوسمین کہین
بہی شمولیت خیسور کی نہین پائی جاتی اگرچہ یہہ قوم تہوڑی ہے مگر اپنی ملکیت کا ملک رکہتی ہین انکا مسکونہ ملک دریاے
سندہ کی مغربی کنارہ پر واقع ہے ملک خیسور سی شمال علاقہ عیسی خیل اور مغرب ایک چہوٹا پہاڑ پنیالہ یا پلیانہ
اور مروت واقع ہے اس قوم کی اکثر کوتاہ قد گندم گون لاغر اندام آدمی ہوتی ہین انکی تعداد تین سو گہر سی زیادہ نہین
ہوگی مگر خیسور ونکی ساتہہ اور لوگ متفرق رعیت بہت آباد ہے میوہ خرما انکی علاقہ مین بہت ہوتا ہے اکثر خیسور نیچی
سی باسم عمر خیل مشہور ہین ٭

## حال قوم بلچ

یہہ قوم بہی کبہی خاندان نیازی اور کبہی خاندان دولت خیل کے ساتہہ اپنا کرسی نامہ ہلاکر اپنی آپکو ذریات لودی سے
بتلاتی ہین مگر سواے اونکی اپنی بیانکی اور کچہہ ثبوت اس روایت کا حاصل نہین ہوا یہہ لوگ بہت تہوڑی ہین انکی زیادہ
سکونت موضع پنیالہ مین ہے جو کوہ شیخ بدین کے نیچی جنوبی طرف متعلق ضلع دیرہ اسمعیل خان کے ہی اور ایک خاندان اس قوم کا
موضع پیسلان علاقہ میانوالی مین آباد ہے اور سہر دو جگہہ اپنی ملکیت رکہتی ہین خرما پنیالہ کی مشہور ہین ٭

کسی اور افغانی قوم سے انکا کرسی نامہ نہین ملتا +

## حال قوم تنور

یہہ قوم تعداد مین بہت تہوڑی ہی تخمیناً تین سو گہر سے ہرگز زیادہ نہین ہونگے اٹک سے مغربی طرف آباد ہین انکا دستور اور رواج مطابق دولت خیل کے ہے اور اکثر پیشہ زمینداری رکہتے ہین +

## شاخ ہودا ور تیج

ان شاخو انکا پتہ سوائے نام جو کرسی نامہ سے ملا ہی اور کچہہ نہین ملتا اور نہ انکا نام مشہور ہی اگر کوئی اس شاخ کے ہونگے تو وہ باقی نوحانیون مین ایسی مخلوط ہونگے کہ امتیاز حاصل نہین ہو سکتا اغلب ہی کہ کوئی شاذ و نادر ہوگا

## حال قوم نیازی

شجرہ نسب سے معلوم ہوگا کہ نیازی ابن لودی کے تین زوجہ سے تین فرزند تہے اونمین سے سیسی بابی جو شیرانی کے دختر سے تہا وہ خدا پرست اور معاملات دنیوی کیطرف کم متوجہ تہا نیازیو کی ابتدائی سکونت نواح غزنین مین تہے جہان اب بہی چند گہر اس قوم کے موجود ہین سلطان بہلول لودی کیوقت سے ہندوستان کیطرف یہہ لوگ آئے شیر شاہ سوری کی سرکار مین بڑے بڑے معزز عہدو پر نیازی سردار مختار تہے ہیبت خان نیازی جسکا خطاب اعظم ہمایون تہا لاہور کا صوبہ دار ہو گذرا ہی نیازیو کی قوت ہندوستان مین اسقدر جلد بڑہگئی کہ سلیم شاہ سوری سے اونہون نے سخت مقابلہ کیا مگر اس سرکشی نے اونپر تباہی ڈالی یہہ قصہ مفصل تیسرے حصہ مین لکہا گیا ہی نیے الحال افغانستان مین سوائے عیسی خیل اور موشانی اور سرہنگ کی جسکا کرسی نامہ در تاریخ تیسرے حصہ مین درج ہی اور کوئی شاخ نیازی کی مشہور اور قوی نہین ہے اور اکثر جگہہ متفرق چند چند گہر اس قوم کے سُنے جاتے ہین علاقہ بنگش مین توغ اور دیگر متفرق مقامون مین نیازی رہتے ہین اور چند خانہ قندہار مین اور غزنین مین اور کوہ گرا ور کابل کی نواح علاقہ شنیو کی مین بہی آباد ہین اور ہندوستان مین بہے کچہہ سنے جاتے ہین مگر بباعث قلت تعداد اور کمی استعداد معمولا نہ گذران رکہتے ہین مرمل نیازی اور گنڈی اور مشہی ہوبندگری اور سوداگری کا پیشہ کرتے ہین اور نجابۃ آسودہ حال جسقدر کہ سوسنے ہندوستان مین نام اور زر پیدا کیا تہا اوسیقدر اب افغانستان مین کم زور اور کم تعداد ہین اور بباعث مختلف جگہہ سکونت کی رواج اور دستور بہی مختلف ہی +

## حال قوم دوپاٹی

قوم بختیار نی جو شرم شریک میاخیلونکی تہی سر وانیونکو شکست دی اور جو قتل سے بچی اونکو خارج کیا اور پہر میاخیلونکی صلاح اور اعانت اور شمولیت سی علاقہ دراہن وغیرہ پر بالاتفاق قبضہ کرلئے اراضیات بارانی کو اونپر چار حصہ کی تقسیم کیا تین حصہ میاخیلون نی لئے اور چوتہا حصہ بختیار ون نے اور زمینات آبی کو جسطرح کہ اب بین آپسمین تقسیم کرلیا اور ہردو فتح مند قوم سی بعضی لوگ مستقل سکونت کو پسند کرکی زمینداری مین مصروف ہوئی اور بعضی بدستور حسب تجویز قوم پوینده رہی چنانچہ زمانہ حال تک ہردو قسم میاخیل اور بختیار بدستور موجود ہین یعنی بعض زمیندار اور بعض پوینده تجار کوئی شاخ میاخیل کے ایسی نہین ہوگی جسکی لوگ تہوڑے بہت ان دو کامون مین منقسم نہون مگر سید خیل اور شادی خیل قریب کل کے مستقل سکونت اور پیشہ زمینداری کا رکہتی ہین میاخیل پوینده ون مین سی بعضی سوداگر بڑی دولتمند ہین اور سب سی پہلے پیشہ تجارت دور دراز ملکون مین پوینده ون مین میاخیلون نے شروع کیا جنکا نام اس کام مین تجار اسی کلکتہ تک مشہور ہی میان خیلون کا خان تہوڑا اختیار رکہتا ہی اور جو میان خیل پوینده ہین اونکی شامل ہے ایک رشتہ دار خان یا کوئی معتبر ملک مدار المہام ہوتا ہی اور خلو یعنی لوگ کوچ کیوقت انتظام رکہتی ہین مگر بدون وقت لڑائی کی اونکا کچہہ اختیار نہین ہوتا جب میاخیل پوینده بموسم زمستان دامان کو آتی ہین تو اونکے فالتو شتر مکلوات کی میدان مین چرائی کیواسطی جاتے ہین یہہ قوم بے آزار اور نیک چلن ہی مدت سی خانی اس قوم کی شاخ سید خیل کے خاندان خدو خیل مین چلی آتی ہے چنانچہ اب بہی **عظیم خان** خدو خیل معتبر خان دراہن کا ایکہزار پنشن سالانہ سرکار سی پاتا ہی اور موسی زئی مین **میر عالم خان** بڑا مالک ہی کل تعداد قوم میان خیل کے تخمیناً تین ہزار گہر ہین جنمین سی چہارم حصہ بختیار ہونگی اور چند گہر دوتانی اور متہی بہی انکے شامل ہوتی ہین*

## حال قوم بختیار

بعضی لوگ انکو سید کہتی ہین اصل مین یہہ لوگ ملک ایران سی آئی تہی جنکے ہمقوم بختیار اب بہی بہت ہین ایران مین اصفہان سی جنوب مایل مغرب کو اور کچہہ بخارا مین بہی ہین دراہن یعنی دراہن مین اسقوم کے تخمیناً آٹہہ یا سات سو گہر ہین اور تخمیناً پانسو گہر مرغہ مین رہتے ہین جو بختیار دراہن مین رہتی ہین وہ بالکل میاخیل کے ساتہہ نفع نقصان اور جرگہ مین شامل ہین اور جیسا کہ اوپر درج ہوچکا ہی چہارم حصہ انکو بعد فتح اس ملک کے ملا تہا جسپر تا حال قابض ہین مرغہ کے رہنی والی بختیار گرچہ انکی ساتہہ نہین رہتی مگر دراصل ایک ہی ہین اور نازک وقت مدد دینی کیواسطی تیار ہین بختیار ونمین بہی بعضی پوینده سوداگر بڑی صاحب عزم تجار ہین میاخیل کے

دوست محمد خان والی کابل کے پاس مدد خواہ گیا اور جب اوسجگہہ سی کچہہ امانت میسر نہوئی تو کوہ وزیران مین واپس آیا اور چونکہ کنور نونہال سنگہہ نے ٹانک کو بطلب نخانان ملتانی مین بطور جاگیر پائندہ خان خواجکزئی و حیات اللہ خان سدوزئی اور عاشق محمد خان علی زئی کو عطا کیا تہا اللہداد خان مدت مدید تک سکہون اور ملتانیون کے ساتہہ لڑتا رہا اور ہمیشہ ٹانک پر لڑائی اور خونریزی تیار رکہتا تہا انسی مدد کشت مین ایام زندگانی کو تمام کرکے فوت ہوئے اللہداد خان کے دو بیٹون مین سی محمد شاہ نواز خان درپئے حصول اپنی موروثی ریاست کے ہوا اوسکی خوش نصیبی سی بعد محاربات ۱۸۴۶ء لاہور مین گورنمنٹ انگریزی کی جانب سی رزیڈنٹی مقرر ہوئی تب محمد شاہنواز خان با میدظفر سی لاہور مین گیا اور کرنیل سر ہربرٹ اڈوارڈس صاحب کے حضور مین مشرف ہوا جو اوسوقت لاہور مین اسسٹنٹ رزیڈنٹ تہی اور بروقت لینی کشمیر کے شیخ امام الدین سی ہمرکاب صاحب ممدوح کشمیر کو گیا اور وہانسی پہر لاہور کو آیا اور لاہور سی ہمرکاب اڈوارڈس صاحب اخیر ۱۸۴۷ء مین بنون مین آیا اور بنون سی ٹانک اور ڈیرہ اسمعیل خان ہوکر صاحب موصوف کے ہمراہ واپس لاہور کو گیا اور اوسجگہہ بموجب استحقاق قدیمہ اور عنایت اڈوارڈس صاحب کی حکومت موروثی ٹانک محمد شاہنواز خان کو عطا ہوئے کہ تا حال مالک اور رئیس ٹانک کاہی ہنگامہ اور مفسدہ ۱۸۵۷ء کی بعد بموجب حسن عقیدت و خدمات لائقہ انکی بیشگاہ گورنمنٹ ہند خطاب نوابی معہ خلعت فاخرہ عطا ہوا کہ اب نواب محمد شاہنواز خان ٹانک والا مشہور ہی جنکو جاگیردار مجسٹریٹ کی اختیار بہی سرکار نی تفویض فرمائی +

## شاخ میاخیل یا میے خیل

شجرہ نسب اس قوم کا اوپر درج ہو چکا ہی میاخیل کو میان خیل بہی کہتی ہین نیچے کی شاخون کا شجرہ نسب عطاء اللہ خان تحصیلدار کی معرفت حاصل کیا گیا ہی مگر احتمال ہے کہ سلسلہ مین کچہہ فرق ہو کہتی ہین کہ زمانہ قدیم مین میان خیل لوگ جملہ پوندہ تہی تجارت اور مالداری کا پیشہ رکہتے تہے جیسا کہ دولت خیل کے ذکر مین کل اقوام لوحانی کی آمد کا حال بعلاقہ دامان لکہا گیا ہی اوسی سبیل سی یہہ قوم بہی دامان پر آیا جایا کرتے تہے اور میان خیلون کی مستقل سکونت سی پہلے خاص دراہن اور علاقہ دراہن اور چودہوان مین قوم سروانی سکونت پذیر تہی جب کہ خان زمان رئیس کٹی خیل نے قوم برگی کو ٹانک اور قوم سوری کو روڑی سی بیدخل کیا اور ٹانک پر دولت خیل قابض ہو گئی اور روڑی ویران ہی تو اوس سے چند برس بعد فیما بین قوم بختیار جسکا حال آگی آویگا اور قوم سروانی قابضان سابق دراہن وغیرہ تکرار تلفی زراعت جنگ واقع ہوا مال کار

کرنی کیو اسطی بھیجے گل خان ماموں سرور خان ٹانک کی حکومت کو سنبھال سکا جسوقت سرور خان بادشاہی فوج کی اعانت سے ٹانک کی نزدیک پہونچا تو **گل خان** نے باوجود دشمنی سرور خان کی دولت خیل لوگون کو سمجہایا کہ سرور کی تابعداری کرو اور سرور خان نے قسم کے ساتھہ عہد کیا کہ گذشتہ بات درگذر سمجہینگے اور کسیکو آسیب نہین پہونچایا جاویگا دولت خیلون نے سرور خان کے خانی قبول کری مگر وہ عہد معافی والہ صرف اوسوقت تک قایم رہا کہ جب تک سب معتبرین اور ٹانک دولت خیل کی سرور خان کی پاس جمع ہوئی اوسوقت سرور خان نے اٹھارہ کس کلان و معتبر کہ جنمین سے زیادہ اوسکی باپ کی قتل کے مشورہ مین شریک تھی قتل کر دیئے اوسوقت گل خان مارا نہین گیا تہا مگر تہوڑے ہی عرصے سے تھوڑی تکرار پر سرور خان نے اوسکو بھی مروا دیا اب اوسکی دشمن صاف ہو چکی تھے اور ریاست اوسکی بہ استحکام کافی شروع ہوئی کوئی ہمقوم مخالف اوسکی مقابلہ کی لایق نہین رہا تہا اور اپنی باپ کی قاتلون کو تدریجاً جیسی اوسکی ہاتہہ مین آتے رہی قتل کراتا رہا اور اپنی قوت بڑہاتا رہا اوسنی پانسو سپاہی اپنا ملازم رکہا اور علاقہ ٹانک مین قلعہ تعمیر کرایا اور باغ لگوایا معاملات ملکداری مین انصاف سے سیاست کو زیادہ پسند کرتا تہا اگرچہ ادنی رعیت اوسکی حکومت سے ناراض نہین تہی مگر دولت خیل لوگ جنکی نخوت اور خودسری کو اوسکی سیاست نیست کر دیا تہا نہایت تنگ اور ناراض تھے مگر باوجود اسکی اوسنی ایسا بندوبست کیا کہ کوئی سر اوٹہا سکا ہر طرح کی آمدنی علاقہ ٹانک اوسکا اپنا مال تہا مگر دولت خیل لوگونسے وہ کچہہ محصول نہین لیتا تہا سخاوت اوسکی مشہور ہے جب گنڈہ پور و میان خیل کے لشکر پر اوسنے فتح پائی تو اوسکی حکومت اور ہیبت بڑہ گئی آخر اپنی ہمچشمون مین بہت سا رسوخ اور نام پیدا کر کے **سرور خان** نے سمت ۱۹۰۱ بکرم مین وفات پائی تب **الہ داد خان** اپنی باپ کی جگہہ دستار مختار ہوا ابہی ایکسال کامل اوسکی مسندنشینی کو نہین گذرا تہا کہ سمت ۱۹۰۲ بکرماجیتی مین کنور **نونہال سنگہ** معہ فوج سکہان بہ ٹانک دیرہ ودامان آیا اور بے بند وبستی ریاست ٹانک اور دورنگی اہلکاران و مصاحبان ریاست مذکور سنکر نسبت **الہ داد خان** اور اوسکی ریاست کے ارادہ مخالف کر کے ٹانک کیطرف فوج کشی کری الہ داد خان نے بلحاظ ارادہ **نونہال سنگہ** و عدم امید وفاء اپنی سرداران و مصاحبان سے معہ قبایل و فرزندان و اسباب منقولہ کوہ وزیران مسعود مین پناہ گزین ہوا اور ٹانک پر سکہون نے قبضہ کر کے بموجب نشاء نہی او تجسس مخالفان الہ داد خان اندر پہاڑ کی اوس قلعہ مین جو **سرور خان** نے بنایا تہا اور اسباب اسلحہ و لاکہہ ہا روپیہ وغیرہ سامان جو الہ داد خان نے محفوظ جگہہ سمجہکر اوسمین رکہا تہا جا کر سب مال و دنیا غارت کیا **الہ داد خان** کی بیوفا مصاحب اکثر اوسکی دشمنون سے مل گئے تب وہ لاچار ہو کر اولا معہ عیال **امیر**

بڑنگیون پر غالب آئی اور اونکو مقتول او مجروح کرکی باقیماندہ کو دربدر کر دیا اور ٹانک پر شہباز خان نے
قبضہ کرکے بمعیت قوم خود دولت خیل وغیرہ ٹانک مین سکونت پذیر ہوا اور زمینداری کل علاقہ ٹانک معہ آسپاس
ٹانک اوپر چار حصہ کی منقسم کری دولت خیل ایک حصہ تتور ایک حصہ مروت ایک حصہ میان خیل
ایک حصہ جب سال اختتام کو پہونچتا تہا تو خانان مروت و میان خیل خان بزمان رئیس کٹی خیل و تتور خیل
کی خدمت مین جاتی تہے اور وہ بقدر مناسب بابت چہارم حصہ ہر ایک فریق کو دیکر رخصت کر دیتا تہا مگر تتوری اوس
علاقہ مین سکونت اختیار کرکے اپنی حصہ پر قبضہ پایا اور خود کاشت کرکے نفع اوٹہاتی تہے مروت لوگون نے اوپر تقسیم
اور حساب چہارم حصہ اپنی کی خانزمان کٹی خیل سی نزاع پیدا کرکے بداعیہ قبضہ حصہ خود ٹانک پر حملہ کیا اور دولت خیلون
پر غالب آکر اونکو معہ رئیس خارج کیا اور خود قابض ہوگئی رئیس کٹی خیل نے جبیل خان سردار قوم گنڈہ پور
سی جا اوسوقت بطور رہبندہ داامان پر آتی جاتے تہی مدد لیکر مروتون سی مقابلہ کیا اور مروت تاب مقابلہ نہ لاکر
ٹانک کو چہوڑ آئی اور خانزمان نے حصہ چہارم مروت گرچہ ضبط کر لیا مگر تاہم جب کوئی خان مروت کا جاتا تہا
تو اوسکو خالی واپس نہین کرتا تہا اوس لڑائی سی تہوڑا عرصہ بعد میان خیل کا چہارم حصہ بہی ضبط کر لیا گیا اور
کل علاقہ ٹانک کی مالک سوائی زمینات مقبوضہ تتوران دولت خیل ہوئی جو اب تک قابض ہین اور چونکہ دولت خیل
بذات خود اسقدر علاقہ کا تردد نہین کرسکتی اسواسطی اونکی ساتہہ ہمسایہ یعنی رعیت لوگ بہت آباد ہین دولت خیل
لوگ معہ اپنی رعیت کی تخمیناً آٹہہ ہزار گہر ہونگی انکے چند گہر مقام کارندہ اور موضع زمہ اور کافر قلا نواح کابل
مین بہی رہتی ہین ادسکم حیثیت ہین +

## حال ریاست اس خاندان کا

ہم اوپر بیان کر چکی ہین کہ قدیم سی ریاست اس قوم کے متعلق بخاندان کٹی خیل کی چلی آتی ہے گو ہر ایک
رئیس اپنے ہمقوم دولت خیل سی برادرانہ سلوک رکہتا تہا جب نوبت ریاست قتال خان بن سلیم خان
پہونچی تو اوسنی اپنی قوم پر کچہہ سختی کری اور حد معتدل سی زیادہ سخت مزاج ہوا اس سبب اور نیز حسد کی راہ سی چند
مردمان کٹی خیل دولت خیل نے مشورہ کرکی قتال خان معہ اکبر خان فرزند اوسکی کو قتل کر دیا اور سرور خان
بڑا بیٹا قتال خان کا بجگہ ہمراہی ظفر خان برادر گل خان علاقہ مروت مین چلا آیا اور چند ہزار روپیہ
اپنی باپ کی دوست سی قرض لیکر کابل مین بادشاہ افغانستان کی پاس دادخواہ گیا بادشاہ نی چار ہزار فوج معہ چند
التواب کی زیر سرداری عبدالرحیم خان ہوتک غلزئی سرور خان کی مدد اور اوسکو اپنی باپ کی جگہہ پر مستقل

اس ضلع کی عام اور قوم وار تاریخ تیسرے حصہ مین لکھی گئی ہی؛

## شاخ دولت خیل

شجرہ نسب دیکھنی سی معلوم ہوگا کہ مسمّی **ممّا** ابن لوحان کی تین بیٹون سی **یاسین** کے اولاد سی دولت خیل کے شاخ چلی ہی بہ نسبت باقی اولاد ممّا کی شاخ دولت خیل نے تعداد اور اختیار مین اسقدر فوق حاصل کیا کہ باقی خورد شاخین ممّا کی نسل سی متعلق دولت خیل کے سمجھی جاتی ہین دولت خیل سے نیچے پانچوین پشت مین **کٹی خان** پیدا ہوا جسکی اولاد کٹی خیل کے اسم سی مشہور ہی کہتی ہین کہ قوم لوحانی کی شاخین جیسا کہ کٹی خیل وغیرہ دولت خیل اور میان خیل مروت تتور وغیرہ قبل از سکونت ٹانک سب بطور پوندگان مالدار تھی اور کچھہ تجارت کا پیشہ بھی رکھتے تھے اگرچہ اکثر قیام اونکا علاقہ کٹہ واز مین تھا جسکے جنوبی حصہ مین کچھہ زمینات زرعی بھی انکی موجود تھے مگر کوہ واٹہ وغیرہ علاقہ ملحقہ مین جہان اچھی چراگاہ ملتی تھی وہان لوحانی کے مالدارونکی کیترو ہی جا لگتی تھی اور کبھی کبھی دامان علاقہ ٹانک کی طرف بھی زمستان گذارتی تھے جب کہ علاقہ کٹہ واز اوس تشریح سی جیسا کہ قوم مروت کی حال مین لکھے گئی ہی قوم سلیمان خیل غلزاہی نے لوحانیونسی لیلیا تب سی تابستان واٹہ مین اور زمستان دامان ٹانک پر انکی آمد و رفت ہونی لگی اور ہر ایک اقوام لوحانی ایک شخص رئیس قوم بنام نہاد خان کہتے تھے اوس خان کی تحت مین ملکان و معتبران ہر خیل اور زائی کی ہوتی تھے کہ باتفاق رای خان و ملکان بندوبست امورات اوس قوم کا ہوتا تھا مگر تمام قوم لوحانی کی سرداری اور خانی تعلق بہ خاندان کٹی خیل تھے جو دولت خیل کی ایک شاخ ہی کہتی ہین کہ قبل از قوم دولت خیل وغیرہ علاقہ ٹانک مین قوم پڑنگی شاخ لودہی سکونت پذیر تھی اور زمیندار اور مالک ٹانک کی بھی وہ ہی تھی اور چونکہ پوندگان اقوام لوحانی بموسم زمستان بعلاقہ ٹانک فرو کش ہوتی تھی اور اکثر اوقات اونکی مال موہشی سی زراعت تلفی پڑنگیان واقع ہوتی تھی اور نوبت بنزاع و شرارت پہونچکر باعث دشمنی شدید فریقین کی ہوئی آخر بعہد **محمد بابر بادشاہ** جب خاندان پڑنگی وغیرہ مغضوب سلطاسنے ہوئے اوس وقت خاندان کٹی خیل سے **شہباز خان** نے جو مخاطب بہ **خان زمان** تھا کل شاخہای لوحانی یعنی دولت خیل تتور میان خیل مروت وغیرہ کو اپنی ساتھہ بمصلاح و متفق کرکی داعیہ غصب ملک ٹانک پڑنگیونسی مصمم کرکے تمام لوحانی کا لشکر جمع کیا اور دیگر پوندہ قومون سی بھی جو پڑنگیان سکنہ ٹانک سی تنگ تھی مدد لیکر قوم پڑنگی سکنہ ٹانک اور روڑی پر حملہ کیا چند لڑائیونکی بعد لوحانی زیر سرداری **شہباز خان خانزمان** کے

جاگیر مین واپس گیا اور اوسکی معاند بہائی **سلیمان** اور احمد **محمد خان** سور حاکم جونپور کی پاس بہ دعواہ
گئی جب **ابراہیم شاہ** لودی **محمد بابر بادشاہ** سے لڑکر بمقام پانی پت مارا گیا اور **بہار خان** ولد
**دریا خان** لوحانی نے جو ابراہیم شاہ کیجانب سے حکومت ملک بہار رکہتا تہا خودسرنے اختیار کرکے
**سلطان محمد** اپنا خطاب کیا **فرید ابن حسن** سلطان محمد کی سرکار مین جاکر ملازم ہوا ایکروز اوسکی ہمرکاب
شکار مین گیا تہا شکارگاہ سے ناگاہ شیر ظاہر ہوا فرید نے اوسکی مقابل ہوکر بہ زخم شمشیر ہلاک کیا اور اوسی سے
**سلطان محمد** نے خوش ہوکر فرید کو بخطاب **شیر خان** بلند آوازکیا اور نوازش روز افزون سے بڑہی درجہ کو
پہونچا اور سلطان محمد نے لایق دیکہکر اپنی چہوٹے فرزند **جلال خان** کی اتالیقی اوسکی تفویض کری چندمدت
کی بعد شیر خان رخصت لیکر اپنی جاگیر مین آیا اور جب میعاد رخصت پر واپس نگیا تو **محمد خان** حاکم جونپور
نے موقع پاکر **سلطان محمد** سے **سلیمان** اور احمد برادران بمفرور شیر خان کی سفارش کری اور اجازت
پاکر اول شیر خان کو واسطے تقسیم کرونیے حصہ جاگیر کہلا بہیجا جب اوسنے منظور نکیا تو فوج کشی کرکے شیر خان کو پہلے
حملہ مین بیدخل کردیا مگر شیر خان صاحب عزم سردار نے **جُنَید بَرلاس** سے جو ایک میران بابری مین سے
تہا مدد لیکر پہر اپنی جاگیر بزور شمشیر چہین لی پہر تو روز بروز اپنی قوت بڑہانے لگا اور لشکر کثیر افغانی
نوکر رکہکر داعیہ سلطنت گیری ہندوستان کرکے **ہمایون ابن بابر بادشاہ** پر غالب آیا اور حضرت
اعلی اور **شیر شاہ** اپنا خطاب کرکے تخت نشین ہندوستان ہوا مفصل قصہ ان واقعات کا تاریخ فرشتہ
مین درج ہی آخر قلعہ کالنجر کی فتح کرنے مین مصروف تہا کہ حقہ بارودی نے آگ لی اور اوس شعلہ جانستان سے
شیر شاہ معہ **شیخ خلیل** مرشد اپنی کے اور **ملا نظام دانشمند** اور **دریا خان** سروانی جل گئی اور لشکر شاہی
نے اپنی بادشاہ کا یہ حال دیکہکر بہ جرات تمام اوسی روز قلعہ کو فتح کرلیا فتح کی خبر پاکر بتاریخ بارہوین ربیع الاول
سنہ ۹۵۲ ہجری مین شیر شاہ نے جان بحق تسلیم کری چودہ سال امارت اور چہہ سال بادشاہی کی عقل و تدبیر
صایب اوسکی مشہور ہین رفاہ عام مین بہت مصرف تہا واسطی آرام مسافران بنگالہ سے لیکر دریائی سندہ تک
ہر پانچ کروہ مین شارع عام پر سرائی پختہ معہ چاہ و مسجد تعمیر کرائی کہ ابتک اکثر جگہہ وہ سرائین موجود ہین ❊

## سلیم شاہ

جب شیر شاہ فوت ہوا تو **عادلخان** اوسکا بڑا بیٹا ولیعہد دور تہا **عیسی خان** حاجب اور دیگر امرا کے
مصلحت سے **جلال خان** چہوٹا فرزند **شیر شاہ** کا جو نزدیک تہا بخطاب **اسلام شاہ** تخت نشین

صاحبقران انتقال پایا ایام بادشاہی سلطان ابراہیم لودی کی نہٹ برس تہی بعد ابراہیم کے پہر کوئی شخص خاندان پڑنگی سے بادشاہ نہین ہوا

## حال قوم سوری

شجرہ کو دیکہو جس سے معلوم ہوگا کہ پڑنگی ابن سیانی کا دوسرا بہائی اسمعیل تہا اسمعیل کے تین پسر ونمین سے سنوز پہلا بیٹا تہا جسکی نسل سنوز خواہ سنوری کہلاتی ہے لفظ سنوز کا معنی پشتو کی زبان سے مسنخ نکلتا ہے الغرض سنوز کا خاندان پڑنگی کے ساتہہ دامان پر آباد تہا اور یہان سے متفرق ہوکر ہندوستان اور افغانستان مین آباد ہوئی گرچہ ابتک چند گہر پڑنگی اور سوری خاندان کی دامان کے علاقہ مین رہتے ہین اور علاقہ چہچہ ضلع راولپنڈی مین بہی قریب تیس گہر لودیونکی آباد ہین مگر افغانستان مین یہہ خاندان قریب نابودی کے ہے ❊

## ذکر شیر شاہ سنور

سور کی خاندان کو سرخرو اور روشن کرنیوالہ شیر شاہ سور تہا جسنی بہت خوبی اور انتظام کے ساتہہ سلطنت ہند کری شجرہ نسب اس خاندان کا شیر شاہ کے نبیرہ سے لیکر اوپر لودی تک مشرح شاخوار درج ہوچکا ہی شیر شاہ کی سلطنت گیری اور اس خاندان کا ہندوستان مین آنے کا حال اسطرح پر ہے کہ بعہد سلطنت سلطان بہلول پڑنگی لودی اکثر افغان بموجب فرمان بہلول جہت نوکری ہندوستان مین آئے تہی اوسوقت ابراہیم سنور دادا شیر شاہ کا معہ اپنی فرزند موسوم حسن کے بشوق نوکری ملک روہ یعنی کوہستان حصہ شرقی افغانستان سے ہندوستان مین آیا اور امیران بہلول مین سے ایک امیر کے پاس نوکر ہوکر چند عرصہ حصار فیروزہ مین جسکو اب ہمارے عصر مین صرف حصار کہتی ہین اور چند مدت پرگنہ نارنول مین رہا حسن ابن ابراہیم چند عرصہ بجواڑہ مین مٹہی خان کی توسل سے رہا اور سلطان بہلول کے عصر مین حسن کو فرزند پیدا ہوا جسکا اسم فرید رکہا گیا سلطان سکندر لودی کی عہد مین جب جمال خان کو حکومت جونپور عطا ہوئی تو اوسنی حسن سنور کو بلازم قدیم اوسکا تہا رعایت کرکی سہسرام اور خواص پور ٹانڈہ جاگیر عطا کری اور پانسو سوار کا سردار بنایا حسن کے اٹہہ پسرون مین سی فرید اور نظام ایک والدہ سی تہی جنکی والدہ قوم افغان سی تہی اور دیگر فرزند اوسکی غیر از قوم افغانی کی بطن سی تہی حسن بجہلی عورت کی اپنا اک سبب سے فرید اپنی رشید پسر سے ناراض ہوگیا اور فرید آگرہ مین بتوسل دولتخان لودی کی ابراہیم شاہ کے حضور پہنچ گیا جب حسن فوت ہوگیا تو فرمان جاگیر پدری حاصل کرکے فرید اپنے

تخت نشین دہلی ہوا تب تو بہلول کے بخت نی توقف ناگوار سمجھکر جیتی کری **علاؤالدین** تو بداون
مین جاکر چاہ عشرت مین سرنگون ہوا اور بہلول بید از مغز **حسام خان** اور **حمید خان** کا فساد
مٹاکر بتاریخ ہفدہم ماہ ربیع الاول ۸۵۵ھ ہجری مطابق ۱۴۵۰ء تخت نشین دہلی ہوا اور **علاؤالدین** سست
مزاج نی بداون پر قناعت کرکی بہلول کو لکہا کہ میرے والد **سلطان محمد شاہ** نے تمکو اپنا فرزند کہا تہا
مین بہی اپنا بڑا بہائی سمجہتا ہون سلطنت تمہاری حوالہ ہی الغرض **بہلول** نے عنان سلطنت کو اپنی ہاتہ
مین لیکر سلطان اپنا خطاب کیا اور اشہب ہمت کو اکثر اضلاع چہار دانگ ہندوستان مین جولان کیا
بہت سرکش اور خودسر مطیع کرلئی اور واسطی تقویت اپنی کے جسقدر ممکن تہے افغانستان سے افغان
منگاکر اپنی فوج مین بہرتی کئی اور فرمان جاری کیا کہ جو افغان ہندوستان مین سوائی سپاہ گری کوئی اور
پیشہ کری تو اوسکا مال لوٹ لیا جاوی **بہلول** بڑا صاحب ہمت اور فہیم بادشاہ تہا **سلطان حسین**
جونپوری کی ساتہہ چند لڑائیان لڑا اور غالب آیا آخر کار اڑتیس ۳۸ برس کی سلطنت کی بعد ۸۹۴ھ ہجری مطابق
۱۴۸۸ء مین رخت ہستی اس جہان سے اوٹہا لیا تب اوسکا بیٹا **نظام خان**

## سلطان سکندر

کے خطاب سی جانشین اپنے باپ کا ہوا نہایت دلیر اور مدبر صاحب وقار حلیم اور کریم تہا اٹہائیس برس اور
پنجماہ سلطنت کرکے راہی عالم بقا ہوا۔

## سلطان ابراہیم

بعد وفات سکندر کے ابراہیم خان بیٹا اوسکا بخطاب **سلطان ابراہیم بادشاہ** ہوا اوسکی بہائی
**جلال خان** نے اپنی آپ کو بادشاہ **جلال الدین** مشہور کرکی فساد مچایا دوسری طرف سی شاہزادہ
**عالم خان** ابن سلطان بہلول سلطان علاؤالدین اپنا لقب کرکے مدعی سلطنت کا ہوا جب تاب مقابلہ
ابراہیمی کی نہ لاسکا تو کابل مین **محمد بابر بادشاہ چغتہ** کے پاس چلا گیا اور ہندوستان مین اکثر امرا صاحب
رتبہ سلطان ابراہیم کی ناہمواری اور ایذارسانی سی تنگ کر دیئے خرابی اس خاندان کی ہوئی از انجملہ
دولت خان لودی حاکم لاہور نے علم مخالفت بلند کرکے **ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ** کو تحریص فتح
ہندوستان دیکر لایا اور بمقام پانی پت باہم **محمد بابر بادشاہ** اور سلطان ابراہیم خونخوار لڑائی ہوئی
جسمین بابر نے فتح حاصل کی اور ابراہیم اوس معرکہ جانستان مین مارا گیا اور بادشاہی دہلی وآگرہ کی بخاندان

# حال قوم لودی

شجرہ نسب دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ ابراہیم معروف لودی جسکی نسل سے یہہ قوم ہے شاہ حسین کا بیٹا تہا حسب و نسب شاہ حسین کے معہ وجہ تسمیہ لودی اسباب کی شروع مین درج ہو چکے ہین جیسا کہ شجرہ مین لکھا ہے اوس سے اِس مشہور قوم کے تین شاخ ہین سیانی نیازی دوتانی اب ہماری عصر مین یہہ قوم افغانستان کی زبردست قومون مین شمار نہین ہوتی خدا پاک کا شان ہے ایک وہ زمانہ تہا کہ اِس قوم مین سے چند بادشاہ تمام ہندوستان کی مالک ہو گذرے ہین اور اب یہہ لوگ مغلوب سمجھے جاتے ہین اُن اقوام افاغنہ کی تاریخ دریافت کرنے سے کہ جو زمانہ گذشتہ مین اکثر ہندوستان کے طرف چلے گئے تہے معلوم ہوتا ہے کہ عموماً ایسی قومون کا زور افغانستان مین نہین رہا جسکی نظیر اِس قوم کے شاخون سے حاصل ہے فی الحال افغانستان مین سیانی ابن لودی کی اولاد سے شاخ لوحانی بہ نسبت دیگر شاخہای لودی کی تعداد اور استعداد مین فوقیت رکھتی ہے اوسکی بعد دوسرے درجہ پر قوم نیازی ہے مگر اس قوم کے لوگ سوای عیسی خیل اور سرہنگ کی باقی اکثر متفرق اور مغلوبانہ گذران رکھتے ہین دوتانی بہت تہوڑے ہین اب اِس قوم لودی کی ہر ایک شاخ مشہور کا حال تفصیل وار جہان تک دریافت ہو سکا ذیل مین درج ہے *

## شاخ پڑنگی

سیانی ابن لودی کے دو بیٹون سے پڑنگی بڑا بیٹا تہا جس سے یہہ شاخ چلی ہے ابتدا مین اس شاخ کے لوگ مغربی افغانستان مین آباد تہے وہان سے اوٹھ کر کوہ سلیمان سے مشرق علاقہ دامان مین بمقام ٹانک اور رورڑی آباد ہوئے بہت مدت تک اِس ملک پر قابض رہے تاوقتیکہ بعہد بابر شاہ قوم دولت خیل میا خیل و مروت وغیرہ شاخہار لوحانی نے جبراً و غصباً یہہ علاقہ اونسے لیلیا اکثر پڑنگی ماری گئی اور باقیماندہ متفرق ہو کر اپنی ہم قوم پڑنگیون کے پاس ہندوستان کے مختلف اضلاع مین جا آباد ہوئی فی الحال افغانستان مین پڑنگی قوم کا نام بہے کوئی شخص شاذ و نادر جانتا ہے مگر ہندوستان مین متفرق جگہہ بنام لودی افغان اِس قوم کی لوگ آباد ہین رتوپڑا اور لودیانہ اِس قوم کا آباد کردہ ہے دکہن مین بہے چند گہر اِس شاخ کے سُننے جاتے ہین وہ شخص جسکے سبب سے کل

شجرۂ نسب نیازے ابن لودی
زوجہ اول قوم سروانے
زوجہ سیوم قوم بیتنے
بابے
جمال
خاکو
ممیم
رکن
بگا
حیدر
سیابی
عیسے
گونڈے
آلا
تورا
نصر خیل
خان خیل
مرہیل
مجے
مام
نازخیل
سبل
اکاخیل
اسماعیل
لیلے
مرہم
سود
سربنگ
خرم
سبل
دولت خیل
جدار
جام
عمر
علی خیل
شادی خیل
سنجر
یسن خیل
سمعیل خیل
مجن خیل
سیکو

شجرہ نسب
نوحانی
ابن اسمٰعیل
اسکا نام پہلے نوح تھا جسکے نسل کو بجائے نوحانی کی لوحانی کہتے ہیں
زوجہ اول مسماۃ شیرے
زوجہ دوم مسماۃ تورے
مروت
اسکا مفصل شجرہ نسب اور حال تاریخ ضلع بنون حصہ سیوم اس کتاب میں درج ہے
ماخیل
میانخیل
تتور
ہود
دولت خیل
حسن خیل
حیدر خیل
یعقوب خیل
اسوخیل
موسیٰ خیل
عیسیٰ خان
موسیٰ زے
سنڈو زے
پلنگ
اسمٰعیل
زکو
شادی خیل
سید خیل
شاہی خیل
ملاخیل
لقمان
تاجی زے
بندر زے
نارو خیل
غلام خیل
جلیل خیل
علیخان خیل
قمر خیل
زکوڑے
وڑوکے
اباخیل
اکاخیل
عمرزی
موسیٰ زے
برزخیل
جلال خان
موسیٰ خان
یحییٰ زے
بہدین
خواجہ خضر
موسیٰ خان
دولت خان
شہباز خان
غازی خان
حیات خان
محمد خان
شیر خان
دلیل خان
بہادر خان
عزت خان
سلیم خان
قتال خان
ضمیر خان
صاحب خان
سرور خان
اکبر خان
شہباز خان
ہیبت خان

شجرہ نسب
اسمٰعیل
بن سیانی
شجرہ نسب
لوحانی
داؤد خیل
شادی خیل
دولت خیل
بہرام
محمد
محمود
شیر
خواجہ
ابراہیم
حسن
سلیمان
احمد
نظام
علی
یوسف

# شجرہ نسب ابراہیم معروف لودی ابن شاہ حسین

پرنگی ۴ · اسمعیل ۴ · سیانی ۳ · نیازے ۳ · دوتانی ۳ · حسن خیل ۴ · عمرزی ۴

اوریکا · اوریکا

ازند ۵ · زیتون خیل · دیڈے · عمرخیل · اندر · رانڈی · ترغندی · مدرخیل · سدوخیل

شاہوخیل · یوسف خیل · اسحاق · سرک · سمور · تورہ · ابراہیم خیل · بدین خیل · احمدزے · نسوخیل

سک

وغیرہ

اسحاق زے · ابوسعید خیل · سیدو خیل · حسن زی · توجی خیل · محموزی · سرکی زی · رانا خیل · محمد خیل

زوجہ فرزندان یوسف خیل

شیخ زی · موسنزی · یوسف خیل · پایزوخیل · عمرزے · نسو · ملک بیو · تاج الدین

اسکی نسل بائی خیل ہے

یسین خیل · احمد خیل · انجی · جبیر · مانی · بہدین · سموخان · علاؤالدین · غورے

محموخیل · مرچی خیل · بہرام · ملک احمد · میرعلے · نکرالدین · فیروزشاہ · دولت خیل · رستم خیل

اسکے نسل سے خانجہان لودی تہاجو مولف مخزن افغانی ہے

ملک کالا · سلطان شاہ · فیروز · ملک محمد · ملک خواجہ · محمد خانی · تتارخانی

فیروز ۱۱ · سلطان بہلول · محمد ۱۱

بادشاہ ہند ہوا سنہ ۸۵۵ ہجری میں

سلطان ابراہیم

بار بک شاہ · مبارک خان · عالم خان · سلطان سکندر · جمال خان · یعقوب · فتح خان · موسی خان

اسکا اصلی نام نظام خان تہا

محمود خان · شیخ زادہ خان · جلال خان · حسین خان · اسمعیل خان · اعظم ہمایون

لودی

سک

توجی خیل · محموزے

احمد خیل · سیدے خیل · گدائی خیل · ذکریا خیل · الف خیل

بدنشین جباکہ خروٹی پوندون نے اپنی ہمت اور عزم سے کام تجارت مین دولت حاصل کرنی شروع کی لیا
ہی پوندون کی تعداد بڑہتی گئی مگر تاہم مستقل سکونت والی خروٹی بہ نسبت پوندہ خروٹیون کے
زیادہ ہین فی الحال پوندہ خروٹی بجز ہمقومی اور کچہہ خروٹی کی ملک سے غرض نہین رکہتی اور یہہ لوگ
جب دامان اور دیگر شرقی ملکون سے واپس جاتی ہین تو خروٹی کے ملک مین نہین جاتی بلکہ مغربی
افغانستان مین بعلاقہ شلگر نواح غزنین وغیرہ کو چلے جاتی ہین اور مال تجارت لیکر جریدہ مرد دور
کے ملکونمین روانہ ہوتی ہین اور کنیزدی اور عیال اطفال معہ رمہ اور مویشی مواقع مناسب پر جہان
اچہے چراگاہ ہورہتی ہین اونکو دوشروال یعنی شتروار کہتی ہین انکی تجارت کا حال پہلے باب مین درج
ہوچکا ہی یہان صرف اسقدر لکہنا باقی ہی کہ خروٹی پوندہ اب تجارت کی معاملہ مین خوب مشہور ہوتی
جاتی ہین اور دولتمندی مین بہہ اچہی ترقی حاصل کی ہی فی الحال خروٹیون کے مشہور ملک سے

روشن خان ابن شادی خان شاموخیل زکوخیل اور سرورخان بن حکومت خان الوخیل

علاوہ اسکی پوندہ خروٹیون مین احمد خان اور محامد اور نظر شاہ اور عمر خان اور کریم خان
ملک ہین اور پوندہ خروٹیون کا دستور اکثر مطابق ناصر پوندون کی ہے +

## قوم خدوزی

یہہ قوم اکثر علاقہ مُقُر مین شامل علی خیل غلزی کی آبادی ہی اور مقر مین اپنی حصہ کا ملک رکہتی ہین اور متصل
شہر قندہار دہہ خوجہ مین بہی تخمیناً دو سو گھر اس قوم کا ہی یہہ لوگ اپنی تئین کبہی سید کہتی ہین کبہی پوپلزئے
درانی اور کبہی غلزی غالباً شاخ غلزی کی معلوم ہوتی ہی مگر سلسلہ نسب اسکا اوپر تک نہین ملتا کل
افغانستان مین قریب دو ہزار گہر اس قوم کی ہونگی اور پیشہ زمینداری رکہتی ہین +

## قوم زمریانی

یہہ قوم استانہ قوم توخی کا ہی اور اپنی تئین سید سمجہتے ہین اکثر یہہ لوگ توخی کی ملک مین رہتی ہین
مگر کابل سے قندہار تک متفرق ایک دو گہر اکثر جگہ رہتی ہین پیشہ زمینداری اور بعضی تجارت اور
نوکری بہی کرتی ہین کل افغانستان مین قریب ایک ہزار گہر اس قوم کا ہوگا اور نیک چلن قوم ہے
ملازمی اور تجارت بھی کرتے ہر دو پیشہ مین ترقی اور دولتمندی پاتی ہین +

## بیت پشتو

بدل برملی پنعلہ بجل چینئہ پر پشیبہ شمس الدین وائی حماوہ قمروائی حماہ پغیبرلاشکن الشیہ

## جسکا معنی اور مرادیہہ ہی کہ

برملی مراد علاقہ برمل دوشیزہ دختری زلفین چہوڑی ہوی یعنی آراستہ ہی شمس الدین یعنی خروٹی کہتی ہین کہ ہمارا ہی اور قمر ملک وزیران کہتا ہی کہ میری بغل مین رکہی ہوی یعنی میری قبضہ مین ہی آخر اسی تکرار پر باہم وزیری اور خروٹی لڑای ہوی اوس لڑای مین شاخ مازرک کو خروٹیون نے اپنی شامل نکیا آخر وزیروں سی شکست کہائی اور تب مازرک سی مددخواہ ہوی کہ اس معاملہ مین یہہ ایک پشتو کا فرد ہی تب سی مازرک کی شاخ نی علیحدہ نام حاصل کیا پیر ملی اور جدران سی بہی بباعث ہمسایہ ہونیکے اونکی سخت دشمنی ہی مستقل سکونت والی خروٹیون کو بسبب موسم اپنی ملک کے لازم ہے کہ وہ کچہہ کام زمستان مین نکرین خزان کی اخیر سی پہلے یہہ لوگ ہیمہ سوختنی کا ذخیرہ جمع کرتی ہین اور سرما مین اونکا صرف یہہ کام ہی کہ برف اپنی چہتون سی دور کرتے ہین یا ایک گہر سی دوسری گہر کو جانیکا راستہ برف ہٹاکر بناتی ہین اونہین سی جو خروٹی غریب ہین اور چارماہ کی سختی نہین اوٹہا سکتی تو وہ گرم ملک کو جاتی ہین اور اپنی ساتہہ سب بیل ورشتر اکثر لوگون کی لیجاتی ہین یہہ لوگ وادی گومل کے جنوب تک جاتی ہین اور برمل اور وانہ کیطرف ہی آتی ہین بہار کے موسم مین پہر اپنی جگہ کو واپس چلی جاتی ہین پیونده لوگ انکو غوایوال خروٹی یعنی گاودار کہتی ہین ابتدامین تین سو گہرنے اپنی حصہ زمین کو چہوڑ دیا تہا اور وہ مثل ناصرون کی پیوندہ ہو گئے تہی یہہ عمل تخمیناً ستر برس سی ہوا خروٹی لوگ پہلے وقت پیوندہ گری اختیار کرنیکا سبب یہہ تبلاتی ہین کہ بسبب تنگ ملک ہونے نکلے اور پہاڑ گرد نواح کے وہ آبادی کی ترقی نہین کرسکتے تہے اور بباعث سایہ درختان جو اونکی پہاڑ پر بکثرت ہین اونکے مویشی کے واسطے گہاس اور چارہ کافی میسر نہین ہوسکتا تہا جب اونکی قوم زیادہ ہوی تو بباعث تنگی زمین وہ تنگ آئی کیونکہ ہر ایک آدمی کی میراث اوسکے نرینہ اولاد مین بموجب حصص شرعی تقسیم ہوتے تہے اور وہ حصہ قلیل ہونے کے سبب سی ہر ایک شخص کے گذارہ کی واسطے کافی نہین تہا اسواسطے بہت لوگ اپنی زمین اپنی بہائیون کی واسطے چہوڑ کر چرای اور پیوندہ گری کی کام مین مصروف ہوئے

## ذکر قوم خروٹی

یہہ لوگ اپنی تئین غلزئی کی شاخ سمجھتے ہین اور اونمین سے بعضے کہتے ہین کہ ہم قوم توخی سے علحدہ ہوئی
مگر غلزئی اس قوم کو قبول نہین کرتے اور وہ اسطرح قصہ کرتے ہین کہ **سہاک** اور **ایزب** دونون
ایک روز راستے پر جاتی تھے آگے سے ایک خر پر بار بلا مالک آتا ہوا نظر پڑا **ایزب** نے کہا کہ خر میرا ہے اور
**سہاک** نے کہا کہ بار یعنی بوجھہ میرا ہے جب اوسکو دیکہا تو اوس بار مین ایکطرف نان آرد جو اور دوسری طرف
ایک لڑکا شیر خوار معصوم پایا **سہاک** اوسکو گھر لایا اور بلحاظ بار خر اور شمولیت نان جو جسکو زبان
پشتو روٹہ کہتے ہین خر روٹہ اوس معصوم کا نام رکہا جب بالغ ہوا تو اپنے خاندان کی کسی دختر سے
شادی کرا دی اوسکے شکم سے خروٹہ کے تین پسر ہوئے جنکی اولاد کا شاخ وار شجرہ اوپر مندرج ہے نظر
اسمیت مورث اعلے مجمعاً اس قوم کو **خروٹی** کہتے ہین اس قوم کی تعداد تخمیناً چھہ ہزار گھر بیان
کرتے ہین خروٹی لوگ اون پہاڑون مین رہتے ہین جو **کتہ واز** کی شرق کیطرف کوہ سلیمان کے متعلق
کوہ برمل تک ہین خروٹی کی ملک کا ایک حصہ علاقہ **فرزگون** ہے جسمین برمولی خواہ برملی قوم تاجک
کی ایک شاخ رہتی ہے **خروٹی قوم** کے قبضہ مین بعضے تنگ میدان ہین جسکے بیچ اونچے اور سخت پہاڑ ہین
اونکی چار بڑے گانو ہین جن مین سے **سر روضہ** سب سے بڑی ہین پانسو گھر ہین سواے پیوند و خروٹی
کی باقی اکثر خروٹی زمینداری کا کام کرتے ہین اونکا زرعی وغیرہ ملک اگرچہ کتہ واز سے اچھا ہے مگر سال
مین صرف ایک فصل ہوتا ہے اور برف کے نیچے مین ماہ زمستان مین رہتا ہے قلبہ رانی نر اور مادہ گاو
سے کرتے ہین اور بسبب پہاڑی ملک ہونیکے بہیڑ سے بکری کے رمہ زیادہ رکہتے ہین اور اونکے پاس
شتر بھی بہت ہین جو میدان مین چرتے ہین اکثر امورات مین جنوبی سلیمان خیلون کیطرح ہین مگر پیوند
خروٹی مطابق دیگر پیوند ونکے ہوتے ہین اور زبان مین بھی فرق ہے قوم وزیری اور جدران اور برملی
کے ساتھہ اونکی سخت دشمنی ہے قوم وزیری اور خروٹی کے باہم **مابہ النزاع** علاقہ برمل ہے اس پہاڑ
کی تکرار ہمیشہ وزیری اور خروٹی مین چھیڑ چھاڑ اور کشت و خون ہوتی ہے بنیاد اس فساد کی عصر **احمد شاہ ابدالی**
مین اوٹھی کہتے ہین کہ اوسوقت قوم وزیری کا ملک سنے **قنبر شاخ توجیا خیل** سے تہا اور خروٹی کا
ملک **شمس الدین** نام تہا خروٹی کہتے تہے کہ برمل ہمارا ہے اور وزیر کہتے تہے کہ ہم قابض ہین اور جبکہ نزاع
حد صلاح سے گذر گئی تو پشتو مین ایک مضمون منظوم بنایا گیا جو واسطے تشریح حال کے یہان درج کیا جاتا ہے

شجرۂ نسب
خروٹی
اسند
شامو خیل
سلیمان زی
زکو خیل
ادیہ خیل
الو خیل
ادو خیل
خدر خیل
زادی خیل
جمال زی
تورہ زی
مالی خیل
للی خیل
خرموزی
ژونیا خیل
حضر خیل
نورادین
بدین
کاکل زی
شہاب دین
کرابدین
متو خیل
میرخان خیل
مائزک
گوندیبے
غیبی خیل
مری کت خیل
خوایداد خیل
عباس خیل
شہباز خیل
حریف خیل
باجو خیل
بہرام خیل
بناس خیل
یحیی زی
سوٹ خیل
سوران خیل
بی زی
مدو خیل
یبون خیل
سندر خیل
شاہ توری
غوری خیل
علی خیل
وری بلای
پنجو خیل
کریم خیل
دولت خیل
علی زی
خاور گاڑی
ازغر خیل
بہادر خیل
نوروز خیل
شالی خیل
ناور خیل
مالیک خیل
وارو خیل
اشرف خیل
بابو خیل
شادی خیل
طاؤس خیل
شریک خیل
عیسے خیل
ہارون خیل
نوروز خیل
غیبی خیل
لاجمیر خیل
صاف خیل
شادی زی
لانجی خیل
حیدر زی
سلطان خیل
بہرام خیل
گونده خیل
باندزی
شاہب خیل
بابر خیل
بنڈار خیل
باسنی
عنبر خیل
سید خیل
ممند خیل
موسی خیل
ترخیل
پشتا خیل
سہیک خیل
بروتے
عصمت خیل
شنکرداد خیل
علی دین خیل
لالی خیل
سنجہ خیل

تو قوم ناصر کی متفرق شاخونکی ملک ایکروز معین کرکی کسی موقعہ پر بڑی ملک یا خان کی پاس بطور جرگہ کے جمع ہوتی ہین اوس معرکہ مین یوم اور راستہ واپسی مقرر ہو کر یوم معینہ پر کثیر دمین گرگر اوسی طریق سی جیسا کہ آئی تھی بہار کے موسم مین واپس جاتی ہین اور یہہ ہی معمول اونکا ہمیشہ ہر سال ہتا ہی پیوندہ ناصر کا گذارہ تجارت اور اپنی مویشی سے ہوتا ہی اپنی بہیڈی کی اون سی کثیر دی اور گلیم اور گونی وغیرہ سامان ضروری بناتی ہین اور بہیڈی کی چمڑہ کی پوستین بہی بنائی جاتی ہے اور مادہ بہیڈی کے شیر سی مکہن اور پنیر اور قروت بہی بناتی ہین گوسفند کا گوشت ضیافت اور مہانداری کی وقت کام آتا ہی مالداری شتران وگاوان خصوص رمہ ہای بہیڈی انکے بہت ہین اور ہمیشہ اس خواہش اور تلاش مین رہتی ہین کہ اپنی مویشی کی خوراک بہم پہونچتی رہے ناصرونکی کثیر دئیین چہوٹی اور سبک ہوتی ہین ہوا اونکے گہر کی جایداد بوقت کوچ سوائی مویشی کے یہہ ہی ایک دو جوڑہ پوشاک کی اور آرد کے گونی اور ایکدو مسی اور مٹی کے برتن اونکی پوشاک مشرقی اور مغربی افغانونکی مابین ہی اس قوم کی لوگ اکثر میانہ قد گندم گون بدنقش ہوتی ہین مگر بعض بر عکس وسکے بے آزار اور راست باز مخلوق ہی خان اور ملک کلان کا اختیار بہت نہیں لوگ عبد الرحیم خان ہوتک کی وقت سی کچہہ محصول ہوتک کی خان کو دیتی ہین پیوندہ ناصرون کا بڑا ملک شاہزاد خان ایک نیکبخت آدمی تہا جو سال حال مین مرگیا مدت خان اور اللہ داد خان میر عالم خان دوست محمد خان وغیرہ بہی ملک ہین +

حال قوم خروٹی

مین شامل ہوجاتی ہین اور کبھی کبھی پہلی پیچھی جاتی کی تکرار پر لڑ پڑتی ہین آخر یہہ مجمع معہ گلہ مویشی اور رمہ اور
آدمی اور کثیر دیونکی کنزور مین پہونچتی ہین پہلے وقت مین اس مجمع کی تعداد تیس ہزار تک پہونچ جاتی
تہے مگر فی الحال عموما ہر ایک قوم پوینده کی اپنی اپنی علحده گروہون مین آتی ہی اسواسطی اتنی لوگ ایک
جگہ جمع نہین ہوتی الغرض دن کیوقت یہہ لوگ واسطے چرائی مویشی کے پہیل جاتی ہین اور رات کو حفاظت کے
تمام جمع رہتی ہین ہر قوم کا چلوپتی واسطی انتظام مقرر ہوکر دامان کیطرف کوچ کرتی ہین اوسوقت وزیری
لوگ انکی لوٹنی کی تیاری کرتے ہین اور اپنی پہاڑون مین اونکی گذر کے قریب جمع ہوتی ہین اور ایک
یا چند جاسوس اونچی پہاڑ پر پوندون کا کاروان دیکہنے کے واسطے بیٹہاتی ہین جب قافلہ نظر آیا تو
گروہ سارقان وزیری بارادہ غارت مال ناصرون پر حملہ کرتی ہین اور جسقدر خرابی اور نقصان پہونچا
سکین دریغ نہین کرتی اون خطرناک ایام مین جو یہہ معاملہ ہفتہ عشرہ تک رہتا ہی ناصر لوگ ہمیشہ تیار رہتے
ہین اور چلوپتی خانگی تکرار ونکو بند کرکے باہر کے غنیم کا حملہ روکنے کیواسطی بیدار رہتی ہین تمام قوم شامل
رہتی ہی اور چلوپتی آدمی منتخب کرتے ہین واسطے حفاظت راست اور چپ اور سامہنے اور پیچہے کے اور یہہ
گروہ محافظان اکثر پیادہ اور کوئی سوار نوبت بنوبت مستعد رہتی ہین اور باقی ناصر مرد اور زن
مویشی کے گلہ اور رمہ کو ہانکتی ہین اور سب مرد مسلح واسطی مقابلہ حملہ غنیم تیار رہتی ہین مگر وزیری
لوٹیری ہرسال سنگاہین خفیف نقصان پہونچانے سے درگذر نہین کرتی اور ناصر بلکہ کل پوینده لوگونکی
سخت دشمن ہین اسطرح غنیم کے ملک سے اکثر براستہ درہ گزر گئی باہر نکلکر میدان دامان پر پہلے جاتے
ہین دامان پر ہر قبیلہ کی اپنی اپنی جگہ ہی جہان اوسکو زمستان مین قیام کرنا ہوتا ہی چرائی کے
واسطی جہان اچھے چراگاہ ملے وہان اپنی مویشی کی گلے اور رمہ لیجاتے ہین اب اونکا وقت بیکام اور بیفکر
گذرتا ہی اور سرکار انگریزی کی حسن انتظام کی امن ہی اونکو آرام ملتا ہی ایسی بیکاریکی حالتمین شکار کا
شغل کرتے ہین عورات سب کام کرتی ہین روٹی پکانا اور پانی لانا اور دیگر خانہ داری کی معمولی
کامون کے سوای لکڑی ہیمہ سوختنی لانا اور کثیر دیکہ کھڑا کرنا بھی عورات کی ذمہ ہی مردمان کا کام
صرف یہہ ہی کہ بہیڑی اور شتران اور مویشی کی گلے چرانے اس کام کے واسطے تہوڑے سے آدمی کافی ہوتے
ہین ناصرون کی تجارت کا حال پہلی حصہ مین شامل حالہ پوندگان درج ہوچکا ہی قوم ناصر کی عورات
اکثر مستورہ ہوتی ہین حسن بھی اچہا ہی جب زمستان گذرچکا اور کوہ تخت سلیمان کی برف پہگل گئی

## ذکر قوم ناصر

شجرۂ نسب اِس قوم کا سلسلے ناصر انکے مورث اعلی تک جسقدر حاصل ہوسکا اوپر درج ہوچکا ہی ناصر لوگ
اپنی تئین غلزی کی شاخ سمجھکر قوم ہوتک سی شمولیت بیان کرتے ہین اور ہوتکی انکو اپنا رعیت بتلاتی
ہین نہ کہ ہمقوم مگر یہہ دونو ادعار غلط معلوم ہوتی ہین بعضے ناصر شاہ حسین غوری جو غلزی
اور لودی کا باپ تہا اوسکو اپنا مورث بتلاتی ہین اور بعضی سادات سی نسب ملاتی ہین ایسی اختلاف کی
حالتمین مولف بدون حالات موجودہ پورانے امورات کی نسبت کچہہ نہین لکہہ سکتا بعض لوگ کہتی
ہین کہ ناصر بلوچ کی قوم سی علحدہ ہوی ہین اگرچہ انکی زبان پشتو ہی اور افغانونمین خلط ہین مگر ونکا
چہرہ اور شکل افغانونکی خصوص غلزی کی موافق نہین ہی غالباً ایسا پایا جاتا ہی کہ یہہ قوم یا اسکا مورث
بطور وصلی قوم غلزی کی ساتھہ اکر شامل ہوا کل قوم ناصر کے پندرہ ہزار گہر شمار ہوتی ہین جنمین سی قلیل لوگ
علاقہ کوہ دامن نواح کابل مین بمقام کاہ درہ اور شکردرہ اور حاجی کک وغیرہ آباد ہین
اور مستقل سکونت رکہتی ہین اونمین سی خواجہ میرخان بڑا خان ہی اور قلندر بادشاہ ایک عالم فقیر
مشہور ہی باقی قریب کل کے جملہ قوم ناصر کی زمین نہین رکہتی اور ہمیشہ پوئندہ اور کوچی رہتی ہین بلحاظ
اونکی پوئندہ گری کا طریق جہانتک معلوم ہوسکا لکہا جاتا ہی بہار کے موسم مین دامان شرقی سی جاکر متفرق
ہوتک اور توخی کی ملک مین ہر ایک قبیلہ اپنی چند کیژدیان علحدہ لگا کر رہتی ہین اور مال تجارت قندہار
اور کابل وغیرہ اطراف مین لیجاکر فروخت کرتی ہین اور اپنی رموں سی برہ اور گوسفند لیجاکر بیچتی ہین اور
جب کہاس کی کمی ہوئی تو اکثر وسط تابستان مین ایک یا دو کیژدی کا ایک دیرہ بنکر بتلاش گہاس
بجہت چرائی گلہ مویشی اور رمہ چہوٹی چہوٹی منزلونمین مال چرائی کرتی ہین شروع خزان مین جرگہ جمع ہوکر
کیژدیمین اوکہاڑتی ہین اور گرم میدان یعنی دامان واقع ضلع دیرہ اسمعیل خان کیطرف کوچ کرتے ہین پہلے
کوچ کیوقت دو حصون مین منقسم ہوکر روانہ ہوتی ہین خان اور مشر قوم کی تجویز کرتے ہین کہ پہلے کونسا حصہ
روانہ ہو بعد طی کرنے چند منازل کے یہہ ہر دو حصے بمقام کنزور متصل گومل جمع ہوتی ہین اوسجگہ سب پوئندہ
لوگ دامان کیطرف جانی کیواسطی آتی ہین جب یہہ لوگ اپنی مغربی قرارگاہ سی روانہ ہوتی ہین تو غیر آباد
ملک سی گذرتی ہین جسمین سوای اپنی ہمراہیونکی اور کوئی نہین دیکہتے مگر جب کنزور کے نزدیک پہونچتی ہین
تو اکثر راستی دیگر اقوام کی مویشی کی گلون سی بند پاتی ہین بعضے وقت دو قوم کی رمہ اور گلہ تنگ راستہ

در محرابی ہوتی ہین ایک مغربی امام کا دوسرا مشرقی قلمیان کا +

شجرہ نسب

ناصر

سپینکے — ترہ کے — سپورکے — مندیے

داؤد خیل — اتمان خیل — ملی زئی

نسوخیل — عمرزے — مروت — موسے — شادی زے — اوریا خیل

حبیب زے — دوشن خیل — جلال خیل — بہادر خیل — نبو خیل — خلاک خیل — زنگی خیل — یحیی خیل — عالم بیگ خیل

کمال خیل — نعمت خیل

خدرزی — سید احمد خیل — مانک خیل — بوڑی خیل

## یادداشت

ایک ثقہ شخص قوم ناصر نے شجرۂ مندرجہ بالا لکھا کر بیان کیا کہ فی الحال قوم ناصر تین حصہ پر منقسم ہے تور ناصر عمرزی کو کہتے ہین سرہ یعنی سرخ ناصر نسوخیل کو کہتی ہین اور سپین یعنی سفید ناصر ملی زئی کی نسل ہی مگر راوی کہتا تہا کہ یہہ تسمیہ غلط مشہور ہی اصل مین سپین اور تور اور سور وہ تہے جو اوپر شجرہ مین لکہی گئے الا مواف اس معاملہ مین کچہہ زیادہ اطمینان کی ساتہہ نہین لکہہ سکتا البتہ تور یعنی سیاہ ناصر اور سرہ یعنی سرخ ناصر مشہور ہین +

اوپر لکہا گیا ہی فی الحال اگرچہ ظاہرا اونمین لڑائی نہین مگر دلونکی صفائی بھی نہین ہی سلیمان خیل
اور اندڑ کے باہم بہی دشمنی ہی اور شمالی سلیمان خیل قوم سہاک سی بھی کچھہ عداوت رکہتی ہین ممورنے
شاخ علی خیل اور یوسف خیل شاخ سہاک کی آپسمین پرانی دشمنی جو تکرار علاقہ خاوو ربا ہوئی تہی اوسکا
اثر ابتک چلا جاتا ہی علے ہذا القیاس ایک قوم کی ہی چہوٹی شاخین خانگی دشمنی سی خالی نہین ہین اگرچہ
بیرونی غنیم کے مقابلہ کے واسطے عموماً متفق ہوجاتی ہین مگر ایسی وقت مین ہی اونکی قلبی عداوت اپنی
دشمن کے نقصان پہونچانیمین کوتاہی نہین کرتی قوم غلزئی کا بیرونی زبردست غنیم درانی ہین جنگی
عداوت اور دشمنی کا حال اوپر لکہا گیا ہی مگر فی الحال درانی اور غلزئی کی باہم کوئی لڑائی جھگڑہ نہین امر
سوای درانی کی باقی غیر اقوام جو غلزئی کی ہمسوانہ ہین اونسی بھی کبھی کبھی لڑائی فساد ہوجاتا ہی غلزئی کی مرد
اچھے سپاہی ہوتی ہین لوگ کہتے ہین کہ بہ نسبت تعداد مردمان ایک ربع اسلحہ بندوق کم ہی بندوق زیادہ
بتی دار مگر چقماق بہی ہین تلوار ہر ایک مرد کی پاس ہوتی ہی اور بعضے پستول اور چہورا بہی رکہتی ہین اور
سوارون کے پاس نیزہ بہی ہوتا ہی شادی اور غمی کی دستورات اونکی باقی افغانون سی کچھہ بہت
مخالف نہین ہین روپیہ یا جنس لیکر دختر کا ناطہ کرتے ہین اور اس شیربہا و کا نام ولور لیتی ہین جب
نامزادی یعنی منگنی ہوچکی تو داماد اپنی خسر کے گھر مین آتا جاتا ہی اور اپنی منسوبہ کی ساتھہ رہتا ہی اور اس عجیب
رسم کو خیل بازی کہتی ہین بعضی وقت اس خیل بازی کا نتیجہ یہہ ہوتا ہی کہ دختر اپنی والدین کی گھر حاملہ یا صاحب
اولاد ہوجاتی ہی مگر اکثر ایسی حمل کو حرامی سمجھکر اسقاط کرادیتی ہین یا معصوم نوزائیدہ کو پارچہ مین لپیٹ
کر راستہ پر ڈال دیتی ہین تاکہ کوئی اور رہگذر شخص اوٹھا لیجاوی اور اگر بوقت نامزدی ایجاب قبول
شرعی ہوجاوی تو اوس اولاد کو ضایع نہین کرتے غلزئی لوگ ملا اور اخوند کی تابع ہوتی ہین سب سنی
مسلمان ہین تعصب بہت رکہتی ہین مگر احکام شرعی کو عوام اچھی طرح بجا نہین لاتی اور نماز روزہ کو صحرا
نشین غلزئی بہی کم ترک کرتی ہین اور ہر گانوئمین مسجد ہوتی ہی مگر مسجد کے پاس ایک نشست گاہ عوام
ہوتی ہی جسمین حقہ پینا وغیرہ بدعت مروجہ عامہ کو عیب نہین سمجھتے اوس نشست گاہ مین جو ہم دیوار مسجد
کے ہوتی ہی ہمیشہ سردی کی موسم مین آگ جلا کرتی ہی اور لوگ جمع رہتی ہین اور اسکو آتش خانہ کہتی ہین
درحقیقت وہ آتش خانہ بہی مسجد ہی صرف ایک فٹ اونچی دیواران مین حد فاصل ہے اور آتشخانہ مین
محراب قلیان رکہنی کی جگہہ بنی ہوئی ہوتی ہی چنانچہ غلزئیون کی نسبت کہا جاتا ہی کہ غلزئیون کی

## دستورات غلزئی

ایسی بڑی قوم مین جیسا کہ غلزئی ہی اور وسیع ملک مین پہیلی ہوئی آباد ہی ایک طرح کی رواج اور دستورات
کا ہونا کم ممکن ہی اسحال مین مختلف رواجات قوم وار لکہنی بہت ضروری ہی نہ سمجہہ کر ترک کئی گئی آئین
اور انتظام قوم غلزئی کا بالکل درانیون کی دستورات سی علحدہ ہی اس قوم کی خان اور ملکان کا
اختیار فی الحال ایسا نہین ہی جیسا کہ اقوام درانی کی سرخیل رکہتی ہین چند عرصہ پہلی اس سی قوم غلزئی کے
بہی بعضے خان بڑی صاحب اختیار ہو گذری ہین جیسا کہ شہاب الدین توخی عبدالرحیم
خان ہوتک مہتر موسی خان سلیمان خیل محمد شاہ خان جبار خیل عزیز خان
بابکر خیل و خانا احمدزی شاہجہان سلیمان خیل ومصطفے خان ترکی اور آدم و ماما
موسی خیل اور مولیداد خان اور خدای نظر خان ماما سہاک اور بہاول خان اندڑ
وغیرہ اب بہی انکی خاندانون مین معتبری اور عزت باقی ہی مگر مثل سابق امیر دوست محمد خان نے
انکا اختیار نہین چہوڑا انتخاب عہدہ ملکی اور خانی کیواسطی زیادہ تر لحاظ موروثیت کا ہی مگر امیر کابل
اور حکام موقعہ اوس خاندان مین سی زیادہ روپیہ دینی والی کو ترجیح دیتی ہین تربیت اور اخلاق اس قوم مین
اختلاف ہی صحرانشین اور پہاڑی اخلاق مین خراب ہین خصوص اکثر سلیمان خیل سارق اور رہزن اور
عہدشکن ہوتی ہین مگر لوہ گروالی اچہی ہین غلزئی جو کابل کے چار دہہ وغیرہ ملحق نواحات مین رہتی ہین
وہ محنتی اور اپنی امیر اور خان کی تابعدار ہین پوشاک اور بعضے دیگر دستورات مین کابل کے شہریون
سی موافق ہین خوراک مین گندم کی پتیری روٹی اور قروت اور روغن زرد اور لحم گوسفند زیادہ صرف
ہوتا ہی اور پوشاک مین عموما ایک فراخ آستین پیراہن اور اوسکے اوپر مثل قبا سینہ واز چوغہ خورد کی
طرح اونکا انگرکہا اوڑہتی ہین اور موسم سرما مین بہیڑی کی چمڑی کی طویل اور فراخ پوستین اکثر رکہتے
ہین سرپر خراسانی وضع چرکین کلاہ ہوتی ہی مگر متمول اور معتبر خاندان خصوص شہر کلان مین یا اونکی
قریب رہنی والی خوراک پوشاک اچہی رکہتی ہین آپسمین خانگی فساد اور پرخاش بہت ہی اونکی باہمی گوناگون
کی تفصیل لکہنی بہت طویل ہی مگر بڑی قومونکی دشمنی جتادینی ضرور ہی ہوتک اور توخی کی باہمی دشمنی کا حال

چہ چونگشی وای قرترکی وای مقر    چہ چونگشی وای غار ترکی وای قندہار

چونگش مینڈک یعنی بقہ کو کہتے ہین اس مثل کا معنی اور مراد یہہ ہی کہ جب مینڈک شروع موسم گرما مین قرکا آواز کرتی ہین تو ترکی قوم کی کوچی لوگونکو مقر اپنا وطن یاد آتا ہی اور ایلاق کیواسطی گرما مین واپس جاتی ہین اور جب مینڈک بسبب تاخت لشکر سرما غار کہتا ہی تو ترکی قشلاق کیواسطی قندہار جاتی ہین یہہ مثل مشہور عام ہی فی الحال محمود خان ولد خان ترکی اور زمان خان اور مارو خان اور مرتضےٰ خان اور میر احمد خان خان اور ملک کلان اس قوم کی ہین +

## اسحاق معروف سہاک

سہاک کی نسل کا شجرہ اوپر درج ہوچکا ہی کل تعداد قوم سہاک کی تخمیناً ہفت ہزار گھر تلائی مین سہاک کی شاخونمین سی یوسف خیل زیادہ ہین قوم سہاک کا تیسرا حصہ علاقہ خروار مین آباد ہی اور کچہہ زرمت مین بھی ہین باقی علاقہ لغمان اور یکتوت اور ننگار مین رہتی ہین اور کچہہ لغمان وغیرہ درہ جات جنوبی کوہ ہندوکش مین بھی ملتی ہین بعضے لوگ آندڑ اور ترکی کو پسران سہاک سی سمجھتے ہین مگر یہہ بات غلط صحیح ہے سہاک اندڑ اور ترکی کا بہای تہا +

## غلزئی جو دیگر ملکونمین متفرق ہین

سوای اون علاقجات مقبوضہ کی جنکی تفصیل قوم وار اوپر درج ہوچکی ہی کل افغانستان مین متفرق دو دو تین تین اور کم زیادہ ہر علاقہ کی اندر غلزئی پائی جاتی ہین اور یہہ لوگ بطور ہمسایہ کی متفرق ہین اور افغانستان سی باہر جیساکہ ترکستان اور ایران مین بہت غلزئی ہین ان ملکون مین اکثر نادرشاہ ایرانی کی وقت سی آباد ہوئی مگر ایران مین اپنی عروج کی وقت سی کچہہ ہکئی تہی اور بلخ مین ہژدہ نہری اکثر غلزئی ہین اور بخارا مین اوزبک کی فوج مین نوکر بھی ہین اور یہہ ترکستانی غلزئی راہ رسم اور خوراک پوشاک مین ٹہیک مطابق اوزبک کی ہوگئی ہین اور علاقہ نرمان شیر ملک کرمان اور خبیص اور اصفہان مین بھی چند سو گہر غلزیون کا سنا جاتا ہے اور کچہہ ہندوستان مین بھی ہین اور بیرونی غلزئی جن ممالک مین رہتی ہین وہان کی سکنائے کیطرح بود و باش مین ہوگئے ہین روم کی دارالسلطنت مین چند آدمی غلزئی داغستان سی جاکر آباد ہوئی الغرض کہ افغانی قومون مین سی اس قوم کی آدمی دور دراز ملکون مین نظر آتی ہین +

## آکاخیل

بہت تہوڑے ہی ہین اور انکا ملک مستقل سکونت والا کوئی نہین ہی بعضی مقر مین رہتی ہین اور اکثر پوندہ گری اور دوڑی یعنی گلیم بافی کرتے ہین اور جو پوندہ ہین وہ باربرداری کیواسطی نر گاؤ زیادہ رکہتی ہین اور دوڑی یعنی گلیم باف اکثر آکاخیل ہوتی ہین گویا اونکا موروثی پیشہ ہی اور سیاہ خانہ یعنی کیردی پوندگان اور جوال اور گونی وغیرہ ایسا سامان بہت بناتی ہین اور اس پیشہ سی بباعث اشیار احتیاجی پوندگان نفع اوٹہاتی ہین اور دیگر افغان اس پیشہ کو ذلیل سمجھتے ہین کاکڑ لوگ دوڑ کو پیشہ ور کہتی ہین اور جب کوئی شخص کاکڑ کو پیشہ ور کہی تو دشنام سی اس خطاب کو کم نہین سمجھتے کہتی ہین کہ آکاخیل کل افغانستان مین ایک ہزار گھر سی کچھہ کم ہونگی +

## اندڑ

یہہ قوم اکثر علاقہ شلگر نواحات جنوبی غزنین مین آباد ہی اور یہہ وسیع اور میدان علاقہ قریب کل کے اندڑ کے قبضہ مین ہی اور جا مرادمین کچھہ اندڑ رہتی ہین اور شاخ جلال زہی کچھہ ملک زرمت مین بھی آباد ہی ایک گاؤ اندڑ کا شیبا ملک توخی مین ہی کل تعداد اس قوم کی قریب اٹہارہ ہزار گھر کے بتلاتے ہین اندڑ کے شامل ایک شاخ اسمی موسی خیل قوم کاکڑ کا ہے سی بطور وصلی ہوگئی ہی کہتے ہین کہ کسی شخص موسی خیل کاکڑ نے اندڑ کی قوم سی شادی کری تہی اوسکی نسل سی یہہ موسی خیل ہوئی جنکی شاخون کا شجرہ اوپر درج ہوچکا ہے اکثر موسی خیل علاقہ واغز شلگر سی مغرب کیجانب متصل کوہ ہزارہ مین اور بعض بمقام پناہ محال گہر و شلگر سی جنوب رہتی ہین اور بطور ہمسایہ تمام افغانی مین ایک دو گھر رہتی ہین +

## ترکی

اس قوم کی بھی بندرہ ہزار گھر افغانستان مین ہین دو ثلث سی کچھہ زیادہ مستقل سکونت رکہتی ہین اور قریب ثلث ثالث کی کوچی رہتی ہین انکا اصلی ملک علاقہ مقر اور ناوہ ہی بہ نسبت تعداد قوم کی ملک مقبوضہ انکا تہوڑا ہی کیونکہ علاقہ مقر علی خیل اور خدو زہی کی قبضہ مین بہت ہی اس کمی اراضی کے سبب سی قریب ایک ثلث نی اس قوم سی رمہ داری اور گلہ بانی کا پیشہ اختیار کیا اس قوم کی کوچی لوگ شروع موسم خزان مین واسطی قشلاق کی قندہار کیطرف جاتی ہین اور بہار کے موسم مین واپس مقر کو آنا شروع کرتے ہین کہ اس آنی جانی کے سبب سے بزبان پشتو بہ نسبت قوم ترکی ایک مثل مشہور ہی جو ذیل مین درج کیجاتی

اور بتیس ہزار گھر کو بیان لکھتے ہین یہہ قوم غلزیونمین سی ایک جرار اور جنگجو فرقہ ہی اور ایک وسیع
ملک پر قابض ہین انکی شاخون کی تفصیل شجرہ نسب سی معلوم ہوگی انکی چار الوس مشہور ہین مگر بلحاظ
ملک مسکونہ وہ دو حصہ مین تقسیم ہوسکتے ہین یعنی جنوبی اور شمالی ان ہر دو حصہ مین سی جنوبی طرف مصر خیل
اور سمل زئی خواہ اسمعیل زئی پہلے درجہ کی ہین یہہ لوگ معہ دیگر شاخہا ملحقہ کے جنوبی حصہ مین اس تفصیل
سی رہتی ہین علاقہ کہٹہ واز مین آدین خیل تسوخیل قلندر خیل تکی خیل شاہ توری جلال زئی کلا خیل
محمود خیل متش خیل وغیرہ رہتی ہین اور نصف زرمت خصوص جنوبی حصہ زرمت کا سلیمان
خیلونکی قبضہ مین ہی اور علاقہ نانی غند متعلق کتہ واز بھی انسی پر ہی اور وازی خواہ و دیگر علاقجات
ملحقہ مین بھی متفرق رہتی ہین شمالی تقسیم مین ستانی زئی خواہ سلطان زئی اور احمد زئی پہلے درجہ
کی قومین ہین انمین سی ستانی زئی تعداد مین زیادہ ہی جسکی شاخین جبار خیل بابکر خیل کابل اور
جلال آباد کے راستہ پر رہزنی مین مشہور ہین بمقام تیمور غربی درہ لکندر اور تمام میدان کی علاقہ
مین جو کابل سی دو منزل مغرب ہے پیار وخیل آباد ہین اور تیزین اور جگدلک اور سرخ رود اور گندمک
بابکر خیل و جبار خیل اور نعمان مین بھی درہ علی شنگ مین کچہہ جبار خیل رہتے ہین جنکا مشہور سردار محمد
**شاہ خان** چند سال ہی مرگیا ہی اور اسیطرح نواح کی درہ جات اور علاقونمین یہہ قوم پہیلی ہوئی ہے
احمد زئی لوگ لوہ گر کے مشرقی حصہ مین اور **التمور** اور **سپیگہ** اور **سرخ آو** مین بدامن غربی کوہ
کبسر رہتی ہین مگر اپنی مویشی مشرق کیطرف جلال آباد تک چرانی کیواسطی لیجاتی ہین +

## علی خیل

جیساکہ شجرہ نسب مین درج ہی سلیمان کا دوسرا بہائی علی تہا جسکی نسل علی خیل کہلاتی ہی کل علی خیل کے
آٹھہ ہزار گھر شمار کرتے ہین علاقہ **زرمت یا زرمد** جسکو پشتو مین زرگل کہتے ہین نصف علی خیل کا
ہی باقی علاقہ **مقر** وغیرہ مین رہتی ہین اس قوم مین سی شاخ مندوزی کا ایک شعبہ **اسمعیل زئی**
جسکے وشکوفہ مین بنداخیل اور چندن خیل جنکو دری کوٹی بہی کہتے ہین علاقہ خوست مین انکے تخمینا چار
گھر ہونگے مقر کی علی خیلونمین خوب سوار ہوتی ہین اور اونکو شوق سواری بہت ہی علاوہ انکی اونہی
متفرق نواح کے علاقہ مین بلو ہمسائگی کچہہ رہتی ہین +

کیطرف متفرق کردیا کہ اونمین سی بخارا اور بلخ مین اور ماژندران اور آردبیل صوبہ ایران مین آباد ہین
فی الحال افغانستان ہین تخمیناً آٹھہ نو ہزار گھر ہوتکی قوم کے ہونگی اور یہہ قوم اکثر مرغہ اور دونو طرف
باری غزا اور سور غر یعنی کوہ سرخ مین رہتی ہین علیک زئی مرغہ اور اتاغر مین اور ملی زئی
کی شاخ گرد زئی زنگل اور غابولان ہین شعبہ برت زئی اور غنای ہین اور آکازئی خزنای اور سندہ
مین اور توون زئی بمقام سور ئی اور عمر زئی منداو مین رامی زئی آتاغر مین رہتی ہین اور یہہ ملک
ہوتک کا قندہار سی چار منزل مشرق شمالی اور قلات غلزئی سی ایک منزل طرف شرق جنوبی سی شروع
ہوتا ہی فی الحال اس قوم مین میر عالم خان نبیرہ زادہ عبد الرحیم خان ہوتک اور صمد خان
بڑی خان ہین اور اونکی ماتحت ہر شاخ مین چھوٹی ملک ہین +

## توخی

قوم توخی قبل از عروج خاندان ہوتک قوم غلزئی مین پہلے درجہ کی تہے اور سلطان ملخائی جو توخی کی
شاخ سی تھا کل توران قوم کا سردار ہو گذرا ہی مگر بسبب ترقی پاجانی خاندان ہوتک کی یہہ قوم دوسری
درجہ پر سمجھے گئی قوم توخی کی تعداد انرییل الفنسٹن صاحب بارہ ہزار گھر لکھتے ہین مگر مؤلف
کی تحقیقات سی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ فی الحال افغانستان مین پندرہ ہزار گھر سی کم اس قوم کی تعداد نہین
ہوگی توخی کی ملک مین مشہور جگہہ قلات غلزئی ہی توخی لوگ وادی ترنک مین پل سنگی سی لیکر علاقہ
شیبار تک اور اوسکی نواحات مین آباد ہین اور وادی ارغنداب کا شمالی حصہ ملحق ملک ہزارہ ہی
اور میزانہ توخی کی قبضہ مین ہی اور وادی ناوہ کی جنوبی اور بالائی حصہ مین اور خاکاک مین بھی کچھہ توخی
آباد ہین بابکر زئی جنگیر اور سر اسپ اور شاہ مردان اور ناوہ مین رہتی ہین اور باقی شمل زئی شیلبار
اور ہلتاغ اور سندان وغیرہ مین آباد ہین اور توخی کا ایک محلہ شہر کابل کے متصل دہ افغانان مین ہی منصور خان
فی الحال توخی کا معتبر خان ہی +

## سلیمان خیل

کل قوم غلزئی مین سی شاخ سلیمان خیل تعداد مین زیادہ ہی اکثر روایات سی سلیمان خیل کی تعداد درمیان
چالیس اور پچاس ہزار گھر کے پائی جاتی ہی بعضی ناواقف اونکو وسیع ملک پر پھیلے ہوی دیکھکر قریب ایک
لاکھہ خانہ سلیمان خیلون کا بیان کرتی ہین مگر یہہ غلط ہی انرییل الفنسٹن صاحب انکی تعداد تیس ۳۰

یورشمین توخی کو ایسا پایمال و کم زور کیا کہ لایق سرکشی کے نرہی اور شہاب الدین کی خاندان کی حیثیت
بہی بہت کم ہوگئی ہے سلمان خیل غلزیون پر وزیر محمد۲ اکبر خان اور خود امیر دوست محمد۲ خان نے
فوج بہیجکر بہت سی فتوحات حاصل کرین اور ایسی گوشمالی دی گئی کہ فی الحال باوجود کثرت تعداد ظاہرا
ارادہ بغاوت نہین کرسکتی اور نہ بمثل سابق کل قوم غلزی مین ایک کوئی رئیس کل ہی ہر شاخ مین
معتبر اور ملک بمثل رعیت کی ہین اور زر مالگذاری سب سے وصول کیجاتی ہے *

## تقسیم و تعداد قوم غلزی

اس قوم کو عوام الناس غلط مشہور غلجی بھی کہتے ہین جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی اور یہ سی قوم غلزی
دو حصہ مین منقسم ہی ایک توران دوسرا براہیم اور یہہ ہر دو نام غلزی کی دو نو پسر ونکی اسم سی اونکی
اولاد کو پہونچی ہین توران بڑا بیٹا تھا اوسکی اولاد پہلے درجہ کی قوم سمجھے جاتی ہی توران کی قوم دو شاخ
مین تقسیم ہوتی ہی ایک ہوتکی دوسری توخی ان دو شاخون سی شعبی اور شگوفی بہت نکلتی ہین جنکی
تفصیل شجرہ نسب سی ملی گی ابراہیم کے دو بیٹی تہے مگر اوسکے چہہ بیرونکی نام سے چہہ بڑی شاخین ابراہیم غلزی
کی مشہور ہین اس تفصیل سی سلمان خیل ـ علی خیل ـ اکا خیل یہہ ہر سہ شاخ مجمعا اپنی مورث
کے نام سی ایزب کہلاتی ہین چوتہے سہاک پانچوین اندڑ چھٹے ترکے انمین سی بھی آگے بہت شاخین
نکلتی ہین اونکی تفصیل جسقدر حاصل ہوئی شجرہ نسب مین ہر ایک شاخ کے ذیل مین درج کئے گئے مگر اونکے
سلسلہ ہوسکنے کی نسبت کامل اطمینان نہین ہی الا غالب کہ قریب صحت کی ہوگا حصول شجرہ نسب قوم
غلزی مین بہت کوشش کی گئی بلکہ مولوی محمد نسیم ہماری فرستادہ کو جو واسطی حصول شجرہ
مفصل اس قوم کے پہاڑ مین بہیجا گیا تہا خطرہ جان اور نقصان مال وتہانا پڑا ایسی لاچاریکی
حالتمین احتیاطاً گذارش ہے کہ اگر ناظرین کچھہ خفیف تفاوت الحاق شاخہا شجرہ غلزی ملاحظہ کرین
تو یہہ عذر یاد رکہین اب ہر ایک بڑی شاخ مندرجہ بالا کا حال معہ تعداد اور جای سکونت تفصیل وار
درج کیا جاویگا +

## ہوتک

غلزی کی قوم مین ہوتکی کی شاخ اس سبب سی پہلے درجہ کی سمجھی جاتی ہے کہ بادشاہ غلزیونکی اس شاخ
سی تہے ہوتک کی شاخ مین پہلے بہت لوگ تہی مگر بوقت زوال و انتقال سلطنت غلزی انکی تعداد بہت
کم ہوگئی نادر شاہ ایرانی نی بعد فتح قندہار پندرہ سو گہر اس قوم کا ترکستان و ایران اور ہندوستان

قندہار مین آکر ایک بہاری فوج درّانی کی معہ توپ اور شاہین ہمراہ لی اور قوم توخی غلزئی کی سرکوبی
کیواسطے روانہ ہوا مگر کچھہ فایدہ حاصل نہ کرسکا کیونکہ توخی لوگ زیر سرداری شہاب الدینخان اور فتح خان
قلات کی پہاڑ پر چڑہ گئی درّانیون نی چند حملی اوپر کئے مگر حسب خاطرخواہ نتیجہ نہ نکلا آخر ارغنداب مین
غلزئیونکی بال بچون پر حملہ کیا اور بہت سی بیگناہ آدمی قتل کردئی یہہ آخری لڑائی تھی درمیان توخی ہوتک
اور درّانی کے بعد اسکے عبدالرحیم خان اور شہاب الدینخان کوہ ممائی کیطرف بہاگ گئی اوس سی تہوڑا
عرصہ بعد شاہ شجاع الملک نی کاکڑ کے ملک مین پناہ لی تہی اوسکے ساتھہ شہاب الدینخان اور
فتح خان توخی اور شکر اللہ خان ولد عبدالرحیم خان ہوتک ملگئی جب پھر شجاع الملک
چند روز کیواسطے شاہ ہوگیا تو فتح خان اور شکر اللہ خان نی اوسکا سلام کیا لیکن شہاب الدین
خان نی اپنی زندگی مین سلام نکیا اسبات سی شاہ شجاع خفہ ہوا اور جب اوسنی یہہ سنا کہ شہاب الدین
نی ایک قلعہ بمقام ناوک بنایا ہی تو زیادہ ناراض ہوکر گلستان خان اچکزئی کو واسطی مسمار کرنے
اوس قلعہ کی حکم دیا اور فتح خان بابکرزئی بہی اوسکی ساتھہ بہیجا جب وہان پہونچکر محاصرہ کیا تو ایکروز غافل
پاکر شہاب الدین نے درّانی کی فوج پر حملہ کیا سوارونکو بہگا دیا اور گولندازان توپخانہ کو قتل کردیا
توپخانہ کی پہیہ جلادی اور توپونمین میخ ماردین ساری زمستان مین وہان خالی توپین پڑی رہین بہار
مین صحبت خان پوپلزئی کابل سی تازہ فوج لیکر آیا اور توپونکو پہیہ پر چڑہا کر چندروز قلعہ پر فیر کرتا رہا
مگر کچھہ فایدہ حاصل کرکے واپس چلاگیا اور وہ قلعہ ۱۸۳۹ء تک کھڑا رہا جب بوقت فوج کشی کابل سرکار
انگریزی کی سفر مینانی اوڑا دیا القصہ بعد واپس جانی صحبت خان پوپلزئی کی شہاب الدین اور
فتح خان بہت مدت تک آپسمین لڑتی رہی اور عداوت اسبات سی زیادہ ہوگئی کہ فتح خان نی
شہاب الدین کی بہائی میر محمد کو جسکی دلاوری کی تعریف اب بھی لوگ کرتے ہین علاقہ خاکہ مین
ماردیا تہا یہہ دشمنی فتح خان کی زندگی تک رہی اور ہر فصل مین دو تین لڑائیان آپسمین ہوتی
تہین جب فتح خان مرگیا تو شہاب الدینخان فاتحہ پڑہنی کیواسطی سمندخان ابن فتح خان کے
پاس گیا سمندخان کی وقت سی یہہ عداوت دوستی سی مبدل ہوئی سمندخان نی شہاب الدینخان کی دختر سی
اپنی شادی کری اور اپنی دختر شہاب الدین کے نبیرہ منصور خان کو دی اور تب سی خانگی فساد
طی ہوا بعد اوسکے امیر دوست محمد خان والی کابل نی اپنی حکمت عملی اور جرأت سی چند دفعہ کی

فتح خان کی باہم لڑائی ہوتی رہی تا وقتیکہ قوم غلزئی اور درانی کی باہم لڑائی شروع ہوئی
اور بنیاد اس جنگ کی اسطرح کہڑی ہوئی کہ جب شاہ زمان اور شاہ محمود ستدوزئی ہمایون کے
بیچ فساد مچا اور احمد خان نورزئی ہر آول شاہ زمان کا شاہ محمود سے ملگیا اور شاہ زمان کو اوسکے
دغا اور بیوفائی کے سبب سے شکست ہوئی تو لیکہ بادشاہ گردی دیکہکر غلزیون نے یہہ ارادہ کیا کہ ہم علحدہ
خودسر ہو جاوین اس منشا پر عبدالرحیم خان ہوتک ولد نوراللہ خان نبیرہ حاجی انکو بادشاہ
مقرر کیا اور شہاب الدین خان توخی اوسکا وزیر ہوا شہاب الدینخان کا اتفاق اور اعانت عبدالرحیم
خان نے اسطرح حاصل کیا کہ اپنی دختر مسمات صاحب خان جسپر شہاب الدین عاشق تہا اور جو زوجہ
شاہ زمان اور مادر شاہزادہ ناصر اور قیصر کی تہی معہ اوسکی سب زیورات اور فرش وغیرہ سب سامان
کی شہاب الدین کو دیدی یہہ قلبی مراد شہاب الدین حاصل کر کے واسطے بند کرنے راستونکی بنظر انسداد غنیم
تعین ہوا اور عبدالرحیم خان بذات خود کابل کیطرف واسطے انگیخت سلیمان خیل غلزیون کے گیا اور تور ان
اور ابراہیم دو نو غلزئی مستعد پیکا ہوئی کابل سے ایک درانی کی فوج بہیجی گئی اور اوس سے لشکر غلزئی
نے شکست کہائی ابراہیم غلزئی کے پانچ چہہ ہزار آدمی مارے گئے اور عبدالرحیم خان تلات غلزئی کو واپس
آیا دوسری دفعہ درانی کی فوج روانہ ہوئی اور غلزئی بہی اپنا معسکر مضبوط جگہ پہاڑ پر قایم کر کے جریدہ فوج نبرد
آزمائی کیواسطے میدان کیطرف بڑہی فتح خان توخی اس سے پہلے درانیون کے شامل ہو گیا تہا لیکہ خونخوار لڑائی
جلدک اور اموکائی کے درمیان ایک پہاڑ پر جسکا نام فارسی مین کوہ سُرخ اور پشتو مین سور غر ہے
واقعہ ہوئی غلزیون نے پہر شکست کہائی قوم توخی سے تخمیناً آٹہہ سو آدمی مارے گئے ہوتکی اکثر سوار تہے
جو بچ کر نکل گئے اوس وقت بسبب آجانے موسم زمستان کی لڑائی ملتوی ہوئی موسم بہار یعنی ۱۸۰۰ء غلزیون
مین سال قتل غلزئی مشہور ہے اس لڑائی مین غلزیونکے سردار عبدالرحیم خان ہوتک اور شہاب الدین
توخی تہا اور درانی کی لشکر مین عبدالمجید خان بارکزئی اور سیدال خان الکوزئی اور
اعظم خان پوپلزئی اور شادی خان اچکزئی عرض بیگی اور سمندر خان بامی زئی افسر
تہے بہت غلزئی مارے گئے اور لشکر متفرق ہوا دوسرے سال بہار مین احمد خان نورزئی فوج لیکر کابل
کو جاتا تہا جب وہ بمقام ہلان رباط پہونچا تو شاخ جلال زئی توخی نے زیر حکم ملا زعفران نبیرہ
زادہ ملخائی اوسپر حملہ کیا مگر خود شکست کہائی اور چہہ سو آدمی مارے گئے احمد خان نورزئی نے واپس

مشہور ہی کہ آزاد خان سب سی قوی دشمن تہا کریم خان کی مخالفون مین سی ایرانی اور افغان و نو
کہتی ہین کہ بعد بڑی سخت لڑائی کی ان ہردو کی باہم دوستی ہو گئی تھی اور جسوقت کریم خان نے
فارس کے بادشاہت لی تہی تو آزاد خان بہت برس تک اوسکی پاس عزت اور سلامت سی رہا آزاد خان
کا بیٹا افغانستان مین چلا آیا کہ اوسکی اولاد اب بہی وہان ہی الغرض احمد شاہ ابدالی نی بعد تمام کرنے کام اشرف
خان اور الہیار خان توخی کی حکومت کلات غلزی کی سورکی خان بابکرزئی کو عطا کری مگر اوسکو
چندروز کی بعد محمد زئی توخیون نی مار دیا سورکی خان کی دو بیٹی تہے سید رحمت خان اور لشکری خان
سید رحمت خان احمد شاہ کی ہمرکاب رہتا تھا اور لشکری خان قلات مین تہا بعد تخت نشینی تیمور شاہ سدوزئی
کے محمد امیر خان معروف امو خان ولد اشرف خان سلیمان خیل سی طلب ہو کر قلات اور توخی اور
ہزارہ ملحقہ کا حاکم بنایا گیا اور نور اللہ خان ولد حاجی انگو سردار ہوتک کا مقرر ہو کر تیمور نے
اسکو خطاب اخلاص قلیخان اور آمدنی دیرہ اسمعیل خان اور دامان اور بنون اور ورگون عطا کر کے
صاحب اعتبار بنایا امو خان کشمیر کی لڑائی مین ازاد خان کی فساد کیوقت مارا گیا اوسکی تین پسر رہگئے
ولی نعمت خان ۔ فتح خان ۔ میر عالم خان جب شاہ زمان سدوزئی تخت نشین افغانستان
ہوا تو ولی نعمت خان اپنی باپ کی جگہہ پر مقرر ہوا مگر چونکہ وہ کم عمر تہا اسواسطی مولیداد خان موسی خیل
اوسکا سربراہ مقرر ہوا جب شہاب الدینخان ولد رحمت اللہ خان نبیرہ الہیار خان مشہور ہونی لگا تو
توخیون مین ایک خانگی لڑائی پیدا ہو گئی شہاب الدین کے عروج کا قصہ اسطرح پر ہی کہ امین الملک
شاہی قوم بابڑ سی تہا اوسنی ولی نعمت خان کو دربار مین کچھہ سخت الفاظ کہی ولی نعمت خان
نی جواب مین امین الملک کی ہجو کی طور پر ایک پشتو کا مثل بیان کری اوس سی امین الملک سخت ناراض
ہوا اور شہاب الدین ولی نعمت خان کی رقیب کی پرورش کرنی لگا اپنی خرچ کے مال سی بھی اوسکو مدد
دیتا تہا اس پرخاش سی قوم دو گوندی ہو گئی نصف ولی نعمت خان کیطرف اور نصف شہاب الدین
کے جنبہ دار قلات پر کبھی ایک قابض ہو جاتی تہے کبھی دوسری مولیداد خان نایب ولی نعمت خان
کا مارا گیا ایکدفعہ کچھہ گھوڑی شاہ زمان کی جو کابل سی آتی تہے راستہ پر قوم توخی کی چورون نی لوٹ لئی
یہہ خبر سنکر ولی نعمت خان نی کچھہ سپاہ ول اپنی اونکی پیچھے روانہ کی سارق پہاڑ پر چڑھ گئی تہے ولی نعمت
خان خود بہی اونکا تعاقب کرتا ہوا مارا گیا تب فتح خان اوسکا بہائی دستار مختار بنا شہاب الدین اور

پسران خوشحال خان ختک زور تھی اور بڑی ملک توخی کی سمیان اشرف خان و الہیار خان

ختک خان عذاب کیطرف گئی ہوئی تھے سب تراک ماری گئے معہ زن و بچہ کی جب یہہ غم افزا خبر اشرف خان

اور الہیار نی سنی تو اونھون نی زن طلاق کی قسم کہائی کہ جبتک اسکا بدلہ نہ لیوین تو ہم ایک رات

بھی گھر رہینگے وہ ہر دو بہائی میزان اور ترین ہوکر چاران کی مقام پر جوہرات سی مغرب ہی نادر شاہ

کے شامل ہوگئے نادر شاہ نی الہیار خان کو اصفہان مین مقرر کیا اور اشرف نی اوسکو رات قندہار

کا دکہایا ہرات چودہ ماہ کی محاصرہ کی بعد لیا گیا اور اوسطرح پر جیساکہ ذکر ہوچکا ہے قندہار بھی فتح ہوئی تو

ایک برج شہر کہنہ مین ملا علی غلزئی چند روز تک دلاوری سی لڑتا رہا مگر آخر معلوم ہوا جب قندہار پر

یورش ہو رہی تھی تو اوسوقت عبدالغفور خان ولد حاجی انگو قلات غلزئی کا حاکم تہا اور اوسکا

دوسرا بہائی عبدالرسول نام سر روضہ ملک خروٹی مین واسطی جمع کرنے لشکر غلزئی جہت مقابلہ

نادر شاہ کی گیا تہا نادر نی یہہ خبر پاکر بمقام شیبار اوسپر چہاپہ کیا اور بہت مخالف قتل کرائے موسی

خان پدر مدد خان اسحاق زئی درانی معروف موسی ڈونگی شیبار کی یورش کیوقت نادر شاہ کا

رہبر تہا اس یورش مین سلے جان قوم ترکی غلزئی بھی نادر کے شامل تہا جب نادر قندہار کو واپس گیا

تو جان قوم ترکی کو معہ چار ہزار فوج واسطی لینی قلات کی مقرر کیا اور بعد فتح کی جان ترکی وہان کا قلعہ دار

مقرر ہوا اس شخص کا اپنی قوم پر بہت اختیار تہا بعد صاف کرنی قندہار اور قلات کی نادر شاہ نی اشرف خان

توخی کو غرغشتیون کا بیگلربیگی بنایا اور توخی کا بدلہ ہوتک سی اسطرح لیا کہ بندرہ سو گھر ہوتک کا ایران

اور ترکستان اور بعضی ہندوستان کو بہیجدئی بعد نادر کی جب احمد شاہ ابدالی بادشاہ ہوا تو اشرف

خان قلات اور غزنین کا حاکم تہا اور پہلی حملہ ہندوستان مین احمد شاہ کے ساتھہ گیا جب واپس وہانسی

آیا تو درانی سرداروں نی احمد شاہ کو اغوا کرکے اشرف خان سی بدظن کردیا کہ یہہ شخص بہت زور

آور ہوتا جاتا ہی احمد شاہ نی اشرف خان کو معہ اوسکے فرزند حلیم خان کی قندہار مین طلب کرکے

قید کردئی اور اونکی مہر جعلی خط پر لگا کر الہیار کو اصفہان سی بولایا اور جب الہ یار خان پہونچا تو وہ بھی

قید کیا گیا کسیکو خبر نہین ہی کہ اونکا انجام کیا ہوا بعضے کہتی ہین کہ زندان کی دیوار اوپر گر پڑی تہی اور

اوسی جگہ وہ دفن ہوگئی اسطرف تو یہہ حال ہو رہا تہا اور براہیم غلزئی مین بعد زوال سلطنت غلزئی کے

آزاد خان سلمان خیل سب سی نامدار اور صاحب عزم آدمی تہا جسنے ایران کی سلطنت پر دعوی کیا اور

رات کا پانی اوس نہر سی ملا تہا اور جلودار کو دو دن کا ملک ملخائی دروازہ کی لڑائی مین
انجز گئی اور سرخ سنگ کی مابین مارا گیا مساۃ نازو کی شکم سی شہعالم ہوتک کی چار پسر ہوے
جنکی تفصیل شجرۂ نسب مین درج ہی اونمین سی حاجی میرخان معروف میرویس جنکی ترقی جاہ کا
حال کچھ پہلے حصہ مین لکہا گیا ہی افغانستان کا بادشاہ ہوا کہتی ہین کہ جب میرویس ایران سے
ہوکر بیت اللہ شریف کو گیا تو اوسنی بعد ادای حج خدا پاک سی دعا مانگی کہ ہمارا ملک یعنی معزز
افغانستان ایران کی حکومت سی علحدہ ہوکر آزاد ہوجاوی یہہ دعا، مانگ کر سو گیا جب بیدار ہوا
تو کیا دیکہتا ہی کہ اپنی تلوار میان سی نکلی ہوئی برہنہ پڑی ہی اوسکو فال ملک گیری سمجھکر واپس روانہ
ہوا اور جب قندہار مین پہونچا تو اوسطریق سی جیسا کہ حصۂ اول مین درج ہی شاہ نواز خان
گرجی کو جو شاہ ایران کیطرف سی بگلربیگی قندہار کا تہا قتل کرا کر خود مالک بن بیٹھا جب حاجی میرویس
قندہار پر قابض ہوچکا تو قوم توخی سی بھی مالگذاری وصول کرنیکا حکم دیا توخی نی ادای معاملہ سی انکار
کیا اوسوقت قوم توخی مین شاہ عالم ولد علی برادرزادہ سلطان ملخائی کا بڑا ملک تہا اور
خوشحال خان اوسکا بیٹا بھی لئیق جوان تہا اِس تکرار پر باہم قوم توخی اور ہوتک لڑائی ہوگئی
تب توخی کی ملک ترنک سی ارغنداب کو چلی گئے اور باقی قوم توخی دوجنبہ ہوکر دو حصہ مین منقسم
ہوگئی شاہ حسن خیل اور دیگر قومین جو آب استادہ نواہ آب تازی کی گرد رہتی ہین یک آؤ مین جمع
ہوئین اور پیرک خیل اور دیگر اقوام جو اونکی قریب رہتی ہین وہ آموکائی مین اکھٹی ہوئین
خاص کلات پر حاجی عادل ولد سلطان ملخائی قابض تہا اور اوسکا بیٹا مسمے بائی بڑا
دلاور اور جنگجو جوان تہا اوسنی ایک چھوٹا قلعہ ترنک کی کنارہ پر متصل کلات بنایا ہوتکونکا قلعہ
دوسری کنارہ پر بمقام حجتران تہا اوسنی قوم ہوتک کو بہت دق کیا مگر آخر مخالفون نی کمین لگا کر اوسکو
قتل کیا اور وہ قلعہ توخی سی لیلیا اور محمد خان معروف حاجی انگو ولد یحیی برادرزادہ میرویس کا
قلعہ دار مقرر ہوا اب اسوقت خبر پہونچی کہ نادر شاہ ایرانی قندہار کیطرف فتح کی عنان اوٹہائی ہوئی
چلا آتا ہی شاہ حسین ہوتک نی سمجھا کہ ہماری سامنی ایک قوی دشمن نادر جیسا چلا آتا ہی اور پیچھی دوسرا
خار بغل توخی ہی مناسب کہ پہلی ایک کو درست کیا جاوی اِس مشورہ پر چار ہزار سوار ہوتک قندہار
وغیرہ سی آکر بمقام پل سنگی جمع ہوئی اور پیرک خیل و تراک سکنای آموکائی پر حملہ کیا کیونکہ وہ اوسوقت

معلوم ہوتا ہی کہ ملنخی اُوسوقت زورآور اور معتبر سردار تہا اور اوسکو سلطان کا خطاب غالبًا
اورنگ زیب نے عطا کیا کہتی ہین کہ ہزارہ لوگ کو ملنخی نے چار روز مین ارغنداب سی نکالدیا
اور اوس لڑائی مین مسمی ملک مانی قوم خان خیل نی بہت مدد کی اور دلاوری دکھلائی جسوقت
سلطان ملخائی کل توران یعنی توخی اور ہوتک کا سردار تہا تو اوسوقت مسمی جبار جو مورث
جبار خیل شاخ سلیمان خیل کا ہی کل براہیم غلزئی کا ملک تہا جبار مذکور بمقام یاس شاہ صفوی
کی لڑائی مین مارا گیا اور کابل اور جلال آباد کی مابین دفن ہوا قبر جبار مشہور ہی وہان بہت سردی
اور برف پڑتی ہے اور رہزنگاہ دزدا اور گرگ کی ہی وہان بہت گرگ اور چور رہتی ہین اوسجگہ کو
لوگ بہت منحوس اور مذموم سمجہتے ہین اور کابلی لوگ بہت ہزلیات اور ہجو قبر جبار کی کرتے ہیں
بڑا مدبر شخص تھا اکثر رواجات غلزئی اوسکی ایجاد کئی ہوئی ہین بعد سلطان ملخائی کے
حاجی میرخان معروف میرویس ہوتک مشہور ہوا یہہ میرویس سلطان ملخائی توخی کا دختر
زادہ یعنی نواسہ تہا غلزئی لوگ اسطرح قصہ کرتی ہین کہ سلطان ملخائی کی ایک دختر مسمات
نازو تہی ایک روز لڑکی اپنی ہم سن دخترون کی ساتھ ندی ترنگ کی کنارہ پر کہیلتے تہے اتفاقًا
ایک تارک الدنیا فقیر ہندوستان کیطرف سی وہان پہونچا اور اوسنی اون دخترون سی کہا کہ کون سی
لڑکی مجہکو بوسہ لینی دیگی سب لڑکیان اوسکی اجنبی صورت اور ناملایم سوال سی ڈر کر بہاگ گئین مگر
ایک مسمات نازو نی بباعث پیدا ہونی اعتقاد کی ارادہ بوسہ دینی کا کیا تب اوس فقیر نی بوسہ لینی سی انکار
کرکے کہا کہ تو میری دختر ہی مین نی تمہاری آزمایش کے واسطے یہہ سوال کیا تہا جاؤ تمہاری شکم سی چار
فرزند نرینہ پیدا ہونگی جنمین سی ایک بادشاہ ہوگا کہتی ہین کہ شہعالم باپ میرویس کا ملخائی
کے پاس نوکر تہا مسمات نازو دختر ملخائی اوسپر عاشق ہوگئی اور وہ دونو بہاگ کر تا غر پہاڑ
کو چلے گئے لیکن باشندگان اوس پہاڑ نی انکو پناہ ندی اور وہ متفرق جگہہ پہرتی رہی آخر ننہ والی کیطرف
پر سلطان ملخائی کی گھر واپس گئے اور اوسنی عفو کرکے اپنی دختر کو کچہہ زمین طبق سر پہاڑی کی نیچے کلات
غلزئی کی سامنی دیدی اور نہر اجور غک سی اوسکی سیرابی کیواسطی پانی مقرر ہوا اور جو آدمی مسمات
نازو کی گہوڑا کی باگ ننہ والی آنی کیوقت پکڑ لایا تہا اوسکو وہ زمین ملی جو کوہ چمتران کی چشمہ سے
سیراب ہوتی ہی یہہ جلودار شاخ کشیانی قوم توخی سی تہا لوگ کہتی ہین کہ نازو کو دشمن اور

# حال قوم غلزئی

ندی کابل کے وادی جبتک علاقہ نہنگرہار کو نہ پہونچی تو قوم غلزئی کی قبضہ مین ہی بنظر طوالت ضرورت
نہین ہے کہ جو خورد وادی کوہ ہندوکش کے دہار سی جنوباً اور کوہ سفید کی سلسلہ سی شمالاً وادی کلان
دریای کابل مین آکر شامل ہوتی ہین اونکا ذکر اس موقع پر کیا جاوی غلزئی کی ملک مین گرمی اور سردی
کا بہت فرق ہی اور اونکی پہار سخت ہین غلزئی کا ملک شمال سی جنوب ذرہ مایل غرب تک تخمیناً ایکسو اسی
میل طویل اور غرب سی شرق تک پچاسی میل عریض ہوگا اگرچہ اونکا ملک مستطیل شکل کی طرح ہی مگر
بسبب کج گرد ہونی منہنی خط کیطرح گوشہ شمالی شرق کیطرف جہکا ہوا ہی اور گوشہ جنوبی غرب کیطرف
مایل ہی موسم سب جگہ خنک ہی مگر سب سی کم سردی وادی ترنک کی نیچے کیطرف ہی اور علاقہ لغمان بھی ذرہ
گرم ہی زمستان مین سب جگہ بہت سردی پڑتی ہی اور تابستان مین بھی بہ نسبت شرقی افغانستان
اور ملک درانی کی بہت سرد ہی اِس باب کی شروع مین اصلیت نسب اِس قوم کی اور وجہہ تسمیہ غلزئی
مفصل درج کیا گیا ہی اور شجرہ نسب بھی قوم وار جہانتک حاصل ہوسکا لکھا گیا زمانہ ماضیہ مین غلزئی کا
نام افغانونمین سب سی بڑا تہا سترہوین صدی عیسوی مین اِس قوم نی تنہا تمام اصفہان کو فتح کیا
اور سلطان روم کی فوج پر بھی فتح حاصل کی فی الحال بھی کثرت تعداد مین سب سی زیادہ اور شہرت
نام مین درانی کی بعد افغانستان مین غلزئی کی قوم ہی مولد اِس قوم کا کوہ قیس تہا کہتی ہین کہ سلطان
محمود غزنوی نی اونکو اس پہار سی لیجاکر مغربی افغانستان کی میدان مین آباد کیا اور کاریزکنی کا
کام اونکی سپرد کیا مگر آخری عہد مین سلطان محمود نی بباعث لوٹنی بار برداری کی بعضے غلزیونکو قتل کرادیا
اور چونکہ اوسوقت یہہ لوگ تہوڑی تہے کم زور اور غیر مشہور رہی تاوقتیکہ بعہد عملداری تیمور
گورکان کثرت تعداد اور جنگجوئی کی ذریعہ سی زور آور ہوگئی اِس قوم کی ریاست کا حال سلطان ملخی
توخی سی پہلے کا خود بھی غلزئی لوگونکو معلوم نہین ہی تحقیقات سی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ میرویس
کے نشو نما سی پہلے محمدزئی شاخ توخی کے خاندان مین اور عیسک زئی ہوتک کی شاخ
مین اور جبار خیل ابراہیم غلزئی مین ریاست اور معتبری انہی قوم کی تہی ایک رقم یعنی فرمان
اورنگزیب عالمگیر بادشاہ حررہ نہم ماہ جمادی الاول [illegible] سنہ ہجری مین بنام ملک ملخی توخی لکہا
ہی کہ راستہ کلات اور قرتو کا جوار غنداب مین ہی قوم ہزارہ وغیرہ دزدان سی محفوظ رکھو اس سے

موسیٰ خیل
شجرہ نسب
از قوم کاکڑ ملحق بقوم اندڑ غلزئی
رستم خیل
خریوالہ
بانورے
شمشیر خیل
دراز خیل
کمال خیل
شجرہ نسب
ابن موسیٰ ولد ابراہیم غلزئی
بادین خیل
نا خیل
ساک خیل
تسویل خیل
بارک خیل
حریف خیل
گگان خیل
جمال خیل
لالو خیل
حاتم خیل
حسن خیل
سعدی خیل
نورو خیل
تاجو خیل
صابر خیل
نازک خیل
دلدار خیل
کلو خیل
قدرت خیل
دوران خیل
خالم خیل
سلیم خیل
خیرو خیل
سالی خیل
قتال خیل
اکبر خیل
زرین خیل
ترمی خیل
بستام خیل
سدو خیل
نورخان خیل
شیرین خیل
شیخ نور خیل
شاکل خیل
شہباز خیل
قباد خیل
زکو خیل
خان خیل
فراق خیل
بیگو خیل
تورڑے
موسیٰ خیل
گران خیل

نسب نامہ پسر دوم ابراہیم ولد غلزی
موسے
حسن خیل
یعقوب خیل
خدر خیل
سنجتو
سہاک
اندڑ
ترکے
ادو
سلیمان
موسے
یوسف خیل
الوزے
جلال زی
کوتی خیل
بازی خیل
مرجان خیل
لکن خیل
دولت خیل
زوجہ اول
زوجہ دوم
توتا خیل
اوریا خیل
گدا خیل
اسمعیل خیل
پنج پاے

شجرہ نسب ابراہیم ابن غلزئی
سلیمان خیل
علی خیل
اکاخیل
ایزب
موسی
عبدالرحیم خیل
وشن خیل
باری خیل
ممونزے
حسن خیل
یوسف خیل
علے نغان خیل
علی شیر خیل
مندوزے
جلال خیل
خواجو خیل
ستے خیل
میر خان خیل
کریم خیل
مشی خیل
نور دین خیل
باری خیل
ازاد خیل
کرو خیل
محمد خیل
مقام خیل
پیر خیل
جوری زے
خیری خیل
جباری
آدم خیل
جانو خیل
اخوند خیل
غوریگے
شیران خیل
ازاد خیل
دوری خیل
کمال خیل
اعظم
سرست خیل
ازار خیل
بنگے خیل
فرار خیل
زیبا خیل
عمر خیل
یار خیل
سلطانی
اسمعیل زے
پیرا خیل
فتح خیل
دریا خیل
نیکنام خیل
میرا خیل
مقرب خیل
تتو خیل
شکی خیل
ملککے
شنانی خیل
شہباز خیل
احمدزئی
صالح خیل
اسمعیل زے
بچہ
سلطان باستانی زئی
سراز
من زمی
نیک زن خیل
تاڑ خیل
کشی خیل
ہبت خیل
داسو
عبدالرحیم
سلطان
پائندہ خیل
جلال زئی
شاہ توری
دینار خیل
سلطان خیل
نیز خیل
داوزئی
فاطمہ خیل
قیصر
الوزے
اچونزے
اورتو خیل
انجوانزے
مغل خیل
بابکر خیل
جبار خیل
قطب
کوتی خیل
پیارو خیل
اسمان خیل
نیمرپائی
جابو خیل
امیر خیل
قلندر خیل
کلا خیل
سنہ خیل
سران خیل
ببرے
ماموزے
منصورزے
نسو خیل
خواجہ خیل
ادریم زئی
سدو خیل
دولت زے
غنی خیل
کلاد خیل
شمال زئی
درسگے
لندہ ہی زے
خوانچک
خوانزک
میاں خیل
غبو خیل
فتح خیل
جانی خیل
یحیی خیل
حسن خان خیل
ادین خیل
محمود خیل
شکی خیل
سرپر کرئے
ابابکر خیل
معروف خیل
موسی خیل
عیسی خیل
یحیے خیل
کرز خیل
گلمر
باران خیل
العدین خیل
قندی گورئی

شجرہ نسب ہوتک ابن بارو
ملکیار
یوسف
دولت
عرب
یولڈ
حسین
عیسک زی
اسحاق
قطب
عمر
اکازی
یائی زی
بابازی
بائی زی
سنگذری
علی زی
جلال الدین
عمر
تون زی
ساؤت خیل
طارسے
الیف خیل
الیوزی
معروف زی
اتمان خیل
شہعالم خیل
کرم
سند
ملی زی
خدی زی
تدزاک
برت زی
رامی زی
عمر زی
حاجی میرخان
شاہ عبدالعزیز
عبدالقادر
یحیی خان
کٹی زی
کدین زی
کندلی زی
بنادی زی
عمرزی
مندین خیل
شاہ محمود
شاہ حسین
شاہ اشرف
محمد خان
نوراللہ خان
حاجی عبدالرحمن
شیر شاہ
عبدالرحیم خان
شکراللہ خان
شجرہ نسب توخی ابن بارو
معدود خیل
پوپل خیل
یونس خیل
رستم
رہمند
ایوب زی
حسن زی
نورخیل
بابا خیل
بتو خیل
محمد زی
نتوزی
پیروزی
موسی خیل
شمل زی
جلال زی
میران زی
حسن خیل
کشیانی
باشیو خیل
اکازی
ستید خیل
عانشوزی
عراقی
سوری زی
بابکرزی
علی شیرزی
آتی زی
سلطان خیل
براں خیل
خوید خیل
نظر خیل
فیروز خیل
بھرام خیل
دعوت خیل
بہلوان خیل
سیاہ زی
ناجو خیل
نانو خیل
ساکی خیل
مامی خیل
نورالدین
اکے زی
ہوازی
سین خیل
خفتے زی
مغل زی

تو بی بی متّو سی فرزند نرینہ تولد ہوا اور چونکہ یہہ بیٹا قبل از نکاح بطور دزدی حاصل ہوا تہا اس سبب
سی نام اوسکا غلزائی رکھا کیونکہ پشتو کی زبان مین غل چور کو اور زائی بیٹی کو کہتی ہین یعنی چور کا
بیٹا اور یہہ ہی واردات وجہہ تسمیہ غلزائی کی ہوئی اوسکی بعد مسماۃ مہی بنت کاغ سی شاہ حسین
کا بیٹا پیدا ہوا جسکا نام سروانی رکہا گیا اور پہر چند مدت کی بعد دوسرا بیٹا بی بی متّو سی تولد ہوا جسکو
موسوم بہ ابراہیم کیا اور ابراہیم نی باسم لودی شہرت پائی +

## وجہہ تسمیہ لودی

اسطرح بیان کرتی ہین کہ ایکدفعہ جب شاہ شیخ بٹن قشلاق سی اپنی پہاڑ مسکونہ کو واپس گیا تو اپنی منکوحہ سے
کہا کہ بسم اللہ کرکے دیگدان قدیم سی آگ نکالکر طعام تیار کروا اور میری پاس لاؤ تا کہ مین خود تقسیم کرون
اور دیکہون کہ میری نواسہ ہی سی کون طالع مند ہی جب اوس بی بی نی پہلے روٹی پکائی تو ابراہیم نے جو زاد
سبہی متّو جلدی اور چالاکی سی نان لیکر شیخ بٹن کی خدمت مین لایا اور شیخ بٹن نی خوش ہوکر بزبان
پشتو کہا کہ ابراہیم لوی دی یعنی ابراہیم بڑا ہی پشتو مین بڑی کو لوی کہتی ہین اوسدن سی ابراہیم
نی لودی سی ایسی شہرت پائی کہ اوسی نام پر جمعاگل اولاد اوسکی لودی مشہور ہی الغرض جب اور بچی
شیخ بٹن کی پاس طعام مانگنی آئی تو اوسنی کہا کہ ابراہیم سی مانگو وہ تمکو دیویگا اور بٹن نی ابراہیم کیواسطے دعا
خیر مانگی اس قصہ سی معلوم ہوگا کہ شاہ حسین متبنی عبدالرشید کی نسل سی نہین ہی اور اوسکی فرزند
غلزئی اور لودی کا صرف والدہ کی طرف سی قیس عبدالرشید کی اولاد کی ساتھہ رشتہ پہونچتا ہی اور یہہ ہے
وجہہ ہی کہ شاہ حسین کی اولاد اپنی مان کی نام سی افغانون مین متّی مشہور ہی اور چونکہ سروانی نی بھی بی بی
متّو کی قبیلہ مین تربیت پائی اسواسطی اوسکی اولاد بہی متّی کہلاتی ہی اب شاہ حسین کی سہ سہ فرزندان غلزائی
لودی سروانی کے ذریات کا علحدہ علحدہ ذکر کیا جاتا ہے +

## فصل اول

بذکر نسل و نسب غلزئی یا غلجائی ابن شاہ حسین غوری

غلزئی

ابراہیم

تورانی

برہان

بابو

بارو

ن ہی سی کرسی جا ملاتا ہی القصہ جب شاہ حسین ایسی غربت حالتمین شیخ بڈھن پاس پہونچا
غالب ہی کہ اوسوقت بڈھن بہت ضعیف العمر ہوگا اوس نیکبخت سفید ریش نے بمہربانی پدرانہ
شاہ حسین کو اپنی گھر مین جگہ دی اور روز رسیون اور گجین پسران بیٹے شاہ
حسین کو اپنی بہائی کیطرح سمجھتی تہے بجدیکہ جملہ کاربار خانگی حسب صلاح اور تجویز شاہ
ہونی لگی ایسی اعتبار کی حالت مین بمقتضای بشریت جوانی شاہ حسین کی ساتھ صبیہ شیخ بڈھن نسبت
مسماۃ متو کی الفت پیدا ہوکر نوبت یہانتک پہونچی کہ بلا رضا والدین سلسلہ مواصلت درمیان
لیا تا کہ چند عرصہ کی بعد اثار حمل ظاہر ہوی والدہ متو نی اسحال سی آگاہ ہوکر اپنی عاجزہ برزبان ملامت
لی مگر چونکہ ہونہار ہوچکا تہا لاچار متو کی والدہ نی اسحال سی اپنی شوہر شیخ بڈھن کو مطلع
کے صلاح دی کہ قبل اوسکے جو لیہ حال آشکارا ہوا اور خویش و اقارب کی کان تک پہونچی مناسب
ہی کہ اس دختر کو اس جوان کی عقد مین کر دیوین شیخ بڈھن نے کہا کہ اس شخص کی نسب سی واقف
نہین ہون کسطرح اس خویشی پر راضی ہون والدہ متو نی شاہ حسین سی اصل و نسل اوسکی
دریافت کی اوسنی کہا کہ آبا اور اجداد میری ملک غور کی اشراف اور حاکم تھی اگر تمکو اعتبار نہین آتا تو
بی اعتمادی اپنا بہیجکر تحقیق اس امر کی کرلو اوس صالحہ نی اس بات کو پسند کرکے پھر شیخ
سنای اور بڈھن نی مسمی کاغ دوڑ کو معہ مکتوب شاہ حسین اور انگشتری شاہ معز الدین جو
شاہ حسین کی پاس تہی غور مین بہیجا تا کہ حسب و نسب شاہ حسین تحقیق کر آوی کاغ نے غور مین پہونچ
تنقیح اور استفسار اصالت و نجابت شاہ حسین بواقعی کری جملہ امرا اور سکان غور نی تصدیق
تب کاغ معہ جواب خطوط واپس آیا اور اول شاہ حسین کی پاس پہونچکر اوسکو کہا کہ اصالت
اور ریاست تمہاری تحقیق کر آیا ہون کہ اظہر من الشمس ہے الا اس شرط سی ظاہر کرون گا کہ میری
التماس بہی قبول کرو شاہ حسین نے عہد قبال التماس مذکور کیا تب کاغ نی ظاہر کیا کہ میری حاجت
یہہ ہی کہ میری صبیہ مسماۃ مہتی کو بہی اپنی نکاح مین لاو شاہ حسین نی بخوشی تمام قبول کیا (از زیر
چہ لجستر گل دیگر شگفت) بعد اوسکے کاغ نے شیخ بڈھن کو حقیقت نجابت و شرافت شاہ حسین سی مطلع
تب اوس نی راضی ہوکر نکاح بی بی متو کا شاہ حسین :
شاہ حسین مسماۃ مہتی دختر کاغ دوڑ کو بہی اپنی نکاح مین لایا او

# تیسرا باب بیچ بیان قوم متی جس سی غلزائی اور لودی اور سروانی ہین اور مجمعاً متی کہلاتی ہین

ضح ہوکہ سلسلہ نسب متی مین اختلاف ہی روایات مختلف مین سی جو روایت صحیح اور ممکن الوقوع
م ہوتی ہی اوسکو درج کیا جاتا ہی کہتی ہین کہ خلیفہ ولید ابن عبد الملک بن مروان
د خلافت مین حجاج ابن یوسف ثقفی بمعیت ایک جرار لشکر کو واسطی فتح ملک غور تعین ہوا
ب اوسکی فوج دیار غور مین پہونچی اور کامیاب ہوئی تو تفرقہ عظیم اوس ملک مین واقع ہوا اوسو
ین ایک جوان امیرزادگان غور سی شاہ حسین نام بسبب حوادث روزگار اور رنجش اقارب
نی وطن سی علحدہ ہوکر اتفاقاً قبیلۂ شیخ متن ابن قیس عبد الرشید مین پہونچا نسب شاہ
سین کی مجمع الانساب مین اسطرح لکھی ہی کہ شاہ حسین بن شاہ معز الدین بن
جمال الدین حسین بن بہرام ابن شنسب کہ جو فرمان روای غور کا تہا اور اوسنی عہد
نت امیر المومنین حضرت علی المرتضی رض مین ایمان لاکر منشور حکومت غورستان
امیر موصوف سی حاصل کیا تہا بہرام ابن شنسب کی دو پسر تہی بڑا بیٹا شاہ جلال الدین نام تہا جسکی
سل سی سلطان معز الدین معروف سلطان شہاب الدین غوری ایک الوالعزم بادشاہ
ہو گذرا ہی اوسکی خاندان اور واقعات کا حال حصہ اول مین دیکہو دوسرا بیٹا بہرام کا جمال الدین
ادا شاہ حسین کا تہا مورخ خاندان غور کو ذریات ضحاک تازی شاہ فارس سی شمار
رتے ہین جسنے جمشید بادشاہ ایران کو قتل کرکے سلطنت لی تہی بہرام سی اوپر جو سلسلہ
سب اِس خاندان کا ضحاک تازی اور حضرت نوح پیغمبر ع تک مخزن افغانی مین لکہا ہی
وہ تاریخ فرشتہ کی روایت سی بہت مخالف ہی اور چونکہ مولف کو کسی ثبوت کامل سی صحت
رسی نامہ کا اطمینان حاصل نہین ہوا اسواسطی اوسکا لکہنا نہ لکہنی کے برابر سمجہکر ترک کیا جاتا
مخزن افغانی بہرام سی ضحاک تک اونتالیس ۳۹ پشت شمار کرکے ضحاک سی اوپر چار پشت مین حضرت

نوح نہی سے کر سے جا ملاتا ہی القصہ جب شاہ حسین ایسی غربت کی حالتمین شیخ بڈّن کی پاس پہونچا تو غالب ہی کہ اوسوقت بڈّن بہت ضعیف العمر ہوگا اوس نیکبخت سفید ریش نے بمہربانی پدرانہ شاہ حسین کو اپنی گھر مین جگہ دی اور روز بروز اون اور سکی پسران بیٹے شاہ حسین کو اپنی بہائی کیطرح سمجھتی تہے بحدیکہ جملہ کار بار خانگی حسب صلاح اور تجویز شاہ حسین ہونی لگی ایسی اعتبار کی حالت مین بمقتضای بشریت جوانی شاہ حسین کی ساتھہ صبیہ شیخ بڈّن مسماۃ متّو کی الفت پیدا ہو کر نوبت یہانتک پہونچی کہ بلا رضاء والدین سلسلہ مواصلت درست کر لیا تاکہ چند عرصہ کی بعد آثار حمل ظاہر ہوی والدہ متّو نی اسحال سے آگاہ ہو کر اپنی عاجزہ پر زبان ملامت کھولی مگر چونکہ ہونہار ہو چکا تھا لاچار متّو کی والدہ نی اسحال سے اپنی شوہر شیخ بڈّن کو مطلع کر کے صلاح دی کہ قبل اوسکے جو یہہ حال آشکارا ہوا اور خویش و اقارب کی کان تک پہونچی مناسب ہی کہ اس دختر کو اس جوان کی عقد مین کر دیوین شیخ بڈّن نے کہا کہ اس شخص کی نسب سے واقف نہین ہون کسطرح اس خویشی پر راضی ہون والدہ متّو نی شاہ حسین سے اصل و نسل اوسکی دریافت کی اوسنی کہا کہ آباء اور اجداد میری ملک غور کی اشراف اور حاکم تھی اگر تمکو اعتبار نہین آتا تو کوئی اعتمادی اپنا بہیجکر تحقیق اس امر کی کر لو اوس صالحہ نی اس بات کو پسند کر کے پھر شیخ بڈّن کو سنائی اور بڈّن نی مسمے کاغ دوڑ کو معہ مکتوب شاہ حسین اور انگشتری شاہ معز الدین جو شاہ حسین کی پاس تھی غور مین بہیجا تاکہ حسب و نسب شاہ حسین تحقیق کر آوی کاغ نے غور مین پہونچکر تنقیح اور استفسار اصالت و نجابت شاہ حسین بواقعی کری جملہ امراء اور سکان غور نی تصدیق کیا تب کاغ معہ جواب خطوط واپس آیا اور اوّل شاہ حسین کی پاس پہونچکر اوسکو کہا کہ اصالت اور ریاست تمہاری تحقیق کر آیا ہون کہ اظہر من الشمس ہے الا اس شرط سے ظاہر کرون گا کہ میری التماس بہی قبول کرو شاہ حسین نے عہد اقبال التماس مذکور کیا تب کاغ نی ظاہر کیا کہ میری حاجت یہہ ہی کہ میری صبیہ مسماۃ مہّی کو بھی اپنی نکاح مین لاؤ شاہ حسین نی بخوشی تمام قبول کیا (از نزہ چہ بہتر گل دیگر شگفت) بعد اوسکے کاغ نے شیخ بڈّن کو حقیقت نجابت و شرافت شاہ حسین سے مطلع کیا تب اوس نی راضی ہو کر نکاح بی بی متّو کا شاہ حسین سے بند ہوا دیا اور چند عرصہ کی بعد شاہ حسین مسماۃ مہّی دختر کاغ دوڑ کو بہی اپنی نکاح مین لایا اور جبکہ پہلے حمل کے ایام پوری ہونے

عورت کا ناطہ مل سکتا ہی پردہ داری ستورات کا رواج نہین ہی

## بہگالیجانی

عورات مین اگر نیکی یعنی صلح منظور ہووی تو بعوض منکوحہ کی چارسو اور منسوبہ کے دوسو نقد یا جنس دیتے
ہی اور جنس مین ایک عورت ضرور ہونی چاہئے ؛

## حساب وقیمت زمین زرعی

انکی مسکونہ ملک خصوص علاقہ گبر مین آبی زمین بسبب قلت اراضی اور کثرت قوم بہت قدر مندی یہان تک
کہ ایک بخرہ زمین جو قریب تین کنال چار مرلہ کی ہوتی ہی بحساب اوسط سو روپیہ پر فروخت ہوسکتے
ہین انکے باہم حساب اراضی بخرہ کے ذریعہ سی ہوتا ہی ایک بخرہ مین چار کنڈگہ اور ایک کنڈگہ زمین
چار پا ہوتی ہین اپنی طرز پر ایک رستہ چند ہاتہہ طول بنا کر اوس سی بخرہ و کنڈگہ کی تعداد حاصل کرتے
ہین تقریبًا اندازسی اونکا ایک پا ہمونے چار مرلہ کا ہوتا ہی نہری زمین بہت تہوڑے ہے بارانی
رقبہ کے خرید فروخت ارزان اور کم ہوتے ہین ؛

## جائی آبادی حال

سوائی اونکی جو ہندوستان اور متفرق علاقون مین آباد ہین - اس قوم کا گروہ کثیر جو سرحد پر قیام پذیر
ہی اوسکی آبادی کوہ گبر سے شمال درہ کوئی کی جنوب سی شروع ہوکر کوہ مذکور و شتراعز اور اونکی دامن
سی لیکر درہ ٹاک تک موضع ملازی سی اوپر اوپر چلی گئی ہی سوای کوہ گبر شتراعز ایسا بیرونق گرم ہی
کہ سبزے کم دکھائی دیتی ہی یہہ لوگ بطور چہوٹے بڑے بہت چہوٹے چہیرون مین اپنی
سکونت ایک دوسرے سی فاصلہ پر رکہتی ہین انکی مغرب اندر کوہ مسعود و زیری اور مشرق
میدان پر قوم مروت آباد ہی مسعودون سی انکے پورانی عداوت چلی جاتی ہی مگر عام بدی
نہین ہی قوم مروت سی فی الحال انکی آشتی ہی بلکہ اکثر زمینات موسی خیل و توتا خیل مروت
کی حصہ پر یہہ لوگ کاشت کرتے ہین اور دامن کوہ میدان پر انکی کچہہ مملوکہ اراضیات اندر حد سرکار واقع
ہین اس سبب سے گورنمنٹ انگریزی کی حکومت سی کچہہ تعلق رکہتی ہین مگر تاہم مجرمان مفرور علاقہ مروت پوشیدہ انکی پاس
پہاڑ مین جا پناہ لیتی ہین اس قوم کا وتیرہ بہت جنگجوئی کا ہی بجز الا اپنی سخت غنیم ہمسایہ مسعود و زیرے کی لحاظ سی
سامان اسلحہ ہر ایک بالغ مرد رکہتا ہی بندوق انکی توڑہ دار ہوتے ہی جب انکی کوئی ٹہیری تو لڑائی کے مستعد ہوتے ہین

کوہ گبر جو بنون سی جانب جنوب اور ٹاک سی بطرف شمال واقعہ ہی بہ قبضہ فرقہ وڑگاڑ شاخ وڑسپون
بیٹنی کی تہا اس فرقہ پر قوم گرزبز نے یورش کرکے بیشمار وڑگاڑ ہی قتل کئی اور اونکا ملک لیلیا ایسی
روایت ہی کہ اوس مظلوم فرقہ کی ایک عورت حاملہ زندہ بچکر بمقام لکی چلے گئی بعد انقضائی ایام حمل
اوس مظلومہ کی شکم سی دو فرزند نرینہ توامان پیدا ہوئی ایک کا نام اوسنی آدم اور دوسرے کا معروف
رکہا جب وہ یتیم سن تمیز کو پہونچی تو اپنی والدہ سی باقی قوم بیٹنی کا حال دریافت کرکی درہ گومل
مین اولاد گجبین اور وڑسپون کی پاس مددخواہ گئی اور اپنی مظلومی سی آگاہ کرکے التجا کی کہ اگر
ملک قدیمہ ہمارا یعنی کوہ گبر واپس فتح کردو تو دو حصہ تمہاری اور تیسرا حصہ ہمکو دینا نسل گجبین نے
یہہ شرط قبول کرکے لشکر کیا مقابلہ سی غالب آئی اور گرزبز بہاگ کر مغربی وطن مقبوضہ حال کو
چلی گئی فتح کے بعد علاقہ مفتوحہ کو حسب شرط مقررہ دو حصہ مددگارون نی لیلیا اور تیسرا حصہ اصلی
مالکان کو ملا اوسی تقسیم مطابق اس علاقہ کا عملدرآمد رہا الا فی الحال اکثر زمینات علاقہ گبر گجبین کی اولاد
سی شاخ دناسنے بذریعہ بیع و رہن اپنی قبضہ مین کرلے ہین ؛

## پیشہ وعادات

اس قوم کی اکثر آدمی پیشہ زراعتکاری و مالداری رکہتی ہین اور بعض چوری پیشہ بہی ہین اپنی
کام مین محنتی و جورکش متحمل بردباری انکی صفت ہی ؛

## طرز وضع مین

میانہ قد گندم رنگ گول چہرہ فراخ چشم متوسط اندام ہوتے ہین ؛

## خوراک

گندم تابستان مین اور باجرہ زمستان کو اکثر خشک یا روغن سی اور مہمان گوشت گوسفند سی کہاتی ہین ؛

## پوشاک مین

موٹی پارچہ سفید کے پارچات اور اون کے قمیص اکثر رکہتی ہین بسبب ہمسوانہ ہونی قوم وزیرے کے
پوشش زنانہ اور مردانہ کی طرز اونسی ملتی ہی سوائے عمر رسیدہ مردون کی مثل قوم وزیر سر پر لمبی بال رکہنی زیب تن سمجہتی ہین

## رواج شادی

سوائی قلیل فرق کی اوس مطابق ہی جو قوم وزیری کی حالات مین لکہا گیا ہی عـہ سی لیکر غایت درجہ تک

## حال قوم بیٹنی

واضح ہو کہ شیخ بیٹ باقی دو بہائیون سی عمر مین چہوٹا تہا مگر اپنی نیکوئی اور خدا پرستی کی سبب سی زیادہ مشہور ہوا اسنی خورد سالی مین عراق اور عرب تک سیر کیا بہت سی بزرگون کی صحبت سی اثر نیک پایا قرارگاہ اسکی کوہ سلیمان مین تہی اور بعد وفات دفن ہوا نواح غزنین مین شیخ بیٹ کی نسل کو مجمعًا قوم بیٹنی کہتی ہین وجہ تسمیہ اسکا نام مورث اعلی کاہی جیساکہ شجرہ نسب مین درج ہی شیخ بیٹ کے تین فرزند نرینہ اس تفصیل سی تہی اسمٰعیل و کرشبون لجین اسم ورسہون کو کتاب مخزن افغانی وغیرہ نی غلطی سی اشبون لکہدیاہی علاوہ تین پسران کی ایک دختر مسماۃ بی بی متّو تہی جسکی شادی شاہ حسین غوری سی ہوئی اور اسکا ذکر اگلی باب مین آویگا تین پسران مین سی اسمٰعیل بڑی فرزند کو سمی سَرْبَن برادر کلان شیخ بیٹ کا تبرکًا ہمراہ لیگیا باقی دو کی اولاد باسم بیٹنی مشہور رہے زمانہ ماضیہ مین یہہ قوم کوہ سلیمان کی مغربی جانب آباد تہی عہد سلطنت سکندر ابن بہلول لودی مین بسبب غلبہ قوم غلجی اپنی قرارگاہ قدیمہ چہوڑ کر خانہ کوچ کوہ سلیمان کی مشرقی حصہ مین بدرہ موسوم گومل آکر قرار گزین ہوئی اور اکثر لوگ اس قوم کی بطور سوداگری و امیدوار ملازمی ہندوستان کیطرف چلی گئے اور چونکہ اوسوقت ہندوستان مین افغانون کا اپنی ہم قوم بادشاہ ہونے کے سبب سی بڑا قدر تہا قوم بیٹنی مین سی بہی بعضی آدمیون کو بڑا رتبہ اور منزلت حاصل ہوئی جیساکہ بعد از فتح خان بیٹنی ملک کو رنواح بنگالہ کا خودمختار صوبہ یعنی گورنر مشہور رہا جسکو تاج وعماد قوم کرّرانی نی دغا سے مارڈالا اور اسیطرح اور بہی چند آدمی اس قوم کے بادشاہ افغنہ کے سامنی عہدہ امارت رکہتے تہے جو گروہ انکا درہ گومل مین آباد تہا اوسنی اپنی تعداد کی ترقی ہونی پر اپنی قبضہ کو بڑہانا شروع کیا تاحدیکہ مقام دوتوئی تک جوکہ ٹانک کورم کی نزدیک ہی جاپہونچی مسعود وزیرون سی اوس مقام پر مقابلہ ہوا جنمین شکست کہاکر پیچہے کو ہٹی اور مقام قلعہ کڑ نگی سی بہی نیچی چلی آئی فی الحال قلعہ کڑنگی بہ قبضہ فرقہ شینگی شاخ بہلول زئی مسعود کی ہی جب مسعود و زیرون نی انکی مقبوضہ ملک کی کمی کی علاوہ چہیڑ چہاڑ شروع کری تب اس قوم کے بعضے شعبی خانہ بدوش ہوکر اپنی معزز خویشون کے امید پر ہندوستان کو چلی گئی اور جہان جسکی سینگ سمائی وہان آباد ہوئی الا زیادہ گروہ ذریت لجین کا اور اوس سی کم ڈرشبون کا نواح مشرقی کوہ سلیمان مین آباد رہی کہتے ہین کہ اوسوقت

شجرہ نسب کجین ابن شیخ بیٹ
کیسو
ادی زئی
پٹاکنی
تتا
دنا
کٹہ گرام
بالہ خیل
خانڑے سانڑے
بوبا
بوبک
وڑوکی خیل
کنزے
حسن خیل
تاڑن
واوسے
شیچہ
کیسو
موسی زئی
وودوڑے
پرہ خیل
سین زئی
بازدی خیل
قلندر خیل
بابو خیل
جلال خیل
شادی خیل
علی خیل
مانی خیل
میانکی خیل
شیخ ملی خیل
دری خان خیل
میداد خیل
رازمیر خیل
تار خیل
خضر خیل
ازغری خیل
غازی خیل
نادر خیل
کاین خیل
ملک خیل
گگا خیل
ابو خیل
زوجہ اول
زوجہ دوم
سراو خیل
بے بے خیل
پیرہ خیل
مدی خیل
عمر خان خیل
عبدو خیل
حسین خیل
رتن زئی
منداں
خیجی
توران
ابا خیل
شان خیل
سمایل خیل
غازی خیل
ناتی خان خیل
ازغر خیل
بریا خیل
باکل خیل
حاجی بیک خیل
یاد خیل
رسٹے خیل
ماسور خیل
رسول خیل
ہود خیل
بیگے خیل
ایسب خیل
بلا خیل
عمر خیل
سیدے خیل
نعمت خیل
حسے خیل
شکر خیل
جاول خیل
سین خیل
عائشہ خیل
روزی خیل
ملی خیل
شاہ گل خیل
ازغری خیل
فیروز خیل
گگا خیل
بسے خیل
سلمی خیل
چنگہ خیل
عالم خیل
ببہ خیل

بلند شہر مین جو چھپیانوی موضع افغانون کی ہین اور بارہ بستی جو مشہور ہے اونمین بہی بہت کاکڑ افغان ہین خصوص قصبہ خورجہ اسی پر ہی غالب ہے کہ ضلع بلند شہر مین اس قوم کی لوگ چار ہزار سے کم نہین اور سوا ہی انکی اور افغان بہی تہے وہان بہت ہین بنگال اور دکھن مین ہین بہی کاکڑ قوم کی چند گہر سنی جاتی ہین اور دیگر اضلاع مین بہی بعضی جگہہ کاکڑ دکہائی دیتی ہین ہندوستان کے کاکڑ طرز وضع رواج اور شکل و شباہت مین کسیطرح افغانستان کی کاکڑون سے نہین ملتی اور پشتو نہین جانتی

## فصل سوم

### بذکر نسب شیخ بیٹ معروف بہ بیٹن پسر سوئم قیس عبدالرشید

شیخ بیٹ

اسماعیل ۔ وردسپون ۔ کجین ۔ سیانات بی بی متو

ابراہیم ۔ مزبانی ۔ کزبوسٹے ۔ ورکاڑے ۔ غزون ۔ شیتے ۔ دری پلارے ۔ نیخ خیل ۔ چاک خیل

پیچلے ۔ ترے ۔ سیتے ۔ اورکزئے ۔ ورگے ۔ زرکنے ۔ بائی خیل ۔ غوربی زئے ۔ دوورے

خودو خیل ۔ معزئے ۔ سمو ۔ آدم خیل ۔ رسول خیل ۔ معروف خیل ۔ خواجی خیل ۔ چارگل خیل ۔ رحیم داد خیل

مندیکخیل ۔ عمر خیل ۔ بینے خیل ۔ کوٹے خیل ۔ سرست خیل ۔ سن خیل ۔ مانی خیل ۔ ڈون خیل ۔ منہ خیل

روتلمنے ۔ کوسٹے ۔ دمڑ ۔ جاکے ۔ اللہ بن خیل ۔ جانی خیل ۔ حسن خیل ۔ لالی خیل ۔ سمرزئے ۔ دری خیل

بتن ۔ اوکرے ۔ ہیبٹرن ۔ ہمدانے ۔ لنوانی ۔ بشور ۔ خاکے ۔ نیازے

بالسپ ۔ شہمیپ ۔ بند ۔ ملا خیل ۔ تاجو خیل ۔ جینے ۔ شاہ ملک ۔ بائی خیل ۔ رم ورو ۔ سیکردی

یوسف خیل ۔ تمکزلانی ۔ لشکری ۔ ابو الفرح ۔ باسخے

اور معاملون مین لوگ لومڑی کہتی ہین - ناشم علی قاسم خیل قابل خان شاہی خیل میر خان اسد واد خیل غلام شاہ و محبت اس شاخ کی
ملک ہین اور فتح خان ولہ زئی معتبر ملک ہین خدر زئی ملکا گڈی مین رہتی ہین سمیان زئی و ہیوا اس شاخ کی ملک ہین گندپ
اور بیسک کا اکثر زرعی ملک میدان ملحقہ علاقہ گورنمنٹ انگریزی کی شامل واقعہ ہی ور اس سبب سے اونکی بدعتون کی روکنی
واسطی ہماری گورنمنٹ کو ایک معقول ذریعہ حاصل ہی گندپ اور بیسک و ملکا گڈی دامن کوہ ملحق میدان کے واقعہ ہین جنکو مین نے
بچشم خود ملاحظہ کیا ان دیہات کا رقبہ اکثر بارانی اور ناقص ہے مگر جسقدر باہندہ جات اندر پہاڑ کے ہین وہ اکثر سرسبز اور آبی
زرخیز زمین ہی گندم مکی اور چاول یہان بہت ہوتے ہین زیادہ تر پیشہ قوم کا زمینداری اور مالداری ہی گاو میش
یہان کے مشہور اور عمدہ ہوتے ہین وغیرہ زرد اور چوب عمارتی پہار سی لاتی ہین اور رتبہ اتمان نامہ علاقہ سرکار سی رکو اور کپڑہ
و نمک خرید کر لیجاتی ہین گندپ اور بیسک مین مجرمان مفرور علاقہ سرکار ضلع راولپنڈی وغیرہ کی اکثر پناہ گیر ہوتے ہین جنکی
راہبری سی وہانکی لوگ بھی بارادہ ارتکاب سرقہ وغیرہ سرکاری ملک مین آتی ہین گرچہ یہان کے لوگ اپنی قوم کی اسلحہ بند مردونکی
کی تعداد بارہ ہزار بیان کرتی ہین مگر باریک تحقیقات سے ایسا پایا جاتا ہی کہ پانچ ہزار اسلحہ بند مرد اس قوم کی ہونگے اسلحہ بندوق انمین قریب
نصف کے کم ہین تلوار ہر ایک مرد کی پاس ہے گرچہ عموماً یہہ قوم جنگجو نہین مگر بعض انمین اچہی سپاہی نکلتی ہین انکی بندوقون کی زد بدون فائر کی بہت
دور نہین ہے

## غورغشتی

یہی چہچہ ضلع راولپنڈی اور ہزارہ مین آباد ہین جیسا کہ علاقہ چہچہہ مین ایک بڑا موضع باسم قوم غورغشتی نام زد ہی موضع غورغشتہ
کی رہنی والی بہی اپنی آپکو کاکڑ کہتی ہین اسمین شک نہین کہ وہ غورغشت کے نسل سی شاخ کاکڑ یا پنی سے ہین ایک موضع
بگا ضلع ہزارہ مین بہی ہی اور دکہن کی ملک مین بہی نہین معلوم کس تقریب سے قوم پنی کی بعضی لوگ جاکر آباد
ہوئی ہین دکہن کی ملک مین قریب ایکہزار آدمی اس قوم کا ہوگا ؛

## ہندوستانی کاکڑ

ہم اوپر لکہہ چکی کہ افغانو نمین ایسی کوئی بڑی قوم نہین ہوگی کہ جسکی نسل کے آدمی ہندوستان مین نملین گو اونمین سی اکثر ایسی
ہین جو پچہلی قوم کی جائی سکونت سی بہی واقف نہین اور تعلق برادرانہ تو مطلق کچہہ نہین ہے اسیطرح قوم کاکڑ کا بہی کثیر گروہ ہندوستان
کی بعضے اضلاع مین آباد اور حسب املاک ہین جیسا کہ قصبہ کوہانہ ضلع رہتک مین تفرق ابن کاکڑ کی اولاد سے شاخ علی خیل کا فرعہ ابو سعید زئی
وغیرہ کاکڑ آباد ہین قریب تین ہزار نفوس کی اونکی تعداد ہوگی روایت ہی کہ سلطان ابراہیم لودی کی عہد سلطنت مین ملک عبد المالی
ابوسعید زئی کاکڑ معہ ہرسہ برادران خود و دیگر چند اشخاص کاکڑ اپنی وطن سی جاکر قصبہ کوہانہ مین آباد ہوا بعد وفات سلطان ابراہیم
کی عبد المالی خود تو اپنی اصلی وطن ژوب کو واپس آیا مگر اوسکی بہائی معہ اور کاکڑون کے وہان رہگئی جہان ابتک آباد ہین ضلع

اور کہان سی آکر ملک مقبوضہ حال پر آباد ہوئی ایک شخص سفید ریش اس قوم کا ثقہ آدمی راوی
ہی کہ مسمی سامنگ ابن بٹنی کی علی خیل اور موسی خیل کی علاوہ دو پسر اور بہی تہی - ہر دو باعث
کشت و خون فراری ہوکر اپنی قوم سے علیحدہ ہوگئی - چند عرصہ سفید کوہ مین رہی اور پہر وہان سی اودہر
ہزارہ اور چہچہ کے نواح کے پہاڑون مین اونکی اولاد آکر آباد ہوئی اگر یہہ روایت سچ ہو تو غالب
ہی کہ گدون لوگ اوسکی نسل سی ہونگی اور چونکہ تنٹبی اور کاکڑ کو اکثر لوگ ایک سمجھتی ہین اسی سبب سے
گدون بہی کاکڑ کی شاخ سمجھی گئی اس قوم کی اوپر سی دو شاخین سلار اور منصور مشہور ہین اونسی
چند شاخین نکلتی ہین جو شجرہ نسب سی ملین گی اکثر گدون خصوص سلار ہزارہ کی پہاڑون مین نالہ
موسوم دوڑ کی دونون کنارون پر علاقہ اورش تک آباد ہین ہزارہ کی گدونون کی بیچی بہت
عمدہ سبز اور زرخیز ملک ہی - جو جہانگیر کے سلطنت مین بوقت بغاوت اور تباہی قوم دلازاک
انہون نی رفتہ رفتہ زیر قبضہ کرلیا - زیادہ تر ذکر کے لایق وہ گدون ہین جو دریای اباسین سے
مغرب کوہ مہابن کی جنوبی حصہ مین آباد ہین مہابن پورانہ ہندی لفظ ہی سنسکرت مین مہا بڑا
کو اور بن جنگل کو کہتی ہین مہابن کا معنی بڑا جنگل ہی اور یہہ وجہ تسمیہ اس پہاڑ کی بہت ٹہیک
ہی قوم گدون کے ہر دو شاخ یعنی سلار و منصور اس پہاڑ کی چوٹی سی لیکر بیخ تک جنوبی حصہ پر
قابض ہین - گرچہ انکی چہوٹی چہوٹی باہنڈی قریب مین کے ہونگے مگر انکی بڑی گانو صرف تین
ہین - گندپ جسمین تخمیناً چہ سو سی کچہ زیادہ گہر ہون گی - قوم سالار کا بڑا گانو مشہور ہے قریب
کل کی اسمین اتوزئی کے شاخین آباد ہین اس شاخ کی قبضہ مین دو گانو ہین گندپ اور
دالوڑی اور اسمین فی الحال میرباز علیسی خیل جہانگیر علی شیر خیل نواب قلندر خیل خانی محمد خیل
طوطہ علی خیل ملک اور سرگروہ ہین ؛
شاخ مت خوازئی قوم سالار موضع بانیی واقع علاقہ سرکار انگریزی مین آباد ہی اشرف جوار سلہ خان
زیدہ کے عہد مین مشہور لوٹیرا تہا اور افضل ملک ہین سلیمان زئی شاخ سالار کے قبضہ مین -
بادہ - بشنی - کولاگر - بولاچپلی و دیہات خورد واقعہ مہابن ہین ؛
قوم منصور کا بڑا گانو بیسک ہی جسمین قریب تین سو گہر ہونگے قوم منصور مین سی شاخ الدوزی وڈوزی
کے لوگ بیسک مین آباد ہین علیسی خان سفید ریش ولی خیل بیسک کا مشہور ملک ہی جسکو اپنی دیسی جرگہ

## حال قوم گدون

واضح ہو کہ یہہ لوگ اپنی تئین قوم کاکڑ کی شاخ بیان کرتی ہین۔ شجرہ نسب اور مفصل حال قوم کاکڑ اولاد غرغشت کا اوپر درج ہو چکا ہی باوجود بہت کوشش کی ٹہیک دریافت نہو سکا کہ یہہ قوم کب

ملکون مین جاکر آباد ہوئی ہین اون مین سی جنکا حال مؤلف کو معلوم ہو سکا ذیل مین لکہا جاتا ہے

## شاخ تیمنی

تعجب کی بات ہی کہ یہہ تیمنی چار ایماق کی چوتہی شاخ مشہور ہی مگر حال کاکڑ کا راوی کہتا ہی کہ تیمن نام کاکڑ کا بیٹا تہا اوسکی نسل سی تیمنی لوگ ہین مگر وہ بیان نہین کر سکتا کہ کب اور کیونکر یہہ لوگ اوس ملک مین جاکر آباد ہوی جہان فی الحال آباد ہین یہہ لوگ کوہ سیاہ بند نواح ملک غور مین باقی ایماق کے ساتہہ آباد ہین اور تیمنی کی دو شاخ ہین ایک قبچاق اور دوسری دُرزئی اگرچہ قوم تیمنی کے کسی آدمی سی میری ملاقات نہین ہوئی کہ جس سی اس روایت کا حال دریافت کرتا مگر فرزند امیر دوست محمد خان مرحوم والی کابل کی زبانی معلوم ہوا کہ تیمنی لوگ بہی اپنی آپ کو کاکڑ کی نسل سی سمجہتی ہین اگرچہ یہہ روایت سچ ہی تو قوم کاکڑ کے ایک بڑی شاخ نواح غور ملک سیاہ بند مین آباد سمجہنی چاہئی تیمنی کی دو شاخون مین سی قبچاق اصل ایماق اور دُرزئی افغان معلوم ہوتے ہین دیکہو حال ایماق - تیمنی جملہ سنی مذہب ہین اور راہ رسم مین دیگر چار ایماقون سی مطابق ہین

اور خوراک اکثر امیرانہ درانی وضع سے مطابق ہی قوم بابی اور ابدالی درانی کی پورانی دشمنی تہی مسماۃ مراد قوم ابدالی کو قوم بابی کا خان بلا استرضائی والدین لیگیا تہا اوس بات پر دشمنی شروع ہوئی تہی کہتی ہین کہ پہلی حملہ مین مسماۃ مراد ونی جو اوسوقت اپنی قوم ابدالی مین تہی رات کو ابدالیون کی ترکش تیرون کی چاہ مین پہینک دئی اس دغا دہی سے ابدالیون نی شکست کہائی اور مراد ونی مراد پائی چنانچہ یہہ واردات بزبان پشتو منظوم ہی الا فی الحال قوم بابی اور درانی مین کچہہ دشمنی نہین

## قوم مندوخیل

شجرہ نسب سے معلوم ہوگا کہ مندو جسکی نسل سے یہہ قوم ہی غرغشت کا تیسرا بیٹا تہا عوام مین تا ہنوز زیادہ تر یہہ قوم مندوخیل کی اسم سے مشہور ہے اسکی چہوٹی شاخون کا شجرہ نسب نہین مل سکا مندوخیل وادی ژوب کے دونون کنارون پر رہتی ہین اس ژوب کا سر ہندو باغ کے پہاڑ سے شروع ہوکر مشرق مایل شمال کو پہلی آتا ہی جب تک کہ سنر ناغہ کی متصل گومل سے ہوکر جنوب کو رخ پہیرتا ہی اور نالہ گومل مشرق کو آتا ہی ژوب ایک چہوٹی سی ندی تنگ وادی مین جاری ہی اکثر پانی اوسکا میلا اور مفید زراعت کی ہوتا ہی جب یہہ نالہ ژوب سر سے تہوڑا فاصلہ نیچے کو جاتا ہی تو ایک اچہی میدان مین پہونچتا ہی جسمین گندم جو مکی چاول وغیرہ غلہ پیدا ہوتا ہی اس نالہ کی دونون کنارون پر مندوخیل کی دیہات آباد ہوتے چلی آگئے ہین مگر وادی ژوب کا میدان چرائی کی کام بہی آتا ہی اوسکی اوپر بہت کیثر ویسے مالدارون کی نظر آتی ہین وادی ژوب کی حد یقین ہی کہ شمالی طرف وہ ہو گے جو سیوناواغ کی جنوبی حد کی پہار ہین اور درہ گومل کی جنوبی پہاڑ وہ جگہہ جو درمیان ژوب اور بوری اور پہاڑ سلیمان کی واقع ہی زمین ہری بال اور بارگی ہی اور گوشہ مشرقی وجنوبی مین وہ غیر آباد جگہہ ہے کہ جسپر موسی خیل اور رایسوٹ اپنی مواشی چراتی ہین سید ہا مشرق کو حسن خیل اور راباخیل شیرانیون کا پہاڑ ہی وادی ژوب کے زمین زرخیز اور اکثر نہری ہی مندوخیلو نکا راہ ورسم اور پیشہ مطابق درمیان مین رہنی والی کاکڑون کی ہی اوسیطرح سادہ لوح اور زیادہ تر مخلوق ہی زراعت کاری اور رگلہ بانی ہر دو پیشہ رکہتی ہین ؂

## ذکر ان شاخونکا جو قوم کاکڑ وغیرہ غرغشتی سے دوسری ملک مین چلی گئی ہین

اس قوم کے بعض لوگ اپنی قدیمہ وطن سے بباعث تنگی زمین وگذارہ اور دیگر بواعث سے اور ملکون

جب غلہ گران ہو تو ہم وزن غلہ کی وہ شور نمک دیتی ہین اور کبھی دو چند غلہ جو ملکی لیتی ہین یہی لوگ
دستور اور رواج مین مطابق کاکڑ کی ہین الا شاخ اَمزری جو اوسترانی کی ملک سے مغرب آبادی
اوسکا دستور اور رواج قوم شیرانی سی ملتا ہی مگر شیرانیون سی نیک چلن اور کم آزار ہین کل تعداد
قوم یہی کی جو اپنی قدیمہ علاقہ مین آباد ہے قریب اسی ہزار آدمی کی بتلاتی ہین اس قوم کے ان
شاخون کا ذکر جو اور ملکون مین چلی گئے ہین اس فصل کی اخیر مین ہوگا

## قوم داوی

اس قوم کی لوگ بہی تہوڑی آدمی ہین اور قوم کاکڑ کی شامل اور متعلق سمجہی جاتی ہین شجرہ نسب سے معلوم
ہوگا کہ قوم داوی کی تیسرے شاخ باسم خوندی مشہور ہی بموجب روایت مخزن افغانی شاخ خوندے
نسل صلبی داوی کی نہین ہی وہ اسطرح وصل ہوئی کہ داوی ابن دانی اپنی باپ کی زندگی مین گہوڑے
سوداگری کی واسطی گیا تہا اوس سفر مین اوسکو ایک عورت جمیلہ معہ اپنی پسر موسوم سید حسن کی ملی
داوی نی اوس عورت سی وطن پوچہا اوسنی جواب دیا کہ خجند سی آتی ہون اور یہہ لڑکا سید زادہ
ہی اوس ملک مین قحط پڑا ہی مین چاہتی ہون کہ اپنی خواہر کلان کی پاس ملتان مین جاؤن داوی
نی اوسکو ملتان پہونچا کر وہان اوسکی خواہر کے صلاح سی اپنی نکاح مین کرلیا حسن اوسکی پہلے شوہر کے
پسر نے طریقہ لونڈی اور دزدی کا اختیار کیا مگر چند مدت کی بعد اوس مذموم پیشہ سی تایب ہوا اوسکی
چار پسر ہوئی اور چونکہ حسن خجندی تہا بہ تغیر لہجہ پشتو اور اختصار لفظ افغان اوسکی نسل کو اپنے
روزمرہ مین خوندی کہتی ہین :

## قوم بابی

غرغشت کی نسل سی ہی جہان تک مل سکا شجرہ نسب اوپر درج کیا گیا اس قوم کا حال بہی بہت تہوڑا
ملا ہی گرچہ اسکی تعداد تین ہزار آدمی سی زیادہ نہین بتلاتی مگر افغانون مین سی بابی لوگ قندہار اور
قلات نصیر کی طرف بڑی صاحب ہمت سوداگر ہین اور نیک معاشی اور اپنی محنت کی سبب سے آسودہ
حال اور اکثر غنی ہین اس شاخ کی آدمی نیک چلن اور بامروت مشہور ہین اگر اور افغان بہی بجائے
رہزنی اور لوٹ کہسوٹ کی انکی طرح حلال مال کی حصول کی کوشش کرین تو آسودگی اور نیکنامے
دنیاوی کی سوای عذاب عقبی سی بہی نجات پاوین قوم بابی کی اہل دول لوگون کی پوشاک

یہہ کہ اکثر اوقات بعد فراغت طعام شب ناکتخدا مرد اور دوشیزہ دختران گانوسی باہر جمع ہوکر با واز بلند کہتی ہین پیر مرندہ ژوندی دے یعنی پیر مر نہین گیا جیتا ہی اور پہر یہہ ذکر کرتے ہوئی اپنی آپکو دیوانہ کی طرح مست کردیتی ہین راوی کہتا ہی کہ ایسی حالت اور وقت مین بہت بدعت اور بدکاری باہم اون نوخیز جوان اور ناکتخدا عورات کی ہوتی ہی مگر اب یہہ رسم جو پیر تاریک کی مریدون سی چلے تہی قریب نابودی کی ہی قوم ترین مین یہہ کہیل بنام تیسری کے مشہور رہی ؛

## ذکر قوم ناغر

شجرہ نسب دیکہنی سی معلوم ہوگا کہ ناغر ابن ڈانی کی قوم اوپر سی دو شاخ ہی اونسی ہیچی کئے فرعے نکلتی ہین تحقیقات سی اس قوم کا مفصل حال نہین مل سکا اتنا معلوم ہوتا ہی کہ یہہ قوم کچہہ مشہور نہین اور تہوڑی لوگ ہین جو کاکڑون کی بیچ خلط ہوگئے ہون گی ایک ہوشیار آدمی کہتا ہی کہ شاخ دہڑ نسل کاکڑ کی شامل ناغر رہتی ہین ؛

## قوم پنی

اس قوم کا شجرہ نسب اوپر درج ہوچکا ہی جس سی تفصیل و تقسیم شاخوار معلوم ہوگی اس قوم کی بہی شاخین کاکڑ کے شامل رہتی ہین اور کاکڑ کی ملک کی شامل قوم پنی کا علاقہ سیوی ہی اگر مسافر علاقہ ڈاڈر سے پہلی منزل شمال کی طرف جاتا ہی تو سیوی مین پہونچتا ہی یہہ علاقہ سیوی ایک سخت مٹی کا میدان ہی اور بعضی جگہہ پہاڑی نالی نکلتی ہین جنسی سیرابی کا فایدہ ہوتا ہی سیوی ڈاڈر کا نیل بہت عمدہ ہوتا ہی جو قندہار اور ایران مین ملتان کی نیل سی زیادہ پسند کیا جاتا ہی اور خیرپور کے نیل سی برابر سمجہتی ہین السوزئی اور موسی خیل کاکڑون کی علاقہ سی مشرقی جانب ایک بیرونق پہاڑ اور صحرا مین رہتی ہین اور موسی خیل کی بڑی دو شاخون مین سی بلیل کی نسل زیادہ ہی جو اکثر زراعت کاری کا پیشہ رکہتی ہین اور کہرزئی دوسری شاخ بہ نسبت بلیل کے کم ہی اور اس شاخ کی لوگ زیادہ ترگلہ بانی اور مالداری کا کام کرتے ہین شاخ لہون علاقہ چہتن اور گندر مین رہتی ہین جو ملک کاکڑ کی مغربی حصہ مین ہی انکی مسکونہ علاقہ سی نمک شورہ زمینات سی نکلتا ہی اور اس کام کے لوگ اس نمک کو جمع کرکے بذریعہ باربرداری شتران و بزگاوان قندہار اور کاکڑ سندہ و جنیل کی ملک وغیرہ علاقہ جات ملحقہ مین فروخت کی واسطی لیجاتی ہین اور عموما غلہ کے مبادلہ مین اوسکو فروخت کرتے ہین بعضی وقات

گئی تب سی کوئی نمایان حملہ بلوچون نی کاکڑون کی ملک پر نہین کیا ترین کی قوم سی بہی کاکڑون کی کچہہ
دشمنی تہی چنانچہ احمد شاہ ابدالی کی وقت شاخ سنٹیہ کاکڑ کی بی اتفاقی کی سبب سے ترینون نی اپنے
حملون سی کچہو غائی کی کاکڑون کو مجبور اور تنگ کردیا تہا تب رئیس اور کس کا جو اپنی قوم کی بی اتفاقی
سی لاچار تہا احمد شاہ ابدالی کی پاس دادخواہ گیا جب بادشاہ تو بہ مین شکار کرتا تہا اور اس رئیس
نی بادشاہ کی حضور مین اپنی سر پر آگ رکہکر فریاد کری اور بادشاہ نی اوسکی عرض سنکر اسطرح
وادرسانی کری کہ ایک دستہ اپنی فوج کا واسطے دبانی ترینون کی اونکی ملک مین بہجدیا اور قوم سنٹیہ
کاکڑ کے نام ایک رقم یعنی فرمان جاری کیا کہ اپنی خان کی اطاعت اور تعمیل احکام کرو تب پہر سب
قوم سنٹیہ باہم متفق ہوگئی جس سبب سے ترین جرات نہ کرسکے فی الحال کچہہ زیادہ پرخاش ترینون سی نہین
معلوم ہوتی اور باقی اقوام ہمسوانہ سی بہی کچہہ سخت بدی نہین ہی قوم وزیری اور کاکڑ کی باہم کبہی
کبہی تاخت اور لڑائی ہوتی ہی وزیری غارتگری کی واسطی تاخت کرتے ہین اور کاکڑ اطلاع پاکر اونکا
تعاقب یا مقابلہ کرتے ہین جیسا کہ پارسال تین سو سوار اور پیدل وزیرون نی علاقہ ژوب کے مشرقی
اور جنوبی پہاڑون مین کاکڑون کی رمی لوٹنی کی واسطی حملہ کیا اٹہارہ وزیری ماری گئی اور چہہ کاکڑ
کام آئی وزیرون کی مردی بہی وہان چہوٹ گئی

## شمار قوم

قوم کاکڑ کی تعداد مین مختلف روایات ہین بعضی بارہ لاکہہ بعضی اٹہارہ لاکہہ کوئی نو لاکہہ بیان کرتے
ہین ایسی اختلاف کی حالت مین صحیح اور اطمینان کی ساتہہ تعداد لکہنی دشوار ہی مگر غالبًا قوم
کاکڑ کی ذی روح پانچ لاکہہ سی کم نہین ہونگی اس قوم کی مرد گرچہ سادہ لوحی کی سبب فن سپاہگری سے
نہین جانتی مگر سید ہالڑنی مین اچہی سپاہی ہین گو صاحب عزم نہین بندوق تی دار لا بہی جنکی زد دور
تک ہوتی ہی اور اکثر دو پائیہ رکہتی ہین اور بعضی آدمی اچہی نشانہ باز ہوتے ہین بہ نسبت تعداد اشخاص
قابل اسلحہ بندی بندوق تین ربع کم ہی یعنی ایک ربع بندوق والی ہونگے تلوار قریب کل کے ہر مرد کے
پاس ہوتی ہی مگر اکثر اپنی ملک کی بنی ہوئی اسلحہ پہرتے ہین سوار کاکڑون مین بہت نہین ہین گہوڑی رکہنی
کا دستور کم ہے ؎

## لوبہ

ہر قسم کی بازی اور کہیل کو لوبہ کہتی ہین مگر اسجگہہ لفظ لوبہ سی ایک عجیب اہیات کہیل سی مراد ہی وہ

کی رہنے والی کاکڑون مین بہ نسبت زراعت کارون کی مالدار زیادہ ہین اور بہیڑ کے رمون کیہ ہر
بیل اور گائی کے گلے بہی بہت رکہتی ہین اور بعضی لوگ خیبر سے لوگون کیطرح غار کہود کر اوسمین رہتی
ہین باوجود جہالت صلح طلب اور بی نقصان مخلوق ہی

## مذہب

کاکڑ کی قوم جملہ سنی مسلمان ہین مگر اپنی مذہبی فرایض کے احکام سی کم واقف اور سوای عمر رسیدہ آدمیون
کی نماز کم پڑہتی ہین غرض انمین صرف اتنی ہی کہ تعصب فضول نہین رکہتے ؛

## خانگی فساد

کاکڑون کے بیچ بہت کم ہی گو عرب خیل کی بعضی شاخین آپسمین کچہہ فساد رکہتی ہین اور اُتمان خیل
اور دُمڑ بہی لڑتی ہین مگر باوجودکہ فساد گوندی اور جنبہ سی خالی نہین ہین

## دشمن بیرونی

کاکڑون کا موروثی دشمن قوم بلوچ ہی ہمیشہ اونکے آپسمین تاخت اور کشت خون رہتی ہی اور ایک
دوسرے کے نام کے بہی دشمن ہین گرچہ بہت عرصہ سی لشکرکشی ایکدوسری کی ملک پر نہین کری
مگر ہر ایک فریق غنیم کی نقصان رسانی کی واسطی گہات مین رہتا ہی وہ مشہور لڑائی جو باہم سنگین
کاکڑ اور بلوچون کی طماس خان کاکڑ کیوقت مین ہوئی اوسکو قریب سو برس کی عرصہ گذرا ہوگا اور
حال اس لڑائی کا اس طرز پر ہی کہ کاکڑون کی تاخت سی بلوچون نی غصہ کہا کر چہہ ہزار بلوچون کا
لشکر زیر حکم نصیر خان والی بلوچستان علاقہ شال مین واسطی یورش کی جمع ہوا کاکڑ اونکے معاند خوف
کہاکر بمقام دورنخ یا دوژک جاکر پناہ گزین ہوئی یہہ جگہہ ایک تہوڑا سا میدان ہی اور پراون پہاڑو
جو وادی ژورہ کے مغرب طرف ہین اس موقع کی چڑہائی بہت دشوار گذار ہی اور اکثر اطراف کہڑے
پہاڑ ہین جو گذرگاہ نہین کہتی بلوچون نی شال کی طرف سی اسموقع پر حملہ کرنیکا راستہ دشوار سمجہکر وادی
ہنہ کیجانب سی جاکر بعد عبور کرنے ایک سخت پہاڑ کے ایک تنگ وادی کی اوپر چڑہ گئی جہان سی آسان
راستہ دورنخ خواہ دوژک قرارگاہ کاکڑون کو جاتا تہا طماس خان جو اون کاکڑونکا سرگروہ تہا اونے
غنیم کو آنی دیا جب تک سب سے آخری سخت چڑہائی تک پہونچی یہان بلوچون پر کاکڑون نی زیر حکم
طماس خان دِلاور سردار کے حملہ کیا اور قریب کل کی سب بلوچ معہ فاضل خان اونکی افسر کے مارے

## خوراک

اس قوم مین اپنی اپنی علاقہ مسکونہ کی پیداوار اقسام غلہ کی لحاظ پر ہوتی ہی عموماً جوار گندم اور نہری زمینات والی چاول بہی کہاتی ہین لحم بہیڑ بہی کا زیادہ زمستان مین کہایا جاتا ہی اور قروت کو بہت خوشی کی ساتہہ کہاتی ہین مہمان نوازی کچہہ بہت تپاک سی نہین ہوتے تاہم مہمان قدرمند کو اپنے معمولی خوراک سی اچہا کہانا دیتی ہین ؛

## پوشاک

کاکڑون کی زیادہ تر اون یعنی پشم سفید گوسفندون سے بنائی جاتی ہی اور خود یہہ لوگ اور انکی عورات بطور نمد کے صابون اور پانی ملا کر پشم کا ایک موٹا نمد بناتی ہین اور پہر اوس سی اپنی وضع پر پوشش تیار کرلیتی ہین انکی نمدی پارچات مین سی کوسی مشہور ہی جو قمیص کی جگہہ ایک فراخ اور لمبا فرغل کیطرح پہرتے ہین اور جاڑی کے موسم مین وہی رضائی کا کام بہی دیتا ہی کہتی ہین کہ احمد شاہ ابدالی اپنی عصر مین ایک روز توبہ کے پہاڑ پر شکار کہیلتا تہا اوسنے اوسنی کوسی پوشش کاکڑون سی اس جامہ کا نام پوچہہ کر کہا کہ اسکو راحت جامہ کہنا چاہئی کیونکہ ایسی ملک مین آرام دینے والی چیز ہے اس اونی پوشش اور کثرت تعداد قوم کی سبب سے افغانون مین ایک مقولہ مشہور ہے کہ کاکڑ و ختنا درلله ؛ گز درزوی به خرخیدله ؛ که هندوا نو غله خوړله ؛ سیر به ډ ډزوی نشوه موندله ؛ جسکا معنی یہہ ہے کہ اگر کاکڑ کپڑا سوتی پہنتی تو روپیہ کا ایک گز بکتا اور جو ہندو غلہ کہاتی تو ایک سیر بہی ہاتہہ نہ آتا کیونکہ بہ نسبت اونکی کہ جتنی ہندو ترکاری خور ہین افغان اوس سی ہنڈوونکو زیادہ سبزے خور سمجھتی ہین گرچہ اسمین شک نہین کہ اونی پوشش زیادہ ہی مگر تاہم اکثر مغربی کاکڑ صحرائی ورانیون کے مطابق کچہہ وضع پوشش کی رکہتی ہین علاقہ بوری کی رہنی والے کاکڑ قمیص کپڑا کا پہرتے ہین اور سر پر بجای ٹوپی کی لونگی باندہتی ہین اور بعضی کمر کے ساتہہ بہی لونگی باندہتی ہین اور دیگر مشرقی کاکڑ بہی زیادہ تر بوری والونکے ہم طرز ہین مگر درمیان کی رہنی والی کاکڑ بہت سادہ لوح ہین پاجامہ بہی اون کا چہوٹا زانون سی ذرا نیچے تک پہرتے ہین اور گرمی کی موسم مین کمر سی اوپر تک اکثر برہنہ رہتی ہین اور زمستان مین چمڑا گوسفند کے پوستین یا نمد کا جوغہ یعنے راحت جامہ استعمال مین لاتی ہین اور بعضے ایسی بہی ہین کہ شلوار کا کام بہی پوستین دراز اور کوسی سی لیتی ہین درمیان

## پیشہ

کاکڑ کی قوم زیادہ تر دو کام مین مشغول ہی زراعت کاری اور مالداری اور چونکہ زمینات زرعی اسن بشمار قوم کی گذارہ کیواسطی کافی نہین ہین اسواسطی گلہ بانون کی تعداد بہی قریب نصف کی ہوگی اپنی پیشہ مین محنتی اور جورکش ہین پہاڑ و کے بیچ سیاہ خیمہ یعنی کیشر دے جروایون کی اور رمہ بہیڈیون کی بہت نظر آتی ہین اکثر اپنی قوم کے مقبوضہ پہاڑون مین چار یا پانچ سیاہ خیمہ ایک جگہہ شامل لگا کر چرائی کا گذارہ کرتی ہین مگر بعضی اوقات بباعث کمی گہاس علاقہ خود یہہ لوگ ایک بڑا کمپو جمع ہوکر جسمین چالیس سے سوتک کیشر دی ہوتی ہین واسطی چرائی مویشی دوسرے قوم کے ملک مین جاتی ہین مشرق والی کاکڑ زیادہ تر بہیڈی اور بکری کی رمہ رکہتی ہین اور بیل ہی مگر مغرب والون مین شتر بہی رکہنی کا دستور رہے دستکاری کا کام کاکڑ بہت تہوڑا کرتے ہین مگر تجارت سی عار نہین کرتے الا اپنی ملک سی باہر کم نکلتی ہین بہیڈی کی اون زیادہ قندہار کیطرف انکی ملک سی جاتی ہے اور کچھہ مشرق کیجانب بہی آتی ہی گوسی اور نمدہ پارچات کیواسطی یہہ لوگ خود اون سی بناتی ہین اور بعض کاکڑ خصوص کوٹہ اور جنوبی طرف کی رہنی والے غارتگری اور رہزنی راستہ درہ بولان وغیرہ بہی کیا کرتے ہین اس قوم کی لوگ ہینگ واسطی تجارت کی ہرات کے پہاڑون سی بہت لاتی ہین؛

## عادات

یہہ قوم سادہ لوح ہی علم کے شوق مطلق نہین مگر قرآن شریف بعضی لوگ پڑہتی ہین ملا کی تابعدار مگر اونکو گہر سی خیرات وغیرہ کم دیتے ہین مکار اور تعویذ نویس خوند اور پیرون کی معتقد ہوتی ہین گرچہ اونکے تربیت مین جلبیت نہین ہی مگر تاہم دروغگوئی کم ہے مغربی کاکڑ صلح پسند اور آشتی خواہ ہین اونمین سرقہ اور ڈکیتی اور سرقہ بالجبر کم ہی مگر مشرقی اور جنوبی اس معاملہ مین اونسی کچھہ مخالف عادت رکہتی ہین تاہم بنظر کل حالات اس قوم کے یہہ بات لکھی جاسکتی ہی کہ عام چلن اس قوم کا کچھہ زیادہ خراب نہین ہی عورات مستور نہین ہوتین اور قریب ہر شام خصوص چاندنی کی راتون مین بعد فراغت طعام شبینہ مرد اور عورات علیحدہ گروہون مین بیٹھہ کر اپنی وطن کی طرز پر گانی بجاتے ہین اور خوش طبع مخلوق ہی؛

کی رمہ چراتے ہوئی دیکھائی دیتی ہین تمام سکنائی اس علاقہ کی ایک شاخ قوم سنبہ نسل کاکڑ سی ہین اس علاقہ کاخان اُورگس مین رہتا ہی

## علاقہ بوری

ایک وسیع اور طویل میدان آباد اور زرخیز ہے بوری کو بعضی لوگ پشاور کی میدان کی برابر آبادی اور وسعت مین بیان کرتے ہین نہین معلوم کہ یہہ روایت صحیح ہی یا نہین مگر یہہ سچ ہی کہ یہہ علاقہ خوب آباد اور سرسبز ہی اور یہانکی لوگ سب کاشتکاری کا پیشہ رکہتی ہین ایک اچھی ندی بوری کی بیچ جاری ہی جو طرف جنوب مائل مغرب کو او رسوائی اوسکے چھوٹے پہاڑی نالون سی بہے سیراب زمینات ہوتے ہی اور چند کاریزون سی بہی آبپاشی کرتے ہین پیدا وار عمدہ ہوتی ہی یورپ کی بعضے میوہ بہی اسمین ملتی ہین مگر شفتالو نہین ہوتی اور لوگ گانو مین کوٹہون کے اندر رہتی ہین مگر بعض گرمی کی موسم مین کوڈل بناکر گانو سی ذرہ فاصلہ پر رہتی ہین ملک بوری مین بارہ علیحدہ شاخ آباد ہین اور یہہ تمام شاخین قوم سنجر خواہ سوران ابن تفرق نبیرہ کاکڑ کی نسل سی ایک حصہ مین خصوص زیادہ تر قوم عربے خیل وہان رہتی ہی ان ہر ایک شاخ کی چند گانو اپنی اپنی آباد ہین جو زیر علیحدہ علیحدہ منتشر ہوکے ہین گرچہ کاکڑ کے پہاڑی ملک مین اور بہی علاقہ جات خورد اس قوم سے مملو ہین مگر بخوف طوالت اونکا ذکر ترک کیا گیا ؛

## دستور اور رواج

ایسی بڑی قوم مین جیسی کہ کاکڑ ہی ایک ہی دستور اور رواج نہین ہوتا خصوصاً کاکڑ کی قوم اوپر سی جیساکہ شجرہ نسب مین دیکھوگے بیس شاخون سی کم مین تقسیم نہین ہی اور پہر ان شاخون سی کئی چھوٹی شاخون مین تقسیم ہوکر دور دراز ملک مین پہیل گئی ہین اسی سبب سے اونکے راہ ورسم اور پیشہ کچھہ مختلف ہوگئی ہین اور اس کل قوم پر کوئی ایک بڑا خان نہین ہی جو کاکڑ کی شاخ علاقہ برشور مین رہتی ہے اونکا رواج اور دستور اپنی ہمسایہ قوم ترین سی ملتا ہے اور باقی جو مغربی کاکڑ ہین ونکی پوشاک اور دستور اچکزئی وردرانی سی کچھہ موافق اور جو تنازعات باہمی قوم ہون وہ گانو کا ملک باتفاق سفید ریشان و یہ اکثر صلح یا تجویز سے فیصلہ کرتا ہی مگر مشرقی کاکڑون مین ذرہ زیادہ بی انتظامی ہی بوری کی رہنی والی عربے خیل اکثر آپسمین لڑتے مین اگرچہ بعضی اوقات منصف اور سفید ریش رفع تنازع مین کوشش کرتے ہین مگر عموماً تلوار سی فیصلہ ہوتا ہی اور اتمان خیل اور دُمڑ کے باہم بہے اکثر دشمنی رہتی ہی ؛

تو وہ اونچا میدان ختم ہوجاتا ہی مگر اوسکی مغرب رو بہت وادی پہاڑ کے بیچ نشیب مین ہین جنمین سے
توز کو مرغہ - برشور - زرین - توگے - ہنہ - زیادہ تر مشہور ہین - ان جملہ وادیون کے دہان
مغربی طرف ہین +

## وادی برشور

زیادہ ذکر کے لایق ہی اسکی شروع چشمہ لوٹہرہ کی پاس سی ہی اور اوسے نالہ کے کنارون پر بہہ وادی
علاقہ پشین تک جاتی ہی اسکی شمالی حد توبہ کا علاقہ ہی اور جنوب کیطرف ایک سخت پہاڑ ہی اس وادی
کا اوپر والا حصہ تنگ اور جنگل سے بہرا ہوا ہی مگر نیچے والا حصہ آباد ہی اور زرخیز جو کچھہ پیداوار نباتات
خراسان مین ہوتی ہی وہ اس علاقہ مین بہی پیدا ہوتی ہی اگر اسکی بیچ دوسری قوم آباد نہوتی تو یہہ
وادی بہی ملک پشین کا ایک حصہ تصور ہوتا کیونکہ بیچ مین کوی حد فاصل نہین ہی اس علاقہ مین قوم
ترغرے اور سنٹیہ نسل کاکڑ کی شاخین زیادہ تر آباد ہین

## ہنہ کی وادی

کا دہان علاقہ شال مین پہونچتا ہی اور اسکا سر کوتل چہپر کے متصل سی شروع ہوتا ہی اسجگہہ سی ایک بڑے
سخت چڑہائی چڑہکر ایک راستہ وادی زورہ کو جاتا ہی شال کے علاقہ مین بہی قوم کاکڑ کی ایک
شاخ آباد ہی - احمد شاہ ابدالی بادشاہ افغانستان نی نصیر خان والی بلوچستان کو بعوض خدمتگذاری
دیا تہا فی الحال اگرچہ براے نام بلوچستان کی تعلق ہی مگر بباعث ضعف ریاست بلوچستان وہان کی لوگ
خود سر سمجھنی جاتے ہین - علاوہ انکی چہوٹے چہوٹے علاقہ جات مغربی حصہ ملک کاکڑ کے بیچ بہت ہین
کوسہ صحرا کوٹہ توذہ وغیرہ

## کنچوغی

ایک تنگ وادی ہی کند کے پہاڑ کی مغربی طرف اور اوسکی زمین عمدہ اور اکثر جگہہ خوب آباد ہی
بہار کے موسم مین تمام وادی اور پہاڑ ملحقہ سرسبز اور پہولون سی گلزار معلوم ہوتا ہی وادی کنچوغی
بہی اوپر سی تنگ ہی مگر تدریجاً نیچے کیطرف فراخ ہوتی جاتی ہی اور تخمیناً تیس میل تک طویل ہے جنوب
مایل غرب کو اس وادی کا وہ حصہ جو چوڑا ہی کنچوغی نہین کہلاتا اوسکی بیچ چند دیہات بہی ہین جنمین
چالیس پچاس گہر کے آبادی ہوتی ہی اونکی نواح مین آبادی ایسی ہے مگر اکثر جگہہ گلہ بان اپنی بہیڑ کے

# حال قوم غرغشت

شجرہ نسب سے معلوم ہوگا کہ غرغشت قیس عبد الرشید کا میانہ بیٹا تہا غرغشت کی اولاد کی چہہ بڑے
قومون مین سی جنکی تفصیل شجرہ نسب مین درج ہی قوم کاکڑ زیادہ تر مشہور اور قوی ہی یہان تک
کہ بعض لوگ کل اقوام غرغشت کو کاکڑ کی شاخین سمجہتی ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اس قوم کے کل لوگ
خود بہی اپنی آپکو کاکڑ کہلاتی ہین قوم غرغشتی کا جو اوپر شجرہ نسب درج ہوا ہی وہ کچہہ مخزن افغانی
سی لیا گیا اور کچہہ اس قوم کی تین کس ثقہ اشخاص کی زبان سی تحریر ہوا اور انکی زبان کا ثبوت
اسطرح حاصل کیا کہ تا حال ان اسم ہائی مندرجہ شجرہ نسب پر اس قوم کی شاخون کی نام مشہور ہوتے
جاتی ہین باوجود اسقدر کوشش کے مؤلف قوم غرغشتی کا تمام شجرہ نسب حال کی شاخون تک حاصل
نہ کرسکا اور میرے سمجہہ مین اس قوم کا کرسی نامہ شاخوار ضروری حد تک دریافت کرنا اب تک بہی
باقی ہی گو شجرہ نسب مندرجہ بالا سی اس قوم کی بڑی شاخون کی نام اور تعلق باہمی معلوم ہوسکیگا
الا تاہم ممکن ہے کہ اسمین بہی کچہہ فروگذاشت ہو اور باعث شبہ اطمینان کا یہہ ہی کہ یہہ قوم دور رہتی ہے
اور انکی آمدرفت اسطرف بہت کم ہے اور جو معتبر اشخاص تین کس بسعی تمام مؤلف کو ملی اونکو
کامل حد تک واقفیت نہ تہی پس ایسی مشکل کی حالت مین جو کچہہ حال اس قوم کا مؤلف کو مل سکا اوسکو
شاخوار ذیل مین لکہا جاتا ہی؛

## شاخ کاکڑ

دانی ابن غرغشت کی چار بیٹون سی کاکڑ بڑا بیٹا تہا جسکی بیشمار اولاد ایک وسیع پہاڑی ملک پر قابض
ہی کاکڑ کے ملک کی شمالی حد ہی جو ملک غلزئی کی جنوبی سرحد ہی اور شمال مائل غرب علاقہ ارغسان
ہی اور نیز وہ حصہ توبہ کا جو قوم اچک زئی درانی کی قبضی مین ہی مغرب اور جنوب کیطرف بلوچستان
کی حد اور کچہہ سپین ترین کا علاقہ ہے اور کوہ سلیمان کے شاخ ہے تمام کاکڑ کا ملک قریباً یکصو
میل ہر طرف سی چورس ہوگا اور تمام علاقہ پہاڑ اور پہاڑون سی گہرا ہوا ہی جنمین سی ایک اونچا پہاڑ
شمال سی جنوب کو لمبا چلا گیا ہی اس پہاڑ کے مغربی طرف آکر آدمی شمال سی آوے تو پہلے جگہہ
جہان پہونچتا ہی سیتونا دراغ ہی جو ایک اونچا سرد غیر آباد میدان خالی چرائی مویشی کی لایق ہے
مگر اب کچہہ آبادی ہوتی جاتی ہی اور جب کاکڑ کے علاقہ توبہ کیطرف اور جنوب کو آدمی آوے

## نوٹ

مخزن افغانی کی روایت ہی کہ بابی ابن غرغشت نی اپنی ہر چہار پسران کی نام باسم پاک چار فرشتگان مقربین جبرائیل ع - میکائیل ع - اسرافیل ع - عزرائیل ع رکہا تہا مگر بابی افغانون نی اسکو ملامت اور سرزنش کی تب اوسنی نام فرزندان خود بدل رکہی جیساکہ اوپر درج ہین مگر عزرائیل کا دوسرا نام نہین لکہا گیا ؛

شجرہ نسب تاغو ابن دانی
یونس
شش
بہرند
ترک
سلاچ
عبدالرحمن
جیندرو
سیلتے
حندر
بلکٹ
بناوو خاوو
نیرو
شجرہ نسب ننی ابن دانی
سابنگ
ختانے
مرغستن
تاسم
بابکرے
خوزوک
ابسوٹ
شکوٹ
لہوٹ
اتمان خیل
شدی خیل
سپیٹ
وہپال
ساحی
مسعود خیل
وویر
نصرے
باپ خیل
مولی زئی
حسین زے
عمر خیل
ممی زئی
مرد خیل
حمزہ خیل
احمند
مرسی خیل
علے خیل
ہیبت خیل
سپین زے
حسن خیل
بلبل
برزان خیل
خان زے
خویداد خیل
زرو خیل
جلال زے
ملی زئی
کمال زے
جلال زے
احمد زے
کارزے
بابر زے
کابل زے
بائی زے
شادی زے
کرم زے
طوطی زے
وارو زے

## حال اس قوم کا

کانسی کی قوم سی سوائی شاخ شنواری جو نواح ننگرہار مین رہتی ہی باقی شاخون کا کچہہ صحیح حال نہین ملتا
اور شنواریون کا بہی بہت تہوڑا حال مل سکا اس قوم کی کسی آدمی سی باوجود تلاش مولف کی ملاقات
نہین ہوسکی مگر دیگر ثقہ اشخاص سکنائی افغانستان عربی کی زبانی معلوم ہوا کہ قوم کانسی کا اجتماع کسی
خاص مقام پر نہین ہی متفرق جگہہ کوئی کوئی گہر اس قوم کا آبادہی اور ہندوستان اور دکہن مین
بہی اس قوم کی لوگ کچہہ موجود ہین غرضکہ افغانستان مین سوائی شاخ شنواری کی باقی قوم کانسی
قریب نابودی کی ہی شنواری بباعث آبادی نواح درہ خیبر خیبری ہی کہلاتی ہین خیبری سوائی برہمن کی
آفریدی اور ذکہ زئی شنواری تین قومین ہین ان تینون مین سی شنواری ذرہ نیک چلن مشہور ہین مگر
تاہم لوٹ اور حرام خوری سی کم پرہیز کرتی ہین کل تعداد شنواری کی دس ہزار گہر بیان کرتی ہین
مگر شنواریان باجوڑ اور درہ شنگل علاقہ کونڑ وغیرہ بہی اس تعداد مین داخل ہین اس قوم کی لوگ وادی
اور نشیب مین تو واسطی سکونت کو ٹہی مسقف رکہتی ہین مگر پہاڑون پر جہان گرمی کی موسم مین اکثر رہتی ہین چہپر
مثل برہمن وغیرہ کی بناتی ہین ہندوستان مین جہوٹی پہاڑون مین بطور غار زمین کہود کر جائی سکونت
بعض لوگ بناتی ہین گرمی کی برداشت بہت کم کرسکتی ہین پیشہ قوم کا زمینداری اکثر اور نواح ننگرہار
کی شنواری انار اور بادام وغیرہ میوہ جات و دیگر اشیا کا بیوپار بہی کرتی ہین اور بعضی لوگ راہزنی
اور لوٹ پر بہی گذارہ کرتی ہین اور بوریا بافی و بادکش و ستی اور چپلی مزری سی بنانی کا اکثر پیشہ رکہتی ہین
اور یہہ چیزین پشاور اور جلال آباد مین زیادہ فروخت کیو اسطی لیجاتی ہین فی الحال قوم شنواری کی
ہفت شاخون کی نام سی شنواری سات تپی مشہور ہین تپہ شیخ مل خیل ہین ملک اکرم اور آدم خان
سرگروہ ہین اور تپہ خوکا خیل ہین یوسی اور پائندہ خان ملک ہین اور تپہ میرداد خیل ہین نصیرالدین
اور تپہ پیرو خیل ہین گنجو خان ملک ہین قریب کل ہر مرد کی پاس تلوار اور تین ثلث کی پاس بندوقین
ہین بندوق کا نشانہ اچہا مارتی ہین مگر سوائی پہاڑ کی میدانی لڑائی مین کسی کام کی نہین ہین شنواری کی
ملک سی ہزار نادو مشہور ہی شنواری کی قوم سی شاخ سنگو خیل جسکی تعداد تخمیناً تین ہزار مردان اسلحہ بند
بیان کرتی ہین مشہور راہزن اور سارق ہی سنگو خیل قوم خوگیانی سی ملحق الحدود کوہ سفید کی مغربی حصہ
مین آبادہی جنگجوئی اور دلاوری انکی ضرب المثل ہی پستہ قد اور مضبوط آدمی ہوتی ہین اسلحہ آتشبار اور تلوار کی

بہند اور درہ خیبر کے بیچ بہی خوشگیوانکی ہین اور قصور ضلع لاہور ہین خوشگی افغان آباد ہین جنکو وہانکے لوگ صرف قصوریہ پٹہان کہتے ہین ؛

## شاخ محمد زئی یا ممن زئے

قوم زمند یا جمند سکناے افغانستان سے شاخ محمد زئی زیادہ اور آرام مین ہے یہہ شاخ باقی نسل جمند کی اخراج سے پہلی قوم یوسف زئی کی شامل نواح ارغسان سے بدخل ہوئے اور پہر قوم یوسف زئے کی ہمراہ جیساکہ یوسف زئی کی حال مین لکہا گیا حادثات کابل وغیرہ مین متفق رہے جب یوسف زیون کی ساتہہ ہشتنگر مین پہونچے تو وہان ایک خفیف تنازعہ پر یوسف زئی اور محمد زئی کی باہم لڑائی ہوئے جسمین یوسف زئی کامیاب تو ہوئے مگر وہان نہ رہ سکے اور محمد زئی لوگ چند عرصہ ہشتنگر مین رہے جب ملک احمد مشہور سردار یوسف زیون نے قوم دلازاک سے لڑائی کرنی چاہی تو اوسنے بطور تنہ وا اتیہ محمد زیون کو اپنی مددکیواسطے طلب کیا اور محمد زئی اس وعدہ پر شامل ہوئے کہ علاقہ ہشتنگر ہم لینگے چنانچہ بعد فتح کے ملک ہشتنگر محمد زیونکو ملا اور ابتک اونکے قبضہ مین ہے اور اونکے بڑے گانو ہشتنگر مین چارسدہ تنگی نوشہرہ پڑانگ وغیرہ مین دستور اور رواج اور خوراک اور پوشاک انکی اکثر مطابق یوسف زئی لوگونکی ہے اور پیشہ زمینداری رکہتے ہین کل تعداد اس شاخ کی آٹہہ ہزار گہر بتلاتی ہین غالب کہ ان مین کچہہ اور قوم کی لوگ بہی شامل ہون گے

## شجرہ نسب کانسے پسر سوم خرشبون ابن سٹربن

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الوزے | ژمریانے | محمد زئے | سیالا | موسلیغ | سبرون |
| کیتر | کوہیار | شنوارے | سام | سلمٹ | ھمٹر |
| شیخ علی خیل | خوگا خیل | میرداد خیل | پیرو خیل | سنگو خیل | سرکی خیل |
| سلمان خیل | | | | | |

آباد ہوئی جہان فی الحال بہی کچہہ زمند اور خویشگی آباد ہین غوربند کی علاقہ مین بادام بہت پیدا
ہوتی ہین اور خوب سرسبز ملک ہی اوسی عرصہ مین جب بابر بادشاہ نی ملک کابل پر قبضہ کرکے چند
عرصہ کی بعد ہندوستان پر یورش کا ارادہ کیا تو شاخ خویشگی اور بعض دیگر زمند جنہون نی اپنا گذارہ
غوربند وغیرہ مین تنگ دیکہا اپنی پیر کے اشارہ سی ہندوستان کیطرف روانہ ہوئے نقل ہی کہ اوس
پیر نے اس قوم کو ایک مسمار یعنی میخ آہنی دی اور کہا کہ جسجگہہ یہہ مسمار زمین مین جا دے وہی تمہارا
وطن ہوگا اکثر خویشگے اور بعض دیگر جمند خانہ کوچ کابل سی پشاور کے راستی ہندوستان کو روانہ
ہوئے مسمی سلیم خان جمند اوسوقت اس قوم کا سردار تہا جس جگہہ اب شہر قصور ہی لاہور سی مشرق
پہونچکر وہان استقامت کرکے اس قوم کی مرد اکثر زیر سرداری سلیم خان جمند بابر شاہ کی لشکر کے شامل
ہوئی جو سلطان ابراہیم لودے کی مقابلہ کیواسطی ہند کو جاتا تہا جو لڑائی بابر شاہ اور سلطان ابراہیم
کی باہم بمقام پانی پت واقع ہوئی روایت ہی کہ اوس لڑائی مین اس قوم کے ہفت صد آدمی بابر شاہ
کیطرف سی مارے گئے اس وجہ سی بابر شاہ اور ہمایون اونپر بہت مہربانی کرتا تہا اور جب خویشگے اور زمند
قصور مین قرار گزین ہوئی تو مسمی سنبرہ نام بلوچ اپنی قوم کی جمعیت سے ملتان کی کیطرف سی آکر غارت اور تاراج
کرلیجاتا تہا اس دست برد کے انسداد کیواسطی بٹک زئی اور حسین زئی اور عارف زئی اور شاہن زئی
اور کزلانی اور سلہاک لوگ مغرب کیطرف کہ جسکو برکلے یعنی اوپر والہ گانو کہتی ہین آباد ہوئے اسی راستے
سنبرہ حملہ کیا کرتا تہا انکی سد راہی اور مقابلہ سی محفوظ ہوئی اور عزیز زئی اور جنوزئے اور ابراہیم زئے
بطرف مشرق جسکو لرکلے کہتی ہین اقامت پذیر ہوئی اور باقی زمند جنکو مطلق جمند کہتی ہین طرف شمال آباد
ہوئی بعد اوسکی ابراہیم زئے بباعث دشمنی قوم جنوزئی یہان سی اوٹہہ کر قصبہ جوزجا مین چلے گئے اور اسطرح
اکثر سلہاک بہی آجوزئی اور حسین زئی کے مقابلہ سی عاجز آکر قصبہ ٹانڈہ مین چلے گئے اور کچہہ قصور مین باقی
ہین اور بٹک زئی کچہہ ہیرودال مین خانگی خصومت کی سبب جاکر آباد ہوئی سنئے زمانہ اس قوم کی زیادہ
تعداد افغانستان مین نہین ہی اور اسی سبب سی افغانستان مین اس قوم کا نام بہی اکثر لوگ نہین جانتے
زمند یا جمند کے چند گہر علاقہ پشین اور قندہار وغیرہ نواح مین مغلوبانہ بستے ہین اور شاخ خویشگے
کا ایک گروہ درہ غوربند مین رہتا ہی اور ایک گانو علاقہ ہشت نگر ضلع پشاور موسومہ خویشگی آباد ہے
جسکو شجاعت خان شموزئے نے آباد کیا تہا اور چند گہر دریائی کابل کے شمال متصل علاقہ کوہی مہمند

# ذکر اولاد زمند پسر دویمی خرشبون ابن سڑبن

شجرہ نسب زمند خواہ جمند

۵: خویشگی — کتانی — بنگی زی — یا محمد زی (عمرن زی) — توخی

۶: شوزیانی — سلمہاک — امجوزی — کزلانی — زیرزی — عزیزی — عمرزی — ٹبک زی — عمرزی — عیسی زی

۷: خلف زی — ورتوزی — حسین زی — اسمعیل — نورالدین — آلازی — ملازی — موسی زی — خدر — سیپل

۸: چنوزی — شہابن زی — عارف زی — ابراہیم زی — محمد — عشوزی — شموزی — مہلی — بہدین

۹: عیسی — علی زی — اتمان — ورشک — بڈا — موسے

۶: الیاس زی — بارک زی — بٹوزی — عمرزی — اتمان زی — قورم زی (طورم) — تنگی — رحڑ (رزڑ) — شیرپاؤ

۷: تہدوزی — پرپچہ خیل — حوازی — شموزی — فاطمہ زی

۶: ٹٹے زی — امجی زی — پاچوزی — جمل زی — منصور زی

## حال اس قوم کا

واضح ہوکہ قوم جمند ابتداء مین نواح قندہار علاقہ ارغسان کے متصل آباد تہی سنہ آٹھہ اور نوسو ہجری کے بیچ علاقہ پیشین جسکو پشنگ بہی کہتی تہے اس قوم کی قبضہ مین تہا قوم ترین نی زور لاکر علاقہ پیشین اسنے لیلیا اور زمند جسکی بڑی شاخ خویشگی تہی اکثر پیشین کی رہنے سے تنگ آکر مجبوراً اوس ملک کو چہوڑکر بعضے زمند ملتان مین جا آباد ہوئے اور شاخ خویشگی غزنین ہوکر کابل کے راستی درہ غوربندیز

بہائی عوز یا خیلون سی علیحدہ ہوکر بہ ملک ننگرہار تاجیک مین ہتی ہین؛

## قوم مُلا گوری

اس قوم کی چار شاخین ہین ایک بہادر خیل دوسری تارخیل تیسری احمد خیل چوتہی دولت خیل انکی قومیت کی نسبت اختلاف ہی بعضی کہتی ہین کہ مورث اعلی انکا بطور وصلی قوم مہمند کے شامل ہوگیا اور دوسرے روایت یہہ ہی کہ اصل مین اس قوم کا مورث بھی مہمند کی قوم سے تہا ایک روز چند کس مہمند راہزنے کی واسطی گئی اور جب ارتکاب اس جرم کا کیا تو ایک شخص ملا یعنی اخوند جو انکے ہمراہ تہا وہ الگ کہڑا ہوکر دیکہنے لگا تو سارقون مین سی ایک شخص نی بزبان پشتو کہا کہ مُلا گوریت یعنی اخوند دیکہتا ہی اوس روز سی اوسکا نام ملا گوری ہوکر وجہ تسمیہ اس قوم کا ہوا اگرچہ اس روایت کی صحت مین شک ہو تاہم فی الحال یہہ لوگ پہاڑی مہمندون کی ساتہہ مخلوط اور رسم غم مین یہہ قوم اکثر درہ تاترہ مین رہتی ہین اور رہزنے اور زمینداری کا پیشہ رکہتی ہین کل تعداد انکے پانسو آدمی تبلاتی ہین اب ہماری عصر مین شاخ بہادر خیل کا ملک مسمی شینگی خان اور رداد گل اور تارخیل مین مسمی خدری اور خیرو خان اور احمد خیل مین میر عالم ولد سکندر اور دولت خیل مین عصمت اللہ ملک ہین؛

نسبت قوم جمکنی کا اوپر درج ہوچکا ہی اوسکا بیان ہی کہ احمد شاہ ابدالی کی شمار کیوقت اس قوم کے ذی روح آدمیون کی تعداد نو ہزار شمار مین آئی تہی اور فی زمانہ چھہ ہزار اسلحہ بند آدمیون کی تعداد ہی مگر مؤلف کی نزدیک اس سی کچھہ کم ہونگے اونکی علاقہ مین اکثر بارانی زمینات ہین الا بباعث سردی موسم اون مین زراعت گندم اور جو ومکئی عمدہ قسم کے پیدا ہوتے ہے کپاس اور چاول نہین ہوتی چاول علاقہ کرم سی اور کپڑا کپاس کا بنون اور بنگش اور پشاور کیطرف سی آتا ہی عموماً انکی پوشاک اپنی وطن مین اون سفید سی بنتی ہی قوم آفریدی ان سی گوسفند خرید کر لیجاتے ہین اور شہد اور روغن زرد بہی فروخت کیواسطی بنگش ور کرم کو لاتی ہین اوسکے بدلہ مین نمک اور پارچہ اور کبہی غلہ خرید لیجاتی ہین ملکان کا اختیار قوم پر بہت ہے فی الحال شاخ آزی خیل مین مسمیان اودین اور اکبر ملک ہین اور شاخ خانی خیل مین عمر خان اور مست خان امبارک خیل اور فتح خان بلاجوا اور شاخ خوجہ خیل مین محمد دین اور میر باش دری خیل اور لنگر خان اور حسن خان مرزا خیل ملک اور صاحب اختیار اپنی اپنے قوم کے ہین گرچہ ملکان کی واسطی کچھہ خاص آمدنی یا محصول مقرر نہین تھے مگر جہت خرچ مہمانان حسب قدر ہر ایک ملک کو زمینات مشترکہ سی کچھہ زمین سب قوم نی دی ہوئے تھے تنازعات باہمی قوم اکثر معرفت سفید ریشان وبہہ بطور جرگہ اور ملک کی فیصلہ ہوتی ہین یہہ لوگ آپسمین فساد کم رکھتی ہین اور باہر کی پرخاش بھی منظور نہین ہی مگر قوم منگل سی کچھہ عداوت ہوتے جاتے ہی پیشہ قوم کا زمینداری ہی مگر چونکہ زمینات تنگ اور قابل گذارہ سب کے نہین ہین اسواسطی مویشی وار خصوص گوسفندان وبکرے زیادہ رکھتی ہین اگرچہ عقیدہ مذہبی انکا بطریق اہل سنت جماعت کے ہے الا مذہب کی اصول سی کم واقف اور اکثر بے علم جاہل ہین ناطہ دختران باخذ زر نقد دیتی ہین تعداد اس زر معاوضہ کی عموماً للعہ سی لیکر سو روپیہ تک ہوتے تھے ÷

## قوم زیڑانی

غوریا کی چوتھی پسر کا نام زیڑان تہا اوسکی نسل کو زیڑانی کہتی ہین افسوس کہ باوجود کوشش قوم زیڑانی کی شاخون کا شجرہ نسب نہ مل سکا الا اسقدر دریافت ہوا کہ اس قوم کے لوگ تہوڑے اور متفرق اور ننگرہار وغیرہ نواح مین شامل تاجیک رہتی ہین اور اکثر لوگ جنکو خبر نہین اونکو تاجیک کہتی ہین جیسا کہ اخوند درویزہ بابا بہے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ زیڑانے اپنی دیگر

کے نواح مین جاتی ہین صرف یہہ دو خیل بردرانی مین سی کوچے ہین ؛

## قوم داؤدزئی

ضلع پشاور کے میدان مین دریای کابل سی جنوب آبادہی تخمینًا دس ہزار گہر اس قوم کی ہونگی جیسا
کہ شجرہ نسب مین درج ہی اس قوم کی اوپر سی ہی تین شاخ ہین مگر اوس سی نیچے بہت فرع ایمان شاخون
سے نکلتی ہین روایت ہی کہ مندکی پہلا بیٹا داؤدزئی کا دو زوجہ رکہتا تہا زوجہ اول سی مسمی
حسین آور زوجہ دوم سی مسمیان نیکو و بابو فرزند تہے جب مندکی مرگیا تو اوسکے میراث
حسین کی ہاتہ آئی اس سبب سی نیکو اور بابو نی ارادہ قتل اپنی بہائی حسین کا کرکے رات کو اوسکے
خوابگاہ مین آئی اور چند شمشیر اوپر بستر حسین کی مارین مگر چونکہ حسین اونکی غدر سی آگاہ ہوگیا تہا
اور دوسرے جگہہ اوس رات سویا تہا اس وجہ سی محفوظ رہا صبح جب ان دو بہائی شقاوت
شعاری حسین کو زندہ پایا تو خوف اور شرمندگے سی وطن چہوڑ گئے آخر نیکو کے اولاد ہندوستان
مین جابسی اور بابو کی تیراہ کے نواح مین چند گہر متفرق رہتی ہین اور حسین اپنی وطن مین مشغول ہو

## قوم خلیل کی

چہہ ہزار گہر اور تخمینًا باران ہزار اسلحہ بند آدمیونکی تعداد بیان کرتے ہین یہہ بہی پشاور کے
میدان مین رہتی ہین انکا شجرہ نسب اگرچہ اوپر درج کیا گیا ہی مگر حال کی شاخون تک قابل
اطمینان کرسی نامہ حاصل نہو سکا اس قوم کے چند گہر شہر قندہار مین معہ چند خانجات ہمند وغیرہ
بہ ذرانی کی رہتی ہین اور وہان اونکو صرف بردرانی کہتی ہین غالبًا احمد شاہ ابدالی کیوقت سی
وہان جاکر آباد ہوئی ہین شہر قندہار مین ایک علیحدہ محلہ بردرانی کا ہی اون مین سے سرگروہ
شنواری قوم کے گہر ہین ؛

## قوم چمکنی

شروع حال قوم غوریاخیل مین جسکی شاخ چمکنی ہی سبب علیحدگے اس قوم کا باقی غوریاخیلون سے
لکہا گیا ہی یہہ قوم متفرق جگہہ پہرتی رہی فی الحال انکا ایک گانو علاقہ پشاور مین اسی نام سے
آباد ہی اور باقی کل قوم چمکنی کوہ سفید مین علاقہ کرم سی شمال آباد ہے اگرچہ کوہ سفید کے چمکنی نیچے
کم آتی ہین مگر ایک ہوشیار شخص اس قوم کا کوہ سفید سے میرے پاس آیا اوسکی زبانی شجرہ

کنارہ پر واقع ہی درخت بہت تہوڑی ہین اور برف صرف چند روز کیواسطی پڑتے ہی پہاڑ مین اکثر
جگہہ غیر آباد و ویرانہ ہی جسمین مزریی کا درخت خود رو پیدا ہوتا ہی موسم چہار ماہ کیواسطی سرد ہے مگر گرما
مین گرمی نہایت سخت ہی اوس موسم کی باد سموم سی کبہی کبہی آدمی مرجاتے ہین اور مسافرون کو
اوس ہوا سی خوف ہوتا ہی کہتی ہین کہ یہہ ہوا کوہ مارسی نکلتی ہے جو دریائی کابل سی جنوب کیطرف ہی
تعداد بر مہمند کے دس ہزار گہر بیان کرتے ہین اور ایک مہمند مؤلف سی تیس ہزار آدمی کہتا تہا مگر اس
ہر دو تعداد پر اعتبار کم ہی بعض ہمسایہ یعنی غیر قوم کے لوگ اور ہند کے بہی اسمین شامل ہونگے پہاڑ
مین زیادہ تر شاخ موسی زئی مہمند رہتی ہین اون مین شعبہ تارک زئی و زعہ مرجاخیل سی سعادت خان
لعل پورہ والہ مشہور اور صاحب اختیار اپنی قوم کا خان ہی تارک زئی کی دو شاخین بران خیل
اور عیسی خیل پنڈیالی مین رہتی ہین عثمان خیل مین سید امیر و تاج محمد ملک ہین حکومت عجب طرح کی
ہی خان کا اختیار بہت تہوڑا ہی بجز لڑائی کیوقت کے مگر اوسکا اثر ملکان کی اوپر زیادہ ہی اور
ملکان کا اختیار اپنی اپنی شاخ پر زیادہ ہی خان عدالت کرنے سی کچہہ بہت غرض نہین رکہتا ملک
لوگ بذریعہ جرگہ کی سب تنازعات فیصلہ کرتے ہین خان لعل پورہ والہ کو امیر کابل سی کچہہ انعام
ملتا ہی واسطہ حفاظت راستہ کے اور نیز وہ محصول لیتا ہی کاروان اور مسافرون سی جو پشاور
سی براستہ کڑپو اور تاتارہ آنجانہ کابل وغیرہ کو جاتی ہین ان لوگون کی خوراک اور پوشاک
باجوڑ کی لوگون سی موافق ہی مگر اون کی گہر اکثر چہپرا اور جہوگی ہوتی ہین جسمین صرف تابستان
مین رہتی ہین انکے بڑے گانو لعل پورہ اور کامہ اور گوشتہ ہی یہہ بڑی قصبی ہین اور اینٹ
کوٹہے واسطی سکونت کی رکہتی ہین یہہ پہاڑی مہمند اکثر کاشتکاری مین مشغول ہین اور بعض
مویشی چرائی کیواسطی پہاڑون پر رہتی ہین اور بعض چوری اور بعض راہزنی کا پیشہ رکہتی
ہین زمستان کی موسم مین دیگر کامون کو معطل کرکے بوریا بادکش چپلی وغیرہ اشیا مزری
سی بناکر پشاور مین اکثر فروخت کیواسطے لاتے ہین اور غلہ اپنی ملک کی پیداوار بڑی قصبون
مین لاکر فروخت کرکے اوسکی عوض مین نمک کپڑا سفید اور موٹی ریشم کے پارچات اور لونگی
وغیرہ خرید کرکے اپنی وطن مین لیجاتی ہین بر مہمند سی دو خیل سیاہ خیمہ یعنی کیژدی مین کوچی رہتی ہین
اور شتر رکہتی ہین جو بہار کے موسم مین اپنی مویشی کے گلے لیکر دریائی ہلمند کے سر کیطرف ہزارستان

وغیرہ نواح مین جا آباد ہوئے بعد اوسکی جب قوم یوسف زئی کا سردار خان کجو تہا تو باہم اس قوم اور یوسف زئون کے بمقام شیخ تپور بڑی سخت لڑائی ہوئی غوریاخیلون کو بہت نقصان پہونچا خصوصًا شاخ خلیل کے لوگ جو بہت لڑنی والی تہی زیادہ ماری گئی الا باوجود ہزیمت کی یوسف زئون سنے اتنی جرات نہ کرے کہ اونکی مقبوضہ ملک پر قابض ہوسکین قوم کے بڑی ملک یا خان کو پشاور کے غوریاخیل ارباب کہتی ہین اور اونکی اختیارات مین تفاوت ہی بعضی جگہہ اس قوم مین زیادہ رسوخ رکہتی ہین اور بعضی جگہہ کم۔ گہر اور بعضی دستور پشاور کے قومون کا اور خوراک پوشاک کچہہ یوسف زئی کے مطابق ہی زمستان مین اکثر نیلا رنگ کا سینہ بند روئی دار پہرتے ہین اور جب گرمی ہوتے ہے تو اوسکو اوتار کر ایک لمبا اور فراخ حلقہ رکہتی ہین اور سفید یا نیلی دستار سر پر ہوتی ہی ایک لونگے پشاور کے جو خواہ کمر پر اکثر باندہتی ہین یا کاندہی پر ہوتی ہے ہمیشہ پہرتے ہین بہ دُرّانی کی بیچ پشاور کے غوریاخیل حرام خوری کے معاملہ مین نیک چلن ہین مگر چالاک اور ہوشیار اور دغا باز بہ نسبت اکثر افغانو کے زیادہ ہین حسد بہی بہت ہی جنبہ داری سی کوئی خالی نہین دشمنی کو در پردہ چلاتے ہین آدمی شکیل اور پورہ قد مضبوط ہوتے ہین ❊

## مہمند

جو میدان پشاور علاقہ سرکار مین رہتی ہین قریب بارہ ہزار گہر ہونگے اونکا راہ و رسم اور تعلق برمہمند کے ساتہہ کچہہ نہین ملتا بدون اسکے کہ ہم قوم ہین ❊

## بَرمُہمَند

کا حال زیادہ لکہنی کے لایق ہی انکو دِغرہ مہمند بہی کہتی ہین یعنی مہمند پہاڑ کے رہنی والی انکی پہاڑے علاقہ کا بیان اسطرح ہوسکتا ہے کہ قوم اُتمان خیل سی مغربے پہاڑ دریائی کابل تک اور اوسطرف دریای قاشقار یعنی ہود کونڑ کے مشرقی کوہ کی قریب تک یہہ سب پہاڑ برمہمند کی قبضی مین ہین سوائے اون پہاڑون کی وہ میدان جو اونکے پہاڑ اور دریای کابل کے مابین واقع ہی اور نیز بعضی پہاڑ جو دریای کابل کی ملحق جنوبی کنارہ پر ہین وہ بہی اونکی قبضی مین ہین جنوبے حصہ برمہمند کی ملک کا خیبر کے ساتہہ شامل ہے اور اسی سبب سے یہہ لوگ بعض وقت خیبریون مین بہی شمار کئی جاتی ہین انکے پہاڑ اکثر چہوٹے مگر پہردار اور بڑی سخت ہین سوائی کوہ کابل سفر کہ جو دریاء کابل کی شمالے

## مجملاً قوم غوریاخیل

اس قوم کا شجرہ نسب اوپر درج ہو چکا ہی جس سی معلوم ہوگا کہ یہہ قوم بہی خرشبون ابن سڑبن کی نسل
سی ہے اونکا مورث اعلی موسوم غوری یا غوریا تہا جس سبب سے مجملاً اوسکی نسل کو غوریاخیل کہتی ہین
غوریا کی چہار پسر صلبی تہی ایک دولتیار جسکی فرزندون سی مہمند و داؤدزئی دو قوم ہین دوسرا
خلیل تیسرا چمکنی چوتہا زیران تین بہائیون کی اولاد مدت تک ایک جگہہ آباد رہی مگر چمکنی تہا بہائیون سی
چمکنی اپنی زندگی مین علیحدہ ہوگیا سبب علیحدگی اوسکا تاریخ مرصع زبان پشتو مین یہہ لکہا ہی کہ ایکروز
ہر چہار برادرون نی گوسفند حلال کیا تہا اوسکو باہم تقسیم کیا مگر تقسیم کے وقت چمکنی بہلادیا اور اوسکو
حصہ شوربا سی ندیا اسی بات پر چمکنی آزردہ ہوکر باقی تین بہائیون سی علیحدہ ہوگیا اور اب تک اوسکے
اولاد علیحدہ رہتی ہی ابتدا ہی مین قوم غوریاخیل نواح قندہار مین آباد تہے جیسا کہ قوم یوسفزئی وغیرہ
خوخی کی حال مین کچھہ ذکر انکا بہی آگیا ہی وہان سی نہین معلوم کیونکر اوٹھہ کر غزنین سی مغرب رود ترناک
کے کنارہ پر آباد ہوی سنہ چودہ سو اور پندرہ سو عیسوی کے بیچ یہہ لوگ نواح غزنین مین آباد تہی
بابر بادشاہ کی ابتدائی آمد مین قریب سنہ نوسو دس ۹۱۰ ہجری کی یہہ لوگ غزنین سی جنوب و مغرب پر تہی
تہے اور اوسوقت قریب کل کے یہہ قوم پیشہ مویشی داری اور مال چرائی کا رکہتی تہی غزنین سی جلا وطن
ہونی کی غالب وجہ سبب معلوم ہوتے ہین ایک قوم ہزارہ کی مورچہ اور بندی سی عہدہ برا نہو سکی دوم
مغل کی تسلط سی تنگ ہوکر تتہ بتہ متفرق اوس ملک سی روانہ ہوکر نواح کابل اور ننگرہار مین چند عرصہ
قیام کیا اور جمعیت حاصل کرکے خانہ کوچ پشاور کے طرف روانہ ہوئے قوم دلازاک جو پہلے سی پشاور
پر قابض تہی اونسی اس قوم کی بمقام موضع سلطان پور جسکو لوگ جنگ پور بہی کہتی تہے سخت
لڑائی ہوئی کہتی ہین کہ شاہزادہ کامران ابن بابرشاہ کی بہی کچھہ اعانت اس قوم کو تہی دلازاکون
کو اوس خونخوار لڑائی مین شکست ہوئی بعض تلوار سے مارے گئے اور بہت لوگ ہزار خانی کے نالہ
مین غرق ہوئی وہ نالہ اپنی معمولی قوت اسقدر نہین رکہتا تہا مگر خدا پاک کی قدرت سی اوس روز
اوس نالہ کے سر پر اسقدر کثرت سی بارش ہوئی کہ دلازاکون کی غرق آبی کے واسطے وہ سیلاب ایک
چہوٹا طوفان بن گیا اوس فتح کے بعد ملک مقبوضہ حال قوم مہمند و داؤدزئی تمام کے قبضہ مین آگیا
اور وسیع میدان پشاور کا انہون نی لیلیا دلازاک دریای اٹک سے عبور کرکے سیر لنگر کوٹ

شجرہ نسب چکنی معروف خوگنی پشتو کی زبان مین
چکنی
آزہی خیل
عانی خیل
خوجہ خیل
وزیرخان خیل
وزی پلارہ
باجوا خیل
وزی خیل
مزرا خیل
نصر خیل
عوتی زی
گل شیر خیل
جلال خیل
لنگر خیل
حسین خیل
لشکری خیل
قمر خیل
حکیم خیل
ولی خیل
فتح خیل
گورگہ خیل
سلطان خیل
مصطفے خیل
جمال خیل
شیرخان خیل

داو د زے ابن دولت یار

| ۸ | ۸ | ۸ |
|---|---|---|
| مندکے | مامور | یوسف |

مندکے:
بابوزی ۔ حسین زے ۔ نیکوزی

یوسف:
مندر ۔ وفاخیل ۔ صفازی

مامور:
تاجو خیل ۔ محمد خیل ۔ سید خیل ۔ یونس خیل ۔ بازید خیل ۔ علی زئی ۔ بی بی زے ۔ بہاگل زئی

شجرۂ نسب خلیل ابن

سالارزئے ۔ اتوزی ۔ لوزئی ۔ متی زی ۔ آکازی ۔ باروزے ۔ ترک ۔ ساک

## نوٹ

قوم داوودزئی اور خلیل کے نیچے کی شاخوں کا شجرہ نسب مفصل نہیں مل سکا۔

ابن بہمند
احمد
اکازی
حیدر
بابک
موسیٰ خیل
ذکریا
کودین
سنجر
ماما
کوزہ خیل
بازید خیل
قاسم
دولت زے
یحییٰ زی
نوری
موسیٰ زی
ابن بہمند
حیدر
عیسیٰ
علی
بائی زے
خواجہ زی
عثمان
عمرزی
باقی زی
حاجی خیل
سدو خیل
الوزی
کودین
بہدین
علیم زی
تارک زی
اسمٰعیل زی
تنازی
عثمان خیل
اکازی
میتی خیل
ماما خیل
بارہ خیل
حبیب
داؤد
شاتی کالہ
سلطان خیل
دریا خیل
موسیٰ خیل
عیسیٰ خیل
شاہ خیل

# شجرہ نسب قوم غوریاخیل

غوریاخیل

- دولت یار ۶
- خلیل ۶
- چکنی ۶
- زیڑانے ۶

باقی ہر سہ کا نسب آگے آویگا

دولت یار:
- مہمند ۷
- داؤدزئی ۷ آویگا

مہمند:
- زوجہ اول مسمات ورئے
- زوجہ دوم مسمات خاتونہ

- کوکو ۸ آویگا
- موسیٰ زئی ۸ آویگا
- کالا ۸
- یعقوب ۸
- حسن ۸
- مہلی ۸
- عمر ۸
- مندو ۸
- ترل ۸
- شجاع ۸
- میارہ یا سیار ۸

- ماازئی ۹
- موسیٰ زئی ۹
- ابراہیم ۹
- احمد ۹
- سندو ۹
- سلیمان خیل ۹
- سندرزئے ۹
- عبازئے ۹

- ایوب ۹
- شابوخیل ۹
- ساک ۹
- تورہ ۹
- اباخیل ۹
- عمازئی ۹
- ستی زئی ۹
- یوسف ۹
- بیوزئی ۹

- حاجی ۹
- بائیک زئی ۹
- خوجہ ۹
- اسمعیل ۹
- نکتے ۹
- عمر ۹
- دولت شاہ ۹
- رنجر ۹

- سدو ۹
- احمد خیل ۹
- ملی ۹
- توہک ۹
- مندک ۹

دولت شاہ:
- زوجہ اول مسمات بے بے ہوری
- زوجہ دوم مسمات مریم
- زوجہ اول مسمات بے بے خلا
- زوجہ دوم مسمات مستورہ

- ماما ۱۰
- حبیب ۱۰
- خلیل ۱۰
- دستی ۱۰
- بائی خیل ۱۰
- بہلول خیل ۱۰
- داؤدزئی ۱۰
- اتمو ۱۰
- مدو ۱۰

- اسمٰعیل ۱۰
- سلیمان ۱۰
- بیان شاہ ۱۰
- اکاخیل ۱۰
- عباس ۱۰
- بارک ۱۰
- غوزے ۱۰

ہوون اندیشہ لڑائی خان کم دخل دیتا ہی ملکان اور سفید ریشان دیہہ فیصلہ کرتی ہین کبھی کبھی باجوڑ کے لوگ غارت اور غلام پکڑ لانیکو واسطی کافرون کے ملک پر حملہ کرتے ہین اور اونسی لڑتے ہین پیشہ قوم کا زیادہ تر کاشتکاری ہی مگر تیراولی لوگ آہن بنا کر فروخت کیواسطی باہر لاتی ہین اور باہر سی کپڑا اور قند وہان جاتا ہی طریق لوہا بنانے کا یہہ ہی کہ عورات ریگ سیاہ کو محنت سی جمع کرتی ہین فی روز ایک عورت قریب چھہ سیر ریگ جمع کرکی دوکان آہنگران مین اوس ریگ کو ڈال کر آگ کا زور دیتی ہین اور وہ ریگ گلکر نیچے بہتی ہی اور بطور چکنے کے اول لوہا خام بنتا ہی اور پھر اوس سے توا و دیگر کشتی بناتی ہین لوہا باجوڑ کا گرچہ میلا مگر بعد صفا کرنے کے اچھا ہوتا ہے پیشاور اور علاقہ یوسفزئی اور حضرو تک فروخت کیواسطی لاتے ہین *

## قوم صافی معروف صابی

اس قوم کے چھہ شاخین اس تفصیل سے ہین قندھاری مسعود گربز ودہیر گاگی زئی خادی خیل یہہ قوم اپنے آپ کو سربنی افغان سی سمجھتی ہین اور کبھی اپنی مورث اعلی صافی کو غلزئی کا بھائی یا بیٹا بیان کرتے ہین مگر سڑبن اور غلزئی کے ساتھہ انکی کرسی نامہ کی تسموبیت کسی جگہہ تحقیقات سی نہ مل سکے الا اسمین شک نہین کہ قوم تنہی خواہ خوخی نسل سڑبن کی شامل قوم صافی بطور وصلی کے چلے آتی ہین باعث اسکا ذکر ذیل اقوام خوخی کیا گیا اب ہماری عصر مین اس قوم کا زیادہ گروہ بمقام سور کمر نواح باجوڑ مین امین ملک ترکلانی اور مہمند اور اتمان خیل کے آباد ہے اور کچھہ لگاؤ مین بھی کابل سے شمال رہتی ہین اور کوہٹ مین بھی ہین سوا اسکے مین بھی اکثر دیہات انکی ایک دو گھر سے خالی نہین ہونگے اخوند صاحب علیہ الرحمۃ سواتھہ والہ بھی اسی قوم مین سی شاخ قندھاری ہی صافی لوگ اکثر زمینداری پیشہ اور کم آزار ہین کل افغانستان مین اس قوم کا تخمینًا بارہ ہزار گھر ہونگا مگر متفرق اور کم مشہور قوم ہے *

مغرب بایل جنوب تک اور بارہ میل شمال سی جنوب کو عریض ہی اوس مین گندم کے پیداوار زیادہ ہوتی
ہی بہ نسبت اور غلون کے دو بڑی قصبی ہین ایک خاص باجوڑ جسکو شہر کہتی ہین دوسرا ناوگئی ان دونون
قریب ایک ایک ہزار گہر کی آبادی ہوگی اور قصبہ جنڈول اور میاکلی بہی باجوڑ مین مشہور ہین میدان
پنجکوڑہ کی ساتہہ ایک درہ ملتا ہی بطور وادی کے جسکا نام براول ہی براول کا کچھ حصہ اچھا آباد اور
باقیماندہ جنگل سی لدا ہوا ہی اوس جنگل مین بہت قسم کے جانور ہوتی ہین بعضی جگہہ ایسی ہی کہ وہان
کثرت جنگل سی دہوپ بہی نہین لگتی دراصل براول بہی متعلق باجوڑ کی ایک علاقہ ہی اوسکی سکنائی
کو براولی کہتی ہین صرف فرق اتنا ہی کہ براول کا خان علیحدہ ہوتا ہی چودہوین صدی عیسوی کے بیچ قوم
ترکلانی نے جو خوخی کی شاخ ہی اسماک کو فتح کیا غالبًا قوم دیگان سی یہہ ملک ترکلانیون نے لیا ہے
اب باجوڑ کے قابض ترکلانی افغان ہین مگر دیگر قومون کے باشندی بہی اس تفصیل سی آباد ہین شمال کے
اونچی پہاڑ پر کافر جو مسلمان ہوگئی تہی رہتی ہین اونسی شمال کافر سیاہ پوش کا علاقہ ہی قوم صافی
چار ہزار قوم دیگان تیئیس ہزار بہر دو کنارہ دریائی باجوڑ قوم شنیواری کی لوگ چار ہزار آدمی اور کچھ
ہندکے بہی میدان باجوڑ مین خلط ملط ہوگئی ہین میدان کے رہنی والون کو رودباری کہتی ہین الفنسٹن
صاحب اپنی کتاب مین تعداد قوم ترکلانی کے بشمار آدمیونکے نہین لکہتی مگر دس بارہ ہزار گہر تخمینًا بتاتی
ہین اس اندازسی غالبًا تعداد ذیروح اس قوم کے جو اوپر لکہی گئی ہی قریب صحت کی ہوگی ترکلانی قوم کے
خان اپنی ملک مین بہت اختیار رکہتی ہین اور باصطلاح زبان خود خان کو بادشاہ اور باز کہتی ہین الحال
غلام حیدر خان ناوگی مین اور فیض طلب خان جنڈول مین نامی اور مشہور رئیس ہے اور علاقہ براول مین
فیروز خان اور قوم اسمعیل زئی کا ملک گل محمد خان اور حیدر خان سکنہ ناوگی بڑا خان ہی و میر آیان خان
سکنہ شہر باجوڑ بہی مشہور اور صاحب اختیار خان ہین یہہ خان لوگ اپنی رعایا غیر از قوم افغان سے
بابت زمینات بارانی پنجم حصہ پیداوار سی اور نصف حصہ نہری زمین سی محصول لیتی ہین اور دوکان
آہن سی بہی چہارم حصہ لیا کرتے ہین اس آمدن کے تعداد تخمینًا ایک لاکہہ سی کم نہین ہی اور جو افغان اپنی
مملوکہ زمینات رکہتی ہین وہ لوگ گرچہ پیداوار سی حصہ معین نہین دیتی مگر بیگار اور لشکر کشی کیوقت خان کا
لشکر ہوتی ہین اور خان کو اختیار ہی کہ جرایم کی پاداش مین حسب مرضی خود سزا دیوی جلاوطنی اور قید
اور مارنے اور جرمانہ اور تاراج کا اختیار خان کو ہی مگر اکثر جرمانہ کیا جاتا ہے اور عدالت کی کام مین

خان قوم گگیانی کے ساتھ ہوا تھا اوسکو یوسف زئی قوم کا ایک آدمی ورغلان کرلیگیا گگیانی لوگ
اس سبب سی بہت غصہ ہوکر شدید دشمن یوسف زئی کی بنی مسمی جنگا قوم گگیانی کے ترغیب سی
یوسف زئیون کے معتبر ملک حاکم کابل کے حکم اور حضور مین مارے گئی کابل سی بعد گگیانی لوگ
ملک لغمان کی علاقہ باسول مین چلے آئی اور پھر بابر بادشاہ کی حکم سے خارج ہوکر ننگنہار کیطرف آئی
اور پھر ملک احمد کی روئی آوری کے طور پر جاکر بوعدہ دینی ملک دوابہ جہت مقابلہ قوم دلازاک اپنے
شامل کئی اور فتح کے بعد گگیانیون کو علاقہ دوابہ جو درمیان دریای کابل اور سواتھہ کے ہے ملا اور
نیز کچھہ حصہ باجوڑ کا بھی اونکے قبضہ مین آیا تھا مگر اوس سی ترکلاڑی قوم نے بیدخل کردئی اب یہہ
قوم اکثر دوابہ مین آبادہی اور تعداد اسکی تخمیناً پانچہزار گھر بیان کرتے ہین انکا دستور کچھہ یوسف زئی
اور بعضی باجوڑ کے لوگونسی ملتا ہے اکثر پیشہ زراعت کاری رکھتی ہین +

## ذکر قوم ترکلاڑی کا

اس قوم کو افغان اپنی روزمرہ مین ترکانی بھی کہتی ہین مسمی ترک اس قوم کا بانی و مورث اعلی مسمی
حشی یا خوگنی کا بیٹا مسمات بتو کی شکم سے تھا جنکا حال کچھہ پہلے لکھا گیا ہے ترکلاڑی سی ہیچ باوجود
تلاش بہت کی صحیح شجرہ نسبت قابل اطمینان نہین مل سکا اور چونکہ اوس قوم کی لوگ یہان نہین
آتے اسواسطے کامل حال ملنا دشوار ہوا مگر اس قوم کے دو ہشیار آدمیونسی جنمین سی ایک خاص
باجوڑ کا ہی بسنے والا تھا میرے ملاقات ہوئی اونکے بیان متفق سی واضح ہوتا ہی کہ ترکلانی قوم اوپر
چار شاخون مین منقسم ہے سلارزئی جو دورہ چارمنگ و براول مین بھی رہتی ہین اس شاخ کے
آدمیونکی تعداد بارہ ہزار بیان کرتی ہین دوم ممونڈ جسکی دو فریقہ ہین کگازئی اور ووڑہ ممونڈ اونکو بھی بارہ
ہزار شمار کرتے ہین سوم یوسوزئی جسکی تعداد اسلحہ بندان چھہ ہزار مشہور ہی چہارم اسمعیل زئی وہ بھی
چھہ ہزار ہونگے علاوہ انکے براولی ذنتی ہزار تبلاتی ہین +

## ملک باجوڑ

جسمین یہہ قوم رہتی ہی ایک پہاڑی علاقہ سرسبز خوش ہوا ہی باجوڑ کی مغرب کیطرف ہندوکش کا
پہاڑ اور مشرق کوہ مقبوضہ اتمان خیل اور شمال بھی کوہ ہندوکش ہی جسمین کافرسیاہ پوش رہتے
ہین اور جنوب کوہ ہہندان ہی وادی باجوڑ میدان ہی قریب بچیس میل طویل مشرق یا شمال سے

تک اونکا تعشق پوشیدہ رہا جب مسمات بتی سکنہ باندرہ کی جو سہیلی درخانی کی تہی شادی تیار
ہوئی اور وہان درخانی بہی گئی اور اپنی حسن کے استغنا سی درخانی نے مردوزن سی پردہ
کرنا شروع کیا مگر آخر کو مسمی میر صالح کی کوشش اور آدم خان کے رباب نوازی اور تعشق سے پردہ
چہوڑکر باہر نکلی تب سی اونکے تعشق کا شہرہ آفاق ہوا اور چونکہ ناطہ درخانی کا ہمراہ مسمی پیاوی
ہوچکا تہا اسواسطی کوئی صورت وصل بے غم کی معلوم نہوئی بذریعہ شادی پیاوی کے
آدم خان درخانی کو والدین کے گہر سی نکال کر مسمی میر بابی والد مسمات طوطیا زوجہ سابق
اپنی کے گہر لیگیا اور وہان پناہ گزین ہوا مگر میر بابی نے ننگ افغانی کو داغ لگا کر آدم خان
کو گرفتار کر لیا اور درخانی کو پکڑ کر بطور قیدی پیاوی کے پاس بہیجدیا اس غم سی بعد چندے صبر
آدم خان مر گیا اور مسمات درخانی قید مین ہمیشہ اپنی غمخوار کے انتظار مین اشک ریزان تہی کہ
ایک روز اوسنی آدم خان کے رباب کا آواز سنا اور جب باغچہ سے دیکہا تو مسمی میرو قوال
آدم خان کا وہی رباب بجاتا تہا میرو سی حال انتقال آدم خان کا سنکر درخانی پر غم نے ایسا
ہجوم کیا کہ بباعث ضعف قید اور کم خوری اور غم فراق جان بحق تسلیم ہوئی اور اس قوم مین
ان ہردو کا پاک عشق اسقدر مشہور ہے کہ لوگ کہتی ہین کہ بعد دفن دو نو ایک جا قبر مین ملگئی اگرچہ
یہہ بات قابل تسلیم نہین مگر ممکن ہے کہ اونکے کسی ہمراز نے اونکو ایک قبر مین کر دیا ہو اسیطرح
اسملک مین ایک یہہ روایت اور اعتقاد بہی ہے کہ آدم خان کی قبر پر جو درخت کر یہ کہڑا ہی اوکی
لکڑی سی اگر کوئی شخص ناخون بنا کر رباب سیکہی تو جلد آموخت کر سکتا ہی

## ذکر قوم گگیانے کا

جیسا کہ اوپر ذکر ہوا قوم گگیانی بہی خوخی سے متعلق ہی مگر اس شاخ کی اصلیت کا حال اخوند درویزہ
اپنی کتاب مین اسطرح لکہتا ہے کہ مسمی ترک ابن خوشی کی اولاد نرینہ نہین تہی صرف ایک دختر تہی
مسمات کانی باپ نے اوسکا نکاح اپنی شبان موسوم بزرگی یا زیرکی تہا کر دیا اوسی گگیانی پیدا
ہوا اور اوس با دری ذریعہ مسمی ترک کی اولاد سی شمار ہوا گگیانی لوگ کابل تک دیگر قوم خوخی کے
ساتہہ رہی جب مرزا الغ بیگ کے وقت یہہ قوم نواح کابل مین قرار گزین ہوئی تو یوسف زئی
کے ساتہہ گگیانیون کی عداوت شروع ہوئی بنیاد عداوت اِسکی اوٹہی کہ ایک عورت جسکا ناطہ

رہتی ہین بلکہ کُل مشرقی حصہ افغانستان اور دوابہ سندساگر کی لوگ اور بعضی مغربی افغانستان کے بہی جو اونکا نام سُننے تعظیم کرتاہے اور دور دور سی لوگ اونکی زیارت کی واسطی جاتی ہین اور مرجع خاص وعام ہے جو لوگ اونکی پاس جاوین اونکو لنگر سی روٹی ملتی ہے اور مرید اور بیش خدمت آخوند صاحب کی اونکو مہمانداری کا بند و بست کرتے ہین مذہب کی معاملہ مین وہ احکام جاری کرتے ہین اور اونکو سب اہل سُنت جماعت مسلمان مانتی ہین اور نہایت اعلیٰ قدر کرتے ہین اور اونکی مرید مطیع اس تمام نواح مین بہ کثرت ملتی ہین آخوند صاحب کی اوقات ہر ایک نیک کام کی واسطی منقسم ہین اور ہمیشہ دنکو روزہ رکہتی ہین اور منہیات اور مکروہات کا پرہیز غایت درجہ تک کرتے ہین +

## مختصر قصہ دُرخانے و آدم خان

چونکہ یہہ قصہ اس قوم بلکہ اکثر افغانی قوموں مین مشہور ہے اور یوسف زئی لوگونکی مجمع مین رباب کی ساتہہ بڑی سوز سی گایا جاتاہے اور پشتو کی زبان مین بطور نظم منظوم ہی مگر وہ بہت طول اور اکثر خلاف واقع آمیزش سی مملو ہی قابل تحریر صرف اسقدر ہی کہ آدم خان ولد حسن خان قوم میتہہ خیل یوسف زئی ایک شوقین اور خوبصورت جوان تہا رباب نوازی مین اپنا ثانی نہین رکہتا تہا اور شکار کی بہی بہت شوق تہی اور بہت رباب نواز اوسکی مجلس مین حاضر رہتی تہی اسکی جای سکونت مین مختلف روایات ہین بعضی کہتی ہین کہ بنہیر کا رہنی والہ تہا اور غالب روائیت یہہ ہی کہ بڑی کوٹ علاقہ سوات مین اوسکا گہر تہا اور چونکہ یوسف زئی لوگ بہی اوس عہد مین اکثر کوچی رہتے تہے جب آدم خان کی کلی قشلاق کے واسطی بمقام بلاکنڈ پہونچی تو اوس جگہہ مسمات دُرخانی کے باپ کا گانو بہی مقیم تہا دُرخانی کی باپ کا نام پیرجو گی خان قوم حاجی خیل تہا ایک روز آدم خان اپنی اسپ کی نعلبندی کی واسطی مسمی بائو آہنگر کی دوکان پر آیا اور وہان مسمات دُرخانی بہی دوک کی درستی کیواسطے آئی تہی دیدہ بازی سی دونون کے باہم تعشق پیدا ہوگیا کہتے ہین کہ جس جگہہ بائو آہنگر کا دوکان تہا اوسجگہہ درخت فلاہ جو اوسکی دوکان کی میخ سی سرسبز ہوا اور علامت دوکان آہنگری تاحال کوتل بلاکنڈ پر متصل رستہ سوات موجود ہی اور اس درخت سی طرف مشرق علامت کہنڈرات باہنڈی گاہ دُرخانی کا موقع بتلاتی ہین اور وہان ایک چوڑا پتہر ہی جسکی نسبت لوگ کہتی ہین کہ اسپر بیٹہہ کر دُرخانی چرخہ کاتا کرتی تہی اور آدم خان کی باہنڈا کی نشانی اس درخت سی مغرب موجود ہی الغرض عرصہ

گہری علاقہ یوسف زئی مین آئی اور عبدالحکیم اخون زادہ کی مسجد مین رہنی لگی چند عرصہ کی بعد تور ڈھیری مین
جاکر صاحبزادہ محمد شعیب کی جو مشہور آدمی تہی مرید ہوگئی پہر صاحبزادہ مرید تہا حافظ جی صاحب عمرزئی کا اور حافظ
جی صاحب مرید تہی بشونی صاحب مشہور صاحب طریقت فقیر بہیر والی کی اور وہ اسواسطی مشہور تہی کہ اونکی مرید
چارون طریق سیکہتی تہی نقشبندیہ سہروردیہ قادریہ چشتیہ - اخوند عبدالغفور صاحب نی پہلا طریقہ اختیار
کیا اور متصل ہنڈکی موضع بیکی لب دریا سندہ پر قیام کرکے یہہ طریق جاری کیا اور وہان ایک جہوپڑی یعنی
زورخانہ بنایا جسمین بارہ برس تک معبود حقیقی کی عبادت کری کہتی ہین کہ بارہ برس مین اونہون نی
کچہہ سمو کہاکر اور پانی پیکر گذارہ کیا پہلی مین اپنی عبادت اور فضل ایزدی کی سبب سی مشہور ہوی اور
لوگ اونکی پاس آنی لگی مگر اسی عرصہ مین سید احمد اور خادی خان کی معاملہ مین دخل دینی سی لوگون نے
اونکو چہوڑ دیا سب چند عرصہ کی بعد زیارت غلامان تپہ خدرزئی مین جارہی اور وہان پہر پہلی طرح مشہور ہوگئی
وہانسی موضع سلیم خان مین جاکر عزلت گزین ہوی جہان بہت لوگ اونکی مرید ہوگئی اور اونکا نام دور تک
مشہور ہوگیا ۱۸۳۵ء مین جب سکہہ اور افغانون کی لڑائی ہوتی تہی تو امیر دوست محمد خان نے
اخوند صاحب کا نام سنکر واسطی شمولیت جہاد خیبر مین اونکو طلب کیا اور وہ بہت سی غازی اور
طالب العلم لیکر خیبر مین پہونچی مگر وہان سلطان محمد خان کی منصوبہ نی معاملہ بگاڑ دیا صاحب امیر کی
فوج قبل از جنگ واپس چلی گئی تو اخوند صاحب باجوڑ کی طرف فرار ہوی اور ہمراہیون نے
اونکا ساتہہ ترک کیا چند عرصہ رہنی کے بعد کوہ رانی زئی مین بمقام گل درہ جارہی جہان اونکا
نام زیادہ چمکا اور چند مدت پیچہی اوسکی موضع سیدو علاقہ سوات مین اونکو کچہہ زمین دی گئی جہان
وہ ابتک رہتی ہین موضع سیدو مین پہونچکر اونہون نی ستک بی خیل قوم مین سی شادی
کری اور اوس بی بی سی اونکی دو فرزند ہین ۱۸۶۳ء مین بمقام درہ امبیلہ جو گورنمنٹ انگریزی
کی فوج سی بنیر وال وغیرہ پہاڑی لوگون نے مقابلہ کیا اونمین یہہ بہی شامل تہی ہرچند کہ اہالیان
سرکار کو انکی شمولیت کی امید اس باعث کم تہی کہ پہلی انسی کبہی کوی ارادہ مخالفت نسبت سرکار
انگریزی ظاہر نہین ہوا تہا لوگ بیان کرتی ہین کہ اونکی آنی کا سبب یہہ تہا کہ مولوی عبداللہ
وہابی کی روز افزون زور کی سبب سی اونکو رشک پیدا ہوا تہا اخوند صاحب کی بہت مرید
ہین اور لوگ اونکی غایت درجہ تک تعظیم اور تکریم کرتی ہی نہ صرف ایک قوم یوسف زئی جسمین وہ

خٹک کی علاقہ مین واخر الذکر پر تین چار روز ہر سال مین ایکدفعہ میلہ لگتا ہی ور بہت لوگ جمع ہوتی ہین مضافات
پہلی پشاور مین جہنڈا کا میلہ اور بعد رمضان کاکا صاحب کی زیارت پر ہندو اور سوداگر بیوپاری بہی بہت
جمع ہوتی ہین اور میدان پر بیٹہکر ہر قسم کی چیز فروخت کرتے ہین کشتی مداریہ نیزہ بازی وغیرہ اکثر قسم
کی کہیل کہیلتی ہین قمار باز اور طوائف بہی ہوتے ہین اور اس میلہ مین دشمن تک بہی ملجاتی ہین اور اپنا
تنازعہ شمشیر سی فیصلہ کرلیتی ہین سرکار انگریزی کی عملداری سی پہلے ہمیشہ ان میلون پر کشت وخون ہوتی تہی
فی الحال انتظام کی سبب سی اتنا فساد نہین ہے مگر تاہم چند واردات ہوجاتی ہین پیر بابا کی خانقاہ پر بسبب
ویرانہ جگہہ پر واقع ہونیکے کوئی عام میلہ معین نہین ہوتا مگر اکثر لوگ اونکی متبرک مزار پر جاتی ہین
اور بمقام جوگیا نوسہر جو کوہ الم کی دہار موسوم طورتا باکی اوپر واقع ہی بہار کی موسم مین ہندو مسلمان
جاتی ہین اور تین روز تک وہان مقیم رہکر خوشی کرتے ہین اس میلہ کو ہندو لوگ رام تخت کہتی ہین
اور جو لوگ ہندو جاتی ہین وہ آپسمین باچھہ کرکے دو تین سو روپیہ تک جمع کرتی ہین اور اوس علاقہ کے
خانکو دیتی ہین ورنہ وہ نہین جانے دیتا علاوہ انکے عیدین کی تیوہار پر لوگ اپنی اپنی گانو مین خوشی
کرتی ہین اور عورات بہی جمع ہوتی ہین اور کہیلتی اور گاتی ہین اور پہنگ جہولتی ہین ؀

## حال اخوند صاحب سواتہہ کا

جونکہ قوم یوسف زئی کی ملک سواتہہ مین اس مشہور شخص کی سکونت ہی لہذا مختصراً ذکر انکا کیاجاتا
ہی واضح ہو کہ نام اخوند صاحب کا عبدالغفور ہی ۱۲۱۱ ہجری مین یا اوسکی قریب جسکو عرصہ تہتر برس کا
ہوا علاقہ پر سواتہہ مین پیدا ہوی اونکی والدین کی خبر ٹہیک نہین معلوم ہوتی مگر غریب آدمی چروائی
کی طور پر تہی قوم اونکی صافی یا صابی ہی یہہ قوم قدیم سی سٹرنی افغانون کی ساتھہ ایک استانہ چلا آتا ہی
بعضی لوگ قوم صافی کو سید سے نسبت دیتی ہین اور بعضی سٹرنی افغانون کی ایک شاخ سمجھتی ہین مگر
قابل اطمینان صحت حاصل نہین ہوسکتی غالب ہی کہ قوم سٹرینی کی ساتھہ بطور وصلی نہ کہ نسبی یہہ شاخ شامل
ہوگئی ہے جب عبدالغفور صاحب لڑکا تہا تو والدین کے حکم سی مویشی چرایا کرتا تہا مگر خورد سالی عمر مین
بہی خداوند کریم نی اوسکی وجود مین پرہیزگاری اسقدر پیدا کی تہی کہ جس گاو میش کا دودہ پیا کرتی تہی اوسکو
رسی سی پکڑکر چرایا کرتا تہا - تاکہ حرام بیگانے زراعت نہ کہا جاوی جب اٹھارہ برس کی عمر ہوئی تو
تارک دنیا ہوکر موضع بیرن گولہ مین چلا گیا پڑہنا لکہنا سیکہا اور مدت تک طالب العلم رہا - آخر کو گوجر

توکچهه خوشی نهین کرتے بلکه آفت سمجهتی هین جب لڑکا تخمیناً آٹهه برس کا هوگیا یا اوس سے پہلی ختنه کیا جاتا هی
اور اس سُنت کی خوشی بهی کی جاتی هے دوست اور اقربا جمع هوتی هین شادیانه دهل سرنا بجایا جاتا هی کهانا
اور ضیافت هوتی هی اور بعد اخیر کهانیکی مهمان بطور تنبول روپیه دیتی هین اگر بڑا آدمی هو تو اوسکی اس آمدن کے
سب خرچ سی کچهه نفع هوتا هی اور غریب کو نقصان بعد اس رسم کے لڑکی کو نماز وغیره فرایض و آداب مذهبی
سکهائی جاتی هین جب باران یا چودان برس کی عمر کا هوتا هی تو وه باپ کے ساتهه باهر کام پر جاتا هی اور
تب سی اوسکو حجره مین سونا پڑتا هے یا اپنی باپ کی خرمن یا هرٹ پر یعنی جاه پر اور تخمیناً بیس برس
کی عمر کو جب پهونچا تو باپ اوسکو ایک حصه اپنی جایداد سی دیکر علیحده کرتا هی اور لڑکا یا شادی کر لیتا هے
اور گهر پر رهتا هی یا غیر ملک مین نوکری کی واسطی چلا جاتا هی اور بعضی ساون بهادون کی گرم موسم کی طغیانی
سی تنگ آکر اور معاش مکتفی گذاره نه سمجهکر هندوستانکو چلے جاتے هین اور جو وطن سی باهر جاتی هین تو
ضعیف العمری کی قریب واپس آتا هی اور اپنا حصه لیکر باقی ایام زندگی خانگی انجیر کے درخت و کبهنی مین
گذارتا هی اور کوشش کرتا هی که زیاده نماز اور عبادت سی جوانی کے وقت کی گناهونکا بدله کری اوسکی
آخری خوشی یهه هے که اپنی گانو اور بزرگون کی گورستان مین دبایا جاوی چنانچه اپنی رشته دارونکی نعش
اور استخوان غیر ملک سی لاکر اپنی گورستان مین دفن کرتے هین اپنی وطن مین قبر هونی کی خواهش دلی هی جوکه
بر رهتا هے اونکا حال اوپر لکها گیا هی که وه زمینداری کرتی هین اور کبهی کبهی لڑتے هین هر ایک گانو مین
نقاره یا دهل رهتا هی واسطی خبر رسانی حمله مخالف اور جمع هونی واسطی مقابله یا تعاقب غنیم کی سلسله وار گانون
به گانون بجائی جاتی هین اوسکی ذریعه سی جهٹ پٹ لشکر جمع هوتا هی اور دیهه بدیهه خبر پهونچتی هے٭ بس اسطرح سے
قوم یوسف زئی کا رواج اور دستور هے مگر اب کوئی کوئی بدلی جاتی هین سرکاری عملداری سی سکنای علاقه
یوسف زئی کو فایده حاصل هوا هی امن اور آرام کی سواد و لتمندی مین بهی ترقی هوتی جاتی هے مگر بهر بهی
وه پہلی حال کی طرح آزادی بهت چاهتی هین گورنمنٹ نی اونکی فایده کی واسطی بهت کچهه کیا هی پل اور سڑک
اور چوکیات وغیره امورات رفاه عام سی مگر ابهی اور بهی کرنا باقی هے +

## ذکر خانقاه اور میلونکا

اس ملک کی لوگ جن زیارتون کی زیاده معتقد هین اور وهان جاتی هین اون مین سی یهه تین خانقاه
زیاده مشهور هین پیر بابا کی خانقاه ملک بنیر مین جهنڈا کی زیارت بنا ورمین کاکا صاحب کی خانقاه

٭ اسطرح کی لڑائی کی فرصت اب سرکاری علاقه مین نهین پڑتی +

کو پتغلہ یا چنغالہ بولتی ہین الغرض بعد منگنی ہوجانی کی وہ لڑکا منسوب اکثر اونہی سسرال ہین آتا جاتا ہے
بعضی خاندانون ہین تو لڑکے اپنی منسوب مرد کو نہین دیکہتی اور اوس سی پوشیدہ رہتی ہے مگر سواتہہ
اور بعضی یوسف زیؤن ہین بہی جنغول بازی کی رسم بہت ہے اور جنغل بازی اوسکو کہتی ہین کہ مرد
منسوب شادی سی پہلی جب سسرال ہین جاتا ہے تو اپنی زوجہ منسوب کی ساتہہ مشغول ہوتا ہی اور ان
ہر دو کی چہارپائی علیحدہ ایکجا بچہائی جاتی ہے اور آپسمین باتین کرتے ہین کبہی کبہی اس شغل جنغول
بازی کا نتیجہ یہہ ہوتا ہی کہ برات جانی سی پہلی حمل بہی ہوجاتا ہے تب والدین دختر جلد رسومات شادی
انجام کرکے دختر کو بیاہ دیتی ہین اس طرح والدین کی گہر تخم بونی سی کچہہ عیب نہین سمجہتی سوای اسکے
اگر برات آنی سی پہلی یہہ راز فاش ہوجاوی تو مرد منسوب کی دوست اور دختر کی سہیلیان ہنسی اور
مزاخ اونسی کرتی ہین مذہبی طریق شادی کا نکاح ہے ضیافت شادی کو واؤو - اور برات کو جنج
کہتی ہین اہل جنج دونون طرف کی رشتہ دار اور دوست ہوتی ہین روز مقررہ پر وہ مرد منسوب اپنے
دوستونکی ہمراہ اور مرد و عورات کا گروہ لیکر سسرال ہین جاتا ہے عورات مردانسی جدا چلتی ہین اونکو
جانجیان کہتی ہین جانجی بندوقین بہی چلاتی ہین گہوڑی دوڑاتی ہین ڈہل اور سرنا میراسی لوگ بجاتی ہوی
ہمراہ ہوتی ہین دختر کی گہر پر بہی اونکی رشتہ دار اور دوست جمع ہوتی ہین جنکو مانجیان کہتی ہین جب جنج
منزل مقصود کو پہونچ جاوی تو جانجی اور مانجی آپسمین ملتی ہین اور وہ دن اور رات باجہ بجاتی اور
گاتی اور کہانہ کہاتی اور خوشی کرتے ہین اوسی رات کو نکاح ملان پڑہتا ہی اور صبح کو دولہہ اپنی عروس
کو لیکر معہ جانجیان گہر کو واپس جاتا ہی اور مانجی لڑکی والونکی گہر پر رہتی ہین جب مہمان رخصت ہوی
تو عموما تیسری روز دولہہ پہلی دفعہ اپنی عروس کی چادر اوٹہاکر اوسی دیکہتا ہی سب مشقت اسکی پوری
ہوتی ہی شادی پر سب خرچ پسر والی کا ہوتا ہی دوست اور اقربا اوسکو تنبول دیتی ہین مگر وہ بطور قرضہ
کے ہی اونکی گہر مین شادی کی وقت ادا کیا جاتا ہی زیورات اکثر ملنگ عاریتا لیجاتی ہین خرچ شادی
پر بہت ہوتا ہی اسکی تعداد کم سی کم صہ روپیہ ہے اور اوسط عوام لوگون ہین دوسو روپیہ اور بڑی
خاندان اہل دول ہین دو ہزار تک بہی ہوسکتا ہی تولد پسر پر بہت خوشی کی جاتی ہی لیکن والدہ
اوسمین شامل نہین ہوتی کسواسطی کہ چالیس روز تک وہ کوٹہہ سی باہر نہین نکلتی اور اوسکو کچہہ نادانی کے
رسوم کرنی پڑتی ہین اور جب یہہ سمین آ جکین تب وہ چالیسوین دن غسل شفا کرتے ہے اگر دختر پیدا ہو

دوست اوٹہالیجاتی ہین اور وہان بمجمع عام مردان نماز جنازہ گندی کا آخون امام پڑہاتا ہے بعد اداے
جنازہ میت کو اوس لحد مین لٹاکر ذرہ سا مونہہ اوسکا قبلہ رو کرتی اور لحد کو پتہر یا لکڑی سی چن کر قبر پر
مٹی کا ڈہیر لگاکر ماہی پشت بنا دیتی ہین اور اسقاط تقسیم ہوکر سب لوگ واپس آتی ہین اور متوفی کی وارث
اور رشتہ دار گہر جاکر تعزیت اور فاتحہ خوانی کے واسطی بیٹہتی ہین تین دن تک عورات ویر کرتی ہین اور مرد
فاتحہ خوانی کے واسطی جسکو لاس نیوا کہتی ہین جاتی ہین اور اخوند اور علما و فقرا کو خیرات کی روٹی ملتی
ہی چوتہی روز سب عورات جمع ہوکر قبر پر جاتی ہین اسکی بعد بیگانہ لوگ کچہہ نہین کرتی مگر متوفی کے
رشتہ دار اور دوست چالیس دن تک ہر ایک جمعہ کی روز اوسکی قبر پر فاتحہ کیواسطی جاتی ہین اور چالیسوین
دن چہلم کی خیرات کرتی ہین باوجودیکہ یوسف زئی مین بہت لوگ ماری جاتی تہے اور وہ لوگ مرگ
بہت دیکہنی کی عادی ہین مگر تاہم میت کا افسوس اور غم بہت کیا جاتا ہے +

## رواج شادی

اکثر لوگ ایک عورت رکہتی ہین اور بعضی دو اور خوانین اور دولتمند پورہ چار نکاح کرتی ہین اور باندی
یعنی جاریہ حسب توفیق جتنی رکہہ سکین ناطہ لڑکی کا رشتہ داری کی لحاظ سی ایسی خاندان مین کیا جاتا ہے
کہ جہان دوستی کا ارادہ ہو اور گفتگو ناطہ کی اکثر معرفت ڈوم جسکو زیوریا دلال کہتی ہین کیجاتی ہے اس
قوم کی مرد اور عورت کا حال ڈومونکو بخوبی معلوم ہوتا ہی جب کہ والدین دختر نی کسی شخص کو ناطہ
دینا منظور کیا تو شخص منسوب ڈوم دلال کی ساتہہ والدین دختر کی گہر جاتا ہے اگر اوس وقت والیان
دختر نی ناطہ دینا قبول کیا تو شخص منسوب کی واپس جانی کے بعد دو یا چند معتبران دیہہ معہ باپ یا بہائی
مرد کی والدین دختر کے گہر جاتی ہین اور وہان وقت شب جملہ امورات شادی اور باخلاصی اور تعداد
زر نقد وغیرہ اخراجات مقرر ہوکر اکثر اوسی رات مہر بہی تعین ہوکر زبانی وکیلان یا بحاضری مرد منسوب
نکاح بہی ہوجاتا ہے اور اگر زر مقررہ موجود نہو تو تا بہم رسی اوسکی میعاد نکاح معین کر لیتی ہین اور
پہر باپ لڑکی کا اور وہ شخص منسوب ایک پیالہ سی شربت پیتی ہین اگر لڑکا منسوب ہمراہ نہو تو اوسکا
باپ یا بہائی جو گیا ہو وہ پیتا ہے اور اس رسم کی بعد عہد ناطہ کا مضبوط ہوجاتا ہی اور بعد اسکے شکست
عہد ایسا سخت ناگوار ہے جیسا نکاح شکنی جب ناطہ ہوگیا تو دونون طرف کی دوست مبارکباد کہتی
ہین اور ایسی منگنی کو کوژدن کہتی ہین مہر کو مہر اور لڑکا منسوب کو ظلمائی یا چنغول اور دختر منسوبہ

میراسی نقلین بہی کرتی ہین اور خود گیت بناتی ہین اونکی گیت مین اکثر بہادرون کی لڑایون کا ذکر اور صفت
ہوتی تہی مگر عاشقانہ گیت اور مزاخانہ چاربیتہ بہی بہت ہوتی ہین بعضی گیتون مین بی حیا اور خراب ذکر
بہی ہوتا ہے ٭

## عورتون کا

ناچنا گانا علیحدہ ہوتا ہے مردمان کی ساتہہ شامل نہین ہوتی مگر خاص تہوار عیدین وغیرہ کی سوای عورات
کا ایسا مجمع خوشی والہ نہین ہوتا اکثر اوقات گہر کی معمولی کامون مین مشغول رہتی ہین اور ایک گہر
سی دوسری گہر مین پہرتی ہین اور باتین کرتی ہین اور آپسمین لڑتی ہین اور قریب کل کی خواندہ نہین
ہوتی شاید ایک یا دو ہونگے جب باہر پہرتی ہین تو چپ رہتی ہین اور غیر محرم سی مونہہ چہپاتی ہین
یوسفزئی کی عورات کا دل بہت دلاور ہوتا ہے وہ اپنی شوہرونکو لڑای اور خونریزی کی ترغیب
اور دلیری دیتی ہین عورات کی روزمرہ کی خانگی اور معمولی کام یہہ ہین پانی لانا دودہ رڑکنا اور کہانا
پکانا چکی پر خوراک کیواسطی دانہ پیسنی اور سوت کاتنا بڑے لوگون کی مستورات ہین وہ بہی اپنی خوشی کے
ساتہہ گہر کا کام کرتی ہین لیکن وہ زیادہ اپنی آرایش اور زیورات اور پارچات اور سر کی زلفین گوندنے
مین مشغول رہتی ہین ہاتہہ پاؤن پر نکریزا یعنی حنا اور آنکہون مین سرمہ لگانی کی شوق تہی خاتقا ہون
اور اپنی رشتہ دارون کی قبرون پر عورات بہت جاتی ہین خصوص جمعہ کے روز گورستان ہین بہت
پیر و جوان عورات پہرتی نظر آتی ہین کوئی خاموش پہرتی ہین اور قبرون پر پہول اور پتہر اوٹہاکری
رکہتی ہین اور بعضی بیٹہہ کر روتی ہین اور بین کرتی ہین اور سوز کے ساتہہ مردہ کو پکارتی ہین متوفی کا
افسوس اور غم کرنا خاص عورتون کا کام معلوم ہوتا ہے رواج غمی جب کوی مرجاوی تو سب عورات
اوس گنڈی کی اور دیگر ہمسایہ متوفی کے گہر جمع ہوتی ہین اور وہان ویر یعنی بین کرتی ہین اور روتے
پیٹتی ہین اور پیٹنی کی وقت زمین پر پاؤن مار کر پہرتی ہین اور دونون ہاتہہ سی دو رخسارہ و سینہ پر
مارتی ہین حتی کہ بعضی جگر ی غم والونکی مونہہ اور سینہ اس دو ضرب مین سوج جاتا ہے اور نیلہ ہوجاتا ہی
اس پیٹنی والونکی آگے ایک تجربہ کار عورت بطور سرگروہ لاہنی کا آواز دیتی ہے اور اوسکی آواز کی بعد سب
گروہ عورات جو اوس سی پیچہی ہوتا ہے یہہ آواز نکالتا ہی ہائی ہائی ہو آئی اور پیٹتی ہین بعد اوسکے
میت کو غسل دیتی ہین اور پارچات پوشیدہ میت غسل دینی والہ لیتا ہی اور کفن بطور آخری خلعت
پہنا کر اور چارپائی پر ڈالکر اوس لحد تاریک مین تا نفخ صور سولانیکے واسطی اپنی خویش و اقارب

پتی ہین بڑی خاندانون کی بیبی ضیافت کی وقت عمدہ کہانا پکانیکی کوشش کرتی ہین *

## پوشاک

سر پر اکثر سفید عمامہ گول وضع کی ڈہیلی دستار اور خلقہ فراخ اور طویل تا بہ ساق اور بر تنوک یعنی پائجامہ فراخ انکی پوشاک پوری ہوتی ہے جب ایک لونگی نیلی رنگ اور رومال سیاہ اونکی کا ہندی بر ہو یہہ جملہ پارچا دیسی پارچہ موٹی سی بنائی جاتی ہین اور میل چہپانی کی واسطی نیل سی اکثر سیاہ یا نیلہ رنگ دیا جاتا ہی ملکان اور خانان کی بہی اسی وضع کی پوشش ہے مگر اونکی اچہی کپڑی سی بنتی ہے اور لنگہہ خاصہ بہی پہنا جاتا ہی عورات کی سر پر اوڑہنی - یا چادر یا چہیل یا سلاری اکثر چارخانہ خط والی ہوتی ہے - اور عموماً ایک ہی پارچہ اور ایک ہی نمونہ کی ہوتی ہین لانبا اور فراخ آستین والہ کورتا نیلہ سیاہ رنگ دیا ہوا ہوتا ہی اور شلوار زنانہ ذرہ گہیرہ دار اور اکثر سوسی موٹی قسم کی ہوتی ہے یہہ لوگ بدن کی صفائی کا کچہہ بہت لحاظ نہین رکہتی بدون آبدست اور وضو اور تعمیل واجبات مذہبی کی سوای اور غسل کم کرتے ہین مرد سر پر بال نہین رکہتے اور نوخیز جوان مدت تک اپنی ریش کترائی کی سبب سے بڑہنی نہین دیتی عورات کی سر پر لمبی بال اور اکثر دو زلفین گوندکر دہنی اور بائین طرف سی گریبان کی اندر سینہ پر ڈالدیتی ہین *

## شوق اور عادات طبعی

اس قوم کی اہل دول مین باز اور عوام مین سگ اور بندوق کی شکار کا بہت شوق ہی راہزنی اور چوری مویشی اور نقب زنی بہی کرتے ہین اور بعضون نے اپنا گذارہ اسی حرام خوری پر سمجہہ رکہا ہے بی ریش لڑکون پر عاشق ہونا اور اونکی ساتہہ دوستی اور یارانہ رکہنا اغلام کی حد تک پہونچا تا ہے حُسن پرستی بڑی شوق سی کرتی ہین اور بعضی لوگ عملداری ہا متصلہ مین نوکری کی شوقین بہی ہین سرکار انگریزی کی پیادہ رجمنٹون مین یوسف زئی کی لوگ بہت نظر آتی ہین بعضی اچہی سپاہی ہوتی ہین دستکاری کا پیشہ مطلق نہین کرتی گرچہ تجارت کو ذلیل نہین سمجہتی مگر اکثر ایسی ہین جو اس کام سی واقف ہی نہین رکہتی یوسف زئی قوم خوش باشی سرود اور شعر اور غزل بہت پسند کرتے ہین اونکی باجہ نواز ایک خاص قوم ہے میراسی یا ڈوم اونکا باجہ نقارہ سورنا طبل سارنگی رباب ہے مگر رباب پختون لوگ بہی بجاتے ہین اور رباب کے ساتہہ گاتی بہی ہین رباب نوازی سی کوئی پختون عار نہین کرتا یوسف زئی لوگ قلعہ اور حجرون اور سفر مین بہی غزل اور لنڈائی بزبان پشتو ایک اونچی آواز و سوز کے ساتہہ گاتی ہین

کہ تیئری شے یعنی ماندہ نہویا کہتی ہین کہ پخہ چار اور وہ جواب دیتا کہ کوی شے نہ پیچہے یا خوار نگی یعنی بڑا ہو یا نہ خوار ہو جب کوئی انکی
گانو نمین جاتا ہے تو وہ کہتی ہین کہ ہر کلہ راشہ اوسکا جواب ہی کہ ہنکی ورشہ یا ہر کلہ اوسی ور شکر گذاری
کے وقت کہتی ہین کہ خدای دہ بخہ۔ خدای والوی کا یا خدای داؤ ساتہ اور جب کوی روانہ یا رخصت ہوتا
تو اوسکو کہا جاتا ہے کہ خدای پہ امان اور اوسکے جواب مین کہتی ہین کہ خدای درسرہ نیکی او کا غرض کہ
سب اسطرح کی الفاظ دعایہ ہوتے ہین ؛

## ننگ عورت

انمین بہت ہی پردہ داری کی رسم پختونون مین عام ہی خاندانی اور مقدور والے مستورات تو بدون برقع
کی گہر سی باہر نہین نکلتی اور عام لوگون کی عورات اگرچہ پانی بہرنے وغیرہ ضروریات کی واسطی باہر پہرتی ہین
مگر اجنبی آدمی سی اپنا چہرہ بچا رکہتی ہین اور اکثر پانی شام یا صبح اندہیری مین بہرا جاتا ہی اپنی عورات پر
نگرانی اور شبہ بہت رکہتی ہین اگر وہ کسی غیر آدمی کی ساتہہ باتین کرین تو اونکو مارتی ہین اور بدکاری
کی سبب سی جانسی مار ڈالتی ہین عورت کی دشنام یا امور مونث ماں بہن کی دشنام انکو نہایت سخت
ناگوار ہی اور اسکا بدلہ دشنام دینی والی کو مار ڈالنا ہی مگر بہگا لیجانا عورات کا اور میتر ابہی انمین بہت
ہوتا ہی در پردہ آشنائی اور عشقبازی شوق سی کرتی ہین ؛

## سکونت کا حال

اس قوم کی اکثر لوگ مٹی کی گہرون مین غریبانہ گذران رکہتی ہین اونکی کوٹہا سکونتی چہوٹی ہوتی ہین ور
مویشی کی غلاظت سی میلا اور تعفن دار ہر کوٹہہ مین ایک کمرہ سی زیادہ نہین ہوتا بعضی لوگ جو پہاڑون مین
باہنڈی اور ڈہوک رکہتی ہین وہ چہپر اور جہوگی مین اپنا گذارہ کرتے ہین ؛

## خوراک

اس قوم کی کچہہ بہت تحفہ چیز نہین ہی اپنی زمینات اور مویشی کی پیداوار کام آتی ہے سوات کی لوگ مکی اور
چاول زیادہ کہاتی ہین علاقہ یوسف زئی مین گندم اور جو کی خمیری روٹی اور باجرہ بہت کہایا جاتا ہی
شکر۔ قند سیاہ۔ اور شہد اور روغن زرد بہت کہاتے ہین تمباکو کا یوسف زئی مین بہت خرچ ہی اکثر
آدمیونکی نیلی رنگ کی رومال تمباکو سی خالی نہین ہونگی یہہ نابکار جنس حقہ پینی کی واسطی اور نسوار چڑہانی اور منہہ
مین رکہنی کی لئی بہت مستعمل ہے افیون بہی کچہہ کہاتے ہین اور بہنگ و چرس بہی بعضی سفلہ اور بدچلن آدمی

کا مال مویشی وغیرہ مبادلہ مین لے لیوین جو چیز پہلی چرائی گئی اوسکو داڑہ یا ڈاڑہ دُوپہ کہتی مین اور جو
دوسرے قوم بطور مبادلہ مال مسروقہ لی لیوی تو اوسکو بوتہ برمتہ کہتی مین اگر ایک قوم کی آدمی کو دوسرے
قوم کی کسی آدمی کا قرضہ دینا ہوا اور وہ ادا نکری تو قرض خواہ کو اسیطرح کا بوتہ برمتہ کرنیکا اعتبار ہوتاہے

## ننگ پختانہ

یعنی ننگ افغانی انمین بہت ہی اور نغجب کا رواج ہی ننگ پختانہ کا لحاظ زیادہ ان باتون پر ہوتاہے
ننہ واتیہ اور بدل اور میلمستیہ ننواتیہ وہ ہی کہ جو شخص بطور خواستگاری گہر مین پناہ لینی آوی تو اسکو
پناہ دینا چاہئی اگرچہ وہ دشمن ہی ہو اسطرح کی پناہ صرف گہر کی حد تک ہوتی ہے اگر اوس حد سی باہر نکل
جاوی تو پہر اوسکا کچہہ ننگ گہر والی پر نہین رہتاہے اور پہر خود پناہ دہندہ وغیرہ کو اختیار ہے
کہ جسطرح چاہی اوس سی پیش آوی اس گہر آنے کا ننگ اونمین یہان تک ہی کہ وہ کہتی ہین کہ خوک جو ایک
نجس چیز ہی اگر وہ بہی گہر آجاوی تو اوسکو بہی پناہ دینی ضرور ہی بدل سی مراد معاوضہ ہی جو ہر ایک
نقصان کا بدلہ نقصان پہونچانے والی ہی لیا جاوی اور اسطرح بدل کا لینا بہی وہ ضروری سمجہتی ہین
جب بعوض جان انسان کی جان لی جاوے تو وہ قصاص ہے میلمستیہ مہمان اور مسافرون کو کہانا
دیتا ہی اگر کوئی پختون ان ننگ پختانہ کی باتون پر عمل نکری تو سب لوگ اوسکو نالائق سمجہتی ہین خصوصاً بدلہ لینی کا
یہانتک دستور ہی کہ پشت ہا پشت اوسکا اثر رہتاہے اور جب بدلہ نہ لیا گیا ہو تو اولاد کو سمجہایا جاتاہی واسطے
بدلہ لینے کی*

## طریق ملاقات

جب آپسمین ملتے ہین تو جیسا کہ سب مسلمانون کا دستور ہی کہتی ہین السلام علیکم اور جواب ہی وعلیکم السلام
اگر یہہ جواب ندیا جاوی تو سوای ترک حکم شرعی وہ لوگ بہی برا مانتی ہین اور دوست یا واقف جو مدت
سی بعد ملتی ہین تو وہ ایک دوسری کو گلی لگا کر اور اکثر تین دفعہ سر ایک دوسری کی دونہی بائین پہیرتے ہین
اور کہتی ہین کہ جوڑی خہ جوڑی تکڑہ ہی خوشحالی تازہ خہ نکرا ہی روغیی - گرچہ دوسری طرف کی جواب
کا انتظار نہین کرتے مگر وہ دوسرا بہی اسیطرح کی الفاظ سی ادا ڈہنڈ مچائی رکہتا ہی بعد اوسکے چار پائی
پر بیٹہکر ایک دوسرے کی گہر اور بہائی اور دوستونکی خیر عافیت پوچہی جاتی ہی اور حقہ طلب ہوتاہے جب
راستہ پر کوئی راہ گذر ملجاتاہے یا قلبہ رانی وغیرہ کام مین آدمی مشغول دیکہتی ہین تو اوسکو کہا جاتاہی

سی آخر مین یہہ کہتی ہین کہ کیا ہم بچھتون نہین ہین اور چونکہ یہہ قوم اوس ملک اور اون لوگونمین رہتی ہین
کہ جنکو اونکی بزرگون نے کسی زمانہ مین فتح کیا تہا اسواسطی وہ اونکو حقیر نظر سی دیکھتی ہین بلکہ تکبیر کی سبب
سی اپنی قوم مین بہی دوسری کو اپنے برابر نہین سمجھتی ہین اور ہر کوئی اپنی آپ کو برتر سمجھتا ہے شک
اور حسد بہی بہت ہے ایک کا فایدہ دوسری کا خار چشم ہوتا ہی گرچہ قوم کے معتبر آدمیونسی اچھی طرح
گذارہ کرتے ہین مگر غریب اور زیر دستون پر جہان تک دست رس ہو ظلم کرتے ہین احمد شاہ ابدلی
جب پشاور مین آیا تہا تو اوسنی بنظر انتظام ملک داری اور واسطی خوش کرنی لوگونکی قوم یوسف زئی
اور خلیل - مہمند - خٹک وغیرہ کو بر درانی کا خطاب زبانی دیا تہا اوس خطاب سی یہہ اپنا فخر سمجھتی
ہین - یوسف زئی کی ہمسوانہ - ملک کے لوگ کہتی ہین کہ یوسف زئی لوگ بی رحم اور بی مروت ہین اگر کوئی
اونکی ساتہہ نیکی کرے تو اوسکا معاوضہ لازم اور ضروری نہین سمجھتی*

## مہمان داری

جسکو بزبان خود میلمستیہ کہتی ہین بہت کیجاتی ہی مہمانونکو حجرہ مین کہانا اور چارپائی ملتی ہی ایک دفعہ
مؤلف خود موضع مرغور علاقہ یوسف زئی مین مہمان ہوا قدر مند مہمان کی واسطی مرغ کا شوربا جو اوپر سے
سیاہ اور نیچی سی سفید ہوتا ہی اور حلوا اور خمیری روٹی اکثر مروج ہی اور مہمان کی بہت عزت کیجاتی ہے
صاحب خانہ اکثر خود اپنی ہاتہہ سی یا اوسکا کوئی فرزند یا بہائی مہمانکی نوازش کیواسطی کہانا لاتا ہی اور ہاتہہ
دہولاتا ہے کہانا ہمیشہ گہر مین مستورات کی زیر نظر پکیا ہے جو مسافر اجنبی مفلس ہون وہ مسجد کو جاتی ہین تو
گہر گہر کا مانگا ہوا ٹکڑہ کہاتے ہین اگرچہ اسطرح مہمانداری کرتے ہین مگر جس مہمان کا لوٹنا فائیدہ ہو اور
آئندہ اوسسی کچہہ دوستی یا تعلق کی امید نہو تو جب مہمان رخصت ہو کر اپنی حد سی نکل جاوی تو اوسکو
لوٹ لیتی ہین خصوصاً اتمانزئی اسواسطی اگر کسی مسافر کی پاس کچہہ ہو تو بدرقہ ہمراہ لیجانا ضرور ہوتا ہے
اور بدرقہ اجرت پر مل سکتا ہے یہہ بدرقہ اوس علاقہ کی خان یا سردار کا لینا چاہئی ورنہ کسی اور کا کام نہین
آتا اور ہر ایک خان انکا اپنی قوم کی حد تک کا اختیار ہے اوسکے بعد دوسری خان کا بدرقہ لینا چاہئے
مگر بالفعل بدرقہ کا رواج نہین ہے*

## مبادلہ چوری

اگر ایک شاخ یا قوم کا آدمی دوسری قوم کی مویشی وغیرہ چوری کری تو مالکان مال کو اختیار ہی کہ قوم سارقان

اور لوگونکی ملا پڑھی ہوی ہوتے ہین اور ہر بڑی گانو مین علما جامع فاضل موجود ہین مگر عموماً زیادہ علم والے
کم ہین یوسف زئی لوگ اپنی قوم کو بہت برتر سمجھتے ہین اور خود نمائی کو عیب نہین جانتے مغرور اور طامع
حریص زود رنج کینہ ور معاوضہ لینے والے عفو نہین کرتے اور نا دست رسی دل مین بدلہ لینے کا ارادہ رکھتے
ہین اور دل کی طرف ایسے سادہ ہین کہ بہت سی واہیات قصے سچ مان لیتے ہین اور شگون اور مہورت
کا لحاظ کرتے ہین ملاؔن اور بزرگون کو بہت مانتے ہین جو وہ زبانسے نکالین اوسکو قبول کرتے ہین خانقاہ
اور زیارتون کی بہت معتقد ہین اور مرد اور عورت وہان جاکر منت اور شکرانہ دیگر دعا مانگتے ہین اور
یہہ عقیدہ اونکا دلی معلوم ہوتا ہے نہ ظاہری کیونکہ وہ علما اور خانقاہ کو بہت خیرات دیتے ہین لیکن اونکی
طبیعت مین آزادی یہان تک تھی کہ اگر وہ ایسا امر کرنا چاہین جو خلاف احکام مذہب کے تھی تو وہ فوراً
کرلیتے ہین نفس کے پیرو بھی بہت ہین ✤

## مذہب

اصل مین یہہ سب سُنی مسلمان ہین اور اپنی آپکو چار یاری کہتے ہین* فرائض شرعی کو وہ خوب جانتے ہین
نماز - روزہ - حج - اور زکات فرض سمجھتے ہین وایما تارک الصلواۃ آدمی کم ہین مگر اسی طرح بلاقضا
کرنے ایک کی بہی ہمیشہ پنج گانہ نماز پڑہنے والے بہت نہین ہین مگر تارک الصلواۃ کو معیوب سمجھتے ہین یہہ
لوگ خیرات بہت دیتے ہین بقدر مقدور اپنے کے امام مسجد و دیگر ملاؔن اور بیوہ اور یتیم اور نابینا اور
لوہلا یا اپاہج کو اور ضعیف اور مفلسونکو خیرات دو طرح کی دیتے ہین ایک زکات مین سے جسکا ادا کرنا
فرض ہے دوسری خیرات جو اختیاری امر ہے خیرات مین کبہی کبہی نقد روپیہ بہی دیتے ہین مگر اکثر غلہ دیا جاتا ہے
اور یوسف زئی مین کوئی عشر پیدا وار کا نہین دیتا روزہ ماہ رمضان بہت اچھی طرح رکہا جاتا ہے
روزہ خور کوئی کم بخت شاذ نادر ہوگا مسافر اور نابالغونکو خود اجازت ہے حج کا مبادلہ انمین زیادہ تر
اسطرح ادا کیا جاتا ہے کہ جو شخص خود حج کی واسطے مکہ معظمہ کو نہ جاوی تو بعضی اپنی طرف سے اجیر بہیجدیتے ہین
اور جسسے یہہ بھی نہو سکے تو وہ گرد نواح کی خانقاہون پر جاتے ہین خصوص جمعہ کے روز اکثر زیارتون پر
جاتے ہین پیر بابا کی خانقاہ بنیر مین اور کاکا صاحب کی خٹک مین بہت مانتے ہین ✤

## خودنمائی

اور مغروری یوسف زیون مین بہت ہی ہمیشہ اپنے بزرگان اور اپنی جوانمردی کی صفت کرتے ہین اور

* الا فی الحال ملا سید میر صاحب کو شیعہ معتقدون کو باقی لوگ وہابی کہتے ہین اور جسا سوشید کی معتقد جو اہل سنت جماعت ہین اونسے سخت دشمنی رکہتے ہین تا سید میر صاحب پر
اکثر قوم اتمان زئی اور بقیر اسد خان گہری اسمعیل زئی کا خاندان ہے باقی تمام لوگ اخوند صاحب سوات کی معتقد ہین ✤

پشت تا تک عداوت رہتی ہی اور اکثر کم تصفیہ ہوتا ہی یہی سبب ہے کہ یوسف زئی قوم مین خانگی دشمنی قدیم سی بہت چلی آتی ہے ہر قوم اور گاؤن مین آپسکی دشمنی تہی اور سوائی ہیس بدلائی کی بخوف دشمنان باہم نہین پہر سکتی تہی سرکاری عملداری سی پہلی علاقہ یوسف زئی مین بدون اسلحہ بندی زرعت کا کام نہین کر سکتی تہی اور فصل کی حفاظت بہی ایک جمعیت اسلحہ بند آدمیونسی ہوتی تہی اور محافظ مویشی کی واسطی بہی چراگاہ مین جاتی تہی اب سرکاری علاقہ مین ان احتیاطونکی کچہہ ضرورت نہین رہی گورمنٹ انگریزی کا حسن انتظام لوگون کی حفاظت اور امن کے واسطی ایک آہنی سپر بن گیا ہے اور اوس سپر کی حمایت کی نیچے جہان جاہین لوگ پہرتے ہین اور طفل مویشی چراتے ہین جہان پہلی بدرقہ یعنی گارد حفاظت کی واسطی تعین ہوا کرتی تہی اور پہلے گروہ محافظین کی بندوق اور شمشیر کی جگہہ اب لڑکون کے پاس مویشی ہانکنی کی لئی چہوٹے چہوٹی چوبدستی ہوتی ہین اور ہر کوئی اپنی گہر کا فاعل مختار ہے +

## حق مالکان رعایا پر

جو ہمسایہ لوگ ہین وہ سوای دینی تیسرے یا چہارم حصہ پیداوار زمینات زیر کاشت خود اور بہی مالکان کو محصول دیتی ہین اور ایام غارتگری مین چوتہا حصہ مال غارت سی خان لیتا تہا افغان اور ملان او سید چہوڑکر باقیماندہ ہمسایون سی خان بکری یعنی شادی کا محصول اور دو لوگی تاوان یعنی جہان آگ کا دود نکلے جسکی مراد فی گہر بطور حق بوما سالانہ محصول لینی کی ایک تم ہے اور ناغہ بہی مجرم اور غافل ہمسایہ سی لیتی ہین اور ہنود پر جو محصول ہی اوسکو جزیہ کہتی ہین اگرچہ محصولونکی ایک تعداد معین ہے مگر حقیقتاً مین لینی والے کی زور اور دینی کی مقدور پر منحصر ہی کچہہ منصفانہ طریق نہین ہے - سرکاری علاقہ مین سیجر لمسڈن صاحب نی ہر قسم کے جبوب کو بند کر دیا تہا - الا بعض واجب رقوم کی بندش سی مالکان کی حق تلفی ہے اکثر رعیت مالکان کو تا ہنوز واجب حق آدا کرتے ہین - تہہ بائی زئی مین حق بوما یعنی خانہ شماری کا کہوٹ مالگذاری مین شامل ہوجانا درست عمل نہین ہوا خانہ شماری کی آمدن حق مالکان ہے اور سرکار مالگذاری منحصر او پر لگان اراضی زرعی کی ہے ؛

## طرز وضع پیشہ و عادات

یوسف زئی لوگ اکثر متوسط اندام گندم رنگ پورہ قد دلاور ہوتے ہین عموماً زمینداری کا کام کرتے ہین یا مویشی چراتی ہین اسواسطی خواندہ نہین ہین خاندانی آدمی بہی علم کا شوق نہین رکہتے اگرچہ بہ نسبت

ہوتا ہے مالک حجرہ پر لازم ہے کہ مہمان اور مسافرون کو کہانا اور آرام کی جگہہ دیوی چہارپائی رضائی اور
گہاس مہمان اور اوسکی سواری کی واسطی ہمسایگان یعنی رعیت سکنای دیہہ اپنی اپنی نوبت سی دیا کرتی ہین
کندی کی مرد لوگ حجرہ مین جمع ہوتے ہین اور وہان دم بدم حقہ پیتی ہین اور زراعت اور مویشی وغیرہ
اوسکی باتین کرتے ہین اور مقدمات کی خبرین سنتی ہین اور جو مجرد اور نوخیز ناکتخدا جوان کہیے
کی ہون وہ ہمیشہ حجرہ مین سوتے ہین کیونکہ بموجب رواج ملک کی کوئی رشتہ دار یا دوست یا مہمان کہ
مین نہین سوتا اسواسطے کہ اونکی گہرون مین علیحدہ علیحدہ پردہ کی جگہہ نہین ہوتی اور رواجا بہی مجرد مرد
آدمیونکا گہر مین سونا معیوب سمجہتی ہین حجرون مین کبہی کبہی جاریتہ اور لنڈی بہی بولی جاتی ہین

## بُرج

ملک کی مکان پر واسطی حفاظت ونگرانی کی ہوتا ہے اور جس گانو مین خان رہتا ہے وہان سوای کندی
کی برج کی خان کی کندی کی گرد بطور گانون پناہ چار دیواری ہوتی ہی جسکو کوٹہری کہتی ہین ملک ورخان کا
عہدہ اکثر موروثی ہے اور ایک ہی خاندان مین چلا آتا ہی مگر بعضی وقت بباعث کم عقلی اور کمزوری کی
منتقل ہوجاتا ہے کوئی امر مانع نہین ہے کہ ہوشیار آدمی اپنی محنت اور سعی سی ملک نہ بن سکے خان ور
ملکانکا اختیار بہت تہوڑا ہوتا ہے برخلاف مرضی عوام کی کجہہ نہین کرسکتے ہین اور عوام لوگون کی مرضی

## جرگہہ

کی معرفت معلوم ہوتی ہی جرگہہ سفید ریشان اور ملکان قوم کا ایک مجمع ہوتا ہے تعداد اہل جرگہہ کی عموماً چار
سی زیادہ کسی قدر تنک ہوتی ہے اگرچہ جرگہہ کا رواج قدیمی ہے لیکن اصل مین ہر معاملہ زور کی اوپر منحصر ہے یعنی
جو فریق زور آور ہے تو جرگہہ سی رای نہین پوچہتا اور اپنی زور کے مقدور تک دل کی خواہش کرتا ہے اگر ایک
قوم کی دو شخص مین باہم تنازعہ ہو تو بعضی وقت فریقین کے دوست جانبین کو راضی کردیتی ہین مگر معرفت
ملکان وسفید ریشان حسب رواج پختون ولی فیصلہ ہوتا ہے مثلاً اگر زید عمر کا بیل مار ڈالی تو جرگہہ یہہ
فیصلہ کرتا ہے کہ عمر اپنی بیل کے بدلی مین زید کا ایک بیل مار ڈالی اور وہ مار ڈالتا ہے اور اس سی سب لوگ
راضی ہین یا زید عمر کا جبر یکار مار ڈالی تو زید عمر کو دوسرا جبر یکار دیویگا اگر زید عمر کو مار ڈالی اور جرگہہ
زید کو عمر کی وارثان کی سپرد کرے تو اکثر صلح ہوجاتی ہے اگر سپرد نکرین تو جب تک عمر کی وارث بدلہ لیوی
تو دشمنی جاری رہتی ہی جب دو قوم مین اسطرح کی دشمنی ہوجاتی ہی تو اوسکا رفع کرنا اور فیصلہ بہت مشکل ہوتا ہے

بہی ہین کہ جہان میان یا سید یا اور کوئی ایسی مذہبی متبرک رہتی ہین کہ جنکو گانون والون نے زمین بخشدی ہی اہیں آخر الذکر قسم کی باہنڈونکا حال اچہا ہوتا ہے بہ نسبت اول الذکر باہنڈونکی ۔ کیونکہ اونکو لحاظ ادب مذہب کی کچہہ تکلیف نہین دیتی اور باہنڈونکی زیادہ آبادی سی ملک کی بہت ترقی ہوتی ہی چنانچہ سرکاری عملداری مین زیادہ باہنڈونکی آباد ہونے سی بہت بنجر مزروعہ ہوگیا ہے ❊

## تقسیم مواضعات سکنی

سکنی زمین بہی حسب حصص جدی تقسیم کیجاتی ہے بجای لفظ برخہ سکنی زمین کی ایسی موقعہ کو جو کہ کندی کہتی ہین بمعنی محلہ اور ایک گہر کو کندر کہتے ہین جسمین کوٹہا اور غوجلے یعنی کوٹہا اور صحن دونون شامل ہین ہر ایک کندی کا ملک ہی اور ملک اوس قوم کے خان کی ماتحت ہوتا ہے ہر ایک کندی کی علیحدہ مسجد اور علیحدہ حجرہ اور غیر علاقہ مین مرج ہی ہوتا ہے تقسیم سکنی زمین کی بہ موجب اوسی پیمانہ دفتر شیخ ملی یعنی جدی ملکیت کی ہوتی ہی جتنا حصہ ہر ایک حصہ دار کا زمین اور باہر کہ رقبہ مین ہے اوسی مقدار جب سکنی زمین مین وہ مالک ہے اور جب کسی حصہ دار کی ملکیت از روی بیع وغیرہ منتقل ہو تو صحرائی و سکنی دونون منتقل ہونگی ۔ ہر شاخ مین سکنی دفتر ہی علیحدہ علیحدہ منقسم ہے ❊

## مسجد

کا اختیار امام کو ہے اور اوسکے متعلق چند ملا اور طالب العلم ہوتی ہین جنکا گذارہ وظیفہ خوری اور سیری زمین سی ہوتا ہے اور ساکنان کندی بہی اونکو بطور خیرات کچہہ دیتی ہین اور طلبا رسا فر کی واسطی گانوسی وظیفہ یعنی روٹی مانگ کر لیجاتا ہے ملا امام مسجد کا یہہ کام ہے کہ وہ بجماعت نماز پڑہاتی ہین اور نکاح پڑہتی ہین اور لوگونکو قران شریف پڑہاتی ہین فرزند نوزائیدہ کی کان مین اذان دیتی ہین اور لڑکونکو نماز سکہلاتی ہین اور جملہ فرایض مذہبی سی اطلاع دیتی ہین اور جنازہ پڑہتی ہین ایسی وقات مین لوگ اونکو خیرات دیا کرتے ہین مگر افسوس کہ بعضی ملان اور طالب العلمونکا چلن ایسا خراب ہی کہ طفل بازی اور اغلام کے شائق اور بد پرہیز ہین باوجود اسکے اپنی ظاہری صفائی جتلانے کے واسطی حجرہ اور عام لوگونمین بیٹہنی سی نفرت کرکے پرہیزگاری ظاہر کرتے ہین اونکو شاید بہول جاتا ہے کہ عالم الغیب دلونکا مالک ہے اور زیادہ شبہہ ہو فاسقونکو چوتیا خیل کہتی ہین ❊

## حجرہ

ایک عام نشست کی جگہہ ہی حجرہ کا کوٹہہ معہ فراخ صحن اور طویلہ اکثر ملکیت ملک یا کل مالکان کندی کا

تقسیم کر لیتی ہین اور جب سب پتی منقسم ہوجاوین تو زمین سیری ان سب دفترونکی سری پر برابر بتعداد ہر ایک
پتی سی کاٹ لیتی ہین اور پہر ہر بخرہ اور پتی مین چہوٹے چہوٹے حصون مین جتنا جسکا ہوا بانٹ لیتی ہین جب اس
طریق سی حصص کی تعداد مقررہ بہبود ہو چکی توپہر اکثر ہنک یعنی قرعہ اندازی کی روسی ہر ایک حصہ دار اپنا
حصہ لے لیتا ہے طریق قرعہ اندازی بہت ہی صاحب صراحت نہین اکثر سرکاری علاقہ مین اور ہمیشہ غیر علاقہ
مین جہان خیلون کی تقسیم مین فرق ناقص اور کاملی قسم زمینات مین ہوا تو وہ لوگ دس یا بارہ برس
یا کسی مدت مقررہ کی بعد ایک دوسری خیل آپسمین زمینات مقبوضہ کو بدلا لیتی ہین اور پہر اوس مبادلہ والے
رقبہ کو حسب رسد گہرون بر بموجب دستور مندرجہ بالا تقسیم جدید کرنا پڑتا ہی بلکہ اس مبادلہ مین گانونکی
سکنی زمین بہی منتقل ہوجاتی تہی اور اس تقسیم کی پابند لوگ گانو مین صرف کہولی چہوڑکر مبادلہ جدید والے
رقبہ مین جا آباد ہوتے ہین جب غور سی دیکہا جاوی تو یہہ دستور ناقص اور بیفایدہ ہی کیونکہ اس تقسیم
اور مبادلہ کی انتظار مین کوئی شخص دل سی محنت اور ترقی اپنی زمینات مقبوضہ کی نہین کر سکتا اور اس
وجہ سی اونکی آمدن اور استقلال زمیندارہ کو ضرب پہونچتی ہے سرکار انگریزی کی رعیت علاقہ یوسفزئی
مین فی الحال مبادلہ ملکیت قوم وار یا کہاتہ وار کا دستور بالکل نہین رہا اور تقسیم میعادی چند سالہ بہی سوائے
موضع زرّوبی اور کسی جگہہ سرکاری علاقہ مین نہین ہوتی سب لوگ اپنی مقبوضہ دیہات پر ازروی حصص
جدی قابض ہین اور کل دیہات کی صورت ملکیت پتی داری غیر مکمل ہے مالکان موضع زرّوبی جو باجوڑی
کہلاتے ہین عجیب رسم تقسیم ملکیت کی رکہتی ہین کہ ہر دس سال کے بعد کل رقبہ دیہہ کو مشترکہ سمجہکر جملہ اہل
ذکور کے جو بالغ یا قریب بلوغت پہونچے ہون سرون کے حساب بر بطور بگڑی وند تقسیم کرتے ہین اور حصہ
کو مُنڈی کہتے ہین جہان مزروعہ زمین گذارہ کی واسطی کافی ہے وہان چراگاہ کو کوئی شخص بلا رضامندی
جملہ شرکا کاشت نہین کر سکتا جن لوگونکی پاس زمین اپنے حصہ کی تہوڑی اور گذارہ کی واسطی کافی
نہین ہے تو وہ اپنا حصہ اورونکو اجارہ یا ٹہیکہ پر دیکر خود نوکری کیواسطی چلی جاتے ہین یا ہندوستان کے
سیر کی شوق پیدا ہوکر روہیلکہنڈ وغیرہ ممالک ہند کو جاتے ہین یا جہان اس قسم کی تنگ گذران آدمی
بہت ہون تو وہ بشرط رضامندی جملہ مالکان بنجر شاملات زمین مین علیحدہ یا ہنڈہ بنالیتی ہین جو گانو
کا خان ہو وہ ہی یا ہنڈون کا بہی ملک ہوتا ہی ساکنان یا ہنڈہ اکثر گوجر یا اور ہمسایہ بمعنی رعیت ہوتے
ہین اور بختونون سے اجارہ یا حصہ وغیرہ پر زمین جہت کاشتکاری لی لیتی ہین بعضی ایسی یا ہنڈی

## رواج اور دستورات یوسف زئی

پیشہ

یوسف زئی لوگ زمینداری کرتے ہین اس جگہہ سکونت سی پہلی بطور پیوندپہرتے تہے اور مویشی چرائی اور گلہ بانی کا پیشہ کرتے تہے اوراسی باعث سی بہ تکرار چراگاہ لوگون سی لڑا کرتی تہے اور یہہ ہی وجہ ہی کہ اونکی قدیمی عادت اسلحہ بندی اور جنگجوئی کی تہی گرچہ آپسمین بے اتفاقی اس قوم کا قدیمانہ شعار ہے مگر باہری غنیم کی حملہ کی وقت بہ فہمایش اپنی سفید ریشیان متفق ہوجاتے تہے چنانچہ فی الحال بہی انکا ایساہی طریق ہے +

## تقسیم ملکیت

اوپر لکہا گیاہی کہ اس ملک کی ابتدائی تقسیم باہم قوم یوسف زئی وغیرہ ہمراہیان شیخ ملی کی کری تہی# یہہ تقسیم پہلی تومون کہ ہے اس سی نیچی تپہ کے تقسیم تپہ سی نیچی دفتر ہے اور دفتر سے نیچی برخہ ہے اور اوسکی بعد پتی ہے پتی والی تو برخہ خور ہوتے ہین جیساکہ برخہ سی ششگمہ یا شلورمہ یاکیسقدر یعنی چہٹا یا چہارم وغیرہ حصہ برخہ سی پتی بنتی ہے اور وہ پتی ہر ایک خاندان مین بموجب رسد و بتعداد حصہ خوران کم یا بیش منقسم ہوجاتی ہی حقیقت مین لفظ دفتر کا بمنزلہ حقیت کے ہے خواہ وہ حصہ حقیت کا کم ہو یا زیادہ یوسف زئی اور مندر کے ملک مین جس قدر ملکیت جدی ہو اوسکو شیخ ملی دفتر کہتی ہین اور باقی زرخرید وغیرہ بہی ہر ایک اپنے نیز اپنی دفتر کہلاتا ہی شیخ ملی دفتر یعنی ملکیت جدی کا پیمانہ ہر قوم اور دیہہ مین ایسی نمایان طرح چلتا ہے کہ کبہی اوسمین غلطی نہین پڑسکتی اور حصص جدی کی رو سی تعداد ملکیت ہر ایک حصہ دار کی ہر ونڈ مین برابر ہوتی ہے غرض کہ تعداد زمین کا حصر اوپر کمی بیشی تعداد حصہ خورون کی ہی جسکی اولاد بہت ہے اوسکی میراث بہت چہوٹے چہوٹے حصون مین منقسم ہوگی اور جسکی اولاد تہوڑی ہی اونکی پاس زیادہ زمین ہے ایسی صورت مین جبکہ بباعث زیادہ ہوجانے آدمیون کے اور بہت جگہہ تقسیم ہوجانی اونکی حصون کے ایک ایک شخص کا حصہ بسبب قلت لایق گذارہ نرہا تو جرگہہ گانو لکا کہہ ٹکڑہ چراگاہ شاملات کا اونکو بموجب حصص جدی تقسیم کردیتے ہین +

## طریق تقسیم

یہہ ہی کہ جرگہہ معہ خان یا معتبران دیہہ موقعہ پر جاکر زمین قابل تقسیم کو پرکھتے یعنی رسی کی ساتہہ جسکی لمبائی معین نہین ہے پچاس فٹ سی سوفٹ تک لمبہ رسہ ہوتاہی ناپتی ہین اور جو زمین تقسیم کی واسطی پیمایش ہوتی ہے اوسکو ونڈ کہتی ہین اول زمین تقسیم طلب کو چارگوشہ برابر کرتے ہین اور پہر حسب حصص جدی اوسکو برابر

---

# یہہ شیخ ملی قوم مندر سی اتمان زئی شاخ اکازئی تہا جسکے اولاد اب بہی موضع مینی مین آباد ہے +

مین بدون مرضی اپنی مالک کی داخل نہین ہوسکتی ہر فقیر جسکی زمین مین رہتا ہی اوس مالک کی اختیار مین بھی اور اپنی
مالک کو محصول دیتا ہی اور بروقت لشکرکشی کی اپنی مالکون کا سپاہ ہوتا ہی اور مالک کی زمین کی کاشتکاری
بہی کرتا ہے گرچہ مالک کا اختیار یہانتک ہے یہان تک ہی کہ اگر اپنی فقیر کو مار ڈالی تو بہی کوئی عیب نہین سمجہا
مگر اکثر اپنی مالک کی طرف سی فقیر پر سختی نہین ہوتی اور یہہ تو مالک کبہی گوارا نہین کرتا کہ اپنی فقیر پر کوئی دوسرا
یوسف زئی ظلم کری ہر مالک اپنی فقیر کا سخت حمایتی ہوتا ہے جو فقیر کاریگر کا پیشہ کرنا چاہی تو اوسکو اختیار ہی
اور اپنی منافع کی واسطی ہر قسم کی مزدوری کرسکتا ہے اور زمین اجارہ پر بہی مل سکتی ہے جس یوسف زئی
کی جاگیر ہی زمین کاشت کی واسطی لے سکتا ہے خاوند یعنی مالک اپنی فقیرون سی محصول کے علاوہ قتل اور دیگر جرائم
کی عوض مین چٹی یعنی جرمانہ لی سکتا ہے اور اوسکی تعداد دستور مروجہ کی موجب معین ہی اگر تعداد معینہ سی زیادہ
لیا جاوی تو ظلم سمجہا جاتا ہے فقیر لوگ غریب ہین اور جنگجو نہین اگرچہ منع نہین ہے مگر ہتہیار یعنی اسلحہ کم بہرتے ہین
اونکی گہر اکثر خراب اور خوراک زیادہ تر کی اور پوشاک بہت سادہ ہی بنسبت افغانون کی سوای کاشتکاری
فقیرونکی بعضی فقیر نیلگرا اور بافندگی اور نجاری آہنگری کا کام بہی کرتے ہین +

## گوجر

اصل مین جٹ ہین یا جپوت اس ملک مین اونکی بہی خیل ہین افغانون کی جانب سی وہ آبادی کرتے ہین کل گوجر
پچہتر ہزار روح ہوگا آوان تین ہزار کشمیری چہہ ہزار ہندکی دس ہزار حجام اونیس ہزار دی روح ہونگی اور
ہر طرحکی پیشہ ور اور دستکار لوگ داخل ہین اور یہہ سب ہمسایہ یعنی رعیت لوگ ہین آوان اور ہندکی قحط سالی
مین اور کشمیری بیوپار کی لالچ سی اس نواح مین اکر آباد ہوئی ۔ سید اور ملان کل چوبیس ہزار آدمی ہین
انکی دو تفریق مین ایک آستانہ دار جسمین سید پیر اور صاحبزادہ ہوتی ہین جو کسی پورانہ بزرگ کے ذریعہ سی آستانہ
دار کہلاتے ہین اونکو شیرنی اور شکرانہ ملتا ہی اور تعویذ اور دم کرتی ہین ۔ دوم ملان یا آخوند امام مسجد اور
اور عالمان شرع اور طالب العلم اس تفریق مین داخل ہین اور کوئی گانو انسی خالی نہین ہے سادات مین
سی پیر بابا یعنی سید علی ترمذی کی اولاد زیادہ ہے +

## ھندو

بائیس ہزار روح ہوگا اور یہہ لوگ بیوپار کی طمع پر پنجاب سی وہان جاکر آباد ہوی اور بعضی اونمین سی متوطن
بہی ہین +

## محمدزئی خواہ ممن زئے

قوم زمند یا حمند کی شاخ جو یوسف زیوں کی شامل رہے پچیس ہزار آدمی پانچہزار بندوق علاقہ شب نگر مین آباد ہے +

## اتمان خیل

قوم کررانی کی شاخ جسکا ذکر اس حصہ کے چوتہی باب مین ہی یوسف زیونکی ہر حادثہ مین شریک رہی بعد فتح کے یوسف زیون نے اتمان خیل کو وہ علاقہ پہاڑی دیا جسپر وہ اب دریای سواتہہ کی کنارہ باجوڑ سی جنوب مشرق مین آباد ہین کل تیس ہزار آدمی پانچہزار بندوق ہے علاوہ اونکی تبہ بابی زئی کی شرقی مائل شمالی گوشہ مین ہے اسماعیل خیل دعوت خیل سہ حصہ تین بڑی شاخین اسی قوم کی دیہات ذیل مین آباد ہین شاخ اسماعیل خیل موضع کوئی و برمول اور دعوت خیل موضع سنگاؤ و میان خان اور پیل مین اور سہ حصہ موضع خسرکی مین زیادہ حال انکا آیندہ آوے گا +

## وادی تالاش

جسکو بعد فتح سواتہہ کی یوسف زیون نی مفتوح کیا تہا اب اس تلاش کی علاقہ مین متفرق قومین آباد ہین جنکی تعداد چہہ ہزار آدمی دوہزار بندوق بتلائی جاتی ہی اور اس علاقہ مین ۵ تھانہ محمد غزن خان دیر والی کی حکومت ہاتی ہین +

## متفرق لوگ

سوای افغانون کی یوسف زئی اور سندہ کی ملک ہین متفرق قومین حسب ذیل آباد ہین +
فقیر سید گوجر - اوان کشمیری - ہندکی قریش غلام - ہندو ان جملہ قوموں کا حال ضروری مختصراً درج کیا جاتا ہے +

## فرقہ فقیران

یوسف زئی اور سندہ کی ملک مین ہمسایہ یعنی رعیت غیر از قوم افغان کے واسطے اسم فقیر مستعمل ہے فقیر اکثر ان لوگونکی اولاد ہین جو سواتہیون مین سی بعد فتح سواتہہ اس ملک مین بطور رعایا یوسف زیونکی رہ گئی تہی یعنی دیگان بہی ہین اور بعضی ہندکی ہین جو پنجاب کی ملک سی قحط سالی مین وہان جاکر آباد ہوی تہے مگر عموماً اس فرقہ مین سواتہی لوگ زیادہ ہین کل تعداد فقیرونکی گرچہ ٹہیک نہین دریافت ہوسکتی مگر اکثر روایات زبانی سی یہہ بات لکہی جاسکتی ہے کہ اس فرقہ کی ذی روح تین لاکہہ سی زیادہ ہین فقیر زمین کے مالک نہین ہین بلکہ اپنی مالکون یعنی آقاؤن کی خود ملکیت ہین یوسف زیون کی برابر نہین سمجہی جاتی اور جرگہہ

بارہ ہزار بندوق ہے دوسرا بازید خیل خواہ بابی زی کا اٹھتیس ہزار آدمی چھ ہزار بندوق بیان کرتی ہین
اس قوم کی ہفت شاخ ہین جسکی تفصیل شجرہ مین درج ہی اونمین سی بابوزی کوہ دہن تپہ بابی زی کے شیخ
ہین جو میدان یوسف زی سی شمال کو واقع ہے مگر علاوہ اسکے اٹھارہ گانو انکی سواتھہ مین بہی دریائی
سی جنوبی طرف ہین منصور ازی کے چار گانو سواتھہ مین ہین ابا خیل کے نو گانو موسی خیل کے چھ گانو عزیز
خیل جسکو روزمرہ مین ازی خیل بولتی ہین چھ گانو سواتھہ مین ہین ڈہوک اور باہنڈی اس سی علاوہ ہو
زنگی خیل کا کوئی گانو سواتھہ مین نہین ہے وہ سب کوہ ایلم کی جنوب کی طرف رہتی ہین رانی زی اکثر علاقہ
میدان یوسف زی محروسہ گورنمنٹ انگریزی کے باہر شمالی پہاڑ مین رہتی ہین اور طوطیائی کی پہاڑ و ملکن
مین بہی لیکن انکی بندرہ گانو سواتھہ مین بہی ہین الاڈند اسی قوم مین مشہور
جگہہ ہے جہان کل قوم رانی زی کا۔ خان رہتا ہے فی الحال صحبت خان بڑا مدبر آدمی الاڈند مین سواتھہ
کے رانی زی کا خان ہے جسکا بہت اختیار اپنی علاقہ پر ہے الا شیر دل خان چچا اوسکا دل سی مخالف ہے
جسکا نتیجہ انجام کو بجز نہین معلوم ہوتا تعداد اونکی تیرہ ہزار آدمی تین ہزار بندوق کہتی ہین واضح ہو کہ
اگرچہ اس قوم یوسف زی کی اصلی وطن یہہ ہی ہین جنکی تفصیل لکہی ہے مگر بعضی لوگ اس قوم کے ہندوستان
وغیرہ نواح مین پہانسی جاکر آباد ہوی ہین خصوص شاخ مندڑ کی لوگ روہیلکہنڈ تک آباد ہین ہندوستان
مین اونکو روہیلہ کہتی ہین۔ روہیلہ کی وجہ تسمیہ اوپر پہلے حصہ مین درج ہے +

## افغان جو دیگر قومونکی ملک یوسف زی مین رہتی ہین

خٹک۔ محمد زی۔ اتمان خیل اور نالاش کی علاقہ مین متفرق لوگ رہتی ہین خٹک بولاق کچھ گوشہ
لنڈے اور سندکی کناری شماری میدان پر اور کچھ لوند خوڑ مین رہتی ہین کل خٹک جو اس قوم یوسف زے
کی علاقہ مین رہتی ہین اونکی تعداد ڈاکٹر بلیو صاحب چودہ ہزار آدمی تین ہزار بندوق لکہتا ہی لوند خوڑ
خٹکون کا مشہور گانو بطور قصبہ کے تپہ بابی زی مین ایک پیٹھہ کی جگہہ ہے جہان سواتھہ کی بیوپاری
اکثر آمد رفت رکہتی ہین اور اسمین زیادہ خٹک نسل بولاق شاخ مروزی سی ہین جنمین سی شابز خیل
کا خاندان معتبر ہے ملک صدر خان و ملک غلام معتبر سفید ریش ہین نسل تری مین سی ملکوڑی ورستی
رہتی ہین سوا لوند خوڑ کے موضع کاٹلنگ والو قاسمی ہین بہی خٹک ہین بلکہ قریب کل کے تپہ بابی
زی مین خٹکون کا غلبہ ہے +

یا اسمعیلا - یار حسین - شوہ - ٹوپی کلے - آدینہ - ڈاگی - ترلانڈی - اور علاقہ جملہ مین کوگا - ابنیلہ تعلو

## یوسف زی کی

پانچہ ابتدای شاخون ہین اوریا کی نسل باوی خیل نابود ہوگئی ہے باقیماندہ چار مین سی عیسی زی جنکے
تین شعبی حسن زی - مداخل - اکازی - مشہور ہین یہہ جملہ کوہ مہابن سی شمال وگوشہ مشرق اور اگرور ضلع
ہزارہ دونون کنارہ دریای سندہ اوپر کوہستان مین آباد ہین دریای سندہ سے مغرب ہزار یا بارہ سو بندوق
ہوگی - موسی کی اولاد الیاس زی گیارہ ہزار آدمی اور دوہزار بندوق ہوگی الیاس زی کی پانچ شاخون مین
سی سلارزی - گدائی زی - پنج پائی - عایشہ زی - کل چار شاخین علاقہ بنہیر مین سکونت پذیر ہین اونکی وہان
مین سی موضع پاشاہ جہوٹر تورورسک باگرہ مشہور ہین عایشہ زی اصل مین مسمی ممی کی نسل ہین ممی کی جورو
کا نام عایشہ تہا بہ باعث اسمیت والدہ موسوم بہ عایشہ زی ہوئی پانچوین شاخ مخوزی کوہ دوسری پر رہتی ہے
جنکا بڑا گانو شکولی ہی ملی زی کی چار کلان شاخین جنمین سی دولت زی جعفرزی مسمات وتی کی اولاد سی اور
آبازی اور عیسوڑی مسمات نوری کی شکم سی نوری زی کہلاتے ہین جملہ ملی زی سولہ ہزار آدمی چار ہزار
بندوق مگر علاقہ دیرکی ملی زی جو اکوزی خواجو زی کی شاخ ہین وہ انسی علیحدہ ہین اکوزی کی قوم
باقی جملہ شاخہا یوسف زی سی زیادہ ہے کل اکوزی چہانوین ہزار آدمی تبلایا جاتا ہے یہہ قوم دو والدہ کے
شکم سے ہی ایک مسماۃ گوہرہ جسکے چار بیٹے خواجوزی ابازی بازید زی ننرک چار شاخونکی مورث ہوئے
دوسری مسماۃ رانی جسکی نسل سی رانی زی ہین الا بباعث قلت باقی تین شاخونکی اب یہہ قوم اکوزی دو
بڑی حصہ مین شمار ہوکر دو ناموںسی مشہور ہے ایک خواجوزی دوسرا بازید زی جسکو افغان اپنی روزمرہ مین
بائی زی کہتی ہین اور باقی شاخین بہی انہین دو کی متعلق سمجہی جاتی ہین خواجوزی کی پانچ شاخ ہین
اونمین سی چار شاخ ملک سواتہہ مین دریای سواتہہ کی شمالی کنارہ اور درہ جات شمالی متعلقہ سواتہہ مین
آباد ہے ہر ایک شاخ کی بڑی گانو اس تفصیل سی ہین - آدین زی بندرہ گانو شاموں زی چہہ گانو نیک
بی خیل نو گانو مگر عایشی خیل اور شمی زی علیحدہ گیاران گانو سبوجو ناسترہ گانو علاوہ انکی ڈہوک
اور باہنڈی بہت ہین اور پانچوین شاخ ملی زی سی تین فرع نکلی ہین سلطانخیل تین ہزار بندوق
پائندہ خیل تین ہزار نصر الدین خیل دو ہزار یہہ شاخ ملی زی علاقہ دیر پنجکوڑہ مین رہتی ہے اور فی الحال
غزن خان دیر والہ کی حکومت مانتی ہین جسکا اختیار اپنی قوم پر بہت ہے کل خواجوزی بنتالیس ہزار آدمی

## تفریق اور شمار قوم یوسف زئی و جائی سکونت شاخ وار

صحیح ہو کہ یوسف زئی قوم اوپر سی دو بڑے حصہ مین منقسم ہوتی ہی - ایک مندر - دوسرا یوسف زئی گرچہ
مندر کا باپ عمر اور یوسف دونون بہائی تہی مگر مندر کی نسل بہی مجمعًا یوسف زئی کہلاتی ہی گو حقیقت
مین وہ ایک علیحدہ شاخ ہے یوسف زئی کی قوم ملک سوات اور بنیر اور پنجکورہ جسمین دیر بہی ہے سکونت
پذیر ہے اور مندر کا ملک دریائی کابل اور دریائی سندہ کی شمال میدان جسکو سمہ یا علاقہ یوسف زئی کہتے
ہین اور وادی چملہ ہی کل تعداد یوسف زئی قوم کے جو افغان مین نو لاکہہ نیزہ مشہور ہے وہ زیادہ معلوم ہوتی
ہی اور اس نو لاکہہ مین شاید کل خوخی کی قوم داخل ہوگی تحقیقات حال سی جو بہت احتیاط سی ہوئی اس قوم
کی دو لاکہہ چالیس ہزار آدمی خاص اپنی اصلی وطن کی ساکن شمار مین آئی ازان جملہ مندر ایک لاکہہ چالیس ہزار
اور یوسف زئی ایک لاکہہ چہہ ہزار انمین سی کل تہتر ہزار دو سو بندوق یعنی اسلحہ بندجوان ہین مندر
تیس ہزار اور یوسف زئی تینتالیس ہزار دو سو مندر کی ہفت پتی ہین ان سب مین سی عثمان زئی اور
اتمان زئی بڑی پتی ہین جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہے عثمان زئی دو بڑی شاخون مین منقسم ہین کمال
زئی جسکے دو شعبی ہین - مشران زئی طورو والے اور کشران زئی ہوتے والے سرکاری علاقہ یوسف زئی
مین آباد ہے دوسری بڑی شاخ - آمازئی کی ہے جسکے دو فرع کلان دولت زئی اور اسمٰعیل زئی ہین اس
آمازئی کی ایک شاخ مہابن پہاڑ و وادی چملہ کی مشرق اور اوسکی نواح مین رہتی ہی اوسمین دو ہزار بندوق
ہی چار غلی یا چار گلائی آمازیون کا بڑا گانو ہے دولت زئی کی شاخ اکثر سرکار انگریزی کی علاقہ یوسف زئی
مین آباد ہے کپور کی گہڑی اونکا بڑا گانو ہے تیسرا اتمان زئی کی چار شاخین ہین - علی زئی جنکی نسل سی شعبہ [illegible]
خیلی علاقہ گندگہڑ مین بہی آباد ہے کنازئی - اکازئی - ہر سہ اتمان زئی کہلاتے ہین اور انمین بارہ سو بندوق
ہی چوتہی شاخ سدازئی مین سی حسب مندرجہ شجرہ پانچ شگوفی نکلتے ہین جنمین سے آباخیل - عمر خیل - میر احمد خیل
بہزاد خیل یہہ چارون سرکاری علاقہ مین آباد ہین - ہند صوابی - مرغوز کہلاتیت انکی بڑے گانو ہین پانچوین
خدو خیل اکثر سرکاری علاقہ سی باہر کوہ مہابن سی غرب اور اوسکی نواح مین سکونت پذیر ہین اور کچہ سرکاری
علاقہ مین بموضع باجہ و بام خیل آباد ہین اٹہارہ سو یا دو ہزار بندوق ہوگی مشہور گانو انکا موضع چنگلی و پنجار
ہی خان گجو مشہور سردار اس قوم کا جو شیر شاہ سور کے وقت مین تہا وہ بہزاد خیل سدازئی شاخ مین سی ہے
باقی پانچ پتی رزڑ یا رجڑ کہلاتے ہین اور اکثر سرکاری علاقہ مین آباد ہین اونکی بڑی گانو ہین - سمیلا -

سی منافق تہی پس جب محمد علی نے مملوک بیگون کی سرزنش کرچکی تو اوسکو دار السلطنت استنبول سی وہابیان ملحد
کو سزا دینی کی اور پاک شہرون کی باز گرفت کی تاکید ہوئی یہہ معرکہ ۱۸۱۱ء سی ۱۸۱۸ء تک رہا دو برس تک
محمد علی خود ان معرکون مین مصروف رہا اور آخر کار انجام یہہ ہوا کہ ابراہیم پاشا نے درعیہ پر تصرف کیا او
عبد اللہ پسر سعود کو گرفتار کیا اوسکے باپ کے لڑنے کا یہہ قاعدہ تہا کہ فوج قواعد آموختہ سی صرف پہاڑ مین لڑا کرتا
تہا عبد اللہ نی اس قاعدہ کو ترک کر دیا تہا اوسکو بعد گرفتاری سخت عذاب دیکر استنبول مین گردن مارا گیا
سید احمد جب درعیہ کو گیا تہا درعیہ کی تسخیر کو بہت برس نگذری ہونگی اور وہانسی اگر اوسنی ہندوستان مین
اور خصوصاً بنگالہ کے رذیل آدمیون مین وہابیون کے مسایل پہیلائی اور اوسکے ذریعہ سی اسمک مین بہی آئی
مگر تاہم بباعث کوشش علماء اہل سنت جماعت اسمک کے لوگون مین خصوص یوسف زئی قوم مین وہابیت کا
اثر نسبت ہی کم ہے تاہم ہندوستانی آوارہ وہابی بنکر کوہ مہابن و بنیر وغیرہ مین لوگون کی عقیدہ خراب کرنے
کے واسطے متفرق پہرتی ہین اصلی مسلمانون کو اونکی شر سی محفوظ رہنا چاہئی تاکہ نجات کی امید قایم رہے اس وہابی
فرقہ مین جو خراب عقیدی اور مسایل ہین اونمین سی چند ہو جنکی خرابی کی نسبت علماء اسلامیہ نے فتوی دیا ہے
ذیل مین لکہی جاتی ہین - وہابی کہتی ہین کہ پیغمبری حضرت محمد مصطفے پر ختم نہین ہی بلکہ ہر زمانہ مین کوئی نہ کوئی
پیغمبر ہوگا اور حضرت محمد کی نسبت اونکا یہہ قول ہے کہ وہ بہی مثل اور آدمیون کے فانی تہا اور بعد وفات کی وہ نابود
ہو گئی ہین دوم پیغمبری ایک کسب ہی جو زہد کی سبب سی حاصل ہو سکتا ہے سوم کرامت ولی بعد وفات مطلق نہین
رہتی اور اولیا اللہ کی مزارونکی تعظیم اور تکریم کو وہ برا کہتی ہین چہارم حصر مذاہب نہین ہے پنجم نماز بدون
فاتحہ جایز نہین ہے اگرچہ مقتدی ہو ششم قران شریف کی بعضی آیات کو شعر کہتی ہین ہفتم لواطت کو قابل
تعزیر نہین سمجہتی اور مباح جانتی ہین ہشتم خدا وند تعالی کا جسم اور مکان بیان کرتے ہین علی ہذا القیاس اور
بہی بہت امور مسایل صادق اسلامیہ سی مخالف ہین اور وہ کہتی ہین کہ امام مہدی دنیا پر زندہ موجود ہی
مگر آدمیونسی پوشیدہ ہے انتظام ملکداری کی لحاظ مین اونکا قول عظیم اور معیوب یہہ ہی کہ جو لوگ اونکی زعم مین
کافر ہین اونپر جہاد کرنا خواہ مخواہ لازم ہے ۱۸۶۳ء کی یورش کی بعد جو لوگ وہابی مولوی عبد اللہ کی ماتحت تہے
اس نواح مین تہے وہ منتشر اور پراگندہ ہو گئے ہین امید کہ آئندہ مسلمان لوگ اونکا اجتماع اور قوت کو روک دینگے
کہ جس سی رخنہ دین و دنیا مین نہ پڑے *

جزیرۂ قراگرین پر بہا اور سکا یب فوج نام کر واسطی اپنا مقصود حاصل کر کے واپس آئی الا باوجود اپنے نقصان کثیر کے وہ لوگ اسطرح کی واپسی کو نسبت کم ہمتی سے دیتی لیکن فی الواقعہ مناسب نہین تہا کہ غیر قوم کی ملک کے رستے بلا اطلاع قابضان ملک فوج کشی ہوتی اور جب ہو چکی تہی تو واپسی اسی طریق سے گورنمنٹ انگریزی کی طاقت اور شان کے شایان نہین تہے *

## حال فرقہ وہابی

چونکہ اس قوم کی ہماری ملک مین ہندوستانی وہابی مذہب والی فتنہ انگیز اور مسایل صادق مذہب مقدس اسلام اہل سنت جماعت کی مخالف لوگونکو گمراہ کرتے ہین اسواسطے مختصر ذکر اس فرقہ کا کیا جاتا ہی عبد الوہاب اس طریقی کا موجد اور وہابیون کا پیشوا الحوطہ مین جو عرب کے علاقہ نجد مین ہے ایکسو برس سی کچہہ زیادہ عرصہ گذرا ہے کہ پیدا ہوا تہا اور قبیلہ تمیم مین سی تہا اوسنے علم بصرہ بغداد اور دمشق مین تحصیل کیا اور آخر کار نجد کو واپس گیا اور درعیہ مین جا بیٹہا وہانکے رئیس محمد ابن صعود سے بذریعہ شادی رشتہ بناکر اوسنے گرد نواح کی بدوؤن پر زور حاصل کیا مگر چونکہ فرزند اوسکا نابینا تہا یہہ زور آخر کار خاندان درعیہ کو حاصل ہوا اس خاندان مین عبد العزیز اور اوسکا بیٹا صعود سب سی زیادہ نامی تہی عبد العزیز اور صعود نے تمام علاقہ نجد کو زیر کیا بغداد کی پاشا نے جو فوج اونکے مقابلہ پر بہیجی اوسکو دو مرتبہ شکست ہوئی بنی کلب اور عتوبی قبیلونکو اونہون نے اپنی مشرب مین ملا لیا اور اپنی ساتہہ شریک کیا کربلا معلی کو جہان سید الشہدا حضرت امام حسین ابن حضرت علی کرم اللہ وجہہ وغیرہ شہیدان کربلا کی مزار ہین اس گروہ شقاوت شعار نے لوٹا اور شریف مکہ کو شکست دی مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ دونون شہر پاک پر اور کل علاقہ حجاز پر اونہون نے تصرف کر لیا قوم جاسم جو وہابی ہو گئی تہے سمندر مین قزاقی کرنے لگی اس سبب سی سنہ ۱۸۰۹ء مین گورنمنٹ بمبئی نے خلیج فارس مین فوج بہیجی اور بعد سخت مقابلہ کے اوس قوم کی حصن حصین شناس پر جو کر مانکی کنارے پر تہا تصرف کیا گیا آخر کار اہل سنت جماعت کی مسلمانون سی اونکو اور بہی زیادہ سخت ضرب پہونچی جب سنہ ۱۸۱۱ء مین عباسی خلیفونکی نسل مین سی خلیفہ آخر قتل ہوا تو خطاب امام فقہ کا ایک جہوٹی تفسیر سی سلیم اول کو جو ظفریاب ہوا تہا پہونچا اور اوس وقت سی آیندہ اوسنے لقب امیر المومنین اختیار کیا شریف مکہ نے اس نئی منزلت کو تسلیم کر کے اپنی فرزند کو خانہ کعبہ کے کنجیان ایک چاندی کی طشت مین رکہکر نذر کرنے کے واسطے بہیجا اسطرح ایک ترک بخلاف قاعدہ مقررہ حضرت خاتم الانبیا کی جو یہہ تہا کہ امام نسل قریش مین سی ہونا چاہی امام ہوا وہابی نے ظاہر امام کو نہین مانتی تہی عبد العزیز اور صعود معاملات دنیوی مین اور اپنی دین مین بہی پیش رو تہی اور اونکی دعوی دعاوی سلطان و

اور دوآبہ وہشت نگر سلطان محمد خان کو جاگیر مین دیکر باقی کل ملک اپنی ریاست کا تصور کیا یہہ امر ۱۸۳۰ء مین واقعہ ہوا سید احمد نی چند روز پشاور مین قیام کیا اور ملا مظہر علے کو گورکہتری واقع پشاور مین اپنا نائب مقرر کر کے چہوڑ گیا اور خود مہابن پہاڑ مین چلا گیا اور عشر کوہاٹ سی تنول تک وصول ہونی لگا آزاد لوگون نی جنکو ہندوستانیون کے سخت حکومت کی برداشت نہین تہی بغاوت کا مشورہ کر کے ملا مظہر علے وغیرہ سب ملازمان سید احمد کو قتل کر دیا اس حیرت افروز خبر کی علاوہ جب سید احمد کو یہہ بہی معلوم ہوا کہ فتح خان پنجتار والہ بہی ہمارا دوست نہین رہا تب وہ بالاکوٹ ضلع ہزارہ کو گیا اور اوس مقام پر سکہون کی فوج سی معہ ملا اسمعیل اور تیرہ سو ہندوستانیون کی ۱۸۳۱ء کو مارا گیا ملک بقا ہوا اوسکی ہمراہیون مین سی جو تین سو باقی رہگئی تہے وہ بہاگ کر نہیر کو چلے گئی اور ریختہ بند سے زیر سرداری مولوی نصر الدین ستہانہ مین چلی آئی مگر وہانسی سید امیر اخوند کوٹہہ والے اور فتح خان پنجتاری نی اونکو نکالدیا تہا الغرض سکہون کی عملدارے مین اس قوم اور یوسفزئی کے علاقہ مین کچہہ امنیت نہین تہی بعد ضبطی ملک پنجاب جب ضلع پشاور گورنمنٹ انگریزے کے قبضہ اقتدار مین آیا تو علاقہ میدان یوسفزئی مین ہے جو محروسہ سرکار انگریزے ہے امنیت نے استقلال پکڑا مگر انکے پہاڑی ملکون مین بدستور بی انتظامی ہی مقام ستہانہ جو کوہ مہابن مین واقعہ ہے وہانکی سید اور متعصب وہابی ہندوستانیون کی اغواسی اس قوم کے اون شاخون نی جو پہاڑ مین رہتے ہین گورنمنٹ انگریزے سے مقابلہ کیا جسکا مختصر ذکر حصہ اول مین ہوچکا ہی پہلے مقابلے قوم حسن زئی اور ستہانہ کی بربادی کی وقت بہت خفیف ہوئی تہی مگر ۱۸۶۳ء مین عبد اللہ وہابی کی انگیخت سے اتفاق کر کے درہ انبیلہ کے سر پر سرکار انگریزی کی فوج سی سخت مقابلہ کیا گورنمنٹ کا اس فوج کشی سے صرف یہہ ارادہ تہا کہ موضع ملکا جو وادی چملہ کے بیچ اماز ئی شاخ مندر کا مالک ہی اور اوسمین وہابی اور غارتگر رہا سرکار کو لوٹنی والے اپناہ گزین ہین جلادیا جاوی مگر مولوی عبد اللہ وہابی ہندوستانی کی چالاکی سی ان پہاڑی قومون مین یہہ مشہور ہوگیا کہ سرکار انگریزے کو ہماری ملک واقعہ کوہ پر قبضہ کرنا مطلوب ہے اس سبب سے سواتہہ کی لوگ معہ اخوند صاحب سوات کے اور باجوڑ کی ترکلانی قوم زیر سرداری فیض طلب خان باجوڑی اور دیر کے ملی زئی شاخ یوسفزئی جنکا سردار غزن خان دیر والہ تہا اور مندنڑ اور آمازئی اور چندون بہی یہہ سب قومین جمع ہوئین تعداد اونکی لشکر کے قریب بیس ہزار کی تہی چند لڑائیونکے بعد میجر جیمس صاحب کمشنر پشاور کے حسن تدبیر سی ملکا اور انبیلہ اور منڈے اور لعلو جلادیا گیا اور متعصب وہابیونکو اوس جگہہ سی خارج کردیا گیا جو منتشر ہوکر اوپر کے نہیر مین چلا

اس سبب سی اکثر لوگ اوس سی بیزار ہو گئے اون مین سی ہوتی والی ہی تہی جا رغولی کی اعانت
سے ہوتی مردان کو سید احمد نے جلادیا یہہ خبر سنکر پشاور کا حاکم یار محمد خان بارک زئے
فوج لیکر یوسف زئی مین آیا سید کا ڈیرہ زیدہ مین تہا اور اوسکی فوج تعداد ی چہہ سو ہندوستانیے
مولوی اسمعیل کے زیر کمان چیدہ جوان تہی یار محمد خان کی جمعیت تین ہزار سپاہ اور چہہ توپ
سے تہی مولوی اسمعیل نی یہہ حکمت کرے کہ رات کو یار محمد خان کے معسکر کو گہیر لیا اور بنظر
قلت اپنی ہمراہیون کے سب سپاہ کو متفرق پہیلا کر غنیم کو خوف دینے کے واسطی ایک طویل
رسن مین تہوڑے تہوڑے فاصلہ پر بطور توڑہ بندوق بتیون کو آگ لگا کر آگے کو بہیڑا
رات اندہیرے مین جب درانی فوج نے اسقدر توڑے چمکتی دیکہی تو گہبرا گئے اور غلط فہمی
سی سمجہا کہ ہر طرف سے غنیم کے فوج ہزارہا آگئی ہی اس سہل حکمت سے خوف زدہ ہوکر بہاگ نکلے
اور یار محمد خان زخمی ہوکر مرگیا اور اسطرح ہندوستانیون کو کامیابے ہوئی اور اونکے
جمعیت بہی زیادہ ہوگئی سید احمد اب علاقہ تنول مین جا رہا سلطان محمد خان برادر
یار محمد خان اور حبیب اللہ خان ولد محمد عظیم خان بارک زئی فوج لیکر انتقام لینے کے واسطے
روانہ ہوئی معیار کے متصل لڑائی ہوئی پہلی حملی مین حبیب اللہ خان سنے ہندوستانیون کو
گہیرے کہور تک بہگا دیا مگر بازو راست کی جانب سی مولوے اسمعیل نی سلطان محمد خان کو
بہگایا حبیب اللہ خان جو بڑا دلاور آدمی تہا یہہ حال دیکہکر فوراً پہونچ گیا اور اوسنی
ملا اسمعیل کو سلطان محمد خان کے تعاقب سی روک لیا اس قدر فرصت مین ہندوستانی
جنکو حبیب اللہ خان بہگا آیا تہا واپس آگئے لاچار پشاور کے فوج کو ہٹنا پڑا سید احمد
بعد اس فتح کے ہشت نگر مین مقیم ہوا اور وہان سی اوسنی سلطان محمد خان کو خط بہیجا اور
لکہا کہ آکر سلام کرو اور گناہ معاف کراؤ یہہ مضمون بہی اوس خط مین درج تہا
(گر این درگاہ ما درگاہ نا امیدی نیست صد بار اگر توبہ شکستی باز آ ہر آنچہ کردے باز
باز آ باز آ) اوس خط کا جواب سید احمد کو کچہہ نہ ملا تب اوسنی کوچ کرکے پنجتار پر بہی اپنا
قبضہ کر لیا سلطان محمد خان حاکم پشاور ڈر گیا اور اوسنی سید کو پشاور کے آنے کے واسطی لکہا مگر اوسکی
اشارہ سی پہلے ریاست کے حرص خود بخود اوسکو سے آئی تہے پشاور مین پہونچکر قلعہ پر اپنا قبضہ کر لیا

شاخ علی زی سی تہا بلند خان چند عرصہ احمد شاہ کے حکم سے سرہند نواح انبالہ کا صوبہ دار بہی رہا بلند خان کا بیٹا فتح خان جسکے اسم سے قوم اوسکی معروف بہ فتح خانی ہوئی دلاور آدمی تہا فتح خانی مشہور راہزن تہی مارکلہ اور حضرو تک اونکے لوٹ مار کی مار مار رہتی تہی تاہنوز گہند گر اور اوسکی نواح علاقہ ہرو مین تخمیناً ایکسو گہر طاہر خیلیون کا آباد ہیے احمد شاہ کے بعد تیمور شاہ کی حکومت مین علاقہ یوسف زئے کے لوگ اپنا مشخصہ معرفت نوشہرا اور شاہولی خان پسر فتح خان ہوتی والہ کی ادا کرتے رہے بعد تیمور کے شاہ زمان اور محمود کی حکومت مین کوئی امر لایق تحریر سرزد نہین ہوا امیر دوست محمد خان وغیرہ پسران سردار پائندہ خان بارک زئی کی تسلط کے بعد جب رنجیت سنگہ والی پنجاب نی اضلاع مغربی دریاء سندہ کو مفتوح کیا تو اوسی عہد مین سید احمد نام ایک شخص ہندوستانی جو بڑا مدبر تہا پشاور سے یوسف زئی مین گیا ملکان ہنڈ اور خان زیدہ اور سیدان بنہیر نے اوسکو مدد دے سید احمد نے جسکو لوگ میان صاحب کہتے تہے جہاد کا اشتہار دیا یہہ خبر سنکر سکہون نے پنجاب سی فوج روانہ کی دوسرے طرف بیشمار غازے لوگ قوم یوسف زئی وغیرہ جمع ہوئے تہے بمقام سیدو بڑے سخت لڑائی ہوئے مگر پہلے ہے حملہ مین سید احمد کے فوج نی شکست کہائی اور وہ خود بہاگ کر ۱۸۲۸ء مین سوانہ کو چلا گیا چند عرصہ کے بعد بنہیر مین آیا اور وہان سے اوسنی ارادہ کیا کہ اٹک کا قلعہ دغا سے لیا جاوے مگر یہہ منصوبہ خادی خان ملک ہنڈ نے سکہون کو بتلا دیا سید احمد نے اوس کو اس مخالفت کی سزا دینی چاہی میر بابو وغیرہ ملکان جارغوتے نے سید صاحب کو مدد دی خادی خان سے لڑائی ہوئی مگر اوس کا نتیجہ اثرمند نہوا بعد اسکے سید احمد نے معرفت اخوند عبد الغفور کے جو فی الحال اخوند صاحب سوات کہے خادی خان کو طلب کیا جب وہ صلح کی امید پر آیا تو اوس نے قتل کر دیا اس واردات کے بعد میانصاحب خدو خیل کے پہاڑ مین چلا گیا اور فتح خان پنجتار والے کے صلاح سی اوسنی یوسف زئی کی حکومت کا اشتہار جاری کیا مگر یوسف زئی آزاد قوم کو یہہ امر پسند نہوا علاوہ اسکے وہ دختران یوسف زئی کے اپنی ہمراہی ہندوستانیون کو دلانا چاہتا تہا

چلا آیسمین لڑتے رہی تاوقتیکہ مصنوعی شجاع کی اعانت کرکے جیساکہ حصہ اول مین درج ہو اور دریا سندہ کی کنارہ پر عالمگیر اورنگ زیب کی فوج نے ۱۶۷۰ عیسوی مین علاقہ میدان یوسف زئی کو فتح کیا اس فوج کی آنی کا حال تہوڑی روز ہوئی اسطرح ملاہی کہ کپور گڑہی یا لنگر کوٹ کی پورانی قلعہ مین سی ایک سنگ مرمر کا تہر نکلاہے جسپر لکہاہی کہ ۱۰۸۰ ہجرے مین مطابق بارہوین سال جلوس اورنگ زیب کے تشمیر خان ترین نی بہ سردارے لشکر شاہی اس ملک مندر کو فتح کیا اور قلعہ اور مسجد اور چاہ بنوایا شاہ عالم کے سلطنت مین یوسف زیون نے کچہہ فساد نہین کیا مگر محمد شاہ کیوقت اونہون نی پہر بلوہ کیا اور ۱۷۲۸ء مین حاکم پشاور کے فرزند کو پکڑ لیا اس سبب سے اونکا دماغ زیادہ خراب ہوگیا تمام حد کی قومین سی صرف یہہ قوم نادر شاہ ایرانی کی حکومت نہین مانتی تہے جب نادر شاہ ۱۷۳۸ء مین پشاور پہونچا تو اوسنی نازو خان ملک کو بولایا مگر اوسنے آنے سے انکار کیا تب قہر نادری نی اس گستاخی کا بدلہ لینا چاہا زیرکمان صوبہ دار جالندر کے فوج نادرے بہیجے گئی سب قوم پہاڑ مین جمع ہوئی میدان کا علاقہ چہوڑ گئی صرف موضع شیر درہ مین تہوڑے سے آدمی بطور ہراول کے رہ گئی جو آدمی پیچہی رہگئی تہے اونکا مال اور فصل جملہ غارت اور برباد کیا گیا جب فوج شاہی شیر درہ کے پاس پہونچی تو تنوزگا وسے اور شیر درہ دونون راستون سی فوج انبیلہ کو نہ جاسکی اور موقع پر قوم مجتمع یوسف زئی نی فوج متعینہ کو سخت مقابلہ سی شکست دی اور وہان سی لیکر کلپانے تک فوج نادرے کا تعاقب کیا یہہ ناخوش خبر سنکر نادر شاہ بڑی زور شور سے خود گیا اور رہ چینجلے مندر کر شاہ کوٹ کے پہاڑ والی شاخ جو کوہ مہابن سے آتے ہی وہان تک پہونچ گیا تب یوسف زیون نے مجبوراً صلح اپکے قبول کری بعدش جب ۱۷۴۹ء کو احمد شاہ ابدالی وزیر دُرّان پشاور مین آیا تو سب ملکان یوسف زئی اوس کے سلام اور اعانت کی واسطے حاضر ہوئے سب سی پہلے عبد الصمد معروف سمند خان ملک قوم محمد زئے ہشت نگر والہ آیا اور پہر فتح خان ولد نازو خان ہوتے کا اور رخواہیر طور اور بابوزی واسطے بجاآوری خدمات یورش ہند حاضر آئے سوائی اونکے بلند خان ابن طاہر خان پسر تاج خان جو علاقہ کوہ گنہد گر پر یا مین علاقہ چہچہ و ہزارہ قابض تہا وہ بہی پانی پت کے لڑائی مین خدمتگذار رہا اس بلند خان کا باپ طاہر خان جس سے فرع طاہر خیلے چلنا تہے احمد شاہ کے آنے سے تہوڑا عرصہ پہلے علاقہ گنہد گر پر قابض ہوگیا احمد شاہ نے بلند خان کی خدمتگذاری سی خوش ہوکر بذریعہ سند محررہ ۱۱۶۶ ہجرے اوسکو بہت جاگیر عطا کرے یہہ طاہر خان اتمان زئی مندر

[illegible]

ر جو کفار تہے وہ طرف خالی کردئی اونکا ارادہ قاشقار کو جانی کا تہا مگر محمد خان اونکا خان
ہار اگیا پہر اوس اوس نی غازیخان ملی زئی کو اپنا سردار بنایا وہ بہی کام آیا
ہ کرزین خان کوکہ کے ہاتہہ مین آئی جسنی اونکو بہے پشاور کے علاقہ مین لاکر ایک
ے ویدیے مگر یہہ لوگ ایسی متفرق اور بدحواس ہوگئے تہی کہ تردد الفلی ورگا نو آبادی کے
ن ہہین تہی تہوڑے عرصہ کی بعد حسب اجازت صوبہ کابل یوسف زئی کے میدان مین یہہ لوگ
ر زبروز وہان قوم متفرق شدہ جمع ہوتے تہی چند مدت آرام کے ساتہہ وہان گذارہ کیا بسبب
ایک ہزار روپیہ مشخصہ سرکاری مقرر تہا اور آپسمین اسن رسالگذاری کو فی قلبہ کے حساب پر حسب
ر نے تہے ان فسادون مین اور بغاوت کی سبب سے اسقدر ملک جو دلاوری اور محنت سی فتح کئے تہے ہا
ی جاتی رہی چنانچہ جو میدان دریاسندہ کی کنارہ پر تہا قوم دلازاکو نے لی لیا اور سواتہہ سواتہیون نے
بنہیر والون نی چملہ چملہ والون نی اور باجوڑ ننگرہاریون نی لیلیا جب یوسف زیون کے متفرق شدہ قوم اپنے
یکجا جمع ہوئی تو اونہون نی قوم دلازاک سی مقابلہ کرکے اونکو خارج کردیا دلازاک قوم کے چلی جانی سی یوسف زئے
زیادہ زور آور ہوگئے بعدش سترہوین صدی عیسوی کی شروع مین لمغان اور سواتہہ اور باجوڑ کے سکنا
نی بابت تنازعہ سرحد آپسمین لڑائی کری یوسف زیون نے موقع دیکہہ کر لمغانیون کے ساتہہ شمولیت کری اور دونو
نے شامل ہوکر باجوڑی اور سواتہیون کو بیدخل کردیا المغان کی ترکلانی نی باجوڑ کو لیلیا اور یوسف زیون
نی برسواتہہ تک تسلط کرلیا علی اصغر مشہور ملک سردار یوسف زیون کا تہا اوسنے نوک شمشیر سے اپنی قوم کی ملک
کی حدود کو بہت وسیع کردیا بنہیر اور چملہ اور دیر کے سوائی کوہ تنول تک انکا دخل ہوگیا جو سواتہی لوگ
سکنائی سابق قتل اور اخراج سی باقی رہگئی تہے وہ بطور رعایا یوسف زئی بنام ہادفقیران ابتک رعیت
اس قوم کی ہین الغرض بتدریج قبضہ اس قوم کا اس قدر ملک پر پہیل گیا کہ جسپر اب یہہ قابض ہین جو مند
قوم کے شاخین پہاڑ سے نیچی سمہ یعنے میدان علاقہ موسوم یوسف زئی مین آباد تہے وہ برائی نام
شاہی گنی جاتی تہی مگر بباعث ناقصی انتظام ملک داری اور رعایا پروری اکثر سرکشی اور فساد برپا
ہجہان بادشاہ کی طرف سی ۱۰۶۰ سنہ ہجری مین علاقہ یوسف زئی کا ٹہیکہ بارہ ہزار کے عوض شہباز خان
ر بعدش اوسکی فرزند خوشحال بیگ خان کے ہاتہہ مین بہی چند عرصہ اس علاقہ کا اجارہ رہا
ہم خٹک اور مندر یوسف زئے کے آپسمین پورانی عداوت تہی پس اس بہانہ پر جتنا جسکا قابو

بادشاہ کو خارج کرکے ہندوستان کی سلطنت کرتا تہا جس سی یہہ شخص سرکش رہا اوسکی سرداری کی وقت
اس قوم کی غوریاخیل قوم کی ساتہہ جسکی شاخ خلیل اور مہمند داوزی ہین بمقام شیخ تپور جسکو فی الحال
تپور کہتی ہین بہت سخت لڑائی ہوئی یوسف زیون نی فتح پائے اور غوریاخیل نقصان شدید اوٹہاکر
ہار گئے شیخ تپور پورانہ قلعہ ہے نوشہرہ کہنہ کے اوپر اور لڑائی اوس موقع پر ہوئی تہی کہ جہان اب
ڈاک بنگلہ ہے جو غوریاخیل یوسف زیون کی ہاتہہ زندہ آئی تہی اونکو اپنی ناموری کی واسطی غلامون کی
طرح دو دو پیسہ پر فروخت کیا اس نمایان فتحیابی کی سبب سے اونکا مزاج پہلی سی بہی خراب ہوگیا اور نخوت
کے راہ سی اکبر بادشاہ کی وقت برملا سرکشی شروع کری لوٹ مار اور رہزنی کو اپنا پیشہ بنالیا ان بدعنوانہ
افعال سی اول تو بلائی قحط اونپر اس شدت سی خداوند تعالی نی نازل فرمائی کہ بہت لوگ تباہ ہوگئے
اور پہر اکبر بادشاہ نی زین خان کوکہ کو معہ دیگر امراء جیسا کہ حصہ اول مین ذکر ہوا بمعیت لشکر جرار سنہ ۹۹۵ھ
مین اس قوم کی سرکوبی کی واسطی بہیجا پہلی یورش مین تو یوسف زئی غالب آئی اور راجہ بیربل وغیرہ
چند نامی سردار معہ تخمیناً ہفت ہزار لشکر شاہی ماری گئی تہی مگر دوسرے دفعہ زین خان نی کابل سے
گونڑا اور باجوڑ کے راستی پہر سواتہہ پر حملہ کیا باجوڑ مین تہانہ شاہی مقرر کرکے جب سواتہہ کی مغربی
حد پر پہونچا تو قوم یوسف زئی درہ تری کی راستی پر جمعیت کرکے اوسکی سد راہ ہوئے قریب یکماہ وہان
لشکر رکا رہا اتفاقاً عید کے روز اکثر لشکر یوسف زئی شاید حلوا خوری کی واسطی گہرونکو گیا اس حال سی
زین خان نی اطلاع پاکر فرصت کو غنیمت جانا اور فوراً حملہ کیا ایک حملہ دلیرانہ مین اوس دشوار جگہہ سے گذر کر
ملک سواتہہ مین داخل ہوا اور ملک سواتہہ فتح کرکے یوسف زئی جو پہاڑون پر چلے گئے تہے اونپر لشکر شاہی
تاخت کرکے پکڑ لاتا تہا اور بیشمار لوٹ حاصل ہوئی زین خان نی ملک سواتہہ مین قلعہ و مغار بنایا اور بڑے
استقلال کی ساتہہ اس قوم کو مجبور کیا اخوند درویزہ جو اوس مصیبت مین اس قوم کے ہمراہ تہا اپنی کتاب
مین لکہتا ہی کہ جو لوگ اس قوم کے مفرور ہوکر پہاڑ کے درون کے سر پر پناہ گزین ہوئی تہے اونکے
ساتہہ مین بہی تہا وہان رات کو اسقدر سخت بارش اور برف پڑی کہ صبح تک امید زیست کم تہے اس
سختی کی سبب سے لوگ پہاڑ برف دار کے اوپر نہ ٹہر سکے اور اپنی آپ کو سردار فوج شاہی کی سپرد کردیا
زین خان نی اس قوم کو خانہ کوچ پہاڑ سے نیچے اوتار کر ہشت نگر اور پشاور کو لایا محمد زئی گلیانی غوریاخیل
مین متفرق آباد کئے مگر ایک گروہ انکا زیر سردارے محمد خان ہندوکش پہاڑ کے طرف روانہ ہوا اور یاغی

بنیاد رکھی جو اوسکی اولاد مین چند پشت تک رہی ان لڑائیون کی بیچ مرزا الغ بیگ دا سے کابل
فوت ہوگیا اور جیسا کہ پہلے حصہ مین ذکر ہوا کابل کی سلطنت بابر بادشاہ کے ہاتھ آگئی تھی محمد بابر
بادشاہ نے ۱۵۱۹ عیسوی مین جسکو زمانہ حال تک تین سو چالیس برس ہوئی اس قوم پر یورش
کرے اوس وقت علاقہ میدان یوسف زئی اور رسوا تھا اور رنہیر مین قوم یوسف زئی
اور رمندڑ آباد تھے ہشت نگر محمد زئی دوآبہ مین گگیانی اور باجوڑ کے ایک حصہ مین
ترکلانی سکونت پذیر تھے اور اوس سے مشرق پہاڑ مین اتمان خیل بستے تھے پشاور کے نواح
مین غوریا خیل آ گئے تھے اور کچھہ دلازاک بھی تھی محمد بابر بادشاہ کابل سے انجیل کے راستے باجو
مین آیا اور اوس ملک کو فتح کرکے خواجہ کلان کی ماتحت وہان حاکم مقرر کیا جب اوسنے سمجھا
کہ یوسف زئی کی قوم پر حملہ کرنے سے کچھہ بہت اثر نہین ہوتا کیونکہ وہ لوگ پہاڑ دشوار گذار
مین بھاگ جاتے تھے تب اسنے اس آزاد قوم سے صلح کرلے جب بابر سواتھہ مین پہونچا
تو شاہ منصور ولد سلیمان ملک قوم یوسف زئی اور سلطان اویس سواتے تھے
بہے اوسکے سلام کی واسطے حاضر آئی شاہ منصور کے دختر سے بابر نے نکاح کرلیا اور سواتھہ
سی لوندخوڑ کے راستے شہباز گڑھ اور ہشت نگر تک بابر کے فوج سے ملک خراب ہوا بابر خود اپنی کتاب
مین ان لڑایون کا حال لکھتا ہے اور اس شادی کا ہونا بھی تصدیق کرتا ہے ان لڑائیون
کا حال بہت طول اور فضول سمجھہ کر چھوڑ اگیا بعد اسقدر فتوحات کے یوسف زئی آرام اور
چین سے اوقات گذاری کرتے تھے شیخ ملی نے جو اس قوم کا مدبر تہا کل علاقہ جات مفتوحہ
کو تقسیم کیا اول ہوئی تقسیم اس طرح ہوی کہ ہشت نگر محمد زئی کو دیا جو ننگر ہار سے وقت لڑائی
دلازاک کے یوسف زیون کی امداد کے واسطے آئے تھے دوابہ گگیانی کو ملا جسپر وہ ابتک قابض ہین
اور کچھہ حصہ باجوڑ کا بھی انکو ملا تہا مگر اس سے اب بیدخل ہین باقی ملک یوسف زئی اور مندڑ
کو ملگیا جس مین خانگی تقسیم شیخ ملی نے حسب رسد اور بر تعداد سرون کے کری تھی اور
تا ہنوز موروثی حصص اوسی تقسیم کے موجب ہین جب اس قوم مین خان کجو شاخ
بہادر خیل مندڑ سردار ہوا تو اوسنے ملک احمد سے بھی بڑھ کر رسوخ
اور اقتدار اپنی قوم مین حاصل کیا اوس وقت شیر شاہ ہمایون

نواح مین آباد تہی مولف کے زمانہ مین لنگرکوٹ کہڑی کیورہ کہڑی کہتی ہین اور یوسف زئی او سوقت
شت نگر کے علاقہ مین بستی تہے اور چونکہ دلازاکون نے چراگاہ میرہ لنگرکوٹ پکڑی ہوئی تہی جب یوسف زئیون
کا مال مویشی چراگاہ کو جاتا تہا دلازاک تاخت کرکے لوٹ لیجاتی تہی اور جو یوسف زئی کا آدمی اسودسودا کو
آتا تہا اوسکو بہے آزار دیتے تہے غرضکہ ہمیشہ دلازاکون کی ہاتہہ سے تنگ تہی ملک احمد خان نے جو اوسوقت میں
سردار قوم یوسف زئی اور مندڑ کا تہا یہہ صلاح کری کہ کل قوم خشی کو شامل ہوکر اس معاند قوم سے بدلا لینا
کرنے چاہئے محمد زئی قوم نے باوجود کشت وخون ہمراہ یوسف زئی جب ملک احمد خان اونکے پاس تنگولی
گیا تو اونہون نے مدد دینی لازم سمجہکر ہمراہ ہوئی اور گگیانے بہی شمولیت کی واسطی پہونچ گئی اتمان خیل
پہلے سے شامل تہی سوای ترک لانی کی باتے جملہ خشی معہ محمد زئی اور اتمان خیل کے قبیلون کو بہی ہمراہ
لیکر دلازاک کی لڑائی کی واسطی روانہ ہوی اور لنگرکوٹ کی جانب سے دلازاک اپنی جمعیت پر
نازان ہوکر آگی کو بڑہی سخت لڑائی واقع ہوئی تیرون کی ضرب سے بہت خشی ماری گئی آخر دست بہ شمشیر
ہوکر دونون گروہ خوب لڑی جب زنگی سردار قوم دلازاک کا پسر مارا گیا تب دلازاک میدان چہوڑ
گئے اور دریای کابل پالنڈے سے جو شمال کی طرف اونکا ملک تہا سب یوسف زئیون نے اپنی قبضہ میں
کر لیا اس مقصود کو حاصل کرکے ارادہ لینی **سواتہہ** کا ہوا **ملک احمد** اور **شیخ ملی** مدار المہام کے
تجویز سے سب قوم اتفاق کرکے سواتہہ کی طرف خانہ کوچ روانہ ہوئی اور شاہ کوٹ کے درہ کی قریب
جا فروکش ہوئی سواتہی لوگون نے اوس درہ پر جمع ہوکر وہ راستہ روک رکہا مگر دیگر گذرگاہون سے
غافل ہوگئی ایک رات یوسف زیون نے مصلحت کرکے غنیم کو دہوکہا دینے کے واسطی اپنی عورات سے
کہا کہ تم ستنذری گاؤ اور اوس گانے مین اپنی مردمان کی صفت کرو اور سواتہیون کی ہجو کرو اور
مضمون سے کہ سواتہیو خبردار ہو صبح تمہاری ساتہہ لڑائی ہے جب یہہ آواز سنا تو سواتہی سمجہی کہ صبح
اسی جگہ پر لڑائی لاوین گی کوتاہ اندیشی سے باقی لشکر جو اور جگہہ متفرق تہا وہ بہی شاہ کوٹ کی جگہ پر
جمع کیا یوسف زیون نے ہوشیاری سے رات کی وقت کوچ کرکے دوسرے راستے ملاکنڈ کے سواتہہ کے
ملک مین داخل ہوگئی ہر روز سواتہیون سے لڑتے تہی اور سامہنی کا ملک اپنی قبضہ مین کرتے جاتے
تہے تدریجا بارہ برس کے عرصہ مین کل سواتہہ لیلیا اور وادی تالاش کو بہی فتح کیا سلطان اویس
سواتہی تاب مقابلہ نہ لاکر سواتہہ سے بیدخل ہوا اور کافرستان کی طرف جاکر اوسنے ایک نئی حکومت کے

کمزوری اور غریبی کی حالت مین خارج کی گئی اور یہہ قوم ملک ننگرہار مین آئی شاخ ترکلانی علاقہ لغان
یا لغمان مین آباد ہوئی چند عرصہ کے بعد یوسف زئی و محمد زئی کی باہم عداوت پیدا ہوکر موضع حصار
کے قریب ان دونون کی آپسمین سخت لڑائی ہوئی جسمین یوسف زیون نے فتح پائی اس سے تہوڑا
عرصہ بعد یوسف زئی اور مندڑ خانہ کوچ پشاور کے طرف روانہ ہوئے اور خیبر کے راستے ملک پشاور
مین داخل ہوئے اوسوقت پشاور کے ملک مین حال کی نسبت بہت فرق تہا وہ قوم جسکی قبضی سکونت
مین فی الحال یہہ ملک ہے اوسوقت افغانستان مغربی مین تہی اور پشاور کا میدان مع اور علاقہ جات
ملحقہ کے اوس قوم کے قبضہ مین تہا جواب وہان بالکل نہین ہین اور خارج کی گئی ہے لغمان قوم ترکلانی
کے قبضہ مین تہا کہ جواب علاقہ باجوڑ مین آباد ہے گگیانی باسول مین رہ گئی تہے خیبر اور بنگش موقعہ
مقبوضہ حال پر قابض تہی مگر کچھہ مشرقی جزو کابل کے میدان سے اور تمام پشاور کا میدان اور کچھہ حصہ
باجوڑ کا اور علاقہ چھچھہ اور ہزارہ بلکہ اونسے بھی کچھہ مشرق تک قوم دلازاک کے قبضہ مین تہے اور چونکہ
دلازاک قوم کرڑانی کی ایک شاخ تہی اسواسطے اسکا شجرہ نسب اور عروج و زوال کا حال مختصر اسے
حصہ کے جو تہے باب مین درج ہے اوس عہد مین وہ ملک جو قوم دلازاک کی حدود اور کوہ ہندوکش کے
مابین دریای سندہ کی دونون کنارہ پر واقع ہے اوسپر سواتہہ کے بادشاہت تہی اور ایک علیحدہ قوم سے
آباد تہا جسکے اوپر **سلطان اویس سواتہی** حکومت کرتا تہا سلطان اویس کے مورث قدیم سے
اوس ملک کے فرمانروا چلے آتے تہے جب یوسف زئی لوگ ملک پشاور کے مغربی حد پر پہونچے تو بمقام
سفید سنگ آکر ملکان نے بطور جرگہ دلازاک کو اونسے اسلئے گذارہ قوم خود زمین طلب کری اور دلازاک قوم نے فیاضی اور سخاوت سے انکو
ایک زمین دیدی جب اس قوم نے اوسپر دخل کر لیا تو قوم شلمانی سے جو نئی بربر مانگی جب اونہون نے دینے سے انکار کیا
تو اونسے عداوت شروع ہوگئی یوسف زئی لوگ دوآبہ مین آکر آباد ہوے اور وہانسے قوم شلمانی قابضان سابق علاقہ ہشتنگر
کی ستالڑائی کے تیار ہوئی اوس لڑائی مین مسمی خالو سردار قوم شلمانی مارا گیا اور اوس قوم کو ہشت نگر سے خارج
کر دیا اور وہ مخروج لوگ سواتہہ کو چلے گئے جنکو سلطان سواتہہ نے بمقام الاڈہنڈ واسطے سکونت
جگہہ دی قوم یوسف زئی کی قبضہ مین ہشت نگر کے سوائے وہ حصہ باجوڑ کا بہی آگیا جو دلازاکون کا تہا
اب دلازاک اور یوسف زئی کی باہم دشمنی شروع ہوئی اگرچہ اصلی سبب اس دشمنی کا داعیہ ملک گیری
تہا مگر ظاہری باعث اسکا اخون درویزہ اسطرح لکہتا ہے کہ دلازاک اوسوقت میرہ لنگر کوٹ

کے راہ سی مرزا الغ بیگ کی حکومت کو بی وجود سمجہنی لگے اور سرکشی اور فساد کیطرف راغب ہوئی کابل
کی رعایا کو بہت بہت آزار دیتی تہی غارتگرے سے خاص مرزا کی ملازمون کا مال بہی محفوظ نہین
تہا اور خاص دیوان خانہ بادشاہی مین بیٹہہ کر نالایق باتین کرتے تہے آخر اپنی ناشایستہ عادات سے
والی کابل کو اس حد پر پہونچایا کہ اوسکا ارادہ واسطی اخراج اس قوم کے مصمم ہوا اور چونکہ مرزا
الغ بیگ کا اختیار اب زیادہ ہوگیا تہا اور اپنی ہمقوم مغلون کے آجانی سی استقلال کافی بہم پہونچالیا تہا
زیادہ بیکے کی برداشت نکرکے پہلی اونسی انکی بربادی کا سامان اس جگہہ سے شروع کیا کہ یوسف زئے
اور گگیانے کے باہم بی اتفاقی ڈالدی اور بعدش گگیانی اور اپنی فوج کے جمعیت سی انپر حملہ کیا چند کس
ان سے ماری گئی اور باقے کابل کے پہاڑ کے دڑون مین گہس گئے اوسوقت اس قوم مین تین شیخ
مشہور تہے دو بہائی ایک مسمی مداد اور دوسرا امداد نام عیسی زئی یوسف زی کی شاخ مین سے
تہے اور تیسرا شیخ **عثمان** ملے زئی تہا ان تینون کی غیب گوئی پر اعتبار کرکے اور انمین سی ایک کو
پیادون کا سردار بناکر جنگ پر آمادہ ہوئی اور مرزا کے فوج نے جسکے ہمراہ گگیانے بہے تہی اس قوم
سے شکست کہائی بعد اس کامیابی کی زیادہ خیرہ سر ہوگئے ہمیشہ پہاڑ سے نکلکر رعایا کو تاخت و تاراج
کرتے تہے حاکم کابل نے کوئی چارہ سوائی صلح نہ دیکہا آدمی درمیان ڈالکر اس قوم کی ملکان کو بلوایا
کہانی و سروپائی اور بہت مدارے افغان سادہ لوح طمع پر مرزا کی پاس روز بروز آمدورفت کرتے
تہے ایک روز ضیافت خوری کی واسطی آٹہہ سو کس معتبران قوم مرزا کی پاس آئی جملہ بے اسلح تہی ایک
مسمی **محمود** ولد محمد شاخ جعفرزئے اپنی پاس پوشیدہ پیش قبض لیگیا تہا جب دربار مین گئی تو محمود نے
مرزا کی بدنیتی دیکہہ کر اپنی ہمراہیون سی کہا کہ اگر کہو تو مین مرزا کو مار ڈالون مگر سب نے منع کیا کہ جو نمک
رکہنا چاہئے شائد ہمارے ساتہہ بد نہین کریگا مسمی **جنگا قوم گگیانے** نے جو یوسف زئیون کا دشمن
تہا اونسی مرزا حاکم کابل کو یہہ صلاح دیئی کہ اتنی بہت ایک جگہہ بی اسلح ہاتہہ نہین آوینگے اور صلح پر
انسے کبہی خلاصی نہوگے یہہ وقت غنیمت سمجہکر سب کو قتل کرنا چاہئی اس نالایق صلاح پر اونسی عمل کرکے
سب کو باندہ لیا اور ایک ایک کو قتل کرایا مگر ایک مسمی **ملک احمد** بسبب آخری عرض ملکان مقتول
کے رہا کیا گیا یہہ ملک احمد بڑا جوان مرد اور صاحب ہمت آدمی تہا بعد قتل ہونے قریب آٹہہ سو
کس معتبران اس قوم کے باقے یوسف زئے وغیرہ خشی کابل کی نواح سی بموجب حکم والی کابل بہت

مین سی کوئی ایکدوسرے کی حمایت اور مدد کو نہین پہونچ سکتا تہا آبادی مین خشی کی قوم جسکی یوسف زئی
اور مندڑ شاخین ہین غوریاخیل کی نسبت ترین کی نزدیک تہی اور حصہ اوسکا ارغسان کی ویال
یعنی نہر تہی اور وہ ویال نزدیک تہی ترینون کو اوسکی تکرار پر قوم خشی اور ترین کی باہم عداوت
پیدا ہوکر نوبت کشت وخون کی پہونچی لڑائی مین ترین خشی پر غالب آئی بعضی خشی مارے گئی اور
باقیماندون کو بیدخل کردیا زمند اور غوریاخیل سی کوئی آدمی اونکی حمایت کی واسطی نہ پہونچا آخر خشی
کی قوم نی رجوع اپنی بہائی بند غوریاخیلون کی طرف کیا اور اونہون نے ایک زمین ویرانہ انکو دیدی
کہتی ہین کہ قندہار کے زمینات مین بوقت بہار بارش ہونی کی سبب سے انواع کا سبزہ زار اور علف
پیدا ہوتا ہی جب گرمی ہاڑ کی شروع ہوتے ہی تو وہ سبزہ گہاس زمین پر خشک ہوکر گرپڑتا ہی سال بہر
وہ گہاس زمین پر گرا ہوا مویشی کہاکر گذارہ کرتے ہی اور اگر اس درمیان برسگال کے بارش زیادہ
ہوجاوی تو وہ سب گہاس سیلاب لیجاتا ہے اور مال مویشی کو سختی پیش آتی ہے قضا کار اوس
سال مین بباعث افراط بارش غوریاخیل کی مویشی کو تنگی خوراک سے سختی پیش آئی تب بمروتی سی وہ
زمین جو خشی کو دی تہی بزور اور جنگ جدل اوس قوم سی واپس لی لی اور یہہ قوم وہان سے
بہی بیدخل ہوکر گارہ نوشکے مین جا آباد ہوئی یہہ موقع دشت لوط کے قریب بلوچستان کے
شمال پر واقع ہے اور دشت لوط بڑا نمک کا صحرا ہی اور اب قوم بلوچ کے قبضہ مین کلات نصیر کے
ماتحت ہی الغرض اوسوقت یوسف زئی اور مندڑ کے تعداد جو قوم خوخی یا خشی کی ایک شاخ ہین بہت
تہوڑی تہی چند عرصہ کے بعد شروع چودہوین صدی عیسوی مین جسکو حال تک قریب ساڑہی پانچسو برس
تخمیناً گذرے ہین یہہ قوم گارہ اور نوشکے سے بیدخل ہوکر کابل کی طرف خانہ کوچ روانہ ہوئے
سوائی ترکلانی اور رگلیانی کے جو وہ بہی خوخی قوم کے شاخین ہین قوم اتمان خیل جو شاخ کرمرانی
یا کرلانی ہی ٹاک اور گومل درہ کی راستی آکر اس قوم کے شامل ہوئی اور قوم محمدزئی جو نسل زمندسی
ہے وہ بہی اپنی باقی قوم زمند سے رنجیدہ ہوکر یوسف زئی کی ہمراہ چلے آئی کابل کی نواح مین پہونچکر
یہہ قوم آباد ہوئے اور مرزا الغ بیگ ابن ابوسعید مرزا کو تخت نشینی کابل کے وقت اس قوم نے
مدد دئی اور انکی اعانت سے اوسنی مسند کابل پر استقلال پایا مرزا الغ بیگ ابتدا مین اس قوم پر
بہت مہربانی کرتا تہا جب اس قوم کے تعداد اور دولت مین ترقی ہوئے تو نخوت اور جہالت

چاہی تو اوسکے والدہ نے کہا کہ میرا حصہ بہی علیحدہ کر دو اہی اور بہائی چپ تہی کہ اوس بادی الم بخت نے
اندام نہانی کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ تم یہہ لیلو اوسکی حقدار والدہ نے اوسکو بد دعا دی کہ تمہارے
اولاد تبرّا ہو کس سے زیادہ نہو اخوند درویزہ اپنی عصر کا حال لکہتا ہی کہ ابتک تیرّہ سی زیادہ اوسکی اولاد
نہین ہی چند کس خخبرزی شلغ کے شامل رہتی ہین مگر حال کی تحقیقات سی اوسکی اولاد سے ایک کس کا
بہی پتہ نہین لگتا غالبًا نابود ہوگئی ہین روایت ہی کہ غیبی ابن یوسف کی گیارہ پسر تہے ایک روز
گلہ اسپان ازان مندڑ مغل لوگ تاراج کرکے لیچلے غیبی معہ نو پسران خود تعاقب کے طور غارتگرون کے پیچہے
سوار ہوگیا اور سب لوگون سے پہلے پہونچا اور اون سی مقابلہ کرکے بموجب قول اخوند درویزہ کے
سب شہید ہوگئے دو پسر اوسکے باقی رہی تہے ایک مسمی حسن جسکی نسل کو حسن زی کہتی ہین دوسرا
یعقوب جسکی اولاد موسوم بہ یعقوب زی ہی جب غیبی مرتا تہا تو اوسکی زوجہ حاملہ رہگئی تہی اوس سی فرزند
پیدا ہوا اوسکا نام اکا رکہا جسکی قوم اکازی ہی باقی جملہ پسران یوسف کی اولاد کا نام شجرہ نسب سے
معلوم ہوگا ؞

## جای سکونت اولین

فی الحال ان لوگون مین ایسا کوئی نہین ہی کہ جو اپنی پہلی جائی سکونت سی بخوبی واقفیت رکہتا ہو جب انسے
پوچہا جاوی تو کہتی ہین کہ ہماری مورث غوزرہ مرغہ سے آئی ہین مگر بیان نہین کرسکتی کہ غوزرہ مرغہ کس
موقع کا نام ہی اتنا کہتی ہین کہ مغرب افغانستان مین کسی جگہہ ہوگا مغرب طرف کی دریافت سی معلوم
ہوا کہ غوزرہ مرغہ ایک موقع کا نام ہی جو حدود نہر ارغسان کے قریب سوزغر یعنی کوہ سرخ اور رغنداان
کی ما بین واقعہ ہی غالبًا وہ جگہہ ہے جو تقسیم اول کی وقت ویال ارغسان کے شامل اس قوم کو حصہ میں
ملی تہی لفظ مرغہ سی مراد چمن ہی اور غوزرہ جڑ ب کو کہتی ہین جسکی مراد عمدہ اور سرسبز چمن سی ہوگی یا کہ
ایک قسم سبزہ کو جو علف کو ہی ہے غوزرہ کہتی ہین اور اوسکے موقعہ روئیدگے کو مرغہ شاید اوس قسم
کے زیادہ علف ہونے سی موسوم بہ غوزرہ مرغہ ہوا فی الحال اس موقع پر کچہہ علے زئی اور اودو زئے
دُرّانی اور ر توخی غلزائی رہتی ہین اور بعضی ناصر بہی فیلاق کی واسطی وہان گرما کو جاتی ہین
اس قوم کی ابتدای سکونت کا حال جہان تک مل سکا وہ ذیل مین درج کیا جاتا ہی جب افغانونے
قندہار کے نواح کو باہم تقسیم کیا تو حصہ نسل ترین کا بیچ مین کند اور زمند کے آگیا بدین سبب بہا ہوا

# حال قوم یوسف زئی قوم منڈر

## تاریخ اس قوم کی

جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی شہر جنون ولد سڑبن بہیرہ قیس عبد الرشید کے تین پسر تہی گند اور جمند یا زمند اور کاسی دونون آخر الذکر کا حال آئندہ درج ہوگا گند کے دو بیٹے تہے ایک موسوم غرغی جسکی اولاد غوریا خیل کا ذکر آگے آویگا دوسرا خشی یا شخی جسکو یوسف زئی کی پشتو مین خوخی بہی کہتی ہین اوسکی اولاد سے یہہ قومین ہین بموجب قول اخوند درویزہ کے جو اس قوم کے شامل مدت تک رہا اور بہت ماہر تہا واضح ہوتا ہی کہ مسمی خشی کی پہلی زوجہ مسماۃ مرجانہ تہے مسمی مند اور رنک اوسکے شکم سے تہے مسماۃ مرجانہ کی ایک خواہر تہے بتسو نام بددیانتی سی وہ بہی خشی پر عاشق ہوکر اوسکی گہر مین داخل ہوئی جسکی شکم سے خشی کا تیسرا بیٹا پیدا ہوا جسکا نام ترک رکہا گیا اوسکی نسل کو ترکلانی کہتی ہین اخوند درویزہ علیہ الرحمۃ کی کتاب مین لکہا ہی کہ ابتک ترکلانے قوم مین ور غلانیدگے عورات بہت ہوتے ہی شاید جدی اثر چلا آتا ہی مسمی مند کے دو پسرون سی مسمی عمر بڑا نیکبخت اور بادیانت آدمی تہا بطور سیاحی ہندوستان کی طرف آیا اور اپنی وطن سی باہر اوسنے کسی قریش کی خاندان مین شادی کری اوس بی بی کی شکم سے منڈر پیدا ہوا کہتی ہین کہ عمر اوسی ملک مین فوت ہوگیا اور یوسف اوسکے بہائی نی وہان پہونچکر اپنی بہائی کی بیوہ اور فرزند کو اپنے وطن مین ہمراہ لیجانا چاہا مگر اوس وفادار بیبے نے یوسف کی ہمراہ جانی سی اس تقریر سے انکار کیا کہ تمہاری رسم ہے کہ بہائے کا مال اور زوجہ جو اوس سی رہجاوی تو زور کے ساتہہ غصب کر لیتے ہو اور میرے خوشی ھے کہ ایک نکاح پر دوسرا نکاح میرے پر بروز قیامت ثابت نہو آخر یوسف اوسکو بہت عہد وسوگند سے ہمراہ لی آیا اور جب منڈر برادر زادہ اوسکا سن تمیز کو پہونچا تو یوسف نی اپنی دختر سے اوسکے شادی کردئی عثمان اور اتمان دونون اوسکی شکم سے ہین اور تیسرا رزڑ یا رجڑ باندے کے شکم سے تہا اور یوسف کی پانچ پسرون مین سے ایک کا نام اوڑیا تہا از بس کہ متکبر اور مغرور تہا اس سبب سے اوسکو بادی کہتے تہے اور اوسکے نسل کو بادی خیل نقل ہے کہ اوس وقت افغانون مین یہہ رسم تہے کہ جب فرزند حد بلوغت کو پہونچتے تہے تو والدین کی جائداد باہم تقسیم کر لیتے تہے اور ماں باپ کو بہی حصہ برابر ملتا تہا اس رسم موجب جبکہ پسران یوسف نی جائداد باہم تقسیم کرنے

مین سہتی ہے - ملک وزیر کا خان غزن خان دیر والہ مشہور آدمی ہی مگر اوس کے فرزندون مین سی
باپ کے ہم بخت کوئی نہین سنا جاتا - یوسف زے کی قوم مین قدیمی معزز خاندان صاحب اختیار
تین مشہور تہے آول خاندان ملے زے ویر دویم خاندان اباخیل بائی زی جو تہانہ علاقہ
سواتہہ مین رہتی ہین اور بائے زئے قوم کے با اختیار خان قدیم سے چلے آتے ہین اسی خاندان
مین سی فی الحال شاہ نظر خان تہانہ والہ اور امیر اللہ خان ییکے والہ اور حمزا سان خان
شیر خانہ والہ مشہور آدمے ہین - گو انکا اختیار بسبب بی اتفاقی خانگے پہلے طرح نہین
رہا مگر پہر بہے اپنے علاقہ مین بہت اختیار رکہتی ہین - کوہ موہرا کے گوجرون سی بابت
چرائے موشی ایک محصول کی آمدن انکو ہے جس مین کبہے کبہی زیادہ ظلم بہے کیا جاتا ہی -
تیسرا خاندان آلاڈ منڈ قوم رانی زے مین سے تلے خیل آرنے خیل مین جنکی خاندان کو
کانجو کو رکہتی ہین اسے خاندان کی خانون کا اختیار پہلے بہت تہا اب اوپر کے علاقے
رانے زے چہہ ہزار قوم پر انکا حکم ہے فی الحال صحبت خان آلاڈہنڈ والہ با وجود نو عمر
ایک مدبر اور ہوشیار خان ہی مگر شیر دل خان اسکا چچا دل مین اوس سی سخت مخالف ہی -
سوائے اوسکے بہیر مین زید اللہ خان - احمد خان - عاصم خان وغیرہ اپنے اپنے قوم
مین سرگروہ ہین مگر زیادہ اختیار والا کوئے نہین ؛

## شجرہ نسب رانی زے ابن اکوزے

جنلم — اتمان زی — مخہ خیل

سین خیل — مدی خیل — برہیم خیل — سلطان خیل — عثمانی خیل

علے خیل — بہرم خیل — خوازاخیل — مروان خیل — عمبارہ خیل — اسمعیل خیل — لنڈہ خیل — ووڈ غمان

کرہ خیل — عزیز خیل

غیبے خیل — سلیمان خیل — ملاخیل — مجاخیل

آزی خیل — ملے خیل — عیدل خیل — شہابہ خیل — میرغان خیل

## یادداشت

واضح ہو کہ یوسف کی اولاد یوسف زے بہت دور دراز پہاڑے ملک پر پہیلے ہوئی قابض ہے سب جسکے تفصیل کچہہ آئندہ کی جاوی گی - بنہیر سے مشرق کوہستان مین کوہ تنول اور رحد اگرور تک بکنارہ دریاے اباسین زیادہ ترغیبی کی اولاد حسن زے - مداخیل اکازے آباد ہین بنہیر اور ملک ملحقہ اوسکی مین موسے اور مالے کی اولاد یعنے الیاس زی دولت زی نورزے رے چغرزے رہتے ہین - ملک سواتہہ اور اوسکی نواح مین اکوزے ابن یوسف کی نسل رہتی ہے جسمین خواجوزے بائے زئی - رانی زئی مشہور شاخین ہین - خواجو زی کے شاخ مین سے تلے زی علاقہ ویر بنجکوڑہ

شجرہ نسب الوزئی ابن یوسف زئی
رانی زئی
خواجو زئی
ابازئی
بازید زئی
معروف بائی زئی
سہیل
بابوزئی
سلیمان
ملے زئی
شمی زئی
نیک بی خیل
شمو زئی
اودین زئی
اباخیل
عائشی خیل
جونا
موسیٰ خیل
شورازئی
عزیز خیل
اباخیل
آلا خیل
بہلول خیل
سلطان خیل
نصیر الدین خیل
پائندہ خیل
مسمات ناقہ
لقمان
دولت خیل
وروان خیل
خان خیل
شرفا خیل
اسماعیل خیل
جلال خیل
اسماعیل خیل
رستم خیل
احمد خیل
بسو خیل
علی خان خیل
شیر خان خیل
شاہو خیل
عباد خیل
جانکی خیل
سلطان خیل
ترخان خیل
حقداد خیل
میر احمد خیل
خالی خیل
مندر خیل
یحییٰ خیل
خانا خیل
پاچہ خیل
بازید خیل
ملے خیل
کنڈا خیل
تاگرال
اکبر
ملک دین خیل
دور خیل
رستم خان کور
عزیز خان کور

شجرہ نسب یوسف زئے ابن مند
عیسی
موسے
مالی زئی
اکوزئے
اوریا
بادی خیل
دیکھو آئندہ
حسن زئے
یعقوب زئے
اکازئے
الیاس زئے
دولت زئے
جعفرزئے
نوری زئے
مداخیل
منڈے زئے
برخو زئے
اسماعیل زئے
ابازئے
عیسوزئے
سالارزئے
ماسو
تاجے
ممی
آیپ خیل
ملے خیل
پنج پاؤ
مخوزئے
گدائی زئے
عائشہ زئے
جلال خیل
موتی خیل
حسن خیل
بہرام خیل
سین خیل
علی شیر خیل
یاخیل
خدین خیل
موساڑہ خیل
خاکی زئی
برہان خیل
کمبو خیل
علی شیر خیل
حسن خیل
مصر خیل
دلو خیل
مزید خیل
فتح خیل
طاؤس خیل
ہیبل خیل
بہرام کور
خان گل خیل
داؤ خیل
ہجوم کور
ماموئی کور
ولایت خیل
براہیم کور
طاؤسی کور
سلطانی خیل
کمال خیل
مہترداد خیل

# یاد داشت نسبت کل قوم مندڑ

واضح ہو کہ مندڑ خواہ مندڑ میں کل چار تپے مشہور ہین - تپہ اتمان نامہ جس مین اولاد اتمان کی اتمان زئے وسدو زئے رہتی ہین اس تپہ مین چار تعلقہ ہین - اتمان نامہ سے مغرب - دوسرا تپہ رزڑ واقعہ ہے جسمین پانچ شاخین بسران رزڑ کے نام پانچ تعلقہ مشہور ہین تپہ رزڑ سے مغرب وشمال بکنارہ رود مقام وسدہوم - تپہ آمازئے ہے جسمین تین تعلقہ ہین ؛

امازئی سی مغرب تپہ کمال زئے ہے جسمین مشران زئی وکشران زئی دو تعلقہ ہین یہہ چار تپہ سرکار انگریزی کے علاقہ یوسف زئی مین واقعہ ہین جسکو ملک ستہ یعنے میدان یا ملک مندڑ بہی کہتے ہین سوا انکے اسکے علاقہ چلہ جو تپہ رزڑ و سدہوم سی مشرق پہاڑ مین واقعہ ہی اور مہابن کی شمالی جزو مین ہے مندڑ کی اولاد رہتی ہے اور خدو خیل پنجتار اور چنگلے کی نواح پر قابض ہین - پرگنہ یوسف زئی مین سوائی ملک مقبوضہ اولاد مندڑ کے پانچوان تپہ باٹے زئے ہی جو اصل مین ملکیت قوم بائی زئی شاخ یوسف زئی کا تہا مگر اخیر عہد جہانگیر اور شروع سلطنت شاہجہان مین قوم خٹک نے اوس تپہ کے زیادہ حصہ پر قبضہ کر لیا مگر بابو زئی آزی خیل شاخہائی بائی زئی یوسف زئی کے تاہنوز مشرقی حصہ پر کچہہ قبضہ رکہتے ہین اور تپہ باٹے زئے کے شمالی ومشرقی گوشہ پر اتمان خیل قابض ہین - جنکا حال آیندہ آویگا ؛

## شجرہ نسب خضر زئے ابن رزڑ

- عمرزئے
- شموزی زئے
  - احمد خیل
    - بازی خیل
    - صاحبی خیل
    - داود خیل
  - بہرہ خیل
- گدائی خیل
- عیب خیل

- غلام خیل
  - چورہ خیل
  - مغل بیگ گور
- براہیم خیل
- وڑوکے
- پائندہ خیل
- بوس خیل
- سید خیل

## شجرہ نسب محمود زئے معروف ماموزی ابن رزڑ

- آکا خیل
  - ولی خیل
  - تیک خیل
    - میر خیل
    - کمال خیل
      - صاحبی خیل
      - اعظم خیل
      - بوستا خیل
    - زوال خیل
      - اکر خیل
      - محمد خیل
    - عزنے خیل
    - میرداد
- بوبا خیل
  - احمد خیل
    - وولہ خیل
    - پائندہ خیل
  - علی شیر خیل
    - سیف دین خیل
    - شاہی خیل
    - اسماعیل خیل
  - قرہ خیل
    - محمدی خیل
    - سلطان گور
    - ساڈی خیل
  - تلو خیل
    - یحیی خیل
    - بہرام خیل
- خانی خیل
  - خماری خیل
  - ساودین خیل
  - حذر خیل
  - سرگین خیل

## یادداشت نسب قوم رزڑ

یہہ قوم بہی زیادہ تر سرکاری علاقہ یوسف زئی مین رہتی ہی الکو خیل اسماعیلا مین جنکا سرگروہ خویداد خان ہی مگر اوسکی خاندان سے بہت آدمی اوس سی دشمنی رکہتے ہین خصوص پیر افضل خان ۔ دہوبیان اوسکا سخت رقیب ہی خضر زئے شیوہ مین رہتی ہین جنکا خان امیر خان چورہ خیل ہے ۔ تاتی نرنگی دیبہ ۔ دوگے تیلاندی ہین آباد ہین جعفر خان سکنہ ترلاندی اور آصف خان ڈاگی انمین معتبر آدمی ہین ۔ ملک نئی کا بڑا موضع یار حسین ہی ۔ ملک عرب اچہا آدمی ہی ۔ محمود زئی اشٹو شیخ جانو دیبہ مین رہتی ہین ۔ رحیم خان راست گو آدمی ہی ؛

# شجرہ نسب زرزی خواہ رحم

زوجہ اول

مانی زئی — ملک زئی — اکو خیل

بایزید — بہلول — احمد خیل

شرغشت — ابراہیم

احمد خیل — بیچ باؤ — ازبی خیل

البداد خیل — صدیق خیل — زانجے خیل — مبارک خیل

سلطان خیل — ہمزہ خیل — جونا خیل

عثمان خیل — برہان خیل — میر خیل — بائے خیل

کالہ خیل — جانب خیل — بابی خیل — جمال خیل — مردان خیل

عظمت خیل — سندی خیل — دوران خیل

داؤد خیل — بیب خیل — موسیٰ خیل — سلیمان خیل

خضر خیل

معروف داؤد خیل

زوجہ دوم

خضر زئے — محمود زئے

معروف ماموزئے

شاتن خیل — زید خیل

زید خیل — سہ صدہ — یعقوبے

معروف خیل — بادین خیل — یونس خیل

بہلول خیل — متہ خیل — نیکے خیل

بہلول خیل — دوران خیل — لنگر خیل

متہ خیل — بچے خیل

خانو خیل

احمد خیل — محمد خیل — سلیمان خواہ

البداد خیل — کریم داد خیل — میرداد خیل

اسماعیل خیل

بابا خیل — بہرام خیل

کمال خیل — شمسے خیل — سید خیل — بہائی خیل

# یادداشت نسبت اولاد سدوزی اتمان

اوپر درج ہوچکا جس سے معلوم ہوگا کہ سدو بہی اتمان کا بیٹا تہا بلحاظ چنڈا اونڈ نصف سدو نے اور دوسرا نصف تین دیگر پسران اتمان نے جو ایک والدہ سی تہی پایا - اتمان زئے سے سدو کی اولاد معرب جانب آباد ہی - شاخ زلوزئے سے شعبہ اباخیل ہین - راناخیل کا خاندان زیدہ - اور ہنڈ کے خان خیل ہین - ارسلہ خان زیدہ والہ سکہون کے وقت اتمان نامہ مین ایک مشہور زبردست اور با اختیار خان تہا جسکا نبیرہ ابراہیم خان فی الحال زیدہ کا خان ہے - اور ہنڈ مین شہداد خان - اوسکا مخالف خان ہے - باہم خاندان ہنڈ اور زیدہ بہت سخت دشمنی ہی اور سوائی اسکی ہر ایک خاندان کے بیچ آپسمین خانگی عداوت ہے غایت درجہ تک ہے عمر خیل صوابی مانیرے مین رہتی ہین - شاخ درے زئے سے میر احمد خیل ہر دو مرغز اور ٹہنڈ کوئے سلیم خان اور گاڑ منارہ مین رہتی ہین اور نبیرا دخیل کہلاتے مین خدو خیل زیادہ تر سرکار سے علاقہ سے باہر درہ بنجتار اور چگلئی مین آباد ہین اور سرکارے علاقہ مین باجہ بام خیل ہے اونکی ملکیت ہی - خدو خیلان سکنہائے دوتالے کا زیادہ مزروعہ رقبہ میدان ملحق علاقہ سرکار انگریزے کے واقعہ ہے - بشرط فساد اونکے جبر سرکار انگریزے کے مزاحمت مفید انتظام ہوسکتی ہے ؞

خدو خیلون مین سی بنجتار کا بہت پورانہ معزز خاندان شاخ عثمان خیل بڑے خیل سے ہے - فتح خان اور اوسکا بیٹا مقرب خان بنجتار والہ مشہور صاحب اختیار خان تہی مگر مقرب خان کے بموجب ظلم انگیز سے قوم اور رعایانی اوسکو اپنا دشمن قرار دیکر بنجتار سے خارج کیا - اب مقرب خان موضع باجہ علاقہ سرکار مین پناہ گزین ہے - باغیرت سادہ لوح اور کینہ تو زسیدہا آدمی ہے ؞

شجرہ نسب سدوزئے پسر اتمان از زوجہ دویم
زئوزئے
ورنے زئے
ابا خیل
عمر خیل
دیکھو
نصرت خیل
دولت خیل
ہر سہ بنام اپنے والدہ مسماۃ مرتجا کی مرتجا خیل کہلاتی ہین
قاسم خیل
موتی خیل
براہیم خیل
دینا خیل
سہ عمدہ
معروب خیل
برہ خان خیل
بودلہ خیل
عزیز خیل
ادین خیل
شرغہ خیل
برہ خان خیل
تجی خیل
رادو خیل
پاندو خیل
شہدی خیل
یعقوب خیل
ہاشم خیل
حسن خیل
لعلو خیل
صبو خیل
ادسی خیل
بہلر خیل
طاؤس خانے
آبہ خیل
بنج پائے
تاجو خیل
ذکریا خیل
رانا خیل
بہلر خیل
اسو خیل
خالی خیل
درے تپے
منصور خیل
حفرے خیل
بابو خیل
ختا خیل
مکا خیل
حسن خیل
شجرہ نسب عمر خیل
ہائی خیل
بسو خیل
محمد خیل
طاؤس خانے
شمشہ خیل
کرم خیل
شہزاد خیل
نیکنام خیل
بوہان خیل
خمل خیل
میر خیل
مرید خیل
ستے خیل
سلطان محمد خیل
رجو خیل
قمی خیل

# یادداشت نسبت قوم اتمان زی

تیہ اتمان نامہ کی وجہ تسمیہ صرف سکونت اولاد اتمان کی ہے:
گرچہ اتمان کی دو زوجہ سے چار پسر تہے - جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی مگر فے الحال صرف تین کی اولاد یعنے
آگا زے - کنا زئے - علے زئے باسم اپنے مورث کی اتمان زئی کہلاتے ہین - سدو کی اولاد گرچہ اتمان زا
مین داخل ہی مگر اونسی علیحدہ نام حاصل کیا - اتمان زئے - ملک یوسف زے کے شرقی جز و مین بکنارہ دریائے
اباسین اور دامن جنوبے کوہ مہابن مین آباد ہین - کل ہر سہ قوم اتمان زی کے بموجب تقسیم شیخ ملے
بالاللہ برخہ دفتر جدے ہے - جو بحصہ مساوی تینون قومین جدے ملک کو کہاتے ہین - تیہ اتمان نامہ مین
اللہ موضع ہین جن مین سے ۔ موضع اتمان زئے کے ہین - سب سے مشہور اور بڑے گانو اسکے کرمار
علاقہ مین موضع ٹوپے کوٹہہ ہے کرمارے علاقہ سے باہر موضع کہبل دریائے اباسین کے
غربے کنارہ پر سامنے توربیلہ کے عمدہ ہوادار گانو ہے - کچہہ چہوٹے چہوٹے باشندہ مہابن مین بہے ہین
علے زئے کے قوم سے شاخ طاہر خیلے علاقہ گندگہر اور رکہڑے وتہرو مین متفرق رہتے ہے - اور ضلع
ہزارہ مین بموضع کہلابٹ - سید خانے آباد ہین اور باقے علے زئی وغیرہ نے بہے توربیلہ وغیرہ
دیہات ملحقہ مین کچہہ ملکیت حاصل کے ہے - فے الحال غلام محی الدین خان طاہر خیلے اور میر زمان خان سید خانے
اور فضل خان رکہیا خیل کنا زے معزز اور معتبر آدمے ہین مگر سوائے فضل خان کے باقے دو کس کا اپنے
اصلے ملک مین کچہہ اختیار نہین ہے ؛

شجرہ نسب کنازئے پسر دوئمی اتمان
بابکر خیل
سہ صدہ
موسی خیل
محمد خان خیل
غلام خیل
بارہ خیل
سنا خیل
میٹا خیل
لعلہ خیل
ہیبو خیل
اسو خیل
بارہ خیل
زوجہ دوم
زوجہ اول
ظریف خیل
چوری خیل
آزئے خیل
ہیمل خیل
شمکے خیل
بوجہ خیل
سلیم خان خیل
بارو خیل
حیدر خان خیل
غالہ خیل
خواجی خیل
مزید خیل
رکہیا خیل
شجرہ نسب علی زئے پسر سوئمی اتمان
سمعیل خیل
سمو خیل
پنج پاؤ
بوبا خیل
زنگے خیل
پیرا خیل
پائندو خیل
سیدو خیل
کالا خیل
پائندہ خیل
عمر خیل
برہیم خیل
میگے خیل
علی خیل
بسو خیل
بابا خیل
شاؤس خیل
متھہ خانے
ہیبو خیل
جوگے خان
چار انڈہ
خواجی خیل
ورسے خیل
سید خانے
ادین
طاہر خیلے

# شجرۂ نسب اتمان زئی ابن مندر

- زوجہ اول
  - آکازئی
    - چارصدہ
      - عرب زئی
        - ساجو خیل
        - سکندر خیل
          - پائندہ خیلی
        - منصور خیل
      - بائجیر زئی
        - حبیب خیل
          - سید خیل
          - شتم خیل
          - ابوسی خیل
          - سکندر خیل
        - جونا خیل
          - بہرام خیل
        - کابل خیل
      - پیرک زئی
        - شیخ ملی خیل
        - سید علی خیل
    - برہیم زئی
      - (برہیم زئی)
        - زوجہ اول
          - خضرخان خیل
            - نیکنام خیل
            - مزید خیل
            - جہانگیر خیل
            - خانہ خیل
              - امزر خیل
              - اوسی خیل
              - نشادوم خیل
        - زوجہ دوم
          - نیکے خیل
          - خوبداد خیل
            - بائیزو خیل
            - باتو خیل
            - مدو خیل
            - اوریا خیل
          - سمیل خیل
    - سارہ خیل
  - کنازئی
  - سلے زئی
- زوجہ دوم
  - سدوزئی — آیندہ آویگا

شیخ مسعود وہی شیخ ملی ہے جس نے ابتدا میں ملک مفتوحہ کو قوم یوسف زئی پر تقسیم کیا تھا اور رسمی قائم کیا [illegible]

شجرۂ نسب
خرشبون
پسر دومی سٹربن
کند
یا- زمند
کانسے
آیندہ آویگا
آیندہ آویگا
خشی یا شنخی
غوریاخیل
انکا نسب نامہ آگے آویگا
زوجہ اول مسماۃ
زوجہ دوم مسماۃ
مند
یا- ترک
ترک لانی
مشہور ترکانی
گلیانی اسکی نسل سے ہین
عمر
یوسف زے
آویگا
مندڑ
شجرہ نسب
خواہ مندہن
زوجہ اول
زوجہ دوم جاریہ
عثمان زے
اتمان زے
دیکھو آیندہ
رزڑ یا زخڑ
دیکھو آیندہ
کمال زے
امازئے

ہوا کہ اسکی پیر و ہونی سی سوای نقصان مال و جان کچھہ حاصل نہین احداد کی عورت بڑی مدبرہ اور دلیر
تہی اس قصہ سی معلوم ہوگا کہ سادہ لوح افغان مکار پیرونکی فریب مین کسطرح آجاتی ہین قلعہ اٹک کے
محاذ مین دریای اباسین کی غربی کنارہ پر جہان گذر اٹک کی کشتی جا لگا کرتی ہی اور وہان ایک
خطرناک موقعہ ہی جہان پتہرون سی ٹکر کہا کر احتمال شکستگی کشتی رہتا ہی اوسکا نام جلالیہ کمالیہ مشہور ہی
ہی وجہ تسمیہ اوسکا یہہ ہوا کہ ایک سال اکبر بادشاہ ہندوستان سی کابل کو جاتا تہا جب گذر اٹک سے
عبور کیا تو کشتی خزانہ والی اوس پتہر سی ٹکر کہا کر ٹوٹ گئی اور سب خزانہ دریا نے غارت کیا تب
اکبر بادشاہ نے ہنس کر فرمایا کہ یہہ بہتر ہی ہمارے واسطی جلالہ کمالہ غارت گرین گئے یہہ وہی جلالہ
کمالہ پسران پیر تاریک مشہور رہزن تہے +

سے فساد عظیم مچایا پہلی دفعہ جو فوج شاہی اوسکی سرکوبی کیواسطے آئی تھے خود سرکوب ہو کر پیچھے ہٹی اِس آسان فتح سے اوسکے ہمراہیون کو زیادہ تقویت ہو گئی اور اُسنے تیراہ کی لوگونکو جو ظاہر مین اسکی مطیع اور باطن مین سلطنت مغلیہ کی خیر خواہ تھے دغا اور فریب سے اکثر قتل کرکے باقیماندونکو خارج کیا اور ملک تیراہ پر افریدی اور اورکزی اپنے مریدونکو قبضہ کرنے دیا اور ایک کتاب اپنی تصنیف کرکے خیر البیان اوسکا نام رکھا آفریدی اور اورکزیون کا ایک جرار لشکر لیکر اوسنے ننگرہار پر حملہ کیا بہت گانو لوٹے لئے اور ننگرہار کے پہاڑ مین رہنے لگا محسن خان صوبہ دار کابل نے جلالہ آباد آ کر اوسپر شبخون کیا ایک اچھے لڑائی ہوئی جسمین پیر تاریک کی ہمراہیون نے شکست کھائی بعضے مارے گئے اور بعضے دشوار گذار پہاڑون پر چڑھ گئے اور پیر تاریک ہشت نگر مین آکر مرگیا اوسکی پانچ پسر تھے۔ ایک شیخ عمر دوسرا نور الدین تیسرا خیر دین۔ کمال الدین۔ جلال الدین۔ شیخ عمر باپ کا جانشین ہوا جتنے بایزید کے مرید اور یار تھے باعتقاد خاص شیخ عمر کے پاس جمع ہوئے چند مدت کی بعد یوسف زئیون کی ساتھہ جنکا راہبر راہ شریعت کا اخوند درویزہ تھا شیخ عمر کی کچھہ مخالفت پیدا ہو گئی یوسف زئی لوگون نے جمع ہو کر دریای سندہ کی کنارہ پر اپنے مخالفون پر حملہ کیا اور شیخ عمر کو معہ چند یاران ہمراہی کی مار دیا دوسرون کو آگ مین جلا دیا اور خیر الدین اوسکا بہائی بہی مارا گیا اور نور الدین وہان سے بہاگ گیا مگر ہشت نگر کے گوجرون نے اوسکا کام بہی تمام کیا اور جلال الدین یوسف زئیون کی قید مین آگیا مگر اکبر بادشاہ نے اِس واردات سے اطلاع پاکر جلال الدین کو معہ جملہ متعلقان یوسف زئیون سے لیکر رہا کر دیا۔ تب جلال الدین معروف جلالہ نے تیراہ کی پہاڑ مین آکے پیشہ پدری راہزنی و غارت گری مردم آزاری شروع کیا راجہ مان سنگہ اور چند دیگر سرداران شاہی نے پہاڑ مین فوج لیجا کر جلالہ سے نبرد ازمائی کری مگر وہ ایسا شہور ڈاکو تھا کہ بہت عرصہ تک اوسنے اِس سرحد پر فساد رکہا کابل اور پشاور کا راستہ اوسکے وقت مین کبہی محفوظ نہین رہا کمال الدین اوسکا بہائی پکڑا گیا اور اکبر بادشاہ نے مرنے تک اوسکو قید رکہا چند لڑائیون کی بعد جب راجہ مان سنگہ نے زیادہ تعاقب جلالہ کا پہاڑونمین کیا تو وہ غزنی کیطرف بہاگ گیا اور وہان قوم ہزارہ کی ہاتھہ سے قتل ہو کر سر جلالہ کا اکبر بادشاہ کی حضور پہیجا گیا۔ اوسکی بعد سے احداد ابن شیخ عمر جو نبیرہ پیر تاریک کا تہا اوسنے بڑی فساد مچائی آخر بہت نقصان اوٹہا کر وہ بہی شاہجہان کی عہد مین کیفر کردار کو پہونچا اور تب اونکی مریدون کو معلوم

سے دو گھوڑے لیکے ہندوستان کو آیا اور **کالنجر** مین پہونچکر اوسکو اتفاق صحبت مُلّا سلیمان کالنجری کا
ہوا اوس سے علم **تناسخ** سُنا اور عقیدہ اوسکا تناسخی ہوگیا اور جبکہ بایزید کالنجر سے واپس ہوکر کانی
گرم مین آیا تو بموجب اپنے عقیدہ تناسخی کے مذہبی فساد شروع کیا اوسکے باپ عبداللہ نے جو دیندار تہا
اس بدعت کے سبب سے اپنے بیٹے بایزید کو چہوری مارکر زخمی کیا اور بایزید اوس جگہ سے **ننگرہار** کو چلا گیا
اور وہان مہمندون کے ملک سلطان احمد کے گہر رہنے لگا ننگرہاریون نے باعث امتناع اپنے عالمون کے
پیروی اور اطاعت اوسکی قبول نکری جب وہان دال نگلی تو بایزید روانہ ہوکر پشاور کو آیا اور غوریا
خیلون کے بیچ قرار پکڑا - اور چونکہ افغانون مین اُسوقت علم کم تہا اکثر اوسکے تابع ہوگئے اور اوس نے
اپنی شہرت بہ پیری اور پیشوائی کرکے عوام الناس کو کہا کہ سوای پیر کامل درگاہ خدا پاک کی طرف راستہ
نہین ہے اور مین پیر کامل ہون تمکو رہنمائی اور ہدایت کرونگا اس مکر سے بہت لوگ اوسنے اپنے پر فریفتہ
کرلئے اور شہوت پرستون کی خوشی کے واسطے عورات اور مرد غیر محرم کو ایک جگہ رہنے اور کہانے کی اجازت
دیدی جو کچھ وہ کہتا تہا مرید وہی کرتے تہے - شریعت غرا - اور ملت بیضا کے مخالف امور ہونے لگے اور کچھ
نہ سمجھا کہ **بیت** محال است سعدی کہ راہ صفا + توان رفت جز در پے مصطفے + الغرض قوم خلیل کے
لوگ اکثر اوسکے مرید ہوگئے پہر محمد زئی ہشتنگر مین گیا اور وہان بہی اسیطرح کیا افغانون مین جو نہایت
جاہل تہے وہ اوسکے زیادہ معتقد تہے ہشتنگر مین اوسنے زیادہ رسوخ پیدا کرکے عالمان دین محمدی سے مباحثہ
کرنا چاہا اخوند درویزہ نے جو اوس عصر مین بڑا اجید عالم تہا اوس سے مباحثہ کیا اور غالب آیا مگر اپنی مریدون
کی حمایت سے اوسنے اخوند درویزہ کی کوئی نصیحت نہ مانی اور اپنے آپ کو ملقب بہ پیر روشن کیا مگر اپنے مریدون
کے سوای عوام مین باسم پیر تاریک مشہور ہوا القصہ یہ حقیقت **محسن خان** صوبہ کابل کے جو کہ بادشاہ کی
طرف سے حکمران تہا سماعت مین آئی اوسنے کابل سے یلغار کرکے ہشتنگر سے دست بستہ بایزید کو کابل
مین لیگیا کتنی مدت وہان قید رہا پہر رہا ہوکر ہشتنگر کو واپس آیا اور اپنے یارون اور مریدون کو جمع
کرکے طوطی کے پہاڑ مین گہس گیا اور پہر وہان سے تیراہ کو آیا آفریدی اورکزئی کے لوگ بہی اوسکے
مرید ہوگئے تب اوسنے برملا اکبر بادشاہ سے بغاوت کرکے لوگونکو عام بلوہ کی اسطرح ترغیب دی کہ اوسنے
وعظ شروع کیا کہ مغل ظلم پیشہ ہین اور انہون نے افغانون پر حد سے زیادہ ظلم کئے ہین اونکی اطاعت ترک
کرنی چاہیے اس انگیختا ور پیشوائی کی شہرت سے اکثر قومین سرحد کی بادشاہ سے باغی ہوگئین اور اوسکی ترقی

سنگوہی۔ ملتوہی۔ مشکور۔ شکتوہی۔ زیتی۔ مشوہی۔ جلوپان۔ دیرے کانی گورم۔ حران۔ گونیخ۔ خصران۔ رنگ۔ دالچا۔ ملائی۔ سیدان۔ خان دوتوہی۔ سین۔ خلیل۔ بوکی مولد اس قوم کا کوہ سلیمان کی پہاڑ سی وہ علاقہ ہی کہ جس پر فی الحال قوم مسعود وزیری آباد ہی شہر کانی گورم جو مسعود وزیری کی علاقہ بدر مین واقع ہی وہ اورمڑون کا آباد کردہ ہی فی الحال بھی قوم اورمر کی پانچ شاخین حسب ذیل کانی گرم مین آباد ہین خیکنی ساٹہہ گھر حزم جانی چالیس گھر ملاتانی ساٹھہ گھر بیکینی دو سو گھر حرامی بیس گھر۔ کل ہین سواسی یا چارسو گھر اپنی قدیمی وطن مین اورمڑون کی ہونگی باقیماندہ لوگ قریب پانچ سو برس کا عرصہ گذرا کہ بباعث قحط اور پیچھی سی بسبب غلبہ قوم وزیری اسملک سی غیر آباد ہوکر علاقہ لوگر کابل سی جنوب جا آباد ہوئی کہ اب بھی موضع برکی برک علاقہ لوہگر مین اکثر اورمر رہتی ہین اور پشاور کے علاقہ مین بھی اورمڑون کا گاوٴ آباد ہی اور کچھہ ہندوستان مین بھی متفرق رہتی ہین افغانستان مین یہہ قوم بباعث قلت اور تفرق کم قوت ہی۔ مگر سب افغانی قوم مین سی نیک چلن اور غریب مشہور ہی۔ راہ زنی اور چوری کی عادت انمین بالکل پائی نہین جاتی لوہگر کے اورمر اکثر زمینداری کا پیشہ رکھتے ہین اور پشاوروالی زمینداری اور تجارت کرتی ہین کانی گرم کے اورمر زمینداری اور بلہ فروشی وغیرہ سی اپنا گذارہ کرتی ہین مگر مفلس اور تنگ گذران اور مسعود وزیرون کی مغلوب ہین لوہگر اور کانی گرم کے اورمر۔ ایک اور اورمڑی زبان عجیب طرح کی آپسمین بولتی ہین جو پشتو اور ہندی و فارسی وغیرہ ملاکر بنائی گئی ہے۔ خطرہ ہی کہ مثل پشتو بعد چند مدت کی اسکی نسبت بھی کوئی ادعا نکری کہ کسی پیغمبر یا بادشاہ کی رازکی باتون کے واسطی بنائی گئی تھی*

## قصہ پیر تاریک

اس قوم مین سی پیر تاریک کا قصہ قابل تحریر ہی اخوند درویزہ رح پیر تاریک کا حال اسطرح لکھتا ہی کہ عبداللہ نام اورمر کانی گرم کے اورمڑون مین سی متشرع اور بادیانت آدمی تہا اوسکا بیٹا پیدا ہوا جسکا نام بازید رکہا بازید نی اپنی باپ کی توجہ سی تحصیل علم کرکے اطاعت اور عبادت مین جد وجہد کری لیکن بعد اسکی جب کچھہ نقد ہاتھہ مین آیا تو سمرقند مین واسطی سوداگری اسپان کی گیا اور وہان

ہملا لوگ سیاہ خیمہ یعنی کثر دی مین صحرا، کے کنارہ پر اپنی شتران وغیرہ مویشی کی گلے لیکر رہتی ہین ان لوگون کی پوشاک اور ذات ورسب سی ناقص اور جاہل نژادی کی موافق ہوتی ہی شتر اور اسپ کا گوشت کھاتی ہین سادہ لوح اور بے نقصان مخلوق ہی اگرچہ مجمعاً یہہ قوم مُلک شوراوک مین رہتی ہے الا چند گھر ہندوستان مین بھی سنی جاتی ہین اور بعضی بیچ دریای ہیلمند کی کنارہ جو بی یلا اگ رُوذبار کی علاقہ مین متصل حدود سیستان بھی آباد ہین اور چند گھر بڑیچون کی قلعہ بست مین بھی رہتی ہین - یہہ بست دریای ہیلمند کے مشرقی کنارہ پر واقع ہے اور اس سی تخمیناً دو میل نیچی جاکر رود ارغنداب دریای ہیلمند مین شامل ہوتی ہی اور اس قلعہ بست کی نواح مین پرانی وقت کی پختہ عمارات عالیشان اب تک موجود ہین جنکی نسبت روایت ہی کہ سلطان محمود غزنوی کی سپاہ کی چھاونی تھی اور خود بھی بادشاہ زمستان مین بطور قشلاق وہان رہتا تھا ان عمارات کی بعضے جگہہ پر بخط کوفی مذہب اسلام کی متبرک کلمہ اور دیگر عبارت لکھی ہوئی ملتی ہی ترنوز میر ملنگی و شہیدی اور انکو قلعہ بست کا مشہور ہی - قلعہ بست کی رہنی والی بڑیچون مین سی فتح خان بڑیچ ولد اسلم خان کا قصہ بزبان پشتو افغانون مین مشہور ہی اور اوسکو بعضی لوگون نی پشتو مین منظوم کیا ہی میری ملاحظہ سی گذرا - اور اوسکا ترجمہ بھی نہی کیا مگر آمیزش خلاف واقعہ اور واہیات سی مملو پایا اسواسطے اوسکا لکھنا ترک کرکی اسقدر لکھا جاتا ہی کہ فتح خان اپنی گھر سی ناراض ہوکر معہ چند ہمراہیان کی ہندوستان کیطرف آیا اور جہانگیر ابن اکبر بادشاہ کی سلطنت مین بہ نواح سیالکوٹ غارت گری کرنی لگا - آخر ملازمان شاہی کی ہاتھہ سی مارا گیا - مگر چونکہ اوسنی بڑی جرأت سی مقابلہ کیا اور مسافرانہ طور مارا گیا اسواسطی اوسکی قصہ مین سوز اور غم کی عبارت بہت طوالت سی لکھی گئی ہی اور مجالس اور محفل افغانی مین ساز کی ساتھہ اوس قصہ کو گایا جاتا ہی اور افغان بشوق تمام سنتی ہین فی الحال قلعہ بست مین بڑیچون کا سرخیل ارباب اذرنگ نام ہی جو مہمان پرور اور خلیق انسان ہی مگر اب قلعہ بست پر زیادہ تسلط دُرّانیون کا ہی *

## حال قوم اورمڑ

واضح ہو کہ اورمڑ کا باپ امر الدین نام شرخبون کی پانچ پسرون مین سی چھوٹا پسر تھا اوسکا ایک ہی بیٹا اورمڑ تھا جسکی نام سی قوم نی تسمیہ پایا اور تاہنوز اوسکی اولاد مجمعاً وعوا ما اورمڑ کی قوم سی مشہور ہی سبب اسکا یہہ بتاتی ہین کہ اورمڑ کا جو بیٹا جس جگہہ پیدا ہوا اوسی جگہہ کی نام سی اوسکو موسوم کیا ایک پشتو کی منظوم شجرہ اورمڑ سی جو میان عمر صاحب چمکنی نی بنایا ہی نام بیس کس پسران اورمڑ اس تفصیل سی معلوم ہوئی *

# ذکر قوم بریچ

شجرہ نسب بریچ ابن شرخبون

- بریچ
  - داؤد
    - میلے زئی
    - چوبان زئی
    - شکر زئی
    - بسوک زئی
    - بران زئی
    - شیخ ثابت
  - حسین
    - مردان زئی
    - مندی زئی
    - بارک زئی
    - بسازئی
    - زکوزئی

## حال قوم بریچ

قوم بریچ اکثر ملک شورابک یا شوراوک مین رہتی ہی اس علاقہ کی حدود اربعہ اسطرح پر ہین شمال ملک درانی جنوب پہاڑ۔ مقبوضہ قوم براہوی بلوچ۔ مشرق کوہ خواجہ عمران۔ مغرب صحرا یعنی بیابان ریگ ان حدود کی بیچ ملک شوراَبک قریب ساٹھ میل چورس ہر طرف سی واقع ہے اسملک کا جنوب مایل مغربی حصہ بلوچون سی آباد ہی نالہ لوہڑہ ملک شورابک کی بیچ جاری ہی اوسکے پانی سی دونون کنارہ کی زمین دور تک سبز ہوتی ہی اور اوسکی قریب سایہ دار اور میوہ دار درخت بھی ہین باقی علاقہ بارانی ایک سخت مٹی کا ہموار اور خشک میدان ہی تعداد سکنای شوراَبک کی قریب تین ہزار گھر ہوگی بریچ کی قوم گرچہ اوپر سی دو شاخ ہین اور پھر ان دو شاخون مین سی جیساکہ شجرہ نسب مین درج ہی چند فرع نکلتی ہین مگر کل چار تپی بریچ مشہور ہی اور ہر ایک تپہ کا علیحدہ خان ہی اور اونکو اپنی قوم پر بہت اختیار ہی۔ اور حاکم قندھار کو کچھہ نام نہاد خراج دیتی ہین۔ پہلا دستور چار سو سوار بعوض خراج دینی کا اب نہین رہا ہی انکی شتر بہت ہوتی ہین اور سواری کا کام بھی اکثر شتر دیتی ہین اور سوای شتران باقی جانوران قلبہ رانی کا کام کم دیتی ہین اسملک کی لوگ چھپر چھمک کا واسطی سکونت کی رکھتی ہین جنکو بزبان خود گوڈل بولتی ہین گول وضع اوپر سی لپا ہوا ہوتا ہی مگر دولتمند لوگ مکان مسقف بھی رکھتی ہین کوٹھہ کی طرح جسمین صرف ایک کمرہ ہوتا ہی بہار کی موسم مین

# ذکر قوم میانہ

شجرہ نسب میانہ ابن شرخبون بن سڑبن

غورنی · ملہے · سلاح · جوٹ · لٹ · غرشین · سوٹ · لسوانی

توغ · رہوانی · لوانی · جعفر · شکوٹ

سور · سمرہ · زیرے · کہتران

کیکی · سرغے · آبیں · زورہ

## حال قوم میانہ

اس قوم کی شاخونکا جسقدر شجرہ نسب مل سکا اوپر درج کیا گیا ہے مگر یہہ قوم مجمعا کسی ایک جگہ سکونت نہین رکہتی
بلکہ متفرق اور قلیل ہونیکے سبب سے اسکا نام افغانستان مین کم مشہور ہی شاخ توغ نواح بنگش مین اور باقی
شاخون مین سی کچہہ قندہار کی نواح مین رہتی ہین شکوٹ کی اولاد سی کہتران کی شاخ علاقہ گرانگ مین مجمع
آباد ہی ایک واقف کار شخص کا بیان ہی کہ حضرت سلیمان چشتی جنکا مزار شریف قصبہ تونسہ ضلع دیرہ غازیخان
مین واقع ہی اسی قوم کی تہے غرشین کی نسبت یہہ روایت ہی کہ وہ پسر صلبی میانہ کا نہین تہا کسی نجیب
خاندان سید سی پسر خورد سال کو میانہ نی پرورش کیا اوسکی نسل سے یہہ غرشین لوگ ہین +

## غرشین کا حال

وجہ تسمیہ غرشین یہہ بیان کرتی ہین کہ انکی مورث نی جو خدا پرست آدمی تہا اپنی دعا سی ایک خشک پہاڑ
سرسبز کیا تہا اور چونکہ پشتو کی زبان مین پہاڑ کو غر اور سبز کو شین کہتی ہین بظہور اس کرامت کی اوسی
سی تسمیہ پایا غرشین لوگ اکثر مغربی افغانستان متعلق قندہار کی پہاڑی علاقہ مین رہتی ہین اور غرشین کا خاندان استانہ
قوم کی چند گہر موضع غرشین علاقہ برہان ضلع راولپنڈی مین رہتی ہین جنمین سی لعل شاہ متوفی ایک معزز اور نیکبخت آدمی

جس سے سیرانی رینات کی ہوتی ہے ایک راستہ اس وادی سے بھی مغربی افغانستان کو جاتا ہے مگر ایسا عام
نہین جیساکہ غوائلری یعنی گومل کا راستہ ہے کہتے ہین کہ قوم بابڑ سوای قوم استرانی کی باقی سب دامان
کی افغانی اقوام سے پیچھے کوہ شیرانی سے نکلکر علاقہ چوہدوان مین آباد ہوئی بابڑ کی قوم سوداگری بہت
کرتی ہے اور دامان کی قومون مین سے دولتمند اور آسودہ ہے بعضے انمین سے تین لاکھ تک جمع رکھتے
ہین جو اسملک کی لوگونمین اسقدر جمع والہ آدمی بڑا دولتمند سمجھا جاتا ہے اس قوم کی خان زیادہ اختیار
رکھتے ہین اور بابڑ اکثر افغانی قومون سے نیک چلن شمار ہوتے ہین تیمور شاہ سدوزئی بادشاہ کابل کے
وقت قوم بابڑ کا سردار عہدہ امین الملکی پر ممتاز ہوا تھا - بابڑ میدان کی رہنے والی تخمیناً قریب چار ہزار
گھر کی ہونگی بڑا حصہ قوم بابڑ کا صحرا مین کوہ سلیمان کی پرلی طرف آباد ہے جنکی حد شیرانی کی ملک سے ملتی ہے
بابڑ کا دستور شیرانیون سے موافق ہے سوای اونکی جو مشرقی حصہ مین رہتے ہین مغربی افغانستان مین بہے
بعضے جگہ بابڑ لوگ آباد ہین جیساکہ خاص شہر قندہار مین چند گھر اور تپہ تسوزنائی نواح قندہار متعلق ارغنداب
مین چند دیہ بابڑ کی آباد ہین اور نواح کابل اور لوہ گر مین اور درہ کونٹر مین بھی کچھ بابڑ آباد ہین مختلف
روایات سے جو حاصل ہوئی ہین ایسا قیاس ہوتا ہے کہ مغربی حصہ افغانستان کی متفرق جگہ رہنے والی بابڑون
کی تعداد پانچ سو گھر سے زیادہ نہین ہوگی مگر اونکا تعلق اور راہ رسم مشرقی حصہ کی بابڑون سے بجز ہم
قومی اور کچھہ نہین ہے +

## شاخ ہریپال

ھریپال شیرانی کا نبیرہ تہا شاخ کیپ خواہ کیپ زئی جو آدم کی نسل سے ہے وہ بھی ہریپال کے شامل اور ملحق
پہاڑی ملک مین درہ گومل سے جنوب علاقہ واٹہ کی محاذ مین آباد ہین اور دستور رواج مین شیرانیون
سے مطابق ہین ہریپال کم آزار مخلوق ہے +

## شاخ جلوانی

یہہ شاخ بھی شیرانی کی نسل سے ہے اور شیرانی کی ملحق پہاڑون مین آباد ہے مگر انکا مفصل حال نہین ملسکا سنا
گیا کہ ہندوستان مین بھی جلوانی قوم کی لوگ چند جگہ ہین مگر بباعث قلت تعداد افغانستان کی مضبوط قومون
مین سے شمار نہین ہوتی +

بدبختی عاید ہوگی اگرچہ یہہ لوگ اپنا دعوی جبر فیصلہ کرلیتی ہین مگر اصل مین نیکہ عدالت دینی والا ہے
جب اوسکی پاس مقدمہ پہونچی تووہ فریقین کابیان سنتاہی اور پھر دعا مانگ کر نیک نیتی کے ساتہہ مقدمہ
فیصلہ کرتاہی اور اوسکا حکم ہمیشہ خداپاک کی سزا کے خوف سی مانا جاتا ہی کیونکہ بزعم اون لوگونکی فیصلہ
اوسکا الہام ربانی سی سمجہا جاتاہی شیرانی لوگ بہی چلویشتہ رکہتی ہین اور بعضی جگہ جونیکہ کی سکونت سی
دور ہون وہان نیکہ کے حکم سی چلویشتہ بطور نایب نیکہ کام دیتاہی شیرانی آپسمین تکرار کم کرتے ہین
ہر گانومین ملان ہی جسکو ہم حصہ پیداوار سی عشر ملتاہی ملان لوگ امامت مسجد کے سوای نکاح پڑہاتی ہین
اور لڑکون کو فرایض مذہبی سکہلاتی ہین مردہ کو غسل دینا اور کفن سیلنی کا کام بہی ملان اور اونکی ستورات
کرتی ہین شیرانی مین سی بہت سی لوگ قران شریف کا پڑہنا سیکہتے ہین مگر فارسی کوئی نہین سیکہتا
صرف ملان لوگ پشتو کا پڑہنا سیکہتے ہین جن کتابون مین اکثر مذہبی مسایل ہوتی ہین شیرانی لوگ نماز
اور روزہ رمضان عموماً نہین ترک کرتی مگر حضوری دل سی عبادت کم ہوتی ہے جو لوگ یونده وغیرہ
انکی ملک کی راستی مغربی افغانستان اور دامان کو آتی جاتی ہین اونسی شیرانی لڑتے ہین مگر سب لوگ
قبول کرتے ہین کہ شیرانی کا عہد بی عیب ہے اور جو مسافر شیرانی کی قوم سی بدرقہ ہمراہ رکہتی ہون تو سلامت
کے ساتہہ اونکی ملک سی گذر سکتے ہین جب شیرانی کسی مخالف قوم یا فرقہ سی لڑای کرین تو نیکہ اونکی مدد
کرتاہی اور لڑای مین جانی سی پہلے سب لشکر شیرانی کا نیکہ کی دستار کے نیچی سی جسمین قرآن شریف
رکہکر دو آدمی ادہر اودہر سی اونچی پکڑ رکہتی ہین گذرتاہی اور اسطرح پگڑی کے نیچے سے گذرنی پر اونکا
یہہ اعتقاد ہوجاتاہی کہ غنیم کی بندوق یا تلوار سی زخمی ہونی یا ماری جانی کا خطرہ نہین رہا یہہ اعتقاد اور
نیکہ کی عزت اور بزرگی کی تسلیم کا اپنی قوم مین کافی ثبوت ہی شیرانیون کا ہتیار یہی دار بندوق
اور تلوار ہی۔ مگر لوگ کہتی ہین کہ بہ نسبت تعداد مردمان کی ایک ثلث بندوق کم ہی الا تلوار قریب کل کے
ہر ایک بالغ آدمی رکہتاہی عموماً شیرانی کم آزار مخلوق ہی مگر بعضی گروہ سارق اور رہزن بہی ہین *

## شاخ بابڑ

شجرہ نسب کی دیکہنی سی معلوم ہوگا کہ بابڑ بہی اصل مین شیرانی کی نسل سی تہا مگر اوسکی اولاد ذی علم دنام
پاکر اب مطلق اسم بابڑ سی مشہور ہی بابڑ لوگ میانخیل سی جنوب کی طرف رہتی ہین انکا مغربی حصہ سخت
پہاڑی ملک ہی ایک وادی کوہی کا وہان اونکی ملک مین پہونچا ہی اور اوس سی ایک پہاڑی نالہ نکلتا

بھیڑی کا کھاتی ہین کیا ہی مگر جب بیل یا گای بیمار وغیرہ صدمہ سی قریب المرگ ہو تو اوسکو بھی ذبح کر کی کھاجاتی
ہین درخت زیتون کا ثمر تازہ اور سوکھا ہوا بھی پانی مین وبال کر کھاتی ہین جنگلی انار اور چلغوزہ۔
اور دیگر اقسام کا پہل جو اونہی پہاڑ مین پیدا ہوتی ہین کہائی جاتی ہین شیرانی لوگ نا وقت شادی کرتی ہین
یعنی عمر پوری کر کے شادی کی دستور مین شیرانی اور دیگر افغانون کی بیچ ایک عمدہ فرق ہی کہ شیرانی
لوگ اپنی دختر کی معاوضہ مین داماد سی روپیہ نہین لیتی بلکہ اپنی گھر سی حسب توفیق شادی کی وقت داماد او
دختر کو کچھہ دیا جاتا ہی عورات صرف گھر کا کام کرتی ہین اور فصل درو کرنے مین مدد دیتی ہین شیرانیون مین
روپیہ نقد کم ہی کیونکہ وہ خرید فروخت مین ایک جنس دوسری جنس سی اکثر بدلا لیتی ہین اونمین کوئی نوکر یا
غلام نہین ہے اور دستکار بھی کوئی قلیل ہے قریب بیس کس ہندو اونمین دوکان رکھتی ہین اور دانہ
اور پارچہ اور قند سیاہ اور تمباکو اور روغن زرد اور بعض سب سی ارزان چیزین جو میدان مین بنتی ہین
وہ دوکاندار رکھتی ہین نجار اور آہنگر اور پاولی داماں سی آئی ہین شیرانیون کی کاشتکاری اکثر وادیون
مین ہے بعضے نشیب جگہہ پہاڑ مین - بلا سیرابی زراعت ہوسکتی ہے مگر باقی زمینات کو پہاڑی نالون
کو بند دیکر سیراب کرتی ہین سوائی خان اور ملان اخوند کی سب قوم کی لوگ اپنی ہاتہہ سی کام کرتی ہین اکثر زمین
دو فصلی ہی خریف مین چاول اور مکی اور تمباکو پیدا ہوتا ہی سردی ملک کی تاثیر کی سبب سی تمباکو
ربیع کے ساتھہ نہین ہوسکتا اور جب خریف کی زراعت درو ہوئی تو گندم اور جو کاشت کئی جاتی ہین
جو گرم موسم کی شروع مین درو کرتی ہین اکثر لوگ جو مویشی رکھنی والی ہین اونکی مال مویشی زیادہ تر بیل
اور گائی ہین مگر بعضی مالدار جو پہاڑ کی سر پر بہل گئے ہین وہ بھیڑی اور بکری کا اجڑ رکھتے ہین شیرانیون
کے بیل بہت چھوٹی ہوتی ہین عموماً سیاہ رنگ کی اور اونچا نشانہ یعنی کٹ نہین ہوتا اور بعضی آدمی گھوڑہ
بھی رکھتی ہین مگر خچر اور گائیں اور شتر نہین رکھتی تمام شیرانی کی ملک مین بیس گھوڑی مشکل سی پیدا ہوسکتی
ہین شیرانی لوگ اپنی خان کو بنگہ کہتی ہین جسکا معنی اور مراد پشتو کی زبان مین (دادا یعنی جد) ہی بنگہ کا
اختیار قوم پر بہت ہی اور اپنی زمینات بھی زیادہ رکھتا ہی اور لوگ حصہ پر اوسکی کاشتکاری کا کام
کرتے ہین اوسکا خانگی نوکر کوئی نہین ہی - جن لوگون کی پاس بھیڑی کی گلے ہین تو وہ سالانہ فی گھر بھیڑی
کا ایک بچہ اور جنکے پاس بیل اور گائی بہت ہون اونسی ایک گوسالہ خان لیتا ہی اس محصول کے وصول مین
کچھہ زور درکار نہین ہی لوگ اپنی رضامندی سی دیتی ہین اور سمجھتی ہین کہ جو شخص دینی سی انکار کریگا اوسکی اوپر کچھہ

مین مستعد پایا تب ترین ذ غصہ ہوکر باپ سے کہا کہ شیرانی کو کاکڑ کے ساتھہ جانے دیو اگر وہ ایک ہوا
تو کیا ہوگا آخر کاکڑ شیرانی کو اپنے ہمراہ لایا اور شیرانی نے عہد کیا کہ مین یا میری اولاد کبھی سڑبنی
نہین کہلاوے گی اور اس عہد کے ساتھہ اپنی جد مادری کی خاندان غرغشتی کے شامل ہوا کہ تا ہنوز
اگر سڑبن اور غورغشت کی باہم امتیاز ہو تو شیرانی لوگ داخل ولس غورغشتی سمجھے جاتے ہین شجرۂ
نسب دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ جلوانی اور ہریپال اور بابڑ وغیرہ - شاخین بھی شیرانی کے
نسل سے ہین مگر انہون نے علحدہ نام پیدا کیا اب صرف سے خمیم بن عمر ابن ودم کی ہفت پسرون
کی اولاد شیرانی کہلاتی ہے کہ تفصیل اونکی کرسی نامہ مین درج ہے یہہ قوم زمری لوگ کی شمال کی طرف
پہاڑ مین رہتی ہے اور قوم وزیری اونکی شمال مین درہ گومل سے شمال طرف رہتی ہے اور مغرب علاقہ
ژوب وغیرہ ملک کاکڑ مندوخیل کا ہے اونکی ملک کا اکثر حصہ تخت سلیمان کی اونچی پہاڑ مین واقع ہے
انکا پہاڑ بہت سخت ہے یہہ قوم چھوٹی چھوٹی دیہات بیس چالیس گھر والہ مین وادی اور پہاڑ کی نشیب
مین پہیلے ہوئی ہے اور اکثر اپنے گھر پہاڑ مین کہود کر بناتی ہین اور تین طرف دیوار تعمیر کرکے سقف ڈالتے ہے
مین اور ہر گھر مین ایک کوٹھا اور ایک دروازہ ہے جو رات کو کانٹی دار درخت کی شاخ سے بند کیا جاتا ہے
جاڑے کے موسم مین بھی کچھہ روک سردی کی دروازہ سے نہین ہے سیاہ دری اوپر لیکر اور
اپنا لنبا چوغہ بطور پوستین جو بہیڑی کی چمڑے سے بنتا ہے اوڑھ کر سوجاتی ہین اونکی پہاڑ مین جو
درخت ہین اونسے بہت قسم کی لکڑی ملتی ہے اور اکثر شیرانی لوگ تیر اور بلہ فروخت کو واسطی کالابجی
اور ڈیرہ اسمعیل خان کیطرف لاتی ہین اور اپنی گہرون مین چپن یودار کی لکڑی سے روشنی کیا کرتے ہین
جسکی دہومین سے اونکی گھر اور پوشاک بلکہ چہرہ بھی سیاہی مایل ہوجاتی ہین شیرانی اکثر میانہ قد اور
متوسط اندام مگر مضبوط اور چالاک ہوتی ہین عام شیرانی لوگ کی پوشاک یہہ ہے کہ موٹی کپڑی کی شلوار
اور ایک کمبل اپنے کاندہی پر رکہی ہوئی اور گاو کی خام چمڑا کی چپلی پانو مین رکھتی ہین اور یہہ پوشاک
پوری ہوتی ہے جب اونکی سر پر سفید کپڑہ کے تین چار گز دستار ڈہیلی طرح سے لپیٹی جاوے اور بعضی لوگ
ہیرہ دار شلوار اور چین دار خلقہ بھی پہیرتے ہین سب سے دولتمند کی پوشاک بھی اس سے کچھہ بہت تحفہ نہین
ہے جو ملک مین وہ اپنی پوشش کو بہت تحفہ سمجھتے ہین کیونکہ وہ ملتان کا ریشم بھی پہیرتے ہین اس قوم
کی خوراک اکثر مکی کی روٹی اور مکہن اور قروت ہے گندم کی روٹی صرف ضیافت مین پکائی جاتی ہے گوشت اکثر

# ذکر قوم شیرانی

شجرہ نسب شیرانی بن شرخبون ابن سڑبن

- چار
  - جلوانی
    - سالار خیل
    - مروت خیل
    - گونکڑی
    - تیکی خیل
    - سپندزی
    - مہار
  - ودم
    - بابڑ
      - انجر
      - سنجر
        - مسعود خیل
        - غوریا خیل
        - ابراہیم خیل
        - اسمعیل خیل
        - یعقوب خیل
    - سیدانی
      - احمد
        - ہومڑ
    - عمر
      - کیب زی
      - ابوالفرد
      - جہین
      - حمیم
        - اوبہ خیل
        - حسن خیل
        - موسی خیل
        - دولت خیل
        - لنڈ عمر
        - شہمیر
        - نیازون
      - ماہین
        - منفرہ
        - یعقوب
    - صیانی
  - برینال
    - یوسف
      - نازک
      - توری

## حال قوم شیرانی

لکھتے ہین کہ شیرانی دخترزادہ کاکڑ کا تہا اوسکی والدہ فوت ہوگئے اور باپ نی دوسری عورت سے نکاح کیا جس سے اور بیٹے پیدا ہوئے شیرانی چاہتا تہا کہ دستار مختار میری ہو مگر ترین جو اوس پہلی عورت سے بڑا فرزند تہا مانع ہوا اس بات پر شیرانی نے اپنے باپ اور بہایون سے رنج ہو کر پیغام کاکڑ کی طرف جو جد مادری اوسکا تہا اس مضمون سے بہیجا کہ مین یہان تنگ ہون اگر لیجاؤ۔ کاکڑ یہ خبر سنکر معہ چند اپنے فرزندون کے شرخبون کے گہر آیا اور کہا کہ تم شیرانی کو میرے ساتہہ جانے دو کہ میری فرزندون کی ساتہہ تربیت پاویگا شرخبون اس بات پر راضی نہین ہوتا تہا جب مبالغہ حد سے گذرا اور شیرانی کو بھی جانے کے ارادہ

ہی مگر کچہہ کاکڑ کی قوم سی بھی ملتا ہی یہہ شاخ کار زراعت اور گلہ بانی مین سمجہہ مساوی منقسم ہی آدمی تنومند اور مضبوط
ہوتی ہین **ریاست** ہر دو قوم تور اور سپین ترین کی باوجود فاصلہ ایک ہی خان سی متعلق ہی پشت ہا سی
خاندان ریاست قوم تور ترین کی شاخ بہتی زی مین چلا آتا ہی اسکا ثبوت ایک پورانی مثل مشہور سی جو زبان
پشتو مین قدیم سی چلی آتی ہی ملتا ہی اور وہ یہہ ہے +

## مثل پشتو

خَانِی دَہ پَہ دُوہ کورَہ  پَہ لُوہَانِی کُش پَرے گَتے دَہ  پَہ تَرِین کُش پَہ بَتے دَہ

یعنی خانی دو گہرون پر ہی قوم نوحانی جو لودی کی نسل سی ہی اور سمین کٹی خیل اور ترین مین بٹی زی پر ہے
تحققات سی اس پشتو کی مقولہ کا ثبوت ملتا ہی تا حال ہر دو قوم ترین مین ایک ہی خان ہوتا ہی اور وہ سال بسال
سپین ترین کی ملک مین بھی جاتا ہی واسطی فراہمی تلنگا اور اگر نوکری پر کوئی نہ جانا چاہی تو اوس سے
عوضانہ نوکری مین روپیہ وصول کیا جاتا ہی اور جب ریاست کابل مین بد انتظامی اور فساد ہو تو اونمین
بھی خودسری اثر کرتی ہے اور سوای فساد کی بھی صرف برای نام رعیت سمجھی جاتی ہی۔ فی الحال علاقہ پشین
سی حاکم قندھار نقد روپیہ مشخصہ لیتا ہی سپین ترین کی ہر سہ علاقہ مسکونہ ملحق ہین ژوَرَہ جو وادی
اوپر کی طرف ہی کوہ چشیر کی نزدیک سی شروع ہوتا ہی اوپر پہاڑ کی بیچ زرہ تنگ ہی مگر نیچی فراخ ہوتا جاتا ہی
اسقدر کہ جسمین آبادی ہو سکتی ہی اور اسکی بیچ دوڑ ہی گا نو بھی ہین تل اس سی بھی فراخ ہے اور میدان
بوری اور چٹیالی کا اوسکی ساتھ ملتی ہین تَل اور چٹیالی کی زمین موافق سیوی کی معلوم ہوتی ہی مگر موسم
سیوی سی اچھا ہی +

## ذکر قوم ترین

شجرہ نسب دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ ابدال جسکی نسل سے قوم دُرّانی ہے وہ بھی ترین کا بیٹا تھا - مگر اوسکی اولاد بقوم ابدالی اور دُرّانی تسمیہ پاکر علحدہ سمجھے گئی باقیماندہ دو پسران ترین کی اولاد اپنی موروثی اسم ترین سے مشہور ہے اور یہہ قوم ان دو پسران کی نسل اپنے اپنے مورث کی اسم سے دو بڑی شاخ میں تقسیم ہوتی ہے ایک تور ترین دوسرا اسپین ترین اور پھر ان دونو شاخون سے کئی چھوٹی شاخین نکلتے ہین جنکی تفصیل شجرہ نسب سے معلوم ہوگی +

## تور ترین

ملک پشین مین رہتی ہین یہہ علاقہ دُرّانی کے ملک سے جنوب کی جانب بفاصلہ کوہ واقع ہے اسکی مغرب علاقہ شور اوک یا شوراوک ملک قوم بڑیچ اور جنوب کیطرف ملک شال اور اوسمین کوہ تکتو حد فاصل ہے ملک پشین طول مین قریب اسی میل کی ہے شمال مایل بشرق جنوب مایل بشرق تک اور سب سے چوڑی جگہہ چالیس میل ہوگی پشین ملک سے ایک علاقہ قوم بڑیچ سے اونچا ہے اور سطح اسکی شور ایک سے زیادہ ناہموار مگر آباد اوس سے زیادہ ہے قلبہ رانی کیواسطے نرگاؤ زیادہ کام آتے ہین بہ نسبت شترونکی اگرچہ شتر بھی قلبہ مین جوتی جاتے ہین اور شترونکی گلے بھی بہت ہین اکثر لوگ قلبہ رانی او زمینداری سے معاش حاصل کرتے ہین مگر اونکی تعداد بھی بہت ہے جو قندہار اور ملک سندہ کی مابین سوداگری کا کام کرتے ہین قوم تور ترین کا دستور کچھہ دُرّانیون سے ملتا ہے اور اونکی خان درانی سردارون سے مطابقت رکھتے ہین - والی کابل اور حاکم قندہار پہلی اس سے کچھہ غرض نہین رکھتا تھا بجز لینے سواران مقررہ واسطے بجا آوری خدمات ریاست جو بعوض کلنگ لئے جاتے ہین اور کبھی کبھی اونکی خان دربار مین بھی طلب کئے جاتے تھے کل تعداد سکنای ملک پشین کی تخمیناً دس ہزار گھر ہونگی بہت سید اس علاقہ مین رہتے ہین اور سیدان پشین کا تجارت مین صاحب ہمت سوداگر مشہور ہین پشین مین سوای قوم تور ترین اور سید اور کاکڑ ہمسایہ اور کوئی قوم آباد نہین ہے اونمین سے تور ترین کی تعداد چھہ ہزار گھر تخمیناً مشہور ہے +

## سپین ترین

کی چار شاخین ہین اور تور ترین سے تعداد مین کم ہین یہہ لوگ وادی موسوم تروڑہ تل چتیالی کی میدان مین آباد ہین اس ملک اور تور ترین کی ملک کی مابین کچھہ کاکڑ کا ملک واقع ہے انکا دستور تور ترین کے موافق

## پوشش اور طرز وضع

ملتانی افغانون کی مطلق مغربی افغانستان کے ابدالیون سے مختلف ہی انکی سر پر اکثر سفید تین چار گز کی چہوٹی دستار
لانبی بال سر کے بکھری ہوئی شانہ سی نیچی تک اور خلقہ کھلا یا قمیص جسکی آستین اکثر چنی ہوئی ہوتی ہین شلوار
رنگدار اور گھیر دار مگر پونچہ تنگ اکثر عیاش لوگ گلبدن کے پہنتے ہین اور جنکو نماز کا خیال ہو وہ ریشم اور سوت
ملا ہوا جسمین گلبدن وضع نافرمانی رنگ کے پارچے مستعمل کرتے ہین اور بعضی ثقہ آدمی سفید لٹھہ کی شلوار رکھتے ہین
پاؤن مین ملتانی جوتے تلہ دار اور نازک یا پوش اکثر ہوتی ہی بدن اور پارچات کو ظاہری آلائش سی صاف رکھتے ہین گرچہ
بعضے نیکبخت حلیم اور بردبار بہی ہوتی ہین مگر اکثر تند مزاج اور خود پسند خوشامد طلب ظاہر پرست زود رنج کینہ ور زیر
نوخیز جوان عیاشی کی طرف مایل آرام طلب ور کاہل مزاج ہوتی ہین مگر سپاہگری کی منت پہ محنت کرتے ہین
اور اچہی سپاہی آزمودہ کار ہوتے ہین عمر رسیدہ آدمی نماز گذار اور تسبیح خوان ہوتی ہین اپنی وطن اور گہر کو
نہین چہوڑنا چاہتی اپنی قوم مین یہ دوسری کی جاہ وحشم اور بہلائی کو اچہی نظر سے نہین دیکہتی خود ستائی کو اپنی
زبان سی بہی عیب نہین سمجہتی دوست کی ساتہہ مروت کرتے ہین ؛

## شجرہ نسب ترین ابن شرجنون

سدوزہی کی سرکار مین بہ برادری عاشق محمد خان علی زہی ملازم رہا اور جب ضلع ڈیرہ اسمٰعیلخان خالصہ سرکار سکہان ہوا اور بعد جلا وطنی الہداد خان ٹانک والہ کی ٹانک عاشق محمد خان علی زہی اور محمد پایندہ خان خواجک زہی وحیات اللہ خان سدوزہی کو جاگیر مین ملا تب اون خوانین کی جانب سی چند عرصہ ٹانک کے قلعہ مین فوجدار خان مقرر رہا اور پہر دیوان لکہی مل ناظم اور مستاجر ڈیرہ اسمٰعیل خان کے پاس ملازم ہوکر اوسکی جانب سی چند عرصہ کاردار علاقہ مروت پر بہی مقرر رہا اہیر بخت سے شورش ملتان کیوقت ۱۸۴۸ء مین کرنیل سر ہربرٹ اڈوارڈس صاحب کے ہمرکاب ہوکر نمایان خدمت بجالایا اور ہرطرحسی خیرخواہ سرکار انگریزی رہا اس خدمت کے صلہ مین سرکار سی اوسکو القاب خان بہادری معہ جاگیر اور پنشن کثیر عطا ہوا اور جب کابل مین اوپر کام سفارت بہیجا گیا تو اسنی اچہی خدمت کری بعد واپسی از کابل گورنمنٹ انگریزی نے خوشنود ہوکر کے خطاب نوابی عطا فرمایا اور جاگیر دوام کیواسطی معاف ہوئی آنریری مجسٹریٹ کا کام بہی کچہہ اونکی تفویض ھے اور نہایت عقلمند آدمی ھے +

## غلام حسن خان علے زہی بہی

اسی خاندان سے ہی انکا باپ عاشق محمد خان ایک دلاور اور مشہور امیر فتح خان ٹوانہ کے ہاتہہ سی مارا گیا غلام حسن خان نے ۱۸۵۷ء کو بوقت بغاوت ہندوستان ایک رجمنٹ سواران کی سرداری مین بہت اچہی خدمات سرکار انگریزی بجا لایا دلاور اور راست باز کم گو نیک سیرت آدمی ھے سرکار کی جانب سے سفیر ہوکر کابل مین گیا اور چند سال کی بعد ۱۸۶۴ء کو واپس آیا گورنمنٹ کو انکی خدمات منقوش خاطر ہین ۱۸۶۵ء مین بلحاظ خدمتگذاری خاندانی خطاب نوابی عطا ہوا +

## خاندان خودکہ

یہہ خاندان قوم سدوزہی سی خواجہ خضر کے بڑے بیٹے خداداد سلطان کی اولاد سی ھے اور چونکہ خداداد کو افغان اپنی روزمرہ مین خداکی کہتے ہین اسواسطے اوسکی اولاد مشہور خودکہ ہوئی ملتانی پٹہانون مین اس خاندان کا نظام خان خودکہ ایک معتبر آدمی ہی جو فی الحال نواب بہاولپور کے سرکار مین معزز نوکر ہی اور اوسکی فرزند ڈیرہ اسمٰعیلخان مین سکونت پذیر ہین

## خاکوانی

شاخ مین سی غلام سرور خان خاکوانی ڈیرہ اسمٰعیلخان مین ایک عزت دار شخص ہے اور اوسکا فرزند عطا محمد خان بہی نیکبخت اور خدمتگذار سرکار ہے

## علاوہ انکی

اور بہی چند گہر ابدالیون کے ڈیرہ اسمٰعیلخان مین ہین مگر قابل ذکر کوئی نہین ہی جملہ اس ضلع مین قریب ۸۰ گہر اس قوم کی ہونگے

جب اسقدر علاقہ جات فتح کر لیئے تو شاہ زمان ابن تیمور شاہ سدوزئی والی افغانستان سے خطاب نوابی اور القاب شاہ نواز خان حاصل کر کے محمد خان کے اسم سے مشہور یہ نواب محمد خان ہوا اور قلعہ منکیرہ کو تعمیر کرا کر اپنی بود و باش اور جاے حکومت کیواسطے اوس جگہہ کو پسند کیا ۱۸۲۱ء مین رنجیت سنگہ نے قلعہ منکیرا وغیرہ علاقہ دواب نواب محمد خان سے لیکر ملک ڈیرہ اسمٰعیل خان مغربی کنارہ دریای سندا اوسکو چھوڑ دیا اور پھر بھی وہ نواب رہا اور مغربی جانب اوسنے علاقہ داماں اور مروت و عیسیٰ خیل وغیرہ مفتوح کر لئے مگر علاقہ بنون سے اوسکی فوج نے شکست کہائی نواب محمد خان اولاد پسری نہین رکھتا تھا اوسنے اپنی زندگی مین حافظ احمد خان ولد حاجی عبد الرحمٰن خان جو دادا نواب صاحب کا تھا اور نواب محمد خان کی دختر سے عبد الصمد خان حافظ احمد خان کا خورد سال بیٹا تھا اس رشتہ کے سبب سے اور اس امید پر کہ یہہ ریاست میری دختر زادہ کو پہونچیگی حافظ احمد خان کو ولیعہد بنایا بعد وفات اونکے نواب حافظ احمد خان ہی صاحب ہمت سردار ہو گذرا ہی عبد الصمد خان اوسکا بیٹا لاولد مرگیا اور نواب محمد خان کا ارادہ پورا ہوا بعد وفات حافظ احمد خان کے اوسکی فرزندون سی جو دوسری بی بی سی تھی نواب شیر محمد خان جانشین اپنے باپ کا ہوا اوسکی وقت ماہ ساون ۱۸۹۳ بکرم کو کنور نونہال سنگہ نے ڈیرہ اسمٰعیل خان کو معہ علاقجات متعلقہ خالصہ سرکار کر کی نواب شیر محمد خان کو شصت ہزار سالانہ کی جاگیر عطا کر کی بعد وفات نواب شیر محمد خان کے اونکا خلف نواب محمد سرفراز خان نواب ہوا جو ابتک ڈیرہ اسمٰعیل خان مین بخطاب قدیم نوابی موجود اور صاحب عزت سردار ہین اور نواب محمد خان کے برادرزادون مین سی حیات اللہ خان سدوزئی بھی موجود ہے •

## علی زئی

کے خاندان سی نواب فوجدار خان گورنمنٹ انگریزی کی عنایت سے اب بخطاب نوابی ممتاز ہوا ہے جب قوم ابدالی کے لوگون نے ملتان پر دخل کیا تو اوسوقت عیسیٰ خان ابن علی محمد خان جد اعلیٰ فوجدار خان کا اپنی قوم مین معتبر آدمی تھا بعد شش خدایار خان جد حقیقی نواب فوجدار خان کا نواب شجاع اور مظفر خان والی ملتان کی سرکار مین صاحب عزت ملازم تھا مگر جب رنجیت سنگہ نے ملتان فتح کیا تو ابدالی قوم کے لوگون مین سخت صدمہ اور تفرقہ نے اثر کیا بہت خاندان تباہ ہوگئے تب حیثیت اس خاندان کی بھی مثل حیثیت قدیمہ نرہی فوجدار خان چند عرصہ بعہدہ جمعداری نواب شیر محمد خان

جو بنظر ضرورت وقت منظور ہوکر ہمراہ فوج متعینہ ابدالی لوگ بہی اس خدمت پر مامور ہوئی اور جنگ دیکہین ملن افغانان
ابدالی سی ایسی نمایان خدمت اور شایان تردد بظہور آیا کہ خاطر بادشاہ اونسی خوش ہوکر بعطای خلعت و جاگیر
ملتانکو رخصت کئی گئی اوس دنسی یہہ لوگ مستقل زمیندار اور جاگیردار نواح ملتان کے ہوی ازانجملہ **شاہ حسین**
کی اولاد مین سی **شجاع خان** نے سوجاع باد آباد کیا اور یہہ ہی خاندان سب افغانان ملتانی کی خان خیل تہے
جب خداوند کریم کو بیدخلی اس قوم کی ملتان سی منظور ہوئی تو **نواب مظفر خان** کی عہد مین جو بڑا
مشہور نواب ملتان کا تہا اور شجرہ نسب اونکا اوپر درج ہوچکا ہے **رنجیت سنگہ** والی لاہور کو ملتان پر مسلط
کیا اور نواب مظفر خان شہید ہوگیا تو سمت ۱۸۷۵ بکرم کو ملتان قبضہ سکہان مین آیا جو افغانان ملتانی قتل
سکہان سی بچ رہی وہ ملتانسی بیدخل ہوکر **نواب محمد خان** بہادر خیل سدوزی کی طرف منکیرہ اور بہکر کے
جانب چلی آئی اور جب منکیرہ **رنجیت سنگہ** نی لیا تو دیرہ جات مین خصوص دیرہ اسمعیل خان مین آکر آباد
ہوئی اور تا ہذا الیوم اکثر دیرہ اسمعیل خان مین آباد مین اور نواب مظفر خان کی اولاد مین سی احمد علیخان
اور **نواب عبد المجید خان** بمقام لاہور موجود مین ٭

## ذکر خاندان نواب محمد خان

یہہ خاندان قوم سدوزی شاخ بہادر خیل سی ہی گرچہ اول حمبندون کی لڑائی اور ملتان کی فتح کی وقت
**صحبت خان** مورث اعلی **نواب محمد خان** ایک معتبر اور عزت دار خان تہا مگر **یار محمد خان** معروف
یارا خان باپ نواب محمد خان شخص غریب اور کم دولت تہا نواب محمد خان ابتدا مین کار تجارت
کرتا تہا بعد اوسکے چند عرصہ سرکار بہاولپور مین نوکر رہا اور وہانسی چہوڑ کر بمشاہرہ شصت روپیہ نواب
حاجی مظفر خان صوبہ ملتان کی پاس ملازم رہا کہتی مین کہ پہلی تیس روپیہ ماہواری تنخواہ تہی اور پہر ساٹہہ روپیہ
ہوا مگر عزت بہت تہی چند عرصہ کی بعد اپنی لیاقت جبلی سی نواب محمد خان ہمراہی گروہ افغانان ملتانی
کمر ہمت باندہکر فتوحات ملکی کے درپی ہوا اول قلعہ مونڈہ کو فتح بعدش آہستہ آہستہ اکثر علاقہ تہل اور کچہی
لیہ و بکہر وغیرہ مفتوح کرکے استقلال کافی بہم پہونچایا اوس عہد مین شہر لیہ جو جائی حاکم نشین علاقہ تہل کا
تہا بقبضہ عبد النبی خان سراہی کی تہا نواب محمد خان نے جب حملہ کیا تو محمد عارف خان پسر عبد النبی خان
نی افغانان ملتانی کو اول حملہ مین پسپا کردیا مگر اتفاقا جب محمد عارف گولی بندوق کے لگنی سے
مرگیا تو عین شکست کیوقت افغان لوگ عنان فتح کو اوٹہا کر شہر لیہ پر قابض ہوگئی نواب محمد خان نے جب

لوگون کے ملتانمین آنے کی ٹہیک نہین معلوم ہوتی مگراس قوم کی واقعات کی مقابلہ کرنے سی غالب یقین یہہ ہے کہ زیادہ ترآمد اور استقلال انکا ملتانمین بعہد سلطنت عالمگیر اورنگ زیب اور شاہ عالم بادشاہان دہلی کے ہوا ہے جیساکہ اوپر درج ہوچکا ہے جب شاہ حسین ابن مغدود قندہار سے پنجاب کیطرف آیا تو غالبا اوسکی ہمراہ ابدالی قوم کی بہت خاندان تہی اور پیچہی سی جبکہ میرویس قوم ہوتک غلزائی کی تسلط جنگجوی سی قوم ابدالی متفرق ہوئی تواوس وقت سی ابدالی لوگ کچہہ ملتان کی طرف چلی آئی ایسی روایت ہی کہ ابدالیون سی پہلی ملتانمین تمن یعنی الوس جمند یا زمند افغانونکا آباد تہا جب ابدالی خانہ کوچ ملتان کی نواح مین پہونچی تو اونہون نے بمقام رنگپور گہیڑیان والہ اقامت کی اور معاش اپنی بعضی تجارت سی اور بعضی کرایہ کشی سی جیساکہ پوندہ لوگون کا دستور ہی بہم پہونچاتی تہی مگر شاہ حسین کے خاندان کو دربار شاہی سی جہت گذارہ کچہہ منصب عطا رہتا اگرچہ اوس عہد مین ہر شاخ ابدالی آمدہ ملتان کی خان اور ملک علیحدہ علیحدہ تہی جیساکہ سدوزئی کا علیحدہ اور علیزئی کا جدا خان تہی اوراسیطرح بادوزئی وغیرہ کا حال بہی تہا مگر سرگروہ اوران سب کی خان خیل اولاد شاہ حسین مغدود خیل تہے جب ابدالیون نے کچہہ استقلال وجمعیت پیداکرلی تو قوم جمند سی تکرار زراعت تلفی نزاع برپا ہوکر نوبت کشت وخون تک پہونچی آخرالامر ہردو قوم کی درمیان جنگ شدید واقع ہوا اس لڑائی مین ابدالیون نے الوس جمند پر فتح پائی اکثر مردمان قوم جمند مارے گئے اور باقیماندہ کو ملتان سی بیدخل کرکے شہر ملتان پر ابدالیون نے قبضہ کرلیا جب اس واردات سنگین کی اطلاع دربار شاہ دہلی مین پہونچی تو وہانسی بہت سخت ناراضگی کی ساتہہ حکم اخراج قوم ابدالی کا ملتانسی ہندوستانکو صادر ہوا یہہ خبر پاکر ابدالی حیران ہوئی اوراہل جرگہہ کا اس مشورہ پر اتفاق ہوا کہ جملہ خان اور ملک ہماری قوم کے دہلی مین بادشاہ کی حضور حاضر ہوکر استدعای عفو جرایم اور عذر قصور کرین شاید کسی طرح نایرہ غضب بادشاہ اطفا پاکر آل وعیال ہماری قوم کی خرابی سی محفوظ رہین چنانچہ تین سو کس اشخاص کی قریب خانان ومعتبران اس قوم نے بطور خود دہلی مین پہونچکر بادشاہ کی حضور مین عرض استغفاء قصورات کی کری اور وقوع اس جرم کا اول قوم جمند کیطرف سی ظاہر کیا بعد سماعت حال بادشاہ اس قدر نرم ہوا کہ تعرض اونکی آل وعیال سی موقوف رکہکر جملہ خوانین ومعتبران ابدالی کو تا حکم ثانی قید رہنی کا ارشاد فرمایا جب دکہن کی ملک مین قوم مرہٹہ وغیرہ نے بغاوت کرکے کئی دفعہ فوج شاہی کو پسپا کردیا تب قیدیان ابدالی نی قیدخانہ سی درخواست تفویض خدمات دکہن بادشاہ کی حضور بہیجی

ہی لغش امیر درانیون کی اکثر دور دور سی قندہار مین فن کیواسطی لیجاتی ہین یہہ لوگ سفر بہت تہوڑا کرتی ہین
اور ہمیشہ اپنی گہر کا لحاظ اور شوق رکہتی ہین ہندوستان کو بہی سوداگری کیواسطی کم آتی ہین خانہ نشینی بہت پسند
کرتے ہین ؂

## شاخ اچک زی

کی لوگ دیگر درانی قوم سی عادات مین بالکل فرق رکہتی ہین اسلئی اونکا بیان علیحدہ لکہا جاتا ہی اس شاخ
کی تعداد کچہہ بہت نہین ہی اکثر روایا تونسی پانچ ہزار گہر معلوم ہوتا ہی مگر غالب ہی کہ چار ہزار سی زیادہ نہین
ہوگا قریب کل کی سب لوگ مویشی داری اور رمہ چرائی کا کام کرتی ہین گرچہ قلیل پیشہ کاشتکاری کہتی
ہین مگر کافی نہین ہے اونکی گوسفند ونکی رمی **خواجہ امران** و **توبہ** کی پہاڑین ورگلہ شتران بیابان
مین جو شر ایک سی شمال اور مشرق کیطرف ہی چرتی ہین اونکی سردار یعنی خان اپنی قوم پر دیگر درانیو
سی زیادہ اختیار رکہتی ہین الا باوجود اختیار اپنی قوم سی لوٹنی کی شوق نہین نکال سکتی جو کوی مسافر
اونکی ملک مین داخل ہوتا ہی اکثر لوٹا جاتا ہے اور اکثر رات کی وقت اپنی ہمسوانہ لوگون کی ملک مین بارادہ
ارتکاب چوری پہرتی ہین چوری مین ہوشیاری ورسرقہ بالجبر مین دلاوری اونکا بڑا وصف ہی اور
اپنی ہمراز مجمع مین جوان مرد آدمی ایسی کام اور وارداتونکی باتین کرتی ہین جنکا ارتکاب کیا ہو یا ارادہ
ہو مگر انکا سرقہ بالجبر بعہ قتل نہین ہوتا اونکی پوشاک ایسی ہی کہ جیسی دیگر گلہ بان درانی پہرتی ہین مگر زمستان
مین تمام اونکی پوشش ٹوپی سی لیکر پای جامہ تک نمد سی بنتی ہی خوراک مین اکثر گوسفند اور بکریکا گوشت
کام آتا ہی غلکم کہاتی ہین اور بیل اونکی پاس بہت کم ہین یہہ لوگ مہینون تک کپڑا نہین بدلاتی اور ریش
کتری نہین جاتی سر کے بال لانبی اور بلا صفائی اور شانہ بگہڑی ہوی اور میلی رکہتی ہین آدمی بڑی مضبوط
اور محنتی ہوتی ہین مزاج اونکا سخت ہی مگر آپسمین بہت تکرار نہین کرتے مہمانداری نہین کرتی مسجدین نہین
رکہتی اور نماز بہت کم پڑہتی ہین اور مذہبی احکام سی کم غرض رکہتی ہین اخوند بہت کم ہین اور جو ہین وہ
اپنی گہر مین نماز پڑہتی ہین ان اعمال کی سبب ہی درانی بمشکل اونکو اپنا ہمقوم سمجہتی ہین مگر یہہ لوگ
اچہی سپاہی ہوتی ہین ؂

## حال افغانان ملتانی

واضح ہو کہ جو ابدالی افغان نواح قندہار سی آکر ملتان مین آباد ہوئی تہی اونکی اولاد کو اب ہماری عصر مین
صرف مجمعاً ملتانی پٹہان یا افغان کہتی ہین گو شکمی نام خیل ورزای کی بدستور باقی ہین اور تاریخ ابدالی

نماز گذار اور دین دار ہوتی ہین اور شوہر نہ وجاہت سی بامروت پیش آتی ہین اور بعضی ہوشیار اور وفا
مونثات اپنی شوہرونکی گہر مین مختار کل ہوتی ہین اور اوسکو دانا سمجہتی ہین عورت اور مرد اکثر ایک جگہہ
پی اور گذارہ کرتی ہین مگر جب کوئی غیر شخص یا مہمان آوی تو الگ رہتی ہین +

## عادات معمولی

اس قوم کی اکثر مرد حجرہ - یا مہمانخانہ یا مسجد مین جمع رہتی ہین اور اوسجگہہ مگر مسجد مین نہ حقہ پیتی یا نسوار چباتی
ہین یا اپنی زراعت اور مویشی کی باتین کرتی ہین اور نیز امیر اور سردار لوگونکی اعمال اور کابل کے حالات
وغیرہ اذکار اور ملک کی حال کی باتین کرتی ہین شکار کی شوق بہی بہت ہی اور کہیل بہی بہت قسم کی
کہیلتی ہین قریب ہر شام اُتن کا ناچ ناچتی ہین اور سوای گانی اور قصہ اور باتین کرنیکی کبہی جمع نہین
ہوتی اِس سی پایا جاتا ہے کہ دُرّانی خوش باش لوگ ہوتی ہین +

## مہمان نوازی

یہہ لوگ بہت مہمان نواز ہین ہر اجنبی شخص کو دیکہنی سی اور مہمان بنانی سی خوش ہوتی ہین اور کوچی لوگون
مین گرچہ دیرہ اونکا بہت غریب ہوتا ہم بندوبست مہمان داری ہمیشہ رکہتی ہین اور سب سی بڑا سردار
اور ملک بہی بیگانہ مہمان کو کہانا اور جگہہ دینی سی معاف نہین ہے اکثر گانو مین مسافر لوگ مسجد یا حجرہ
کو جاتی ہین اور عام وقت مین پہلا شخص جو اوس مسافر کو ملتا ہی وہ ہی میزبان ہوتا ہی مگر گرانی نرخ کی وقت
یا محلہ لوگ بانٹ کر مسافرون کو کہانا دیتی ہین اجسکی توفیق مہمانداری کی ہو وہ دیتا ہی روغن زرد
اور لسّی روٹی کی ساتہہ اکثر دیتی ہین اور گوشت و شوربا بہی ملتا ہی بشرطیکہ گانو مین گوسفند حلال ہوا
ہو اگر گانو کی بیچ کسی گہر مین خیرات یا ضیافت ہو تو مہمان بہی اوسمین بولایا جاتا ہی اور دوست کیطرح
شمار ہوتا ہی جس وقت رات کو آرام کرنا چاہی تو وہ میزبان بچہاونا وغیرہ سامان دیتا ہی یہہ مہمان
نوازی سب لوگون کی واسطی ہوتی ہے نہ صرف افغان اور مسلمان بلکہ ہندو مہمانونکی رسد بہی دی جاتی ہے
مگر اسکی ساتہہ اونمین لوٹ لینی کی عادت بہی ہی اور چونکہ دُرّانی اکثر جای حکومت سی دور اور متفرق رہتی
ہین اسواسطی اس بدعت کی روک کم ہوتی ہی خصوص جب ملک مین فساد اور بی انتظامی ہو تو لوٹیرونکی تعداد
زیادہ ہو جاتی ہی مگر سب سی زیادہ راہزن اچک زئی ہین ٭ دُرّانی لوگ اپنی ملک کا بہت ناز اور فخر
کرتی اور قندہار کا بہت ادب کرتی ہین اور کہتی ہین کہ ہماری مورثون اور بزرگان کا وہان گورستان

خراسانی وضع کی اور لانبا اور فراخ قمیص یعنی کورتہ آستین دراز والہ معہ یا بلا چوغہ اور اکثر نیلہ رنگ کی فراخ شلوار جسمین خشت سفید کی طرح لکیر ہوتی ہے متوسط درجہ کی لوگ اکثر جمعہ کی روز ہر ہفتہ مین ایکدفعہ اور بعضی دوسری اور تیسری جمعہ کو پوشاک بدلاتی ہین اور غریب و گلہ بان لوگونکو مہینون مین پوشاک کی شست و شو کی نوبت پہونچتی ہے مگر غسل سوای واجبیت مذہبی کی بہی ہر ہفتہ مین ایکدفعہ میلہ ادمی بہی کرتا ہے مگر بیابان والی شبان تا بہم سی بانی اس عادت سی مستثنی ہین ٭

## قد و قامت و طرز وضع

اس قوم کی لوگ شکیل اور دراز قد اکثر گندم گون مایل بسرخی رنگ بیضاوی چہرہ فراخ پیشانی وجیہہ جوان ہوتی ہین عموماً داڑہی یعنی ریش کی بال لانبی رکہتی ہین مگر نوخیز جوان اپنی ریش کترایا کرتی ہین اور مدت تک برہنی نہین دیتی سب لوگ سر کے بال بیچ سی چوٹی تک اوسترا سی منڈواتی ہین اور باقیماندہ کو بہی گردن تک کٹواکر چہوٹا رکہتی ہین مگر بعضی بعضی سر کے بال لانبی رکہتی ہین خصوصاً چرواہی لوگ نہین کٹواتی اور جہان تک ممکن ہو لانبی ہوتی ہین ٭

## حال مذہب

کل قوم دُرانی اہل سنت جماعت دین دار مسلمان ہین کوئی گانو یا کوچی کبہو بدون امام اور ملان کی نہین ہوتا خواہ چہوٹا ہی ہو اونکی مشہور دینداری سی یہانتک یقین ہی کہ سوای شاخ اچکزئی کی شاید باقی دُرانی قوم اپنی نماز نہین چہوڑتی اور غالب ہی کہ بہت قلیل لوگ تارک نماز ہونگی اور ماہ مبارک رمضان کا روزہ ہر بالغ آدمی رکہتا ہی اور عمدہ خاصیت یہہ بہی ہی کہ دُرانی لوگ غیر مذہب کی آدمی کو ضرر رسانی سی اغماض کرجاتی ہین اور مفرط تعصب نہین رکہتی مگر اچکزئی جو اپنی دین کی احکام ضروریہ کی تعمیل نہین کرتے وہ ضرر پہونچاتی ہین اور اخوند لوگ اکثر تہیدست ہوتی ہین اور عام لوگونمین واعظ یا خطبہ استقلال کی ساتہہ کم پڑہ سکتے ہین علم فقہ کا دُرانی قوم مین کم ہے مگر قریب کل کے یہہ لوگ زبان فارسی بولتی اور سمجہتی ہین اور اونمین سے اکثر فارسی اور پشتو کی شعر یاد پڑہا کرتی ہین اصلی زبان اونکی پشتو ہی مگر پر آواز سی

## دستور شادی

جیسا کہ افغانونمین ہے ویسا ہی اس قوم مین بہی ہے اکثر جب کہ مرد (۱۸) یا (۲۰) سال کا ہو اور عورت (۱۴) یا (۱۶) برس کی تب شادی کیجاتی ہے اور منگنی یا شادی کردینا والدین کی اختیار مین ہے دُرانی عورت

ہرگاہ مین اپنی عسکر سی مغرب کی طرف ایک جگهه بهتری علامت مسجد کی بنا رکهتی هین اور اُنمین جب خوند
ن دیتاهی تو ادا، نماز کی واسطی جمع هوتی هین اور اپنی کثیر دیونکی لین سی کچهه فاصله پر ایک کثیر دی نام
بان خانه الگ لگا دیتی هین جو مهمان هون وه اوسمین رهتی هین یا بطور حجره نشست گاه مردانه تصور هوتی
هے اور موسم زمستان مین جب الگ جگهه کثیر دین لگا کر اپنی رمه کی گله لیکر دور دور چرای کے واسطی لیجاتی هین جب انکی
رمه ها بهیڈی اور بکری کی بچے دو دو تین تین رمه لیکر پهیل جاتی هین اور بهت دل سی انکی پرورش
اور چرائی کراتی هین انکی اکثر رمها بهیڈی جنگلی وار کی هین اور بکری بهی رکهتی هین بنسبت بهیڈی کے
بکری کی تعداد کم زیاده هوجاتی هی بلحاظ ملک میدان اور پهاڑ کی یعنی پهاڑ مین بکری بهت رکهتی
هین اور میدانمین بهیڈی زیاده وه لوگ جو بیابان کی متصل رهتی هین یا دولتمند مین شتر بهی رکهتی هین
جنگلی اوپر کثیر دی اور اسباب لادتی هین شتر بچگان نر اکثر فروخت کر دیتی هین اور ماده واسطی اونکی
پیدائش کی رکهتی هین عام خلق خر پر کارروائی بار برداری کرتی هین قریب کل کے هر گهر مین گهوڑا رکهتی
هین اور اکثر سگ تازی رکهنی کی بهی شوق هے +

## خوراک

درّانی دولتمند مین وه ایران کیطرح چرب اور بهت مزه دار پُلاؤ اور گوشت برّه کبابی اور مصالحه کے
ساتهه پکا هوا گوشت اور خمیری نان تنوری اور گوشت قدید اور قروت کهاتی هین اور ملذ شربت
پیتی هین جو کسی میوه سی بنایا جاتا هی بعضی اُنمین بهی بهت مقوی اور اچها هوتا هی عام مخلوق کی خوراک
نان گندم اور روغن زرد اور کبهی کبهی گوشت اور پنیر اور ساگ بهی کهاتی هین اور جو بهت مفلس هین
وه لوگ نان جو وتلی اور دوغ یعنی لسّی سی شکم پُری کر لیتی هین درّانی بهت میوه خور هین جنگلی سکونت
مستقل هے وه عمده میوه طرح طرح کی کهاتی هین اور کوچی لوگونکو صرف خربوزه میسر هوتا هی +

## پوشاک

وه لوگ جو شهر مین رهتی اور اکثر ساکنان دیهات اور وه بهی جو رمه چرائی والونمین سی دولت مند هین
ایسی پوشش رکهتی هین جیساکه ایرانی لوگ یعنی بڑا عمامه خوش وضع اور کلاه اور قبا، رنگین سینه وا
دراز تا به ساق اور انکی اوپر چوغه حسب مقدور اعلی یا ادنی قسم کا اور شلوار فراخ قبا کی اوپر اور چوغه کے
نیچے کمر بند اور تلوار و پیش قبض باندهنی عموماً مروج هی غریب درّانی خصوصاً رمه چرانی والی سر پر ٹوپی

اصطلاح خانی ایک خاندان مین موروثی چلی آتی ہی مگر کبھی کبھی اوسمین تغیر و تبدل ممکن ہے ٭

## مقدمات دیوانی اور مال کے

خانان اور سفید پوشان دیہہ سی یا دوست فریقین کی قاضی کے معرفت بموجب احکام شرعی فیصلہ کراتی ہین حب سردار اپنی قوم سی غیر حاضر ہی تو اوسکا کام نایب کرتا ہی جسکو وہ خود مقرر کری اکثر کوی بھای یا بیٹا یا کوئی اور خویش سردار کا نیابت پر مقرر ہوتا ہی علی حاکم قوم دُرانی کا صوبہ قندہار ہوتا ہی اور وہ امیر کابل کی ماتحت جملہ احکام صادر کر سکتا ہی اس قوم کی جو آدمی ذرہ آسودہ حال ہین وہ بزرگر یا مزدور یا غلامونکی ہاتھہ سی اپنی زمین کاشت کراتی ہین اور خود نگران حال رہتی ہین مگر جس کام مین اونکا اپنا ہاتھہ مطلوب ہو تو خود کر لیتی ہین اور اکثر خود محنت کرتی ہین جو دُرانی تہیدست ہین اونمین سی بعضی بزگر اور قلیل مزدوری کا کام بھی کرتے ہین اکثراً مزدوری کا کام یا تاجک کرتے ہین اور یا ہمسایہ افغان ٭

## دستور کیژدی

کیژدی سی ایک چھوٹا خیمہ بد وضع چھولداری کا ہم شکل مراد ہی جو عموماً بکری یا شتر کی پشم سی بنائی جاتی ہین طول مین (۱۵) سی (۲۵) فٹ تک اور عرض دس سی ۱۲ فٹ تک ہوتا ہی اور ارتفاع غایت آٹھہ فٹ تک بعضی آسودہ لوگ اپنی دیرہ کی اندر بند لگا دیتی ہین اور عام لوگونکی دیرہ کی بیچ ہی ایک پردہ حایل ہوتا ہی جس سی مذکر اور مونثات کا حصہ تقسیم ہوتا ہے ویسی معمولی کیژدی کی قیمت للعہ تک ہوتی ہی دُرانیون مین سی جنکی سکونت مستقل نہین ہے وہ کیژدی مین گذارہ کرتی ہین گرما کی موسم مین پہاڑ کو جاتی ہین اور سرما مین میدان کو خیام گاہ بناتی ہین جو لوگ قندہار سی جنوب کو رہتی ہین وہ اکثر تو بہ پہاڑ مین تابستان کو کاٹتی ہین مگر جو قوم دریاء ہلمند سی وسطرف ہی وہ سب سی دور جاتی ہی یعنی ہمیشہ کوہ سیاہ بند اور ٹاغنس خواہ بای غز کو بہار کی موسم مین جاتی ہین اوس موسم کی بعد مشکل سی کوی آدمی میدانمین ملتی ہین اور تین چار ماہ تک پہاڑ مین خنک ہوا سی فرحت اوٹھاتی ہین سب رمہ دار صحرائی لوگ بجز اونکی جو دریاء ہلمند سی وپر کیطرف رہتی ہین کیژدی مین رہا کرتے ہین توتخ کیوقت انکا عسکر قابل دید ہوتا ہے جس گروہ مین ستو کیژدی ہو وہ بڑا کمپو سمجھا جاتا ہی بڑی کمپو کو خیل کہتی ہین اور اوسکی سردار کو سرخیل کہتی ہین اور چھوٹی کو کلی بولتی ہین جہان دیرہ جا ہوا تو ملک کی کیژدی بیچ مین نصب کرتے

کی شامل ہوگئی یہہ شاخ قریب نابودی کی ہے اور انکا خود مختار سردار یا خان کوئی نہین ہی کھاوگاگی دو جگہہ
مین ایک خاگوانی کلان دوسرا خاگوانی کوچک خاوگاگی نواح قندہار مین متفرق اور غزنین مین چند دہات
خاکوانی کی اور کئی قریہ ماکو کے متصل بہمدیگر بنام خاکوانی ماکوان آباد ہین بعض درانی ماکو کی نسل کو اپنی
برابر نہین سمجھتی اور کہتی ہین کہ ماکو پسر تبنی تہا +

## مجملاً حال کل قوم درانے کا

جو بیان سب سے قابل اعتبار ہے اس سی معلوم ہوتا ہی کہ یہہ قوم آزاد اور الگ رہی ۱۰۱۶ھ تک اسوقت -
اوزبک لوگ انپر سختی کرنے لگے بدین باعث درانیون نی شاہ ایران کو خراج دینا اس شرط سی قبول کیا کہ
قوم اوزبک سی بچانیکی واسطی مدد عطا ہو اور اسیطرح باج گذار ۱۰۳۱ھ تک ہی اسوقت قوم غلجائی نی بغاوت کرکے
حکومت قندہار سی سرکشی کری اور ابدالیون کی ساتہہ بہی لڑائی ہوی جیساکہ اوپر بیان ہوچکاھی یہہ قوم نواح
ہرات کی پہاڑون مین آباد ہوی اور ابدالی کی نام سی مشہور تھی اور اسوقت و نیز پہلی اس سی بہی قوم غلجائی
کی ساتہہ انکی اشد دشمنی تھی جب نادر شاہ نی پہر نواح قندہار مین اسقوم کو آباد کیا تو تب سی گرچہ ہر ایک فرقہ
قوم درانی کی زمین علیحدہ علیحدہ منقسم ہوگئی جیساکہ اوپر لکھا گیا ہے مگر حقیقت مین یہہ قوم آپسمین پیوستہ اور
ملی ہوئی ھی ایک قوم کی آدمی دوسری قوم کی زمین سی خرید لیتی ہین یا انکو بخشی جاتی ہی اور بعض علاقی جیساکہ
گرم سیر اور ملک جو قندہار کی قریات مین ھی جملہ اقوام درانی سی برابر حصہ پر آباد ھے +

## شمار قوم

کل تعداد درانی کی ملک کی رہنے والونکی آٹھہ لاکہہ مشہور ھی مگر شاید دس لاکہہ تک ہوگی اونمین سی درانی خاص فی روح
چار لاکہہ سی زیادہ ہونگی کہتی ہین کہ نادر شاہ ایرانی نےبہی تمام قوم کا شمار کیا تہا جب کہ اونمین زمینات
کی تقسیم اور حصص مقرر کرتا تہا اور اوسوقت ساٹھہ ہزار گہر شمار مین آئی تہی اگر حقیقت مین یہہ شمار کیا گیا
تو بہت کم معلوم ہوتا ھی غالب کہ اکثر لوگ خصوصاً رمہ چرانے والی چہوڑ دی گئی ہونگی کیونکہ اوسکو زمیندارونکی
تعداد مطلوب ہوگی جنمین زمینات کا تقسیم کرنا مقصود تہا +

## رواج و دستورات

ہر بڑی قوم درانی کی اوپر ایک سردار مقرر ھی جو خاندانی قبیلہ سی بمنظوری امیر کابل مقرر رہتا ہی اور اوس
سردار کی تجویز اور مخلوق کی رضامندی اور انتخاب سی ہر چھوٹی شاخ مین خان یا مشر مقرر رہتے ہین عموماً

صرف دریائی ہیرمند ھی اور علی زئی کا ملک بھی کچھ مطابق ملک علیکوزئی کے ہے مگر علیکوزئی کا ملک اکثر رودبار اور انکا ملک کاریزی ھی کل تعداد قوم کی قریب سولہ ہزار گھر کے ہی اسقوم کی چند قبیلی پنجاب مین بھی آگئی آباد ہوی اتین سی ملتا نوالونکا ذکر آخر مین دیکھو گی اور ایک خاندان اسی قوم کا محمد شریف خان مشہور رئیس برہان ضلع راولپنڈی والی کا بموضع اسلام گڈھ حسن ابدال سی تین میل مغرب آبادہی چند دیہات انکی اپنی ملکیت کی اوس علاقہ مین ہین اور کچھہ پنشن بھی سرکار سی ملتی ہے محمد شریف خان کے فرزندان مین سی شیر دل خان اور بردل خان لئیق آدمی ہین اور تیسرا بھائی انکا سرور خان اور سب سی چھوٹا حسین خان ہے گورنمنٹ انگریزی سی معتبر خاندانو نکو نظر التفات کی امید ھی یہہ اوس محمد شریف خان کی اولاد ھی کہ جسکا نام سکھونکی عملداری مین دلاوری اور خاندانی کی سبب سے مشہور تھا علاوہ اونکی قوم علی زئی کی اونیس موضع علاقہ چھچھ ضلع راولپنڈی مین بھی آباد ہین اور علاقہ چھچھ کے چار تھون مین سی ایک تپہ علی زئی ہے +

## قوم ادوزئے

واضح ہو کہ ادو اور علی بہم بھائی ہین یہہ قوم تخمیناً پانچہزار گھر ہونگی چند موضع انکی علاقہ معروف مین اور دو موضع علاقہ دیہہ راوت اور تین موضع علاقہ گرمسیر مین واقع ہین انکی رسم ورواج اور پیشہ مطابق اقوام ہمسوانہ کی ہین +

## قوم اسحاق زئی

قندہار سی مغرب دامن ریگ کنارہ رود ارغنداب قلعہ بست تک اور چند موضع پایان علاقہ جلگہ کنارہ شرقی دریائے ہیرمند اور کچھہ زمیندار زمین اکثر علاقہ گرمسیر اور فرہ اور سبزوار مین اور علاقہ لاش وجوین ہرات سی جنوب بشت اویستانسی شمالمین اور کچھہ ہرات مین رہتی ہین اسقوم مین سی دو بڑی بڑی معتبر خاندان ہین ایک خاندان سردار کمال خان رئیس معزز اور با اقتدار علاقہ لاش وجوین کا جو تابعدار سلطنت ایران کا ہے مگر مالگذار نہین دوسرا خاندان سردار مدد خان ساکن قلعہ خان نشین علاقہ گرمسیر کا اسخاندان مین موسی ڈو نگی مشہور شخص گذرا ہے مگر اب یہہ خاندان بارک زئیون کی صدمہ ریاست سی تنزل مین ھی پیشہ اس قوم کا اکثر رمہ داری اور گلہ بانی اور کچھہ زمینداری ہے کل تعداد اس قوم کی دس گیارہ ہزار گھر مشہور ہے اور بلخ مین بھی ایکہزار گھر سی زیادہ اس قوم کا سنا جاتا ہے +

## قوم ماکو اور خاوگانی خواہ خاگوانے

کی بہت قلیل آدمی ہین اور انکی کوی علیحدہ زمین نہین ہے بعض قندہار مین رہتی ہین اور کچھہ قوم نورزئی

مین وغیرہ مواضعات غربی اور شمال علاقہ خاک ریز و دیگر پہاڑی ملک شمالی اور مغرب شمالی علاقہ میوند خواہ میمند
جہان خواجہ حسن میمندی وزیر سلطان محمود غزنوی کا زاد و بوم تہا اور علاقہ تیکہ و ساروان قلعہ کنارہ شرقی دریائی
ہیرمند اور چند مواضع جنوب بلدہ قندہار اور نیز علاقہ کوہی موسوم تیغنی باغزان ملک زمین داورسی شمال غربی
اور علاقہ نوزاد و کنجاک زمین داورسی مغرب اور ہرات اور غزنین و کابل کے ملک مین بہی متفرق رہتی ہین
اس قوم مین بہی اکثر زراعت کاری اور قلیل مویشی و رمہ چرائی اور ملازمی اور تجارت کا پیشہ ہے اسقوم مین شاخ نسو
زی اور سرکانی علاقہ چہچہ ضلع راولپنڈی مین آباد ہی چنانچہ ایک تپہ باسم سرکانی نام زد ہی جسمین اٹہارہ مواضع
واقع ہین اور ایک بڑا قریہ شاخ سرکانی کا اسی نام پر درہ کوژ مین واقع ہی اور کئی گہر قوم علیکوزئی کی علاقہ دوابہ
وغیرہ ضلع پشاور اور کئی گہر بلوچستان اور ملک کہن مین آباد ہین مسمی عبدالغنی خان شاخ زیرازی مخاطب
میر افغان اسقوم مین بڑا مدبر اور مشہور شخص تہا اور وزیر یار محمد خان زین الدولہ والی ہرات شاخ نسوزئی ایک
بڑا عالی ہمت اور جوانمرد آدمی اسقوم مین گذرا ہی اور مسمات زرغونہ والدہ احمد شاہ ابدالی اسقوم سی تہی +

## قوم موسے زئی

کی صرف چند گہر ہین اور بصرت زئی شاخ بارک زئی مین شامل شمار ہوتے ہین +

## اقوام پنج پائے

## قوم نورزئے

بارک زئی سی تعداد مین برابر ہی مسکن اسقوم کی اکثر ملک گرم سیر اور علاقہ دیہہ راوت قندہار سی کوہستان
شمال ملحق ہزارجات اور یہہ علاقہ زرخیز اور سیراب ہے اور بہت علاقہ فراہ اور سبزوار مین ہرات تک اور
باقی ریگ مین قندہار سی جنوب اور ایک بڑا قریہ موسوم سپنیروان یا سفیدروان یا اسفراین قندہار سی
مغرب کنارہ شرقی رود ارغنداب واقع ہے باوجود کاشتکاری پیشہ اسقوم کا اکثر رمہ داری ہی موسم سرما مین
اپنی ملک یا اوسموقع پر جہان عمدہ چراگاہ اور گہاس ہو گذارہ کرتے ہین اور بہار کی موسم مین دو خانگی ہو کر
ایک گہر اپنی مال مویشی اور بال بچہ لیکر کوہ سیاہ بند کو جاتا ہی دوسرا گہر زمینداری پر ملک مین رہتا ہے
یہہ قوم مہمان نواز اور بڑی مغرور اور متعصب ہے خود نمائی و خود آرائی کو بہت پسند کرتے ہین +

## قوم علی زئے

زمین داور متعلق صوبہ قندہار مین آباد ہی انکا دستور موافق علیکوزئی کے ہے علی زئی اور علیکوزئی کی بیچ حد فاصل

شہر کی تہی اوس سی دسوان حصہ پیداوار مالگذاری سرکار مقرر فرمائی جو پہلی سال کی تعداد تشخیصہ کے موجب ہمیشہ وصول ہوتی تہی جب نادر شاہ دہلی کی طرف گیا تو احمد خان اوسکی لشکر مین اپنی فوج کا افسر تہا اور جب ہند سی واپس آیا تو اوسنی افغانون پر اسقدر اعتبار اور نوازش کی کہ فارسی لوگونکو علاوہ دیگر امورات وجہ ناراضگی کی اس امر کا بہی نہایت رشک آیا اور ماہ جون ۱۷۴۷ء مین نادر شاہ مارا گیا اوسکی دوسری روز لڑائی ہوئی افغان اور ازبک ایکطرف اور قزلباش وغیرہ ایرانی دوسریطرف مگر اس لڑای سی کچہہ فایدہ مترتب نہوا احمد خان بہمراہی تین ہزار سواران ابدالی قندہار کو چلا آیا وہان اوسکو خبر ملی کہ ناصر خان حاکم کابل اور پشاور اور تقی خان آختہ بیگی جو سرداران نادری سی تہا خزانہ لیکر نادر شاہ کی بہیجی جاتی تہی وہ خزانہ احمد خان کے ہاتہہ آیا اور چند سرکش ملکان ابدالی کو قتل کردیا اوسکی بعد اپنی قوم سی کوی مخالف نہوا الغرض قندہار مین احمد خان ولد زمان خان سدوزئی ماہ اکتوبر ۱۷۴۷ء مین تخت نشین ہو کر احمد شاہ دُر دُران سی مخاطب ہوا کہتی ہین کہ احمد شاہ کی تخت نشینی کے وقت ابدالی اور قزلباش اور ہزارہ اور بلوچ بہی حاضر تہی وقت تخت نشینی کی عمر اوسکی تیئس (۲۳) برس کی تہی اوسنی اپنی قوم کا نام ابدالی سی بدلا کر دُرانی رکہا اور تب سی بہ اسم دُرانی مشہور ہوے *

## وجہہ تسمیہ دُرانی

یہہ ہے کہ جب احمد شاہ ابدالی تخت نشین افغانستان ہوا تو صابر شاہ ایک مجذوب فقیر نے جسکا وہ بہت معتقد تہا احمد شاہ کو کہا کہ تم اپنا القاب دُر دُوران اختیار کرو یعنی گوہر یا موتی زمانہ کا مگر اوسنی اپنی قوم کے لحاظ سی دُر دُران اپنا لقب کیا یعنی موتی موتیونکا دُران بمعنی جمع موتیون سی مراد کل قوم دُرانی یعنی ابدلی سی ہے احمد شاہ سی شاہ شجاع الملک اوسکی نبیرہ تک خاندان سدوزئی کی سلطنت کا حال اس کتاب کی پہلی حصہ مین درج ہو چکا ہے اور جسطرح سی کہ سلطنت افغانستان کی خاندان سدوزئی سی منتقل ہو کر بارک زئی کے خاندان مین آئی پاینده خان باپ امیر دوست محمد خان کیوقت سی امیر شیر علیخان والی کابل موجودہ حال تک کا ذکر بہی پہلی حصہ مین لکہا گیا ہے یہان اعادہ کرنا اوسکا فضول ہے

## تقسیم و شمار قوم دُرانے

واضح ہو کہ ابتداء مین یہہ قوم دو بڑے حصونمین تقسیم ہو گئی تہی ایک زیرک دوسرا پنج پائی مگر اب وہ تقسیم کچہہ مفید نہین ہے بجز اسکے کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ چہوٹی قومین کسکی شاخین ہین اس ہوئی تقسیم کے دونون

ہری کبھی سرکشی نکری مگر ابدالی لوگ بشمولیت قوم غلزائی اور ایماق ملک مین شر و فساد کرتی رہی جب
غستان کے شہر کو گیارہ ماہ تک نادر نے محاصرہ رکہا ایک دن شہر محصور سی گولہ توپ سراپردہ نادری
بیچ آن پڑا اور نادرشاہ کہانا کہا رہا تہا جسمین گولہ کے صدمہ سی ہٹی پہٹی تب نادرشاہ جسکا مزاج نادری اتک
ضرب المثل ہے بہت غصہ ہوا اور سرداران قوم ابدالی کو حضور مین بلوا کر حکم دیا کہ اگرچہ بیس گہنٹہ تک یہہ شہر فتح نہوگا
تو تم سب قتل کئی جاوگی یہہ حکم پاکر غنی خان الکوزی نور محمد خان علیزی حاجی جمال خان محمد
زئی بارک زئی خانو اور مانو خان نورزئی نی بشمولیت چند دیگر سرداران ابدالی اپنی قوم
کی جمعیت سی دلاورانہ حملہ اوس شہر پر کیا بہت سخت محاربے کے بعد ابدالی کامیاب ہوئی اور میعاد کی اندر شہر کو فتح
کرکے بادشاہ کی حضور مین حاضر آئی نادرشاہ نی اس مردانہ خدمتگذاری سی بہت خوش ہوکر فرمایا کہ جو عرض کروگی منظور
کیجاوے گی الہیار خان سدوزئی وغیرہ سرداران ابدالی نی عرض کی کہ ہمکو اپنی قدیمی زمینات عطا ہون
اور جو افغان ایران کو بہیجی گئی وہ بہی واپس ہوکر اپنی قوم کے شامل کیی جاوین اور قوم غلزائی سی ہمکو ملک
دلایا جاوی بادشاہ نی یہہ درخواست منظور کرکے حکم دیا کہ جملہ زن و مرد افغان جو ایران کو گئی تہے واپس چلی آوین
چنانچہ سب جمع ہوئی مگر ایک عورت قوم علیزئی جو نادرشاہ کی فرزند کی پاس تہے وہ نہ آئی جب بادشاہ کو
ملکان ابدالی نی اس حال سی اطلاع دی تو اوسنی حکم دیا کہ اگر وہ عورت اپنی شوہر کے ساتہہ جانیکو راضی ہے تو مختار
ہے کہ شاہزادہ کی گہر سے چلی جاوی چنانچہ وہ وفادار عورت سب جاہ و حشم چہوڑ کر اپنی کلیم پوش شوہر کے
ساتہہ چلی گئی بعد اوسکے الہیار خان بمقام سبزوار مارا گیا اور نادرشاہ نی چہہ سال مین جب قندہار کو فتح
کیا و ذوالفقار خان اور احمد خان دونون بہائی نی شاہ حسین غلزائی کی قید سی رہائی پائی اور
حاجی اسمعیل خان کی معرفت نادرشاہ نی احمد خان اور اوسکی بہائی کو طلب کرکے بہت نوازش فرمائی
اور فوج متعینہ مازندران کی افسر بناکر بہیجی اور اوس قوم کی حسن خدمات کی سبب سی انکو ہرات کی مغربی طرف
سی بیجاکر اوس زمین پر آباد کیا جہان اب یہہ قوم درانی آباد ہی اور قوم غلزائی کی زمین اوسنی ابدالیون مین
تقسیم کی علاقہ ارغنداب غنی خان الکوزئی کی قوم کو اور زمینداور نور محمد علیزئی کو عطا ہوئے
بارکزئی کی حصہ مین ناقص زمین آئی نادرشاہ نی نواحات قندہار کو تین سو قلبہ پر تقسیم کیا ایک قلبہ سولہ طناب
زمین کا تہا اور ایک طناب شصت گز چورس یعنی برابر طول عرض والی زمین سے مراد تہی ہر ایک قلبہ کی تخم
چار خروار یا چالیس من تخم ریزی کی زمین تہی اور فی قلبہ دو سوار واسطی نوکری شاہی مقرر کئے اور جو زمین فی

فرصت پاکر محبس خانہ سی بہاگ گیا اور کوہ دوشاخ مین ہونچکر اپنی قوم کو جمع کرکے ہرات پر حملہ آور ہوا جعفرخان
حاکم جدید ہرات لڑائی مین پکڑا گیا اور برج موسوم فیلخانہ کے رستی عبد اللہ خان مع اپنی لشکر کے شہر ہرات
مین داخل ہوا اندر شہر کے بہی سخت لڑائی ہوئی فریقین کے بہت آدمی ماری گئی اور شہر ہرات لوٹا گیا بعد فتح
ہرات قلعہ فرہ بہی جو محمود ابن میرویس ہوتک غلزائی کی ریاست کی شامل تہا ابدالیون نے لیلیا اس سے
تہوڑاہی عرصہ بعد محمود شاہ غلزائی نی اصفہان کو فتح کیا اور ابدالیون پر بہی فتوحات حاصل کرنی مگر
چونکہ وہ ممالک مفتوحہ جدید کی نظم ونسق مین مصروف ہوا اس باعث کچہہ زیادہ تعرض ابدالیون سی نرکہا
چند مدت بعد اوسکی عبد اللہ خان سدوزئی مسند سی اوتارا گیا اور شاید اوسکو زہر دیکر محمد زمان خان
والد دولت خان نی جو باپ احمد شاہ ابدالی کا تہا ہلاک کردیا اور خود زمان خان رئیس قوم ابدالی
کا ہوا اور اوسنی ایرانکی فوج پر جو اپنی جمعیت کی بہ نسبت دوچند زیادہ تہی فتح حاصل کری اور جتنی حملے فوج ایران کے
نی ہرات پر کئی اوسنی اون سبکو روکا اور فتح حاصل کرتا رہا اتنا جلدی ابدالیونکا اختیار اور قوت زیادہ ہوگئے
کہ ۱۷۲۲ء مین مشہد کے لینی کا ارادہ کیا مگر افسوس کہ ایسی اوج کیوقت مین باہم بی اتفاقی ہوکر فساد ہوگیا-
الہیار اور سعد اللہ خان پسران عبد اللہ خان نی محمد زمان خان کو قتل کردیا اور خود قوم کے
مختار رہوئی زمان خان کا خوردسال بٹیا احمد خان جو پیچہی سی احمد شاہ ابدالی ہوگا دشمن کے ہاتہہ سی بچ رہا
اور اوسکی والدہ جو قوم الکوزئی سی تہی اپنی نور چشم احمد خان کو حاجی اسمعیل خان علیزئی حاکم
ہرات کی پاس لیگئی اور اوسکو اپنی دختر دینی کری اس وجہ سی حاجی اسمعیل نے اوسکو پناہ دی اور بخوف
الہیار خان احمد خان کو سبزوار اور فرہ کیطرف بہیجدیا اور پوشیدہ رکہا اسی عرصہ مین آخر ۱۷۲۸ء کو نادر شاہ ایرانی نی ابدالیون
پر یورش کری اور بعد چند خفیف لڑائیونکے نادر شاہ کی تابع ہوگئے مگر تہوڑے عرصہ بعد ذوالفقار خان بڑی بہائی احمد خان کی ہمرکارے
مین ابدالیون نی بغاوت کرکے مشہد کی ملک متعلقہ سلطنت ایران پر حملہ کیا اور ابراہیم نادر شاہ کی بہائی
کی فوج پر فتح حاصل کرکی مشہد کی شہر کو محاصرہ کر رکہا تہا کہ نادر شاہ خود اونکی لشکر پر حملہ آور ہوا اور انکو
اپنی ملک کیطرف واپس ہٹادیا ابہی اچہی طرح دم نہین لیچکے تہے کہ نادر شاہ نی ہرات پر لشکرکشی کری
اور بعد سخت مقابلہ کی دس ماہ کی عرصہ مین ہرات کو فتح کرکے قوم ابدالی سی چہہ ہزار گہر کو حکم دیا کہ ہمراہی
غنی خان الکوزئی اور نور محمد خان علیزئی ایران کی ملک مین متفرق جاکر آباد ہون اور بعضونکو
ملتان کیطرف جلا وطن کیا اور اکثر ابدالی قوم کی لوگ جبراً اپنی فوج مین بہرتی کئی بعد اوسکی ہرات کے

بات کہی گئی کہ اول تم اپنی ہفت دختر ہمکو بیاہ دو بعدش ہم دینگی ایرانیون نے جواب دیا کہ ہمارا گھر دور ہی پہلے ہم کس طرح سے
دی سکتی ہین افغانون نی اونکا فریب سمجھکر حیات سلطان سی کہا کہ اس معاملہ مین اب تم کچھ بند و بست کرو
مگر اوس سی کچھ نہو سکا اور جبر گھبرا سی اوٹھکر گھر چلا گیا **دولت خان** ابن **سرمست خان** رئیس نے یہہ صلاح
دی کہ ان ہفت داماد دونسی چار کس شیعہ کو **چاریار کبار** کا سر صدق کرکی ذبح کردو اور تین کو چھوڑ دو چنانچہ ایسا
ہوا جب حاکم قندہار نی یہہ ناخوش خبر سُنی تو اوسنی حیات سلطان سی کیفیت طلب کری جسنی جواب لکھا کہ یہہ کام
**دولت خان** نی کیا ہے اور جب دولت خان کو اوسنی قندہار مین طلب کیا تو انکار صاف پایا فوج ایرانی نے
نی حملہ کیا پہلی لڑائی مین ابدالیون نی ایرانیون پر فتح حاصل کری مگر دوسری فوج سی شکست فاحش کھائی
حیات سلطان ہندوستان کی طرف چلا آیا اور ملتان کی نواح مین قرار گزین ہوا بعد اوسکے ابدالیون مین خانگی
بی اتفاقی زیادہ ہونی لگی نوبت یہان تک پہونچی کہ سمبان **عزت** او **عطل** ملکان نے سرکشی کرکی **دولت خان**
کو معہ **نظر خان** فرزند اوسکی قتل کردیا اور **رستم خان** بڑا بیٹا دولت خان کا ایرانیون سی مل گیا اور جب
بلوچون نے بغاوت کری تو رستم خان اوس مہم پر تعینات ہوا اور بلوچون سی شکست کھا کر واپس آیا تب
**میرویس** ہوتک غلزائی اور **عزت و عطل** ابدالیون نے صوبہ قندہار سی **رستم خان** پر ناحق الزام فریب اور
عمداً شکست کھائی کا دیکر قید کرادیا چند روز کے بعد رستم خان عطل کے ہاتھہ سی مارا گیا جب **میرویس** ہوتک
غلزائی نی ایران اور عرب سی واپس آکر قندہار مین بغاوت کری اور **شاہ نواز خان** حاکم قندہار کو قتل
کردیا تو اوس بلوہ کیوقت **میرویس** نے قوم ابدالی کو اس شرط سی اپنی شامل رکھا کہ لوٹ وغیرہ سی جو جائداد
حاصل ہوگی اُسمین سی ابدالیونکو بھی حصہ دیا جاویگا مگر بعد کامیابی اس عہد کی ایفا نکری اور زمینات وغیرہ
جایداد غصبیدہ سی کچھہ حصہ ابدالیونکو ندیا اس سبب سی اُوس ابدالی قوم غلزائی کی ساتھہ لڑنی کیواسطی جمع
ہوا اور ایک بڑی سخت لڑائی **دشت بوری** کے میدانمین ان دونون قوم کی باہم واقع ہوئی
جسمین غلجیون نے فتح پائی اور ابدالیون نے شکست کھائی اور ہرآت کی پہاڑون مین جا آباد ہوئی سنہ ایکہزار
اونتیس ہجریمین **عبداللہ خان** ولد **حیات سلطان** ملتانی اگر اس قوم کا سردار ہوا اور ا
خروج اور فتح ہرآت جو اوسوقت شاہ ایرانکی سلطنت مین تہی مصمم کیا اس رازسی **عباس قلیخان** شاملو
جو **شاہ حسین** صفوی بادشاہ ایران کی جانب سی ہرآت کا حاکم تہا مطلع ہوکر عبداللہ خان کو معہ
بیٹے کے قید کرلیا ہرگاہ قزلباشیہ ہرآت نی بغاوت کرکے **عباس قلیخان** مذکور کو بیدخل کردیا

تم ہمارا غلام ہوکر ہماری تقریرمین کیون دخل دیتی ہو اور چونکہ خلیل ایک شکیل اور قدآور جوان تہا اور شاہ
حسین بدشکل اسلیے اس وجہہ سی خلیل نے گستاخی کرکی یہہ درشت جواب دیا کہ غلام اور اصل کی شناخت صورت
سی ہوتی ہے شاہ حسین کو دربار مین یہہ کلمہ نہایت ناگوار گذرا اور اوسنی پیش قبض نکالکر خلیل کو ایسی
ماری کہ وہ مرگیا اور حاکم قندہار نی اس واردات شدیدسی جو دربار مین ہوی تہی ناراض ہوکر شاہ حسین
کو قید کردیا اور واسطی صدور حکم مناسب اطلاع اس معاملہ کی دارالسلطنت ایران مین بہیجی وہانسی حکم آیا کہ شاہ
حسین کو رہا کردو کہ اوسنی اپنی گستاخ ملازم کو واجب سزادی ہی گرچہ شاہ حسین رہا ہوا مگر اوسکی سب
گوندی یعنی جنبہ ٹوٹ گیا تہا بعد رہائی وہ شیر خان سی ملکر ہندوستان کو چلا گیا اور اوسکی چہ تہی پشت
مین نواب مظفر خان شہید ملتان کا والی مشہور نواب تہا جسکی ریاست کو رنجیت سنگہ نی خراب کیا
الغرض بعد چلی جانے شاہ حسین کے شاہ ایران نے بنظر مصلحت ملکداری شیر خان کو دلاسہ اور نوازش دیکر
قوم ابدالی کا کل اختیار اوسکو عطا کیا بنسٹھہ (۶۵) برس کی عمر مین شیر خان ایکروز شکار مین گہوڑی سے
گر پڑا اور بباعث سخت ضرب لگنی کے بیہوش ہوگیا اور گہر مین اوٹہالانی کی بعد جب ہوش آئی تو اوسنی
بختیار خان اولاد صالح خان کو بولاکر کہا کہ اب مجہی زندگی کی امید نہین ہے سرمست کی خبرگیری رکہنی
اور اوسی صدمہ سی مرگیا سرمست خان بیٹا اوسکا بجانشین برسکی عمر تک زندہ رہا جب وہ بہی فوت ہوا تو اوسکا
بیٹا دولت خان خوردسال بہ سربراہی حیات سلطان اپنی جدی چچا کی قایم مقام اپنی باپ کا ہوا روایت
ہی کہ ایکدفعہ حاکم قندہار نے سب کتخدا ایان اور سرخیلونکی دعوت کی اوس جلسہ ضیافت مین دو فرقہ کی امیر تہے
ایک ایرانی سردار اور دوسری قوم ابدالی کی افغان خان اُس دعوت مین ئی بہی بلائی گئی اور چونکہ حیات
سلطان اور دیگر ملکان ہمراہی اوسکی صوفی تہی اسواسطی نشہ مین زیادہ سرشار ہوی اور اوس مستی کی حالت
مین ہرایک فرقہ اپنی مونثات کی خوبصورتی اور سیرتی کی صفت کرنی لگی یعنی ایرانی اپنی قوم کے اور
افغان اپنی کی اوس گرم جوشی مین ہفت ہفت دختران ناکتخدا ایک دوسرے فرقہ مین شادی کرنی کا اقرار
ہوگیا جب صبح حیات سلطان ہوش مین آیا تو اس حرکت سی پشیمان ہوکر افسوس کیا اور عہد شکنی
کیواسطی کچہہ بہانہ جاہا ملکان ہمراہی مین سی ایک مبارک نام ملک نے صلاح دی کہ تم ایرانیون سی کہدو
کہ ہماری رسم ہے داماد کو ہمراہ لیجانی کی جب یہہ بات کہی گئی تو سات کس داماد ایرانی سردار افغانون کے
ہمراہ شہر صفا مین گئی جملہ ابدالی قوم کی ملک بطور جرگہہ واسطی مشورہ اس معاملہ کی جمع ہوے اوس جرگہہ کی تجویز سے انہونکو

دونون قومون نی منظور کیا اس سی چند عرصہ بعد **سلطان خدائی** نی اپنی قوم لیکر علاقہ **ژوب** پر
فوج کشی کی اور اوسملک کے سکنای کو لوٹ اور مار سی تباہ کر دیا جب واپس آتا تہا تو اوسکی خیمہ گاہ کے
پاس کہنڈ یعنی مغاک مین تین طفل خورد سال اور ایک مرد لشکر کی خوف سی پوشیدہ بیٹھی تہی جب وے سرحال
بیکس پکڑی گئی تو اسنی اونکو بیگناہ قتل کرادیا رات کو خواب مین کیا دیکھتا ہے کہ وہ چارون مقتول اسکی
مارنی کی ارادہ پر چلی آتی ہین یہہ بہت ڈرا اتنی مین وہی سبز پوش بزرگ صورت خواب مین اسکو کہتا ہی
کہ تسنی بہت بڑا ظلم کیا کہ ان معصومونکو مارا اب تم اگر سرداری چہوڑ کر **شیرخان** اپنی بہائی کو دیدو تو بچ
رہوگی ورنہ نہین بعد بیداری اوسنی اسیطرح عمل کیا اور خود اپنی بہائی **شیرخان** کا نائب ہوا جب شیرخان
نی عنان اختیار اپنی ہاتہہ مین لی تو باعث پناہ دہی چند مجرمان سنگین حاکم قندہار سی جو بادشاہ ایران کیطرف
سی مقرر تہا اوسکا فساد ہوگیا پہلی لڑائی مین بمقام **شہر صفا** شیرخان نی فتح حاصل کی اور پہر آمد ورفت
نواح قندہار کا بند ہوگیا شاہ ایران کی حکم سے حاکم قندہار نی بنظر انتظام فساد **شاہ حسین ابن مغدود**
تربور **شیرخان** کو مرزا کا خطاب عطا کرکے دوسرا شریک **شیرخان** کا مقرر کیا **مرزا شاہ حسین** دیہہ شیخ
مین اور **شیرخان** شہر صفا مین جو قندہار سی نو فرسنگ تہا رہنی لگی اور اب ابدالیون مین دو گوندی یعنی جنبہ
داری ہوگئی **شیرخان** کہتا تہا کہ شاہ ایران سے ہمارا کچہہ تعلق نہین ہے اور **مرزا شاہ حسین** شاہ ایران
کا ہوا خواہ تہا مسمی **خلیل علیزئی** شاہ حسین کا مختار حاکم قندہار کی پاس آیا جایا کرتا تہا کئی برس اسیطرح
گذر گئی ایکدفعہ خلیل کی معرفت صوبہ قندہار نی **شاہ حسین** کیطرف یہہ پیغام بہیجا کہ **بادشاہ** نی آپکو مرزا کا خطاب
عطا کرکے مثل فرزندان مخاطب کیا چالیس ہزار قوم کی لوگ تمہاری تابع ہین اور اسقدر ہماری فوج موجود ہی بادشاہ
کا حکم ہے کہ **شیرخان** کو سزا دو اگر اب زیادہ اغماض کیا جاوی تو بادشاہ کی جانب سی ہمکو نقصان اوٹہانا ہوگا
یہہ خبر مشرقی افغانستان کی صوبہ نی سنکر بادشاہ دہلی کو اطلاع دی اور شاہ ہند نی **شیرخان** کی طرفداری
ضرور سمجہکر اوسکو شاہزادگی کا خطاب دیا یہہ بات واقع ہوئی ہے **شاہ حسین** کا اختیار کم ہوگیا کسواسطے
کہ لوگ دہلی کے **بادشاہ** سی راضی اور خوش تہے بہ نسبت بادشاہ ایران کی جو شیعہ مذہب تہا اوسی عرصہ مین
**مرزا شاہ حسین** واسطی ملاقات اور مشورہ کے صوبہ قندہار کی پاس گیا اور **خلیل علیزئی** اوسکا معتمد ملازم
بہی ہمراہ تہا جب دربار مین حاکم قندہار سی گفتگو شروع ہوئی تو **شاہ حسین** کی تقریر مین خلیل اوسکا مختار
دخل دیتا تہا اور اپنی ہوشیاری اور چالاکی جتاتا تہا **شاہ حسین** نی غصہ ہوکر اوسکو ترش زبانی سی کہا

کو ملک صالح اور جملہ قوم نی منظور او پسند کیا عمر اور صالح نی اپنی ہاتہہ سی سدو کو کمر بند ہوائی چنانچہ یہہ سنت
اب تک درانیون مین مروج ہی کہ باپ جس پسر کو اپنا جا نشین مقرر کری اوسکی کمر اور تلوار اپنی ہاتہہ سی بندہواتا ہی
الغرض بعد مبارکباد دستار مختاری کی ملک صالح نی جو نہایت سعادتمند تہا اپنی چہوٹی بہائی سدو
کو کہا کہ میری پانچ پسر مین در خان و ابراہیم خان بازید خان ماما الو انپر ہمیشہ نظر مہربانی کی
رکہنی اور ہر طرح کی تکالیف اور خدمات سی یہہ معاف رہین سدو نی بخوشی یہہ بات قبول کی اور ملک
صالح اپنی پیر سید کے فہمایش سی تارک دنیا ہوگیا تہا بعد وفات اپنی باپ کے سدو قوم ابدالی کا سردار
ہوا اور اوسکی عہد مین بارکزیون نی پہر فساد کیا مگر فوج کشی کے ذریعہ سی اونکو دبایا گیا اور عبرت ہوئی
سدو بہت منصف اور دلاور آدمی تہا جب بدالیون سے فرصت پا چکا تو اوسنی قوم غلزائی اور
قوم ہزارہ پر بہی کچہہ فتوحات حاصل کرین جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی سدو کی پانچ بیٹی تہے جب وہ
ضعیف العمر ہوا تو اوسنی لوگونکو جمع کرکے کہا کہ میرے پسران خواجہ خضر خان اور معدود کی منجملہ سی ایک
کسیکو ریاست کیواسطی پسند کرلو چونکہ بڑا معدود خان تہا اسواسطی لوگون نے اوسکو پسند کیا مگر سدو کو یہہ بات
ناپسند تہی اوسنی کہا کہ خواجہ خضر لایق ہے اور مین نے خواب مین دیکہا ہی کہ آدہی رات کو ایک سفید ریش
سبز پوش نورانی چہرہ میری گہر آیا اور اسنی کہا کہ تمکو مبارک ہو تمہارا بیٹا پیدا ہوگا کہ جسکا نام خواجہ خضر
رکہو اور وہ میرا ہمنام اور نیکنام ہوگا اس سبب سی مین خواجہ خضر کو مقرر کرنا چاہتا ہون مگر لوگون نے
اس قصہ پر کچہہ لحاظ نہ کرکے معدود کو اپنا سرگروہ بنانا چاہا اور خواجہ خضر اوسکا نائب مقرر ہوا ور سب
اختیار خواجہ خضر کے ہاتہہ مین تہا جب سدو مرگیا تو سب قوم نی لائق سمجہکر خواجہ خضر کو دستار مختار بنایا
اور معدود مایوس ہوا بعد وفات خواجہ خضر خان کے اوسکا بڑا بیٹا خداداد سلطان رئیس ہوا اصلی نام
خداداد تہا اور شاید سلطان کا خطاب اورنگزیب عالمگیر بادشاہ دہلی نی عطا کیا اور افغان
اوسکو سلطان خدا کئی کہتے تہے اوسنی قوم ابدالی اور غلزائی کا بنہ یعنی سرحد مل سنگی مقرر کیا
اوسوقت قوم غلزائی کا سردار مسمی ملکی تہا اصل تنازعہ ان ہر دو قوم مین بابت زمین موسوم
گوہرائی اور اموکائی کے تہا ہر دو فریق نے موقعہ پر جا کر ایک آجڑی یعنی شبان کو منصف مقرر کیا
اوس آجڑی نی اپنے دلمین یہہ بات سوچی کہ سلطان خدا کئی اور گوہرائی دونون نام ملتی ملتی ہین اور
ملکائی سی اموکائی کا نام مطابق ہی اس عجیب لحاظ سی اوسنی ہر دو قطعہ متنازعہ کا فیصلہ کر دیا اور

بھی یوتل یہان ہوپنچا اور اُسنی ادب اور تعظیم سی باپ کو اپنی پشت پر اوٹھا کر منزل گاہ تک لیگیا اور وہان
پہونچکر زیرک نے سب برادری کو جمع کیا اور اونسی یہہ حال بیان کرکے تین پسران اول الذکر سی سخت ناراضگی
ظاہر کری اور یوتل کو دستار مختاری بند ہوا کر ایک سو بیس برس کی عمر مین انتقال کیا اور یوتل اپنی باپ
کیطرح قوم کا مختار ہوا جب یوتل بہی فوت ہوگیا تو حسب وصیت باپ کی مسمی حبیب بڑا بیٹا یوتل کا دستار
مختار بنا ایوب وسکا بہائی اوسکی شامل رہتا تہا بعد وفات حبیب کی اوسکی چار پسران سی مسمی بامی
جو اوس وقت پندرہ برس کی عمر کا تہا جانشین اپنی باپ کا ہوا اور باگو یا بادو جو بامی کا چچا تہا
اوسکی دختر سی بامی نی شادی کری اور خسر اُسکا بطور سربراہ کار کام کرتا تہا بامی کی تین پسر تہے اُنکی
بیان کیا کہ میری پسران سی کوئی لایق دستار مختاری کی نہین ہے مگر کانی کا بیٹا جو میرا نبیرہ ہی وہ اپنی
قوم کا سردار ہوگا چنانچہ بعد وفات بامی اور کانی کی بہلول بڑا بیٹا کانی کا سرگروہ ہوا اسکی دو
پسر تہی معروف اور علیخان اپنی باپ کی وفات کی بعد معروف جانشین ہوا مگر بڑا سخت مزاج
تہا دس برس مختاری کرکے مرگیا اور اوسکی جملہ جایداد بہائی وغیرہ نی لیلی بیچہی مرنی معروف کی اُسکا
بیٹا پیدا ہوا جسکا نام والدہ نی عمر رکہا باعث نہونی جایداد کی ماں بیٹا بڑی افلاس کی حالت مین گذارہ
کرتی تہے جب عمر چودہ برس کا تہا تو ابدالیونکی باہم تکرار تقسیم زمینات وغیرہ تنازعہ اور بی اتفاقی ہوئی
آخرکار اونہون نی عمر کو سردار مقرر کیا اور اونسی تمام قوم مین حصص مقرر کرکے زمینات تقسیم کردی
کہ ایک موٹی حصی قوم مین اونہین حصص کی تعداد پر مقرر ہوتی مین عمر کی وقت بارک زیون نی بلوہ کیا
اور عمر کی سرداری سی انکار کرکے اُسکی چند ملازمون کو قتل کردیا اور باقیماندونکو نکالدیا اور بیان کیا کہ
دستار ہماری تہی یوتل نی جبراً لیلی یہہ خبر سنکر عمر نی بارک زیون پر لشکرکشی کری اور خفیف سی لڑائی
کی بعد فتح حاصل کرکے بارک زئی اور نورزئی قوم سی جو دونون شامل تہی یرغمال لیئے تاکہ آیندہ سرکشی
نکرین عمر کی دو پسر تہی بڑیکا نام ملک صالح اور چہوٹی کا نام بموجب فرمانی شیخ اکوزا مدکی اسد
رکہا مگر عوام مین سدو کی نام سی مشہور ہوا ایک روایت ہی کہ سدو ماہ ذوالحجہ سنہ ۹۶۵ ہجری مین معہ
سلطنت شاہ طہماسپ صفوی بادشاہ ایران پیدا ہوا جب ہند مین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ
فرمان روا تہا الغرض اٹہانوین برس تک عمر زندہ رہا جب وہ ۹۰ - برس کا تہا اور صالح اوسکا
بیٹا شصت برس کا اور سدو پچیس کا تب اُسنی سب قوم کو جمع کرکے سدو کو دستار مختار بنایا اور

کو ملک صالح اور جملہ قوم نی منظور او پسند کیا عمر اور صالح نی اپنی ہاتہہ سی سدو کو کمر بند ہوائی چنانچہ یہہ سنت
ابتک دورانیون مین مروج ہی کہ باپ جس پسر کو اپنا جانشین مقرر کری اوسکی کمر اور تلوار اپنی ہاتہہ سی بند ہوتا ہے
الغرض بعد مبارکباد دستار مختاری کی ملک صالح نی جو بہایت سعادتمند تہا اپنی چہوٹی بہائی سدو
کو کہا کہ میری پانچ پسر ہین در خان وابراہیم خان بایزید خان ماما الو انپر ہمیشہ نظر مہربانی کی
رکہنی اور ہر طرح کی تکالیف اور خدمات سی یہہ معاف رہین سدو نی بخوشی یہہ بات قبول کی اور ملک
صالح اپنی پیر سید کے فہمایش سی تارک دنیا ہو گیا تہا بعد وفات اپنی باپ کے سدو قوم ابدالی کا سردار
ہوا اور اوسکی عہد مین بارکزیون نی بہر فساد کیا مگر فوج کشی کے ذریعہ سی اونکو دبا یا گیا اور عبرت ہوئی
سدو بہت منصف اور دلاور آدمی تہا جب بدالیون سے فرصت پا چکا تو اوسنی قوم غلزائی اور
قوم ہزارہ پر بہی کچہہ فتوحات حاصل کرین جیسا کہ شجرہ نسب مین درج ہی سدو کی پانچ بیٹے تہے جب وہ
ضعیف العمر ہوا تو اوسنی لوگونکو جمع کرکے کہا کہ میرے پسران خواجہ خضر خان اور معدود کی منجملہ سی ایک
کسیکو ریاست کیواسطی پسند کرلو چونکہ بڑا معدود خان تہا اسواسطی لوگون نے اوسکو پسند کیا مگر سدو کو یہہ بات
ناپسند تہی اوسنی کہا کہ خواجہ خضر لایق ہے اور مین نے خواب مین دیکہا ہی کہ آدہی رات کو ایک سفید ریش
سبز پوش نورانی چہرہ میری گہر آیا اور اُسنی کہا کہ تمکو مبارک ہو تمہارا بیٹا پیدا ہوگا کہ جسکا نام خواجہ خضر
رکہو اور وہ میرا ہمنام اور نیکنام ہوگا اس سبب سی مین خواجہ خضر کو مقرر کرنا چاہتا ہون مگر لوگون نے
اس قصہ پر کچہہ لحاظ نہ کرکے معدود کو اپنا سرگروہ بنانا چاہا اور خواجہ خضر اوسکا نائب مقرر ہوا اور سب
اختیار خواجہ خضر کے ہاتہہ مین تہا جب سدو مر گیا تو سب قوم نی لئیق سمجہکر خواجہ خضر کو دستار مختار بنایا
اور معدود مایوس ہوا بعد وفات خواجہ خضر خان کے اوسکا بڑا بیٹا خداداد سلطان رئیس ہوا اصلی نام
خداداد تہا اور شاید سلطان کا خطاب اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ دہلی نی عطا کیا اور افغان
اوسکو سلطان خدائی کہتے تہے اوسنی قوم ابدالی اور غلزائی کا بنہ یعنی سرحد مل سنگی مقرر کیا
اوسوقت قوم غلزائی کا سردار مسمی ملکی تہا اصل تنازعہ ان ہر دو قوم مین بابت زمین موسوم
گوہرائی اور اموکائی کے تہا ہر دو فریق نے موقعہ پر جاکر ایک آجڑی یعنی شبان کو منصف مقرر کیا
اوس آجڑی نی اپنے دلمین یہہ بات سوچی کہ سلطان خدائی اور گواہرائی دونون نام ملتی ہین اور
ملکائی سی اموکائی کا نام مطابق ہی اس عجیب لحاظ سی اوسنی ہر دو قطعہ متنازعہ کا فیصلہ کر دیا اور

بہی یوسپل ہہان پہونچا اور اسنی ادب اور تعظیم سی باپ کو اپنی پشت پر اوٹہاکر منزلگاہ تک لیگیا او وہان
پہونچکر زیرک نے سب برادری کو جمع کیا اور اوسنی یہہ حال بیان کرکے تین پسران اول الذکر سی سخت ناراضگی
ظاہر کری اور یوسپل کو دستار مختاری بندہوا کر ایک سو بیس برس کی عمر مین انتقال کیا اور یوسپل اپنی باپ
کیطرح قوم کا مختار ہوا جب یوسپل بہی فوت ہوگیا تو حسب وصیت باپ کی مسمی حبیب بڑا بیٹا یوسپل کا دستار
مختار بنا ایوب وسکا بہائی اوسکی شامل رہتا تہا بعد وفات حبیب کی اوسکی چار پسران سی مسمی بامی
جو اوس وقت پندرہ برس کی عمر کا تہا جانشین اپنی باپ کا ہوا اور باگویا باد وجو بامی کا چچا تہا
اوسکی دختر سی بامی نی شادی کری اور خسر اوسکا بطور سربراہ کار کام کرتا تہا بامی کی تین پسر تہے اونی
بیان کیا کہ میری پسران سی کوئی لایق دستار مختاری کی نہین ہے مگر کانی کا بیٹا جو میرا نبیرہ ہی وہ اپنی
قوم کا سردار ہوگا چنانچہ بعد وفات بامی اور کانی کی بہلول بڑا بیٹا کانی کا سرگروہ ہوا اسکی دو
پسر تہی معروف اور علیخان اپنی باپ کی وفات کی بعد معروف جانشین ہوا مگر بڑا سخت مزاج
تہا دس برس مختاری کرکے مرگیا اور اوسکی جملہ جایداد بہائی وغیرہ نی لیلی بیچہی مرنی معروف کی اوسکا
بیٹا پیدا ہوا جسکا نام والدہ نی عمر رکہا بباعث نہونی جایداد کی مان بیٹا بڑی افلاس کی حالت مین گذارہ
کرتی تہے جب عمر چودہ برس کا تہا تو ابدالیونکی باہم تکرار تقسیم زمینات وغیرہ تنازعہ اور بی اتفاقی ہوئی
آخر کار اونہون نی عمر کو سردار مقرر کیا اور اوسنی تمام قوم مین حصص مقرر کرکے زمینات تقسیم کردی
کہ اتبک ہوٹی حصی قوم مین ونہین حصص کی تعداد پر مقرر ہوتی ہین عمر کی وقت بارکزیون نی بلوہ کیا
اور عمر کی سرداری سی انکار کرکے اسکی چند ملازمون کو قتل کردیا اور باقیماندونکو نکالدیا اور بیان کیا کہ
دستار ہماری تہی یوسپل نی جبراً لیلی یہہ خبر سنکر عمر نی بارکزیون پر لشکرکشی کری اور خفیف سی لڑائی
کی بعد فتح حاصل کرکے بارکزئی اور نورزئی قوم سی جو دونون شامل تہی یرغمال لئے تاکہ آیندہ سرکشی
نکرین عمر کی دو پسر تہی بڑیکا نام ملک صالح اور چہوٹی کا نام بموجب فرمانی شیخ اکوزامدکی اسد اللہ
رکہا مگر عوام مین سدو کی نام سی مشہور ہوا ایک روایت ہی کہ سدو ماہ ذوالحجہ ۹۶۵ھ ہجری مین عہد
سلطنت شاہ طہماسپ صفوی بادشاہ ایران پیدا ہوا جب ہندمین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ
فرمان روا تہا الغرض اٹہانوین برس تک عمر زندہ رہا جب وہ ۹۰ - برس کا تہا اور صالح اوسکا بڑا
بیٹا شصت برس کا اور سدو پچیس کا تب اونی سب قوم کو جمع کرکے سدو کو دستار مختار بنایا اور اسطرح پر

## ذکر قوم ابدالی یا دُرّانے

شجرہ نسب دیکھنی سی معلوم ہوگا کہ ترین کی پسر شیرخون کا نبیرہ ابدال تہا جسکی نسل سی یہہ قوم ہی کہتی ہین کہ ابتدا مین ابدال کچہہ اور نام رکہتا تہا جب بخدمت خواجہ ابو احمد ابدال چشتی پہونچکر خدمتگذاری مین مشغول ہوا تو اونہون نی براہِ مہربانی اوسکو بخطاب بدال مخاطب فرمایا اوسدن سی وہ باسم ابدال مشہور ہوا اور اوسکی اولاد معروف بہ ابدالی ہوئی اور افغان اپنی روزمرہ مین ابدال کو اودل کہتی ہین

## حال ریاست اس خاندان کا

ابتدا مین اس قوم کی مورث صرف اپنی گہر کے دستار مختار تہی جیساکہ تدریجاً قوم کی تعداد اور فتوحات مین ترقی ہوتی گئی ویسا ہی سرداران قوم کا اختیار بہی بڑہتا گیا روایت ہی کہ جب ترین باپ ابدال کا عمر طبعی کی قریب پہونچا تو اونہی اپنا جانشین تین پسران مندرجہ شجرہ نسب سی مقرر کرنا چاہا باوجود ناراضگی تورن اور سپین کی ابدال دستار مختار رہا اور ایک سیدنی جو انکا پیر تہا اسکو مستحق اس رتبہ کی ظاہر کیا ایکسو پانچ برس کی عمر پاکر ابدال فوت ہوگیا تب اوسکا بڑا بیٹا رجڑ اپنی خاندانکا سرگروہ ہوا اوسکی بیٹون مین سی عیسی پسر کلان کو باپ نی اپنا جانشین مقرر کیا اور اودو اوسکا چہوٹا فرزند اپنی ہی کی فہمایش سی فقیر ہوگیا عیسی کی فرزندون مین سی مسمی سلیمان اپنی قوم مین بڑا عقلمند آدمی تہا اس سبب سی زیرک مشہور ہوا فی الحال بہی افغان لوگ دانا آدمی کو زیرک کہتی ہین عیسی لنے بباعث لیاقت باوجود موجود ہونی بڑی پسر میرک کی زیرک کو اپنا جانشین مقرر کیا زیرک کی ہر چہار پسران مین سب سی بڑا بارک تہا اور اسی کے واسطی باپ نی دستار مختاری تجویز کی تہی الا بباعث ناراضگی زیرک یہہ ارادہ پورہ نہوسکا اور سبب ناراضگی جیساکہ میجر لیچ صاحب اپنی تحریر حال ابدالی مین لکھتی ہین یہہ ہوا کہ ایک دفعہ بموجب دستور خود جای سکونت کی تبدیل کرنا چاہتی تہی اور ہر کوئی اپنا اپنا اسباب خود اوٹہاکر لیجاتی تہی زیرک جسکی عمر ایکسو برس سی زیادہ ہوگئی تہی بباعث ضعف بدنی چل نہین سکتا تہا جب بارک آیا تو اوسنی باپ کو دیکہکر غصہ سے کہاکہ تم اب بہی نہین مرتی کہ تمسی جان چہوٹے اور اوسکا کچہہ فکر نہ کرکی چلا گیا اوسکی بعد الکو آیا اور وہ بہی بے مہری سی پیش آکر چلا گیا اور جب موسی تیسرا بیٹا پہونچا تو اوسنی باپ کو کہاکہ گہوڑی پر چڑہ بیٹہو زیرک نی جواب دیاکہ میرے اعضا مین قوت گہوڑی پر بیٹہنی کی نہین ہے تب اوسنی بہی چین بجبین ہوکر باپ کو لات ماری اور کہاکہ تم یہان ہی پڑی رہو تاکہ کوئی درندہ جانور کہا جاوی اور ہمارا پیچہا چہوٹی سب سے

خواجہ خضر خان خیل
معدود خان خیل
کامران خیل
زعفران خیل
بہادر خیل
اسمٰعیل خان
خداداد سلطان
شیر خان
شاہ حسین
عیسےٰ خیل
موسےٰ خیل
کمال خان
صحبت خان
علی خان
حیات سلطان
سرمست خان
عابد خان
جعفر سلطان
یعقوب
جعفر خان
غازی خان
عظمت خان
حلیم خان
عبداللہ خان
دولت خان
زاہد خان
یوسف خان
یارا خان
مومن خان
عبدالرحمن خان
الہیار خان
خان محمد خان
سعد اللہ
شجاع خان
ہارون
نواب محبت خان
خداداد خان
صالح محمد
نواب حافظ احمد خان
اکبر شاہ
رحیم خان
نواب مظفر خان
فتح اللہ
عبدالصمد خان
نواب شیر محمد خان
عبدالرحیم خان
عبدالکریم خان
رستم خان
نظر خان
حیات اللہ خان
رحمت اللہ
نواب سرفراز خان
محمد نواز خان
رب نواز خان
دوست محمد خان
محمد زمان خان
محمد عثمان خان نواب زیر
ذوالفقار خان
احمد شاہ ابدالی
نواب سرفراز خان
ذوالفقار خان
محمد تاز خان
شہباز خان
احمد علی خان
تیمور شاہ
سلیمان
سکندر
پرویز
حق نواز خان
شاہ نواز خان
آزاد خان
میر باز خان
ہمایون
محمود شاہ
شاہ زمان
عباس
شاہ پور
حاجی فخر الدین
نواب عبدالمجید خان
شاہزادہ کامران
قیصر
شاہ شجاع الملک
شہزادہ فتح جنگ
شاہ پور
شہزادہ نادر
صفدر جنگ
وغیرہ

موسیٰ زے
شمال مغرب زئی شاخ بارکزئی سے
علیکوزے
بارک زے
پوپل زے
مسکو
شکر
ابل یا ابو
سرکانی
زکورے
میلازے
حبیب زے
خواہ باکو
ایوب زے
یعقوب زے
دولت زے
پرروٹ
رنگی
بامی زے
سمیل زے
حسن زے
بوسعید
قلندر زے
بوستان زے
منسورزے
بانی زے
کوٹے زے
نصرت
بابا
کانے
ننگرے زے وغیرہ
بارورزے
غانورزے
بہلول زے
زنبک زے
بانوزے
بیان زے
فیروز زے
جیلانی زئی
معروف
ملی خان
بانی زے
نورالدین زے
حبت زے
رکن الدین
نصرت زے
عمر
صالح
سدوزے
خواجہ علی
اچک زے
اتمان زے
سنجر زے
عمرزے
موسیٰ زے
گرجی زے
خوبزے
بیان زے
باکل زے
علیبی زے
خبک زے
تارو زے
ابراہیم زے
خان خیل
سیفل
ملک دین زے
خضر زے
انگی زے
لوطہ
ولی زے
خواجک زے
اکاخیل
سیدخیل
جمال زے
بور زے
خواجی زے
ابازے
محمد زے
دارو
نگدی زے
ابن زے
یارو
حاجی یوسف
نیک
شیخی زے
بائی زے
حاجی جمال خان
آئندہ آویگا
خضرخان
اسماعیل

شجرہ نسب سٹر بن ابن قیس عبد الرشید
شرخبون
خرشبون
خرشبون آگے آویگا
ترین
شیرانی
میانہ
بریچ
اورمڑ
باقیماندہ چار کس کا ذکر آگے آویگا
ابدال
سپین
تور
تور اور سپین اپنی موقع پر درج ہونگے
زوجہ اول
زوجہ دوم مسمات خوابگانی
سلیمان
عیسے
ماکو
علے زئی
اوورزئی
خاکوانئے
میر
سلیمان عرف زیرک
آئندہ آویگا
نورزئے
بیدل زئی
فیروزی
صاحب زائے
حسن زئے
الکوزئے
اسحق زئے
چلاک زئے
درزئے
سکندزئے
سوگنی
خیسرزئے
شیخ زئے
مشوزئے
خویدادزئے
کانوزئے
بہادرزئے وغیرہ
ایدی زئے
مندین زئے
ہوازئے
فیروزئے
وغیرہ
واضح ہو کہ مندین زئی اور ہوازئی دونوں بالکی نام سے مشہور ہیں
واضح ہو کہ سوا اولاد سلیمان معروف زیرک کے باقیماندہ ابدالیوں کو پنج پائی کہا جاتا ہے

## یادداشت جہت تمیز شجرہ شناسی

ناظرین کو اس کتاب کی شجرہ خوانی کی وقت یاد رہی کہ افغانون مین لفظ خیل یا لفظ زائی سی مراد ایک گروہ یا شاخ سی ہی در اصل بزبان پشتو لفظ زائی سی معنی بیٹا یا اولاد نکلتا ہے پس خیل یا زائی کی لفظ کی پیچہی ایک نام شامل کرنیسی یہہ مقصود ہوتا ہی کہ یہہ قوم اُس نام والی کی اولاد یعنی خیل یا زائی ہے مثلاً بارک نام ہے اور جب اُس نام کی شامل کیے لفظ زائی لکہا گیا تو بارک زائی سی مراد سب قوم جو اولاد بارک سی ہی سمجہی گئی علی ہذا القیاس یعقوب بہی ایک نام ہے اور جب اُس نام کے ساتہہ لفظ خیل کا جوڑا جاویگا تو یعقوب خیل سے مراد جملہ قوم اولاد یعقوب سی ہوگی پس ان شجرہ مین نام کی ساتہہ وہ لفظ بہی جوڑا گیا ہی کہ جس سی اُس قوم کا نام مشہور ہی کیونکہ علت غائی اسکی قوم بتلانا ہے +

## پہلا فصل بذکر اولاد شَربَن

روایت ہی کہ شَربَن بڑا بیٹا عبد الرشید کا مفلس اور بی اولاد تہا اُسنی اپنی چہوٹی بہائی شیخ بیٹن کا بیٹا مسمی اسمعیل بطور پسر متبنی لیا اور بیٹن ہے جو زاہد اور خدا پرست آدمی تہا دعا جنکی امداد ملی اوسکی بعد خداوند کریم نی دو فرزند نرینہ شَربَن کو عطا کئی ایک شرف الدین جو مشہور بہ شرخبون تہا دوسرا خیر الدین معروف بہ خرشبون شجرہ نسب انکی اولاد کا ذیل مین درج ہے +

ں افغان یاوری بخت اور جرات جبلی تخت نشین
ستان اور ملک روہ مین فرمان عاطفت آمیز بھیجکر حر
ذکر دیا اور چونکہ اپنی ملک مین بسبب کثرت قوم اور قلت
ی پھر تو یہہ حال ہوا کہ ہندوستان کی ہر ضلع مین افغان نظر
ر شیر شاہ افغان سوری کی خاندان مین سے ہی تبتک افغانون
ں اپنی ہمقوم امیرونکی امید پر اکثر لوگ جنکا گزارہ اپنی ملک
ن کی نسبی نہین ہوگی جسکی شاخ کی آدمی ہندوستان مین
- لودی - کاکڑ - خویشکی - سروانی - اورکزئی - کررانی
ہین +

## اولاد قیس عبدالرشید جس سے
## یلا مشتمل اوپر تین فصل کے
## بید ضروری

دین اسلام کو قبول کیا تو نام اوسکا قیس سے بدلا کر بلغت عربی عبدالرشید
دستور ہی کہ نومسلم یعنی شیخ کا نام بوقت مسلمان ہونیکی اسلامیہ طریقہ
اختلاف ہی کہ قیس نے کسی عہد مین دین اسلام کو قبول کیا افغانی روایات
الانبیا کی مسلمان ہوا اور ایک روایت غورکی تاریخ سی ایسی لکہی ہے
م کو جب شنسب رئیس ملک غور ایمان لایا تو اوس وقت قیس بھی اوسکے
ابی بی سی تین پسر تہے سٹربن جسکی اولاد کو مجمعا سٹربنہی کہتے مین غور
ں ہے تین بہائیون مین سی سٹربن بڑا تہا جسکی نسل کے قومونکا ذکر پہلے
اور تاریخ لکہنی سی پہلی اوسکا شجرہ نسب درج کیا جاویگا تاکہ ہر ایک قوم
ق باہمی معلوم ہو +

غزنوی سی لیکر شہاب الدین غوری تک بادشاہان اسلامیہ کے حملہ جات مین اکثر سکنای سابق اس ملک کے جو
مذہب اسلام سی مخالف عقیدہ رکہتی تہے برباد اور غیر آباد ہوکر اکثر دریائی سندہ سی مشرق کو عبور کرگئے اور کچہہ
پہاڑونمین متفرق ہوگئی جزوی لوگ جیسا کہ سواتی - نعمانی - تیراہی - دیگان - وغیرہ کم قوت
رہگئی تہے الغرض جیسا کہ افغانون کی قوم مین کثرت و قوت ہوتی گئے ویساہی تدریجاً قبضہ اونکا اوس سارے
ملک پر ہوگیا جسپر اب وہ قابض ہین سوای کم قوتی غنیم اور اعانت شاہان اسلامیہ ایک اور بڑا سبب
غیر قومونکی ملک پر قابض ہونے کا یہہ ہی پایا جاتا ہے کہ ابتداء مین جب انکی اقوام غرنونکی تعداد مین ترقی
ہوی اور کوہ سلیمان وغیرہ سی نکلکر باہر کے علاقون پر قابض ہونیکے واسطی امادہ ہوئی توجس وقت کسی علاقہ
پر حملہ کرتے تہے تو اونکو جان دینا یا ملک لینا ناگزیر ہوتا تہا کیونکہ جب ایک فرقہ پیش قدمی کرتا تہا تو بباعث
خانہ بدوش ہونے کے پیچہی دوسرا فرقہ اگر اسکی مساکن سابقہ پر متصرف ہوجاتا تہا اسلئی مراجعت اونکی ناممکن تہی
اور انکی مخالف قومونکو بدون نقصان کچہہ فایدہ نہین تہا اسواسطی کہ اگر شکست کہائی تو ملک گیا اور جو
فتح پائی تو کچہہ حاصل نہوا کیونکہ اوس وقت یہہ لوگ نہ زر رکہتی تہے نہ زمین ابتدا خروج سی شاہزادون ہند کے
جلوس تک جسقدر کہ تغیر و تبدل قبضہ اس قوم کے اکثر شاخونکی باہم واقعہ ہوتا رہا اسکا شرح حال بطوالت
اسجگہہ لکہنا ناممکن ہے الا اکثر شاخونکی حال ذیل ترجمہ اقوام قوم لکہا گیا ہے چنگیز خان و تیمور گورگان شاہان
مغلیہ نے اس قوم پر فتح حاصل نہین کی مگر محمد بابر بادشاہ نی قریب کل مغربی و مشرقی حصہ افغانستان
کی افغانونکو بزور شمشیر مطیع اور فرمانبردار کرلیا بعد فتح باجوڑ اور سوات ہند کی براستہ پشاور - اوکوہاٹ
بنون اور ڈیرہ اسمعیل خان - تک بذات خود بابر بادشاہ نی دورہ کرکے رعایا افغان وغیرہ کو مطمئن کردیا -
مغلون کی نیت افغانونکی ساتہہ اچہی نہین تہی اسواسطی اکثر فساد رہتا تہا +

## آبادی ملک ہندوستان

کا سبب یہہ ہے کہ جب اول یہہ قوم ہندوستان کی مغربی سرحد پر ہمسایہ ہوگئی تو اکثر بذریعہ تجارت اور بعضی ملازمت کے
سبب ہندوستان مین آمد و رفت کرنی لگی خصوص فیروز شاہ باربک کی عہد مین اکثر افغان جو سپاہ گری مین نوجوان
جوان تہی امیران شاہی کی فوج مین بہرتی ہوئی اور چونکہ قوم افغان مین استقلال اور دلاوری ایک طبعی امر
ہی اس سبب سی اکثر لڑائیون مین اونہون نے نام پیدا کیا اور اپنی دلاوری کے ذریعہ سے بڑی بڑی فوجی عہدون

اپنی پر لازم سمجہکر چار ہزار آدمی مدد کیواسطی بہیج گئی اونکی اعانت سی یہہ لوگ غالب آتی رہی جب سپاہ
سرما، تاختن لایا تب لشکر لاہور واپس چلا گیا اور پہر موسم بہار مین تازہ لشکر سی برادرزادہ راجہ لاہور
پشاور مین آیا اور دوسری طرف سی افغان بہی اپنی مددگارونکی ہمراہی مین میدان کارزار کو پہونچی
جمرود اور پشاور کی مابین لڑائی شروع ہوئی کبہی مسلمان پشاور تک اونکو ہٹا لاتے تہے جب
موسم برسات آگیا تب لشکر پنجاب نے اندیشہ آب سیلاب کرکے بدون اسکے کہ غالب اور مغلوب معلوم ہو اپنے
مقام کو مراجعت کی افغانون کی خوبی قسمت سی اسی عرصہ مین راجہ لاہور کی قوم گہکڑ سی جو دوآبہ سندساگر مین آباد
تہی مخالفت ہوگئی اور گہکڑون نے فساد مین افغانونکی پیروی کری تب راجہ لاہور نی افغانونکی ساتہہ
صلح کرکے چند موضع نواح پشاور اور لمغان سی اونکو اس شرط سی دیدیئی کہ محافظت سرحد ہاکی کرین
اور نہ چہوڑین کہ سپاہ اسلام داخل ہندوستان ہو اسی عرصہ مین افغانون نی کوہستان پشاور مین ایک
قلعہ بناکر خیبر اوسکا نام رکہا اور عہد ملوک سامانیہ مین ایسا بندوبست کیا کہ مزاحمت اونکی ریاست لاہور کو نہ پہونچی تا زمانہ حکومت
غزنین الپتگین کو پہونچی جیسا کہ حصہ اول مین لکہا گیا سبکتگین سپہ سالار اوسکا اکثر پشاور اور ملتان پر تاختن لاکر علما اور حوالی قید کرکے
لیجاتا تہا افغانون نے مقابلہ سی عاجز آکر جیپال راجہ پنجاب کو تسلط سبکتگین سے اطلاع دی
جیپال نے یہہ سوچکر کہ لشکر پنجاب بباعث سرما و دیگر تکالیف سرحد پر نہین رہ سکیگا حسب مشورہ راجہ
بہاطنہ شیخ حمید قوم لودی کو جو افغانون مین صاحب اختیار تہا طلب کرکے بمنصب امارت سرفراز
کیا اور انتظام سرحد اوسکی سپرد ہوا اوس دن سی افغان صاحب رتبہ ہونے لگے شیخ حمید نے کچہہ انتظام کیا تہا کہ
جب الپتگین کے وفات کی بعد سبکتگین اسکا قایم مقام ہوا تب شیخ حمید نے پرخاش مین نقصان سمجہکر
اپنی آپکو خیرخواہ سبکتگین بنایا بعد فتح جیپال کے سبکتگین نے اوسکی تسلی اور مدارا کرکے بنابر اقتضائے
وقت اقطاع ملتان بدستور اوسکی جاگیر رکہی مگر سلطان محمود غزنوی نے بخلاف پدر اپنی عہد سلطنت
مین افغانان سرکش کو قتل کرکے مطیعونکو ملازم کیطور با درکاب رکہا اور یہہ بات پائی جاتی ہے کہ محمود
اور دیگر بادشاہان غزنین کی فوج مین بہت افغان بہرتی تہی اور سلطان معزالدین محمد مشہور
بہ سلطان شہاب الدین غوری کی فوج مین بہی بہت افغان نوکر تہے یورش ہند کیوقت لشکر افغانان
نے کارنمایان کئی شہاب الدین غوری کے عہد مین ملک معزالدین مدارالمہام سلطنت کی حکم سی اکثر
قبائل افغان کوہ سلیمان وغیرہ پہاڑی ملکونسی نکلکر دریای سند تک قابض ہوگئی کیونکہ سبکتگین اور محمود

لکہا گیا خالد قبیلہ عبد الشمس سے توم قریش تہا حقیقت ایک معتبر روایت سی یہہ پائی گئی کہ جب قیس عبد الرشید
مدینہ منورہ مین جاکر مسلمان ہوا تب اپنی مسمات سارہ بنت خالد ابن ولید سی نکاح کیا جسکے شکم سی غرغشت
غور غوشت بیٹن بیتن فرزند قیس کے پیدا ہوئی جو مورث اعلی صحیح النسب افغانون کے ہین پس اس
صورت مین خالد جد مادری افغانون کا ہی نہ کہ جد پدری اور ایسی صورت مین جیساکہ الفنسٹن صاحب
اپنی کتاب مین لکہتے ہین کہ افغانونکی قومیت کی نسبت اسقدر مختلف روایات ہین کہ قبطی فرعون مصری کی قوم
بنی اسرائیل - جوجیانی - ترک - مغل - ارمنی - تاتاری - میڈیانی - سغدیانی - فارسی بان ہندوستانی
تو ایسی مختلف روایات کی موجودگی مین یہہ لکہنا اونکا درست ہی کہ سوای موقع مقبوضہ اور صورت موجودہ حال
کچہہ پہلے کا صحیح پتہ نہین لگ سکتا زمانہ ماضیہ کے اگر کچہہ قابل لحاظ تاریخ مل سکتی ہے تو قیس عبد الرشید
تک ملتی ہے جسکی تین فرزندونکی اولاد مین سے اکثر شاخین افغانستان کی حصہ کثیر پر قابض ہین جملہ روایات
اسبات پر متفق ہین کہ ابتدا مین اوسکی اولاد کوہ غور مین آباد تہی اور مدت سی کوہ سلیمان مین چلے
آئی کوہ سلیمان مین جنوب اور شمال دور تک سلسلہ پہاڑونکا داخل ہے جب ۹۳ھ مین محمد قاسم
عماد الدین سالار اسلام واسطی فتح ملک سندہ روانہ ہوا تب حجاج صوبہ خراسان کے حکم سی اس قوم کے
بہی چند آدمی اوسکی شامل تہے جو مسلمان سندہ کی اتہی ملتان مین اگر سکونت پذیر ہوی تہی اونکی
صلاح اور اپنی قوم کی جمعیت پر نازان ہوکر کوہ سلیمان سی جانب شمال جو پہاڑ تہی اونپر اکثر جگہہ متصرف
ہوگئی تاریخ فرشتہ سی معلوم ہوتا ہی کہ سنہ اٹہہ سو اور نوسو عیسوی کی بیچ حصہ مغربی افغانستان کے
گوشہ مشرقی اور شمالی کی پہاڑون مین یہہ لوگ آباد تہے اور اس عہد مین اکثر مغربی حصے رہنی والے
سامانیہ سلطنت کے ماتحت تہی ۞

## حملہ پشاور

اوسی عرصہ مین ان لوگون نے پشاور کی سرحد پر حملہ کیا راجہ لاہور نے جسکی متعلق پشاور خواہ بکرام بہی تہا اور
راجہ اجمیر سے خویشی رکہتا تہا انکا فساد خفیف سمجہکر اپنی ایک سردار کو ہزار سوار کی سرکردگی مین واسطے
رفع فساد تعین کیا افغانون نے لڑائی مین اوسکو شکست دی اور فوج پنجاب کا بہت نقصان ہوا راجہ لاہور
نے یہہ خبر سنکر اپنی برادر زادہ کو دو ہزار سوار اور پانچ ہزار پیدل سپاہ کی جمعیت سی افغانان سرکش کے
سرکوبی کیواسطی بہیجا اس دفعہ اہل غور اور مردمان کابل و خلج جو بجلیہ اسلام مزین تہے امداد مسلمانان افغان

اور ہندی و عربی کی ملنی سی بن گئی ہے تو اوسکی واسطی کوی ہندوستانی دعوی نہین کرسکتا کہ کسی پیغمبر یا باد
کی راز کی بات تو نکی واسطی بنائی گئی تہی اور یہہ بات کچہہ بہی نہین ہے کہ افغانو نکو عرب لوگ بباعث مصاحب
ہونے حضرت سلیمان کے سلیمانی کہتے ہین کیا حضرت سلیمان کے سب مصاحب افغانستان مین چلے آئی تہی اگر بہہ لفظ مصاحبان حضرت
سلیمان سی تعلق رکہتا تو اور ملکون مین بہی کسی بنی اسرائیل کو سلیمانی کہتے بنیاد اس لفظ سلیمانی کی
یہہ معلوم ہوتی ہے کہ بباعث کوہ سلیمان کی جو اس ملک مین ہے عرب لوگ اس جگہہ کے سکنا ئی کو سلیمانی کہتے
ہین ورنہ کچہہ اور سبب نہین معلوم ہوتا بیضاوی چہرہ اور اونچی ناک اور قد و قامت کسیکو بنی اسرائیل نہین
بنا سکتی اور کل اقوام افغانون مین یہہ خصوصیتیں بہی نہین اور اگر اس حلیہ کے سب آدمی نسل بنی اسرائیل
سی سمجہی جاوین تو قوم اوزبک - اور ایماق - بلکہ ڈہونڈ - کرڑال کی بہی اکثر آدمیونکو بنی اسرائیل
کہنا پڑے گا ؟

بنظر وجوہات بالا ہم — آنریبل الفنسٹن صاحب جو مشہور امیر اور دانا صاحب علم انگریز تہا اوسکی اس
مقولہ سی اتفاق کرتے ہین جو اوسنی اپنی کتابین لکہا ہے کہ افغانونکا اپنا بیان بابت نسب خود بناوٹی
معلوم ہوتا ہے اور پایا جاتا ہے کہ بنی اسرائیلیون کا کچہہ حال کتابونسی چہانٹ کر اپنی کتاب مخزن افغانی
کی ابتدا مین اس مرادسی لکہا گیا ہے کہ شروع سی اپنی شمولیت اونمین جتائی جاوی اسمین ذرہ بہی شک
نہین کہ حضرت عیسیٰؑ کے تولدسی سات سو اکیس ۷۲۱ برس پیشتر تگلٹ پلیسر اور اوسکی فرزند سلمناصر
ملک اشور کے بادشاہون نے بنی اسرائیل اور یہودیونکی سلطنت پر حملہ کرکے تباہی ڈالی اور اوس سے تہوڑا
عرصہ بعد بخت نصر بابلی نے بنی اسرائیلونکو گرفتار کرکے معہ حضرت دانیال پیغمبر بابل مین لیگیا اور
بارہ قومین بنی اسرائیل مین سی دس قوم مشرق مین رہی اور دو قومین یہودا اور بنیامین واپس آگئے
اور اس سبب سی ممکن ہے کہ افغانون کا مورث قیس عبد الرشید اون باقیماندہ بنی اسرائیلونمین سے
کسیکی اولادسی ہو الا ثبوت اس دلیل کا کچہہ نہین ہے اور یہہ تو یقیناً لکہا جاسکتا ہے کہ ساول طالوت
کی اولادسی نہین معلوم ہوتی مدعا یہہ ہے کہ پورانی تاریخ قابل تسلیم اور اطمینان نہین ہو سکتی ؟

## خالد کا تعلق افغانون سے

واضح ہو کہ یہہ بات محض غلط ہی کہ خالد ابن ولید بنی اسرائیل تہا اور وہ مورث اعلیٰ افغانون کا ہی جیسا کہ اوپر

**جواب امر دوازدہم** کا شاید یہہ کافی ہوگا کہ یہہ قصہ خود تراش بلا کسی ثبوت اور کامل دلیا
کیا ہی جوابات مندرجہ بالا جوبہ ثبوت کتاب مقدس عہد عتیق لکھی گئی ہین اوسنی معلوم ہوگا کہ
کی مصاحب کوئی افغان نہین تہی جنکی ساتہہ پشتو جیسی زبان مین رازکی باتین دربارہ
کتاب الٰہی سے ثابت ہی کہ حضرت سلیمانؑ جیسا عقل ودر علم ودر سلطنت اور کسی انسان
ہوا تو اگر بالفرض محال جناب موصوف کی خاص راز امورات سلطنت کی زبان ہوتی تو
کلیۃً اس زبان کا بہی کوئی قاعدہ یا کتاب مرتب ہوئی ہوتی اور نیز سوای افغانستان
مین بہی جیساکہ شام یا عرب جہان کثرت سی بنی اسرائیل موجود تہی اس زبانکا نام ونشا
نہین کہی گاکہ حضرت سلیمانؑ کے مصاحب بیت المقدس سی اوٹہکر دامان اور او
آباد ہوئی اور صرف اسی جگہہ وہ رازکی زبان پشتو پہیلی ہی روایت کو صرف فخریہ گپ

## بنیاد زبان پشتو

حقیقت یہہ ہے کہ بنیاد اس زبان کی کچہہ قدیم نہین معلوم ہوتی فارسی جدید اور پہلوی اور
یہہ ایک سخت زبان مروج ہوگئی گرچہ پشتو کا آواز سماعت مین ناگوار نہین معلوم ہوتا
تمیز ادب اور بزرگی کی کم ہی جو شخص کچہہ بہی اس زبانسی واقف ہوگا وہ تصدیق کریگا کہ ا
بہ تغییر خفیف اور بعضی بلا تغیر لہجہ اس مین موجود ہین جیساکہ انریبل الفنسٹن صاحب
لکہتی ہین کہ اس زبان پشتو کی دوسو اٹھارہ لفظ جنکا مطلب دوسری زبانوں مین ہے وہ
ذیل سے مقابلہ کیا +

فارسی - ژند - پہلوی - سنسکرت - ہندوستانی - عربی - ارمنی -
عبرانی - بابل - کی زبان تو اونمین سے الکیوس کسی سی مطابق نہوئی باقی اکثر
بعضی پہلوی اور ژندسی فارسی مین آئی اور بعضی ایسی تہے کہ خود پہلوی اور ژنا
سنسکرت سی ملی اور پانچ یا چہہ ہندوستانی زبان سی عبرانی جو بنی اسرائیلون کے بہل
سی ایک لفظ بہی مطابق نہین ہوا اور **مولف** نی جو ایکسو لفظ ہم معنی کا مقابلہ پنجابی
تو اونمین سی چہہ لفظ پنجابی سی ملتے ہین ان دلائل سی پایا جاتا ہے کہ پشتو بنی اسر
مین نہین بنائی گئی پشتو مین جو مذہب کے متعلق باتین ہین وہ عربی سی آئی ہین زبا

## وجہ تسمیہ پشتون

لفظ پشتون کے وجہ تسمیہ ایک معتبر روایت سی یہہ معلوم ہوتی ہے کہ پشت نام ایک موقع ملک غور مین واقع ہے جہان پہلی اس قوم کے مورث اعلی قیس عبد الرشید کی سکونت تہی اس جگہہ موسوم پشت کی سکونت کی نسبت سے پشتون کے نام پر یہہ قوم مشہور ہوئی اور اسی باعث سی انکی زبان کا نام بہی پشتو ہوا - اور یا کہ پشتون منسوب بہ پشتہ بمعنی پہاڑی کے ہے جب کہ یہہ لوگ پہاڑی ملک مثل غورات و کوہ سلیمان خواہ کوہ قیسہ مین رہتے تہے اس سکونت کی باعث سی یہہ قوم پشتون بادنی تصرف لفظی نامزد ہوا پس اس تقدیر پر لفظ روہلہ اور پشتون کے بہت تطبیق ہے پس پشتون کی معنی کوہی یا کوہستانی ہوتی ہین ؛

## وجہ تسمیہ افغان

ہم اوپر وجوہات سی بیان کر چکے کہ حسب قول مخزن افغانی کوئی مورث اس قوم کا افغان نہین تہا جو سبب تسمیہ لفظ افغان کا ہوا ہو یہہ لفظ کچہہ قدیم کا نہین معلوم ہوتا اور بنیاد اسکی فارسی زبان سے پائی جاتی ہے یہہ لوگ اپنی زبان پشتو مین اپنے آپ کو کبہی افغان نہین کہتے بلکہ پشتون یا پختون اپنا اصل تبلاتی ہین سو قیاس ہونا چاہئی کہ اگر انکا مورث کوئی افغان نام ہوتا اور اوسکی سبب سی اولاد اوسکی افغان مشہور ہوتی تو خود اپنی زبان مین افغان کہتی نہ کہ غیر زبان سی یہہ نام آتا یہہ بات ہر کسیکو معلوم ہی کہ اپنی مورث کا نام اولاد کو بہ نسبت اور لوگون کے صحیح آتا ہی سو یہہ ایک کامل دلیل ہے کہ لفظ افغان دوسری زبان سے آیا ہے تاریخ فرشتہ مین وجہ تسمیہ افغان اسطرح لکہا ہی کہ جب اس قوم نی ۱۴۳ھ ہجری مین پشاور کی نواح مین حملہ کر کے قبضہ کر لیا تو راجہ لاہور نی جسکی متعلق یہہ ملک تہا فوج بہیجی اور چند لڑائیان ہوتی رہی مردم کابل و غور و خلج فارسی زبان جو حلیہ اسلام سی مزین تہے بسبب اشتراک دین افغانونکی مدد کیواسطی آئی جب فوج راجہ پنجاب واپس گئی اور مردمان کابل اور خلج نے بہی اپنی مقامونکو مراجعت کی تو انسی جو کوئی پوچہتا تہا کہ احوال مسلمانان کوہستان کیا ہی اور کیا صورت پیدا ہوئی تو وہ بزبان فارسی اسطرح جواب دیتی تہے کلا کوہستان مگوئید افغانستان بگوئید کہ بجز فغان بمعنی فریاد و غوغا در انجا چیزی دیگر نیست) اس سبب سی لوگ انکو افغان اور انکی ملک کو افغانستان کہتی ہین جواب یا زدہم گرچہ یہہ روایت باقی مضمون مخزن افغانی کے مخالف ہی لاکن حالات موجودہ سی اسکی اصلیت کچہہ صحت پر معلوم ہوتی ہے

کرو کہ اگر لفظ پٹہان عطیہ جناب نبوی ہوتا تو مغربی طرف سی آتا اور تبرکاً یہہ لوگ خود پٹہان اپنی
آپ کو کہتی نہ کہ ہندوستانی زبان سی اسکی بنیاد پیدا ہوتی اور عرب کے لوگ بہی جس ملک سی
انکو القاب عطا ہوا تہا پٹہان کہتی نہ کہ سلیمانی اب ہماری عصر مین سندو دریا سی مشرقی طرف کی
لوگ اکثر پشتو دان آدمیونکو جو افغانستان سی جاتی ہین روہلہ اور راشہ کہتی مین لفظ
روہلہ سی مراد ہے روہ ملک کی رہنی والے لوگ اور لفظ راشہ بعض افغانونکی تواضع او
تکریم اور خوشامد درآمد اور دارمدار کا لفظ ھی جب ایک دوسری کے مکان پر جاتا ھی تو کہتی ہین کہ
رَاشہ یعنی آئی اور رَاشہ مخفف ہر کلمہ رَاشہ کا ہے تو کیا چند پشت کی بعد کوئی یہہ ادعا
کرسکے گا کہ ہمکو روہلہ یا راشہ کا خطاب کسی پیغمبر یا غوث نے دیا تہا اسیطرح لفظ پٹہان کی
نسبت بہی ادعا نہین کرنا چاھئی +

## وجہ تسمیہ پٹھان

قابل اطمینان معلوم نہین ہے مگر اسمین ذرہ بہی شک نہین کہ اسکی بنیاد ہندی زبان سے
تاریخ فرشتہ مین لکہا ہی کہ عہد سلاطین اسلام مین جب اول دفعہ یہہ لوگ ہند کو آئی تو بلدہ پٹنہ
مین آباد ہوئی تہی اس سبب سی اہل ہند انکو پٹہان کہتی ہونگی - اور ایسا ہی قیاس ہوتا ھی
کہ بنیاد اس لفظ کا شاید پٹ آن سی نکلا ہوگا کیونکہ جب یہہ لوگ مغرب کی جانب سی آئی
تو ساکنان سابق کو بیدخل کر دیا اور انہون نے اپنی زبان مین انکو پٹیہ آن بولا یعنی آنکر
پٹنی بمعنی بیدخل اور برباد کرنیوالے اٹک دوآبہ سندساگر مین برباد کرنیکو پٹنا یعنی وکہاڑنا
کہتی ہین اور کثرت استعمال سی پٹیہ آن کا پٹہان بنگیا - اور یا بیٹن پسر قیس عبد الرشید
کے نام سی جسکی نواسی قوم لودی نے سب افغانون سی پہلی ہندوستان مین رسوخ پیدا کیا اس قوم کو ہندو
اپنی تصرف لفظی سے پٹہان کہنی لگے یعنی بیٹن کی ذریات - اور یا کہ لفظ پشتون سی بسبب کثرت استعمال ا[ور]
تصرف زبان ہندی پٹہان بن گیا چنانچہ اہل بصیرت پر مخفی نہین ہے کہ تبدل اور تصرف ایسی الفاظ کا ای[ک]
زبان سی دوسری زبان مین بہت ہوتا ہے پس مولف کی نزدیک لفظ پٹہان بدون تصرف لفظی ک[ے]
کی اور کوئی معنی اور وجہ نہین رکہتا واللہ اعلم بذالک +

عرب کی دیکھنی سی اور نیز وقایع حضرت ختم المرسلین کے پڑھنی سی جو ایک معتبر کتاب حبیب السیر
مین مفصل درج ہین کہین قیس عبدالرشید کا نام زمرہ مہاجرین یا انصار آنحضرت مین درج
نہین معلوم ہوتا اور نہ کچھہ ثبوت ہے کہ ملک کا خطاب جناب نبوی علیہ الصلواۃ و السلام نے
عطا فرمایا ہم پوچھتی ہین کہ اگر بالفرض محال افغانونکو ملکی کا خطاب حضرت خاتم الانبیاء کے
فرمودہ سی ہے ملیار اور اوان وغیرہ ہندکی قومون مین جو اکثر معتبران دیہہ کو ملک کہا
جاتا ہی تو اونکو یہہ خطاب کسنی دیا جیسا کہ اب ہماری عصر مین ملک فیروز ملیار ملک
جلو ملک شرفو وغیرہ ملیار اور ملک فیضا وغیرہ اوان ملک کہلاتی ہین تو
کیا کل کو یہہ بہی ادعا کرینگے کہ ہماری مورثان کو بہی پیغمبر صاحب نی خطاب دیا تہا پس
اس نظیر سی معلوم ہوگا کہ لفظ ملک ایک رسمی تعریف سفید پوشان دیہہ یا قوم کیواسطی ہے جیسا کہ
کسی علاقہ مین نمبردار یا چودہری یا مقدم کہتی ہین ہر کسی ملک مین ملک بولا جاتا ہی مراد ان الفاظ
کی ایک ہی ہے اور غالباً لفظ ملک کا مالک کا اختصار ہی یعنی وارث یا سرگروہ گا تو نکا اور قیاس
ہوتا ہے سلطان محمود غزنوی کی عہد سی یہہ لفظ چلا ہی اوس سی پہلی کسی تاریخ مین معتبران دیہہ
اور قوم کی واسطی ملک کا لفظ نہین دیکھنی مین آیا اوسکے بعد اکثر غلامان ترک وغیرہ سرداران کو
بہی ملک کہتی تہے تاریخ فرشتہ کے پڑہنی سی معلوم ہوگا کہ یہہ لفظ ملک کا اکثر امیران و ملازمان
غیر قوم افغان کو بادشاہان ہند کی دربار مین کہا جاتا تہا بس اسکی خصوصیت کچھہ افغانون کیواسطی نہین ہے
اور جو ساؤل طالوت کو فرقان حمید مین بخطاب ملک یاد فرمایا گیا ہی وہ لام کسر یری ساتہہ
ملک سی مراد بادشاہی اوس معاملہ کو علیحدہ سمجھنا چاہئی جو اُت دھم لغات عرب دیکھنی
سی یقین ہوگا کہ کسی لکڑی کا نام پٹہان نہین ہی اور بالفرض اگر لکڑی کا نام ہو بہی تاہم
کچھہ ثبوت نہین ہی کہ آنحضرت نی قیس عبدالرشید کو پٹہان کا القاب دیا واقعات
نبوی کی دیکھنی سی معلوم ہوتا ہے کہ جناب ختم المرسلین کی عادات شریف مین یہہ بات
داخل نہین تہی کہ دنیا دار بادشاہونکی طرح دنیاوی خطاب یا القاب کسیکو عطا فرماتی بین قطع
نظر اسکے ہر اہل بصر کو معلوم ہوگا کہ افغانونکو اہل ہند یعنی دریا سندکی شرقی ملکونکی لوگ
پٹہان کہتی ہین خود افغان افغانستان کی اور مغربی ملکونکی لوگ کوئی پٹہان نہین کہتا پس خیال

بین یہہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کثرت التعداد والی افغانون کی اولاد جو قیس عبدالرشید کی اباؤ اجداد کی ساتھہ آئی تہی اب کہان ہی اور چونکہ سوای اولاد قیس عبدالرشید جسکی تین فرزندونکی نام پر تین بڑی شاخین یعنی سڑبنی و غور غشت و بیٹہنی مشہور ہین اور قوم لودی و غلزای نواسہ یا بیٹی پسر قیس اور کڑرانی یا کرلانی پسر متبنی عبداللہ او رمر نیرہ سڑہ بن کی اولاد کی سوای اور کوی فرقہ یا قوم افغانستان یاکسی اور ملک مین پورانہ کرسی نامہ کی رہی افغان نہین کہلاتے اور نہ افغان ہین تو پس جواب اس سوال کا سوائی اسکے اور کچہ نہین ہوگا کہ قیس عبدالرشید کی نسل کی سواہی باقی افغانان اوسکی ہمراہی کی اولاد کو وہ غور ہضم کر گیا مگر حقیقت یہہ ہی کہ اور کوی تہا ہی نہین اس سی واضح ہوا کہ یہہ روایت ہی غیر صحیح اور خود تراش ہی جواب ہفتم عرب کی تاریخ دیکہنی سی بلا کسی شبہ کے ثابت ہوگا کہ خالد ابن ولید خاندان قریش سی تہا مگر چونکہ وہ ایک بڑا شجاع اور دلیر سردار تہا اور اوسکا نام دیار مغرب مین باعث فتح شام وغیرہ بہت مشہور رہی اسواسطی صاحب مخزن افغانی نے اوسکو افغان قرار دیا کیونکہ اوسکا مطلب یہہ تہا کہ پیغمبر صلعم اور بادشاہ اور مشہور امیر افغانونکی مورث بنانی سی فخر اور نام ہو کر ایلچی ایران کی لغو اعتراض پر خود نمائی غالب آوی گی اسی وجہ سی خالد ابن ولید کی بہت بڑ بکر طول صفت لکہی ہی حالانکہ وہ صاف قریش ہے مگر مخزن افغانی کی تحریر کا نتیجہ یہہ ہوا کہ اب تک اکثر جاہل افغان اپنی آپ کو خالد ولید کی نسل سی سمجہتی ہین قیاس چاہی کہ اگر خالد مشہور سردار عرب کا افغان ہوتا تو اوسکی خاندان یا خود اوسکو عرب مین بہی کوئی افغان کہتا جواب ہشتم اوپر کی جوابات سی معلوم ہوگا کہ سلسلہ اس نسب کا (۱۰۷ اور ۸۰) پشت کے ساختہ ہی اور ہمارا یہہ نسب نامہ ساؤل سی جوکہ عہد عتیق مین متفرق جگہہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ تک لکہا ہی کرسی نامہ مندرجہ مخزن افغانی کا البطال معلوم ہوتا ہے اور ساؤل طالوت کو حضرت محمد مصطفی صلعم کی زمانہ تک جسکا ہم عصر قیس عبدالرشید بیان کیا جاتا ہی سولہ سو برس سی کچہہ زیادہ عرصہ گذرا ہے سو یہ (۳۷) پشت اسقدر دراز عرصہ کیواسطی تہوڑے ہین اور نیز بدون روایت مخزن افغانی جسکا حال اعتبار اوپر لکہا گیا کوئی ثبوت قابل تسلیم نسبت اس کرسی نامہ کی نہین ہے جواب نہم تاریخ

سی فتح حاصل کرتا تہا سو اس خود تراش فخر کا کچہہ ثبوت نہین ہی بلکہ فصل بست و سوم آیئہ (۸)
سی (۳۹) تک جو اسامی بہادران لشکر داؤدؑ کی لکہی ہے اوسمین ارمیا اور افغان کا نام
نشان بہی نہین جواب سوم کوئی افغان نام حضرت سلیمانؑ کا سپہ سالار نہین تہا جب
یواب سپہ سالار حضرت داؤدؑ کو سلیمانؑ نی قتل کرادیا تب بجائی اوسکے سردار
لشکر بنایاہ پسر یہویاداعؑ مقرر فرمایا دیکہو فصل دویم آیئہ (۳۵) کتاب اول ملوک جواب
چہارم بیت المقدس کی تعمیر کا حال فصل پنجم لغایت فصل ہفتم کتاب اول ملوک مین بہت مشرح
درج ہی اوسمین کہین افغان کا پتہ بہی نہین اور فصل چہارم کتاب مذکور کی آیئہ (۱) سی (۶) تک
جو تفصیل سرداران حضرت سلیمانؑ درج ہی اوسمین بہی نام نہین ہے اور آیئہ (۱۴) فصل
پنجم کتاب موصوف کی دیکہنی سی معلوم ہوگا کہ ناظر اور سردار اوس گروہ زبدہ کا جو فراہمی مصالحہ
تعمیر بیت المقدس کے واسطی مقرر ہوئی تہی ادونیرام ولد عبدا تہا اور جو لکہا ہے کہ پشتو
دیون نی افغان کو سکہائی یہہ محض لغو گپ ہی اور یہہ الفاظ کہ طنطنہ افغان برجن وانس و
اہرمنان جاری ہوا اور کل اختیار بنی اسرائیل اور روم وشام افغان کے ہاتہہ مین تہا یہہ صرف
فخریہ بناوٹ ہی اگر افغان نام کوئی شخص بنی اسرائیلون مین ایسا ہوتا تو کیا وجہ ہی کہ اوس کا نام
کتاب الٰہی یا دیگر تواریخ بنی اسرائیل مین نہ لکہا جاتا اور اس طنطنہ کا ثبوت شاید وہی قطب خان
وغیرہ کی زبان ہے جواب پنجم اگر افغان کی اولاد اس کثرت سی ہوئی جیسا مخزن افغانی
مین لکہا ہے تو کتاب عہد عتیق مین جہان شمار خانوادہ بنی اسرائیلونکا اسم باسم لکہا ہے اسمین
نہین تو بنی افغان کا بہی ذکر ہوتا اور کوئی قبیلہ افغانکی نام سی اوسلک مین بہی نام زد ہوتا
کتاب الٰہی اور تاریخ شام کے پڑہنی سی ثابت ہوتا ہے کہ کوئی خاندان بنی اسرائیلونکا
بنی افغان کی نام سی نہین تہا اور جب کہ حقیقت مین کوئی افغان نام کسی خاندان بنی اسرائیلونکا
مورث نہین تہا تو کیونکر بنی افغان ہوتے جواب ششم اگر قبول کیا جاوی کہ بوقت حادثہ
بخت نصر شاہ بابل بنی اسرائیلونکی قوم مخرج سی فرقہ افغان کوہ غور وغیرہ نواح مین
اگر آباد ہوا اور بباعث کثرت تعداد تمام کوہستانی علاقہ قبضہ مین کرلیا تو روایت یازدہم کی
دیکہنی سی جسمین لکہا ہی کہ تمام صحیح النسب افغان قیس عبدالرشید کی اولاد مین سی

...س بحث مین اگر کسی خود پسند صاحب کو کوئی لفظ ثقیل معلوم ہو تو بنظر حق نژدہی معاف فرماوین
...ونکہ مولف کو جو کچہہ تحقیقات سی نتیجہ حاصل ہوا وہ بلا رعایت قوم لکہا گیا **جواب** امراول
...ہودا۔ ابن حضرت **یعقوب**ؑ تک جسکو تین ہزار برس سی زیادہ عرصہ گذراہی صحیح کرسی نامہ کا
سلسلہ پہونچانا امر ناممکن ہے اور **ساؤل طالوت یہودا** کی نسل سی نہین تہا دیکہو فصل نہم آیتہ
ایک و دو کتاب اول حضرت **شموئیل** پیغمبر جسمین لکہاہے **ساؤل ابن قیس** بنیامین ولد حضرت
**یعقوب**ؑ کی اولاد سی تہا پس یہہ دلیل کتاب **الٰہی** کی ثبوت سی غلط ہوئی **جواب دوم**
کتاب الٰہی عہد عتیق اور جدید کی دیکہنی سے معلوم ہوگا **ارخیا** اور **ارمیا** نام کوئی پسر **ساول**
**طالوت** کا نہین تہا اونکی فرزند جنکے نام حضرت **شموئیل**ؑ نبی کی کتاب سی ملتی ہین حسب
ذیل چارکس ہین **یوناثان ابیناداب ملکیشوع ایشبوشت** جنمین سی تین کس
اول الذکر **ساول** کے ہمراہ **فلسطیان** کی لڑائی مین ماری گئی دیکہو فصل اکتیس ۳۱ آیتہ دو سی
چہ تک کتاب اول حضرت **شموئیل**ؑ اور چوتہا **ایشبوشت** اپنی بستر پر سوتا ہوا مارا گیا
جیساکہ **آیتہ** پانچہ سی ہفت تک فصل چہارم کتاب دوئمین **شموئیل**ؑ مین لکہا ہی فصل نہم آیتہ
ایک سی آخر تک کتاب دوئمین حضرت **شموئیل**ؑ مین لکہاہے کہ حضرت **داؤد**ؑ نی اسطرح
دریافت کیاکہ ایک کوئی خاندان **ساول طالوت** سی باقی رہا ہی جسکو مین بخصوص دوستی
**یوناثان ابن ساؤل** نوازش اور احسان کرون اورصیبا نام غلام خاندان **ساؤل**
جو تلاش سی واسطی لگائی اس پتہ کی مںگایا گیا تہا اوسنی عرض کیاکہ ایک بیٹا لنگڑا **یوناثان** کا
یعنی نبیرہ **ساول طالوت** باقی ہے جسکا نام **مفیبوشت** ہی اور حضرت **داؤد**ؑ نی —
**مفیبوشت** کو طلب کرکے اپنا ہم نوالہ رکہا اور بہت نوازش فرمائی پس جائی غور اور تعجب ہے
کہ اگر حضرت **داؤد** علیہ السلام کی پاس **ارخیا** اور **ارمیا** پسران **ساول طالوت** نوکر
...مالک اور سپہ سالار ہوتی تو اس تلاش کی کیا ضرورت تہی اور یہہ بات ظاہر ہے کہ سردار لشکر
یعنی سپہ سالار حضرت **داؤد** علیہ السلام کا **یوآب پسر صرویا** تہا دیکہو آیتہ (۱۶)
فصل ہشتم کتاب دوئمین **شموئیل**ؑ نبی پس ثابت ہواکہ **مخزن افغانی** کی روایت
بی وجود ہی اور جو اوسمین لکہاہے کہ **ارمیا** باب افغان کا بڑا دلیر سپہ سالار تہا کہ طرف...

شاید کاتب لوگ جائی گرفت سمجھکر چھوڑ جاتی ہین مگر اصل مین یہہ سبب واقعی تہا اور جو کتاب مخزن افغانی غلام حسن خان علی زئی ایلچی سرکار کابل کے معتبر خاندان کی کتب خانہ سی لی آیا اور وہ مجھی ملے اور اب سامنی میرے میز پر پڑی ہے اوسمین یہہ لکھا ہے +

## نقل بجنسہ

سبب و باعث تصنیف این کتاب آنست کہ بحضور بادشاہ ولی نعمت ما یعنی محمّد جہانگیر بادشاہ ایلچی ایران آمدہ افاغنہ را بدیوان منسوب ساخت وازکتاب معتبر ذکر برین منوال وانمودہ کہ بسمع ضحاک بادشاہ ہفت اقلیم رسید کہ در دیار مغرب چند مونثان راہ زنان جملہ ستفرق اند ضحاک فوج کثیر برائی تسخیر ان ولایت فرستاد زنان در جنگ غالب آمدند کارپیش نرفت بعد ازان ضحاک نریمان را با فوج سنگین جرار تعین فرمودہ بعد جنگہای شدید بر ہزار بالکرہ صلح قرار یافت چون نریمان را وقت بازگشتن نزد کوہستان مقام واقع شد شبی آدم دیو صورت واہرمن سیرت از کوہ برآمدہ لشکر رازدہ زدہ پراگندہ ساخت و با ہزاران باکرہ در یک شب زفاف نمود چون افواج گریختہ باز برہمان منزلگاہ رسیدند جملہ زنان را حاملہ یافتند چون ازین ماجرا بخدمت پایۂ سریر سلطنت عرضداشت نمودند حکم آمد کہ آن زنان را درہمان صحرا وکوہ یلہ سازند کہ در شہرہا از نسل آنہا فتنہ و آشوب برپا خواہد شد گویا افغان از نسل آنہا ہستند بندہ را از سماع این سخن غیرت دامنگیر شدہ چند کسان جہاندیدہ کہ ذکر آنہا در مقدمہ کتاب مرقوم گشتہ از امرائی لشکر خویش برگزیدہ ویگر جہان فرستادہ یک بیک انساب افغانیہ بتحقیق رسانیدہ درجہ بدرجہ مندرج گردانیدہ تمت قولہ ہر چند کہ یہہ روایت جو ایلچی ایران نے ضدیت اور حسد سی بابت اصلیت افغانان بیان کرے مطلق غلط اور ایسی بے وجود معلوم ہوتی ہے کہ طفلانہ قیاس ہی اوسکے مخالف فتوی دیویگا مگر خانجہان جیسی عقلمند امیر نے اوس واہیات کی جواب مین حد سی باہر خود ثنائی کرے جب ہم ثابت کر چکے کہ بنیاد مخزن افغانی کی صرف زبانی ہی اور سبب ایجاد اس ساخت کا ایک خاص باعث مندرجہ بالا تہا بابت نسبت ہر ایک روایت مخزن افغانی جو ثبوت تحقیقات سی حاصل ہوا اوسکو سلسلہ وار لکھا جاتا ہے

...رم خود تصنیف کی تہی وہ اپنی کتاب کی مقدمہ مین لکہتا ہے کہ **قطب خان** اور **سست خان**
...دال عمرہ خان **توخی** و **عمر خان کاکڑ** و **ظریف خان** یوسف زئی اپنی ملازمان کو
...غانستان مین بہیجا اور اونہون نی سلسلہ انساب قوم **افاغنہ** بوجہ احسن دریافت کرکے
...مفصل واقعات انساب **ساؤل طالوت** سی لیکر **قیس عبد الرشید** تک بخوبی مشروحاً
...اسم باسم تحریر کیا پس اس سی پایا جاتا ہے کہ بنیاد اس کتاب کی صرف **قطب خان** وغیرہ
ملازمان **خانجہان لودی** کی زبان پر قایم ہوئی کیونکہ جو مخزن افغانی مین طبری و مجمع انساب
و معدن اخبار احمدی و گزیدہ جہان کشا انکا حوالہ لکہا ہے او نمین مطلق اس سلسلہ کا ثبوت قیس
**عبد الرشید** سی اوپر نہین ملتا اور بیان زبانی پر عقل اعتبار نہین کرسکتے خصوص اس سبب سی
کہ جب **قطب خان** وغیرہ دریافت کیواسطی آئی تہی تو اوس زمانہ مین **ساؤل** بلقب **طالوت**
کی وفات کو ڈہائی ہزار برس سی بہی زیادہ مدت گذر گئی تہی پس قیاس کیونکر قبول کرے کہ اتنی دراز
مدت کا صحیح کورسی نامہ اور مشرح حال زبانی دریافت سی حاصل ہوا **قطب خان** وغیرہ ہمراہی...
کچہہ قطب عالم تو تہی ہی نہین جو کرامت سی معلوم کر جاتی جو شخص اس قوم کی حالات اور راہ و رسم
سی واقف ہی اوسکو معلوم ہوگا کہ زمانہ حال مین با وجود اسکے کہ عقل اور نسب شناسی کی شوق
مین ترقی ہی کوئی آدمی ایسا نہین ہوگا کہ ڈہائی سو برس تک بہی اپنا کورسی نامہ صحیح زبانی تبلا سکی
تو کیونکر ممکن تہا کہ اوس وقت ڈہائی ہزار برس سی بہی زیادہ کا کورسی نامہ زبانی دریافت ہو سکا
اور اگر کوئی ادعا کری کہ کسی کاغذ سی ملا ہوگا تو یہہ ادعا کچہہ وجود نہین رکہتا ایسی قوم مین
جیسا کہ **افغان** ہے باوجود طرح طرح کی انقلاب زمانہ کی کیا ممکن کہ اتنی پورانے زمانہ کا کوئی نوشتہ
رہا ہو بلکہ کسی اور ہوشیار قوم مین بہی کم ہوگا اور اس امر کا کچہہ ثبوت نہ مخزن افغانی مین صے
اور نہ اب ملتا ہی باعث اور سبب تصنیف کتاب **مخزن افغانی** جو اوسکی مصنف نی لکہا ہے
اوسکو اس مراد سی یہان لکہا جاتا ہے کہ اوس سی معلوم ہوکہ وہ سبب ایسا تہا کہ جس سی خانجہان
کو غیرت انسانی نی یہانتک امادہ کیا کہ اوسکو اپنی قوم کی اعلی خاندانی اور خودنمائی خلاف
واقع درجہ تک لکہنی پڑے مگر مین کہتا ہون کہ اپنی قوم کی ایسی نفسانی معاملہ کی واسطی ہرگز
راستی کو نچہوڑنا چاہئی - واضح ہو کہ بعض نقول کتاب **مخزن افغانی** مین سبب تصنیف سند ذیل...

ہفتم - خالد ابن ولید جو مکہ مین رہتا تہا وہ بہی افغان ہے اور اسی سبب سی بڑا شجاع اور دلیر تہا ؛
ہشتم - قیس نامی سردار افغانان غور کی - ۳۷ - پشت مین ساؤل طالوت سی اور - ۵۵ پشت
مین حضرت ابراہیم خلیل اللہ سی کورسی جا ملتی ہے ؛
نہم - قیس عبد الرشید کو حضرت خاتم الانبیاء نی ملک کا خطاب دیا اس سبب سی معتبران
افغان کو ملک کہتے ہین ؛
دہم - پٹہان اوس لکڑی کا نام ہے جسپر جہاز کی بنیاد رکہی جاتی ہی اور آنحضرت نی جنگ مکہ مین کار
نمایان کرنیکے سبب قیس عبد الرشید کو پٹہان فرمایا ہی اس باعث سی اوسکی اولاد نی تسمیہ
پٹہان کا پایا ؛
یازدہم - سب افغان صحیح النسب قیس عبد الرشید کی اولاد سی ہین علاوہ اسکے ؛
دوازدہم - ایک ثقہ شخص نے اپنی جہل ورقی مین خود تراش یہہ بہی لکہہ مارا ہے کہ پشتو کی
زبان عہد سلیمان مین افغانون نے اسواسطی ایجاد کرے کہ سر اجلاس بادشاہ سی پردہ
اور راز کی باتین اس زبان مین کرین اور نیز افغانونکو عرب لوگ سلیمانی اسواسطی کہتی ہین کہ
انکی مورث اعلیٰ حضرت سلیمان بادشاہ کی مصاحب تہی ؛

## تحقیقات مولف

میری سمجہہ مین جہانتک ممکن ہے اس معاملہ کی تفتیش بہت غور کی ساتہہ کی گئی اور ہر طرح کوشش
اسطی حصول صحیح بات کی عمل مین آئی دیگر ملکونکی تاریخ خصوص کتاب الہی عہد عتیق یعنی توریت
زبور وغیرہ سی جنہین حال نبی اسرائیلونکا بہت وضاحت کی ساتہہ درج ہے روایات مندرجہ بالا
کی تصدیق نہین ہوتی بلکہ اکثر برعکس مراد ان روایات کی ثبوت مضبوط حاصل ہوتا ہے کہ ہر
روایت کی جواب مین جو کچہہ ثبوت حاصل ہوا ہے مفصل لکہا جاویگا الا اوس سی پہلے بیان اصلیت
اور سبب ایجاد ان روایات کا مناسب نظر آیا ناظرین باہوش کو معلوم ہوگا کہ بنیاد انکی کتاب
مخزن افغانی ہے جو سنہ ۱۰۲۳ ایکہزار تیس ہجری مین جسکو حال تک ڈہائی سو برس گذرا اہی بعہد
سلطنت جہانگیر ابن محمد اکبر بادشاہ خانجہان قوم لودی نے بمدد نعمت اللہ ہروی

خالد بن ولید کو بہمراہی افغان واسطے فتح مکہ معظمہ عزیمت فرمائی اور قیس عبدالرشید کو باجمع از بنی افغان بہمراہی خالد
اور ہمراہ عسکر ہمایون تعین فرمایا چنانچہ فتح مکہ کی لڑائی مین افغانون سے کار ہائے شایان اور
تردد نمایان بظہور آئی اور ہفتاد کس از قریش بغاوت شعار خاص عبدالرشید کے ہاتھ سے
قتل ہوئی تب پیغمبر صاحب نے خوش ہوکر فرمایا کہ اس شخص کی اولاد سے سلسلہ عظیم پیدا ہوگا
کہ تا قیامت استحکام دین اسلام کی کرینگی اور استحکام اس قوم کا مثل اوس سخت لکڑی کی ہے کہ جسپر
بنیاد جہاز کی رکھی جاتی ہے اور اوس لکڑی کو پٹھان کہتے ہین اور اس سبب سے قیس عبدالرشید
پٹھان کی القاب سے ملقب ہوا اور اوسکی اولاد پٹھان کہلاتی ہے اور قیس عبدالرشید نے
واپس آکر کوہ غور وغیرہ نواح مین دین اسلام کی تلقین کرے اور سب افغان صحیح النسب
اوسکی اولاد سے ہین +

## تمت کلامہ

پس ان روایات سے امور ذیل غور طلب اور تنقیح خواہ ہین +

**اول** افغان **یہودا ابن یعقوب** کی نسل سے ہین اور **ساؤل طالوت** بادشاہ بنی
اسرائیل کے اولاد ہین +

**دویم**۔ ارخیا اور ارمیا پسران ساول تھے جنکو داوود ع نے وزیر ممالک اور سپہ سالار بنایا +

**سیوم**۔ **افغان**۔ ہو رشت اعلے اس قوم کا ارمیا کا بیٹا ساؤل کا نبیرہ **حضرت سلیمان**
بادشاہ کا سپہ سالار تھا +

**چہارم**۔ **بیت المقدس** افغان کی اہتمام سے بنی اور زبان پشتو اوسوقت دیون نے
افغان کو سکہائی اور خطبہ افغان جن اور انس اور حیوان پر جاری ہوا اور کل اختیار بنی اسرائیل
پر اور شام و روم پر افغان کا تھا +

**پنجم**۔ اولاد **افغان** اس کثرت سے ہوئی کہ کوئی قبیلہ ربع مسکون یعنی تمام دنیا آباد کا اوسکی
برابر نہین تہا +

**ششم**۔ جب اولاد افغان کی جلا وطن ہوکر کوہستان غور مین آئی تو بسبب کثرت جمعیت
اور لوگون کو مار کر سب پہاڑ اپنے قبضہ مین کرلیا +

مین آباد ہوئی تہے اونکی تعداد مین بہت ترقی ہوی اور کثرت قبایل سے ہمراہ کفار اوس افواج کی متواتر جنگ
کرکے غالب آی اور وہ پہاڑی ملک غور وغیرہ اپنی قبضہ مین کرلیا اور جو افغان کی قوم عرب مین جا آباد ہو
اونمین سے خالد ابن ولید مشہور ہوا جو بڑا دلاور تھا اور بہت ملک مفتوح کئے اور اوسکو
سیف اللہ کا لقب عطا ہوا جب حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم
مدینہ منورہ کو ہجرت فرما ہوئے تب خالد ابن ولید کی تحریر سے جو قوم افغان کی کوہ
غور مین آباد تھی اوسکی رؤسای سے چند کس متوجہ مدینہ کے ہوئے اور بزرگترین اوس جماعت
افغنہ کا قیس ابن عیص تھا جسکا سلسلہ نسب مخزن افغانی مین یون لکھا ہے کہ قیس مذکور کا
کرسی نامہ بسی وہفت پشت ساول ملقب طالوت بادشاہ بنی اسرائیل اور پچہل و پنج واسطہ حضرت
ابراہیم خلیل اللہ اور شصت وسہ بحضرت ابو البشر آدم صفی اللہ ع سے جا ملتا ہے
اور شمار اسطرح لکہا ہے کہ قیس بن عیص بن سلول بن عتبہ بن نعیم بن مرہ بن جالندر
بن سکندر بن ریمان بن عیص بن بہلول بن سلم بن صلاح بن فارود بن عاصم بن
مہلول بن کرم بن عیال بن حذیفہ بن مہال بن قیص بن علیم بن اسمول بن ہارون بن
بن قمرود بن ایلی بن صلیب بن طلال بن لیوی بن عاقل بن تارخ بن ارزند
بن مندول بن سلم بن افغان بن آرمیا بن ساؤل الملقب بملک طالوت بن
قیس بن عتبہ بن عیص بن رویل بن طیودا ابن یعقوب بن حضرت اسحاق
بن حضرت ابراہیم خلیل اللہ الے آخرہ - اور وہ جماعت بعد وصول بمدینہ پیغمبر آخر الزمان
پر ایمان لاکر مشرف اسلام ہوی اور آنحضرت نے فرمایا کہ قیس نام عبرانی ہے اور مین عرب ہون
ازروی کرم قیس کا نام عبد الرشید بدلکر رکھا اور فرمایا کہ تم اولاد ملک طالوت سے ہو جسکو
حق سبحانہ تعالے نے قرآن حمید مین بخطاب ملکی یاد فرمایا اسواسطے آیندہ بہتر ہے
کہ تمکو بہے ملک کہا جاوے اونہین دنون مین حضرت ختم المرسلین صلے اللہ علیہ

تا کہ بعد انقضای ایام حمل ایک روز مین دونون سی فرزند نرینہ پیدا ہوئی حضرت داؤد علیہ السلام نے ایک کا
نام ارخیا اور دوسری کا ارمیا رکہا اور جب وہ دونو بلوغت کو پہونچی تو پہلوانی اور شجاعت مین
کوئی سبقت میدان مبارزت سی لیگئی مہتر داؤد نے ارخیا کو وزیر ممالک بنایا اور ارمیا کو اپنی
کل فوج کی سپہ سالاری پر مختار کیا ان ہر دو برادران کے یمن قدوم سی تمام ممالک اور رعایا اور
سپاہ مین رونق اور رفاہیت اور معموری اور آبادی مضاعف ہوئی ان دونون بہایون
کے بہی دو فرزند اولوالعزم پیدا ہوئی آرخیا نے اپنے فرزند کا نام آصف رکہا اور ارمیا نی اپنے
پسر کو افغنہ سے نام زد کیا جب یہہ دونون لڑکے سن رشد اور تمیز کو پہونچی تو آرخیا اور ارمیا مر گئے
اور حضرت داؤد علیہ السلام نے منصب پدری یعنی وزارت آصف ابن آرخیا اور سپہ سالاری افغان
بن آرمیا کو عطا کرکے بعد وفات حضرت داؤد کے حضرت سلیمان علیہ السلام پادشاہ ہوا اور
اس نے بدستور آصف اور افغان کو وزیر اور سپہ سالار قایم رکہا تہوڑی مدت مین ضابطہ
آصف ہفت اقلیم مین جاری ہوا اور سلطنہ افغان بر جن و انس و اہرمنان پہونچا اور سوا مصلحت
افغان کے کوئی کام نہین ہوتا تہا اور تعمیر عمارت بیت المقدس یا اورشلیم کے افغان کے
سپرد ہوئی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہزار ہا بواب اور حجاب اور دیو افغان
کے سپرد کئے جنہنے چالیس برس مین عمارت بیت المقدس کی پوری کرائی اور زبان پشتو افغان
کو دیون نے سکہائی اور بعد وفات حضرت سلیمان کے باقیماندہ کام تعمیر بیت المقدس
افغان نے دیون سے پورہ کرایا اور افغان کے چالیس پسر پیدا ہوئے اور اولاد افغان کی
کثرت جمعیت مین اس مرتبہ کو پہونچی کہ کوئی قبیلہ ربع مسکون مین برابر اونکی نہ تہا اور
آصف و افغان تا آخر ایام زندگانی خود بیت المقدس اور ممالک روم اور شام
مین صاحب اختیار امور سلطنت کی تہے اور حل و عقد بنی اسرائیل قبضہ اقتدار ان ہر دو
برادر مین تہا جب دونون بہائی مر گئے تو اونکی بہت اولاد اوس ملک مین آباد رہی مدت
کے بعد جب بخت نصر نے بیت المقدس پر یورش کرکے خرابی کی اور بنی اسرائیل کو
جلاوطن کردیا تب قبایل اولاد آصف و افغان اکثر کوہ غور اور کوہ فیروزہ اور جبال
خراسان مین آکر آباد ہوئی اور بعضی عرب مین جا بسے جو قوم افغان کوہ غور اور نواح خراسان

# دوسرا حصہ بیچ بیان نسب نامہ افغانان و غیرہ اقوام سکنائی افغانستان قوم وار

## پہلا باب درے بیان تحقیق نسب افغان و وجہ

## تسمیہ افغان و پٹھان و پشتون

اپنی تحقیقات کا نتیجہ لکھنی سے پہلے مناسب نظر آیا کہ کتاب موسوم **مخزن افغانی** وغیرہ روایات کا انتخاب جس سی یہہ لوگ اپنا نسب نامہ بنی اسرائیل سی جا ملاتے ہین درج کیا جاوے +
واضح ہو کہ مصنف مخزن افغانی نسب نامہ افغان اسطرح لکھتا ہے کہ حضرت **یعقوب** اسرائیل کے بارہ [۱۲] فرزندون مین سی یہودا پسر کلان سی افغانون کی نسل چلتی ہی اور یہودا کے پانچوین پشت مین ساؤل ملقب **طالوت** بادشاہ بنی اسرائیل پیدا ہوا جو حضرت **مسیح** کے وجود سی ایکہزار پچانوے [۱۰۹۵] برس یا زمانہ حال سی دو ہزار نو سو ساٹھہ [۲۹۶۰] برس پیشتر حضرت **اشموئیل** نبی کی فرمانے سے پادشاہ بنی اسرائیل ہوا تہا اسکو اپنا مورث اعلے لکھتی ہین اسکے آگے

## خلاصہ تحریر مخزن افغانی

اسطرح پر ہی کہ جب **ساؤل طالوت** نے اپنے گناہون سی استغفار کرکے سلطنت حضرت داؤد پیغمبر کو سپرد کرے اور ارادہ شہادت و جنگ کفار کیا تب حضرت داؤد کو وصیت کری کہ میری دو زوجہ حرم مین حمل دار ہین اونسی دو فرزند نرینہ پیدا ہونگے جنکی نتایج اور اونکی اولاد کی شجاعت تا قیامت صفحۂ روزگار پر یادگار رہیگی اور کثرت تعداد مین اونکی ذریات سب طوایف سی راجح ہوگی اور جب طالوت مع دہ فرزندان خود کفار کے ہاتہہ سی شہید ہوگیا اور حضرت داؤد نے عنان سلطنت اپنی ہاتھہ مین لی تب حسب وصیت ساؤل طالوت کی ان دو حاملہ عورات کی پرورش اور خبر گیری بکمانیبغی کرے

حاصل ہوتا ہی بشرطیکہ کما ینبغی سرحد کی نگرانی کامل رہی خرچ مشاہرہ افواج اور ملکی ملازمان سرکار و نیز دیگر اخراجات
ضروری جو اس حصہ شرقی افغانستان میں ہوتی ہین آمدن اوس ملک سے بہت زیادہ ہے مگر یہہ خرچ کل ہندوستان کی
سلطنت کی حساب میں محسوب سمجھنا چاہیے کیونکہ افواج متعینہ سرحد صرف اُس ملک کی اندرونی ہی حفاظت نہین
کرتی بلکہ باہر کے غنیم کی حملہ روکنے کے واسطے ہندوستان کی مغربی دروازہ پر مستعد بیٹھی ہے زمانہ ماضیہ مین اکثر حملے ہندوستان
پر اس راستی باہر کے غنیموں نی کی الآن الحال اس طرح کا خطرہ مغربی جانب سی متخیل نہین ہے اب ہندوستان کی بادشاہ
ایسی عیاش اور بے خبر نہین ہین کہ تیمور اور نادر دہلی کے دروازہ کی پاس پہونچین تب شہنشاہ کو بزم
چھوڑ کر رزم کا خیال آوی بلکہ قیاس ہوتا ہے کہ کبھی زمانہ آئیندہ مین مغربی جانب دو عقلمند بادشاہون کی
سلطنت ملحق ہو جاوینگی ⁂

## موقع سرحد

مؤلف کی رای مین پنجاب کی مغربی حد جو سلطنت ہندوستان کی سرحد ہی بہت اچھی موقع پر واقع ہے
اگر کبھی وہ زمانہ آوی کہ سلطنت ہند کو مغربی جانب سی غنیم کی یورش کا خطرہ پیدا ہو تو یہہ موقع با تقویت
مقابلہ کیواسطے بہت اچھا ہی کیونکہ غنیم مغربی پہاڑون دشوار گذار سی سختی اور تکالیف کا کوفت کیا ہو جب
ہماری سرحد کے قریب پہونچا تو اسطرف کی تازہ دم فوج او سپر سنگ کہاٹیون کی بیچ بہ آسانی کامیاب
ہوسکی کی دوسری اس موقع پر عند الضرورت پنجاب اور دیگر اطراف میدانی محروسہ سلطنت ہند سی کمک
اور رسد اپنی فوج کیواسطے بہت جلد اور بلا تکلیف میسر ہوسکی گی اور غنیم کو مغربی کوہ ملحقہ مین رسد کا بہم پہونچانا
اور آرام ملنا نہایت دشوار بلکہ قریب ناممکن کے ہوگا پس سلطنت ہند کی حدود موجودہ کے اندر تقویت
کرنی باہر کی ملک گیری سی زیادہ مفید ہے کیونکہ اگر ہم اس سرحد کو چھوڑ کر اور مغرب کو حدود بڑہاوین
جنکی بڑہانیکا منشا بالکل گورنمنٹ کا نہین ہے تو ہمارے واسطے بوجہ وقتیں سی مغرب جاکر
کمی رسد اور عدم رسی کمک اور تکلیف راہ کا وہی حال ہوگا جیسا غنیم کو اوس طرف کی آنی سی ہوتا البتہ اگر
ہماری حدود کوہ ہندوکش شمالاً اور کوہ سیاہ جو ہرات سی مغرب ہی غرباً ہو جاوی تو پہر باہر کی دشمن کو اس
سرحدی ہی اُس سرحد پر آنا زیادہ دشوار ہوگا گرچہ اُن حدود کی اندر چند عرصہ مشکل ہوگا مگر آخر کو ترقی تجارت
جو ایشیا کو چک اور دیگر ملکون مین پہیلائی جاسکتی ہے اور نیز اور امور رفاہ عام سی دنیا کو بڑا فایدہ پہونچی گا
مگر یہہ امر انصاف قبول نہین کر سکتا اور نہ گورنمنٹ کو منظور ہی کہ ناحق مغربی ملک پر دخل کیا جاوی الا اگر

ہی اونکی نسبت ہمیشہ بموجب اوس اقرار کی عملدرآمد کیا جاوی وہ عہدہ دار جنہون نی سرحدی انتظام مین تجربہ کیا اس امر مین متفق ہونگی کہ اگر مجرمان کوہی کی صرف ذات خاص تک مواخذہ محدود کیا جاوے تو انتظام سرحد مطلق نہین ہوسکی گا کیونکہ وہ مجرم ایک یا چند شخص مین جب پہاڑ مین جاکر بیٹھ رہی تو خاص اونکی ذاتی گرفتاری بہت دشوار ہی اسواسطی اوس مجرم کی کل قوم مواخذہ طلب سمجھنی چاہیی مگر اسمین اتنا خیال رہی کہ سب سی پہلی مجرم کی اُس شاخ کی آدمی ماخوذ کئی جاوین جنکا تعلق اوس سے ہو اور اُسکی نیکی بدی کا اثر انپر موثر سمجھین اور اوسکی بعد اوس شاخ کی بڑی قوم جوابدہ سمجھی جاوی تاکہ اس جوابدہی واری مشترکہ سی وقوع واردات کم ہو اور لوگ سمجھین کہ بہت آسانی کے ساتھہ سرکاری عدالتین ہمسی مواخذہ اور معاوضہ سخت لیکر اُس فایدہ کی جگہہ جو غارتگری و سرقہ سے ہوا نقصان پہونچاوینگی واسطی حصول واقفیت شاخ اور قوم ہر ایک فرقہ کے حصہ دویم اس کتاب کا دیکھو بعض واردا تین کبہی کبہی ایسی سنگین اور نازیبا بسبب جہالت سرحدی لوگونکی وقوع ہوجاتی ہین کہ جنکی انتقام اور آئیندہ کی اطمینان کیواسطی بمنظوری سوپریم گورنمنٹ قوم مجرم کے پہاڑی ملک کے اندر فوج لیجاکر اونکو سزا دینی کی ضرورت ہوتی ہی تاکہ لوگ یہہ سمجھکر عبرت پکڑین کہ سرکار انگریزی صرف آشتی کی حکمت سی اپنی سلطنت محروسہ کی حفاظت نہین کرتی بلکہ بزور شمشیر معاوضہ لینی کی توفیق رکہتی ہے الا اسطرحکی فوج کُشی بہت احتیاط طلب ہے تاکہ سوای اُس قوم مجرم کی اور لوگ ناحق دشمن نہ بنای جاوین اور نیز اوس فرقہ مدعا علیہ اور دیگر اقوام ہمسایہ کو باعث اُس فوج کشی کا محض بادا ش جرم انہی کا سمجھا جاوے وفی الحال السیخت تدارک کی ضرورت کم پیش آتی ہے ۔ جہت روکنی حملہ بیرونی اور انتظام اندرونی سرکار کیجانب سی اضلاع سرحدین بمقام پشاور سب سی بڑی چہاونی فوج جنگی معین ہے جہان بیجر جنرل بہی رہتا ہی اور بمقام کوہاٹ ۔ اور بنون ۔ اور مردان ۔ و ڈیرہ اسمعیل خان ۔ اور راجن پور ۔ ضلع ڈیرہ غازیخان مین بقدر ضرورت فوج پیدل او رسوار معہ توپخانہ رہتی ہی اور اضلاع کے مقامات متفصل مین پولیس کا انتظام ہی علاوہ انکی واسطی روک اور سرکوبی پہاڑی لوٹیرونکی و مجرمان کوہی کا تعاقب کرتی ہین اور درہ آمدرفت سارقان کو روک رکہتی ہین تاکہ مجرم گرفتاری سی بچ سرحدی مین مواقع مناسب پر چوکیات سپاہ سرحدی مقرر ہین جو وقوع واردات کی خبر پاکر فوراً مجرمان نہ جاوین یا مال مسروقہ نہ لیجاسکین اس قسم کی چوکیات کو بزبان مروجہ پوست کہتی ہین اور لاریب اپنی شان

یہہ امر گرچہ اندر بہار کی عیان ہوتا ہی مگر جاسوس کے بیانکی نسبت جبتک
ہی بعضی دفعہ جاسوس خلاف واقع بیان کردیتے
اسبات کی تمیز مطلوب ہوتی ہے کہ اُس قوم کی
وسکی بندش کیجاوی تو اوس قوم کی لوگ ہماری
یا جیسی انصاف کو مطلوب ہو کردینگی جب یہہ صورت ہو
کہ اسقدر میعاد مین مال یا مجرم حاضر کرین اور اگر اپنی بےگناہی
ین بابت اس الزام کی اپنی صفائی کرائین ورنہ بعد میعاد
اری علاقی سی تبتک مطلق بند کیجاوی گی جبتک جرم سی بریت
رہ کے اندر کوئی صورت نکرین تو فورًا اونکی بہیر مسدود
رفتار کرکے مال جو بہیر کا ملی قرق کیا جاوی تاوقتیکہ وہ
یا معاوضہ مجوزہ حاکم ادا کرین اکثر معاملات مین تجربہ سی یہہ
مجرم اوس قوم کا ثابت ہو جسکے اندر رفت ہماری علاقی مین
بہ جہل نارشکست + جب جا اُس مجرم کی قوم کا جو
اہا جاوی اور پہر قوم کیطرف پیغام بہیجا جاوی کہ جبتک تم مال
نہین کروگی تو یہہ مال مقروقہ تمہارا نیلام ہوجاویگا اور یرغمال ہے
ہرتلتی ہین اور ظاہر ہین اس سی فایدہ وابسی مال کا نکل آتا ہی مگر حقیقت
وہ نیز اوس مشہور بات بازی انتظام سلطنت انگریزیسی مخالف ہی کیونکہ
ل طعن دغا دہی اور ظلم کا نسبت عدالت کے کرتے ہین جہانتک ہوسکے
غواہ جبرًا معاوضہ لیا جاوی مگر اونکو مہلت پیشی عذرات اور صفائی
یہہ سلطنت انگریزی کی باہر کے لوگونکی دل پر یہہ بات نقش ہوجاوے
انصاف نیز وہی سب مخلوق اندر باہر کی یکسان ہے اسبات کا یقین
م ہوتا ہے مگر ملحوظ رہی کہ یہہ صورتین مندرجہ بالا عام ہین اور سرحدی
یہہ وقوعہ مین خاص غور کے ساتھہ انجام ہونا چاہئی جن اقوام کی ساتھہ عہد ہوچکا

طمینان کیواسطی کہ آیندہ ہندوستانی لوگ وہان قیام نکرسکین لیکر فوج انگریزی واپس آئی اوسیطرح
ہمند بند پائی - وموسی زئی نے جو دریا رسوات کی کنارہ چپ اور راست کی پہاڑونمین ملحق حدود
کاری آبادمین ہمیشہ سرکاری رعایا کوتامقدور تکلیف ہونچانی سی دریغ نہین کیا تہا ماہ جنوری ۱۸۶۱ء
ن اونکی سردار نواب خان نے خودبخود آزمایش کانتیجہ دیکہکر اطاعت قبول کی ۱۸۶۳ءمین قوم مہمند
اخ موسی زئی وغیرہ نی بسرکردگی **سلطان خان** فرزند **سعادت خان** لعل پورہ کی سرحد
ربہت جرات سی مزاحمت کی الا ایک دستہ فوج انگریزی نے اونکو بہی ہٹاکر پسپا کردیا آخرش
سردار **محمد علیخان** ولیعہد امیر **شیر علیخان** والی کابل نی جاکر **سعادت خان** کوگرفتار کرلیا
اورجہت آیندہ انتظام فسادکیا پشاور اور کوہاٹ کی سرحد پر درہ **خیبر** سی لیکر مشرق کوہ خٹکان
ایک قوم آفریدی جنگجو فرقہ آباد ہے ابتدامین اسکی جانب سی بہی وارداتین بہت ہوئی ہین کئی د
سرکوبی سی کچہہ سیدہی ہوئی مگر تاہنوز کبہی کبہی برخاش کہتی ہین وہ درہ جسمین سے کوہاٹ اور پشاور
کارستہ انکی پہاڑونکی بیچ سی ہے اسمین انکی مزاحمت زیادہ تر موثر ہوسکتی ہے قوم آفریدی کی عادات
مین وخوش خوئی کی ساتہ ایک دلیری داخل ہے اس قوم سی جنوب کچہہ ضلع کوہاٹ اور اکثر باہر از حد
محروسہ سرکار سی قوم اورک زئی بستی ہے زیادہ تر ذکر کے لایق اس سرحد پر قوم وزیری ہے جنکا مفصل حال
اس کتاب کے دوسرے حصہ کے چوتہی باب مین لکہا گیا ہے قوم وزیری اور بہنی سی جنوب قوم شیرانی نے
بہی چند عرصہ سرکاری علاقہ سی مزاحمت رکہی مگر فی الحال وہ صاف اور چپ ہین ضلع دیرہ غازیخان کے
مغربی پہاڑونمین اقوام بلوچ سی قوم مری زیادہ تر فتنہ انگیز ہے **مولف** نی جو قریب چار سال سرحد
پرکام کیا ہے اپنی تجربہ اور لوگونکی عادات سی جو امورات مفید انتظام سرحد معلوم ہوئی اونکو بدون
لکہی ہی چہوڑدینا مناسب نہ سمجہا واضح ہو کہ یہہ آزاد قومین جو ہماری سرحدی پہاڑون مین ہمسایہ مین اکثر
سادہ لوح معلم کینہ توز زودرنج ناعاقبت اندیش اور متعصب ہین اس قسم کے لوگونپر آشتی زیادہ کار
گر ہوتی ہے مگر بعضی مواقع پر برعکس اوسکی فوراً سرکوبی مطلوب ہے ان اقوام مین عموماً دو قسم کے لوگ ہین
ایک وہ قومین جنکی آمدرفت سرکاری علاقہ مین بذریعہ بیوپار و خرید فروخت ضروریات رہتی ہے دوسرے
وہ شعبی جنکی آمدرفت کم یا نہین ہے جب سرکاری علاقی مین باہر کی سرحد کے لوگونکی جانب سی کوئی واردات
ازقسم سرقہ یا ڈکیتی وغیرہ سرزد ہو توسب سی پہلے عہدہ دار سرکار کو دریافت کرنا اس امر کا مطلوب ہوتا ہی

اور جیمر سنگہ از خود افسران فوج انگریزی کی حضور حاضر ہو گئی بعد رفعہ فساد ثانی کے بموجب اشتہار مورخہ ۲۹ مارچ ۱۸۴۹ء
تمام ملک پنجاب معہ حصہ شرقی افغانستان سلطنت انگریزیمین داخل ہوا کمپنی کا ٹہیکہ فسخ ہو کر ۱۸۵۹ء سی ملکہ
کو مین وکٹوریا شاہزادی انگلستان ہندوستانکی فرمان رواہی افغانستان کے حصہ شرقی مین فی زمانہ
دو قسمت اور پانچ ضلع ہین اور ہر قسمت مین ایک صاحب کمشنر اور ہر ضلع مین ایک ایک صاحب ڈپٹی کمشنر
اور چند صاحبان اسسٹنٹ کمشنر اور اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کام عدالت کرتی ہین کل آمدن سالانہ حصہ مشرقی افغانستان
محروسہ گورمنٹ انگریزی تقریباً بیس لاکہہ روپیہ کے ہے ٭

## حال انتظام حدود اقوام سرکش

واضح ہو کہ حصہ شرقی افغانستان محروسہ گورمنٹ انگریزی یعنی قسمت دیرہ جات اور پشاور کے
مغربی و شمالی حدود کی پہاڑونمین کل آزاد قومین آباد ہین اور انگریزی عملداری سی پہلی وہ لوگ میدانکے
ملک کو بطور شکارگاہ تصور کرتے تہی مدت مدیدسی کچھہ بباعث تعصب مذہبی اور زیادہ تر اپنی جبلی طینت
کے سبب سے اس ملک مین غارتگری اور راہزنی کرتے چلے آئی ہین گورمنٹ انگریزی نی اونکی حملے
اپنی علاقہ سی صرف اسطرح روکے ہین کہ بوقت وقوع کسی مفسدہ بدعت کی اونکی پہاڑونکی اندر فوج بہیجکر مفسدونکی
سرزنش کی گئی اور واسطی آئندہ کے اطمینان امن بزور شمشیر لیا گیا ضلع پشاور علاقہ یوسفزئی کے
شمالی و شرقی پہاڑونمین قوم حسن زئی اور متعصب وہابی ہندوستانیونکی واسطی جو مقام ستانہ اور
نواح کوہ مہابن مین مجاہدین بنکر قرار گزین ہوتے ہین چند مراتب فوج کشی ہوی ۱۸۵۸ء مین جب ستانہ پر
بسرکردگی میجر جنرل سر سڈنی کاٹن صاحب یورش ہوئی تو اوسکی بعد قوم اُتمانزئی اور قوم جدون
سی عہد لیا گیا کہ پہر ان آوارہ ہندوستانیونکو ستانہ مین آباد ہونے دینگے کہ جس سی رعایا سرکار انگریزی
کو تکلیف ہو نپہنچا سکین لیکن ۱۸۶۱ء مین بمقام ملکا علاقہ چملہ کے بیچ بسبب عہد شکنی قوم اُتمانزئی و جدون کے
اوس قسم کے ہندوستانیون نے اجتماع کیا اور بیگناہ رعایا سرکار کو تکلیف دینی شروع کری جسکی تدارک کے
واسطی ۱۸۶۳ء مین ایکدستہ فوج کا زیر حکم برگیڈیر جنرل سر نیول چیمبرلین صاحب براستہ درہ امبیلہ پہاڑکے
اندر بہیجا گیا ۲۶ - اکتوبر ۱۸۶۳ء کو بڑی سخت لڑائی ہوی اہل بنیر اور سوات نے بہی چملہ والونکی مدد
کری آخرکار بعد بہت سی لڑائیونکی موضع امبیلہ و لعلو و ملکا جلا دیا گیا اور چملہ و بنیر والونسی چند یرغمال

کو ہوئی اور ۷۱ ضرب توپ سکہونکی انگریزون کے ہاتہہ لگی دوئم جنگ فیروشہر ۲۱ ماہ دسمبر ۱۸۴۵ء کو یہہ لڑائی
راجہ لعل سنگہ سی ہوئی اور اسمین تہتر (۷۳) ضرب توپ سکہہ میدانمین چہوڑ گئے سوم جنگ بمقام الیوال
جو ۲۸ تاریخ ماہ جنوری ۱۸۴۶ء کو رنجور سنگہ سی ہوا - اور اس لڑائی مین بہت سکہہ دریا مین ڈوب
مری اور بچاس توپ انگریزون کے قبضہ مین آئے چہارم بمقام سبراؤن ۱۰ ماہ فروری سنہ الیہ کو
لڑائی واقعہ ہوئی جسمین سکہون نے بالکل شکست پائی سردار شام سنگہ اٹاری والہ بہی اسی لڑائی مین
مارا گیا واضح رہی کہ سکہونکی آپسمین نا اتفاقی اور پہوٹ کی سبب سے انگریزونکو فتح نصیب ہوی ورنہ یہہ
ممکن نہین تہا کہ انگریز باوصف اسقدر قلیل فوج کی ایسی عظیم لشکر پر ایسی جلدی فتحیاب ہوجاتی
الغرض بعد شکست سکہان نواب گورنر جنرل صاحب لاہور مین داخل ہوی اور مہاراجہ دلیب سنگہ
ابن رنجیت سنگہ نی سبب اس فساد کا سرکشی فوج سکہان ظاہر کرکے عفو تقصیرات چاہی عذر اوسکا
مقبول ہوکر نہم مارچ ۱۸۴۶ء کو ایک عہدنامہ جدید لکہا گیا جسکی موجب بعوض خرچ لڑائی اور گستاخی
ملک جالندہر دوآب اور کشمیر و ہزارہ معہ دیگر پہاڑی ملکون کے سرکار لاہور سی گورنمنٹ انگریزی نے
لیکر باقی تمام ملک پنجاب دلیب سنگہ کو چہوڑ دیا گیا اور حسب درخواست والی پنجاب ایک صاحب رزیڈنٹ
لاہور مین مقرر ہوا - اور چند صاحبان اسسٹنٹ رزیڈنٹ اضلاع مین واسطی انتظام اور امن کے بہیجی
گئی چنانچہ افغانستان کی حصہ شرقی مین بمقام پشاور - جارج لارنس صاحب اور لی بمقام بنون
و دیرہ جات - ہربرٹ اڈورڈس صاحب ناظم اور حاکم ہوی بعد اوسکی ۱۸۴۸ء کو ایک بڑا
بلوہ ملک پنجاب مین واقع ہوا - اول تو دیوان مولراج نی ملتان مین فساد کیا اور دو صاحبان
انگریز کو مار ڈالا اور پہر چتر سنگہ نے ملک ہزارہ مین سرکشی کری اور جب پشاور مین بہی سکہہ نے
بغاوت کی تو جنرل جارج لارنس صاحب اور اونکی میم صاحبہ نی کوہاٹ مین سلطان
محمد خان بارک زئی کے پاس پناہ لی تہی صاحب موصوف سلطان محمد خان کے محسن اور آزاد کنندہ
یعنی سر ہنری لارنس صاحب کے بہائی تہی سلطان محمد خان نے ننگ افغانی کو داغ لگا کر جنرل
جارج لارنس صاحب اور انکی میم صاحب کو بتاریخ ۳ دسمبر ۱۸۴۸ء سکہونکی حوالہ کر دیا او کرنیل سر ہربرٹ اڈورڈ صاحب ملتان کی تسخیر مین بانتظام
تمام مشغول رہی اس بلوہ مین بہی سوای ملتان کے چار بڑی سخت لڑائیان ہوئین کہ جن مین سی ۲۱ فروری ۱۸۴۹ء
کو اخیر لڑائی مین بمقام گجرات سکہونکو شکست فاحش نصیب ہوئی اور بمقام راولپنڈی - شیر سنگہ

# حصہ مشرقی افغانستان

کا بعد یورش انگریزان کے بہی بقبضہ سکہان رہا الاجب ۲۷ ماہ جون ۱۸۳۹ء کو رنجیت سنگہ والی لاہور نے وفات پائے تو سلطنت سکہان کا اوج بہی اوسکے ساتہہ ختم ہوا رنجیت سنگہ کے بعد بیٹا اوسکا کہڑک سنگہ جو کم ہمت اور سادہ لوح تہا گدی نشین ہوا جسکو کنور نو نہال سنگہ نے قید کیا اور خود مالک بن بیٹھا ماہ نومبر ۱۸۴۰ء مین کہڑک سنگہ مرگیا اور اوسی روز نو نہال سنگہ بہی باپ کے جلانیسی فارغ ہوکر شہر کو آتا تہا ایک دروازہ کی گرنے سی بباعث لگنی ضرب شدید مرگیا اوسکی والدہ رانی چند کور کو شہزادہ شیر سنگہ ولد رنجیت سنگہ نے جو بصلاح دہیان سنگہ وزیر کے گدی نشین ہوا تہا مروا ڈالا بعد اوسکے ۱۸۴۳ء مین شیر سنگہ خود بہی لہنا سنگہ اور اجیت سنگہ سندہانوالیان کی ہاتہہ سی قتل ہوا - اور دہیان سنگہ وزیر بہی اوسی روز مارا گیا پہر تو فوج خالصہ مین ایسی بے اتفاقی ہوئی کہ جس سکہہ سردار نے اونکو زیادہ تنخواہ اور انعام دینا قبول کیا اوسنی جسکو چاہا مروا ڈالا چنانچہ اسیطرح راجہ سوچیت سنگہ اور راجہ ہیرا سنگہ کنور پشاورا سنگہ سردار جواہر سنگہ وغیرہ کئی سردار آپسکی لڑائیوں مین نوبت بنوبت ماری گئی آخر کار بصلاح رانی جندہ والدہ دلیپ سنگہ کے راجہ لعل سنگہ توشہخانیہ بعہدہ وزارت مقرر ہوا اور چونکہ اونکو بہی اپنی جان کا خوف تہا اسلئے دربار مین مشورت ہوکر انگریزونسی تجویز لڑائی کی ٹہری اور فوج کو حکم ہوا کہ فیروز پور کو کوچ کری ۲۳ ماہ نومبر ۱۸۴۵ء کو فوج روانہ ہوئی اور خیرہ سری سی خالصہ جی کی فتح بولاتے ہوئے دریائے ستلج سی بہی پار ہوگئے یہہ ناگہانی خبر سنکر بشتاب لارڈ ہارڈنگ صاحب گورنر جنرل ہندسے ۱۳ ماہ دسمبر سنہ الیہ کو ایک اشتہار جاری ہوا کہ جسکا مضمون مختصراً یہہ ہی فوج سکہوں نے برخلاف عہدنامہ مورخہ سال ۱۸۰۹ء دریای ستلج سی بارادہ جنگ عبور کیا اس سبب سی علاقہ این روی ستلج ضبط ہوکر ممالک محروسہ سرکار انگریزی مین شامل کیا گیا*

## حال قبضہ انگریزان

چونکہ افغانستان کی حصہ مشرقی پر تسلط انگریزان بشمولیت صوبہ پنجاب ہوا لہذا مختصراً ذکر ضبطی پنجاب مناسب نظر آیا جب سکہونکی طرف سی اسطرح ناگہان عہد شکنی ہوی تب جسقدر جلدی سی ممکن تہا نواب گورنر جنرل اور سپہ سالار ہند نی افواج ضروری کو جمع کرکے مقابلے کا حکم دیا چنانچہ چار لڑائی مفصلہ ذیل ہوئین کہ اون چارونمین سکہونکو شکست درشکست ہوتی رہی - اول جنگ مدکی یہہ لڑائی ۱۸ دسمبر ۱۸۴۵ء

کی منظوری سی بمقام راولپنڈی محمد اعظم خان کی رہایش تا تصفیہ فساد خانگی تجویز ہوئی اور بطور مہمانی اول ڈیڑہ
سو روپیہ روزینہ اور پہر جب سوار کم کردئی گئی تو پچاس روپیہ یومیہ سرکار انگریزی سی واسطی محمد اعظم خان کے
مقرر ہوا تا ہذا الیوم راولپنڈی مین فروکش ہے جب محمد اعظم خان کو شیر علیخان اسطرح اوارہ کرچکا تو
محمد افضل خان کی طرف جو بلخ کا حاکم تہا توجہہ کری وہ بہی ترکستان سی کوچ بکوچ کابل کیطرف
چلا آتا تہا بمقام دشت سفید ہر دو لشکر ہر اول کے مابین چند جنگ واقع ہوئی مگر محمد افضل خان جیسے
سپہ سالار اور اوسکی فوج بہی آراستہ تہی نبرد آزمائی کی میدانمین مغلوب نہو سکا تب شیر علیخان نے
صلح کا پیغام بہیجا چند شرایط خفیف کے ساتہہ صلح منظور ہوئی اور بمقام مزار شریف ہر دو برادران نے
حلف مصحف مقدس کیا کہ ان شرایط کی مخالف کوئی امر نہین کیا جاویگا جب اسطرح عہد بسوگند قوی مضبوط
ہوچکا تب دوسری روز محمد افضل خان ملاقات کیواسطی اوسکے دیرہ پر آیا شیر علیخان نے عہد نامہ
کو بر سر طاق رکہکر حلف شکنی کری اور محمد افضل خان کو گرفتار کرکے قید کرلیا اوسکا بیٹا مفرور ہوکر
شاہ بخارا کے پاس مددخواہ گیا اس عہد شکنی سے تمام افغانستانمین شیر علیخان کا بدنامی کے ساتہہ
اعتبار اوٹہہ گیا اور محمد امین خان حاکم قندہار و محمد شریف خان وغیرہ چند برادران شیر علیخان
سی بیزار ہوکر خود مختار بن بیٹہے جنگی اور بر فوج کشی کی طیاری شیر علیخان کررہا ہے دیکہا چاہئی اس
خانگی فساد کا انجام کیا ہو مگر عنوان ناقص معلوم ہوتے ہین کل آمدن افغانستان مغربی کی معہ علاقہ بلخ
محاصل اراضی کے ساتہہ محصول سوداگری وغیرہ ملاکر سالانہ تقریبًا ایک کروڑ کی ہے اسمین پچاس لاکہہ تو کابل
قندہار وغیرہ اصلی افغانستانکی اور پچاس لاکہہ ہرات کی معہ توابعات اوسکی اور باقی بلخ وغیرہ گرچہ اراضی
پر کچہہ محصول بہت سخت نہین مگر باجہہ کی بے انتظامی مشہور ہے اور تنقیح حقوق مالکان اراضی کے واسطی صرف
قبضہ شمشیر ہے مال سوداگری کی محصول مین زیادہ سخت گیری اور بی تدبیری ہی اگر انصاف کی ساتہہ طرح کے
محاصلات کا انتظام شایستہ کیا جاوے تو رعایا کی آسودگی کے سوائی رقم آمدن کو بہی مددل سکتی ہے واسطے
دادرسانی رعایا حکام افغانستان مغربی کے علاقون مین واسطی فتوی شرعی قاضی مقرر ہین اور گرچہ بظاہر
مشہور یہی ہی کہ بموجب حکم قران شریف فیصلہ پاتے ہین مگر حقیقت مین جو اوسطرف کی رعایا سی حال سنا
گیا تو معلوم ہوا کہ قاضیون پر نگرانی حکام کیطرف سی برای نام ہے قاضی جی نے جس طرف سی شکم پوری
کرلی اوسکی مفید مطلب فتوی دیدیا اور اس بہانہ پر اکثر ظلم ہوتا ہے حکام رعایا پرور کو بیدار مغزی چاہئی ؎

کے جو بچ نہ سکتا تہا قندہار کیطرف کوچ کیا اور نہم تاریخ جون ۱۸۶۲ء کو گرشک مین پہونچا سولہوین جون کو دریائی ہلمند سے عبور کرکے بی مقابلہ سید ہا فرہ کو کوچ کیا چند عرصہ سخت محاصرہ کے بعد میر افضل خان حاکم قلعہ نے ۲۹ تاریخ ماہ جون سنہ الیہ کو فرہ امیر دوست محمد خان کے حوالہ کیا بعد حصول اصل مطلب کے امیر دوست محمد خان نی اپنی جرات جبلی سی ارادہ تسخیر ہرات مصمم کرکے ہرات کی طرف عنان عزیمت کو پہیرا سلطان جان کی فوج جو فرہ کو آتی تہی پیچہی ہٹ گئی ۲۸ تاریخ ماہ جولائی کو امیر دوست محمد خان کی فوج نی شہر ہرات کا محاصرہ شروع کیا ایام محاصرہ مین فریب اور دغا بہت کچھہ ہوی اور ایک دوسری کی فوج سی آدمی برگشتہ ہو کر جاتے آتے رہے ابتدا محاصرہ مین امیر دوست محمد خان کی دختر سلطان جان کی بی بی نے جو بڑے لیق تہی وفات پائی اور ششم اپریل ۱۸۶۳ء کو سلطان جان خود بہی فوت ہوا اکثر لوگ اشتباہ زہر دہی کرتے ہین بعد اوسکی بہی دوست محمد خان اس ارادہ پر قایم رہا کہ ہرات کو مفتوح کرین کچھہ عرصہ تک شاہ نواز خان والی ہرات مرحوم کا فرزند دلاوری سہی لڑتا رہا لیکن آخر کار ۲۷ ماہ مئی ۱۸۶۳ء کو امیر دوست محمد خان نی سخت حملہ کیا اور بسبب دغا بازی سپاہ قلعہ دار کے ہرات پر تصرف کر لیا اس فتح خبر تا ہنوز اچہی طرح مشہور نہین ہو چکی تہی کہ بتاریخ نہم ماہ جون ۱۸۶۳ء مطابق ۱۲۸۰ ہجری امیر دوست محمد خان نے بمقام ہرات وفات پائی بعد اوسکی امیر شیر علیخان جسکو باپ نے ولیعہد کیا تہا حکمران ہوا شیر علیخان محمد شریف خان کو ہرات مین چہوڑ کر خود معہ شاہ نواز خان جو بطور نظر بند قید تہا کابل کو واپس ہوا فی الحال بجائی امیر دوست محمد خان اپنی باپ کے امیر شیر علیخان گدی نشین ہے مگر اور بہائی اس سی مخالف ہین سب سے پہلے محمد اعظم خان والی خوست اور علاقہ کورم نے شیر علیخان کی حکومت سی اعتراض کرکے دعوی کیا کہ محمد افضل خان جو اوسکا حقیقی بہائی اور سب فرزندان امیر مرحوم سی بڑا ہے مستحق ریاست اوسکو سمجہنا چاہی شیر علیخان کو یہہ بات ناگوار گذری جب محمد اعظم خان کہولے بندون باغی ہو بیٹہا تب شیر علیخان کے فرزند بہمراہی محمد رفیق خان فوج کشی کرکے علاقہ خوست و کورم مقبوضہ محمد اعظم خان مفتوح کر لیا اور محمد اعظم خان بسبب نا اتفاقی اور بیدلی فوج اونسی مقابلہ نکر سکا لاچار جان بچانی فرض سمجہکر سب مال اسباب چہوڑ کر جریدہ ڈیڈہ سو سوار کے ساتہہ علاقہ کوہاٹ سلطنت انگریزی کی حدود مین پناہ طلب آیا میجر ہو جمس صاحب کمشنر قسمت پشاور نے ملاقات کرکے حسب ایمای گورمنٹ پنجاب بہت تپاک سی اوسکی مہمانی کی اور گورمنٹ

اور اسیطرح سرکار انگریزی نے بہی رابطہ اتحاد کو اوسکی ساتہہ مضبوط کیا شروع ۱۸۵۵ء مین مسمی عبد الغفور خان
تیمنی کے سردار نے جو ملک غورسی علاقہ تیورہ کا رئیس تہا عداوت خانگی کے باعث سی اپنی ایک رشتہ دار کو
علاقہ فرہ کو قتل کر دیا فرہ کا مضبوط قلعہ قندہار اور ہرات کی راہ مین واقع ہی محمد شریف خان ولد
امیر دوست محمد خان حاکم قلعہ مذکور کو اس بدعت سردار تیمنی سی طیش ہوا اور اوسنی اپنی باپ
دوست محمد خان سی عبد الغفور خان کو سزا دینی کی اجازت چاہی امیر دوست محمد خان نے کچہہ
تامل کے بعد اجازت دی جب اس ارادہ کا حال سلطان جان والی ہرات نے سنا تو اوسنی حجت اعتراض
کیا اوسکی بی بی جو امیر دوست محمد خان کی دختر تہی معہ اپنی فرزند شاہنواز خان کے ہرات سی
فرہ کو بدین غرض گئی کہ اسکے خاندان مین لڑائی فساد نہو جب اوسکی ملاقات محمد شریف خان سے
ہوئی تو یہہ خبر مشہور کی گئی تہی کہ امیر صاحب کی دختر کی التماس کے سبب سے عبد الغفور خان پر عفو کیا گیا
چنانچہ اس خبر کے سنتی سے اوس سردار نے اپنی ہمراہیونکو متفرق اور منتشر کر دیا تب محمد شریف خان نے
ناگہان شب کیوقت کوچ کر کے عبد الغفور خان پر حملہ کیا اور اوسکو لاچار بہاگنا پڑا سب ملک اوس کا
محمد شریف خان کے قبضہ مین آگیا عبد الغفور خان اپنی مربی سلطان جان کے پاس چلا گیا شروع
ماہ مارچ مین سلطان جان نے واسطی اعانت عبد الغفور خان کے سبزوار کیطرف جو ہرات اور فرہ
کی مابین ہے کوچ کیا اوسکی ہمراہ آٹہہ ہزار فوج آئین اور تین توپین اور سوا اسکی ملکیہ سپاہ بہت تہی یہہ
سپاہ مقام خلعت گاہ مین پہونچی جو فرہ سی ساڑہی چار میل کے فاصلہ پر ہے اوسوقت سردار سیف اللہ خان
نوجوان فرزند امیر دوست محمد خان کا قلعہ فرہ مین تہا اور اوسکی پاس جمعیت یہہ تہی چار کمپنی سپاہ
پیادہ آئین اور دو سو جزائلچی اور دو سو سوار اور چار چہوٹی توپین لیکن دروازی قلعہ کے خانان فرہ کے اختیار مین
تہی بعد محاصرہ اونیس روز کے خانان مذکورین سے خان محمد خان عیدو خیل و جبار خان نورزئی و محمد خان
اچکزئی نے دروازے کہولدئی تب سیف اللہ خان کو سیف چہوڑ کر مجبور قلعہ دیدینا پڑا جو مستورات
قلعہ مین تہین محفوظ رہین اور سپاہ سی ہتہیار لیکر باہر نکالدیا گیا یہہ ناخوش خبر امیر دوست محمد خان
کو بمقام جلال آباد پہونچی اونہون نے فوراً قندہار کی اونچی اونچی آدمیونکو خط لکہکر محمد امین خان کے
اطاعت کا حکم دیا اور خانان جلال آباد و کابل و غزنین اور علاقہ کوہستان کو معہ سعادت خان
لال پورہ والے کے تنبیہ کیا کہ اپنی اپنے ہمراہیونکو لیکر نوکری کے واسطی حاضر ہوجاوین اور خود بعد کچہہ توقف

ہاری جانے کی بعد باقیماندہ جو جلال آباد کیطرف روانہ ہوئے تہی انہر محمد شاہ خان وغیرہ خانان غلزائیون نے اپنی قوم اور دیگر
اقوام کا لشکر جمع کرکے بمقام تیزین اور گندمک انگریزی فوج سی بسبب برف پڑنیکی جنگ کرکی غالب آئی اور مہتر موسی
خان سلیمان خیل نے غزنین کیطرف آکر ہنگامہ شروع کیا اور بہت لڑائیونکی بعد انگریزون سی کہا کہ تم شہر چھوڑ کر کابل یا
قندہار کیطرف چلی جاؤ تمہاری مزاحمت نہین کرینگی جب اس اقرار پر اعتبار کرکی انگریزی فوج باہر نکلی تب افغانون نے
حملہ کیا اور غزنین مین برف بہت پڑی تہی جسکی سبب سی سپاہ انگریز لاچار ہوگئی اور بہت نقصان اوٹہایا جو قتل سے
بچے وہ پکڑی گئی اور قیدیان گرفتار شدہ نی تا روز رہائی بہت تکالیف و سختی اوٹہائی بعد فراغت غزنین کے
سب لوگون نے خصوص قوم غلجائی نی کابل کیطرف چڑہائی کی مہتر موسی سلیمان خیل اور سر انداز خان و بہاول خان
اندڑ اور محمد شاہ خان و عزیز خان جبار خیل اپنی اپنی قوم کی سرگروہی مین اس لشکر کی افسر تہی اور وزیر محمد اکبر
خان خلف امیر دوست محمد خان ترغیب دہندہ اور سب کا مشیر و تہا جب شاہ شجاع سردار شجاع الدولہ
خان کے منصوبے مارا گیا تب سوای بارکزئیونکی ریاست کی لایق کوئی نہین تہا بعد رفع فساد کابل جیسا کہ
اوپر لکہا گیا امیر دوست محمد خان رہائی پا کر اپنی ملک مین واپس آیا اور بدستور حکمرانی کرنی لگا۔ اس
یورش کے مخالف نتیجہ کے سبب سے انگریزونکا نام افغانستان مین بدنام ہے بعد اس فساد کے

## مغربی حصہ مین

بارکزیون کا تسلط رہا الاہرات ۱۸۴۲ء تک شاہزادہ کامران ابن شاہ محمود سدوزئی کی قبضہ مین
ہی اسکو وزیر یار محمد خان علیکوزئی نے ۱۸۴۲ء مین قتل کرکے اپنا قبضہ کرلیا جب وہ مرگیا سردار سید محمد خان
اسکا بیٹا اپنا باپ کا جانشین ہوا جب اسکی دماغ مین خلل پڑا اور ملک مین بی انتظامی ہوگئی تب عیسی خان کو ہی
ہرات پر قابض ہوگیا جس سے سردار سلطان احمد جان ابن سردار محمد عظیم خان برادر زادہ امیر
دوست محمد خان نے باعانت شاہزادہ ایران بے لی علاوہ افغانستان کی بلخ اور نیز قہندز کو جو
بخارا سے جنوب کیجانب کوہ ہندوکش سے شمال دریای جیحون کے کنارہ پر واقع ہے ۱۸۵۰ء مین سردار
محمد افضل خان سب سے بڑی فرزند امیر دوست محمد خان نے بزور فوج فتح کیا اور باوجود ناراضگی رعایا اور فساد
چہوٹے چہوٹے ریسان میمنہ اور سرپل اور شبرغان ملک پر قبضہ قایم رکہا ہوا ہے امیر دوست محمد خان
والی کابل نی ۱۸۵۵ء کو تازہ عہدنامہ سرکار انگریزی سی کیا جسکا مضمون بسبب طوالت درج نہین کیا گیا
مختصر مطلب یہہ کہ مین گورنمنٹ انگریزی کا ہمیشہ دوست رہونگا اور اوسکی دشمن کو اپنا دشمن سمجہونگا

مہتر موسی وکوت خان تھے اور قوم وردگ سے خلیل نظر خان و اکرم خان اور میر عالم خان منتہی اور فارسی بانوں کا
سردار محمود خان اور قوم ہزارہ کا جعفر علی اور بختیار علی افسر تھا بعد وقوع فساد عزیزین شجاع الملک ہمراہی فوج انگریزی کابل کو گیا
و دوست محمد خان ہمراہی چار سو سپاہی کے کوہستان کی طرف بھاگ گیا او محمد اکبر خان ولیعہد اوسکا بہی ترکستان کی طرف چلا گیا شیر علی خان او محمد امین خان
بھاگ کر تاتہ زرمت مین پناہ گزین ہوئی شمس الدین خان او محمد افضل خان او سلطان جان قوم غلزائی مین
ترغیب بغاوت کیواسطی پہرتی تہی شجاع الملک نے معرفت خان شیرین خان دوست محمد خان کو حیلہ
اور فریب سی کابل مین طلب کیا اور انگریزون پر اوسکا بطور خود آنا ظاہر کیا جب دوست محمد خان گرفتار
ہوکر ہندوستان کی طرف بہیجا گیا تب قوم بارک زئی او جبار خیل شاخ غلزائی جو رشتہ دار دوست محمد کے
تہی مستعد پیکار ہوئی ڈہائی برس کے آرام کی بعد دفعتاً فساد مچا باعث اس فساد عام کی جو ملک مین مشہور ہین درج کی
جاتی ہین اول امیر دوست محمد خان کی گرفتاری سی محمد اکبر خان او دیگر فرزندان اوسکی ہر قوم مین بطور روئے
آوری جاکر مددخواہ اور سرگروہ اس ہنگامہ کے ہوی دوسری لوگ مشہور کرتی ہین کہ شاہ شجاع نے عبد اللہ خان
اچکزئی و امین اللہ خان تاجک لوگری و مہتر موسی خان و عزیز خان و محمد شاہ خان ملکان غلزائی
و ملا عزیز اخوند بہادر افغانی وغیرہ سرداران قوم کو بلاکر پوشیدہ کہا کہ انگریز تمہاری گرفتاری کی فکر مین ہین تمکو بہی
گرفتار کرکے مثل امیر دوست محمد خان کے جلاوطن کرینگے او سبب اس بیوفائی کا یہہ تہا کہ وہ اپنی بی اختیاری
سی ناراض ہوکر سمجہا تہا کہ انگریز حکومت کو اپنی ہاتہ مین رکہینگے بلکہ یہہ بات مشہور ہوگئی تہی کہ حکم سرکار کمپنی کا اوپر خالی
ملک شاہ شجاع کا تیسرے آیہ امر کل افغانون مین اہل غرضون نے مشہور کردیا کہ انگریزون نے حکم دیدیا ہی کہ عورات
منکوحہ و غیر منکوحہ فاعل مختار ہین جس سے چاہین رہین او چونکہ افغانون مین آزادی عورات مثل قتل کے گوارا سخت ہے
اسواسطی گہبراگئی چوتہا عورات خانگی کی آمد و رفت کمپ انگریزی مین باعث زیادہ ترغیبت و خرابی او کینہ توزی
اونکے طبائع مخلوق کے ہوئی و پنجم یہہ کہ شہر کابل مین متصل باغ شاہ ایک خانقاہ سید مہدی آتش نفس کے
تہی اوسمین بدون اطلاع افسران علی چند سواران رسالہ انگریزی کی گہوڑے باندہتی تہی اس زیارت کے
اکثر باشندگان نواح کابل معتقد تہی جنکو یہہ زیادتی سخت ناگوار گذری ایسی وقت مین محمد شاہ خان جبار خیل
نی ایک روز صبح اوٹھکر مشہور کیا کہ آج رات خواب مین یہہ بزرگ مجکو کہتا تہا کہ باوجود موجود ہونے اسقدر میری
مرید مسلمانونکی ہیہی میری مزار کی اسقدر بی ادبی ہوئی ہے اب فوراً تلوار پکڑ کران دشمنون کو ملک سے نکال دیو
فتح تمہاری ہوگی اس خواب کی بات نے بڑا اثر کیا اور بلوہ شروع ہوگیا اکثر فوج سرکاری کابل مین تباہ ہوگئی سکندر برنس صاحب

کابل کو پہونچا اور جنرل ناٹ صاحب بھی بعد مسماری و خرابی قلعہ قلات غلزائی و گرشک - و غزنین - کابل
مین داخل ہوا صالح محمد خان نے جسکے سپرد محمد اکبر خان کے حکم سے قیدیان انگریزی تھی بیس ہزار نقد اور ایکہزار
ماہواری پنشن لیکر کے ستر قیدی انگریز جنرل صاحب کے لشکر مین پہونچا دئی اور محمد اکبر خان کو جو کوہستان
کابل سے پرے تک بھگا دیا گیا اور اسطرح گئی ہوئی بات کو فتح مندی کی نام سے انگریز دوبارہ حاصل کر کے
کابل سے واپس ہوئی اور ششم ماہ نومبر ۱۸۴۲ء کو پشاور مین پہونچی بعد ازان دوست محمد خان
کو معہ اوسکی سب ہمراہیان کے بمنظوری شرائط دوستی رہا کر دیا اور افغانستان کا یہہ بڑا معاملہ طی ہوا ۔

## حال اس جنگ کا جسطرح افغانستان مین مشہور ہے

کتابی بیان اوپر لکھا گیا مگر افغانستان مین اسطرح مشہور ہی کہ جب آمد آمد فوج انگریزی از راہ قندہار افغانستان
مین گرم ہوئی اوسکی ساتھہ آوازہ فوج کشی سکھان از راہ پشاور مشہور ہوا - باستماع ان اخبار کی شاعران
فضول نے بزبان پشتو اور فارسی اس مضمون کے شعر کہنی شروع کئی کہ مسلمانون تلوار کو ہاتھہ مین پکڑو اور جہاد کرو ہتیار
کہ دونون طرف سے سپاہ مخالف دین حملہ آور ہے اس مضمون شاعرانہ نی لوگون کے دل پر اثر کیا اور علماؤن نے
نشان ہای سفید باندہکر وعظ اور ترغیب جہاد کی دہہ بدہہ شروع کری بسبب تعصب مذہبی لوگونکا مزاج خون
ریزی کیطرف مائل ہوا ان بواعث سے فوج آمد قندہار کی مقابلہ کے واسطی چودہ ہزار سوار اور تیس ہزار پیدل
مسلمانان علاقہ نواح غزنین مین جمع ہوی اور بعد سخت لڑائیون کے انگریزون نے شہر غزنین مفتوح کیا
اور غلام حیدر خان نے بالاحصار غزنین سے بذریعہ طناب اوترکر قوم وردگ مین جا پناہ لی باوجود فتح
غزنین بارہ روز تک افغان انگریزون سے لڑتے رہی اس عرصہ مین شاہ شجاع الملک نے خانان غلزائی
اور دیگر سرداران قوم کیطرف خط بھیجکر طلب کیا اور سب کو فہمایش کری کہ انگریزونکو اس ملک سے کچھہ غرض نہین ہے
صرف میری کمک کیواسطی آئی ہین بعد انتظام کابل پشاور کی رستی ہندوستانکو واپس جاوینگی بلکہ اونکو
خوش کرنیکی واسطی یہہ بھی کہدیا کہ بعد فتح کابل خیبر کی رستی پشاور پر حملہ کر کی سکھونسی ہمکو چھڑا دینگی
یہہ خبر سنکر لوگونکو صرف تسلی ہی نہ بلکہ شاہ شجاع کی آنی سے خوشی بھی ہوئی اکثرون نے اوسکی اطاعت قبول
کری اور حشری کا لشکر ابھی گھرونکو گیا ان لڑائیونمین شاخ اندڑ قوم غلزائی کی بڑی ملک اپنی
قوم کی لشکر کے سرگروہ سمیان - سکندر خان و بخشی خان و سرانداز خان و عبد احمد خان
و بہاول خان تھے اور شاخ ترکی قوم ایضاً مین مرتضی خان اور میرزا خان اور ملکان سلیمان خیل

غور بند انگریزی فوج سی مقابلہ آرا ہوا مگر دونون دفعہ شکست کہائی تب لاچار ہوکر صرف ایک آدمی
کی ساتہہ کابل مین چلا آیا اور اپنی آپ کو سپرد افسر فوج انگریزی کردیا اور وہانسی ہندوستانکو
بہیجا گیا جنکاہ گورمنٹ ہندسی دو لاکہہ روپیہ سالانہ پنشن اوسکا مقرر ہوکر لدیانہ مین رہنی کا
حکم صادر ہوا بعد اوسکے افغانستان مین تہوڑی تہوڑی لڑائی ہوتی رہی بماہ اکتوبر راستہ درمیان
کابل اور جلال آباد کی افغانون نے بند کرلیا تب ایکدستہ فوج زیر کمان جنرل سیل صاحب واسطے
کہولنی راستہ کی کابل سے جلال آباد کو بہیجا گیا جنرل مذکور دلاورانہ لڑائی کی بعد جلال آباد مین پہونچ
گیا الا وہان پہر محصور ہوگیا اس موقعہ پر افغانستان مین بغاوت کا جہنڈا کہڑا ہوکر ہر طرفسی فساد
شروع ہوا دویم ماہ نومبر ۱۸۴۱ء کو سر الگزنڈر برنس صاحب شہر کابل کی اندر مارا گیا اگر اوس وقت
کمانیر فوج متعینہ کابل - اوس مفسدہ کا تدارک کرتا تو اسقدر دشواری پیش آتی مگر دو دلی مین پڑ جانی
سی وہ وقت ہاتہہ سی جاتا رہا اور پہر بہی محمد اکبر خان خلف دوست محمد خان کی دغاباز و عہدون
پر اعتبار کرنی سی یہہ نتیجہ نکلا کہ ششم ماہ جنوری ۱۸۴۲ء کو جو چار ہزار پانسو لڑنے والہ سپاہی اور
بارہ ہزار بہیرکی لوگ کابل سی ہند کیطرف روانہ ہوئی اونمین سی بباعث پڑنی برف اور دغای
محمد اکبر خان کی جلال آباد مین صرف ایک ڈاکٹر صاحب زندہ بچکر یہہ حسرت افزا خبر لائی غرضکہ
اور قندہار مین بہی فساد ہوا۔ اور طرفہ بیوفائی یہہ کہ صفدر جنگ بیٹے باپ شجاع کو انگریز افغانستان
کا مالک بنانے آئی تہی وہ بہی جنرل ناٹہہ صاحب کے لشکر سی قندہار مین لڑا مگر شکست پائی
شاہ شجاع کسی انتظام کے واسطی قلعہ بالاحصار واقع کابل سی نکلکر باہر جاتا تہا کہ دوست محمد خان
کی جانبدارون نی کمین لگاکر اوسپر چند بندوقین چلائین جنمین سے دو اوسکو نازک جگہہ پر لگین
اور وہ فوراً مرگیا اس عرصہ مین بجائی لارڈ آک لنڈ صاحب - لارڈ النبرا صاحب گورنر
جنرل ہوکر ہندستان مین آیا اور اوسکی دانست مین بسبب ماری جانی شاہ شجاع کی یہہ مناسب
نظر آیا کہ افغانستان کی سلطنت مین کچہہ دخل ندیا جاوی رعایا ملک کی جسکو چاہی بادشاہ بنالے
لیکن اتنا حکم دیا کہ جنرل پالک صاحب - جلال آباد سی اور جنرل ناٹہہ صاحب قندہار سی
جاکر اکبر خان کو کابل سی نکال دین اور قیدیان انگریزی کو واپس لیکر گہڑی ہائی متصلہ کو مسمار
کراکر فوج سرکاری واپس چلی آوی چنانچہ ۱۲ ستمبر ۱۸۴۲ء کو بعد کئی لڑائیون کے جنرل پالک صاحب

جوانمردی سی ملہ کیا لیکن نقصان کثیر اوٹہاکر شکست کہائی اور افغانون نی تلوار اوٹہاکر خندق سی اوترانکو
دور تک بہگا دیا مگر لشکر ایرانی نے بہر بدستور ہرات کا محاصرہ کر لیا تب ۱ جولائی سنہ ۱۸۳۸ء کو مسٹر مکنیل صاحب
ایلچی انگلستان نے کرنیل اسٹاڈٹ صاحب کو اس پیغام سی شاہ ایران کے پاس بہیجا کہ اگر ہرات پر اوسکی دست
اندازی ہوگی تو اسمین شاہ انگلستان کی ناراضی ہوگی یہہ پیغام والی ایران پر موثر ہوا ۱۴ - اگست کو
اوسنی واپس جانا منظور کیا اور نہم ستمبر ۱۸۳۸ء کو اپنی ملک کو روانہ ہوا لیکن کامران کے ساتہہ اوسنی کچہہ
انتظام صلح و سازش نکیا شاہ روس نے اپنا ایلچی واپس بولا کر اوسکی عوض مین دوسرا ایلچی مقرر کیا اور
عہدنامہ سرداران قندہار - نامنظور کرکے انگلستان کو اطلاع لکہہ بہیجی اور چونکہ یہہ امر پانچوین مارچ ۱۸۳۹ء
کو ہوا جب مشہور تہا کہ فوج انگریزی افغانستان کو آتی ہی تو اس سی پایا جاتا تہا کہ شاہ روس کو
فوج سرکار انگریزی سی کچہہ مزاحمت کرنا منظور نہین ہے الغرض انگریزی فوج نی براستہ سندہ و بلوچستان
امیران سندہ کی تمرد کو بزور شمشیر مطیع کر کی ۲۲ فروری ۱۸۳۹ء کو اونیس ہزار تین سو پچاس سپاہی
نی چہہ ہزار فوج شاہ شجاع نے بمقام سیوان سی براستہ درہ بولان - قندہار - کی طرف کوچ کیا اور بسبب کمی
پانی بہت سی تکلیف اوٹہاکر چہارم ماہ مئی سنہ ۱۸۳۹ء کو قندہار مین پہونچی وہانکی سردار بہاگ گئی اور ہشتم ماہ
مئی ۱۸۳۹ء کو شاہ شجاع بمقام قندہار - دوبارہ تخت افغانستان پر بٹہایا گیا بعد قیام چہہ ہفتہ کے
ایک بڑا دستہ فوج کا براہ ترناک غزنین کو روانہ ہوا - اور سخت مقابلہ کے بعد ۲۳ تاریخ ماہ جولائی
۱۸۳۹ء کی صبح کو سپاہ انگریزی نی دلاورانہ حملہ کرکے دروازہ کو باروت سی اوڑا دیا اور شہر غزنین
تسخیر کیا گیا دوست محمد خان یہہ حال سُنکر حیران ہوا - اور فوراً صلح کی درخواست کری الا جو شرائط
صلح سرکار انگریزی نی بیان کرین اونکو بسبب زیادہ سخت ہونی کی منظور نکر سکا اور مقابلہ سی عاجز
آکر ترکستان کیطرف بہاگ گیا توپ خانہ اوسکا لیا گیا اور فتحیاب فوج فتح کی ہُرّی بولتی ہوئی تب
کابل مین داخل ہوئی اور سوای بعضی سرداران قوم غلزائی سب ملک تابعدار ہوگیا بظہور آثار امن کے
جنرل سر جان کین صاحب بعد فتح قلعہ قلات بہمراہی ایک فوج کی اٹک کی رستی ہندوستان کو
واپس گیا اور کچہہ فوج - کابل - مین واسطی استقلال شاہ شجاع کی چہوڑ دی گئی دوست محمد خان
نی بخارا مین جاکر شاہ بخارا سی مدد مانگی تہی الا والی بخارا نے بجای مدد کی اوسکو قید کر لیا ماہ
اگست ۱۸۴۰ء کو قید سی بہاگ کر اور کچہہ فوج جمع کرکے متصل بامیان اور دوسری دفعہ قریب درہ

ستمبر ۱۸۳۶ء مین شاہ ایران نی ہرات کی طرف اپنا لشکر لیکر کوچ کیا شاہزادہ کامران والی ہرات نے اپنا وکیل واسطی صلح کی بہیجا اور ایلچی انگلستان نے بہی منظوری صلح کی صلاح دی بلکہ اصرار سی کہا مگر ایلچی روس کے بہونچ جانی اور مخالف صلاح دینی سی صلح نامنظور ہوکر قلعہ غوریانکو فتح کرکی فوج ایرانی مقابل ہرات کی خیمہ زن ہوئی اس عرصہ مدت مین دوست محمد خان والی کابل کی صلاح ظاہر نہین معلوم ہوتی تہی اسواسطی لارڈ آک لینڈ صاحب گورنر جنرل ہندنی میجر سکندر برنس صاحب کو کابل مین بہیجا کہ امیر کابل کا مطلب دریافت ہو مگر دوست محمد خان کا ارادہ کچہہ اور تہا اوسنی سبب بہونچ جانے وکیل ایرانی کی برنس صاحب کو ایک گول مضمون کا خط دیکر رخصت کر دیا بجواب اس خط کی گورنر جنرل صاحب ہندوستان نے دوست محمد خان کو لکہا کہ واسطی صلح ہمراہ رنجیت سنگہ کی سرکار انگریزی مدد مناسب دیوی گی اور تمکو بدستور اپنی ملک مقبوضہ پر بہی قایم رکہی گی الا اس شرط سی کہ افغانستان کے مغربی ملکون سی کچہہ تعلق نرکہو اس خط کا دوبارہ کوئی جواب نہ آیا اوس وقت ایسا قیاس کیا گیا تہا کہ اس یورش مین ہرات ضرور ایران کی قبضہ مین آوی گی اور سب مغرب کے ملک شامل ہوکر روس کے تابعدار ہو جاوین گی اور پہر ہندوستان مقبوضہ انگلستان کے ساتھ مزاحمت کرنے کا احتمال تہا ان سب سی ضرورت معلوم ہوئی کہ مغرب والون کی ہوا مین کچہہ مداخلت کیجاوی حالانکہ شاہ روس باربار لکہتا تہا کہ اس فساد سی ہماری کچہہ مراد نہین ہے اور ارادہ ہند کا تو خود ناممکن ہے شاہ شجاع دعویدار اور حقدار تہا سلطنت کابل کا اور ایسا سمجہا گیا تہا کہ افغانستان کے سب لوگ اوسکی خواہان ہین اور اوسکی دوست بہ نسبت بارکزیونکی زیادہ اور زوراور ہین اور نیز رنجیت سنگہ کی جو اوس وقت دوست محمد سے لڑ رہا تہا شاہ شجاع ساتھہ دوستی تہی اس خیال پر کہ اگر انگریز شاہ شجاع اور رنجیت سنگہ کی ساتھہ شامل ہونگی تو شجاع الملک کو آسانی سی افغانستان کے تخت پر بٹہا سکینگے اور تب افغانستان گورنمنٹ ہند کی تابع ہوگا اور ما بین ہندوستان اور مغربی سلطنتونکی روک ہوگی اس ارادسی ۲۶ ماہ جون ۱۸۳۸ء کو بمقام لاہور ما بین سہ فریق یعنی گورنمنٹ انگریزی اور رنجیت سنگہ و شاہ شجاع کی ایک عہدنامہ تحریر ہوکر ہر ایک کی جانب سی دستخط کیا گیا اوس عہدنامہ کے روسی ایک فوج انگریزی بنگال احاطہ کی دریای سندہ کی طرف روانہ کی گئی اور وہان اوس سی کچہہ فوج بریزیڈنسی بمبئی کی بہی شامل ہوئی اس مدت کی ما بین محمد شاہ ایرانی ہرات کی تسخیر مین مصروف رہا چنانچہ ۲۳ تاریخ ماہ جون ۱۸۳۸ء کو حسب تعلیم ایلچی روس کے ایرانی فوج نی ہرات پر بڑے

# حال فوج کشی انگریزان سلطنت کابل

## یعنی مغربی افغانستان پر

تا ہنوز ایسا مضبوط سبب جس سی غیر ملک کی ریاست مین دخل دینا مناسب اور ضروری سمجھا جاوے
کوئی معلوم نہین ہوا۔ الا اوس وقت جو امور باعث فوج کشی ہوئی وہ مختصر اً درج کئی جاتے مین جب
سکھون نے افغانستان شرقی پر قبضہ کر لیا تو دوست محمد خان۔ پشاور کو پہر فتح کرنا چاہتا تہا مگر چونکہ
اوسکو اکیلا اس مہم مین کامیاب ہونیکی امید نہین تہی اسواسطی شاہ ایران اور بخارا کی بادشاہ سی
مدد خواہ ہوا۔ ایران مین بعد وفات فتح علی شاہ کی مرزا عباس کا بیٹا محمد شاہ بادشاہ بنا یہہ نوعمر
بادشاہ اپنی باپ متوفی کے ارادہ فتح ہرات کو بدل پورا کرنا مانگتا تہا اور ایسا احتمال گذرا تہا کہ بعد
فتح ہرات کی افغانستان پر دریای اٹک تک ایرانیون کا قبضہ ہو جاوی گا اور قبل اسکے ایرانیون نے
شاہ روس کے دباؤ کی سبب سی شاہ انگلستان سی مدد مانگی تہی اور اس مراد سی کہ شاہ ایران
اپنی ملک کو باہر کے غنیمون سی بچا رکہی نہ یہہ کہ ہو با ہر کے ملکون پر حملہ کری انگلستان سی کچہہ زر نقد
اور چند ولایتی افسر واسطی سکہانی قواعد فوج ایرانی کو امداد بہیجی گئی تہی اونسی قواعد سپاہ گری سیکہ کر
فوج ایرانی گرچہ روسیونکی مقابلے کی لایق نہین ہوئی تہی الا بہر حال افغانستان والونسی بہتر تہی جب محمد شاہ
نی ارادہ فتح ہرات کیا تو شاہ روس کی اجازت ضرور تہی انگلستان چاہتا تہا کہ شاہ ایران فتح افغانستان
کا ارادہ نکرے الا اوسنی حسب صلاح و ترغیب ایلچی روس مصمم ارادہ یورش ہرات کر کے ۱۸۳۵ء مین
بدعوی ہرات و کابل۔ و قندہار۔ فوج جمع کری اور چونکہ قبل اسکی باہم روس اور ایران کے
نفاق تہا اور اس یورش کی ارادہ مین ایلچی روس صلاح کار اور متقاضی اس امر کا ہوا بدین باعث جای
شبہ تہی کہ روسیونکی مراد کچہہ اور ہو گی اوسی عرصہ مین سرداران قندہار نی جو دوست محمد خان کے بہائی
تہی ایک معتبر اپنا اس پیغام سی شاہ ایران کے پاس بہیجا کہ وقت یورش اس طرف کی ہم تمہاری شامل
ہو کر نادر شاہ کی طرح دہلی تک فتح کرتی ہوئی جاوینگی یہہ وکیل بڑی عزت سی بادشاہ نی رکہا اور عہد
ہمراہ سرداران۔ قندہار۔ منظور کیا گرچہ وزیر شاہ ایران کا ایلس صاحب ایلچی انگلستان سی کہتا تہا
کہ یہہ معتبر دیوانہ ہی اصل مین ارادہ ہندوستان پر یورش کرنی کا شاہ ایران کو نہین ہے الغرض ماہ

آیا تہا رنجیت سنگہ نی ملاقات کری مگر بی مروتی اور طمع کی راہ سی جواہر کوہ نور جبراً اوس سی چہین لیا اگلے
۱۸۱۸ء مین بذات خود فوج ہمراہ لیکر اٹک سی مغرب قلعہ خیر آباد و جہانگیرہ کو فتح کرتا ہوا ۲۰ - نومبر کو پشاور
مین پہونچا یار محمد خان بہائی دوست محمد خان تاب مقابلہ نلاکر خیبر کیطرف ہٹ گیا لیکن بعد واپس
آنے رنجیت سنگہ کے اوسنی پہر پشاور - پر قبضہ کرلیا ۱۸۲۱ء مین قلعہ منکیرا اور لیہ فتح کرکے نواب منکیرا
کو دیرہ اسمٰعیل خان کا علاقہ دیا ۱۸۲۳ء مین دوبارہ - پشاور کیطرف بصلاح سردار ہری سنگہ نلوا -
سپہ سالار محمد لشکر روانہ ہوا - اور وہان سخت لڑائی ہوئی جسمین پہولا سنگہ اکالی مارا گیا مگر ہری سنگہ کی
دلاوری سی محمد عظیم خان دُرانی بہاگ گیا اور ۶ - مارچ ۱۸۳۴ء کو پہر - پشاور - سکہونکی قبضہ مین آیا
۱۸۲۳ء مین ضلع بنون مین بہی فوج سکہان آئی ۱۸۲۹ء مین سید احمد صاحب نام ایک شخص
ہندوستانی نی جہاد کا جہنڈا کہڑا کرکے علاقہ یوسف زئی ضلع پشاور - پر قبضہ کرلیا اوسدن سے مقام
ستانہ واقع دامن کوہ مہابن کنارہ مغربی دریا ، سند مجاہدون کا قرارگاہ بن گیا ۱۸۳۱ء کو وہ سید جسکو
لوگ میانصاحب کہتی تہی بمقام بالاکوٹ ضلع ہزارہ بعد چند لڑائیونکی سکہونکی ہاتہہ سی راہی ملک بقا ہوا
اوسکے بعد افغانستان کا حصہ مشرقی جسمین اب پشاور - اور ہزارہ اور دیرہ جات ہی قبضہ سکہا مین رہا
مگر سوائی پشاور - کے اور اضلاع مین اونکا مستقل قبضہ اور جہاونی نہین ہوئی پشاور - مین بہی
دوست محمد خان کے معاند بہائی سلطان محمد خان کو بداون علاقہ ہشت نگر - دوابہ - کوہاٹ
سکہون نے قابض کیا اسی سلطان محمد خان نے اپنی منصوبہ بازی سی امیر دوست محمد خان کا
ارادہ جہاد ہمراہ سکہان پورہ نہونے دیا رنجیت سنگہ کے حالات سی معلوم ہوتا ہے کہ باوجود دانائی اور
دلاوری کی اوسکو زمانہ آیندہ کا کچہہ فکر نہین تہا اپنی زندگی تک نام کی بڑہائی مین ہرطرح ساعی رہا الا
ایسا انتظام کوئی نکر سکا کہ بعد انتقال اوسکی کام آتا اٹک - کی غربی اضلاع پر حملہ کرنے سی اوسنی بہت
نقصان اوٹہایا سوای خرچ زر کثیر کے ہری سنگہ دلاور سپہ سالار کا جاتا رہنا کسی اور نقصان سی کم نہین
تہا اگر مہاراجہ مآل کار کو سوچتا تو اوسکی ریاست کیواسطی اٹک - یعنی سندہ کا دریا ، مغربی جانب
معقول حد تہی اس نقصان کے سبب سے رنجیت سنگہ کا اپنا مقولہ ہی کہ ہری سنگہ نے میری گلہ مین
اوستریونکی مالا - پشاور - ڈالدیا ہے +

تب محمود شاہ نی قید سی رہائی پاکر افغانستان کو اپنی زیر فرمان کرلیا اور صوبہ ہرات حاجی فیروز الدین
کو عطا کیا اتنی مین شاہ شجاع کشمیر سی رہائی پاکر پشاور اور کابل مین بادشاہی کرنے لگا اب
افغانستان مین گویا دو بادشاہ بن بیٹھی ایک محمود دوسرا شجاع آخر الذکر نی چند عرصہ تک شجاعت
کرکے محمود کو آوارہ کردیا الا آخر کو بعد بہت سی فسادون کے باعث زور پکڑ جانے بارکزیونکی شاہ
شجاع لاچار ہوکر شجاعت کو چھوڑ مستقل جگہہ سے بیدخل ہوا - اور جہان موقع ملا ایدہر اودہر حملی کرتا رہا
سنہ ۱۸۱۲ء مین وزیر فتح خان نے عطا محمد خان صوبہ کشمیر پر اس سبب سی چڑہائی کی کہ وہ شجاع کا ہمراز
اور محمود سی باغی تہا بعد لڑائی کی غالب آکر وزیر فتح خان نے عطا محمد خان کو قید کرلیا اوسکی بہائی
غلام محمد خان نی لاہور مین جاکر حسب مرضی رنجیت سنگہ اپنی چھوٹے بہائی جہاندار خان قلعہ دار اٹک
کو لکھہ بہیجا کہ سکہون پر قلعہ اٹک بیچ دو چنانچہ اوسنی ایک لاکھہ روپیہ کی عیوض قلعہ مذکور فروخت کردیا -
سنہ ۱۸۱۳ء سی رنجیت سنگہ کی قبضی مین اٹک سی شرقی ملک آگیا یہہ خبر سنکر وزیر فتح خان اور دوست محمد
خان استرداد قلعہ اٹک کیواسطی فوج لیکر روانہ ہوئی ۱۸۱۳ء مین رنجیت سنگہ کی بیس ہزار فوج سے ان
مقابلہ ہوا سکہون نے فتح پائی جب درانی واپس ہوکر کابل کو گئے تو وہان خبر پہونچی کہ نواب عبد الجبار خان
صوبہ دیرہ غازیخان پر شاہ شجاع نی ہمراہی شاہزادہ حیدر حملہ کیا مگر شکست کہائی اسی عرصہ مین
خبر آئی کہ فوج شاہ ایران واسطی لینی ہرات کی چلی آتی ہے علاوہ اسکی شاہزادہ کامران نی اپنے باپ
محمود شاہ کو اغوا کرکے اس بات پر آمادہ کرلیا کہ ہرات حاجی فیروز الدین سی لیکر کامران کو
دیجاوی ان دو مہم کیواسطی وزیر فتح خان معہ دوست محمد خان ہرات کی طرف روانہ ہوا دوست محمد خان
کو جو اوس وقت بہی منصوبہ بازی مین یکتا تہا ہرات مین چھوڑ کر خود وزیر فتح خان اور حاجی خان
کاکر فتح علی شاہ قاجار والی ایران کی تین لاکہہ لشکر سی لڑائی کیواسطی آگی کو بڑہا اور لڑائی مین فوج
ایران کو شکست دیکر مشہد تک اونکا تعاقب کیا دوسری طرف ہرات کو دوست محمد خان نے مفتوح
کرکی بصلاح فتح خان حاجی فیروز الدین کو اس عذر پر کہ اوسنی بوقت آوارگی محمود شاہ کے
اوسکی مدد نہین کری تہی قید کرلیا اور اپنی جبلی طمع سی حرم سرای شاہی کو بہی تاراج کیا اور علاوہ
اس بی مروتی کے یہہ گستاخی کری کہ شاہزادہ محمد قاسم کی بیگم جو خواہر شاہزادہ کامران کی تہی
اوسکا ازاربند قیمتی دو لاکہہ جو شاہزادی نی پوشیدہ کرلیا تہا بواسطہ خواجہ سرایان جبراً دوست محمد خان

ن کی قتل پر آمادہ کرلیا ہرچند کہ پاینده خان کو بادشاہ کی مخالف ارادہ کی اطلاع ہوگئے
فرزندان فتح خان وغیرہ نی گرشتگ اپنی اصلی وطن کیطرف بہاگ جانی کی صلاح بہی دی مگر
سرداری مفرور سبی عار سمجہکر یہہ ارادہ ناپسند کیا شاہ زمان نی ناعاقبت اندیشی کرکی
خان ملقب سرفرازخان بارکزئی قمرالدینخان امین الملک نزارخان علزائی
خان الکوزئی اسلم خان وغیرہ چند سردار انکو قتل کرادیا اس دغابازی کا نتیجہ یہہ ہوا
کہ تا نین مناد مجا فتح خان بارک زئی فرزند کلان پاینده خان مرحوم نی شاہ محمود
بہائی شاہ زمان سی متفق ہوکر بہت فوج جمع کرلی اور محمود نی قندہار - اور غزنین کو زیر
ل پر حملہ کیا شاہ زمان - پشاور سی یہہ خبر سنکر اوسطرف روانہ ہوا مگر اوسکو نہایت
یہ سالار سی مقابلہ کرنا پڑا - اپنی فوج ہراول کی نمک حرامی سی مغلوب ہوکر پکڑا گیا اور دره جگ
ین لیجاکر محمود کی حکم سی آنکہونمین سلائی پہیر کر نابینا کیا گیا اور وفادار خان وزیر جسنی قتل
ہ خان کی تدبیر کی تہی مع اپنی بہائی کی قلعہ بالاحصار واقع کابل مین قتل ہوا جیسا کیا ویسا
شاہ زمان کی کوری کے بعد

## شاہ محمود

خان بارک زئی برادر کلان امیر دوست محمد خان کی تجویز سی تخت نشین ہوا اور اوسنے
خان کو وزیر اعظم بناکر شاہ دوست کا خطاب دیا فتح خان نے دوست محمد خان اپنی چہوٹی
ئی کو ہمراہ رکہکر امورات ریاست سکہانی شروع کئی

## شاہِ شجاع الملک

شاہ ولی خان ابن شاہ ولی خان بامی زئی ابن شاہ ولی خان
جو حقیقی بہائی شاہ زمان کا تہا باعانت حافظ شیر محمد خان بامی زئی ابن شاہ ولی خان
تہہ وزیر احمد شاہ کی نواح خیبر سی بہت فوج جمع کرکے محمود شاہ پر حملہ لایا اور غالب آکر اوسی
ید کرلیا اور چاہا کہ بعوض شاہ زمان اپنی حقیقی بہائی کی اوسکو نابینا کری مگر شاہ زمان نے
اس گناہ کبیرہ سی منع کیا کیونکہ پہلے ہمایون اپنی حقیقی بہائی کی بدلہ مین محمود نی شاہ زمان کو
نابینا کیا جسکا معاوضہ پورہ ہوچکا تہا چار سال چند ماہ شاہ شجاع نی باستقلال سلطنت کرکے
عطاء اللہ خان صوبہ کشمیر پر جو باغی ہوگیا تہا چڑہائی کی اور وہان بادشاہ خود مغلوب ہوکر پکڑا گیا

داخل ہوا سلیمان شاہ کا عذر پذیرا کرکے عفو کیا اور خود مسند آرائی افغانستان ہوا جب ہمراہی جہانخان
سپہ سالار کابل کو آیا تو عبد الخالق نامی درّانی نے داعیہ سلطنت کرکے فساد مچایا اور لڑائی مین شکست
کہا کر پکڑا گیا اور تیمور کے حکم سی نابینا ہوا اسی ہنگامہ کی خدمات سی خوش ہو کر پائندہ خان بارکزئی
کو تیمور شاہ نی خطاب سرفراز خان عطا کیا یہہ بادشاہ اکثر موسم زمستان پشاور مین اور تابستان
کابل مین رہتا تہا فیض اللہ خلیل رئیس پشاور بغاوت کرکے معہ اپنی پسر کی قتل ہوا دو دفعہ
اس بادشاہ نی پنجاب پر یورش کرکے سکہو نکو نصیحت کری اور ارسلا خان مہمند سکنہ ڈہکا کو باوجود
عہد امان قتل کرکے اپنی قول کو داغ لگایا اور فتح خان اتمان خیل طاہر خیلی رئیس کوہ گہند گر -
فیض طلب خان محمد زئی کی اعتبار پر جب حاضر ہوا تو وہ بہی ہلاک کیا گیا تیمور نی بیس سال سلطنت
کرکی شب ہفتم ماہ شوال ۱۲۰۷ھ ہجری مطابق ۱۷۹۳ء رخت ہستی اس جہاں سی اوٹہا لیا اور کابل مین دفن ہوا

## شاہ زمان

تیمور شاہ کی بہت اولاد تہی مگر اونمین سی جو مشہور ہین اونکی تفصیل یہہ ہی +
ہمایون جو سب سی بڑا تہا دوئم محمود سوئم شاہ زمان چہارم عباس پنجم شجاع الملک ششم
شاپور ہفتم حاجی فیروز الدین بعد وفات تیمور کے اوسکا مستر ابیٹا شاہ زمان امراؤن کی -
صلاح خصوص پائندہ خان بارکزئی والد دوست محمد خان کی اعانت سی تخت نشین ہوا
ہمایون - قندہار اور محمود - ہرات کی حاکم تہے یہہ خبر سنکر ہمایون نی اعتراض کیا اور لڑائی کرکے
بہاگا مگر لیہ ضلع دیرہ اسمعیل خان مین نواب محمد خان سدوزئی کی ہاتہہ سی گرفتار ہوا اور شاہ
زمان کی حکم سی اوسکی دونون آنکہین نکالی گئین شاہ زمان سادہ لوح بادشاہ تہا اوسکی عہد
مین بارکزئیون نے زور پکڑا پائندہ خان بارکزئی مختار کل بن گیا اور خاندان سدوزئی
پر وبال نے قدم بڑہایا بہایئونکی بے اتفاقی نی زیادہ تباہی ڈالی پائندہ خان کی صلاح سے
اکثر سرداران درّانی بہ تہمت سازش ہمراہ شاہ محمود قتل ہوئی اس باعث ارکان سلطنت و
سرداران قوم پائندہ خان سی بیزار تہی خصوص رحمت اللہ کامران خیل سدوزئی جسکا خطاب
وفادار خان اور وزیر الممالک تہا زیادہ تر دربی خرابی پائندہ خان کی ہوا - اور بادشاہ
کو اس بات سی کہ وہ شاہ شجاع الملک سی مشورہ کرکے شاہ زمان کو معزول کرنا چاہتا ہے

کیطرف بنگال و یا بعد انتظام ملک افغانستان اس دلاور بادشاہ نی چھہ حملہ متواتر پنجاب اور ہند پرکئی پہلے
حملہ مین متصل انبالہ فوج شاہ ہند اور شاہ دُرّانی مین لڑائی واقع ہوئی گرچہ نواب قمرالدینخان
وزیرالممالک ہند مارا گیا مگر احمد شاہ بدون کامیابی واپس آیا اور دوسری سال ہرات کو فتح کرکے
اپنی مُلک محروسہ کی شامل کیا ثانی حملہ مین لاہور - اور - ملتان - مفتوح کرکی میر منو صوبہ لاہور کو اپنی
طرف سی گورنر پنجاب مقرر کیا تیسری حملہ مین دہلی یا شاہجہان آباد پر قبضہ کر لیا اور جہان خان
سپہ سالار اور شاہ ولی خان وزیر کو معیت جرار لشکر بہیجکر شہر متھرا کو لوٹا اور بہت سامان غنیمت
لیکر بصلاح عالمگیر ثانی بادشاہ دہلی - دختر محمد شاہ کو اپنی عقد مین لایا اور صبیہ عالمگیر ثانی کو اپنی
فرزند تیمور کا زوجہ بنایا اسطرح رشتہ یگانگی خاندان شاہی تیموریہ سی مضبوط کرکے واپس ہوا
چوتھی حملہ مین بتاریخ ہفتم ماہ جنوری ۱۷۶۱ء پانی پت کی مقام پر بیشمار فوج مرہٹہ کو جنکا دخل
اٹک تک ہو گیا تھا شکست فاحش دیکر مرہٹون کے خون سی میدان جنگ کو لالہ گون کیا اور بیجد
لشکر مرہٹونکا قتل ہوا - پانچوان اور چھٹا حملہ واسطی سرکشان قوم سکھہ کی تھا جنکو درست کرکے پنجاب
سی واپس گیا اور چند سال عیش اور آرام سی دارالسلطنت - قندہار - مین قرار گزین ہوا - آخرش
چوبیس برس سلطنت کرکے بعارضہ ناسور بینی جہان فانی سی عالم جاودانی کو رحلت کر گیا اس بادشاہ کی
اوصاف حمیدہ ابتک افغانستان مین مشہور ہین +

## تیمور شاہ سدوزئی

احمد شاہ - ابدالی کے چار فرزند مشہور بوقت وفات اوسکی باقی تھی تیمور - سلیمان - سکندر
پرویز - تیمور سب سی بڑا بیٹا اپنی باپ کی طرف سی ہرات کا صوبہ دار تھا شاہ ولی خان بامی
زئی وزیرالممالک تیمور سی رنجیدہ تھا اس باعث سی وزیر مذکور نی سلیمان شاہ کو تخت
- قندہار - پر اپنی باپ کا جانشین کیا یہہ خبر سُنکر تیمور جو مستحق سلطنت کا تھا بارادہ پیکار روانہ قندہار
ہوا شاہ ولی خان فریب کے راہ سی بدین غرض کہ دہوکہا دیکر - تیمور - کو کسی حیلہ سی بدون جنگ قید
کراون ڈیڑہ سو سوار کے ساتھہ بطور پیشوائی روانہ ہو کر بمقام فرہ معسکر تیموری مین داخل ہوا -
قبل از باریابی تیمور کی حکم اور قاضی فیض اللہ کی تجویز سی شاہ ولی خان وزیر معہ اپنی دو پسران
نوجوان و دو خواہرزادونکی قتل کیا گیا تیمور شاہ وزیر کیطرف سی اطمینان حاصل کرکے قندہار مین

مین داخل ہوی اور بحالت خواب سر نادرشاہ کو جو مسجود سران گردنکشان تہا کاٹکر اُڑ دو مین پہینک دیا۔ شبانگہ سرِ تخت و تاراج داشت + سحرگہ نہ تن سر نہ سر تاج داشت + بیک گردش چرخ نیلوفری + نہ نادر بجا ماند و نے نادری + اوس وقت احمد خان سدوزئی جو افسر فوج ابدالی ماتحت نادر کے تہا یہہ خبر سُنکر بجمعیت تین ہزار سوار دستہ ابدالی مسلح و مکمل سوار ہوکر تمام رات کہڑا رہا صبح ہوتے ہی گروہ قوم افشار و فتنہ انگیزان قزلباشیہ سے لڑائی کر کے غالب آیا اور تمام مال و منال لشکر نادری لیکر روانہ۔ قندہار ہوا +

## ذکر سلطنت خاندان سدوزئی از ابتدائے ۱۷۴۷ء سنہ ۱۸۰۹ تک اور ہر انتہائین ۱۸۴۲ سنہ تک

حال اصلیت اور شجرہ نسب قوم سدوزئی کا دوسرے حصہ مین درج ہے +

### احمد شاہ ابدالی سدوزئی

بعد تباہی نادر کے سب خزانہ اور مال شاہی اپنی قبضہ مین لاکر روانہ۔ قندہار۔ ہوا وہان پہونچکر ماہ اکتوبر ۱۷۴۷ء مین تخت افغانستان پر جلوس فرمایا اور صابر شاہ ایک مجذوب درویش کی تعلیم سے جسکا وہ بہت معتقد تہا اپنی آپ کو احمد شاہ دُرِ دُران کا القاب دیا اور قوم کا نام ابدالی سے بدلا کر دُرانی رکہا افغانون مین سے یہی شخص ہے جسنے افغانستان مین ابتدائے سلطنت افغانیہ ڈالی ہے سال اول جلوس مین واسطے فتح کابل اور تنبیہ ناصر خان صوبہ پشاور کابل کیطرف روانہ ہوا غزنین کو ایک حملہ مین فتح کر کے کابل بدون مقابلے لیا ناصر خان مستعد جنگ ہوا مگر جب کل رعایا افغان اوس سے منحرف ہوکر ہوا خواہ اپنی ہمقوم بادشاہ احمد شاہ کی ہوئی اور عبد الصمد خان جو عمدہ زمینداران ضلع۔ پشاور۔ قوم محمد زئی رئیس دوآبہ و ہشتنگر تہا ناصر خان بہاگ کر بمقام جلال آباد احمد شاہ کی لشکر مین شامل ہوا تب ناصر خان قوت مقابلہ مفقود سمجھکر۔ پشاور۔ سے علاقہ چھچھہ ضلع راولپنڈی کو بہاگ گیا بموجب حکم احمد شاہ سردار جہان خان سپہ سالار فوج دُرانی نے علاقہ چھچھہ اور ہزارہ تک اوسکا تعاقب کر کے لاہور

غلزائی مستعد پیکار ہوکر حصار۔ قندہار۔ مین محصور ہوا۔ اور جب تحصن سے تنگ آیا تو زینت نام اپنی خواہر بزرگ کو جو کلید عقل اوسکی تہی معہ چند معتبران دیگر نادر کے حضور بہیجکر امان طلب کی اور امان پاکر بمعیت جملہ سرداران اپنی قوم کے دربار نادری مین حاضر ہوکر عذر خواہ ہوا اوس دلیر بادشاہ نے سبکو مرہون عنایت کرکے شاہ حسین غلزائی کو معہ اقربا و متعلقان حکم دیا کہ ملک مازندران مین جا کر آباد ہو اور قوم ابدالی نواح ہرات سے خانہ کوچ ہوکر ملک قندہار مین آباد ہون اور بجای اونکی فرقہ ہوتک و توخی غلزائی ہرات کو جا کر اوسی طرح نظم و نسق کرکے شہر کہنہ۔ قندہار۔ کو غیر آباد کیا اور اوسکی متصل اپنی نام پر نادر آباد شہر جدید بسایا اور ایالت۔ قندہار۔ عبد الغنی خان علیکوزئی افغان کو سپرد فرماکر کابل کی طرف روانہ ہوا۔ اور وہانکا رئیس شاہ درگاہی تہوڑی لڑائی کے بعد مطیع ہوکر حاضر ہوا ۱۷۳۸ء مین کابل پر نادر کا قبضہ ہوگیا اوسنے ایک وکیل محمد شاہ بادشاہ دہلی کے پاس بہیجا تہا جو جلال آباد مین مارا گیا اسی بات پر ہندوستان کی طرف چڑہائی کی ناصر خان صوبہ کابل جو شاہ ہند کیطرف سے۔ پشاور۔ مین مقیم تہا افغانان یوسف زئی وغیرہ کو متفق کرکے درہ خیبر مین فوج نادری کا سد راہ ہوا۔ ایک ماہ چند یوم تک بسبب بندش درہ نادر روکا رہا آخر مسمی ملک سرور قوم اورک زئی افغان نے نادر شاہ کو بارہ ہزار سوار کی ساتہہ اوس راہ سے کہ جس راستے امیر تیمور کو ہندوستان لیگئے تہے لیجا کر ناصر خان کی فوج کی عقب مین پہونچایا وہان صوبہ۔ پشاور۔ اور شاہ ایرانکی باہم خوب لڑائی ہوئی ناصر خان شکست کہا کر زخمی اور گرفتار ہوا چند مدت نظر بند رہا آخر نواح لاہور سے بدستور ایالت۔ پشاور۔ و کابل پر پیشگاہ نادری سے مقرر ہوکر رخصت ہوا ۱۷۳۹ء مین نادر نے دہلی کو لوٹا اور قتل عام کے قریب بیس کروڑ مال لوٹ دہلی تخت فیروزہ لیکر واپس ہوا اور اٹک سے عبور کرکے دریا ئے سند۔ تک اپنی سلطنت کی حد قائم کری اسقدر فتوحات اور مال کی خوشی مین دار السلطنت ایرانکو واپس جاتا تہا کہ اوسکی ظلم کے سبب سے لوگون نے تنگ آکر شب یکشنبہ گیارہوین شہر جمادی الآخر ۱۱۶۰ھ ہجری مین محمد خان قاجار ایرانی و موسی بیگ افشار خلجانی و کوچہ بیگ افشار ر وحی مع چند رفقاء دیگر جو پاسبان سراپردہ شاہی کے تہے نمک بحرام ہوکر وقت نصف شب خوابگاہ نادری

بہی جہان فانی سے رحلت کی تب

## شاہ حسین

ابن میر ویس نے عروس حکومت کو اپنی بغل مین لیکر دیرہ غازیخان کو فتح کر کی تاراج کیا با وجود تسلط خاندان ہوتک غلزائی کابل اور افغانستان مشرقی بدستور سلطنت ہندوستان کے ماتحت تہا افغانستان مغربی مین تو یہہ حال ہو رہا تہا اور ہند مین جب شاہ عالم ۱۷۱۲ء کو فوت ہوا تب معز الدین جہاندار شاہ کا فساد رفع کر کے

## فرخ سیر

پوتا شاہ عالم کا بہ مدد سید عبد اللہ اور سید حسین ۱۷۱۳ء کو تخت نشین ہوا۔ اس بادشاہ کی عہد مین انگریزی عملداری کے درخت اقبال نے ہندوستان کی زمین مین جڑ پکڑی فرخ سیر کو ۱۷۱۹ء مین سیدان مذکور نے قتل کر دیا تب شمس الدین اور رفیع الدولہ کے تنازعہ کی بعد روشن اختر پوتا شاہ عالم کا

## محمد شاہ

کے لقب سی تخت پر بیٹھا اس بادشاہ کی عہد مین سلطنت بہت تباہ ہوئی افغانستان مشرقی اور کابل مین صوبہ دار اور فوجداران موقع کو جان بچانی مشکل ہوئی ایسی تباہی کی حالت مین بلای نادری نازل ہوئی۔

## نادر شاہ ایرانی

اصل مین قوم افشار شاخ ترک سی رضا قلی نام سرخیل ایل یعنی گروہ کوچی اپنے قبیلہ رمہ دار سکنہ خراسان کا بیٹا تہا بپیشہ پدری چہوڑ کر غارتگری کرنے لگا اپنی دلاوری اور استقلال کی شہرت سی جب افغانان غلزائی نے سلطنت ایران پر غلبہ کیا تو فوج ایرانکا سالار ہو کر سلطنت ایرانکو غنیم سی خالی کیا ۱۷۳۶ء مین بی مروتی اور سنگدلی سی شاہ ایران کو تخت سی اوتار کر اوسکی آنکہین نکلوا ڈالین اور خود بادشاہ بن بیٹہا ایرانکی صفائی کی بعد اوسنی فتح افغانستان کا ارادہ کیا اور نواح ہرات مین قوم ابدالی افغانانکو ہزیمت دیکر مطیع کیا او لشکر ابدالی بہی ہمراہ لیکر واسطی تسخیر قندہار جو دار الحکومت خاندان غلزائی کی تہی متوجہ ہوا شاہ حسین

مین حاضر رکہا بہرحال بقبول اجازت حج کرکے قندہار کو واپس آیا اور بدستور اپنا رتبہ پایا اوس وقت
قندہار مین شاہ ایران کی طرف سی شاہنواز خان گرجی صوبہ دار تہا جسکے اپنی ہمقوم
اور قزلباشونکی بہی سپاہ سلطانی مین کثرت تہی یہہ حاکم تندمزاج اور بے انصاف تہا اپنی قوم
کی عزت اور ترقی کا خواہان اور افغان و قزلباشون کو حقارت سی دیکہتا تہا اس سبب سی یہہ
ہر دو گروہ اوسکو دلسی نہین چاہتی تہے اتفاقاً اوسی عرصہ مین حد بلوچستان کیطرف واسطے
انتظام کے حاکم قندہار کو فوج بہیجنی پڑی جب اوسکی عساکری فوج اس وسیلہ سی علیحدہ ہوئی تب
میر ویس نے قزلباشون کے ساتہہ صلاح ملاکر قندہار پر حملہ کیا اور غالب اگر شاہنواز خان
صوبہ قندہار کو ہلاک کرکے قابض ہوگیا اوس لشکر نے جو صوبہ مہاوک کی حکم سی بلوچستان گوگیا
تہا یہہ حسرت اثر خبر سنکر ہرات اور مشہد کیطرف چلاگیا سلطنت ایران کیطرف سی تین دفعہ
لشکر آیا مگر فتح مند ہو سکا میر ویس نے حکومت قندہار پر استقلال پیداکرکی بنوک شمشیر اپنی قبضہ
کو فراخ کرلیا اور دور اندیشی کی نظرسے شاہ عالم بادشاہ کے حضور اپنی برادرزادہ کو بہجا
جسنی بمقام سرہند نواح انبالہ مین بادشاہ سی ملاقات حاصل کی شاہ ہند نے نام کیواسطے
تین ہزاری منصب اوسکی برادرزادہ اور پنجہزاری خود میر ویس کے نام مقرر کرکے قندہار
اوسکی سپرد رکہی اس شرط سی کہ خطبہ اور سکہ شاہ عالم کا ہے میر ویس عمر رسیدہ آدمی نے
تہوڑا عرصہ خود سر حکومت کرکے وفات پائی جسکے بعد

## عبدالعزیز خان

اوسکی بہائی نے چہہ برس تک کام روائی کری جب اوسنی بہی سفر آخرت قبول کیا تب

## شاہ محمود

بہادر بیٹا میر ویس کا جانشین ہوا۔ اور اوسنی بسبب ضعف اور بےانتظامی سلطنت ایران اُس
مملکت وسیع پر قبضہ کرکی چند عرصہ صفہان مین قیام کیا بعد انتقال شاہ محمود کے۔

## شاہ اشرف

بہائی میر ویس کا تخت نشین ہوا مگر شاہ حسین صفوی شاہ ایران نے نادر کی سپہ سالاری
سے ایرانکو غلزائی کی سلطنت سی چہوڑایا اور شاہ اشرف کے پاس قندہار کا صوبہ رہ گیا جب اسنے

فنا ہوچکا تہا افغانان کوہی نے عقل کی سازواری سی اوسکو اصلی شجاع سمجھکر سشری کا بڑا لشکر
جمع کیا اور توربیلہ کی سامنی ستانہ کی مقبل آمادہ پیکار ہوکر خیرہ سری سی دریاء سندھ کو عبور
کرکے علاقہ چہچہ مین داخل ہوگئی **کامل بیگ** قلعہ دار اٹک نے بہمراہی **مراد قلی** گہکھڑ
فوج لیکر اونسی مقابلہ کیا بہت سخت لڑائی ہوئی یوسفزیونکی مقامی لشکر نے شکست فاحش
کہائی جو شمشیر اور اسلحہ آتش بار سی بچے اونین سے اکثر دریای سندہ مین طعمہ نہنگ مرگ ہوئی
باقیماندہ بہاگ کر سواتہہ کو چلی گئے جہان چند مدت کی بعد مصنوعی شجاع اپنی موت سی مرگیا جب عالمگیر
کیطرف سی شاہزادہ **بہادر شاہ** انتظام افغانستان کیواسطی صوبہ **کابل** مقرر ہوا تو اس شاہزادہ
نی اپنی تدابیر نیک سی اکثر رعایا کو زیر فرمان کرلیا بلکہ علاقہ **بنون** اور **دوڑ و خوست**
**وشلوزان** کی طرف دورہ کرکے برای نام ان علاقونکو بہی مطیع کیا جب ۱۱۱۸ ہجری مطابق
۱۷۰۶ء مین عالمگیر بمقام **احمد نگر** ترانوی برسکے عمر مین چالیس برس کی سلطنت کی بعد راہی
ملک بقا ہوا تب شاہزادہ **بہادر شاہ**

## شاہ عالم بادشاہ

کے لقب سی اپنی دوچہوٹے بہائیون پر غالب آکر تخت نشین ہوا- اور **افغانستان** مین سے
**کابل** اور حصہ مشرقی سلطنت دہلی کے متعلق رہا مگر قندہار مین ایک اور لئیق شخص جسکا نام

## حاجی میر خان

معروف **میرویس** تہا قوم غلزائی فرقہ ہوتک سے بتدریج اپنی قبضہ کو بڑہانے مین مصروف ہوا
اسکا حال یہہ ہی کہ نواح قندہار مین رتبہ اربابی اور خانی کا پہلے سی قوم **ابدال** مین چلا آتا تہا
جب اوس خاندان سی **حیات سلطان** نے صوبہ دار قندہار سی لڑائی کرکے بادشاہ ایران کو
اپنا دشمن بنایا اور خوف سی بہاگ کر **عالمگیر اورنگزیب** کے پاس چلا آیا جسنی بارادہ یورش
قندہار یا بقدری منصب اوسکو عطائی کرکے حکم دیا کہ تا اختتام مہم دکہن ملتان مین قیام پذیر ہو
بعد اخراج **حیات سلطان** کے بموجب سفارش صوبہ قندہار شاہ ایران کے حکم سی **میرویس**
کو سرداری قوم افغانان نواح قندہار عطا ہوئی مگر تہوڑے عرصی مین اوسکی تکبر سے حاکم
قندہار نے ناراض ہوکر بادشاہ کو اوسکی شکایت لکہی شاہ نے **میرویس** کو بولا کر چند عرصہ دار السلطنت

شاہجہان نی شاہزادہ مرادبخش کا ڈہیلا انتظام ناپسند کر کی شاہزادہ اورنگ زیب
کو متعین کیا کہ اوسی لشکر کی سرداری مین بخارا کو فتح کرے یہہ حکم پاکر اورنگ زیب
یورش کی ارادہ پر بخارا کی طرف روانہ ہوا مگر قوم اوزبک نی ہجوم لاکر لڑائیون سی ایسا
تنگ کیا کہ بلخ مین ٹہرنا بہی دشوار ہوا روز بروز غنیم چیرہ دست ہوتا جاتا تہا آخر علیمردانخان
امیر الامرانے نذر محمد خان کو ایران سی بلوا کر عذر گونہ درمیان لایا اور بلخ اوسکے سپرد
کر کے لشکر شاہی کابل کو واپس ہوا پہر قندہار کی مہم پر زیر سرداری شاہزادہ اورنگ زیب
فوج روانہ ہوئی مگر بسبب سختی قلعہ اور موجودگی سامان قلعہ داری کامیابی نہوئی شاہزادہ
واپس گیا اوسی عرصہ مین شاہجہان بہت بیمار ہوا یہہ خبر سنکر باہم ہر چہار شاہزادگان
داراشکوہ - شجاع - اورنگ زیب - مرادبخش فساد مچا بی اتفاقی کی
آگ ایسی بہڑکی کہ باوجود صحت یاب ہوجانے شاہجہان کے شعلا اوسکا فرو نہوا - اورنگ زیب
نی جو سب سی زیادہ دلیر اور مستقل مزاج تہا بعد بہت سی لڑائیون کے اپنی بہائیون پر غالب
آکر ناسعادتمندی سی باپ کو بہی قید کر لیا اور ۱۶۵۸ء کو تخت نشین ہو کر

## عالمگیر

اپنا لقب کیا ۱۶۶۶ء مین آٹہہ برس قید رہکر شاہجہان نے وفات پائی عالمگیر اورنگ زیب
نی باپ کی طرح اپنی بہائی اور اونکی اولاد ذکر مین سے کوئی زندہ نہ چہوڑا اوسکی عہد سے
افغانستان کی رعایا نے بغاوت پر کمر باندہی ایک بڑا فساد کابل مین ہوا - اور قوم یوسف زئی
نے ضلع ہزارہ پر متواتر حملے شروع کئے اور انتظام شاہی مین ایسی بے تدبیری ہونے لگی کہ
جسکا نتیجہ خلل حکومت تہا صوبہ داران کابل اور حاکمان مفصل مین جلد جلد تغیر و تبدل ہونا
اور ایک قوم کی سردار کو دوسرے قوم کی علاقہ کا ٹہیکہ مالگذاری دینا زیادہ تر باعث خرابی
انتظام ہوا جب ایک صوبہ دار ملک یا حاکم مفصل تغیر ہوا تو اوسنی حاکم جدید کی بدنامی کے
واسطی رعایا کو ترغیب مفسدانہ شروع کرے ایسی حالت مین ایک شخص اجنبی نے قوم یوسف زئی
مین جاکر ادعا کیا کہ مین شاہزادہ شجاع ہون اور اورنگ زیب سی جان بچا کر پناہ
طلب آیا ہون حالانکہ شجاع دکہن کیطرف راجہ اراکان کی بدعہدی اور بے مروتی سی

کابل کا سیر آخری دفعہ کر کے دمّی کی بیماری سی بتاریخ نوین ماہ نومبر ۱۶۲۷ء مطابق ۱۰۳۶ھ سنہ ہجری کی جہانگیری سی ہاتہہ اوٹھایا اور شہر لاہور کے متصل دریا راوی کی مغربی کناری بمقام شاہدرہ دفن کیا گیا +

## شاہجہان بادشاہ

جہانگیر کی بعد اوسکا بیٹا شاہزادہ خرم شاہجہان کی خطاب سی بادشاہ ہوا۔ اور ابتدائے سلطنت مین دارا شکوہ شاہزادہ کو قندہار کی فتح کیواسطی روانہ کیا اوسنی چند علاقجات خود سر واقع افغانستان کو مطیع کیا مگر جلد ہندوستان کی عیش یاد آئی غزنین پہونچکر باوجود استماع خبر وفات شاہ ایران واپس ہند کو چلا گیا اوسکی بعد تیسری سال شاہزادہ مراد بخش کی سرداری مین زیر کمان علی مردانخان اور اصالت خان و بہادر خان فوراً مشہور ایک لشکر واسطی فتح بلخ بنام بہانہ کمک نذر محمد خان اوزبک افغانستان کی راستے روانہ کیا گیا شاہزادہ نی پشاور مین پہونچکر افغانان خلیل اور مہمند۔ گگیانی۔ محمد زئی۔ آفریدی۔ خٹک۔ اورکزئی۔ سی بہی بطور حشری لشکر سوار و پیادہ کا ہمراہ لیا۔ کابل کی راستی کوہ ہندوکش کی طرف فوج روانہ ہوئی بسبب پڑنے برف اور کمی سامان رسد کوہ ہندوکش کی کہاٹی پر اس فوجکو بہت تکلیف ہوئی اوسپر وز سپاہیان کو فی روپیہ ایک سیر غلہ بہی نہین ملتا تہا خسرو سلطان۔ نذر محمد کا بیٹا اوس مصیبت کی مقام پر شامل اس لشکر کے ہوا جب یہہ فوج بدون کسی نمایان مقابلہ کے شہر بلخ مین داخل ہوئی تو امیران شاہی کی یہہ صلاح قرار پائی کہ اسجگہہ بہی خطبہ اور سکہ شاہجہان کا مروج ہو چنانچہ داخل ہوتی ہی منادی کرادی کہ حکم اور سلطنت شاہجہان کا ہے مددگار کی جگہہ خود مالک بن بیٹھے یہہ حیرت انگیز آواز سنکر نذر محمد جسکی اعانت کیواسطی یہہ فوج آئی تہی حیران ہوا اور فوراً جان بچاکر ایران مین جا دم لیا اور یہہ غزل بادشاہ ایران کو لکہی غزل

تاج از ہدہد ما زاغ ربودہ است بہ مکر
من بدرگاہِ تو ای شاہ ازان آمدہ ام

سے پہاڑ و نیز چہڑکر کہیر لیا شکست عظیم پائی سات آٹہہ ہزار سپاہ اوس نا وقت کوچ کی بے تدبیری
سے فنا ہوئی خود راجہ بیربل اور راجہ دہرم چند خواجہ عزت بخشی ملا شیرین شاعر
اور دیگر اچہی نامدار سردار شاہی اوس رات مارے گئے - زین خان کوکہ اور حکیم
ابو الفتح خراب حال سے بڑی دشواری اوٹہاکر قلعہ اٹک مین بادشاہ کے حضور پہونچے
اس نازیبا شکست اور نقصان کثیر سے اکبر نہایت ناراض ہوا - اور راجہ ٹوڈرمل کو
بہاری لشکر کے ساتہہ سواتہہ اور باجوڑ کو مفتوح کرنے کے واسطے روانہ کیا اوسنے تہوڑی
عرصہ مین یوسف زئیون سے سخت انتقام لیا اور سواتہہ - باجوڑ - بنیر - فتح کرکے تہانہ
شاہی مواقع مناسب پر مقرر کئے اور قوم یوسف زئی جو تباہی سی زندہ بچے اونکو اوسملک
سے خارج کرکے خانہ کوچ ضلع پشاور مین آن آباد کیا سنہ ۱۶۰۳ء مین مرزا رستم نی جو سلطان
حسین نبیرہ شاہ اسمعیل صفوی کا فرزند اور قندہار کا حاکم تہا بسبب مخالفت بہائی اور غلبہ
اوزبک کے جا، پناہ دیکہکر قندہار پیشکش اکبر بادشاہ کی کری اور خود منصب پنجہزاری پاکر
حاکم ملتان ہوا اوسی سال راجہ مان سنگہ لاہور کو آیا اور بجائی اوسکے زین خان کوکہ
صوبہ کابل مین بہیجا گیا اوسنی قندہار تک صوبہ کابل کا اچہا انتظام کیا شہنشاہ اکبرنے
اکاون برس سلطنت کرکے چونسٹہہ برس کی عمر مین سنہ ۱۶۰۵ء کو درمیان اکبر آباد کی وفات پائی
اوسی جگہہ قبر اوسکی سکندرہ مین ہے یہہ بادشاہ تمام عمر صفات ذاتی اور حسن انتظام امورات
ملکی و مالی مین نیکنام رہا رعایا پرور اور محسن تہا +

## ابو المظفر نور الدین جہانگیر بادشاہ

اکبر بادشاہ کی بعد اوسکا اکلوتا بیٹا شاہزادہ سلیم سنہ ۱۶۰۵ء مطابق سنہ ۱۰۱۴ ہجری مین تخت ہندوستان
اور افغانستان پر قلعہ اکبر آباد مین جلوس فرما ہوا - اور جہانگیر اپنا خطاب اختیار کیا اسکے
عہد مین شاہ عباس بادشاہ فارس نے قندہار پر حملہ کیا عبد العزیز خان قلعہ دار
قندہار نے حصاری ہوکر چند عرصہ تک فوج ایران کا مقابلہ کیا پر آخر کو جب کمک کے پہونچنی
سے مایوس ہوا تو امان مانگکر قلعہ خالی کر دیا ایرانی قندہار پر قابض ہوگئے اس بادشاہنے

بن شاہ اسمعیل صفوی قندہار کی فتح کے واسطی بہیجا اوس ہوشیار کمانیر نے بہت کوشش سے
محمد شاہ قندہاری کو جو بیرم خان اتالیق اکبر شاہ کی طرف سی قندہار کا حاکم تہا مغلوب کر کے
خارج کیا اور قندہار شامل صوبہ ہرات ہوکر متعلق سلطنت ایران ہوئی کابل کا صوبہ اکبر نے
اپنی بہائی محمد حکیم مرزا کو عطا کیا اور منعم خان اوسکا اتالیق اور صلاح کار مقرر ہوا مرزا
محمد حکیم نے چند دفعہ بغاوت کری اور مغلوب ہوا مگر اکبر شاہ نے عالی ہمتی اور نیک ذاتی سے
اوسکا قصور معاف کیا جب مرزا مذکور بمرگ طبعی کابل مین فوت ہوگیا تب بادشاہ نے اوسکی
فرزندون کو ہندوستان مین بولا کر کنور مان سنگہ ولد راجہ بہگوان داس رئیس جیپور
کابل کا صوبہ دار بنایا اوس وقت ایکشخص مسمی جلالہ قوم اورکزئی افغان بیٹا پیر تاریک کا
جاک بیراہ اور خیبر کے نواح مین بڑا مفسد اور راہزن تہا اکثر افغانانکو گمراہ کر کے بادشاہ
سی باغی کر دیا کنور مان سنگہ نے اس شخص پر پہاڑونکی اندر لشکر لیجا کر کئی فتوحات حاصل
کین اوسی عرصہ مین زیر کمان زین خان کوکہ اور راجہ بیربر معہ دیگر امراء معتبر کے ایک
لشکر واسطی قلع و قمع افغانان یوسف زئی وغیرہ سکنائی سوانہہ اور بنہیر اور باجوڑ
بہیجا گیا اس فوج نے یوسفزی کے علاقی مین داخل ہو کر لوٹ اور مار شروع کی جب فتوحات
کرتے ہوئی بنہیر کے متصل پہونچے تو ایک شخص نے راجہ بیربل کو جو اوس عہد مین
مشہور دانا تہا بلکہ اب تک اوسکا نام عام لوگون مین بہی بطور ضرب المثل مشہور ہے یہہ خبر دی کہ
افغان آج رات ارادہ شبخون لگانیکا رکہتی ہین اور یہہ راستہ درہ کا صرف چار کوس ہے اگر
راجہ اس وقت کوچ کر کے اس کوتل سی گذر جاوے تو مخالفون کا منصوبہ شبخونی کا رگر ہوگا
اور پہر ملک سوانہہ کی فتح آسان ہوگی راجہ بیربل نے باوجود عقلمندی وہوکا کہایا بدون
تنقیح حال اس خام خیال سے کہ فتح میرے نام پر ہو بلا اتفاق زین خان کوکہ اپنی زیر کمان
فوج لیکر کوچ کیا۔غروب آفتاب کے وقت درہ کوہی موسوم ملندری مین پہونچا افغانون
نے اوس پہاڑ پر خوب جمعیت کر رکہی تہی سخت مقابلے سی پیش آئے اوپر سی اونکا پتہر ہی
گولی کا کام دیتا تہا تیر بندوق اور پتہرون سے لشکر شاہی کا مونہہ پہیر دیا رات پڑ گئی راستہ
باریک شب تاریک ملک ناواقف فوج بادشاہی کو راستہ بہول گیا۔مخالفون نے چار طرف

ہندوستان ہوا - اور افغانستان مرزا کامران بہائی ہمایون نے اپنی قبضی مین کرلیا ہمایونکی
بی اتفاقی کے سبب شیرخان قوم سور ملقب شیرشاہ نی ۱۵۴۰ء مین ہمایون کو ہندسی خارج کرکے
سلطنت ہندوستان اپنی قبضی مین کرلے ہمایون نے ہندوستانیون سے بہت مصیبتین اوٹہائین اور
جب مجبور ہوکر افغانستان کیطرف ملک سندہ کی راستی آیا تب اوسکی بے مروت بہائیون نے پاؤن لگنی
دئی یہہ حال سنکر سلطان طہماسپ شاہ فارس نے اوسی بولایا اور اصفہان مین ہمایون نے
شاہ ایران کا مہمان ہوکر آرام کیا ایکسال کے بعد شاہ موصوف سی دس ہزار سوار لیکر کابل اور
قندہار پر حملہ آور ہوا - اور بہت سی فسادون کی بعد اپنے نادان بہائیونکو شکست دیکر قابض ہوگیا
اور نو برس تک کابل مین سلطنت کی مگر اس عرصی مین کامران نے اوسکو ٹہنڈا سانس نکلنی دیا
نا وقتیکہ کامران جو ہمایون کی جان کی درپے تہا گرفتار ہوکر اندہا کیا گیا اور مرزا ہندال دوسرا
بہائی اوسکا وفادار بنکر ہمایون کے مخالفون سی لڑکر مارا گیا خانگی فسادون سے فارغ ہوکر ہمایون نے
پندرہ ہزار سوار اور کتنی ہی پنجابی لوگ ہمراہ لیکر ہندوستان پر حملہ کیا اور سکندر شاہ سور کی لشکر
پر فتح حاصل کرکے تیرہ برس کے بعد دوبارہ تخت ہند پر جلوس کیا مگر ایک برس بہی اوسکی جلوس
ثانی کو نگذرنے پایا تہا کہ ۱۵۵۶ء مین بام سی گرکر جان بحق تسلیم ہوا +

## جلال الدین محمد اکبر بادشاہ

بعد وفات ہونے ہمایون کے اکبر بادشاہ بیٹا اوسکا جو حمیدہ بیگم سیدزادی کے شکم سے بتاریخ پنجم ماہ
رجب ۹۴۹ ہجری مطابق چہاردہم اکتوبر ۱۵۴۲ء مین بمقام امرکوٹ حادثات ہند کے وقت پیدا
ہوا تہا شہر کلانور واقع پنجاب مین تخت ہند پر جلوس فرما ہوا اس شہنشاہ کی جملہ واقعات لکہنے
کے واسطی علیحدہ دفتر چاہئی افغانستان کی متعلق صرف اتنا حال ہے کہ خبر وفات ہمایون
کی سنکر مرزا سلیمان والی بدخشان بہ ارادہ تسخیر کابل کوہ ہندوکش سے گذر کر افغانستان مین آیا
مگر منعم خان صوبہ دار کابل کی ہوشیاری اور دلاوری سی بدون کامیابی مایوس ہوکر واپس
چلا گیا جب ہیمون بقال سی بیرام خان سپہ سالار اکبر کا لڑ رہا تہا اوس عرصہ مین شاہ طہماسپ
صفوی بادشاہ فارس نے ایک جرار لشکر قزلباشون کا زیر کمان سلطان حسین مرزا ابن بہرام

ملک باجوڑ کو فتح کرکے قوم یوسف زئی پر خراج مقرر کیا اور شاہ منصور یوسف زئی کی دختر کا
ڈولہ لیا - بعدش ہندوستان کی واقعات موجودہ کو خیال مین لاکر حسب اشارہ دولت خان لودی
بجمعیت پندرہ ہزار سپاہ کی دہلی کی سلطنت پر دعوی کرکی روانہ ہوا دوسری جانب سے ابراہیم شاہ
لودی ایک لاکہہ سوار اور ایکہزار ہاتہی لیکر بمقام پانی پت مقابلہ آرا ہوا بڑی سخت لڑائی ہوئی
ابراہیم کو فن جنگ نہ آتا تہا تمام فوج صف باندہکر ایک جگہہ کہڑی کردی اور بابر جری سپہ سالار
سی بہی بہتر خود اپنی لشکر کی کمان کرتا تہا بہت معقولیت سی فوج کو غنیم کی انبوہ کثیر سی لڑایا فوج
مغلیہ کی اون دو دستون نی جنکو تولغمہ کہتے تہے ہر دو جانب سے نکلکر سپاہ مخالف کا تعاقب
مارا جب اونکی حملہ سی غنیم کی فوج مین تزلزل پیدا ہوا تب بازو راست اور چپ والون نی بہی مردانہ
حملہ کیا اوس خونخوار جنگ مین ابراہیم شاہ معہ پانچ چہہ ہزار سپاہ خاصہ ایک موقع معرکہ مین مارا گیا
اور باقی فوج اوسکی جو متفرق قتل گاہ سی بچی منتشر ہوگئے بابر فتح کی جہنڈی اوڑاتا ہوا آگرہ تک
پہونچا ۱۵۲۶ء مین اوسنی دار السلطنت ہندوستان پر قبضہ کرکے تخت نشین دہلی ہوا - اٹہائیس
سال متفرق ملکونکی سلطنت کرکے سنہ ۹۳۷ ہجری مطابق سنہ ۱۵۳۰ء مین عمر پنجاہ سالگی - آگرہ مین فوت ہوا
اور نعش اوسکی بموجب وصیت کی کابل مین لاکر دفن کی گئی یہہ بادشاہ بڑا عالی ہمت اور دلیر تہا سنہ ۱۴۸۳ء
مین پیدا ہوا باپ کی طرف سے سلسلہ اسکا تیمور شاہ تک اور ماں کی طرف سی چنگیز خان تک
پہونچتا ہے ابتدا جوانی مین اسکو شراب سے بہت شوق تہا چنانچہ کابل سے باہر ہولو پنج مرغزار مین
ایک چہوٹا سا حوض پتہر مین کہودا ہوا مئی ارغوانی سے پر کرکے اوسجگہہ بزم نشاط کیا کرتا تہا اور یہ
بیت اپنے کو اوس بلیغ حوض کے کنارہ پر کہدوا دیا تہا +

نوروز و نوبہار و مئی دلبری خوش است
بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

الا ہندوستان مین بادشاہ ہونے کے بعد اوسنی شراب خوری سی توبہ کرکے سب سونی کی پیالیان
جن مین مئی نوشی کرتا تہا گلا کر فقرا اور مساکین کو للہ دیدین اور پہر ہمیشہ پرہیز رکہا +

## ہمایون بادشاہ

بابر شاہ کی وفات کی بعد سنہ ۱۵۳۰ء مین ہمایون بیٹا اوسکا جو ہر دل عزیز اور عقلمند تہا تخت نشین

## مرزا عبد الرزاق

بیٹا خورد سال الغ بیگ کا تخت کابل پر بٹھایا گیا اور ایک شخص زکی نام اوسکی ملازمتی
صاحب اقتدار ہوگیا لیکن زکی کی نخوت اور تکبر سے امراؤن نے تنگ آکر عید الضحی کے
روز قتل سی اوسکی تواضع کری بعد اوسکے بہی بباعث بے اتفاقی ارکان ریاست و کم سنی
حاکم احوال کابلیون کا نہایت پریشانی پر تہا ایسی وقت مین محمد مقیم چہوٹا بیٹا امیر ذو النون
کا جو سلطان حسین بادشاہ خراسان کی جانب سی حاکم ملک گرمسیر تہا بمعیت لشکر
ہزارہ و تکدور متوجہ کابل ہوا مرزا عبد الرزاق طاقت لڑائی نہ سمجہکر افغانون مین
بعلاقہ لغمان بہاگ گیا اور کابل پر

## محمد مقیم

نی قبضہ کرکے دختر مرزا الغ بیگ سی نکاح کر لیا مگر رعایا کو راضی نرکہہ سکا یہہ حال دیکہکر

## محمد بابر بادشاہ

ملقب ظہیر الدین جو ۹۰۳ھ مطابق ۱۴۹۹ء ہجری مین بعد وفات اپنی والد کی بارہ ۱۲ برس کے
عمر مین فرغانہ اور اندجان کے تخت کا مالک ہوا تہا مگر شیبانی خان اوزبک کے
تسلط اور اپنے بہائیو نکی بے اتفاقی سی باوجود محنت اور ہوشیاری اوس سلطنت مین
استقلال نہین رکہتا تہا آخر اوس طرف سی مایوس ہو کر حسب صلاح امیر محمد باقر بامید
حصول قبضہ افغانستان کوہ ہندوکش سی گذر کر کابل کیطرف روانہ ہوا محمد مقیم نے تاب
مقابلہ نہ سمجہکر اول حصاری ہوا - اور آخر کو امان مانگ کر قلعہ خالی کر دیا ظہیر الدین محمد
بابر نے تخت نشین افغانستان ہو کر کابل مین قبل از فتح ہندوستان بائیس برس حکومت
کی چند سال قندہار کی مہم پر صرف ہوئی جہان شاہ بیگ ارغون اور محمد مقیم نی شکست
کہا کر قندہار سی ہاتہہ اوٹہایا قوم ہزارہ اور مغربی - افغانستان کو جہانتک ہو سکا دست
کر کی مشرقی حصہ کیطرف توجہ کری افغانان مہمند اور یوسف زئی سی لڑائیان ہوئی مین

جب سلطنت اسکی ہاتھہ لگی تو چنگیز خان سے بڑھکر کشت خون اور ظلم مین قدم رکھا اگر اسکی جملہ واقعات مشرح لکھی جاوین تو طوالت کا خوف ہی مختصر یہہ کہ اسنی اپنی الوالعزمی و دلاوری سی افغانستان ایران کو زیر کر کے اصفہان مین قتل عام کی اور بغداد کو غارت کیا اور روس کی ملک مین لشکر لیگیا - بعد اسقدر فتوحات کے اوسنی ہندوستانکی تسخیر پر کمر باندہی اور کابل و پشاور کی راستی افغانان سرکش کو سیدھا کرتا ہوا ہند مین داخل ہوا ملک کو لوٹتا جلاتا ہوا سنہ ۹۰۱ء مین دہلی - تک پہونچا سلطان محمود بادشاہ دہلی نے مغلوب ہوکر قلعہ خالی کر دیا فوج تیموری نی خاطر خواہ شہر کو تاراج کیا اور نصف سی زیادہ پہونکدیا تیمور نے تخت دہلی پر جلوس فرما کر اپنی تئین بادشاہ ہند مشہور کیا صرف پندرہ روز دہلی مین رہکر شمالی اقطاع کو تاراج کرتا ہوا - اور میرٹھہ کے قلعہ کو خاک سیاہ کرکی معہ بہت سی قیدیان اہل ہند سمرقند اپنی دار السلطنت کو روانہ ہوا وہان پہونچکر بعد چند فتوحات دیگر ملک چین کیطرف جہاد کی طیاری کر رہا تہا کہ اجل کا پیغام آپہونچا اور سب خیالات سے چہوٹکر راہی ملک بقا ہوا *

## مرزا شاہرخ خاقان سعید

بعد انتقال تیمور کے اوسکا فرزند شاہرخ جو ہرات کا مالک تہا افغانستان اور خراسان و سیستان کو شامل کرکی مسند آرا ہوا جب وہ بہی اپنی نوبت بہگت کر عالم آخرت کو سدہارا تب افغانستانکی علیحدہ ملکو مین چند بڑے بڑے سردار خودسر حاکم ہوگئے جیسا کہ ہرات مین مرزا بایسقرا فرزند شاہرخ اور پہر شاہ حسین مالک ہوا اور قندہار مین امیر ذوالنون حاکم تہا اور کابل وغزنین پہلے مرزا عمر شیخ کے تحت مین تہا آزان بعد

## مرزا الغ بیگ

بیٹا ابوسعید مرزا کا تخت نشین کابل ہوا - اسکے عہد مین قوم یوسفزئی و دیگر اولاد خشی افغان کابل کی علاقے سے خارج ہوکر پشاور کیطرف آئی سنہ ۹۰۶ ہجری مین مرزا الغ بیگ فوت ہوا اسکی بعد

تباہی ڈالی جلال الدین کی سپاہ اسکے بعد متفرق ہوگئی اور اوسنے گہوڑا دریا مین ڈالا
حق تو یہہ ہے کہ جلال الدین اپنی ذات سی بڑا دلاور اور شجاع تہا مگر افسوس کہ بخت اور ہمراہی
اوسکی ہیرو نہین تہی غرض خوارزمیونکی تخریب کی بعد تمام افغانستان پر دریا سندتک
مغلونکا تسلط ہوگیا اور اوس طرف فارس کی شمالی اقطاع بہی اونکی قبضے مین آئی اسقدر
فتوحات کرکے چنگیز خان شاہزادہ خطائی کو ولیعہد بناکر ۶۲۴ھ مین سپاہا پہا پہا
چہوڑکر اس دار ناپایدار سے تنہا عالم آخرت کو سدہارا +

## یورش شیرخان

بعد وفات چنگیز خان کے ایکدفعہ شیر خان نے جو سلطان محمود ابن شمس الدین التمش شاہ
ہند کا امیر الامرا ملتان و سندکا صوبہ دار تہا یورش کرکے تہوڑی عرصے کے واسطے غزنین
کو مغلون کی قبضے مین سی نکالکر سکہ اور خطبہ بنام شاہ ہند جاری کیا۔ الا ابہی کامل استقلال
نہین ہونے پایا تہاکہ

## ہلاکو خان

نبیرہ چنگیز خان نی بزور شمشیر واپس لیلی مغلونکی خاندان سی وہ شخص جسے پہلی اسلام
قبول کیا ہلاکو خان تہا اور اسی نے خلفاء عباسیہ سی المعتصم باللہ خلیفہ آخری کو
تخت بغداد سی خارج کرکے اوسکی سلطنت پر بہی قبضہ کرلیا ہلاکو خان کے نبیرہ ارغون خان
کی عہد سلطنت مین تیمور خان امرائی اعظم چنگیزی صوبہ افغانستان نی ملتان
پر حملہ کیا۔ محمد خان شہید فرزند رشید غیاث الدین بلبن شاہ دہلی نے جو ملتان کا
حاکم تہا اوسکے لشکر کو شکست دی الا خود بہی تعاقب کرنی مین مارا گیا ازان بعد سلطنت
افغانستان بقبضہ مغلان چلی آئی جنہین سی ذکر کی لائق

## تیمور شاہ کورگان

ہی جسکا خطاب صاحب قران لکہا ہی یہہ اولوالعزم بادشاہ ۷۳۶ھ ۱۳۳۶ع کو امیر ترمنائی کی گہر پیدا ہوا

# چنگیز خان

اپنی فوج لیکر انتقام لینی آیا شاہ خوارزم نی بمعیت اپنی قلیل لشکر کی سلطنت کی حد پر جا کر مقابلہ
کیا بڑے سخت لڑائی ہوئی دیر تک دونون پلّے مساوی رہی مگر جب **چنگیز خان** کی حکم سی
فوج مغلونکی ایک تازہ دم گروہ نی جو کمک کیواسطی رکھا تہا غنیم کے بازو راست پر حملہ کیا
تب خوارزمی مقابلہ مین قایم نرہ سکے الا پہر بہی بانتظام صف بندی پیچہی کو ہٹتے اور بہت
سپاہ کام آئی اس شکست کی بعد **سلطان محمد شاہ** کی ہمت ٹوٹ گئی تہوڑے
مقابلی کے بعد **چنگیز خان** چہوٹی مقامات کو مفتوح کرتا ہوا **بخارا** کی قریب پہونچا **محمد شاہ**
کی طرف سی جو سردار بخارا کی محافظ تہی اونکی پست ہمتی اور بے تدبیری سی مغلون نے
شہر بخارا کو جو اون دنون تمام ایشیا کی علم و فضل کا مرجع تہا تسخیر کر کے بڑی ظلم اور زیادتیان
کین اسیطرح سمرقند اور آخر کو ہرات اور دیگر ملکون مین تاتاریونکی بیرحمی اور جہالت اسی لاکہنا
بندہ خدا بیگناہ مارے گئے **سلطان محمد شاہ** نی ایسی ظالم لشکر کو اپنی تعاقب دیکہکر قتل
نفس کر کے اونسی خلاصی پائی *

# جلال الدین شاہ

**محمد شاہ** کا لائق فرزند اپنی باپ کا جانشین ہوکر بڑی شجاعت سی **چنگیز خان** کے مقابلے
پر آیا اور خوب لڑا عجب نہ تہا کہ نبرد آزمائی کی میدانمین کامیاب ہوتا لیکن خود اوسکے
خویش و اقارب نی اوس سی برخلاف کر کے کوئی تدبیر پیش جانی نہ دی مغل متواتر فتح کرتے
ہوئی ایک صوبے کے بعد دوسرا تسخیر کرکی اپنی بادشاہ کی قلمرو مین داخل کرکی بڑہتی چلے گئے
باوجود اسکی **جلال الدین** اونسی تہوڑی تہوڑی فاصلہ پر لڑتا چلا گیا آخر دریاء سندہ کے
کنارہ پر کہ وہ انتہا اوسکی ملک کے تہی پہونچا وہان اگرچہ **جلال الدین** کی فوج غنیم
کی مقابلی مین دسوان حصہ بہی نہ تہے لیکن بسبب شجاعت جبلی اتنی قلیل فوج سی کارزاری
میدان مین ثابت قدم ہوکر مرنے مارنی پر مستعد ہوا۔ اور اپنی سپاہ کو ایک موقع کی جگہہ قایم
کر کے ہنگامہ رزم کو برابر بارہ گہنٹہ تک عدو کی فوج کثیر کی سامنی گرم رکہا آخر مغلون کی فوج
کی ایک دستہ نی بازو راست پر زور لاکر ایک پہاڑی پر جو خوارزمیون کی پناہ تہی قبضہ کرکی

## سلطنت محمد شاہ خوارزم

تاج الدین ایلدوز کی حکومت کو دس برس بھی نگذرنے پائی تہی کہ شاہ خوارزم نے جو بھلی سی بہی غزنین کی سلطنت پر دانت رکہتا تہا یہہ فساد دیکہکر بہراھی جرار لشکر حملہ کیا تہوڑے مقابلی کی بعد غزنین لے لی- اور تاج الدین ایلدوز اپنی پورانی جاگیر علاقہ شلوزان مین بہاگ آیا اور وہان سی یورش کرکی پنجاب پر تابہ تہانیسر قبضہ کرلیا اس فتنہ اندازی کی باعث سی سلطان شمس الدین التمش بادشاہ دہلی نی بعد سخت محاربہ کی اوسکو گرفتار کرکے قید کردیا اوسی محبس خانہ مین سلطان تاج الدین ایلدوز نی وفات پائی اور افغانستان پر تا بدریاے سند شاہ خوارزم قابض ہوگیا+

## ذکر سلطنت خاندان مُغلیہ

مورث اعلے اس قوم کا مغل خان اولاد یافث ابن حضرت نوحؑ سی تہا مغلون کی سلطنت کی ابتداء اور اوسکا جلد ترقی پکڑنا اور بہت پہیلجانا تواریخ کے واقعات مین سے ایک بڑا ماجرائی عجیب ھی جس زمانہ مین کہ غزنی کی سلطنت پر زوال قدم بڑہا نی جلاآتا تہا اوسی عرصی مین مُلک تاتار سی جو قدماء مین بنام۔ اسکو تہیا مشہور تہا اس جنگجو قوم نے خروج کیا اور عین سی ۱۲۰۶ع کو تموزخان جسکو گزاتام بڑی ہیراوس قوم نے چنگیزخان یعنی خان اعظم بمعنی شہنشاہ کا خطاب دیا تہا اپنی دانائی اور شجاعت سی قوم کا سردار ہوا- اور تمام تاتار مین اوسکا تسلط ہوگیا- اوسنی بارادہ تسخیر دوسرے ملکون کی اپنی فوج کو سپاہ گری کی قواعد سکہانی شروع کی جب فوج کی تعداد چہہ لاکہ کی بہی سواء ہوگئی تب فتوحات مُلکی پر کمر باندھی بعد فتح مُلک خطا جو چین کی شمالی اقطاع مین ہے اس سبب سی کہ محمد شاہ خوارزم مالک افغانستان وخراسان نے مغلونکی وکیل اور چند سوداگران تاتاریکو قتل کیا تہا+

بینس کس گکہکڑونکی ہاتھہ سے بحالت خواب بائیں زخم چہورا کہا کر بتاریخ ۳ - ماہ شعبان ۶۰۲ھ ہجری مطابق ۱۲۰۶ء مین شہید ہوا - اوسکی امراؤن نی تابوت اوس شہنشاہ کا غزنین مین لیجا کر منزل معہود کو پہونچایا اسی شخص کی باعث خاندان غور کی ترقی ہوئی تہی اور اسکے ساتھہ ختم ہوئی ۞

## ملک تاج الدین یلدوز

بعد وفات شہاب الدین کی اکثر ارکان سلطنت نی اتفاق کرکے **محمود ابن سلطان غیاث الدین** برادر زادہ شاہ متوفی کو غور سی واسطی تخت نشینی سلطنت غزنین طلب کیا مگر بسبب نہ عالی ہمت ہونی کے اوسنی تخت فیروزہ کوہ وغور کو اپنی واسطی کافی سمجہکر **ملک تاج الدین یلدوز** کو جو زمرہ غلامان مقربین بادشاہ مرحوم سی تہا خط آزادی بہیجکر تخت غزنین اوسکے حوالہ کیا تاج الدین نی بحکم اوس فرمان کی غلامی سی آزادی پاکر سلطان اپنا خطاب کیا اور افغانستان کی سلطنت پر مسند آرا ہوکر بہ ارادہ تسخیر پنجاب جو بعد وفات **شہاب الدین** کے **قطب الدین** ایبک بادشاہ دہلی کی قبضہ مین تہی لاہور کو روانہ ہوا بباعث دباؤ نام سلطان غزنین اور کم ہمتی حاکم پنجاب لاہور پر قابض ہو گیا یہہ خبر سنکر **سلطان قطب الدین** نے دہلی سی یورش کری اور ایک مردانہ حملے مین تاج الدین یلدوز کو بہگا دیا اور ایسی زور شور سے اوسکا تعاقب کیا کہ اوسنی غزنین مین قرار اپنا دشوار سمجہکر بعلاقہ **شلوزان** جو کوہ سفید کی جنوب مین واقع ھی پناہ گزین ہوا اور قطب الدین ایبک غزنین پر قابض ہوکر شراب خوری مین شاغل ہوا - ایسی صریح غفلت اور عیش مفرط کی سبب سی حسب ایمائی ارکان سلطنت تاج الدین ایلدوز بہمراہی لشکر افغان وغیرہ **شلوزان** سی نکلکر ناگہان متصل غزنین پہونچ گیا قطب الدین یہہ حال سنکر گہبرا گیا اور ایسی جلدی مین قوت مقابلہ مفقود سمجہکر براہ سنگ سوراخ باہر آیا اور ایسا بہاگا کہ لاہور تک عنان ہزیمت کو نہ تہا منا اوسکی پیچہے تاج الدین ایلدوز چند عرصہ افغانستان کا مالک رہا الا رعایا اوسکی ظلم سی ناخوش تہی ۞

## غیاث الدین محمد

بادشاہ ہوا اور اوسنی شہاب الدین محمد اپنی بہائی کو جو حقیقت مین بادشاہ تہا سپہ سالار بنایا ۵۹۹ سنہ ہجری مین غیاث الدین نی سفر آخرت اختیار کیا؛

## سلطان شہاب الدین محمد

جسنی سپہ سالاری کی وقت اپنی خاندان کے بادشاہون سی زیادہ فتوحات کری تہی تخت آرا غزنین ہوا یہہ بادشاہ بڑا صاحب عزم اور اقبالمند دلاور تہا ۱۱۸۶ء مین اسنی خاندان غزنین کو تباہ کرکے سلطنت لی اور افغانستان کو فتح کرکے ۱۱۹۱ء مین ہندوستان پر حملہ لایا ایکدفعہ شکست کہائی اور راجہ پرتھی راج کی پہلی لڑائی مین سخت زخمی ہوا مگر دوسرے نوبت بمعیت تازہ لشکر راجہ جیم اور دہلی سی فتح پاکر ہندوستان مشرقے تک اپنی دخل کا اثر پہونچایا۔ اور قطب الدین ایبک اپنی غلام کو نواح دہلی مین چہوڑا یا قطب الدین لیاقت اور شجاعت مین اپنی آقا دکا پیرو تہا اسی سبب سے ہندکا بادشاہ بن گیا غرضکہ شہاب الدین نے اس فتح کے بعد غزنین مین واپس آکر ملک افغانستان وخراسان کو اپنی خویشون مین اس طرح تقسیم کیا کہ تخت فیروزہ کوہ اور غور محمود بن غیاث الدین اپنی برادرزادہ کو عطا کیا اور بست اور فرہ و اسفراین اور گرم سیر کا ضیاء الدین بنا چچازاد بہائی کو حاکم بنایا اور حکومت ہرات معہ توابع اوسکی ناصر الدین اپنے خواہرزادہ کو سپرد کرکی کابل اور قندہار ودیگر افغانستان شامل تخت دار السلطنت غزنین کے رکہا بہ سبب نہونے اولاد نرینہ اپنے کے ملک کا بندوبست اسطرح کرکے سلجوق یعنے ترکمانون کی سلطنت پر حملہ کیا اور اون سے شکست کہاکر لاہور مین قرار گزین ہوا۔ اوسی سال قوم گہکڑ پر جو دوآبہ سندساگر مین آباد تہے بسبب مفسدہ پردازی لشکرکشی کرکے بعضون کو مسلمان اور اکثرون کو تباہ کیا اور قوم تیراہیہ سکنہ تیراہ جو مسلمانون کے دشمن اور راہزن مشہور رہتے تہے اون مین سے جو مسلمان ہوئی اونکو امان دیکر ملک مسکونہ سے خارج کیا اور منکرون کو قتل کیا اس انتظام کے بعد ترکستان پر چڑہائی کا ارادہ کرکے لاہور سے غزنین کو واپس جاتا تہا کہ دریای سندہ کے مشرقی کنارہ پر بمقام برہمیک جو غالبًا متصل نیلاب تہا

جو دا ماد بہرام شاہ غزنوی کا تہا تیسرا شجاع الدین جو عنفوان جوانی مین مرگیا چوتہا ناصر الدین جو حاکم ملک داور تہا پانچوان سیف الدین چہٹا بہاء الدین سام ساتوان علاء الدین حسین بعد وفات حسین کے یہہ ہفت پسر جنکو وہانکی لوگ سبعہ سیارہ یا ہفت اختر کہتے تہے متفرق بدو فرقہ ہوگئے ایک ملوک بامیان جنکا ذکر یہان فضول ہی دوسرے ملوک غور وغزنین جنمین سب سے پہلا

## قطب الدین

تہا جسنے سلطان بہرام شاہ غزنوی کی دختر سے شادی کرلی تہی مگر بسبب داعیہ سلطنت بہرام کی حکم سے قطب الدین برملا قتل کیا گیا یہہ ہی واردات بنیاد فساد خاندان غزنوی اور غور کی باہم ہوئی جسکی سبب سے خاندان غزنین بالکل پائمال ہوگیا ؀

## سیف الدین

نے یہہ ناخوش خبر سنکر سلطان اپنا خطاب کیا اور بہائی کا بدلہ لیکر غزنین پر چند عرصہ قابض ہوگیا بہرام شاہ نے ناگہان پہونچکر بسبب دغا اہل غزنین سیف الدین کو گرفتار کرکے معہ مجد الدین قتل کرایا تب

## بہاء الدین سام

جو باپ غیاث الدین اور شہاب الدین غوری کا تہا بارادہ انتقام اپنی بہائی مقتول کی لشکر جمع کرنے مین مصروف ہوا مگر موت نے پہونچکر خیالات سے چہوڑایا اوسکی بعد

## علاء الدین حسین

ملقب جہانسوز نے غزنین اور قندہار اور علاقہ گرم سیر فتح کرکے بعد خرابی غزنین یہہ ملک مفتوحہ اپنی برادرزادے غیاث الدین کے سپرد کرکے خود غور کو واپس چلا گیا تہوڑے عرصہ کے بعد اپنی برادرزادگان غیاث الدین اور شہاب الدین سی متوہم ہوکر ہر دو کو قلعہ جرجستان مین قید کردیا اور خود ایک لڑائی مین سلطان سنجر ترکمان کی سپاہ کے ہاتہہ گرفتار ہوکر قید ہوگیا - مگر سنجر نے رحم کہاکر بدستور اپنی مقبوضہ ملک پر اوسکو قایم رکہکر رہا کردیا - اسکی امارت کے بعد بہت عرصے تک نہ جیا ۵۵۱ھ ہجری مین سرائے فانی سی کوچ کیا

## سیف الدین

بیٹا علاء الدین جہان سوز کا اپنی باپ کا قایم مقام ہوکر تخت نشین ہوا اور سعادتمندی سے غیاث الدین اور شہاب الدین کو رہا کیا ایک سال کے سلطنت کی بعد ترکون کی مقابلہ مین مارا گیا تب

کو ختم کیا خسرو ملک کو معہ ملکشاہ فرزند اوسکی اور دیگر خویشان و اقربا شاہ موصوف کو گرفتار کرکی
بہائی غیاث الدین کی پاس فیروزہ کوہ متعلقات غور مین بہجدئے اور وہان وہ مظلوم قلعہ جرج
مین قید ہوئی بوقت حادثہ خوارزم شاہ دوراندیشی کیا بداندیشی کرکی اون سبکو قتل کیا گیا اور
عالی خاندان کا اثر بہی باقی نہ چہوڑا ۔

## ذکر سلطنت خاندان غور ابتداء سنہ ۱۱۸۵ عیسوی سی سنہ ۱۲۱۶ تک

واضح ہو کہ سلاطین غور کو مورخین ضحاک تازی کی نسل سی شمار کرتے ہین یہہ وہ ضحاک ہے جسنی
جمشید بادشاہ کو خارج اور تباہ کرکے ایران کی سلطنت پر غصبًا قبضہ حاصل کیا تہا اور پہر
کاوہ آہنگر اصفہانی نی کہ حقیقت مین بڑا دلاور جوان تہا اور پیچہی سے سپہ سالار ہوا ہمت کرکے
فریدون کی مدد کرے جب ضحاک پر فریدون غالب آیا اور اوسکو قتل کرایا تب ضحاک کے اولاد سے
دو بہائی ایک مسمی سوری دوسرا سام ملازم فریدون کے تہے ضحاک کی تباہی کی بعد اوسکی نسل کے
نسبت پیشگاہ فریدون سی حکم قتل عام صادر ہوا تب یہہ ہر دو بہائی بخوف جان معہ متعلقان مفرور ہوکر
بمقام نہاوند پناہ گزین ہوئی تور ابن فریدون نی اونکا تعاقب کیا مگر بسبب سخت جگہ ہونی کے
اونکو نقصان نہ پہونچا سکا بعد انتقال سام کے اوسکا پسر موسوم شجاع اپنے چچا سوری سے رنجیدہ ہوکر
کوہ غور کو چلا آیا اور اوسی جگہہ قیام کرکے کہا کہ زو مندیش یعنی اوس سے مت ڈر اس سبب سے
اوس موقع کا نام زو مندیش مشہور ہوا غرض کہ پشت بہ پشت خاندان اوسکا غور کا رئیس چلا آیا
تا وقتیکہ خلیفہ چہارم حضرت علی ابن ابوطالب نے مسمی شنسب مورث اعلی سلاطین غور نے فرمان
حکومت غور بمقام کوفہ دستخط خاص سی حاصل کیا شنسب سے آٹہوین پشت مین سلطان ابراہیم غزنوی
کے عہد سلطنت مین

## عزالدین حسین

نے جو بانی اس خاندان کا تہا مرتبہ امیر حاجب پاکر خاندان غزنویہ سی شادی کری اور مسعود ابن سلطان
ابراہیم نے اپنی سلطنت کی عہد مین اوسکو حکومت غور موروثی ملک کی عطا فرمائی حسین کے ہفت پسر زوجہ
غزنویہ سے پیدا ہوئے بدین تفصیل ایک فخر الدین جو بامیان کا مالک ہوا دوسرا قطب الدین

سیف الدین بلا مقابلہ قابض ہوگیا اور اہل غزنین پر اعتماد کرکے اپنی بھائی علاء الدین کو معہ اکثر امرای قدیم اپنی کے
غور کی طرف بھیجدیا اور رعایا غزنین کو راضی نہ رکھہ سکا جب موسم زمستان مین بباعث پڑنے برف راستہ ہای غور بند
ہوگئی تب حسب اشارہ غزنویان ناگاہ بہرام شاہ لشکر افغانان وغیرہ ہمراہ لیکر قریب غزنین کی آ پہونچا
اہل غزنین نی دغا بہی سی سیف الدین کو پکڑکر بہرام شاہ کی حوالہ کردیا اور بہرام نی بی تمیزی کی راہ سے
سیف الدین کو معہ سید مجد الدین امیر الامرای غوریہ بہ رسوائی نازیبا تشہیر کرکے قتل کرایا اور نام کو
ہمیشہ کیواسطی اس حیلہ ہلانہ کام سی داغ لگایا اور ۱۱۵۲ء عیسوی مین یہہ بدنامی لیکر پینتیس ۳۵ سال کی سلطنت کی بعد خود
بہی منزل ناگزیر کو پہونچا۞

## خسرو شاہ

بعد وفات بہرام کی اوسکا پسر خسرو شاہ بہ محبت چند روزہ دنیا گرفتار ہوکر غزنین کے تخت پر بیٹھا اون ہی
دنون مین عنقریب پہونچنی علاء الدین غوری کی خبر جو اپنی بھائی کا بدلہ لینے بڑی زور شور سے آتا تہا اس بادشاہ
کو پہونچے تب خسرو شاہ بدون مقابلہ غزنین چہوڑکر لاہور کو چلا گیا اور اوس جگہہ کو پایہ تخت
بنایا۔ علاء الدین غوری نی غزنین مین پہونچکر قتل عام کا حکم دیا اور اکثر عمارات عالیشان کو جلاکر
خاک سیاہ کردیا اور سوای سلطان محمود اور سلطان مسعود اور سلطان ابراہیم کے باقی سلاطین
آل سبکتگین کی قبور مین آگ لگوادی اور اس بی رحمی اور ناخدا ترسی کو قتل عورات پر ختم کرکے
اپنی آپ کو ملقب بہ علاء الدین جہان سوز کرایا خسرو شاہ سات برس شور و شر مین حکومت کرکے بمقام
لاہور راہی ملک بقا ہوا۞

## خسرو ملک

بیٹا اوسکا تخت لاہور پر بیٹھا اور اوسنی ہندوستان کی تمام اون صوبون پر قبضہ کیا جو کسی زمانہ مین
اوس کے بزرگون نے مفتوح کئے تہے لیکن شہاب الدین محمد غوری نی باخذ غزنین کہ دار الملک
اوس خاندان کا تہا اکتفا نکرکے طمع پنجاب کا بہی کیا اور ۱۱۸۰ء عیسوی مین پشاور پر جو کتب
سلف مین بنام فرشاور پکرام تیز شور مشہور ہے لشکر کشی کرکے افغانستان کا حصہ مشرقی معہ
ملتان فتح کرلیا اوسی سال کی اخیر لاہور کے طرف روانہ ہوا مگر مایوس ہوکر واپس آیا اور افغانستان
مشرقی و ملتا مین علی کرماج کو حاکم بنایا ۱۱۸۴ء مین اوسنی فریب سے لاہور پر قبضہ کرکے سلطنت خاندان غزنویہ

اونسی کئی قرآن شریف اپنی ہاتہہ سی لکہہ کر مکّہ اور مدینہ مین بہجوائی ابتدا سنوات جلوس مین قوم سلجوقِ
خواہ ترکمان کی ساتہہ صلح کرکے جانبین نی عہد کیا کہ ارادہ خلل مملکت ایکدوسری کا نکرینگے اس عہد نامہ
کی بعد سلطان ملک شاہ سلجوقی کی دختر سی مسعود ثانی ابن سلطان ابراہیم کی شادی ہوکر صلح کو
مضبوطی ہوئی - اسطرحپر مغربی دشمنون سی اونسی رہائی پاکر ہندؤن کی قوت توڑنیکے واسطی اونسی
مشرق کو فوج کشی کرکی ہندوستان مین آتی دور تک فتح کرتا گیا کہ اوسوقت تک اوسکی بزرگون مین
سی کوئی بادشاہ نگیا تہا اور ایک لاکہہ ہندو قید کرکے غزنین کو لیگیا چالیس برس تک اس بادشاہ نے
سلطنت کی اور ۱۰۹۸ عیسوی مین زندگی کی ساتہہ اوسکی سلطنت بہی ختم ہوئے ؛

## سلطان مسعود ثانی ابن ابراہیم

ابراہیم کے بعد اوسکا فرزند مسعود جو کہ بہت رحم دل اور نیک سیرت تہا بادشاہ ہوا اوسکا امیر
طغاتگین حاکم لاہور نے عہدہ سپہ سالاری ہند پاکر ہندوستان پر حملہ کیا اور دریاء گنگ
سی بہی عبور کرکے ملک کو جا لوٹا اور غارت کی مال سی مالا مال ہوکر لاہور کو واپس آیا سولہ برس
آرام اور امن چین سی سلطنت کرکے مسعود بہی اس سرای فانی سی کوچ کر گیا ؛

## ارسلان شاہ

فرزند مسعود نی اپنی باپ کی مرتے ہی اپنی دوسرے بہائیون کو قید کرکے تخت لیا مگر بہرام شاہ نے
بہاگ کر اپنی مامون سلطان سنجر ترکمان خواہ سلجوقی کے پاس پناہ لی سنجر نے بہرام کے
مدد کرکے غزنین پر چڑہائی کی ارسلان شاہ دو دفعہ لڑائی ہار کر بہاگا اور کوہ سلیمان مین افغانون
کی پاس جا بیٹہا سپاہ سنجر نے پیچہا کرکے گرفتار کیا اور اپنی سلطنت کی تیسری سال مین بہرام کی حکم سی مقتول ہوا

## سلطان بہرام شاہ

ابن مسعود بن ابراہیم اب بلا تنازع سلطنت کا مالک ہوا چند نوبت ہندوستان کی طرف گیا اور محمد
باہلیم جو ارسلان شاہ کی جانب سی سپہ سالار لشکر لاہور رہتا تہا بہرام سی بغاوت کرکے تباہ ہوا اور آخر ایام
سلطنت مین اونسی قطب الدین محمد غوری اپنی داماد کو بسبب واعیہ سلطنت غزنین مین قتل کرایا یہہ
خبر سنکر سیف الدین غوری نی اپنی بہائی کی خون کا انتقام لینیکے واسطی غزنین پر لشکر کشی
کی بہرام شاہ طاقت مقابلہ نہ سمجہکر افغانستان کے مشرقی پہاڑون مین پناہ گزین ہوا غزنین پر

## سلطان ابو الحسن علی

بعد وفات مودود کی اوسکی پسر چہار سالہ کو اول تخت پر بٹھایا گیا الا پانچ روز کی بعد اوسکو اوتار کر ابو الحسن علی برادر مودود ابن مسعود بروز جمعہ غرہ شعبان سنہ ۴۴۱ ہجری مین تخت نشین ہوا۔ اوسی عرصہ مین علی بن ربیع باتفاق میرک وکیل خزانہ شاہی سی بقدر مقدور زر و جواہر لیکر پشاور کو بہاگ آیا اور افغانستان کے حصہ مشرقی پر تا بہ ملتان قابض ہوکر افغانان کو بزور شمشیر مطیع کیا

## سلطان عبد الرشید ابن محمود

اوسی سال کی اخیر مین عبد الرشید بیٹا سلطان محمود کا جو مودود اپنی برادر زادہ کی حکم سی ایک قلعہ مین قید تہا خبر وفات مودود سنکر بسعی عبد الرزاق وغیرہ حبس سے نجات پاکر کوچ بکوچ غزنین کو روانہ ہوا ابو الحسن علی بدون دیکھنی چمک شمشیر کے پہلی سی کنارہ کر گئے عبد الرشید نی غزنین پہونچکر اپنی باپ کے تخت پر جلوس کیا اور نوشتگین حاجب کو امیر الامراء ہند بنا کر لاہور کے صوبہ داری پر بہیجا ایک سال کی بعد طغرل نمکحرام نی جو امیران شاہی سی تہا عبد الرشید کو معہ نو کس دیگر اولاد محمود قتل کر دیا نوشتگین حاجب جو اوسوقت پشاور مین تہا یہہ ناخوش خبر سنکر بہت غصہ ہوا اور اوسکے تدبیر سی طغرل مذکور بروز نوروز جب وہ تخت محمودی پر جلوس کر رہا تہا مارا گیا تب

## فرخ زاد ابن مسعود

جو کسی قلعہ مین قید تہا بصلاح نوشتگین اپنی موروثی سلطنت کا مالک ہوا اگرچہ یہہ بادشاہ بذات خود بہت لئیق نہین تہا مگر نوشتگین کی دانائی اور دلاوری سی دو دفعہ قوم سلجوق یعنی ترکمان کی سرداروں سی مقابلی مین غالب آیا جب تیسرے دفعہ اسکی فوج اونسی منہزم ہوئی تب فرخ زاد نی نیک نیتی کی ساتھہ قیدیان سلجوق کو انعام و اکرام سی مالا مال کر کی بعد رہائی سلجوقون کی بادشاہ کی پاس بہیجدیا سلجوقون نی فرخ زاد کی فیاضی سی خوش ہوکر قیدیان غزنوی کو بہی مخلصی دی آخر چہہ برس کے سلطنت کی بعد یہہ بادشاہ بھی بعارضہ قولنج سنہ ۴۵۰ ہجرے مین فوت ہوا ؛

## سلطان ابراہیم ابن مسعود

بعد واقعہ ناگزیر فرخ زاد کی سلطان ابراہیم نی مسند ایالت کو اپنی جلوس سے زیب دیا یہہ بادشاہ بڑا متقی اور پرہیزگار تہا باوجود عنفوان جوانی ترک لذات نفسانی کر کے ہر سال تین ماہ روزہ رکہتا

تاک سومنہہ توڑتا الابعد ازان اونے خراسان مغربے کو مفتوح کیا اور اتنی فتوحات کا نام لیکر آخر وہ
بھی بتاریخ ۲۹ اپریل ۱۰۳۰ء مین ترسٹھہ برس کا ہوکر راہی ملک بقا ہوا اسکی عہد مین مشرقی حصہ
افغانستان سی برہمن اور بت پرستون کا مذہب نابود ہوا اور دین اسلام نے رواج پایا جو مشرک
اسلام قبول نہین کرتے تہے وہ کچہہ ماری گئی اور کچہہ جلا وطن ہوئی ؛

## سلطان مسعود

بعد وفات محمود کی امیر محمد بڑی فرزند اوسکی نے داعیہ سلطنت کا کیا مگر مسعود نے جو بابا کیوقت
ہرات کا صوبہ دار تہا امیر محمد کو گرفتار کرکے نابینا کردیا اور خود تخت نشین ہوا اسکی عہد سی زوال
سلطنت غزنویہ شروع ہوا اگرچہ ابتدا عہد مین اس نے بہی جرات سی ہندوستان پر حملے کئے اور مشرق
کی طرف کچہہ کامیاب ہوا مگر مغرب کی جانب سے قوم سلجوق یعنی ترکمان کی تاتاریون نے خروج کرکے اوکو
سخت مجبور کردیا اور قوم افغانون نے بہی پہاڑ دشوار گذار کے اندر بغاوت کری جنکی سرکوبی کے
واسطی شاہزادہ ایزد یار تعینات ہوا اور اوسنے افغانون کو کچہہ سیدہا کیا مگر قوم سلجوق نے اسقدر
زور دیکہا یا کہ بادشاہ کو غزنین مین ٹہرنا دشوار ہوا تب وہ اپنی باپ کی وقت کی خزاین اور دفاین لیکر
اس ارادہ پر کہ ہندوستان سی فوج رکہکر اس ابدارسا قوم کو سیدہا کرونگا لاہور کیطرف روانہ ہوا اور
اپنی اندہی بہائی امیر محمد کو بہی ہمراہ لیا راستی پر بمقام مارگلہ جو حسن ابدال سی نومیل جانب مشرق
ہے اپنی نمکحرام فوج کے ہاتہہ سی جنہون نے خزانہ لوٹا تہا گرفتار ہوکر قید ہوا اور ۱۰۴۰ء عیسوی کو اپنی
برادر زادہ نالایق کی حکم سے مارا گیا

## سلطان مودود ابن مسعود

جب کہ مودود نے جو صوبہ دار بلخ کا تہا اپنی باپ کے قتل ہونی کی خبر سنی فوراً غزنین کو کوچ کرآیا اور
وہان کے لوگون نے اوسی موروثی تخت کے مبارکباد دی اوسنی تخت پر بیٹہتی ہے امیر محمد کے بیٹون سے
جنمین سے بڑا ملتان اور پشاور کا صوبہ دار تہا لڑائی جیتی اور پہر اپنی باپ کے قاتلون سی انتقام
لیکر نو برس تک سلطنت کری ۴۴۱ ہجری مطابق ۱۰۴۹ء مین مرض قولنج سے رخت ہستی جہان
ناپائیدار سے اوٹہالیا ؛

رہی قوم گہکڑ جو اوسوقت سندہ و جہلم کی دوآبہ مین آباد تہی شامل لشکر آنند پال ہوئی کیونکہ اوسوقت اون کا عقیدہ مذہبی اہل اسلام کی مخالف تہا غرض کہ اس یورش مین کل ہنود نی واسطی انسداد رواج اسلام ایسا اتفاق کیا کہ عورات نی اپنی زیورات گال کر واسطی صرف ضروریات لشکر دور دور سے بہیجے محمود نی ہجوم غنیم اور اونکا فدویانہ ارادہ دیکہکر بنظر احتیاط فرودگاہ لشکر کے دونون طرف خندق کہدوادی اور اس خیال پر کہ سامنی سی حملہ ہو ایک برجستہ فوج تیراندازون کی حسب الحکم بادشاہ کی آگی بڑہ کر بحیلہ ہاء سپاہیانہ غنیم کے فوج کو گرم جنگ کر کے اپنی معسکر کے قریب لائی اوسوقت فوج محمود نے دلاوری سی اوپر یورش کرنی مگر نتیجہ برعکس ظاہر ہوا چند ہزار جوانان قوم گہکڑ سر و پا برہنہ ہر ایک کی ہاتہہ مین اسلحہ غیر بکمر دونون بازو لشکر اسلامیہ سے گذر کر سواران غزنوی مین پہونچ گئے اور جو چیز سامنے آگئی انسان حیوان سب کو تہ تیغ کیا یہان تک کہ قریب چار ہزار مسلمان شہید ہوئی لحظہ بلحظہ لڑائی بڑہتی جاتی تہی اور قریب تہا کہ سلطان محمود بسبب استیلاء پیادگان گہکڑ معرکہ سے کنارہ کر کے لڑائی کو اوس دن موقوف کرے اتنی مین بخت محمود نے یہہ کام کیا کہ ناگاہ ہاتہی سواری آنند پال آواز توپ اور تفنگ و خدنگ و لگنی زخم تیر سے سراسیمہ ہو کر پیچہے کو بہاگا ہاتہی کا بہاگنا گویا بخت کا بہاگنا تہا سپاہ ہند نے احتمال ہزیمت آنند پال سمجہکر گریز مین ایک دوسری سی سبقت لیجانا چاہا میدان محمود کی ہاتہہ آیا امیران شاہی سی عبد اللہ طائی چہہ ہزار سواران عرب اور ارسلان جاذب دس ہزار ترک اور افغان ہمراہ لیکر لشکر منہزمہ کی تعاقب ہوئی دو روز تک اونکا پیچہا کیا بہت لشکر آنند پال کا مارا گیا اور بحد لوٹ فتحیاب لشکر کے ہاتہہ آئی بعد اوسکی سنہ ۳۹۹ ہجری مین سلطان موصوف نی بسبب بی ادبی داؤد بن نصیر نبیرہ شیخ حمید لودی حاکم ملتان کی اوسپر چڑہائی کر کی بعد گرفتاری سے قلعہ غور مین اوسی قید کر دیا جب آنند پال راجہ لاہور مر گیا اور اوسکا بیٹا جانشین ہوا تب سنہ ۴۰۴ ہجری مین قلعہ نندونہ جو کوہ بالنات واقع حدود ضلع جہلم مین تہا سلطان نی فتح کیا سنہ ۱۰۲۳ عیسوی مطابق سنہ ۴۱۴ ہجری مین لاہور فتح کر کے پنجاب مین پہلا بادشاہ اسلام کا ہوا اور نبیرہ جیپال نی راجہ اجمیر کے پاس جا پناہ لی سنہ ۱۰۲۴ عیسوی مطابق سنہ ۴۱۵ ہجری بارہوین دفعہ اوس صاحب ہمت سلطان نے بہت فوج کے ساتہہ جسمین دو ہزار افغان بہی تہی ہندوستان پر چڑہائی کر کی گجرات دکہن مین مندر سومنات پر جو مشہور معبد ہنود کا ہے قبضہ کیا اور بڑے بت کے پاس جا کر اپنی گرز سے اوسکا

لیکن محمود سی جو حقیقتاً اس سلطنت کا وارث تہا کچہہ بن نہ گئی بلکہ گرفتار ہو کر قید ہوا ؛

## سلطان محمود غزنوی

اپنی باپ سبکتگین کی وفات سی پیچہی فساد اسمعیل فرو کر کی ۳۸۸ ہجری مطابق ۹۹۷ عیسوی مین سلطان
تخت نشین ہوا یہہ بادشاہ بڑا صاحب ہمت و اقبال تہا فن سپاہ گری مین خوب دستگاہ رکہتا تہ
عزم محمدی برازبس قایم تہا سنہ ۱۰۰۰ مین پہلی دفعہ اونی عنان عزیمت جانب ہند منعطف کی اوسو
سلطان محمود کا لشکر دس ہزار سوار اور پیادہ فوج اوس سی بہی کم تہی - دوسرے جانب راجہ جیپ
والی پنجاب بمعیت بارہ ہزار سوار اور بیس ہزار پیدل سپاہ اور تین سو جنگی ہاتہی کی اوس دلاو
بادشاہ کے مقابلہ کی واسطی دریا سند کو عبور کرکے سدراہ ہوا نواح پشاور مین سوموار کے دن واقع
ہشتم ماہ محرم ۳۹۲ ہجری مطابق پنجم ماہ اگست ۱۰۰۱ عیسوی دونون سپاہ کی باہم سخت لڑائی ہوئی بذات
خود سلطان محمود مع ہزبران زابلی کو لیکر قلب گاہ غنیم پر حملہ لایا اور فتح مند ہوا راجہ جیپال شکست کہا کر معہ اپنی
دو پسر اور چند لواحقون کی زندہ پکڑا گیا اور بیشمار تاراج کا مال لشکر محمودی کی ہاتہ آیا غزنین جاکر محمود نے
جیپال کو معہ دیگر اسیران بعد قبول کرنے جزیہ اور خراج ہر سال کے امان دیکر رہا کر دیا اور چند افغانان سرکش
کو جنہون نی اونسی سازش کی تہی قتل کیا جیپال نی قید سی رہائی پاکر اس بیعزتی کا جینا منظور نکیا آنند پال
اپنی رشید پسر کو ولیعہد بنایا اور خود زندہ جلکر مر گیا اوسکی جگہہ آنند پال لاہور کا گدی نشین ہوا سنہ ۱ء غ
مین راجہ بہیٹا کو اور سنہ ۱۰۰۶ مین سلطان محمود نی ملتان کی حاکم ابو الفتح قوم لودی کو سیدہا کیا اس حملہ کے
وقت آنند پال نی شوخی کرکے پہر مقابلہ کیا اور مفرور ہو کر کشمیر کے پہاڑون کی طرف بہاگ گیا - ایلک خان
والی تاتار کی لڑائی سی فارغ ہو کر چوتہی دفعہ موسم بہار ۱۰۰۸ عیسوی مطابق ۳۹۹ ہجری مین اس
شہنشاہ نی واسطی انتقام شرارت آنند پال بڑی فوج جمع کرکی پنجاب کی طرف کوچ کیا آنند پال بہی بفکر
تہا اوسنی پہلی سی راجہ دہلی اجمیر قنوج اوجین کالنجر کو قاصد بہیجکر مسلمانون کی روک کی واسطی متعد
کرلیا تہا سب ہندو سردارون نی متفق ہو کر بیشمار فوج کی سرکردگی مین افغانستان کی طرف کوچ کیا دونون
فوجین نواح پشاور مین پہونچکر خیمہ زن ہوئین محمود نے جب کہ اپنی کثیر فوج دشمن کی دیکہی جسکی اوسکو
توقع نہ تہی گہبرا گیا اور برخلاف اپنی عادت مستمرہ کے غنیم کی فوج پر تاخت نہ لایا دونون فوجین چالیس
روز تک جرات پیشدستی نکر کی پڑی رہین اس توقف سی آنند پال کے لشکر مین روز بروز ترقی ہوتی

اوسکی پایتخت تہا جب اوسنی سبکتگین کے دست برد کا حال دیکہا تب بہت لشکر جمع کرکے اپنی دار الریاست لاہور
سی افغانستان کو روانہ ہوا دوسرے جانب سی امیر ناصر الدین سبکتگین اپنی جرار فوج کو ہمراہ لیکر سرحد پر پہونچا
تین روز میدان کارزار مین لشکرین نبرد آزمائی کرتی رہی - سلطان محمود نے جو باپ کے لشکر کا سردار تہا اس
لڑائی مین باوجود نو عمری بہت چستی سی مردانگی ظاہر کری آخر راجہ جیپال نی اپنی فوج کی ضعف کو خیال کرکے
پچاس ہاتہی اور بہت سا روپیہ دینا کری صلح کی اور ایک معتبر امیر اپنا بطور یرغمال سبکتگین کو دیکر چند امیران
مسلمان کو واسطی سپرد کرنے اشیاء مقررہ صلح اپنی ہمراہ لاہور لیگیا وہان پہونچتی ہی ناعاقبت اندیش مصاحبونکے
صلاح سی عہد شکنی کرکے معتمدان شاہی کو قید کرلیا اور کہلا بہیجا کہ جب تک تم میری ہندو امیر کو نہین چہوڑوگے
مین تمہاری مسلمانون کو نہین رہا کرونگا سبکتگین کو جب یہہ خبر بد عہدی کی پہونچی تو غصہ سے آگ ببولا ہوکر
مثل طوفان ہمراہی فوج بیکران پنجاب کو روانہ ہوا راجہ جیپال نی راجہ اجمیر دہلی کالنجر وغیرہ سی مدد مانگی
اونہون نی مدد دہی راجہ پنجاب کی اپنی بقاء دولت سمجہکر خزانہ اور لشکر بہیجنے مین قصور نکیا راجہ جیپال
ایک لاکہہ فوج کی سرکردگی مین دلیرانہ مسلمانون کی مقابلہ کیواسطی لاہور سے پشاور کی طرف کوچ کیا یہہ خونخوار
لڑائی ہندو و مسلمانون مین دریاء سند سی مغرب غالبًا پشاور کے نواح مین ہوئی اوس زمانہ مین ہندو
لوگون کو دریاء اٹک سی پار جانے کو پرہیز نہ تہا - اول دیر تک لڑائی ہوتی رہی سبکتگین ایسی حکمت سے
لڑا کہ اپنی فوج کے چند گروہ کرکے تازہ دم میدان مین بہیجتا رہا - یہہ سیدہی سی ترکیب بہ سبب نہ قواعد آموز
ہونے فوج مخالف کے ایسی کارگر ہوئی کہ باوجود کثرت سپاہ اثر ضعف فوج ہنود پر ظاہر ہوا اوسی موقع پر کل لشکر
اسلامیہ نی اپنی جری حاکم کے زیر لواء یکبارگی حملہ کیا بیشمار فوج راجہ پنجاب کے ضایع ہوئی اور باقی شکست
کہاکر روبفرار لائی مفرورون کے تعاقب مین فتحمند لشکر دریاء سند تک آیا اور قتل و لوٹ مین اپنی سارے
ہمت خرچ کرے اوس فتح کے بعد جسکو زمانہ حال تک آٹہہ سو چہیاسی برس گذرا ہی افغانستان کا حصہ مشرقی
ریاست لاہور سی علیحدہ ہوکر تا دریاء سند شامل سلطنت غزنین ہوا - اور خطبہ و سکہ سبکتگین کا جاری
کیا گیا بادشاہ ایک اپنا امیر معہ دو ہزار سوار کے واسطی حفاظت ملک مفتوحہ پشاور مین چہوڑکر قوم افغان
کو جو صحرا نشین اس نواح کی تہی دلاسا و تسلی سی اپنا مطیع کیا اور اونمین سی بعضونکو نوکر رکہکر معاون لشکر
مقیم پشاور چہوڑ گیا اور بیس برس بڑی استقلال سی بادشاہی کرکی سنہ ۹۹۷ع مین بمقام ترمیز اقصاء
ترکستان عالم بقاء کو سدہارا اوسکی بعد اسمٰعیل چہوٹی بیٹی نی سلطنت کا داعیہ کیا اور بڑے فساد مچائی

کی رہی اس عہد مین افغانستان کی مشرقی حصہ پر راجہ لاہور کا قبضہ تھا

## ذکر الپتگین

یہہ شخص عبد الملک جو تھی بادشاہ سامانیہ کی طرف سی خراسان کا حاکم ہوا جب عبد الملک بادشاہ بخارا اپنا بیٹا منصور کم سن چہوڑکر مرگیا تب امراء بخارا نی الپتگین سے جو خراسان مین تہا لکہکر نسبت تخت نشینی منصور رائی طلب کیا الپتگین نے جواب لکہا کہ منصور نوجوان آدمی لائق سلطنت کے نہین ہے عبد الملک کا بہائی تخت نشین ہونا چاہئی لیکن اس صلاح کی پہونچنی سی پہلی منصور بادشاہ ہوچکا تہا یہہ خبر پاکر ناراضی سی الپتگین کو طلب کیا مگر اوسنی خطرہ سمجہکر صاف جواب دیا شاہ بخارا نی اوس کی تنبیہ کے واسطی لشکر بہیجا و لڑائیون مین لشکر شاہی پر غالب آیا اور آیندہ کی واسطی شاہ سی مقابلہ مناسب نجانکر سنہ ۹۶۱ عیسوی مطابق سنہ ۳۵۱ ہجری مین خودمختار ہوکر غزنین کو اپنی جدید سلطنت کا دار السلطنت بنایا پندرہ سال افغانستان غزنی کی حکومت کرکے سنہ ۳۶۵ ہجری مطابق سنہ ۹۷۵ عیسوی مین فوت ہوا

## ذکر اسحاق ابن الپتگین

باپ کی وفات بعد ابو اسحاق غزنین کی تخت پر اجلاس فرما ہوا اسنی منصور کو زور دیکہلاکر ملک خراسان کا لادعوی لکہالیا۔ دو برس کی بعد جوانی کی عالم مین راہی ملک بقا ہوا

## حال سبکتگین

بعد انتقال ابو اسحاق کی سوائی سبکتگین کے کوئی شخص حقدار سلطنت کا نہین تہا سبکتگین اصل مین ایک شہزادہ ملک ایران کا تہا جو گردش زمانہ سے حالت افلاس مین الپتگین بادشاہ غزنین کی خدمت مین حاضر کیا گیا اور اوسنے لائق دیکہکر خرید لیا تہا اپنی شجاعت اور عقلمندی و نیک بختی کی سبب سے بہت جلد درجہ بدرجہ ترقی پاکر سپہ سالار الپتگین کا ہوا اور اس جلیل عہدے کو اوس نی اپنی شجاعت سی ایسا روشن کیا کہ ہندوستان اور ترکستان تک اوسکی رعب کی روشنی چمکتی تہی اب اوسنی الپتگین کی دختر سی اپنا نکاح کرکے سب امراؤن کی اتفاق سی سنہ ۹۷۶ء مین تخت غزنین پر جلوس فرمایا شروع سال سنہ ۹۷۷ عیسوی مین سبکتگین نے ہندوستان پر چڑہائی کی اور چند قلعہ متعلق ملک پنجاب فتح کرکے اکثر جگہہ مسجدین تعمیر کرائین اور لوٹ کا بہت مال لیکر واپس غزنین کو چلا گیا اوس وقت مین پنجاب کا حاکم راجہ جیپال ابن اشتپال قوم برہمن تہا سرہند یعنی انبالہ سے تا پشاور طولاً اور کشمیر سے ملتان تک عرضاً اوسکی محروسہ ریاست تہی یعنی افغانستان مشرقی کا حصہ

## طلحہ بن عبد اللہ کو

بہیجکر کابلیون سی پانچ لاکہہ درم پر ابو عبیدہ کو واپس خرید کیا جب اوسکی رہائی ہوچکی تب طلحہ نے بہمراہی لشکر ہرات وغور کابل کو جبراً و قہراً فتح کرکے اپنی جانب سی

## خالد بن عبد اللہ کو

جو خالد ابن ولید قریشی کی نسل سی تہا حاکم کابل کا مقرر کیا جب اس حاکم کو صوبہ دار خراسان نے متہم کرکے معزول کیا تب اسنے الین جانا عرب کا ناگوار سمجہکر معہ اپنی کنبی کی اول ملک زرمت مین آباد ہوا قوم بنگش اوسکی نسل سی ہے ‌‌؛

## خلیفہ ولید

ابن عبد الملک نبیرہ مروان کی عہد خلافت مین حجاج ابن یوسف ثقفی خراسان کا صوبہ دار مقرر ہوا یہہ شخص بڑا مدبر مگر نہایت ظالم تہا اسی خلیفہ کے عہد سلطنت مین محمد ابن قاسم نوجوان سپہ سالار برادر زادہ حجاج صوبہ دار بصرہ وخراسان کا بہہ ہزار سپاہ لیکر ۷۱۲؁ عیسوی مین ملک سندہ پر حملہ لایا اور راجہ داہر والی سندہ و گجرات سی کئی لڑائیان لڑا آخری لڑائی مین راجہ مذکور شکست کہا کر مارا گیا اس ہمالجب عزم فوجی سردار نی ملتان اور افغانستان مشرقی کا حصہ جنوبی بہی فتح کیا غالباً سلسلہ کوہ نمک سی شمال مین جانا اوسکا ثابت نہین ہوتا غرض کہ اسی طرح عہد خلافت خاندان امیہ وعباسیہ مین ملک افغانستان مغربی کا خلفاء کی تحت مین تہا مگر مشرقی حصے مین اونکی مستقل سلطنت کا ثبوت نہین ملتا البتہ اونکی سردار فوج لاکر لوٹ مار کرتے رہی جب خلیفہ مامون ابن ہارون رشید عباسی نی افغانستان کی راستی ہندوستان پر حملہ کیا اور سرداران راجپوتانہ سی شکست کہا کر بغداد کو واپس گیا تو اوسکے بعد خلفاء عباسیہ کے سلطنت زوال پکڑنی لگی اکثر صوبہ داران ملک نے بیوفائی کی راہ سی اطاعت ترک کی صرف بغداد اور اوس کے قریب علاقے خلیفہ کے تحت مین رہگئی ؛

## ذکر اسماعیل سامانی

ان منحرف صوبون مین سی ایک شخص اسماعیل سامانی ماوراء النہر اور خراسان کا صوبہ تہا ۲۷۹؁ ہجری مطابق ۸۹۲؁ عیسوی مین اوسنی کابل قندہار زابل خواہ غزنین کو اپنی قبضہ مین لاکر بخارا کو دار الخلافت بنایا اور شاہ اپنا خطاب کیا نوی برس تک اوسکی خاندان مین جسکو سامانیہ کہتی تہے سلطنت مغربی افغانستان

بعہد خلافت حضرت عمرؓ خلیفہ دویم سنہ ہجری مین جسکو بارہ سو ساٹھہ برس ہوا بمقام قدسیہ
و نہاوند چند عظیم لڑائیون مین شکست دی یزدجرد نواح مرو مین مارا گیا اور قبضہ اہل اسلام کا ملک ایران پر ہوا

## دوسری فصل مین ظہور اسلام سی حال تک کی تاریخ

بعہد خلافت حضرت عثمانؓ ابن عفان خلیفہ سویم سنہ ۳۱ ہجری مین عبد اللہ بن عامر جسکا سپہ سالار
حنیف تہا واسطی فتح خراسان بمعیت ایک ہزار لشکر کی تعینات ہوا اوسنی تہوڑی عرصہ مین ہرات
بادغیس غور نیشاپور بلخ طوس وغیرہ نواح فتح کرکی دین اسلام کو رواج دیا اور جابجا
سلمان حاکم مقرر کئی جب عبد اللہ حج کی واسطی عرب کو واپس گیا تو سمی قارن امیر عجم یعنے ایران نے
سنہ ۳۲ ہجری مین چالیس ہزار فوج ہرات اور غور وغیرہ سی جمع کرکے بدین خیال کہ عربون سی آزادے
حاصل کیجاوی بغاوت کا جہنڈا کہڑا کیا مگر

### عبد اللہ حازم

حاکم نیشاپور نے تہڑی جمعیت سی سلامیہ فوج جمع کرکی قارن کا قصہ تمام کیا اس خدمت کی صلہ مین اوسکو
کل خراسان کی صوبہ داری عطا ہوئی یہہ شخص عادل اور شجاع تہا مگر بہت تہوڑی عرصہ تک خراسان کا
حاکم رہا سنہ ۴۴ ہجری مین جب زیاد بن امیہ معاویہ ابن سفیان کی جانب سی والی بصرہ و خراسان
ہوا تب بارہ سو چہتیس سال پیشتر زمانہ حال سے

### عبد الرحمان بن شمر نے

حسب الحکم زیاد فوج کشی کرکے کابل اور افغانستان کی مغربی جزو کو مفتوح کیا اوسی عرصہ مین مہلب بن
ابی صفرہ نی جو امراء کبار عرب سے تہا کابل ہوکر پیشاور کی راستہ افغانستان مشرقی اور دوآبہ سندساگر مین اہل
دین کی مخالفون سے جہاد کیا سب سی پہلا یہہ ہی شخص ہی جسنی دین اسلام کی اجراء کی بنیاد اوس ملک مین
رکہی مگر یہہ دلاور اصحاب بدون حصول قبضہ مشرقی حصہ افغانستان کی اکثر لوگ بطور غلام پکڑکر واپس چلا
گیا زیاد بن امیہ کی تبدیلی ہوکر سلم صوبہ دار خراسان مقرر ہوا جسنی ابو عبیدہ بن زیاد کو حاکم کابل
مقرر کیا یہہ امیر رحم دل اور بہت نرم مزاج تہا سنہ ۵۰ ہجری مین اہل کابل نی بغاوت کرکے اپنی حاکم
کو قید کرلیا صوبہ دار خراسان سنے

اس زمانہ کو عہد ملوک الطوایف کہتی ہین اوس دور مین بمقام کابل بابک نام صوبہ دار تہا جسکی دختر سے
ساسان ثالث کا بیٹا اردشیر بابکان پیدا ہوا اس دلاور جوان نی ۲۲۶ء عیسوی مین اردوان
شاہ طہران کو مار کر تخت سلطنت پر جلوس کرکے فارسی بادشاہون کی اوس خاندان کا بانی ہوا جسکو
ساسانیہ کہتے ہین اور کل صوبی مفتوح کرکے اپنی سلطنت کی شامل کئی ملک کابل یعنی افغانستان مغربی اوسکے
تعلق ہین رہا الا مشرقی حصہ مین کچھہ ثبوت اوسکی سلطنت کا نہین ملتا تا وقتیکہ اردشیر سے چار پشت بعد

## بہرام گور

۴۲۰ء عیسوی مین تخت نشین ایران ہوا اور اوسنی برائی نام کل افغانستان کو اپنی قبضہ مین کرکے
دریاء سند تک حد قایم کری الا اوس کی بعد عہد سلطنت قباد تک یہہ ملک ایرانیون کے ہاتھہ سی نکلکر
خود مختار ہو گیا

## نوشیروان

ابن قبادی جو ایشیا کی بادشاہون مین سی مشہور عادل ہی ۵۳۱ء عیسوی مین تخت ایران کو اپنی جلوس سے
زیب دیکر افغانستان دوبارہ مطیع کیا اور اپنی سلطنت کی حدود مشرقی کو دریاء سند تک بڑہایا اوسی عرصہ مین
اہل بلوچستان پر جو مشہور سارق تھی چڑہائی کرکے اونکو تباہ کردیا بعد نوشیروان کے

## ہرمز بیٹا

اوسکا وارث ہوا مگر ہرمز اور خسرو پرویز کی سلطنت کا ثبوت مشرقی افغانستان مین باوجود بہت
تلاش کے کچھہ نہین ملا شیرویہ کے بعد

## یزدجرد

ابن شہریار ۶۳۲ء عیسوی مین بادشاہ ایران کا ہوا یہہ بادشاہ بہت پست ہمت تہا اکثر صوبہ دار باغی ہوگئی
چنانچہ افغانستان مین بہی یہہ ہی حال ہوا الا ٹہیک معلوم نہین ہوتا کہ اوسوقت مغربی اور مشرقی دونون
حصون مین کون کون حاکم تہا غالبا ہندو مشرقی حصہ مین خود مختار رہی اور اکثر اس حصی کا بہی حال رہا ہی کہ
جب ایران کی سلطنت مین زور رہا تو اوسنی دبالیا جب ہندوستان کا فرمانروا یا کوئی پنجاب کا راجہ زبردست
ہوا تو وہ قابض ہوگیا جب ان دونون اطراف مین سی کوئی نہ آیا تو خود ملک کے رئیس اپنی مقدور کے مطابق
ریاست قایم کرلیتے تہے الغرض یزدجرد بادشاہ ایران کو سعد ابن وقاص سپہ سالار اسلام

کی قبضی مین تہوڑا اسا ملک افغانستان رہگیا باقی نواح کی حکام نی دبالیا اہل گریک یعنی یونان کی
کیوقت کی سکّے اب بہی اسملک کی کہنڈرات کہنہ سی بہت ملتی ہین جنمین اکثر ایکطرف گہوڑا کی تصـ
دوسرے طرف بادشاہ کی شکل اور یونانی حرف منقش ہوتی ہین ایسی سکّے دریاء سندکے مغربی کنارہ کی علا
پورانی وقت کی عمارات منہدمہ سی بہت ملی ہین اور چونکہ اہل یونان بہی مثل ہندون کی بت پرست
ایسا قیاس ہوسکتا ہی کہ جلد آپسمین خلط ہوگئی تہی اہل اسلام کی قبضہ سی پہلی جو باشندے اوس ملک کے تہی
مسلمان بعد تسلط خود سرخ کافر اور کافر سیاہ پوش کہتی تہے جنمین سی اب بہی افغانستان کی شمالی پہا
مین اوسی نام سی قوم کثیر آباد ہے جنکی نسبت غالب ظن یہہ ہی کہ وہ اون یونانیون کی نسل سی ہین ؛

## تسلط سکہتین خواہ ستہین یعنی تاتاری

بعد یونانی یعنی گریک اور بکٹرین کے اوس ملک پر اسکہتین یعنی تاتاری لوگ بہی چند عرصہ قابض ر
اونکی تسلط کا حال اسطرح ہے کہ جب بکٹرین کے خاندان کا زوال ہوا تو اوس موقع پر اسکہتین نے تاتار
اور بخارا کی جانب سی خروج کرکے اوس ملک کو دبالیا اونکی عہد کی مضروبہ سکّے اس نواح سے بہت ملتی ہین
جنکے اوپر ایک طرف کہڑی ہوئی آدمی کی تصویر اور اوسکی سر پر بڑی لمبی ٹوپی تاتاری وضع کی ہوتی ہے
مگر سوای ان سکونکی جنمین سی نام کا پتہ لگتا ہی اور کچہہ تاریخ اس قوم کی مفصل نہین ملتی یہہ لوگ بت پرست
اور خراب عقیدہ رکہتی تہے ایسا قیاس ہوتا ہی کہ قوم گہکڑ جو دوآبہ سندساگر مین سلطان محمود غزنوی
اور شہاب الدین غوری کی عہد مین بکثرت آباد تہی وہ اس قوم تاتاری کی نسل سی ہونگی کیونکہ جو
اوسوقت کی گہکڑون کی مذہب اور رواج کا حال تاریخ فرشتہ مین لکہا ہی وہ پورانی وقت کی جاہل
تاتاریون کی دستورات سی بہت ملتا ہی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اس قوم کے لوگ بہی بکٹرین اور ہندون
سی جلد خلط ملط ہوگئی اور حملہ جات شاہان اسلامیہ کی وقت جنہون نی اسلام نہ قبول کیا وہ اکثر مارے
گئی اور باقی جلاوطن ہوکر قلب پہاڑون مین جا آباد ہوئی بعد اسکے بہی تاتاریون نی اوس ملک
پر چند دفعہ حملے کئی ہین جنمین سی زیادہ مشہور چنگیز خان ہوگذرا ہی ؛

## ذکر اردشیر بابکان

جبکہ افغانستان مین یوکریٹیدس ثانی کی بدنیتی اور نالیاقتی سی خرابی مچ رہی تہی اوسیطرح ایران کے سلطنت
مین اشکانیون کے آخر عہد مین بسبب لڑائی اہل روم اسقدر ضعف آگیا کہ کئی صوبہ دار خود مختار بن بیٹہی

پہیلتا جاتا تہا کیونکہ اوس سی قریب دو سو برس پہلی بودہ مذہب کا جاری کرنیوالا گذرچکا تہا الغرض سکندر
کی ستارہ اقبال کو چمکتا دیکہکر اکثر راجی مطیع ہوگئی خصوصاً ٹکسلا یعنی راجہ ضلع راولپنڈی نی بڑی تپاک
سی سکندر اور اوسکی لشکر کی دعوت کری صرف راجہ پورس قنوجے سی جسکا نام سکندر نامہ مین فور
لکہا ہی لڑائی ہوئی فتح کے بعد سکندر نے اپنی عالی ہمتی سی پورس کو بدستور اپنی سلطنت پر قائم رکہا دریاء
ستلج تک تمام پنجاب کو زیر کرکے واپس ہوا اور اپنی فوج کو تین گروہون مین منقسم کرکے تین مختلف راستون
سی واپس لیگیا یہہ صاحب ہمت بادشاہ دوسری مہم کی تیاری کر رہا تہا کہ عین عالم جوانی یعنی تینتیس ۳۳
برس کی عمر مین شہر بابل کے اندر بعارضہ بخار تپ ہگرائی عالم بقا ہوا اور سب منصوبے اوسکی حیات کی ساتہہ تمام ہوئے

## ذکر تسلط اہل یونان یعنی گریک

سکندر اعظم افغانستان کی ملک کو جو اوسوقت اہل ہند مین بالہیک دیس اور یونانیون مین بکٹریا کے
متعلق مشہور تہا اپنی زیر حکم کرکی ایک علیحدہ یونانی امیر صوبہ دار مقرر کر گیا تہا بعد وفات سکندر اوسکے
امراؤن مین عرصہ تک فساد رہا تین سو بارہ سال قبل از مسیح جب وہ جہگڑی رفع ہوئی تو شام کا بادشاہ
سلوکس یونانی ہوا تہا اور افغانستان بہی اوسکی حصہ مین آیا ملک شام سی افغانستان مین آکے اوسنے
خوب بندوبست کیا اور اسی راستے راجہ چندر گپت فرمانروائی ہند کی ملاقات کی واسطی گیا جسکو اوسنے
اپنا داماد بنایا تہا سن عیسوی سی ڈہائی سو برس پہلی تک افغانستان اولاد سلوکس کی زیر حکومت رہا جب
اوسکی اولاد باہم نا اتفاق ہوکر لڑنی لگی اوس موقع پر تہیو ڈوٹس گورنر یعنے صوبہ دار اوس ملک
کا خود مختار مالک بن بیٹہا جسکے بعد اوسکا بیٹا اوسی نام کا وارث افغانستان ہوا مگر اوسکو یوتہیڈیمس
شام کے امیر نے بیدخل کرکے خود قابض ہوگیا اسی عرصہ مین اولاد سلوکس نے آپسمین صلح کرکے بندوبست
کرلیا تب شام کا بادشاہ انٹی اکس اعظم بہاری فوج لیکر افغانستان مین آیا اور یوتہیڈیمس کے فوج
پر فتح حاصل کی مگر اوسکو بدستور تخت نشین رکہا اور خود واپس چلا گیا بعد یوتہیڈیمس کی اوسکا بیٹا
ڈیمیٹریس وارث ہوا جسنی مغرب کی جانب سی زیادہ حصہ ایران کا اپنی مقبوضہ ملک افغانستان کے شامل
کرلیا اور مشرق ملک سندہ سی پورب کی طرف تک اوسکا قبضہ تہا آخر یوکرٹیڈس نامی امیر نے خروج کرکے
ڈیمیٹریس کو خارج کیا اور خود اوسکا جانشین ہوا اس شخص کے عہد مین ملک بکٹریا خواہ افغانستان
کا بڑا رتبہ تہا الا اوسکے نالائق پسر نے جو ہم نام اسپنے باپ کے تہا والد کو ہلاک کردیا تب اوس کمبخت بدنژاد

# حملہ سکندر اعظم

کیدراج کے بعد ملوک الطوائف کی طور پر اس ملک مین خودمختار ریاستین ہوگئین جیسا کہ شہر بکہرام یا پشاور مین ایک راج دہانی تہی اور ستراشم یا بنون مین ایک علیحدہ راجہ تہا اور روتپ مانکیالہ ضلع راولپنڈی مین جسکا نام یونانی کتابون مین تکسلا لکہا ہی ایک مضبوط ریاست تہی اور اسی طرح کشمیر و دیگر نواح مین چہوٹے چہوٹے راجہ خودمختار رہتے تہے کابل اور قندہار کا بہی یہہ ہی حال تہا مگر غالبًا مغربی افغانستان برائی نام متعلق سلطنت ایران کی تہا ایسی وقت مین سکندر جیسے دلاور بادشاہ کا آنا واسطے فتوحات ملکی کافی تہا یہہ اولوالعزم شہنشاہ فیلقوس یا فیلپس مقدونیہ کے بادشاہ کا بیٹا تہا تین سو تینتیس برس قبل از مسیح اور آٹہہ سو سترہ برس قبل از ہجرت حضرت محمد مصطفی صلعم یا دو ہزار ایکسو اٹہانوے برس پیشتر زمانہ حال سے صرف تیس ہزار پیادہ سپاہ اور پانچہزار سوار ہمراہ لیکر بعزم فتح سلطنت ایران آبنائے ہلسپانٹ عبور کرکے ایشیا مین داخل ہوا بعد کئی لڑائیون کے دارا ابن داراب شاہ ایران کی بیشمار لشکر پر فتح حاصل کی دارا کو ملک باختر کے صوبہ دار نے نمک حرامی کرکے مار دیا ایران کی تخت کو اپنی جلوس سے زیب دیکر اس فتح عظیم سے چار سال بعد وہ فتح نصیب بادشاہ کابل کے راستے فتح کرتا ہوا پنجاب کو چلا ایریَن کی تاریخ مین لکہا ہی کہ سکندر جب کابل مین پہونچا تو اوسنے اپنی فوج کے دو دستے بنائے اونمین سے ایک دستے نے پشاور ہوکر اٹک یا نیالاب کے راستے دریا سندھ کو عبور کیا دوسرا دستہ خود لیکر سکندر کابل سے علاقہ کونڑ اور باجوڑ اور سواتہہ اور بونیر کو فتح کرتا ہوا دریا سندھ تک اوس سخت اور دشوار راستہ سے آیا اگرچہ راستہ پر بہت سختی اور تکالیف اوٹہائین مگر لوٹ کا مال فوج سکندر سے کو بیشمار ہاتہہ آیا اوس عہد مین اس ملک کے مویشی ایسی اچہی اور عمدہ تہی کہ سکندر نے چہانٹ کر اپنی وطن کو اوس ملک سے مویشی بہیجی مگر اب اوس قسم کے مویشی کا تخم بہی باقی نہین جب سکندر کوہ مہابن مین پہونچا جسکا نام یونانی تاریخون مین آرنس پہاڑ لکہا ہی تو اوسمین ایک مضبوط قلعہ کو سکندر نے فتح کیا اس قلعہ کے موقع مین مورخین کا اختلاف ہے بعضی کہتی ہین کہ اٹک کے سامنے گیدڑ گلی والی پہاڑ پر تہا اور بعضی کوہ مہابن مین بتلاتی ہین مؤلف آخر الذکر والون سے اتفاق کرتا ہی گرچہ اوسوقت اور حال کے نام پہاڑ اور ملکون کے مطابق بالکل نہین ہوتے مگر سکندر کے سفر کا ذکر جو کچہہ یونانی تاریخون مین لکہا ہی اوس سے حال مندرجہ بالا غالبًا صحیح معلوم ہوتا ہی قیاس ہوتا ہی کہ اوسوقت بدہ کے ماننے والے مذہب کے لوگ اس نواح مین تہے مگر بودہ مت یہہ

قدیم مین ہی وہ بہی مؤید اس قول کی ہی جسمین لکہا ہی کہ راجہ بہرت تہہ اور رکگئی اوسکی والدہ نی اپنی نام پر ایک شہر
دریا سندھ کے کنارہ پر آباد کیا ہی بہرت مذکور دوسرے والدہ سی رام چندر مشہور کا بہائی راجہ دشرتھ قوم
چہتری کا بیٹا تہا رام چندر اور بہرت کی عہد کو تین ہزار سال سی کچہہ اوپر عرصہ گذرا ہی محققین یورپ اس
بات کی تصدیق کرتے ہین کہ بارہ سو برس قبل از تولد حضرت عیسی مسیح یعنی اٹہارہ سو برس قبل از ہجرت حضرت محمد
مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتاب رامائن مؤلفہ **بالمیک شاعر** جو ہم عصر یا تہوڑا عرصہ بعد رام چندر کے
تہا تصنیف ہوئی ایک پورانی قلعہ کی نشان اٹک سی مغرب پہاڑ مین دیکہے گئے ہین جو پانڈون کی عہد کا بتلایا
جاتا ہی علاقہ میانوالی سلسلہ کوہ سکیسیر مین ایک پورانی علامات کی موقع کو پانڈون کا سہنگاسن بولتی ہین پانڈ
اور کیرون کا مشہور معروف قصہ ہے پانڈ اور کیرون کی تخمیناً چار سو برس رام چندر کے بعد ہوئے ہین کتاب
مہابہارت کی روایت ہی کہ دریودہن کیرون کی والدہ مسماۃ گندہاری راجہ گندہار یعنے قندہار کی دختر تہی
اس سی غالب یقین ہوتا ہی کہ افغانستان کی مغربی حصہ مین بہی اسوقت ہندو آباد تہی اور سند قوی اسبات کی
یہہ ہی کہ افغانستان عزنی کی حد شمالی پر ترکستان کی راہ مین بامیان کی علاقہ مین ہندوکش کی گہاٹے
پر دریا شور سی سات ہی آٹہہ ہزار فٹ بلند بہت سی عمارات قدیم کی نشان موجود ہین اور دو کہڑی مورتین ایک ماہ و
ایک ایک سو اسی اور دوسرے ایکسو ستر فٹ اونچی پہاڑ کی بغل پر تراشی ہین وہان والی انکو سنگ سال اور شاہ مرہ
کہتے ہین اور دیگر افغانستان مین بت بامیان معروف ہین اور نیز علاقہ لہوگر موضع خوشی مین ایک چشمہ آب
صاف اور زلال کا ہی جسکو ہندو لوگ متبرک تیرتھ سمجہتی ہین اور سال مین ایکدفعہ افغانستان کی ہنود اسکے
زیارت کی لئی جاتی ہین روایت ہی کہ لہگر سنسکرت مین فقط اوسی چشمہ کا نام ہے جسکی اسم پر اب وہ تمام علاقہ
لہوگر مشہور رہی علاقہ سواتہہ اور بنیر اور تالاش اور پنجکوڑہ اور باجوڑ وغیرہ نواح کوہستان شمالی مین
اچہی اچہی خوش وضع مضبوط عمارات دیرینہ سنگے مفروتنگ ازہم جدا مواقع متفرقہ مین اکثر دشوار گذار پہاڑ و
پر اور بت پتہرون مین تراشی ہوئی اور بڑی بڑی کہوہین جو کاریگرے تمام سی بنائی ہین ابتک ہر ایک درہ
مین بکثرت موجود ہین ان علامات سے پایا جاتا ہی کہ اسوقت کی باشندی نہایت مستعد اور دولتمند اور باہمی دشمنی
کی سبب سے متفرق سکونت رکہتی تہی ہانہ حال کو اوسوقت کی حالات سی مقابلہ کرنیکا نتیجہ یہہ پیدا ہوتا ہی کہ دولتمند
اور بعض فنون مین افغانستان قدیمہ حالت کو نہین پہونچا علاوہ انکی اکثر دیگر جگہہ افغانستان مین دیہگوپ اور
قدیم سکے جو ملے ہین اون سے یہہ بات ظاہر ہے کہ مذہب مقدس اسلام شائع ہونے کے پہلے اس ملک والے بہے

اور شمالی ملکون سے سوداگر لوگ بآسانی اس میلہ کی شمولیت کیواسطی پہونچ سکین سو ایسا موقع شہر پشاور
جہان افغانستان ایران ترکستان کے سوداگر ہمیشہ آتی ہین اور ملک روس اور کاشغر کشمیر تبت کے تجار
سہولیت اور خوشی سی شامل ہونگی پشاور بہ نسبت ملتان کے تجارت کے معاملی مین اس طرف کی سوداگرون
زیادہ مشہور ہے جب اس تجارتگاہ کی اون ملکون مین خبر پہونچیگی تو وہ لوگ پہلی واقفیت اور شہرت کے سبب
بلا تامل شمولیت کا ارادہ کرینگی اور جنوبی سوداگر اور پرہونده لوگ بہی وہان جا سکتے ہین جب کلکتہ سی پشاور تک
دہلی امرتسر لاہور ہوتی ہوئی ریلوی جاری ہوگئی تو مشرقی ملکون اور ملتان کے سوداگرون کو اس تجا
کی شمولیت آسانی سی حاصل ہوسکیگی موسم اس میلہ کا سب سے بہتر شروع خزان ہی کیونکہ زمستان مین باعث
پڑنے برف کے افغانستان اور شمال کوہی ملکون کی راستی بند ہوجاتی ہین یکم ماہ نومبر سے یکم دسمبر تک ہر سال
کامل یکماہ یا اس سی زیادہ ایام میلہ تجارتگاہ مقرر ہون تو فایدہ بخش ہونگی ؛

## دوسرا باب تاریخ عام کے بیان مین

### پہلا فصل ذکر تاریخ قدیم

ہر چند کہ بسبب نایابی صحیح سلسلہ وار تاریخ قدیم کے ٹہیک معلوم نہین ہوتا کہ ابتدا مین کون لوگ افغانستان
کی باشندی تہی مگر علامات موجودہ کہنہ سے غالبًا ہندؤن کی سکونت پائی جاتی ہی اور اسپر تو یقین ہی کہ
افغانستان کی مشرقی حصہ مین ابتدا سکونت اہل ہنود چار برن کی لوگون کی تہی اہل ہند کو بعضی مورخ
یافث ابن نوح اور بعضی حام بن نوح کی اولاد سی کہتی ہین حضرت نوح نبی کی اولاد بعد طوفان کی جو زمانہ
حال سی قریب پانچہزار برس پیشتر وقوع مین آیا تہا دریاء فرات اور دجلہ کے دوآبہ مین آباد ہوگئے تہے جسکو
فی الحال دیار بکر اور الجزیرہ بہی کہتی ہین جب یہہ قوم بیشمار ہوئی اور براہ تکبر میدان شنعار مین ایک ایسی عظیم الشان
عمارت بنانی کا قصد کیا جو آسمان تک پہونچے تب خدا تعالی نی اس غرور کے ڈہانی کو ہیبت انہدام اس عمارت
سے انکی زبان مین اختلاف ڈالدیا جسکے باعث سی وہ متفرق ہوکر مختلف ملکون مین جا بسی الغرض اکثر کہنڈرات
کہنے سے جو بت اور سامان بت پرستی اور سکہ کہنہ جسپر ایکطرف بیل کی تصویر کے ساتہہ دہوتی اور زنار پہنے
ہوئی آدمی کی تصویر ہوتی ہی اوس ملک سے ملتی ہین اونسی سکونت ہندؤن کی صداقت ہوتی ہی اور اکثر
علامات سی پایا جاتا ہی کہ چار برن کی لوگ یعنی برہمن چہتری بیش شودر پہلی اوس ملک مین جسکا نام ہندو
رانی کتابون مین بالیقین وہی لکہا ہے آباد ہوچکے ہین کتاب رگہوبنس جو زبان شاستری

سردی اور سختی مین افغانستان کا ملک ور راستہ مشہوری اوسی کی لائق کا یہہ فرقہ پوندہ سوداگر پیدا ہوگئی ہین اپنی
ہمت اور محنت سی اون سختیون پر غالب آگر گروہ سارقان و رہزنان کی مقابلی کی واسطی یاغستان
بین مسلح اور مستعد رہتے ہین اور بیوپار مین ایمان دار اور اکثر راست گو ہوتے ہین ❖

## علاوہ اسکے

قوم سلیمان خیل غلزئی ہاسیان کی سوداگری آور قوم کاکڑ آور بیر اور شنیجان علاقہ ورگون و قوم ہزارہ
و دیگر قومون مین سی بعضی لوگ اپنی ملک کے اندر سوداگر ے قلیل کرتے ہین - اور ہند و قندہار اور ہرات اور
کابل کی دولتمند ہین مگر سب لوگ اونکو افغانستان مین کمینہ اور ناچیز سمجہتا ہے اسو اسطی اونکو تجارت مین
وہ فروغ حاصل نہین ہوتا جسکے حاصل کرنے کی استعداد وہ رکہتے ہین

## سبیل ترقی تجارت

مؤلف کی رائے مین یہہ ہی کہ ایک میلہ عام تجارت کا کسی موقع موزون پر گورنمنٹ کی سرپرستی سی مقرر
کیا جاوے کہ جسمین ہندوستان افغانستان ترکستان ایران و کشمیر و دیگر ملکون کے سوداگر اپنا اپنا مال لاکر فروخت
کرین اور یہان کا مال جو اونکی ملکون مین قدر مند ہو خرید کر لیجاوین - اس میلہ سے جو کچہہ فائدہ خیال کیا جاتا
ہے اوسکا بیان تب تک ذہن نشین نہین ہوگا جبتک اوس فایدہ عام کا نتیجہ دیکہا جاوی مگر اسکی نظیر ملک
روس کی میلہ تجارت سے حاصل ہی - اوس ملک کو جو کچہہ اس میلہ کا ان سی فایدہ حاصل ہوا ہے اوسکا بیان افغانستان
کی کتاب مین نہین کیا جاتا مگر اس ملک کی سوداگر اوس میلہ کو دیکہہ آئی ہین جب ہمارے ملک مین گورنمنٹ کی مہربانی
سے ایسا عام میلہ سوداگرے مقرر ہوگا تو اوسسے ملک کی بہبودی اور منافع تجارت کو بڑی مدد پہونچے گی باہر کا
وہ مال جو ہماری ہم وطنونکو بہت دقت سی بہی حاصل نہین ہوسکتا باہر کے سوداگر خود لاکر اس میلہ مین فروخت
کرینگی اور اس ملک کا قابل تجارت مال بلا دقت عبور برف گیر پہاڑ اور تکالیف سفر وزیر بار خرچ ہمارے ہم وطن آسانی
سی دیگر ملکون کے سوداگرون کے ہاتہہ اپنی وطن کی اندر فروخت کر کے منافع اوٹہا وینگے اور اس نیک سبیل سی
بفضل خدا ایک ملک کی دولتمندی اور آمدن مین ترقے ہوگے موقع اوس میلہ تجارت گاہ کا اگر بسبب دار الگورنمنٹ
پنجاب ہونیکے شہر لاہور کیا جاوے تو بہی ٹہیک نہین ہی - اگر ملتان سوچا جاوی تو اسمین خاص سوداگران پوندہ اور
جنوبی ملک کے تجار و نکا بہتک فایدہ ہی - اور یہہ موقع بیچ وسط مین بہے الا چونکہ اس میلہ سے فایدہ عام مراد ہی
اسو اسطی فایدہ خاص کو نظر انداز کر کے ایسا موقع اس تجارتگاہ کا مقرر ہونا چاہئی کہ جہان پنجاب کے مغربی

اور دو ثانی دولتمند بھی ہر دور دور کے ملکون کی تجارت مین بڑہتی جاتی ہین - عادت انکی یہہ ہے کہ موسم سرما ہندوستان
کی طرف تجارت کیواسطے جاتی ہین - اور گرما مین افغانستان مغربی اور ترکستان خراسان مین انکا بیوپار ہوتا
ہے اسطرحسے کہ تابستان مین ملک شلگر علاقہ غزنین اور علاقہ مقر مین کثیر دسے لگاکر اپنی اہل عیال اور
مال مویشی فالتو آدمی چھوڑکر مال آوردہ ہندوستان کو واسطے فروخت بخارا اور ہرات و قندہار وغیرہ نواح کو
لیجاتی ہین - مال مویشی اونکی میدان غزنین و رقلات غلزئی و زرمت و نا ور ہزارستان مین چرتے ہین جنکے عوض مین
وہانکے حاکم کو زنی شتران وغیرہ دیتی ہین اون فالتو اور فارغ آدمیون مین سے کوئی نمک کی سوداگری
کرتے ہین کان بہادرخیل ضلع کوہاٹ سے نمک خرید کر غزنین اور زرمت کو لیجاتے ہین - خروٹی تندہارا اور ہرات
کے مابین اکثر بیوپار کرتے ہین اور بخارا اور کابل کے بیچ مین بھی جب مغربی ملکون سے فروخت اور خرید کرکے
قافلے واپس آتی ہین تب ماہ اکتوبر جانب ہندوستان کی روانگی شروع ہوتی ہے علاقہ جات غزنین سے
کثیر دبان اور کہارڑی بال بچے اور مویشی ساتھہ لیکر کاروان چلدیا اکثر براستہ درہ گومل کوہ سلیمان کو عبور کرکے
ملک دامان ضلع ڈیرہ اسمعیل خان کی حدود مین جہان اچھی چراگاہ دیکھی دامن کوہ اور کنارہ دریا سندھ پہاڑپور
وغیرہ نواح مین کثیر دیون مین اپنی اہل عیال چھوڑکر بڑے قافلے ملتان کو جاتی ہین اور وہان سے اطراف
جنوبی اور مشرقی کو پھیل جاتی ہین کوئی بہاولپور کے راستے راجپوتانہ کو جاتی ہین - کوئی سرسہ اور دہلی
ہوکر بنارس اور کلکتہ کو کوئی لاہور امرتسر کو - ان مین سے کئی سوداگرون کی مکان ملتان مین ہین اور
وہ لوگ موسم بہار تک جب درہ کہلتا ہے ملتان مین رہتے ہین - وہان اور کراچی مین دلالون کی معرفت
اپنا مال بیچتے ہین - اکثر پوندی اس سے بھی زیادہ مشرق اور جنوب کو واسطے نفع کے مال لیجاتی ہین کلکتہ اور
ڈھاکہ بہا تک مشرق کو اور جنوب بمبئی اور دیگر بڑے شہرون مین پوندون کی بھی بہار شتر سوداگری بہت
دکھلائی دیتی ہین شروع موسم بہار مین قافلون کی واپسی شروع ہوتی ہے اور جو جنس تجارتی قابل منافع معلوم
ہوئی وہ خرید کر لاتی ہین کوئی کلکتہ اور بنارس و دہلی سے شتر بار کر لاتی ہین اکثر وہ انکے واسطے جھنگ اور
چنیوٹ مین ہوتا ہے بذریعہ معرفت آڑہتیون کے تیار ہوتا ہے ماہ اپریل مین اپنی متعلقون کو ہمراہ لیکر افغانستان کو
قافلے روانہ ہونے لگتے ہین اور وہان موسم گرما کی قرارگاہ مین کثیر دیان جالگاتی ہین ہمیشہ ہر سال انکی آمد
رفت اسطرح رہتی ہے بسبب منافع گروہ پوندون کا روز بروز بڑہتا جاتا ہے چنانچہ علاوہ ان پانچ مشہور
دُرّتون کی قوم اکاخیل غلزئی اور کچھہ سلیمان خیلون مین سے بھی پوندگری کرنے مین راغب ہوئے ہین جیسا کہ

سونا اور چاندی کی تار پنجی اور چھوٹی اسی ہزار کی گھوڑے اور ٹٹو ترکستان سے ایک لاکھہ بادام و کشمش
کابل سے دو لاکھہ پچاس ہزار کے تکہ و طلا چار لاکھہ چوبیس ہزار کا باقی چیزین اکثر یہہ ہین سنجاب اور سمور
اور چرم روسی و بخاری کابلی قنا و یز لومڑے اور بہیڈ کی پوستین چوغہ اور برک شتر سے میوہ خشک ا
اور ولکڑے عمارتی مجیٹھہ اور ہینگ یہہ دو آخر الذکر چیزین پشاور مین تہوڑی آتی ہین اصلی فیروزہ اکثر
نیشاپور سے نکلتا ہی اور افغانستان کی راستہ آتا ہی مصنوعی فیروزہ ہرات اور قندہار مین خاک سبز
بنائی جاتی ہین ❊

## ذکر اقوام تجارت پیشہ

تجارت کے ساتھہ تجارونکا ذکر لازم سمجھکر کیا جاتا ہی۔ افغانستان کے باشندون مین سی فارسی بان کابل او
ہرات کی اور سیدان پشین اور قوم بابی شاخ غرغشت افغان قندہار کی مشہور اور صاحب ہمت سوداگر
ہین یہہ لوگ دور دور کے ملکون مین تجارت کی واسطی جاتی ہین خصوص فارسی بان اپنی پیشہ سوداگری مین
زیادہ محنتی مگر گران فروش ہین افغانستان کی لنبی چوغی اور پوستین پوش اور عمامہ بند سوداگر سوائے ملک سے
ملک روس اور ایران اور ترکستان مین اکثر بلکہ چین اور تبت اور روم مین بہی دیکھے جاتی ہین اوس ملک
مین مال تجارت کی آمد برآمد کی سبیل بذریعہ باربرداری شتران اور قاطران اور یابوان اور نرگاوان کے
ہے زیادہ تر ذکر کے لائق تجارون مین سی وہ اولو العزم فرقہ سوداگران ہی جنکو پوندہ کہتے ہین پوندہ بمعنے
لوچی لوگ ہی جنکی ایک جگہہ مستقل سکونت نہین ہوتی پوندون کے پاس بہت اونٹ ہین اونمین سے کوئے
بڑے سوداگر اور کوئی چھوٹے ہوتے ہین۔ جو دولتمندون سے لیکر فروخت کرتے ہین زیادہ تر مشہور فرقے انکے
پانچ ہین جو شروع موسم خزان مین افغانستان مغربی سی میدان کو آتی ہین اور بہر بہار کے موسم مین پر
واپس جاتی ہین اس تفصیل سی پہلی قوم ناصر پوندے جنکے چار فرقے ہین۔ گاؤ وال۔ گوسفند وال
۔ناصر کم مال والہ۔ اور ناصر دولتمند جو شتر وال ہین اس قوم مین سی تخمیناً پانچ ہزار آدمی معہ سولہ ہزار شتر
کے آتی ہین دوسرے قوم خروٹے اٹھارہ سو آدمی چھہ ہزار اونٹہہ لاتا ہی۔ تیسرے قوم میاخیل شاخ لوحانی
چودہ سو آدمی چھہ ہزار شتر۔ چوتھی قوم دوتانی چھہ سو آدمی چار ہزار اونٹہہ۔ پانچوین نیازی مٹی اور کنڈے
چھہ سو آدمی تین ہزار شتر لاتے ہین ان فرقون مین سی میاخیل پورانے سوداگر ہین اور ستیزن اپنی
تجارت سے دولتمندی حاصل کری جو با محنت اور ہمت سے قوم خرد

مسعود وزیری اور قوم زلی خیل شاخ احمد زئی وزیری ہین یادہ او عموماً آمدرفت اس راستہ پر سوداگران ہو
ہی درہ بند مین شیرانیون کا بہی خطرہ ہی درہ کورم کی راستہ تہوڑی بیوپاری آتی ہین یہہ راہ کاروان کے وا
پر خطر ہے قوم کابل خیل اور حسن خیل شاخ اتمان زئی وزیری اور قوم طوری ہمیشہ مسافر مالدار اور قافلی کی گہات م
رہتی ہین بدون بدرقہ اعتباری اور مضبوط اس راستہ مال لیکر چلنا گویا اپنی آپ سے دشمنی کرنی ہی کابل اور
بخارا کو پشاور سے راستہ درہ تا ہترہ اور آبخانہ اور خیبر کا جاتا ہی یہہ تینون راستے بمقام ڈکہ شامل ہوجاتی ہین
پشاور سے کابل تخمیناً ایکسو اسی میل ہی۔ اور بخارا تا بامیان ہوکر آٹہہ سو میل چالیس روز کا راستہ ہی۔ خیبر کے درہ
کی راستی قافلہ نہین جاتا قوم آفریدے کاروان کے سخت دشمن اگر محافظت کیواسطے روپیہ بہی لیوین تو بہی لوٹ
لیتی ہین۔ اور امیر کابل اب اونکو کچہہ روپیہ نہین دیتا۔ دوسرے دو درون مین سے درہ تا ہترہ مین قوم ملاگوری
اور آبخانہ مین ترک زئی مہمند رہتی ہین گرچہ یہہ مردود قوم دل سے مال حرام کی پرہیز کم رکہتی ہین الاسعادت خان
لعل پورہ والا اپنی انتظام سے ان دو درون کو کہلا رکہتا ہی اور انمین سوار اور پیدل سے محصول لیا جاتا ہی
پشاور سے کابل کو ان روز کا راستہ سال بہر اونٹ چلنی کی قابل رہتا ہی لیکن قافلی اکثر ماہ جنوری اور فروری
مین نہین چلتی۔ کابل اور خلم کی درمیان براستہ درہ سب سے اونچی جگہہ حاجی گک اور کالو و دندان شکن
ہین جب کاروان یا مسافر یہان پہونچے تو رسد ہمراہ لیجانی پڑتی ہی

## تفصیل تجارت سالانہ جو پشاور کے درون کے راستی
## ہندوستان اور افغانستان کی باہم ہوتی تھے

اول ہندوستان اور پنجاب سے ان درون کے راستی بارہ لاکہہ چہہ ہزار کا مال اس تفصیل سے جاتا ہی روئے
اور اونی وریشمی کپڑی ولایتی یعنی یورپ اور ہندوستانی پانچ لاکہہ دس ہزار کے موٹا کپڑا پنجاب سے ایک
لاکہہ چالیس ہزار کا شکر تری اور رفند وغیرہ بہتر ہزار کا نیل ملتان اور ہندوستان سے ایک لاکہہ بہتر ہزار کا
۔ باقی چیزین یہہ ہین۔ کمخواب اور سونی کی تار سونی کی بٹی لونگی اور چرم۔ اور بائزار اور اکثر گرم مصالح
اور وہ چیزین جو بساری بچتی ہین۔ انگریزی روئی کا کپڑا ململ لٹہ وغیرہ بخارا کو لیجانے مین شکر تری
اور نبات کے لے جانے سے بہت فایدہ ہوتا ہی

## دویم افغانستان سے

درون کے راستی پندرہ لاکہہ ستر ہزار سالانہ اس تفصیل سے مال آتا ہی ریشم اور ریشمی کپڑا بخارا کا۔ آٹہہ لاکہہ

وغیرہ ہندوستان سی کپڑا روئی کا اور ریشمی گلبدن و کمخواب وغیرہ اور مخمل نیل و بیرہ غازیخان اور ملتان وسندہ سی گرم مصالح اور وہ اشیاء جو پساری بیچتی ہین اور ایران سی قالین اسپ اور ظروف وغیرہ آتی ہین محصول اوس مال پر جو باہر سی آوی فیصدی ععہ مقرر ہی جسکو چہل یک کہتی ہین الا دراصل اس سے زیادہ لیا جاتا ہے

## کاروان کے بڑی راستی

افغانستان مین پانچ یہہ ہین - ایران سی طہران و مشہد ہوکر ہرات کو ترکستان مغرب سے بخارا اور مرو اور مرغاب ہوکر ہرات کو ترکستان مشرقی سی بخارا اکرشی بلخ اور خلم ہوکر افغانستان کو جو تہا پنجاب سے پشاور ہوکر کابل کو پانچوان سمندر اور سندہ سے براستہ درہ بولان قندہار کو چہٹا پنجاب سے دیرہ اسمعیل خان ہوکر براستہ درہ گومل غزنین اور قندہار کو ؛

## افغانستان مغربی سی

جن دروں کے راستی سوداگر دریاء سند یعنی اباسین کیطرف آتی ہین اونمین سی بڑی دروں کی تفصیل یہہ ہی درہ بولان درہ گومل اور درہ بند سامہنی دیرہ اسمعیلخان کے درہ کورم محاذ بنون کے درہ تاہترہ اور آنجانہ پشاور کیجانب شکارپور واقع ملک سند سے قندہار براستہ درہ بولان چارسو میل ہوگا یہہ درہ تخمیناً پچاس میل لمبا ہی اور سال بہر کہلا رہتا ہی اکثر جگہہ اوسط عرض اوسکا سو گز ہی اس درہ کی راستی قافلے کے تین دشمن ہین قوم مری بلوچ اور قوم کاکڑ و ترین افغان کراچی کو افغانستان سی یہہ چیزین آتی ہین - مجیٹھہ ایک لاکھہ بیس ہزار کی - ہینگ بیس ہزار - ریشم ایک لاکھہ اسی ہزار کا اون دنبہ کی اکتیس لاکھہ پچاس ہزار کی گہوڑے نو لاکھہ بیس ہزار کی میوہ ڈیڑہ لاکھہ کے بولان کی راہ سی اون اور ہینگ کم آتی ہی - جو قافلہ یہہ چیزین لاتا ہی وہ قلات خوجہ در پیر نگر ہوکر آتا ہی - سال مین دو دفعہ دنبون کی اون تراشی جاتی ہی - ہزارہ جات اور دیگر تمام افغانستان کے کوہستانی علاقون مین بسبب کثرت رمہ ہا گوسفندان اون سفید اور خود رنگ کے پیدا اور بہت زیادہ ہی کراچی سی بمبئی ہوکر انگلستان مین جاتی اور قدر مند ہونے سے اسکی آمد بہت ہوگئی ہی ہزارہ پرگنہ ہرات اور متعلقہ قندہار مین اگر مالکانکو پیشگی دیا جاوی تو بارہ آنہ اور بر وقت کاٹنی کی عہ اگر ادہار یعنی قرض لیجاوے تو عہ فی من قندہاری قیمت دینی پڑتی ہی اٹہتالیس من قندہاری کا کرایہ جائے خرید سی قندہار تک ععہ ہی اور اسیقدر قندہار سے کراچی تک لگتا ہی دیرہ اسمعیل خان سے درہ بند اور درہ گومل ہوکر غزنین تک تین سو بیس میل کا راستہ ہی اور غزنین سی قندہار قلات غلزئی ہوکر دو سو بیس میل ہی اس درہ کے راستی قافلہ کے قوی رہزن

ساٹ روپیہ خشک کا فی من ہوتا ہے خرچ اسکا پنجاب اور تمام ہندمین واسطے سرخ رنگ کرنے لحاف وغیرہ پارچہ جات
کی بہت ہی آور چینگ یعنی انگوزہ جس بو سی نکلتی ہی خود رو ہی اور پہاڑون اور جنگل ہرات اور روہ کی شکل اُگ
قد اس بوٹہ کا مثل بوٹہ اسپند عموماً مین فٹ سی چہوٹا ہوتا ہی اگلی روز اسکی شاخونکو چہیلہ اور تہوڑی تراش کر آتی ہین
اور یا اسکی بیخ کی آس پاس کہود کر ایک بالشت نیچی کاٹتی ہین اور اوپر سی بجل بنا کی دوسری دن اُس تراش اور کاٹ سے
مثل افیون کی شیر نکلکر بطور جیز کے ہینگ کی روڑی بنجاتی ہی اور اسکو اوتار کر بعد جمع کرنے کے بیوپاریونکی ہاتہہ
فروخت کرتے ہین مگر خالص ہینگ بہت کم آتی ہی اکثر لوگ اسمین آمیزش آرد نخود یا سنگ اور جو ابرق کے
نوع سی بے سائیدہ کرکے لاتی ہین ؛

## حیوانات مین سے

گہوڑی گوسفند جنکی اون بہت قدرمند اور گوشت لذیذ ہی سگ شکاری گربہ خانگی لمبی اور خوبصورت بالون والی رنگ برنگ
تجار لوگ لاتی ہین گہوڑے اکثر ہرات اور سرخس میمنہ اور اطراف خراسان مین اور ترکستان مین زیادہ قابل
سوداگری پیدا ہوتے ہین بلوچ گہوڑون کے اور سیدان پشین بہی سوداگری بہت کرتے ہین گربہ ترکستان سے
اور سنگ سبز وار قزہ کرم ابریشم لاتے ہین ؛

## تفصیل اشیاء قابل تجارت بیرونی جو افغانستان مین بنتی ہین

سیلاوہ یعنی بڑا لمبا چہورا تلوار مگر اول قسم کی نہین ہوتی ترک بزنگی ترک اُرکے ترک شتری ترک خرمای -
پوستین بر بی و گوسفندی اُرک جو بکری کی جت سی بنتا ہی قالین ہراتی گلم نمد جوراب دستانہ پشمی و ابریشمی کپڑا اروے
کا و اون کا ریشم قناویز کلاہ اچہی اچہی چکن جیسے کلابتونی و سادہ بٹو ظروف مسی کچہ جس سے جوڑے وبوتل
وغیرہ بنتے ہین انمین پوستین اور چوغہ یا چکمہ برک شتری اونی بٹو ہندوستان کو بہت آتی ہین ہراتی قالین
ہندوستان مین ایرانی کہلاتی ہین ایک قالین پر چہہ یا آٹہہ آدمی کام کرتے ہین بنانی والی سی دس روپیہ ہرات
جو برابر آٹہہ آنہ سکہ سرکار انگریزی کی ہوتا ہی فی گز مربع لیا جاتا ہی اور ہندوستان مین دس پورہ روپیہ پر
بکتا ہی چہوٹے سے نمد تہہ روپیہ سے بیس روپیہ تک موقع پر فروخت ہوتے ہین

## افغانستان مین باہر سی

عموماً یہہ مال آتا ہی یورپ سے ہشت دہات یعنی لوہا تانبا چاندی وغیرہ کپڑا آدمی اور روئی کا یعنی بانات -
ململ لٹہ خاصہ وغیرہ اور بخارا سی ریشمی پارچہ جات کناویز و دیگر اور روس سی سنجاب کلابتون سمور

ہرات مین الغر قراہ سبزوار آفوبہہ برنا بادگو ترخان پوزہ آشکیوان ممیزک سیاہوشان زندہ جان غوریان کوہسان وغیرہ مشہور ہین

## ندیان مشہور

افغانستان مین چھوٹی موٹی ملاکر بہت ہین انمین سی زیادہ تر مشہور دریے سواتہہ دریاے پنجکوڑہ رود باجوڑ اور کابل مین دریا کونڑ دریا لغمان سرخ رود دریاے غوربند رود لوہگر رود میدان چمچہ مست وغیرہ ٭ غزنین مین رود غزنین رود سردیہہ نہارہ وغیرہ یہہ تینون ملکر آب ایستادہ نا وتر کی مین پڑتے ہین ٭ قندہار مین ترنک رود ارغسان ڈہوری لوڑہ رود ارغنداب دریاے ہیرمند خواہ ہیلمند رود ورافشان وغیرہ یہہ سب ندیان زرہ کی جھیل مین جو سیستان کی درمیان تخمیناً ایک سو میل طول ہوگی گرتے ہین ٭ ہرات مین فرہ رود خاش رود رود گز وغیرہ ہین ان دریاؤن کا پانی ہاضم اور خوشگوار اور مچھلیان بھی عمدہ قسم کی ہوتی ہین

## حال تجارت

افغانستان کی زیادہ تر سوداگری ہندوستان اور ترکستان سی ہے اور آخر درجہ کی کچھہ ایران سی بھی ہی ان اشیاء عامہ کی تفصیل جو افغانستان مین پیدا ہوتی ہین یا بنتی ہین اسطرح ہی ٭

## معدنیات سی

سونا چاندی لاجورد سرب لوہا سرمہ گندہک ہرتال پھٹکری چقمق نمک شورہ نوشادر نیلہ طوطیا مومیائی زاک وغیرہ نکلتا ہی انمین سی بعض ملک کے اندر صرف ہوتے ہین اور اکثر باہر کی تجارت کیواسطے لیجاتے ہین ٭

## میوجات وغیرہ نباتات سے

روونگ یعنی مجیٹھہ بہنگ کپاس تمباکو برنج میوجات سے کشمش مویز منقی آلو بخارا کشتہ خوبانی انار انگور ناشپاتی سردہ بادام پستہ توت خشک زرشک اور بزغنج وکاکوتی وغیرہ اشیاء یہہ اشیاء تجار لوگ زیادہ تر باہر لیجاتے ہین انمین سی مجیٹھہ علاقہ شلگر اور مقر اور ناوہ کی اور نوخے اور کٹہ واز اور لوہگر اور نواح غزنین اور علاقجات قندہار مین پیدا ہوتے ہے مثل دیگر زراعات اوسکو زرعی زمین مین نالیان کہود کر موسم بہار کاشت کرتے ہین پانی اور روڑی اسکو ہمیشہ وقت پر پہونچاتے ہین اور زمستان مین واسطی محفوظ رہنی کی اسکو خاکپوش کر دیتے ہین اور شروع بہار مین وہ فالتو مٹی اوپر سی دور کرتے ہین بعد تین سال قابل کام ہوتے ہے تب اسکو تیسرے سال یا چوتھے آخر موسم خزان مین اوکھاڑ کر بیوپاریون کے ہاتہہ فروخت کرتے ہین عموماً نرخ اسکا موقع پر چار روپیہ تک اور

## ہَرات

جسکو پورانی کتابون مین ہری بہی لکہا ہی کابل سی کچہہ کم پانسو میل مغرب خندق اور دو ہرے شہر پناہ مضبوطی کی درمیان بچاس ہزار آدمیون کی آبادی ہی غلیظ کوچہ تنگ بازار محرابی چہت سی پٹا ہوا چوک گنبد کے تلی آبادی اس شہر کی نشیب مین ایک پشتہ کی متصل واقع ہی بہرین سبب دور سی نظر نہین آتا اکثر پارسی بان اور درانی افغان اسمین آباد بین علاقہ ہرات کی زمین سرخ نماہی مغرب مین تخمیناً ڈیڈہ منزل کوہ سیاہ کا سلسلہ طویل جنوبی و شمالی سرحد افغانستان اور ایران پر واقع ہی اس سی غرب افغانون کی حکومت اور آبادی نہین ہی اوسر پہاڑ کی مشرقی ہار وغیرہ اطراف سی دو پانی جاری ہوکر علاقہ ہرات کو سیراب کرنے ہی ہرات سے اچہی قالین و رسند بکے نمد و توشک اور کڑی و خرمائی برک آور کرکے نیم تنی نا بافتہ بطرز نمد کی قالبی مع آستین آور رضا و یزد و دیگر پشمینہ و ابریشمینہ اجناس عمدہ بنکر و رنگ جاتی ہین اور السی کی سن سی پارچہ نانکہ بہت عمدہ بنتا ہی اور غدک نخی بہی مشہور کپڑا ہی پستہ اور بزغنج اور ہینگ و زرشک و سماق و تخمن وغیرہ اسی علاقہ کی پہاڑون مین پیدا ہوتی ہین اور ابریشم بہی یہان کیڑون سی بہت عمدہ بکثرت پیدا ہوتا ہی اور خود دن کی معدن ہرات مین بڑی عمدہ مفید عام چیز ہے اور نمک آبی ہرات کا بہت اعلی اور سرمہ ہراتی ضیا بخش بصر و سرمہ اصفہانی سی بہتر ہے پیدا وار زرعی اور ہر قسم میوجات سب افغانستان مین سی ہرات کی اول نمبر ہین خصوصاً انگور جو شصت قسم کا بتلاتی ہین کپاس ہرات کی امریکہ کی برابر سنی جاتی ہی اور گندم نہایت اعلی قسم کے پیدا ہوتے ہے اور کوکنار یعنی پوست نہ رعی ہرات کا مشہور ہے شراب خام اور پختہ ہرات رشک بادۂ قلار شیراز و نہایت عمدہ کیفیت دار بیان کرتے ہین ؛

## ذکر دیگر قصبجات مشہور

**کابل مین** جلال آباد لال پورہ تشند چہار باغ سلطان پور بالہ باغ دیہہ سبز جسکے خربوزہ مشہور ہے دیہہ یحیی بی بی مارو زنمہ کلگان قرہ باغ آغا سرائے خواجہ سرائے شکردرہ کاہ درہ استالف استرغج چاریکار تبزرہ تغمان دیہہ مزنگ گذرگاہ دیہہ بوری قلعہ قاضی تنگی سیدان لال اندر کٹہ سنگ شیتو کی بینی حصار چہار آسیا بابوس گلنگار درعون شہر دیہہ نو باغ سلطان خوشی پیوار شکلوزان ہمتنے پادخواو شانہ پادخوا ورد غا تر کی برک بر کی راجان سجاوند چرخ وغیرہ **غزنین مین** روضہ کالاتی ننگور شالیز ورزو تا ہ سنگ رباط کلال گو کردیز سر دیہہ پزل سر روضہ نانی وغیرہ **قندہار مین** کلات غلزئے دیہہ خوجہ بابا ولے دیہہ ماسوس سبیروان سر دیہہ پاشمول کاخانک قرص مزرعہ زاکر گرشک فراہ قلعہ بست وغیرہ

شہر کا رود ارغنداب کی پانی سی جو کوہ ہزارہ جات سی آتا ہی سرسبز اور شاداب خصوص جانب
شمال دو میل تک جہان خانقاہ بابا ولی صاحب قندہاری ہی باغات اور درختان سرسبز دلکش
ہین رنگارنگ کی طیور بولتی ہوئی سنکر انسان کو فرحت حاصل ہوتی ہی عموماً سکنای اس شہر کے قوم
دُرّانی بابڑ کاکڑ ہند و جزوی فارسی بان وغیرہ ہین سوای رود ارغنداب کی رود
ترنک بھی مشرق سی مغرب کو بہتی ہوئی علاقہ قندہار کے ایک جزو کو سیراب کرتی ہی پیداوار ہو جات
ہر قسم اور کپاس عمدہ اول قسم کی تماکو قندہاری مشہور اس علاقہ مین پیدا ہوتا ہے قندہار سی مشرق ارغستان
کے علاقہ مین اور نیز شمال خاکریز کے علاقہ مین گندم اچھی ہوتی ہی کوہ شمالی مین معدنیات سی ان چیزو کے
کانین معلوم ہوئی ہین اول کان طلا جو شہر سے ڈیڑہ میل کے فاصلہ پر شمالی جانب کوتل مورچہ اور
پہاڑی مقصود شاہ کے مابین واقع ہی اس کان کا سونا بہت اعلی قسم کا ہی الا بسبب عدم سررشتہ کار
تھوڑا نکلتا ہے **دوسری** کان فادزہر یعنے جسکو اس پہاڑ کی نام سے جسمین پیدا ہوتا ہے
ہی سنگ شاہ مقصود کہتی ہین اور اس سی زرد وغیرہ الوان واقسام کے اچھی قیمتی سنگ نکالکر اکثر دانہا ے
تسبیح وغیرہ بنائے جاتے ہین شاہ مقصودی تسبیح عموماً ایک روپیہ سی اوپر مگر اعلے قسم کی سو روپیہ تک بہے
فروخت ہوتی ہی اور اوسی پہاڑ مین ایک قسم کے سفید مٹی جسکو عرق شاہ مقصود بولتی ہین بہت با خاصیت
نکلتی ہی اور نیز سرمہ و زاک ہر گونہ کی و سرب و سنگ اتابک و ابرق و مومیائی وغیرہ انواع سنگہائے
بھی سلسلہ کوہ شمالی مین موجود ہین اور گچ بھی کار آمد بنا عمارات ایسی مفید چیز اس علاقہ مین ہی کہ جسکی
گرم بازاری نی دکان گرہ آہک کو سرد کردیا اور کان نیلہ طوطا معدنی و زاک ہر گونہ و پھٹکری معدنی و
نوشادر کانی و گوگرد و سرمہ و اکثر اقسام کی عمدہ پتھر اور نمک آبی کوہ پیر کیسری مین جو علاقہ قندہار سے مغرب
او ر سیستان سی مشرق واقع ہی بہت افراط سی ہین شہر قندہار مشہور تجارتگاہ ہی لوگ اہل دول قوم بابی و دیگر
افغان اور سیدان پشین اور پارسی بان قندہار کے صاحب ہمت سوداگر ہین آب و ہوا اس شہر کے گرچہ عمدہ نہین
مگر ناقص بھی نہین ہی تھرمامیٹر یعنے مقیاس الموسم مین جاڑی کی دنون مین بوقت دوپہر پارہ - ۴۹ درجہ پر اور
موسم گرما ۹۰ درجہ پر رہتا ہی گرمی و سردی موسم مین ان دو درجون کے مابین رہتی ہی واسطی آرام تجار دن کے
چند سرائی موجود ہین اور منڈی موسوم گنج بازار مین ہر قسم کے مویشی اور پیداوار زرعی و پنبہ وغیرہ فروخت
ہوتے ہی ریشم قندہار کا عمدہ مگر بسبب کم شوقی مخلوق کم پیدا ہوتا ہی ؛

فیٹ بلند سوا میل کی گرد مین خندق اور کچی شہر پناہ کی درمیان پندرہ ہزار آدمیون کی آبادی ہی - شہر کے
حصہ شمالی مین قلعہ ہے - قدیم شہر تین میل کی فاصلہ پر گوشہ مشرق و شمال مین بہت لنبا چوڑا بستا تہا سنہ ۱۱
عیسوی مین جسکو سات سو پندرہ برس ہوئی علاوالدین ملقب جہان سوز غوری نی اوسی غارت کیا اور
غزنین قدیم مین جسی سلطان محمود غزنوی نی ہندوستان کو فتح کرکے آباد کیا تہا شہر اور روضہ سلطان
محمود کے درمیان صرف دو مینار سو سو فیٹ بلند بلنے رہگئی ہین اوس صاحب ہمت بادشاہ کی مقبرے کے
تعظیم یہان تک ہی کہ جاہل افغان بہی دور سے پا برہنہ ہوکر بہت عاجزی سی اوسمین داخل ہوتے ہین
صندل کی دروازون کی جوڑی اٹہارہ فیٹ بلند جو سلطان محمود غازی بت خانہ سومنات کی یہانتک سے
اوکہاڑ لیگیا تہا اسی مقبرے مین لگی تہی - انگریزے فوج اپنی قوت بازو ظاہر کرنے کے لئے ۱۸۴۲ء کو کابل سی
پہرتے وقت اوسی پہر ہندوستان کو لی آئی اب وہ آگرہ یعنی اکبر آباد کے قلعہ مین رکہی ہین آبادی
اس شہر کی گنجان بازار و کوچہ تنگ اندر شہر کے اکثر دیگان فارسی بان اور ہندو آباد ہین نواح شہر کا
سرسبز اور ہر طرف باغات ہین شہر کی متصل مغربے جانب شمال سی جنوب کو رود غزنین جاری ہی آب
وہوا اس جگہہ کی معتدل اور صحت بخش ہی جس علاقہ مین شہر غزنین واقعہ ہی اوسکا نام شلگر ہے حدود
اربعہ اس وسیع علاقہ کے اسطرح ہین جانب مغرب کوہ ہزارجات مشرق کوہ زرمت مشرق شمال
کوہ خروار جنوب مایل مشرق کوہ کٹہ واز اور گوشہ مغربے و جنوبے مین تا حدود قندہار میدان چلا جاتا ہی
اسمین سی ایک پہاڑی مغربی حصہ کا نام واغذہی ملک شلگر زرخیز اور نہری ہی شہر غزنین اسکے
حصہ شمالی مین واقع ہے اکثر مالکان اور ساکنان اس علاقہ کے قوم انڈر غلزائی ہین سوداگران
پیوندہ بموسم گرما ہندوستان سی جاکر اس علاقہ شلگر مین قیام پذیر ہوتے ہین

## سوئم قندہار

جسکا نام سنسکرت مین گنندہار لکہا ہی کابل سی تخمیناً دو سو میل سے کچہہ اوپر گوشہ مغرب و جنوب مین پایۂ
شور سی ساڑہی تین ہزار فیٹ بلند تین میل کی گردی مین خندق اور شہر پناہ خام کے درمیان
تخمیناً ساٹہہ ہزار آدمیون کی آبادی ہی - اس شہر مین بہی ایک خام قلعہ جانب شمال موجود ہے
جسکو وہان کی لوگ ارگ کہتی ہین اور غربے جانب اندر شہر کے خرقہ شریف اور مقبرہ احمد شاہ ابدالی
خوبصورت اور منقش قابل دید ہی چارسو یعنے چوک بازار پچاس گز چوڑا گنبد سے پٹا ہے نواح اس

ہی حسب ذیل ہین مشرق حدود ضلع کوہاٹ اور بنون اور کوہ بھٹنی جو حدود ٹانک ضلع ڈیرہ اسمعیل خان
سے ملا ہوا ہی جنوب درہ گومل مغرب علاقہ قوم حزوٹی ملحقہ کوہ بیرمل شمال علاقہ وزرگون اور
علاقہ جدران ملک خوست وکورم اور حدود ضلع کوہاٹ واقع ہین ان حدود کے اندر قوم
وزیرے متفرق رہتی ہی فرقہ درویش خیل یعنے اتمان زئی واحمد زئی وزیر اکثر باہم مخلوط رہتی
ہین اور مسعودون کا اپنا علیحدہ علاقہ ہے ہر ایک قوم کی پہاڑ مین اپنی اپنی زمین منقسم ہے سوائے
علاقہ کانی گرم شوال و مرغہ و بیرمل کے باقی جگہہ زمینات زرعی کم واقع ہین ملک انکا ناہموار
جسکے حصہ جنوبے و مغربی مین بڑی اونچی اونچی پہاڑ ہین سب سے اونچا پہاڑ علاقہ مسعودون ہین کوہ
پیر غل ہے جسکی بلندی سطح سمندر سی ۱۱۵۸۳ فیٹ اونچی ہی ان پہاڑون مین درخت چیڑ اور
دیودار چوب قابل عمارت بہت ہین چنانچہ شہتیر کے بلے ہا چوبی اس علاقہ سے بنون اور ٹانک کیطرف
بہت آتے ہین علاقہ وزیری کی جنوبی طرف کوہ دانہ ہے جسکی ملکیت کا تنازع ہے وزیری اپنا
حق بتلاتے ہین قوم دوتانی خود دعویدار ہے بموسم سرما دوتانی اور گرما مین وزیری قابض ہوتے
ہین اور سلمان خیل پوندہ بھی وہان آتی ہین ملک وزیری کی زیادہ تفصیل آئندہ لکھی جاویگی؂

## علاقہ دوڑ اندر حلقہ ملک وزیری

متصل حدود مغربے ضلع بنون رود توچی کی دونون کنارون پر واقع ہے اسکی چارون طرف قوم وزیرے
کا ملک ہے اور بیچ مین درہ توچی کی اندر قوم دوڑ بستی ہے حصہ مغربے مین شاخ دزہ خیل ہمزنی
ملخ وسط مین تپی مشرقی متصل حدود ضلع بنون قوم حیدر خیل سوخیل غیدک آباد ہے
رود توچے سی سیرابی زمینات زرعی ہو کر پیداوار کامل ہوتی ہے تماکو روغن زرد مویشے اس
علاقہ سے بنون کو فروخت کیواسطے لاتی ہین اور یہان سی پارچہ سفید سوسی نمک اندر لیجاتے ہین
درہ گومل سے جنوب

## علاقہ شیرانی ھی

جسکے مغرب رود ژوب متصرفہ قوم کاکڑ اور مندو خیل اور مشرق حدود ضلع ڈیرہ اسمعیل خان پرگنہ
کلاچی واقعہ ہے اس کوہی علاقہ کے شمالی حصہ مین قوم حسن خیل وسط مین ابو خیل جلوانی اور
اور جنوبے مین ہرپیال شاخہا شیرانے بستے ہین علاوہ اونکے قوم بابڑ اور اوشترانی بھی ۔

مغربی جوٹی سطح سمندر سی قریب سولہ ہزار فیٹ کی اونچی ہی ہمیشہ برف سی سفید نظر آتا ہے اسلئی
اسکا نام کوہ سفید اور دسپینہ غر ہے ❊

## ملک خوست

علاقہ کورم سے جنوب واقع ہے جسکے مغرب کوہ جدران جنوب و مشرق کوہ وزیران ممیت خیل
وحسن خیل ہی - اس ملک کی چارون طرف بطور حلقہ کے پہاڑ واقع ہین بیچ مین غربی و شرقی
طویل اور جنوبی و شمالی عریض مسطح میدان ہی کوہ جدران سی رود شمل نکلکر اس ملک کے
وسط مین مشرق رو بہتی ہی اکثر علاقہ اس سے اور کچھہ چشمون کے پانی سی سیراب ہوتا ہے
گندم ربیع مین اور چاول خریف مین بہت پیدا ہوتے ہین اس علاقہ کے حصہ مغربی مین قوم
اسمعیل خیل - پیران لغاڑی - حیدر خیل - منڈوزئے اور وسط مین بڑہ - مردیخیل
- متون مشرقی مین للکن - زکی خیل - قدم لنڈر - صادق آباد مین گوشہ مغربی
و جنوبی دامن کوہ مین تنی اور راد سنے مشرقی قوم گربز سکونت پذیر ہے قوم لغارے
اور کچھہ گربز و تنی پیشہ سوداگری رکہتی ہین باقی جملہ اقوام زراعت کار ہین اس ملک مین
سوای فرقہ لغاڑی باقی قومون مین دو جنبہ ہو کر دشمنی واقع ہی ایک جنبہ تور گندی - دوسرا
اسپین گوندی جن کی آپسمین لڑائی ہتی ہی - تماکو خوست کا مشہور اور روغن زرد و برنج
اور رند اکثر قوم لغاڑی فروخت کیواسطی ضلع بنون اور دیگر اطراف کو لیجاتے ہین اور
نمک سبز وزیر لوگ وہان لیجاکر فایدہ اوٹہاتے ہین اوس ملک مین باہر سے نمک اور نیل
و اسباب آہنی و چرمی و پارچہ سفید جاوی تو قدرے فروخت ہوتا ہی فی الحال یہہ ملک
معہ علاقہ کورم متعلق ریاست کابل کے ہے ❊

## علاقہ وزیرے

نہایت وسیع ہے یہہ قوم پہاڑون مین منتشر ہے اور اکثر کیژدی مین گذارہ کرتے ہے
صرف قوم مسعود اور کچھہ اتمان زئی اور قلیل احمد زئی ایسی ہین کہ جو پہاڑون مین کوٹھے
واسطے سکونت کے رکھتی ہین - گرچہ ملک مقبوضہ وزیرے مین آبادی اِن کی گنجان نہین بلکہ
متفرق مواقع پر پہیلے ہوئے بستی ہین الا اوس کو ہے ملک کے حدود جنبر اسکے دخل کا اثر

ہوکر آتا جاتا ہے حال مین یہہ ملک زیر حکومت امیر کابل ہے

## علاقہ تیراہ

ایک بہت خوش ہوا جگہہ ہے گرچہ اصلی تیراہ مختصر موقع پہاڑون کی اوپر میدان جگہہ پر واقع ہی الاجو قومین اوسپر دخیل ہین اونکے جملہ مقبوضہ ملک ملحقہ کا ذکر اسکی شامل ایک حلقہ مین مناسب ہے اس علاقہ کے شمال مین حدود ضلع پشاور اور علاقہ خیبر وننگہار مغرب مین کوہ سفید اور کوہ راجگال خواہ راجگہر جنوب مین ملک بنگش متعلق ضلع کوہاٹ مشرق کوہ خٹک جسکے شرق دریا سندہ واقع ہے اس ملک کے حصہ شمالی اور مشرقی پر قوم آفریدی جنوبی اور غربی پر قوم اورکزئی قابض ہے جنکی جنوب قوم دومشت یا زیمخت آباد ہے زمینات زرعی سوائے خاص تیراہ کے باقی ناہموار پہاڑون مین کم ہین گرنج اور گندم اور جو مکّی کی پیداوار کافی ہوتی ہے تلوار اور چہوڑا تیراہ کا ٹنے مین مشہور ہوتا ہے ۔ ہردو قوم یعنے آفریدی اور اورکزئی جنگجو اور آپسمین عداوتی ہین آب وہوا تیراہ کی معتدل اور صحت افزا ہے تیراہ کے جنوبی حصہ مین پہاڑ کے چوٹیان حسب ذیل سطح سمندر سے اونچے ہین چوٹی موسوم مرزیو غز ۷۹۴۰ - اور دُوپا سر ۸۲۶۰ زاوغر ۹۳۸۰ فیٹ

## علاقہ کُرم

دراصل کورم نام ایک نالہ کو ہے کا ہی اوسکے کنارون پر یہہ ملک واقعہ ہونے سے موسوم بہ کورم ہوا ۔ اسکی شمال کوہ سفید مغرب کوہ مقبوضہ قوم منگل جنوب ملک خوست مشرق علاقہ اورکزئی وبنگش واقع ہی کوہ سفید کی جانب جنوبی مشہور درّے موسوم شلوزان ملگونا ۔ زیڑان ۔ کڑان ۔ پیوہاڑ ۔ اریوب اس علاقہ کے متعلق ہین زمین زرعی زرخیز اور پانی رود کورم سی سیراب پیداوار مکّی اور چاول بکثرت ہی میوہ جات سے انگور سیب انار وغیرہ ہوتی ودیگر اطراف کو فروخت کیو اسطی ملکی اور باہر کے تجار لیجاتی ہین اس ملک کی مغربی حصہ مین بمقام اریوب قوم جاجی سنی مسلمان اور پیوہاڑ سے نیچے اکثر قوم توری اور کچھہ بنگش رافضی اشند آباد ہین اور اوپر کے پہاڑون مین قوم منگل وجمکنی بستی ہین کوہ سفید مین چوب عمارتی دیودار زیتون وغیرہ عمدہ قسم کے ہوتے ہے ۔ اس مشہور پہاڑ کے

## ملک کونڑ

خوب سرسبز اور شاداب ہر قسم کا میوہ اوسمین پیدا ہوتا ہے حد مشرقی باجوڑ سے شمالی کوہ
کافرستان اور کشور سے مغرب لغمان جنوب علاقہ کامہ اور رنگیانی ومہمندسی ملتی ہی - علاقہ
کونڑ سے مغرب مائل شمال اونچا پہاڑ موسوم کنڈ دریا شور کے سطح سے چودہ ہزار چارسواٹھیس
فیٹ بالا ہے پیداوار غلہ اس علاقہ مین کامل ہوتی ہی اور برنج بہین قابل تجارت اسمین پیدا ہوتے
ہین - دریا کونڑ شمال سی مغرب مائل جنوب کو بہتا ہوا علاقہ کامہ اور بنیوذ کے مابین دریا ر
کابل مین شامل ہوجاتا ہے ؛

## علاقہ خیبر مین

اکثر سخت پہاڑ اور درے واقع ہین جانب شرق حدود ضلع پشاور - مغرب ننگنہار شمال دریائے
کابل جنوب کوہ آفریدے سلسلہ کوہ سفید سے اسکی حدود ملتی ہین اکثر قوم آفریدی اس سخت
علاقہ مین سکونت پذیر ہین راہ کابل وپشاور ان پہاڑون سے متصل جمرود نکلکر پشاور کے
ملک مین داخل ہوتا ہے - سارق اور راہزن لوگون کی ملجا ہے ؛

## ملک ننگنہار خواہ ننگہار

خیبر سے مغرب دریائی کابل سے جنوب کوہ سفید سی شمال علاقہ کابل سے مشرق واقع ہی یہہ علاقہ
زرخیز اور آبادہی انار اور دیگر میوہ ننگہار کے مشہور ہین نامی قصبہ اور دیہات اس علاقہ کے
حسب ذیل ہین جلال آباد لعل پورہ باسول ہزارناو بعضے لوگ اس ملک کے
اصلی حدود دریا کابل سے شمال دور تک تصور کرتے ہین اور بموجب قول اونکی علاقہ کامہ اور
مہمند - نیسو دیلکہ کونڑ اور لغمان بہی مجمعًا حدود ننگہار مین داخل ہین وجہ تسمیہ ملک ننگنہار
لفظ نونہار یعنے نونہرین یا نوکلان دری بتلاتی ہین لفظ نونہار بسبب کثرت استعمال اور رخرابے
زبان پشتو ننگنہار مشہور ہوگیا قوم مہمند اور شنواری - صافی وغیرہ اوس ملک کے حصہ مین آفریدی
آباد ہین اوس ملک مین ریشم سفید اور کپاس کی روئی اور اون اور برنج باریک میوجات
انار وغیرہ پشاور اور کابل کی طرف بیوپاری لیجاتی ہین اوز باہر سے چرم پختہ اور نیل اور اموال
مصفا انگریزے لیجانے سے تجار ونکو فایدہ ہوتا ہے راستہ کابل اور پشاور کا جلال آباد

تنخانون کے علامات ابتک موجود ہین جنسی پایا جاتا ہے کہ زمانہ ماضیہ مین اہل گر یک اور ہندو لوگ بہی آباد رہے ہین فی الحال سکنائی سواتہہ کی تعداد پچاس ہزار سے زیادہ بتلاتے ہین سنے ہے مذہب مسلمان لوگ ہین - اس ملک کی مغربی حد پر ندی پنج کوڑہ دریاء سواتہہ کے ان شامل ہوئی

## علاقہ ارنگ برنگ کی

شمال مین پنج کوڑہ مشرق ملک سواتہہ مغرب و شمال ملک باجوڑ و علاقہ کوہی مہمند - جنوب تحصیل ہشت نگر کی حد واقع ہے اس علاقہ مین قوم اتمان خیل نسل کڑرانی آباد ہین - زمینات زرعی پہاڑون مین ناہموار جگہہ ہین - قوم اتمان خیل زیادہ تر پیشہ بیوپار کا رکہتی ہین خصوصاً ہر قوم

## ملک باجوڑ

عمدہ موقع پر اونچے پہاڑون مین واقع ہے حدود اربعہ اسکی ان علاقون سی ملحق ہین شمال کوہستان کافرستان مغرب کونڑ - جنوب علاقہ مہمند اندر کوہ - مشرق کچہہ مہمند اور باقی اتمان خیل - اس ملک کے تین حصی ہوتے ہین - اول خاص پرگنہ باجوڑ جو بطور وادی کے حلقہ پہاڑون مین جنوب سے شمال مایل شرق لنبا واقع ہے - اس قطعہ مین زمینات زرعی زرخیز اور چشمہاء کوہی سی سیراب ہوتے ہین - دوسرا برول اوپر کی طرف جہان آہن بنتاہی تیسرا جندول - قوم ترکلانی یا ترکانی اکثر اسملک مین آباد ہے پیداوار ملک کے اپنی مسکونہ لوگون کے واسطے کافی ہی - روغن زرد اور شہد اور آہن اس ملک سی براستہ دوآبہ ضلع پشاور اور حضرو تک جاتا ہے پارچہ موٹا کا بیوپار اس ملک مین فایدہ بخش ہی اور چرم پختہ گاؤمیشی بمقام میاگلے قابل تجارت عمدہ بنتے ہین

## علاقہ مہمند

باجوڑ سے جنوب اور دریاء کابل سے شمال حد تحصیل دوآبہ ضلع پشاور کے مغرب مین واقع ہے اس قطعہ مین شاخہاء قوم مہمند حسب ذیل آباد ہین کہ شاخ داؤدزئی کانئی اتمان زئی کمال شمال مین پندیالی اور ترک زئی گنداب مشرق اور جنوب کو ہین علاقہ مہمند اکثر بارانی گندم اور جو ہی کے پیداوار ہوتے ہے مہمند لوگ اکثر معاش اپنی بوریا فروشی وغیرہ سوداگری سے بسر کرتے ہین اسکا زیادہ بیان آئندہ آویگا ؛

آباد ہوتے چلے گئے ہین ملک اندرونی سواتہہ مین زیادہ تر قوم **اکوزئی** نسل یوسف زئی اسر
تفصیل سی بستی ہی کہ دریاء مذکور سے شمالی طرف شاخ **خواجوزئے** اور جنوبے جانب شاخ
**بازید زئی** اور کوہستان جنوبی متعلقہ سواتہہ ملحق الحدود علاقہ یوسف زئی مین قوم **رانی زئی**
اور **بائی زئے** آباد ہے - مشرقی حدود سی باہر قوم گوجر کوہستانی رہتی ہین - سواتہہ سے
شمال **دیر** ہوکر **کاشغر** اور **ترکستان** کو کاروان تجارت کا راستہ ہین مگر موسم گرما بعد
گلجانے برف کے ہوجاتا ہے مگر بدون بدرقہ مضبوط امکان سوداگری نہین - سواتہہ کے کمبل سیاہ
اونی مشہور ہین - باز شکاری بہت پکڑے جاتے ہین - نمک کا قدر اوس ملک مین بہت ہے
سبز نمک کا نہار کوہاٹ سی بہت بیوپاری اوس ملک مین لیجاتے ہین - اور غلہ و روغن زرد و
شہد وہان سی باہر کو جاتا ہے پنجاب کو علاقہ یوسف زئی ہوکر کوہ ملاکنڈ* سے راستہ آتا ہے
اس پہاڑ کی شرقے پہلو پر **نادرشاہ ایرانی** نے راستہ بنوایا تہا وہ اب بالکل منہدم ہوگیا
آب و ہوا سواتہہ کی نہایت معتدل خصوص موسم گرما صحت افزا ہوتی ہی اس ملک کی حال مین
جو **خوشحال خان خٹک** نی بعہد سلطنت اورنگزیب بزبان پشتو چند شعر کہے ہین اونکو اسموقع پر
درج کیا جاتا ہے ؁

## قولہ

سواتہہ چے وازہ لگڈبال گڑہ سر تر پائہ
خبردار پہ شوم لہ ہرہ ہرہ زائیہ
ملک دسواتہہ د ملوکا نو یو نشاط دے
پہ دوران د یوسف زیو وران رباط دے
پہ ہوا کشں دکشمیر پہ آب و رنگ دے
حیف دی دا چہ کشمیر آرت دی دے تنگ دے

ترجمہ مختصر انکا یہہ ہی کہ سواتہہ تمامی مین نے سرسی پاؤن تک دیکہا ملک سواتہہ بادشاہون کی خوشی کے لایق ہی مگر یوسف زیون کی وقت ویران رباط ہے - آب و ہوا مین کشمیر کے طرح ہے - مگر افسوس کہ کشمیر فراخ اور یہہ تنگ ہی فقط اس ملک مین پورانے کہنہ کہنڈرات اور

* سوائی ملاکنڈ کے - پلے شیرجا - ہوکر - کوہ سوہر اور شاہ کوٹ سی بہی راستے جاری ہین ۱۲

ہین اسکی چارونطرف اونچے پہاڑ ہین جنمین سی شمالی جانب کوہ آیلم وکوہ دَوَدَہ سَرَنے سطح دریاء شور
سے دس ہزار ایکسو بائیس فیٹ اونچے ہین بیچ بیچ مین کسی کسی جگہہ بطور وادی کے زرعی زمینات واقع
ہین اکثر درسے اور ناہموار دشوار گذار ملک ہی آب وہوا معتدل اونچے پہاڑون پر برف کی
سبب سی سردی رہتی ہی اوس ملک مین قوم یوسف زئی افغان کی شاخین اسطرحپر آباد ہین کہ
مشرقی حصہ مین شاخ چغرزئی شمالی مین گدائی زئی مغرب سلارزئی جنوب مین نورزئی
وسط مین عایشہ زئی دولت زئی بستے ہین گرچہ کل قوم آپس مین اتفاق نہین - مگر
باہر کے غنیم کو یکدلی سی روکتی ہین ہر شعبی مین اپنا اپنا ملک بطور سرگروہ کے ہوتا ہے - پیداوار
ملک کی اکثر کافی ہوتی ہی - بوقت قحط ملک سواتہہ سے غلہ لاسکتے ہین مالداری گوسفندان اکثر ہی
طینت مین یہانتک خرابی کہ بعضی بہیڈی مادہ سے حظ خلاف وضع فطرتے حاصل کرتے ہین -
سکنای ملک کے اسلحہ بند مردون کے تعداد تیس ہزار مشہور ہے اوس ملک مین باہر سے تیل
اور پارچہ سوتی اور نمک لیجانی کی تجارت فایدہ بخش ہے - بنہیر سے پہلی طرف

## ملک سواتہہ

جسکے حدود اربعہ اسطرحپر ہین شمال مین کوہستان لَرَم جسکی اوتر علاقہ دیر ہے - مشرق کوہستان
جسکا سلسلہ دریاء سندتک ہی - حصہ شرقی سواتہہ کے جنوب ملک بنہیر اور حصہ غربی کی جنوب علاقہ
تحصیل یوسف زئی - مغرب مین علاقہ اَرَنگ بَرَنگ اور آتمان خیل و باجوڑ واقع ہے - ملک
سواتہہ پہاڑون کے مابین اونچی جگہہ بطور درہ کے ہے - طول اسکا مغرب جنوب سے مشرق
شمالی تک تخمیناً پچاس میل اور عرض جنوب سے شمال کو سب سے زیادہ تخمیناً تین میل ہوگا علاوہ اسکے
جنوب و شمال کو پہاڑی علاقہ اوس ملک کی متعلق ہی - اور اون پہاڑون سے جو دری وسط سواتہہ
کی طرف آتی ہین - اونکے اندر بہی دور تک آبادی چلی گئی - ملک سواتہہ کے بیچ سے مغرب رُخ کو
دریاء سواتہہ بہتا ہے دریاء مذکور کے دونون کنارون پر دامن کوہ ہائی شمالی و جنوبی تک زمینات
زرعی ہموار ہین - علاوہ دریاء کے پہاڑون کی بیچ بیچ سی چشمہاء آب شفاف کی ہمیشہ جاری ہین جنسی
ملک کی سرسبزی تازہ بتازہ رہتی ہے - زمین زرعی زرخیز - پیداوار مکئی اور چاول
کثرت سی اور گندم بہی ہوتے ہے - دریاء سواتہہ کے جنوب اور شمال دامن کوہ مین گانو

ہوتے ہے گہوڑا اس علاقہ کا خوبصورت اور عمدہ ہوتا ہے توسہ ایک موضع اسی تحصیل کا منگرو ٹے
کے متصل ہے جہان پر حضرت شاہ سلیمان چشتی کا مزار ہے بصرف پچاس ہزار روپیہ یہہ خانقاہ
تیار ہوئی اس ضلع کی پیداوار مین سی قابل تجارت نیل کی پیداوار ہے جو دور دور تک بیوپاری
لیجاتی ہین آب وہوا اس ضلع کی اوسط درجہ کی ہی گرمی شدت سی پڑتے ہے خصوص پرگنہ داجل مز
گرنم لو ایک قسم کے سموم اسقدر سخت چلتی ہے کہ معاذ اللہ منہا

## دوم حصہ غربی

واضح ہو کہ حصہ غربی مین اوس تمام ملک افغانستان کا بیان کیا جاویگا جو گورنمنٹ انگریزی کی سلطنت محروسہ
کی حدود سے باہر مغرب اور شمال کو واقع ہی

## پہلے اون کوہستانی علاقون کا ذکر جو ملحق یا قریب الحدود سلطنت انگریزی کی واقع ہین

### علاقہ مہابن

مہابن اصل کوہ کا نام ہے - اس پہاڑ کی اونچی چوٹی سطح سمندر سی ۷۴۷۱ فیٹ اونچی ہی اور جنگل سے
لدا ہوا مشرقی جانب دریا سندھ جنوب ومغرب علاقہ یوسف زئی متعلق پشاور شمال علاقہ چملہ واقع ہے
اس پہاڑ کے جنوبی حصہ مین قوم جدون بستی ہی اور ادنسی اوپر قوم خدوخیل آباد ہے یہہ ہر دو
فرقے کوئی حاکم نہین رکہتی موضع ستانہ اس علاقہ مین مشہور رہلجا مفرورون کی ہی پہاڑ دشوار گذار
اور سخت ہی زمین ہموار قابل زراعت کم کوہ مہابن سی شمال چملہ ہے مہابن کا وجہ تسمیہ آئندہ آویگا

### علاقہ چملہ

جسکے مشرق مین دریا سندھ مغرب علاقہ یوسف زئی شمال ملک بنیر ہے چملہ بطور درہ کے ہی مگر اوس درہ
کے بیچ میدان کم زمین ناہموار اور پہاڑ اکثر اسمین قوم منڈر کے شاخین آباد مین مشہور ہے کہ اٹھارہ
ہزار آدمی اس علاقہ مین بستے ہین بوقت تنگی انکی ہم قوم بزوال مدد کی واسطی پہونچ جاتے ہین
اس علاقہ سے شمال

### ملک بنیر

واقع ہے مشرق دریا سند شمال ملک سوات ہہ مغرب علاقہ یوسف زئے سے اسکے حد و ملتی

کے ایک عقلمندانہ فقرہ سی ان دونون سرداروں کی آپس مین صلح ہوکر بجای عداوت دار کے رشتہ دار
بنے اور حدہا مین دیرجات موضع مورجھنگے مقرر ہوئی الغرض غازیخان کی اولاد مدت تک موروثہ ملک
مین حکمران رہی جب شاہ حسین غلزائی بادشاہ قندہار معہ فوج دیرہ غازیخان کی حد مین آیا اور
بلوچون نے نادانی سے اوسکے لشکر کو ایذا دہو پہنچایا تب اوسکے حکم سے دیرہ غازیخان غارت ہوکر
قتل عام بلوچان مین خاندان غازیخان برباد ہوگیا ایسے موقع پر محمود گجر نے بادشاہ دہلی کے
حکم سے دیرہ غازیخان پر قبضہ کیا عرصہ تک اوس خاندان کا دخل رہا اخیر عہد احمد شاہ ابدالی
مین نور محمد خان قوم سرائے نے سندہ کی جانب سی خروج کرکے دیرہ غازیخان پر قبضہ کرلیا تب اونکے
سے درانیون نے لیکر سلطنت کابل کی طرف سی کبہی نواب عبد الصمد خان اور گاہی نواب محمد زمان
خان اور نواب عبد الجبار خان بارک زئی درانی اور اخیر مین صدر خان بختیار حاکم چلے
آئے جب ملتان کو رنجیت سنگہ نے فتح کیا اور سلطنت افغانستان مین قوم سدوزئے اور بارکزئے
کے باہمی فسادون سی ضعف آیا تب سکہون نے دیرہ غازیخان کو پنجاب سے شامل کرکے دیوان
ساونمل کی سپرد کیا مفسدہ مولراج کے بعد بشمول پنجاب سرکار انگریزی کے محروسہ
سلطنت مین داخل ہوا نواح اس شہر کا سرسبز باغات اور کھجور کے درخت کثرت سی دیکھائی دیتے ہین دریائے
سندہ ایک میل مشرقی جانب شہر سی بہتا ہے اسی صدر کے پرگنہ مین خانقاہ سخی سرور واقع ہی جسکے
معتقد اکثر ہندو مسلمان باشندے پنجاب کے ہین ماہ مارچ سی آخر اپریل تک برابر اس درگاہ پر میلہ
رہتا ہے دور دور کے لوگ وہان جاکر منت یعنے نذر چڑہاتے ہین اس علاقہ مین پہتکرے
اور بجی بہی پیدا ہوتی ہی غلون مین سی گندم اور باجرہ و جوار اکثر پیدا ہوتا ہے چاہ نہین ہین
پہاڑی نالون سے اور کچھہ لوگون نے نہرین کاٹے ہین جنسی سیراب زمینات ہوتے ہے۔ دوسرے تحصیل
داجل اسکی علاقہ مین اکثر زمینات شور ہین قصبہ جامپور کے پاس شورہ اور سجی پیدا ہوتے ہے
حاجی پور کے پاس شیرین پانی ملتا ہی اور پیداوار ہر جنس زرعی کی خوب ہوتے ہے تیسرے تحصیل
کوٹ مٹہن لب دریا سندہ ہے اس پرگنہ کے زمین عمدہ اور زرخیز ہے درخت بکثرت ہین۔ چھارم
تحصیل سنگہڑ ایک نالہ کوہے کا نام ہی اوس سے اکثر علاقہ سیراب ہوتا ہی اسی سبب اس علاقہ کو سنگہڑ کہتی ہین
مقام تحصیل قصبہ منگروٹہ مین ہے زمین اس پرگنہ کے اکثر شور ہے جوار اور گندم کے پیداوار بہت

مشہور ہے اس حصہ میں تین پرگنہ ہیں تحصیل ڈیرہ اسمعیل خان خاص - پرگنہ کلاچی - علاقہ ٹانک نالہ
کوہی موسوم لونی کا سیلاب تحصیل کلاچی کی زمینات قوم گنڈہ پور کو بذریعہ باندھنی بند اسکے
سیراب کرتا ہے اور وہان سی بچکر جو پانی آوے وہ ڈیرہ اسمعیل خان کے پرگنہ پانیوال و عثمان وال
مین کام آتا ہی علاقہ ٹانک اور کچھ نیچے دامان کو ذریعہ زام و دیگر نالہائی کوہی کی پلنے سے سیرا
ہوتے ہے اور رود ٹلواڑہ بہی فایدہ بخشتا ہے - اس مغربی جانب کے کلان قصبے یہہ ہین - شہر
ڈیرہ اسمعیل خان - لونٹ - پہاڑپور - گڑہی - خسنور - کلاچی - درابن -
چودہوان - فتح خان - گرہنک - ٹانک - قصبہ ٹانک دامن کوہ مین واقع ہے
اور وہان کچھہ سرکار سے فوج بہی رہتی ہی اسمقام پر لوہا جو علاقہ مسعود وزیری سی آتا ہی اور بوریا
کی بہت خرید فروخت ہوتے ہی - خاص شہر ڈیرہ مین پیوندہ لوگ اشیا تجارتے دور دور کے ملکون
سے لاتے ہین +

## ضلع ڈیرہ غازی خان

اگرچہ افغانستان کی اصلی حدسی باہر جنوب کو سلسلہ بلوچستان کی محاذ مین واقع ہی الاقدیم سی سلطنت
افغانستان کے متعلق چلا آیا - اور اب بہی قسمت ڈیرہ جات مین ہی لہذا اسکا بہی مختصر ذکر کیا گیا - یہہ
ضلع لاہور سے دو سو تیس میل گوشہ جنوب و مغرب کو دریا سندھ کے دہنے کنارہ پر واقع ہے - حدود
اربعہ اسکے اسطرح پر ہین - شمال مین سرحد ڈیرہ اسمعیل خان - مغرب کوہستان بلوچان و موسی خیل و کاکڑ
افغان - مشرق دریا سندھ - جنوب ملک سندھ - اس ضلع مین اکثر اقوام بلوچ اس تفصیل سی - حصہ جنوب
مین مزاری - شمالی مین کسرانی باقی بیچ مین - دریشک گورچانی لغاری لنڈ کہوسہ بزدار نتکانی
بیر اقوام مذکورہ مین سی کوئی لوگ سلطنت انگریزے کی حدود سی باہر پہاڑے علاقہ مین بہی رہتی ہین -
ان قومون کے بلوچ اندر باہر کے ملاکر قریب پچاس ہزار اسلحہ بند مرد ہونگے اپنی قوم کی سرگروہ یا سردار
کو وہانکے لوگ تمن دار بولتے ہین - اس ضلع مین چار تحصیل ہین - اول تحصیل ڈیرہ غازیخان یہہ
شہر عہد ہمایون بادشاہ مین غازیخان بلوچ میرانی نی آباد کرکے اپنے اسم پر نامزد کیا - اس سردار
کے اسمعیل خان ہوت بانی ڈیرہ شمالی سی جو اسکا ہم عصر تہا تکرار سرحد ملک مابین ہر دو ڈیرہ بڑے
سخت عداوت تہی - چنانچہ آپس مین بائیس جنگ کین - آخر مسمی گامن خان مشہور رستم گو اور معتبر غازیخان

قایم رہی اون مین سی آخری رئیس نصرت خان کچھہ اپنی عیاشی اور بی تدبیری سی اور کچھہ افغانون کے ظلم سے بیدخل ہوکر کابل مین قید کیا گیا اور احمد شاہ ابدالی نے اول سیف خان اور پہر موسی خان درانی کو حاکم دیرہ مقرر کیا سمی داود خان بلوچ نے ناگہان حملہ کرکے سردار موسی خان کو زخمی کیا اس سبب سے غضب شاہ درانی اوس مظلوم خاندان پر زیادہ ہوکر بالکل استیصال اونکا دیرہ سے کیا گیا - بعد موسی خان کے بادشاہ افغانستان کی جانب سی قمر الدین خان - عبد الرحیم خان - وزیر باری مل اپنی اپنی نوبت پر حاکم دیرہ اسمعیل خان چلے آئی شاہ زمان نے اپنی عہد سلطنت مین نوابی دیرہ مذکورہ کی نواب محمد خان سدوزئی بہادر خیل کو عطا کری جسکے انتقال کے بعد نواب حافظ احمد خان وارث ملک ہوا اور پہر نواب شیر محمد خان فرزند اوسکا جانشین تہا جسکو کنور نو نہال سنگہ نے شصت ہزار کی سالانہ جاگیر دیکر دیرہ اسمعیل خان کو خالصہ سرکار کیا ۱۸۴۹ء مین ضبطی پنجاب کی ساتہہ یہہ ضلع بہی گورنمنٹ انگریزی کے قبضہ مین آیا تب سی اسکی ترقی ہوتی جاتی ہی ۱۸۶۱ء عیسوی مین دریا سندہ نے اس شہر کے طرف پہر مونہہ پہیر کر لوگونکو خطرہ پیدا کیا تہا - مگر انگریزون نے زر کے زور سے بند ڈالکر اوسکا مونہہ پہیر دیا - اس ضلع کے حدود مین جنوب رخ دریاء سندہ بہتا ہے اور اوسکے سبب سے یہہ ضلع دو حصہ مین منقسم ہوگیا دریا سندہ کا مشرقی حصہ تہل اور ریگ آمیز زمین ہے اور اوس کی دو قسم ہین - اول تہل بارانی - دوسرا چہنگ - آخر الذکر قسم سے وہ زمین مراد ہے جو دریا کی طغیانی اور سیلاب سے پانی پاکر سیراب ہو تہل کا علاقہ اکثر بسبب کمی پانی غیر آباد - اور بدون چاہی اراضیات قلیل کے ناقص ہے اگر اس مشرقی تہل کے واسطے مقام ماڑی کی متصل دریای سندہ سی نہر کاٹی جاوی تو میانوالی سے لیہ اور بہکر اور نیچے تک کمال فایدہ پہونچے گا اس نہر کی تجویز سرکار مین پیش ہے - اس حصہ مین تحصیل دریا خان معروف بہکر اور تحصیل لیہ دو پرگنہ واقع ہین جنمین بڑے قصبہ اور گانو مشہور یہہ ہین - لیہ - کوٹ سلطان - چوبارہ - کروڑ - نواکوٹ - بہکر - دریا خان - قلعہ منکیرہ ان قصبون مین تجارت پشم اور اون کی ہوتی ہے وہ بڑا حصہ جو ندی سندہ سی مغرب واقع ہے اوسکو دامان کہتے ہین - سیلاب اور بارش کے پانی سے پیداوار گندم اور باجرہ بکثرت ہوتے ہے - خربوزہ اس دامان کا دو رنگ

# ضلع ڈیرہ اسمعیل خان

بنون سی جنوب اور ڈیرہ غازی خان سی شمال دریائے سندہ کی مغربی کنارہ بر بفاصلہ دو میل شہر ڈیرہ اسمعیل خان آباد ہے - لاہور سی دو سو سولہ میل بجہم کو واقع ہے حدود اربعہ اسکے یہہ ہین مغرب سلسلہ کوہ سلیمان مشرق ضلع جہنگ اور کچہہ شاہ پور کی حد - اور شمال ضلع بنون - جنوب موضع موبرہ جنگی ضلع ڈیرہ غازیخان - دریای سندہ کے مغربی حصہ مین اکثر اقوام افغانان مختلف شاخون کی اور گنڈہ پور وغیرہ اور شرقی حصہ مین بلوچ اور جٹ اور کچہہ افغان وغیرہ آباد ہین - بموجب مردم شمارے ۱۸۸۱ء تین لاکہہ چہالیس ہزار آدمی اس ضلع مین بستی ہین - سالانہ آمدنی سرکاری چار لاکہہ تیس ہزار کے ہے - سطح اس ضلع کی نو ہزار ایکسو بتیس میل مربع ہے بموجب شمارہ ۱۸۸۱ء فی میل مربع ۳۸ آدمی کی آبادی پڑتے ہے - تاریخ قدیم مختصرا اسطرح ہے کہ پہلے اس ملک مین راجہ ٹل اور بل دو بہائی حکومت ران تہی پورانہ قلعہ اونکا دریا سندہ کے دہنے کنارہ پر متصل بلوٹ مشہور رہے کہ اب بہی اوسکی نشان موجود ہین - مسلمانون کی غلبہ فعل گاو کشی دیکہکر مجبورًا اونہون نے یہہ ملک چہوڑ دیا کہتے ہین کہ پورانہ بلوٹ راجہ بل کا آباد کیا ہوا تہا جنوبی جانب سی قوم بلوچ نے خروج کر کے اوس ملک کو اپنی قبضہ مین کر لیا مسمی اسمعیل خان ہوت جسکے نام سے ڈیرہ اسمعیل خان مشہور ہے اپنی قوم کی سرکردگی مین ڈیرہ غازیخان کے طرف سی آکر بمقام ببزر جو بارہ کوس طرف جنوب شہر ڈیرہ سے واقع ہی سکونت پذیر ہوا - چند سال کے بعد جب اوسکا اطمینان سے ملک پر دخل ہو لیا تو بعد معائنہ و پسند موقع اوسنی اپنی ہاتہہ سے بتاریخ ۲۲ ماگہہ سمت ۱۶۱۹ بکرم مین جسکو تین سو دو سال ہوئی بشروع عہد سلطنت اکبر بادشاہ شہر کہنہ ڈیرہ اسمعیل خان کی بنیاد رکہہ کر اپنے نام پر مشہور کیا - ایسی روایت ہی کہ اوس پورانی شہر مین جسکا موقع اب زیر دریاء سندہ ہی قریب ڈہائی ہزار کے گہر آباد ہو گئے تہے - اور بلوچون نی اپنے سعی سے نواح مین باغات لگا کر خوب آراستہ کیا تہا - الا دریاء سندہ نے سمت ۱۸۲۰ بکرمی سی شہر کیطرف رخ پہیر کر تباہی شروع کری - پانچ برس تک وہ رونقدار شہر بالکل دریا برد ہو کر بے نشان ہو گیا ایکسال لوگ نواح مین منتشر رہے سمت ۱۸۲۱ بکرم مین نواب صاحب ڈیرہ نے شہر موجودہ حال ڈیرہ اسمعیل خان آباد کر کے قدیمی نام مشہور کیا اسمعیل خان ہوت کی اولاد مین پانچ پشت تک حکومت ڈیرہ اسمعیل خان

# ضلع ہزارہ

گرچہ یہہ ضلع حد مُبَیّنہ افغانستان سی باہر یعنے دریاے سندھ سے مشرقی جانب ہی الا دو سبب سے اسکا ذکر مناسب سمجھا گیا - اول اسمین بہے کچھہ قوم افغان آباد ہی - دوسرے متعلق کمشنری پشاور کے ہے - ہزارہ لاہور سے ایکسواسی میل و تریں درمیان گوشہ شمال و مغرب کے آباد ہی - زمانہ سابق مین ایک ملک تصور کیا جاتا تہا - چنانچہ اب تلک ملک ہزارہ مشہور ہے - سکھون کے قبضہ سے پہلے شامل سلطنت افغانستان مسلمانون کے قبضہ مین تہا ۱۸۴۶ عیسوی مین ہمراہ ملک کشمیر مہاراجہ گلاب سنگہ کے ہاتہہ فروخت ہوا جب اوس سی بندوبست نہو سکا - تو پہر شامل دربار لاہور کیا گیا - دارالحکومت اس ملک کا پہلے شہر ہری پور تہا جو اب ایک تحصیل ہے - یہہ ضلع گرچہ پہاڑی کہلاتا ہی کیونکہ اسکا حصہ مشرقی و شمالی سب کوہستانی ہی - اور مغرب مین کوہ گندگہر واقع ہے الا اوس ملک کے پہاڑی لوگ ایسے جنگجو نہین ہین - جیسی دریاے سندہ کے مغربی پہاڑون کے لوگ خیرہ سر اور دلاور ہین - ہزارہ کے نام کو صرف علاقہ جملہ کے لوگون نے چمکا رکہا ہے - علاقہ پکہلی مین غلہ کثرت اس کثرت سے پیدا ہوتا ہے کہ دور دور کے لوگ آنکر خرید لیجاتے ہین - چہاونی ایبٹ آباد پہاڑون کے بیچ مین کپتان ایبٹ صاحب پہلی ڈپٹی کمشنر کی آباد کی ہوئی خوش ہوا اور سرد جگہہ ہے - ندی موسوم دوڑ نے ملک ہزارہ کو سرسبز کر رکھا ہی جو دیہات اوس ندی کی کناری پر واقع ہین اون مین پیداوار ہلدی و نیشکر اور اعلی اجناس کی بکثرت ہوتے ہے - افغانون مین سے شاخہا یوسفزئی مندڑ اور دلازاک گدون - اور ترین اور طاہر خیلی اس ضلع کے اندر آباد ہین اور باقی اقوام حسب ذیل تنولی - سواتی ڈہونڈ کڑرال گوجر گہکڑ وغیرہ بستے ہین

## دویم قسمت دیرہ جات

اس مین بہی تین ضلع ہین بنون دیرہ اسمعیل خان دیرہ غازیخان

## ضلع بنون

اس ضلع کا مفصل جغرافیہ اور حال تیسرے حصہ مین درج کیا گیا ہے ؛

جو اکثر ہندوستان مین مشہور ہے بطور تحفہ دور دور لیجاتے ہین - دریا کابل اور ندی شوا تہہ
کے راستے چوب عمارتی از قسم دیودار اور چیڑ کوہستانی علاقون سے بہت آتی ہے جس سے تجار اور
خریدار دونون کو فایدہ ہے - نامور مکانات اس شہر کے یہہ ہین - گورکہتڑی - یا گورکہٹڑی جسمین
گورکہہ ناتہہ کا مندر ہے - اور اب اسمین تحصیل کی کچہری ہوتی ہے عمارت اسکی پختہ اور بطور
سرائے کے ہے - قلعہ بالاحصار شہر پناہ سے باہر چہاونی کی طرف واقع ہے اور اسمین سپہ گزین سرکار
رہتا ہے - باغ وزیر قابل سیر کے ہے - شہر سے دو میل جانب جنوب چار دیواری خام کے اندر یہہ
باغ واقع ہے بسبب مسمار ہوجانے عمارت شیشہ خانہ وغیرہ پہلی خوبصورتی نہین رہی - پشاور کے
جنوبے اور مشرقے طرف اکثر باغات واقع ہونے سے بموسم بہار رنگا رنگ شگوفہ دکہلائی
دیتے ہین - جامع مسجد شہر کے بیچ مین پختہ عمارت ہے - کوتوالی جدید ہٹو بیچ کے کٹرہ مین پختہ عمارت
سے سرکار نے بنوائی ہے ؛

## ضلع کوہاٹ

پشاور کی دکہن طرف ہے - لاہور سے دوسو بیس میل جانب مغرب بذرہ مائل شمال واقع ہے - یہہ ضلع
پہاڑون سے گہرا ہوا ہے اسکے اور پشاور کے درمیان **کوہ آفریدی** کا سلسلہ مشرق کا کا صاحب
کی زیارت تک چلا گیا ہے - اس ہموقع پہاڑ مقبوضہ آزاد قوم کے واقع ہونے سے سرحدی ملک
مقبوضہ سرکار انگریزی کے نقشہ مین دیکہنے سے خم اور پیچ معلوم ہوتا ہے - اس ضلع کے حصہ شرقے
اور جنوبے مین قوم **خٹک تری و بولاق** آباد ہے - اور باقی قوم **بنگش** اور کچہہ **اورکزئی**
بستے ہین سرحد شمالی و مغربے پر قوم آفریدے و اورکزئی آزاد پہاڑون مین سکونت رکہتی ہین
جنکی اعمال کی نگرانی ہمیشہ گورنمنٹ کو رکہنی پڑتی ہے - بدین نظر کچہہ فوج سرکار کے چہاونی کوہاٹ
مین رہتی ہے - اور ایک مختصر قلعہ بہی ہے جسکا موقع سطح سمندر سے ۱۷۶۷ فیٹ بلند ہے - جمع اس
ضلع کا تہوڑا - صرف دو تحصیل یعنے کوہاٹ خاص اور ہنگو ہین - کان نمک سبز متعلقہ ضلع ہذا
سے بافراط نمک نکال کر افغانستان مغربے اور مشرقے مین لیجاتے ہین - اس نمک کا نرخ ارزان
مگر بکرنے بہت ہے - چاول تحصیل ہنگو کے مشہور ہین ؛

واسطی داد رسانی و انتظام ملک سرکار کی جانب سی اسمین دو قسمت یعنی کمشنری مشتمل اور چہہ ضلع کے مقرر ہین اور حصہ شرقیہ مین اٹہارہ لاکہہ آدمی کی آبادی ہی ؀

## اول قسمت پشاور

اس قسمت مین تین ضلعی ہین پشاور کوہاٹ ہزارہ

### ضلع پشاور

اس ضلع کے تین طرف شمال مغرب جنوب پہاڑ اور مشرق دریاء سندھ واقع ہے بیچ مین میدان اکثر مسطح ہے دریاء کابل جسکو وہان کے لوگ لنڈی کہتی ہین مغربی حد میچنی سے نکلکر مشرق رو بہتا ہوا دریاء سندہ مین قلعہ اٹک سی ڈیڑہ میل اوپر آن ملا ہے دریاء مذکور کے وسط مین واقع ہونے سے اس ضلع کے دو حصے ہوگئے ہین حصہ شمالی مین پرگنہ ہشت نگر - اور یوسف زئی اور راوسی حصہ مین مغربی جانب دریاء سواتہہ اور ندی کابل کے بیچ مین علاقہ دوآبہ واقع ہے - اور حصہ جنوبی مین - پرگنہ داؤد زئی - اور خاص پشاور - اور تحصیل خالصہ خٹک یعنی نوشہرہ ہے حصہ اول الذکر کے پرگنہ یوسف زئی مین قوم کمال زئی - دولت زئی وغیرہ اولاد مندڑ جنکا شجرہ نسب مفصل دوسرے حصہ مین ہے آباد اور مالک زمینات ہین - پرگنہ ہشت نگر مین قوم محمد زئے اور دوآبہ مین گگیانے وغیرہ بستے ہین - حصہ جنوبی مین قوم داؤد زئی خلیل مہمند اور خٹک آباد ہین - خاص شہر پشاور مین متفرق اقوام کے لوگ بستے ہین - یہہ شہر مشہور لاہور سے دوسو پچیس* میل گوشہ شمال و مغرب کی طرف دریاء سندہ کے غرب چوالیس میل کے فاصلہ پر کچے شہر پناہ کے اندر آباد ہے - سطح سمندر سی ایکہزار فیٹ بلند ہے اسمقام پر افغانستان مغربی - اور ایران و ترکستان وغیرہ ملکون سے اسباب سوداگری آتا ہی خصوصاً میوجات ہر قسم اور پوستین سنجاب - سمور - چوغہ شتری و برک اور ریشمی کپڑا وغیرہ گہوڑے شروع موسم خزان مین بکثرت آتے ہین - آبادی شہر کی اگرچہ بہت خوبصورت نہین مگر رونق دار ہے - چہاونی فوج سرکار شہر سے مغربی جانب بڑے لنبی چوڑے پڑے ہے - نالہ موسوم باڑا کی نہر چہاونی اور شہر کے اندر اور نواح مین جاری ہی - چاول باڑے کے تحفہ ہوتے ہین - قند سیاہ تحصیل دوآبہ اور ہشت نگر کا مشہور ہے - لونگی مردانہ - اور بوریا و بادکش خاص پشاور کے عمدہ ہوتے ہین - علاقہ یوسف زئے مین قسم اول تماکو پیدا ہوتا ہے

*جس جگہ ایسی فاصلہ کا ذکر ہی وہ سیدہا پیمانہ کی ذریعہ سی حاصل کیا گیا سڑک کا راستہ اس سی کچہہ تہوڑی تفاوت کے ساتہہ دور ہے ؀

- الامین صرف وہ حدود داور اوس ملک کا بیان کرونگا جو خاص افغانستان ہے اور نقشون مین بہی اسی نام سے مستعمل ہوتا ہی - اب ہمارے زمانہ مین وہ سارا ملک **افغانستان** کہلاتا ہی جو **بلوچستان** چہوڑکر ہندوستان اور ایران کے درمیان مین ۳۰ درجے سے ۳۶ درجے عرض شمالی تک اور ۶۰ درجے سی ۶۸ درجے طول شرقی تک چلا گیا ہے حد **شمالی** کوہ ہندوکش جسکی شمال کو ملک ترکستان ہے حد **غربی** ملک فارس یعنی ایران **جنوب** مین بلوچستان جسکی جنوب بحر ہند ہی اور **مشرق** مین دریائے سندہ جسکی شرق کو ملک پنجاب متعلق ہندوستان ہی اسکی حد ملتی ہے تیہہ سو میل شرقاً غرباً اٹک سے لیکر مغرب ہرات سے پرے حد ایران تک لمبا اور تخمیناً پانسو میل شمال کوہ ہندوکش سے جنوب بسے حد بلوچستان تک چوڑا ہوگا وسعت تین لاکہہ میل مربع ہے اور آبادی فی میل مربع اٹھائیس آدمی کی یعنی کل چوراسی لاکہہ آدمی اوسمین بستی ہین سطح افغانستان کے اکثر ناہموار اور پہاڑون سی قطعہ قطعہ گہیرا ہوا ہے زمین زرعی زرخیز اور عمدہ میوہ ہر قسم افغانستان کے مشہور شمال مین سلسلہ کوہ ہمالہ جو بنام ہندوکش مشہور ہے کئی چوٹیان اوسکی سمندر سے بیس بیس ہزار فٹ اونچی ہین جنوب حد بلوچستان سے شمال کی حد تک کوہ سلیمان کا سلسلہ جسکو کوہ **قیسی** کہتے ہین واقع ہونے سے افغانستان کے دو حصے ہوگئے ہین حصہ **شرقی** کوہ مذکور کے دامن مشرقی سے دریائے سندہ تک شامل ملک پنجاب متعلق سلطنت ہند فی الحال انگریزون کے قبضہ مین ہے اور بڑا حصہ **مغربی** دار الامارت کابل کے متعلق ہے مگر اکثر اوس حصہ کے پہاڑی علاقون مین افغان وغیرہ اپنی سخت ملجا ہونے کے سبب سے امیر کابل کے زیر حکومت نہین بلکہ وہ خودسر ہین - ریاست کابل کے تابعدار تخمیناً پینتالیس لاکہہ آدمی ہون گے - گرچہ مجمل جغرافیہ کل افغانستان کا اوپر لکہا گیا ہے الا مفصل ہر دو حصہ کے علیحدہ علیحدہ علاقون کا ذکر نیچے لکہا جاویگا اور جس علاقہ مین کوئی جنس تجارت کے پیدا ہوتی ہی اوسکا حال ہی اوسی علاقہ مین درج ہوگا اور عام تجارت کا ذکر اس باب کے اخیر مین دیکہو گے

## اول حصہ شرقی

جو شامل سلطنت انگریزی متعلق ہندوستان کے ہے - یہہ حصہ دریائے سندہ کے کناری راست پر شمالاً وجنوباً چار سو میل لمبا چلا گیا ہے اور عرض اسکا دریائے سندہ کے کنارے سے مغرب کوہ قیس تک بحساب اوسط تخمیناً چالیس میل ہے اس حصہ کے ملحق الحدود جانب شمال و مغرب کوہستانی علاقہ مین آزاد اور جنگجو قومین آباد ہین

سے صرف بقای نام اور فایدہ عام مقصود ہے - الٰہی یہہ کتاب مقبول ہو اور پڑہنے والون کو فایدہ
حصول ہو - آمین حررہ ۱۴ ماہ شعبان ۱۳۲۱ھ ہجری المقدس مطابق ۳ - ماہ جنوری ۱۹۰۵ع اور ۲۳ ماگہہ سمت ۱۹۶۱ بکرمی

## حصہ اول جغرافیہ اور تجارت و تاریخ عام

### افغانستان کی بیان مین

پہلا باب بذکر جغرافیہ و تجارت واضح ہو کہ اس ملک کا نام ہندون کی پرانی کتابون مین بالہیک دیس لکہا ہے جب ایرانیون کے قبضہ مین آیا تو اونہون نی زابلستان اور کابلستان مشہور کیا - سکندر اعظم کی فتح کے بعد گریک یعنی یونان کے لوگ اپنی زبان یونانی مین اسکو بکٹریہ بولتے تہے جسکی اصل باختر ہے - جب مسلمانون کا دخل ہوا تو اونکے عہد مین اس ملک کے دو حصون کے دو نام مشہور ہو گئے کابل اور قندہار سے مغرب حد ایران تک خراسان٭ مشہور ہوا جسمین مشہور شہر ہرات ہے اور حصہ مشرقی بنام ملک روہ یعنے پہاڑی نامزد ہوا محمد اکبر بادشاہ نی تقسیم صوبجات ہند کے وقت اوس ملک کو صرف بنام صوبہ کابل تحریر کیا - احمد شاہ ابدالی افغان جب ۱۷۴۷ع مین بعد تباہی نادر شاہ ایرانی بمقام قندہار تخت نشین ہوا تو اوسکے وقت سی اُس ملک کا نام زیادہ تر افغانستان مشہور ہوا مگر تا ہنوز اکثر لوگ حصہ مغربی کو بدستور خراسان کہتے ہین

### وجہ تسمیہ افغانستان

ظاہر اور معتبر صرف یہی ہی کہ افغانون کی سکونت سی ملک کا نام افغانستان مشہور ہوا جیسا کہ ہندؤن کے سبب سے ہندوستان اور ترکون کے باعث سے ترکستان وغیرہ اکثر ملک اپنی اپنی مسکونہ اقوام کے نام سے بڑہا دی ایک لفظ ستان جس سی مراد زمین یا جای ہی نام زد ہین٭٭

### حدود اربعہ

اُس ملک کی اکثر اوقات مختلف رہی ہین - ہندو اپنی پورانی عملداری کی وقت بلخ تک بالہیک دیس شمار کرتے تہے اور اہل یونان بکٹیریا کی حدود کو اوس سے زیادہ وسعت دیتے تہے ایران کی پورانی سلطنت کی وقت زابلستان اور کابلستان ایک چہوٹے چہوٹے صوبے تہے اور روہ کی حدود کو اوسوقت کی مورخون نے جانب مشرق دریاے سند کو عبور کرکے حسن ابدال تک جا لکہا ہے بلکہ مولف کے زمانہ مین بہی اکثر جغرافیہ نویس افغانستان اور بلوچستان کو ایک حلقہ مین لکہدیتے ہین

٭ اور یہہ نام خراسان کا نوشیروان شاہ ایران نی رکہا تہا ٭٭ لفظ افغان کا وجہ تسمیہ آینے آویگا

خاص قوم افغانان معہ شجرہ نسب ہر ایک قوم کے وحال غیرہ اقوام سکنائی افغانستان مشرح وار -
تیسرے حصے مین خاص ضلع بنون اور اوسکی سکنا کی تاریخ گرچہ حالات فراہم شدہ کی نسبت
کلی صحت کا ذمہ وار ہونا ایک امر نازک ہی الا اس مورخیف نے حتی المقدور بسعی بلیغ واسطے رفع
غلطی کے مختلف روائیون کو جو کتب فارسی و انگریزی و پشتو و شجرہا انساب اور بیان زبانی ثقات زمانہ
اکثر اقوام اور بعض مطابقت سکہ ہا و عمارات مندرسہ و منہدمہ کہنہ سے ملتے رہے ہین بعد صحت ممکنہ درج کرے
ہین - صاحبان علم و ادراک سے امید کیجاتے ہے کہ احیاناً اگر کہین سہو یا خطائی یا شکستگی عبارت
ملاحظہ فرماوین تو ظل عفو او سپر ڈالین اور صاحبان نکتہ چین کی خدمت مین بھی گذارش ہے کہ ذرہ انصاف سے
پیش آوین وقت تالیف اس کتاب کے مؤلف کے زیر ملاحظہ کتب مندرجہ ذیل تھین :

## فارسی

ترجمہ توریت وغیرہ کتب مقدسہ عہد عتیق - تاریخ فرشتہ - حبیب السیر - تاریخ عالم - مخزن افغانی - تذکرۃ الانساب -
تذکرۃ الابرار - تاریخ جدولیہ - تاریخ پنجاب - تاریخ ہند - تاریخ کشمیر - طبقات اکبری - تذکرۃ المشاہیر
جام جہان نما - واقعات سکندر اعظم - تاریخ احمد - گلشن التواریخ

## انگریزی

الفنسٹن صاحب کی کتاب - راوٹی صاحب کی گرامر - فیریا صاحب کی کتاب - سکندر برنس صاحب کی کتاب
- موہن لعل کی کتاب - واقعات انڈیا - سر ہربرٹ اڈوارڈس صاحب کی کتاب - مسٹر ڈیوس صاحب سکرٹری
گورنمنٹ پنجاب کی رپورٹ بابت تجارت علاوہ اسکے سلیکشن اور متفرق رپورٹ حکام اضلاع سرحد کی

## پشتو

تاریخ محمد افضل موسوم مرصع گلشن روہ - رسالہ نسب - اور مختصر نسب نامہ پشتو متفرق علاوہ ان کتب ہر سہ زبان کے
جن سے اکثر روایات مندرجہ اس کتاب کا ثبوت ملیگا :
متفرق شجرہ فارسی اور پشتو کے جو بعض خاندانون سے ملے ہین - اور سندات فارسی حکام سلف اور سکہ ہا
کہنہ ہندو - اور گریک کی سلطنت کیوقت کا اور بیان زبانی اشخاص عمر رسیدہ - و ثقہ جو اکثر اقوام
کے سفید ریشون سے اپنی اپنی قوم کا حال اور شجرہ سنا گیا ہے - اور اوسکی صحت کا اطمینان چند روایات
معقول کے اتفاق سے حاصل کیا گیا - اس تاریخ افغانستان کی تالیف کا سامان ہے اس باریک محنت چند سال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دیباچہ

بعد حمد خالق بیہمال و درود سید الابرار خاکسار محمد حیات خان خلف محمد کرم خان متوطن واہ خاص متصل حسن ابدال
ضلع راولپنڈی ناظرین باتمکین کی خدمت مین بہت عاجزی سی یہہ کتاب بطور تعارف کے پیش نظر کرکے
عرض کرتاہی کہ مؤلف اس لایق نہین جو اپنی آپ کو زمرہ مصنفون مین شمار کرے الا خوبی قسمت سے اوسکو
چند عرصہ اتفاق قیام ضلع بنون جو داخل ملک افغانستان ہے بعہدہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہوا اور موقع
دریافت حالات افغانان و افغانستان ملا اور چونکہ اس مشہور ملک اور جرار قوم افغان کا حال مشرح ترتیب
سے کہین نظر مین نہین آیا لہذا بسبب حصول واقفیت خواہش پیدا ہوئی کہ کل اقوام افغانان و دیگر سکنائے
افغانستان کا حال ابتدا سے آجتک معہ مختصر تواریخ ملک اور شجرہ نسب ہر ایک قوم جس سی رشتہ و تعلق
باہمی معلوم ہو ور راہ و رسم ملک تحریر کیا جاوی سو بکوشش ممکنہ جس جگہہ سے میسر ہو سکا حالات مطلوبہ
کو فراہم کرکے بنظر فایدہ عام اس کتاب کو تالیف کیا اور نام اس تاریخ افغانستان کا بصناعت براعت الاستہلال
و نکتہ ایہام جس سے مبحث کتاب اور نام مؤلف معلوم ہوتا ہے حیات افغانی رکھکر تین حصی پر ترتیب دیا
پہلے حصے مین جغرافیہ و تجارت اور تاریخ عام سلطنت افغانستان کی دوسرے حصے مین تاریخ

# فہرست مباحث کتاب حیات افغانی بترتیب حروف تہجی

# فہرست مضامین کتاب تاریخ افغانستان معہ سوم بہ حیات افغانی تالیف محمد حیات خان